اورینٹل کالج میگزین

حصہ اوّل

ایڈیٹر
محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

فہرست مضامین

جلد ۱۶ - عدد ۲ | بابت ماہ فروری ۱۹۴۰ء | عدد مسلسل ۶۰

نوٹ :- ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریدارانِ ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے۔

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام منشی الیشر داس پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خاں نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا

اورینٹل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجراسے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تاحدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؛

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش و تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائینگے

رسالے کے دو حصّے یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصّہ اول عربی فارسی پنجابی بحروف فارسی ، حصّہ دوم سنسکرت ہندی پنجابی بحروفِ گورمکھی ، ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے

وقتِ اشاعت و قیمتِ اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر فروری مئی ، اگست[1] میں شایع ہوگا سالانہ چندہ حصّہ اُردو کے لئے ۱۲ ۔ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا کسی سہ ماہی رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے ۔ ورنہ ایسی شکایات پر غور نہ ہو سکے گا ۔ یہ ایک ماہ کی مُدت فروری و مئی و ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ؛

خط و کتابت و ترسیلِ زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے ۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں

محلِ فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ؛

قلمِ تحریر حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم اے ۔ اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم اے پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ؛

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے ۔ اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے ؛

دیارِ عرب کے مغربی سیّاح

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ فروری سنہ ۱۹۳۹ء)

(۱۷) ہالیوی

(HALEVY)

مضمون ہذا کی موجودہ قسط میں ہم ہالیوی اور گلازر کا ذکر کرنا چاہتے ہیں ۔ جنہوں نے جنوبی عرب خصوصاً یمن کے آثارِ قدیمہ کے اکتشاف میں بیش از بیش حصہ لیا ہے ۔ اثری اکتشافات کی بناء پر قدیم یمن کی تاریخ، مذہب اور معاشرت کے متعلق ہمیں جو کچھ معلومات حاصل ہوئی ہیں ۔ وہ زیادہ تر ان ہی عالموں کی ان تھک اور دلاورانہ کوششوں کا نتیجہ ہیں ۔

اگرچہ ہالیوی اور گلازر کے زمانہ سے پہلے یمن میں اثری اکتشافات کا آغاز ہو چکا تھا ۔ مثلاً زیٹسن نے اپنے سفر کے دوران میں سنہ ۱۸۱۰ء میں قدیم حمیری شہر ظفار کے نواحی سے پانچ کتبوں کے چربے حاصل کئے تھے ۔ اسی طرح ایک انگریز لفٹننٹ ویل سٹڈ نے سنہ ۱۸۳۴ء میں حصن الغراب کے خرابے کو دریافت کیا ۔ اور وہاں سے دس سطر کا ایک کتبہ حاصل کیا تھا ۔ جس پر سنہ ۶۴۰ء کندہ ہے ۔ نیز ایک فرانسیسی ارنو نامی (جس کا پیشتر ذکر ہو چکا ہے) ۵۶ سبائی کتبوں کے چربے اتار کر پیرس بھیج چکا تھا ۔ مگر ہالیوی اور گلازر کی تحقیقات نے یمن کے اثریات کو ایک مستحکم بنیاد پر قائم کر دیا ۔ اور اس ملک کی قدیم تاریخ، مذہب اور معاشرتی و اقتصادی زندگی کو

ہمارے لئے بہت حد تک بے نقاب کر دیا ۔

ہالیوی کے یمن جانے کی تقریب یوں ہوئی ۔ کہ جب پیرس میں ۱۸۶۹ء میں Corpus Inscriptionnum Semiticarmn یعنی مجموعۂ کتبات سامیہ کی اشاعت کی تجویز قرار پائی تو فرانس کی Academie des inscriptions. نے یوسف ہالیوی مستشرق کو (جس نے بعد میں بحیثیت ایک پروفیسر کے بہت شہرت حاصل کی) اس بات کی دعوت دی کہ وہ یمن جائے اور ان کے مجوزہ مجموعہ کے لئے کتبات فراہم کرے ۔

ہالیوی نے اکادیمی کی دعوت پر خوشی سے لبیک کہا ۔ مگر دیارِ عرب کا سفر خصوصاً ایک فرنگی کے لئے کوئی آسان کام نہ تھا ۔ کیونکہ اس سے پہلے زٹیسن اور دیگر مغربی سیاح عربوں کے شک وشبہ کا شکار ہو چکے تھے ۔ اندریں حالات سفر کی کامیابی کے لئے ضروری تھا ۔ کہ سب سے پہلے ہالیوی اپنی جان کی سلامتی کے لئے کوئی معقول انتظام کرے حسن اتفاق سے اس سے کچھ عرصہ پہلے ایک یہودی یعقوب سفیر نامی نے جنوبی عرب کا اس طرح سفر کیا تھا کہ اس نے ایک یہودی کی حیثیت سے یمن کی یہودی آبادیوں کا چکر کاٹا تھا ۔ جو یمن کے اطراف ونواح میں بکھری پڑی ہیں ۔ اپنے سفر سے اس نے اس بات کو واضح کر دیا ۔ کہ ایک یہودی کے لئے خود مختار اور آزاد قبائل کے درمیان بلا خوف وخطر سفر کرنا ممکن ہے ۔ کیونکہ عرب قبائل اپنے علاقہ کے نہتے یہودیوں کو اتنا حقیر اور بے مایہ سمجھتے ہیں ۔ کہ ان سے کسی قسم کا تعرض کرنا یا آزار پہنچانا مروت سے بہت بعید سمجھتے ہیں اور اپنی مردانگی سے بہت فروتر جانتے ہیں ۔ ہالیوی نے

عربوں کی اس روش کو اپنے مقصد کے حصول کے لئے آڑ بنایا۔ چنانچہ اس نے بھیس بدل کر اور یہودیوں کا سا لباس پہن کر اپنے آپ کو یروشلم کا ایک غریب یہودی ظاہر کیا۔ اور اس طرز سے ۱۸۷۰ء میں اس نے جنوبی عرب کے نہایت دشوار گذار حصوں کا سفر کیا۔ اور بہت سی صعوبتیں اٹھا کر اور مشکلات کا سامنا کر کے اس نے ۶۸۶ کتبوں کی نقلیں حاصل کیں۔ جن میں سے اس سے پہلے صرف پندرہ کتبوں کا علم تھا۔ ہالیوی نے ان تمام کتبوں کو مع اپنے حالات سفر کے شائع کیا۔ اور امکان بھر ان کا ترجمہ بھی کیا ؎

ہالیوی کا سفر اور اس کی تحقیقات اس لحاظ سے اہم ہیں۔ کہ اس کے فراہم کردہ کتبات اور اس کی حاصل کردہ نقول سے ہمیں ایک متمدن قوم کے وجود کا پتہ چلا۔ اور ایک ایسی زبان کا علم حاصل ہوا۔ جو پہلے غیر معلوم تھی صنعاء کے شمال کی طرف ہالیوی کو بہت سے شہروں، قلعوں اور مندروں کے خرابوں کا سراغ ملا۔ جن میں سے اکثر بلند مقامات پر حصاروں کے اندر واقع تھے۔ جیسا کہ کتبات سے پتہ چلتا ہے۔ یہ معین کی سلطنت کے آثار تھے اور کتبات کی زبان معینی تھی۔ ہالیوی سے پہلے اکثر دریافت شدہ کتبوں کی زبان سبائی تھی اور وہ اہل سبا کی سلطنت اور ان کی شان و شوکت پر دلالت کرتے تھے۔ یا بعض حضرمی زبان میں تھے۔ ہالیوی نے تین چار مختلف شہروں کا سراغ پایا۔ جن میں سے قرنا اور معین سب سے زیادہ وقیع ہیں۔ اس نے ان تمام مواقع پر بڑی بڑی دیواروں، مندروں اور برجوں کے آثار پائے اور ان کتبوں کو پڑھا جو ان پر منقوش تھے۔ ان کتبوں سے نہ صرف جنوبی عرب کی سامی زبان کی ایک نئی شاخ کا علم حاصل ہوا۔ بلکہ ان کی مدد سے وہاں کے قدیم باشندوں کی مذہبی اور اقتصادی زندگی کے

بہت سے دلچسپ پہلو روز روشن میں آئے +

ہالیوی کے حالاتِ سفر اور معینی کتبات سے متعلقہ تحقیقات یورنل ازیاتیک (پیرس) میں شایع ہو چکے ہیں +

(۱۸) گلازر

(GLASER)

جن ایام میں ہالیوی مصروف سفر تھا۔ یمن کے سیاسی حالات میں ایسا تغیر پیدا ہوا۔ جس سے وہاں کے آثار کے مطالعہ میں بہت کچھ آسانی پیدا ہوگئی۔ یعنی جب نہر سویز کے کھلنے سے ترکوں کے لئے بحری راستہ سے فوج کشی میں آسانی ہوگئی۔ تو یمن پر ترکی سیادت ازسرِنو قایم ہوگئی۔ اگرچہ ترکوں نے وہاں کے آثار قدیمہ کے اکتشاف اور مطالعہ میں خود اقدام نہیں کیا۔ مگر ان کی موجودگی سے بیرونی سیاحوں کا جان و مال پیشتر کی نسبت زیادہ محفوظ ہوگیا +

چنانچہ جب ۱۸۸۵ء میں پیرس کی اکاڈیمی نے آسٹرین عربی دان ایڈورڈ گلازر کو یمن جانے اور کتبات یا ان کی نقول حاصل کرنے کے لئے مقرر کیا تو گلازر نے یمن میں ترکوں کی موجودگی سے خوب فائدہ اٹھایا اور یمن کے طول و عرض میں متعدد سفر اختیار کر کے علاوہ دیگر تحقیقات کے کئی ہزار کتبوں کی نقلیں حاصل کیں اور اس طریق سے قدیم عرب کے متعلق ہمارے علم میں بیش بہا اضافہ کیا +

گلازر مذہباً یہودی اور قومیت کے لحاظ سے آسٹرین تھا۔ اور وآنا کی شاہی رصدگاہ میں منجم تھا۔ جب پیرس کی اکاڈیمی نے اس کو یمن میں

علمی سفر اختیار کرنے کی دعوت دی۔ تو اس نے پہلے متمدن عربی مراکز یعنی تونس اور مصر کا رخ کیا۔ اور کچھ عرصہ وہاں بود و باش اختیار کر کے عربی زبان اور عربی رسوم و آداب کا تجربہ حاصل کیا اور بعد ازاں ۱۸۸۲ء میں صنعاء میں داخل ہؤا +

گلازر کا پہلا سفر ۱۸۸۲ء سے ۱۸۸۴ء تک جاری رہا۔ اس دوران میں اس نے شمالی یمن کا تین دفعہ چکر لگایا اور ہمدان، شبام کوکبان اور عمران وغیرہا علاقوں کے آثار کو دیکھا اور وہاں کے کتبات کی نقول حاصل کیں۔ قبائل ارحاب اور حاشد کے علاقوں میں بھی اسے جانے کا اتفاق ہوا اور اس کی یوں صورت پیدا ہوئی کہ حاشد اور بکیل کے قبیلوں میں مدت سے جنگ چھڑی ہوئی تھی۔ گلازر نے ترکی حاکم کو ترغیب دی کہ وہ اسے متحارب قبیلوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے بھیجے۔ چنانچہ اس ترکیب سے گلازر کو حاشد اور ارحاب کے علاقوں میں جانے کا موقعہ ملا۔ اور وہ سبائی زبان کے کئی ایک کتبے حاصل کرنے میں کامیاب ہُوا +

۱۸۸۵ء میں اس نے دوبارہ یمن کا رُخ کیا۔ اس دفعہ اس نے صنعاء اور عدن کے درمیانی علاقہ کو دیکھا بھالا۔ اور کئی قدیم شہروں کا کھوج نکالا جن کا ہَمْدانی نے ذکر کیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ قابلِ ذکر ظفار ہے جو حمیر کا مرکز تھا۔ اس سفر میں گلازر نے علاقہ جوف (یمن) سے ۲۷ اصل کتبات حاصل کئے۔ جن میں سے اکثر عبادات اور نذر و نیاز کے مضمون پر مشتمل ہیں۔ یہ کتبے برٹش میوزیم کے لئے خرید لئے گئے۔ ان کے علاوہ گلازر دیگر مختلف کتبوں کی ایک سو پچاس نقلیں اپنے ساتھ لایا +

تیسرے سفر میں (۱۸۸۸ء-۱۸۸۹ء) گلازر کا منزلِ مقصود مأرب تھا۔ جو

سبأ کا دارالحکومت تھا۔ اس کے خرابے کا جانے وقوع صنعاء کے مشرق کی طرف ہے۔ اس خطرناک علاقے میں جانے سے پہلے گلازر نے ایک عرب فقیہ کا بھیس بدلا اور چند ایک عربوں کے ہمراہ تقریباً چھ ہفتے اس کے گردونواح میں بسر کئے۔ شہر مآرب کے نزدیک گلازر نے قدیم نہروں اور سدوں کے خاکے اور نقشے تیار کئے اور جو کتبے وہاں ملے ان کی نقلیں حاصل کیں۔ اور المقہ (چاند) کے مندر کی پیمایش کی جس کا دور تقریباً تین سو قدم تھا۔ یہاں بھی گلازر کو کئی ایک کتبے ملے۔ اور مآرب کے نواحی سے دیگر مختلف قسم کے آثار مثل سکے۔ زیورات و جواہر اور بت حاصل کئے۔ یہ تمام ذخیرہ برلن کے عجائب خانہ میں محفوظ ہے اور ان تمام آثار کی فہرست بھی شایع ہو چکی ہے۔ کتبوں کی نقول جن کی تعداد تقریباً چار سو ہے۔ تاحال تمام شایع نہیں ہو سکیں +

اس کے بعد گلازر نے چند سال یورپ میں بسر کئے۔ اور علمی تحقیقات میں مصروف رہا۔ خصوصاً ان کتبات کے مطالعہ میں جو اس نے خود جمع کئے تھے +

اس کے بعد ۱۸۹۲ء میں پراگ اکاڈمی کی امداد سے اس نے پھر جنوبی عرب کا سفر اختیار کیا۔ مگر اس دفعہ یمن کے سیاسی حالات علمی سیر و سیاحت کے موافق نہ تھے۔ کیونکہ ہر طرف عرب قبائل نے ترکوں کے خلاف شورش برپا کر رکھی تھی۔ ان حالات میں صنعاء کے باہر سفر کرنا قریب قریب ناممکن تھا۔ اس لئے گلازر نے کتبوں کی نقلیں حاصل کرنے کی ایک اور ترکیب اختیار کی اور وہ یہ کہ اس نے چند عربوں کو کتبوں کے چربے اتارنے کا طریقہ سکھا دیا اور ان کو صنعاء کے گردونواحی میں

چاروں طرف کتبوں کی تلاش میں بھیج دیا۔ جب عرب نقلیں لے کر واپس لوٹتے تو ان کو فی نقل ایک اشرفی کے حساب سے انعام دیتا۔ اس طریق کار نے حیرت ناک نتائج پیدا کئے۔ کیونکہ عرب لوگ انعام کی لالچ سے خطرات جنگ کی پروانہ کرتے ہوئے ایسے ویران اور بھیانک کھنڈروں میں جا پہنچے جہاں اس وقت تک کسی مغربی سیاح کا گذر نہیں ہوا تھا۔ اس طرح سے اس نے جوف یمن کے نواحی سے بہت سے کتبات حاصل کئے۔ جن میں سے سب سے زیادہ قابلِ ذکر صرواح کا کتبہ ہے۔ جو تقریباً ایک ہزار الفاظ پر مشتمل ہے اور سبأ کے نہایت قدیم عہد سے تعلق رکھتا ہے۔ ان کے علاوہ اسے ایک سو کتبے ایسے دستیاب ہوئے جو قتبان کی سلطنت سے متعلق تھے۔ یہ پہلی شہادت ہے جو آثار قدیمہ کے ذریعہ سے قتبان کی مملکت کے وجود پر علماء کے ہاتھ آئی۔

قدیم عبرانی، یونانی اور رومی مصنفوں نے جنوبی عرب کی چار قدیم سلطنتوں کا ذکر کیا ہے یعنی معین، سبأ، حضرموت اور قتبان کی سلطنتیں۔ گلازر سے پہلے صرف پہلی تین مملکتوں سے متعلقہ کتبے حاصل ہوئے تھے۔ مگر گلازر نے اپنے چوتھے سفر میں جو کتبے فراہم کئے اُن سے قتبان کی سلطنت کے وجود پر قطعی شہادت دستیاب ہو گئی۔ اور ان سے اس سلطنت کا جائے وقوع، اور اس عہد کی زبان، مذہب اور تمدن، یہ تمام امور اچانک طور پر روز روشن میں آگئے۔

ان کتبوں کے علاوہ اس سفر میں گلازر نے چالیس حجری کتبے۔ متعدد بُت، قدیم سکے اور دیگر قیمتی آثار حاصل کئے جو وائنا کے عجائب خانہ کے لئے خرید لئے گئے۔

ہالیوی، گلازر اور دیگر عالموں اور سیاحوں نے جو آثارِ قدیمہ فراہم کئے۔ اُن کی اہمیت اس بات میں مُضمر ہے کہ جنوبی عرب کی تاریخ جو اب تک پردۂ تاریکی میں مستور تھی یا افسانوں کی صورت میں مسخ ہو چکی تھی۔ معاصرانہ آثار اور شواہد کی مدد سے بہت حد تک روزِ روشن میں آگئی۔ اگرچہ اس میدان میں ابھی بہت سعی و عمل کی گنجایش ہے۔ تاہم جنوبی عرب کی قدیم سیاسی تاریخ اور اس عہد کی مذہبی اور اقتصادی زندگی کا ایک قابلِ اعتماد خاکہ تیار ہو چکا ہے۔ جس کو بعد میں اضافہ کر کے زیادہ مکمل بنایا جا سکتا ہے۔

عنایت اللہ
از مُلتان

تنظیم دولت ساسانی

ذیل کا مضمون مشہور مصنف آرتھر کرسٹنسن (Arthur Christensen) کی فرانسیسی کتاب ایران در عہد بنی ساسان کے باب دوم کا ترجمہ ہے۔ پوری کتاب کا ترجمہ پروفیسر محمد اقبال صاحب نے اردو میں کر دیا ہے اسلئے کہ اس موضوع پر اردو میں کوئی قابل ذکر کتاب موجود نہ تھی۔ کتاب انجمن ترقی اردو کی طرف سے طبع ہو کر شائع ہوگی۔ بالفعل صرف یہ ایک باب جناب مترجم کی عنایت سے ہدیۂ ناظرین ہے۔ (ایڈیٹر)

دولت ساسانی کی خصوصیات۔ سیاسی اور معاشرتی جماعت بندی۔ مرکزی حکومت کا نظم ونسق۔ وزیر اعظم۔ مذہب۔ مالیات۔ صنعت و حرفت، تجارت و ذرائع آمد و رفت۔ فوج۔ وزرائے سلطنت۔ صوبوں کی حکومت۔

رومن مورخوں نے اس تغیر کی اہمیت کو بخوبی نہیں سمجھا۔ جو نئے شاہی خاندان کی آمد سے پیدا ہوا۔ ڈیون کاسیوس اور ہیروڈین نے محض چند الفاظ میں اُس فتح کا ذکر کیا ہے۔ جو اردشیر نے اردوان پر حاصل کی، رومیوں نے اتنا تو اندازہ کر لیا کہ نئی سلطنت پرانی کی نسبت زیادہ طاقتور اور لہذا رومن امپائر کی مشرقی سرحد کے امن کے لئے زیادہ خطرناک ہے۔ لیکن وہ یہ نہ سمجھ سکے۔ کہ نئی سلطنت

ؒ L' Iran sous les Sassanides یہ کتاب کوپنہاگن میں ۱۹۳۶ء میں شائع ہوئی۔

پہلی سے اصولاً مختلف ہے یا دوسرے لفظوں میں یہ کہ وہ ایک ارتقائے سلسلہ ملائی کی آخری منزل ہے جو اشکانیوں کی غیر منظم سلطنت میں یونانیت کی سطح کے نیچے جاری تھا۔ یونانی عناصر میں سے بعض کو تو ایرانی تنظیم نے نکال کر پھینک دیا۔ بعض کو جذب کر لیا اور بعض کی ہیئت کو بدل دیا۔ جس زمانے میں اردشیر نے عنانِ حکومت کو ہاتھ میں لیا اس وقت ایرانی دنیا ایک متحدہ قوم کی صورت میں نظر آنے لگی تھی اور اس اتحادِ قومی کے آثار تمام ذہنی اور معاشرتی حلقوں میں دن بدن زیادہ نمایاں ہوتے چلے جاتے تھے ۔

غرض یہ کہ تغیرِ خاندانِ شاہی محض ایک سیاسی واقعہ نہ تھا۔ بلکہ وہ کشورِ ایران میں ایک نئی روح کے پیدا ہونے کا اعلان تھا۔ دولتِ ساسانی کی دو بڑی امتیازی خصوصیتیں تھیں۔ ایک تو شدید مرکزیت اور دوسرے حکومتی مذہب کی پیدائش۔ اگر پہلی خصوصیت کے متعلق ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ عہد داریوشِ اوّل کی روایات کا احیاء تھا تو دوسری خصوصیت بالکل نئی ایجاد تھی۔ لیکن وہ ایک تدریجی ارتقا کا نتیجہ تھی ٹھیک جیسا کہ تیرہ سو سال بعد شیعیت کا مذہبِ حکومت قرار پانا اسی قسم کے ارتقا کا نتیجہ تھا۔

اردشیر کا خاندان چار سو سال تک برسرِ حکومت رہا۔ اس طویل عرصے میں سلطنت ساسانی کے اندر عوام الناس کی زندگی اور نظامِ حکومت میں بے شک مختلف قسم کی تبدیلیاں ہوئیں[1]۔ لیکن معاشرت اور حکومت کی جس عمارت کی تعمیر یا تکمیل بانیٔ خاندانِ ساسانی نے کی وہ اپنی مجموعی ہیئت میں آخر تک اسی طرح قایم رہی ۔

اوستائے جدید میں سوسائٹی کے تین طبقوں کا ذکر ہے یعنی (۱) علماء مذہب

---

[1] ان تبدیلیوں کی تفصیل ہم مناسب جگہوں پر سیاسی واقعات کے ساتھ ساتھ بیان کرتے جائیں گے۔

(آذرَوان)، (۲) سپاہی (رَثَا ایشتر)، (۳) زراعت پیشہ (واستریوفشوینت)[1]۔ سوسائٹی کی یہ تقسیم بہت قدیم زمانے سے چلی آتی ہے، یاسنا میں[2] صرف ایک جگہ ایک چوتھے طبقے کا ذکر آیا ہے یعنی اہل حرفہ (ہُوئتی)، ساسانیوں کے زمانے میں یہ تقسیم نئی طرح سے دیکھنے میں آتی ہے جس میں چار طبقے بنائے گئے ہیں۔ تیسرا طبقہ دبیروں یعنی عمّال سلطنت کا ہے اور چوتھے میں زراعت پیشہ اور اہل حرفہ شامل ہیں، سوسائٹی کی یہ نئی جماعت بندی سیاسی صورتِ حالات کے ماتحت عمل میں آئی۔ عہد ساسانی میں وہی چار طبقے حسب ذیل تھے:- (۱) علماء مذہب (آذرَوان)، (۲) سپاہی (آرتیشتاران)، (۳) عمّال حکومت (دبیران یعنی دبیران)، (۴) عوام الناس جن میں زراعت پیشہ (واستریوشان) اور اہل حرفہ اور تاجر (ہُتخشان) شامل تھے[3]۔

---

[1] بین وینست (Benveniste)؛ "روایت اوستا کی رُو سے معاشرتی جماعت بندی" (مجلۂ آسیائی J. A. سنہ ۱۹۳۲ء ص ۱۱۷ بعد)۔ [2] ۱۹، ۱۷۔ [3] دیکھو نامۂ تنسر (طبع ڈارمیسٹیٹر ص ۲۱۴، طبع مینوی ص ۱۲)۔ ڈارمیسٹیٹر کو یہ غلط شبہ ہوا ہے کہ دبیروں کا طبقۂ سوم قرار پانا غالباً نامۂ تنسر کے کسی مترجم (عربی یا فارسی) کی غلطی سے ہوا ہے۔ اوّل تو اس طبقہ بندی کی تائید نامۂ تنسر کے ایک اور مقام سے ہوتی ہے (ڈارمیسٹیٹر ص ۲۱۵، مینوی ص ۱۴) جہاں یہ لکھا ہے کہ اگر ایک شخص سوسائٹی کے چوتھے طبقے میں ہو تو اس کو مستثنے طور پر ترقی دے کر اوپر کے کسی طبقے میں لایا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ یا تو عمدہ اخلاق اور اطاعت میں ممتاز ہو (جو علماء مذہب کا خاصہ ہے) یا طاقت و شجاعت میں یکتا ہو (جو سپاہیوں کی امتیازی خصوصیت ہے) یا قابلیت، قوتِ حافظہ اور ذہانت میں بے مثل ہو اور یہ خصوصیتیں وہ ہیں جن کی توقع زراعت پیشہ لوگوں کی نسبت دبیروں سے زیادہ کی جائے گی، اور پھر یہ تقسیم اس امر کے ساتھ بھی مطابقت رکھتی ہے کہ کواذ اوّل اور خسرو اوّل کے زمانے سے پہلے بادشاہ کا انتخاب موبذ موبذان، سالار سپاہ، اور دبیربذ کی مرضی پر ہوتا تھا یعنی پہلے تین طبقوں کے رؤسا کی رائے سے۔ (بقیہ بر صفحہ ۱۴)

ان میں سے ہر ایک طبقہ کئی کئی جماعتوں میں منقسم تھا، طبقۂ علماء مذہب میں سب سے پہلی جماعت قُضاۃ کی تھی جو دادوَر کہلاتے تھے، ان سے اتر کر پیشوایانِ مذہب تھے جن میں سب سے نیچے کا درجہ مُغوں کا تھا جو تعداد میں سب سے زیادہ تھے، پھر ایک جماعت موبدوں کی تھی اور ایک ہیربدوں کی اور ان کے علاوہ اور کئی مختلف جماعتیں تھیں جن کے مختلف وظائف تھے مثلاً دستوَراں یا دستوران (یعنی انسپکٹران) اور مغان اندرزبد (معلمین) وغیرہ، سپاہیوں کا طبقہ سوار اور پیادہ جماعتوں میں منقسم تھا جن میں سے ہر ایک کے مدارج اور وظائف معین تھے۔ عمّال حکومت یا دبیروں کے طبقے میں مصنفینِ محاسبین، نقل نویس، مسکات کے محرّر، تذکرہ نگار، وغیرہم شامل تھے، ان کے علاوہ اطبّاء، شعراء اور منجمین بھی اسی طبقے میں شمار ہوتے تھے، نچلے طبقے کے لوگوں میں کسان، تاجر اور باقی تمام پیشہ ور تھے[۱]

ہر ایک طبقے کا ایک رئیس ہوتا تھا۔ علماء مذہب کا رئیس موبدان موبد کہلاتا تھا

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳) (دیکھو نامۂ تنسر طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۳۹، مینوی ص ۳۸ بعد)، علاوہ اسکے مسعودی نے کتاب التنبیہ (ص ۱۰۳) میں سلطنت ساسانی کے سب سے اونچے عہدہ داروں کے نام لئے ہیں۔ جن میں ایک تو وزیر اعظم (وُزُرگ فرمادار) ہے اور باقی چار یہ ہیں: (۱) موبد، (۲) سپاہ بد، (۳) دبیربد، (۴) ہُتُخش بد (یعنی رئیس اہل حرفہ، جس کو "واستریوش بذ" (یعنی رئیس اہل فلاحت) بھی کہا جاتا تھا) مسعودی کا یہ بیان، نامۂ تنسر کے ساتھ بالکل مطابقت رکھتا ہے، جاحظ کی کتاب التاج" (طبع مصر ص ۲۵) کی رو سے اردشیر اول نے لوگوں کی چار جماعتیں قائم کیں: (۱) خاندانِ شاہی کے فوجی شہسوار، (۲) موبدان و ہیربدان (جو آتشکدہ کی خدمت پر مامور ہوتے تھے) (۳) اطباء و دبیران و منجمین (۴) اہل زراعت و حرفت،

(حاشیہ صفحہ ہٰذا) [۱] نامۂ تنسر،

فوج کا رئیس اعلے ایران سپاہ بد تھا، دبیروں کا رئیس ایران دبیر بد رجس کا دوسرا نام دبیران ہشت تھا)، چوتھے طبقے کا رئیس واستریوشان سالار تھا جس کو واستریوش بد بھی کہتے تھے، ہر ایک رئیس کے ماتحت ایک ناظر ہوتا تھا جس کا کام اپنے طبقے کی مردم شماری کرنا تھا، اور ایک انسپکٹر جو ہر شخص کی آمدنی کے متعلق تحقیقات کرتا تھا،[1] پھر ایک معلم (اندرزبد) ہوتا تھا، جس کا فرض یہ تھا کہ "ہر شخص کو بچپن سے کسی پیشے یا فن کی تعلیم دے۔ تاکہ اس کو تحصیل معاش میں آسانی ہو"[2]

ساسانیوں کے ابتدائی عہد میں سوسائٹی کی ایک اور تقسیم یا جماعت بندی دیکھنے میں آتی ہے جو بلاشبہ اشکانیوں کے زمانے کی یادگار ہوگی، یہ تقسیم ہم کو حاجی آباد کے کتبے سے معلوم ہوئی ہے جو دو زبانوں میں لکھا ہوا ہے[3]۔ اس میں شاپور اول نے اپنی تیر اندازی کے اس مشہور کرتب کا حال لکھوایا ہے جو اس نے شہرداران (شاہزادگان سلطنت) و واسپہران (رؤساء یا افراد خانوادہ ہائے بزرگ) و وزرگان (امراء)، و آزادان (نجباء)، کی موجودگی میں دکھایا تھا[4]۔ اس

---

[1] نامۂ تنسر، مینوی کی اڈیشن میں "دخل" (آمدنی) کی بجائے "دخل" ہے، [2] ایضاً، طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۔ ۲۱۸، مینوی ص ۱۵، [3] یعنی اشکانی پہلوی اور ساسانی پہلوی [4] شہرداران (جس کی قدیم تاریخی املا شترداران ہے اور عہد ساسانی کے آخر میں اس کا تلفظ غالباً شہریاران تھا) اور واسپہران اشکانی پہلوی کے الفاظ ہیں۔ "واسپہر" جو آرامی ہزوارش میں بارنیتا (بمعنی ابن البیت) ہے ویسپہر (بمعنی فرزند قبیلہ) کی ایک مختلف شکل ہے، ہخامنشیوں کے عہد میں بھی ہم کو بزبان آرامی "بنی بیتا" (بنو البیت) کی اصطلاح ملتی ہے، ویسپہر اور واسپہر دونو ارمنی زبان میں بطور الفاظ دخیل موجود ہیں بشرطیکہ ارمنی لفظ سپوہ واقعی وہی ایرانی لفظ ویسپہر ہے۔ لفظ واسپہر ایک ارمنی صوبے واسپرکان کے نام میں موجود ہے، دیکھو نولدکہ، ترجمۂ طبری ص ۵۰۱، نیز بین ونست، "تبصرۂ مطالعات ارمنی" ج ۹ ص ۹-۱۰، وہرتسفلت: پای کلی (فرہنگ نمبر ۳۰)۔

تقسیم میں (جس میں سوسائٹی کی صرف ممتاز جماعتوں کا ذکر ہے) اور مذکورہ بالا تقسیم میں جو تعلق ہے۔ اس کو ہم صحیح طور پر معیّن نہیں کر سکتے، معاشرتی طبقات کی تقسیم ہمیشہ ایک ہی نہیں رہی اور خلاصہ یہ ہے۔ کہ سوسائٹی کی مختلف جماعتوں کی ترتیب ایک بہت پیچیدہ مسئلہ ہے۔

اس معاشرتی اور سیاسی طبقہ بندی میں جو الجھن اور بدیہی تناقض ہے وہ منتقیماً نتیجہ ہے اس خاص اصول ثنویت کا جو اشکانیوں کے نظامِ حکومت میں ملحوظ تھا اور (جو ساسانیوں کو ورثے میں ملا) یعنی اصول جاگیرداری (یا منصبداری) اور استبداد، انہی دو عنصروں کا تناقض ہے جو امتیازی خصوصیت ہے اُس معاشرتی اور سیاسی ارتقا کی جو اردشیر پاپگان کے زمانے سے خسرو کے زمانے تک چلتا رہا۔

شہرداران دولت ساسانی میں طبقۂ اوّل کے افراد شاہ کے لقب سے پکارے جاتے تھے۔ جس کی وجہ سے بادشاہِ ایران کا شہنشاہ کہلانا بجا تھا، اس طبقے میں سب سے پہلے تو وہ شاہانِ ماتحت شامل تھے۔ جو سلطنت کی سرحدوں پر حکومت کرتے تھے، دوسرے وہ چھوٹے چھوٹے بادشاہ جنہوں نے اپنے آپ کو شاہِ ایران کی پناہ میں دے رکھا تھا اور اس کے عوض میں شہنشاہ نے ان کے لئے اور ان کے جانشینوں کے لئے ان کی ریاست کی حفاظت کا ذمہ لے رکھا تھا۔ شرط یہ تھی کہ جب شہنشاہ کو ضرورت پڑے تو وہ اپنی افواج کو اس کے اختیار میں دے دیں اور شاید کچھ خراج بھی ادا کریں۔ نامۂ تنسر میں ذیل کے الفاظ اردشیر کی زبان سے ادا کئے گئے ہیں[1]: "ہم ہرگز شاہ کا لقب ان لوگوں کے نام سے علیحدہ نہیں کریں گے جو ہمارے حضور میں حاضر ہو کر

---

[1] طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۹،

فرماں برداری کا اظہار کریں گے اور جادۂ اطاعت پر گامزن رہیں گے۔[1] ان شاہان
ماتحت میں حیرہ کے عرب بادشاہ بھی شمار ہوتے تھے۔[2] مؤرخ امیان مارسیلینوس
نے شاپور دوم کے ملتزمین رکاب میں شاہِ چینوئیت اور شاہِ البان کا بھی نام
لیا ہے۔[3] میسوپوٹیمیا میں ایک بادشاہ پولر (؟) نام شاپور ثانی کا باجگذار تھا۔
جس کے بچوں کے ایرانی نام تھے۔[4] پائی کُلی کے کتبے میں جو لفظ سترپ ملتا
ہے تو اس سے قوم ساکا کا کشترپ (فرماں روا) مراد[5] ہے کہ وہ بھی شہنشاہ کا
باجگذار تھا۔ تسلط ساسانی کے آغاز میں آرمینیہ جہاں کے بادشاہ اشکانی الاصل
تھے شاہِ ایران کے ماتحت تھا اور وہاں کا اور گرجستان کا عامل سرحد اس وقت
تک "بِذَخش" کے لقب سے ملقب[6] تھا۔ لیکن ۴۳۰ء میں آرمینیہ سلطنت
ایران کا ایک صوبہ بن گیا اور وہاں کی حکومت ایک مرزبان کے سپرد کردی گئی۔

ساسانیوں نے سلطنت کی قدیم تقسیم کو اس طرح قائم رکھا کہ چار سرحدی
صوبے اُسی طرح رہنے دئے۔ پانچویں صدی کے شروع سے ہم دیکھتے ہیں
کہ ان سرحدی صوبوں کے حاکم مرزبان کہلانے لگے تھے۔ ان چاروں مرزبانوں کا

---

[1] بحرین جو شاپور ثانی کے زمانے سے سلطنت ایران میں شامل ہو گیا تھا۔ ایک امیر کے زیر حکومت
تھا جس کو حیرہ کا بادشاہ نامزد کرتا تھا، لیکن عہد ساسانی کے آخری زمانے میں ایک بڑا ایرانی افسر
اس امیر کی نگرانی کے لیے موجود رہنے لگا تھا۔ (روث شٹائن ص ۱۳۱) [2] باب ۱۸، ۶، ۲۲۔ چینوئیت
سے مراد قوم ہون (Huns) ہے، البان جن کے نام پر آرمینیہ کے مشرق میں ایک چھوٹا سا صوبہ البانیا
ہے — (مترجم)۔ [3] ہوفمن: "اقتباسات"، ص ۱۰۔ [4] ہرتسفلد: پائی کلی (فرہنگ نمبر ۱۰۰۲، ۱
[5] دیکھو اوپر ۔ [6] زبان گرجی میں لفظ بذخش کی مختلف شکلیں یہ ہیں: پِتی اَخش، پِتِی اَخش،
پِتی اَخش۔ یونانی میں: پِتی اَکسِس، پِتِیَکسِس۔ سریانی میں: اَپِتخشا۔ دیکھو فرہنگ پائی کلی
نمبر ۱۴۱۲، ۷۸)

رتبہ وہی تھا جو اُن شاہی خاندانوں کا تھا جن کا اوپر ذکر ہوُا اور انہی کی طرح وہ شاہ[1] کہلاتے تھے[2]۔

یہی رتبہ صوبوں کے ان گورنروں کا تھا جو شاہی خاندان سے ہوتے تھے۔ قدیم دستور کے مطابق بادشاہ کے بیٹے گورنر بنائے جاتے تھے خصوصاً وہ بیٹے جنہیں یہ امید ہو سکتی تھی کہ شاید آئندہ کسی دن وہ تختِ شاہی پر جلوہ افروز ہوں۔ اُن کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ کسی صوبے کی حکومت پر مامور رہ کر فرائض شاہی کی تربیت حاصل کریں۔ شاپور اوّل کے دو بھائی اردشیر اور پیروز علی الترتیب کرمان اور کوشان کے گورنر تھے۔ مؤخر الذکر کا لقب "شاہ بزرگ کوشان"[3] تھا۔ شاہان ساسانی میں سے شاپور اوّل، ہرمزد اوّل، بہرام اوّل اور بہرام دوم اپنی تخت نشینی سے پہلے خراسان کی گورنری اور کوشان کی بادشاہی پر مامور رہ چکے تھے[4]۔ بہرام سوم سیستان کا گورنر رہ چکا تھا اور سگانشاہ (یعنی شاہ سگستان = سیستان) کے لقب سے ملقب تھا، اردشیر دوم ایڈیابین کا حاکم تھا، بہرام چہارم کرمان کی حکومت پر مامور رہا تھا اور کرمانشاہ کہلاتا تھا۔ ہرمزد سوم بھی سیستان کا گورنر تھا اور سگانشاہ کا لقب رکھتا تھا۔ امراء نے جب بہرام پنجم کو تخت سے محروم کرنا چاہا تو انہوں نے یہی عذر پیش کیا تھا کہ وہ کبھی کسی صوبے کی حکومت پر مامور نہیں رہا اور لہٰذا اس کی قابلیت کا حال کسی کو معلوم نہیں[5]۔

---

[1] مرزبانوں کے متعلق دیکھو اس باب کے آخر میں جہاں صوبوں کی حکومت پر بحث ہے۔ [2] ہرتسفلڈ، پای کُلی (فرہنگ۔ نمبر ۱۱۰)، شاپور کا ایک تیسرا بھائی مہرشاہ بھی تھا جو میسین کا بادشاہ تھا، اس کا ذکر مانوی کتابوں کے اجزا میں ملتا ہے۔ [3] پای کُلی (ص ۴۱، ۴۵، ۴۷، ۴۸)، نیز دیکھو "آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا۔ نمبر ۳۸۔ "مسکوکات کوشانی ساسانی"۔ [4] ان کے علاوہ اور القاب جو لفظ شاہ کے ساتھ مرکب ہیں پای کُلی میں مذکور ہیں (فرہنگ۔ نمبر ۴۳۲)، [5] طبری ص ۸۵۸،

لیکن انتظام امور سیاسی کی مصلحت سے ان شاہزادوں کو گورنری کے حقوق موروثی طور پر نہیں دیئے جاتے تھے[۱]، یہ بھی ضروری تھا کہ بہبودی سلطنت کا جو تقاضا ہو اس کے مطابق بادشاہ ان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلتا رہے ان شاہزادوں کے لئے اور مرزبانوں کے لئے شاہ کا لقب سوائے اس کے کچھ معنی نہیں رکھتا تھا کہ اس کے ذریعے سے ان کو سوسائٹی کے سب سے اونچے طبقے کی صفِ اوّل میں جگہ پانے کا حق حاصل ہو جاتا تھا،

شاہزادوں پر یہ واجب تھا کہ نوبت بنوبت دربار شاہی میں حاضر ہو کر اپنا فرض اطاعت بجالائیں[۲]۔ لیکن دربار میں معین طور پہ ان کا کوئی عہدہ نہ ہو "کیونکہ اگر وہ دربار میں عہدوں کے دعویدار ہونے لگیں گے تو باہمی جھگڑوں، لڑائیوں، مخاصمتوں اور سازشوں میں مبتلا ہوں گے۔ جس سے ان کا وقار جاتا رہے گا اور لوگوں کی نظروں میں ذلیل ہوں گے"[۳]

وا سپہران ساسانیوں کو نظامِ منصبداری اشکانیوں سے ورثے میں ملا تھا لہذا اردشیر کی نئی سلطنت میں مراتب کی ترتیب میں رؤسائے طوایف کی طاقتور جماعت کو دوسرا درجہ حاصل تھا۔ جن میں سب سے آگے سات ممتاز خاندان تھے[۴]۔ ان میں کم سے کم تین ایسے تھے جو پارتھیوں (اشکانیوں) کے زمانے میں بھی عالی درجہ رکھتے تھے۔ یعنی خاندان قارن (قارن)، خاندان سورین

---

[۱] نامۂ تنسر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۱۰، [۲] نامۂ تنسر طبع ڈارمسٹیٹر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۱۰۔ یہ امر قابل توجہ ہے کہ "شہرداران" شاپور اول کی تیر اندازی کی رسم پر بھی حاضر تھے۔ [۳] نامۂ تنسر، [۴] دیکھو اوپر ، نولڈکہ، ترجمۂ طبری ص ۴۳۷۔ ان سات خاندانوں کے ممبروں کو ایران کے مانند تاج پہننے کا حق حاصل تھا کیونکہ وہ اندروی نژاد شاہان ایران کے ہم پلّہ تھے۔ صرف اتنی بات تھی کہ ان کا تاج شاہان ساسانی کے تاج سے چھوٹا ہوتا تھا (طبری۔ ترجمۂ زوتن برگ ج ۲ ص ۱۴۴)،

اور خاندان اسپاہ پد۔ یہ تینوں اشکانی الاصل تھے اور اپنے نام کے ساتھ پہلو (یا پارتھی) کا لقب لاتے تھے۔ پارتھی خاندان سے تعلق رکھنا بہت بڑا امتیاز سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ عہد ساسانی میں ان سات ممتاز گھرانوں میں سے بعض اور بھی مثلاً خاندانِ سپندیاد اور خاندانِ مہران، اشکانی الاصل ہونے کے دعویدار تھے[1]۔

---

[1] موسیٰ خورینی کے قول کے مطابق ارشویر شاہ پارتھیا کہ وہی فراتیس (فرہاد) چہارم ہے چار فرزندوں کا باپ تھا یعنی (۱) ارتشیس (ارتخشتر)، (۲) قارین، (۳) سورین، (۴) ایک بیٹی جس کا نام کُشم تھا۔ مارکوٹ کی رائے ہے کہ یہ نام کومِس کی بگڑی ہوئی شکل ہے جو صوبہ کومیسین کا جدید نام ہے۔ دیکھو Z.D.M.G. ج ۴۹، ص ۶۳۹)۔ ان میں پہلا بیٹا باپ کا جانشین ہوا (لہٰذا وہ فراتیس یا فرہاد چہارم ہے) باقی دو بیٹے اُن خاندانوں کے مورثِ اعلیٰ ہوئے جو ان کے نام سے معروف ہیں، بیٹی کی شادی ایک شخص سے ہوئی جس کا لقب سالارِ ایرانیان تھا، جس کے بعد اس کی اولاد اسپاہ بد پہلو کے نام سے موسوم ہوئی۔ اسپاہبد کی قدیم شکل سپاذپتی ہے، یہی لفظ ارمنی زبان میں بشکل سپاراپت اختیار کیا گیا ہے جو سپہ سالار کا مترادف ہے، پانچویں صدی میں وہ باضافۂ الف (یعنی اسپاراپت) استعمال ہوتا تھا، یونانی میں اس کی مختلف شکلیں اسپاہاپت، اسپیدیس، اسپیویدس، اسپابدس اور اسپیتیوس ہیں، مؤرخ تھیوفی لیکٹس کے بیان کے مطابق اسپابدس خسرو دوم کا رشتہ دار اور وندوی اور وستہم (بندوی اور بسطام) کا باپ تھا۔ طبری میں ایک جگہ اسپار آیا ہے لیکن ظاہر ہے کہ وہ کاتب کی غلطی ہے اور صحیح اسپابد ہے۔ طبری نے سات خاندانوں کی فہرست میں باضابطہ طور پر سپاہبذ کا نام لیا ہے۔

واضح رہے کہ موسیٰ خورینی کی روایت کے لئے کوئی تاریخی سند نہیں ہے ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ ایک سورین میدان جنگ میں کراسوس رومی کا حریف تھا (دیکھو اوپر ص) اور وہ لڑائی فرہاد چہارم کے باپ کے عہد میں ہوئی تھی۔ لیکن بہرحال ان تین خاندانوں کا وجود ساسانیوں کے آنے سے بہت پہلے ثابت ہے اور اس زمانے میں ان کی بہت بڑی جاگیریں تھیں، خاندان سپندیاد کا تعلق اشکانیوں کے ساتھ بظاہر بعد کے زمانے میں قائم کیا گیا جبکہ اُن کی تاریخ دلوں سے محو ہو چکی تھی۔ (بقیہ بر صفحہ ۷۱)

سات مذکورہ بالا خاندانوں میں سب سے پہلے تو خاندان شاہی (خاندان ساسانی) ہے[1]۔ اور پانچ وہ ہیں جن کے نام اوپر لئے گئے ہیں یعنی قارین پہلو، سورین پہلو[2]، اسپاہبد پہلو، سپندیاد، مہران اور ساتواں شاید خاندان زیک ہے[3]۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰) اس خاندان کے ایک شخص مسمی مہرنرسی (دیکھو طبری ص ۸۶۸ - ۸۶۹) کے شجرۂ نسب میں دارا (داریوش سوم) اور اس کے بیٹے کے اشک کا نام موجود ہے (یعنی اشک اور اس کے ساتھ ماقبل تاریخی زمانے کا بادشاہی لقب کوی جو بعد میں بدل کر کے ہوگیا)۔ شجرۂ مذکور میں اس نام کے بعد چند نام ہیں جو اشکانیوں میں سے کسی کے نہیں ہیں، صرف ایک نام سین ابنعو ہے جس کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ شاید وہ سنتروک (شاہ اشکانی) کے نام کی بگڑی ہوئی شکل ہو اور یہ تبدیلی غالباً اس سے اوپر والے نام سپس پذ کے زیر اثر ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ خاندان قارین کے ایک ممبر مسمی سوخرا کا شجرہ نسب جو طبری نے دیا ہے (ص ۸۸۷ - ۸۸۸) اس میں بھی یہی خصوصیت پائی جاتی ہے یعنی یہ کہ وہ بعد کے زمانے کا تیار کیا ہوا ہے۔ علی ہذا القیاس ہم فرض کر سکتے ہیں کہ خاندان مہران کا اشکانی الاصل ہونا بھی اسی طرح ایک جعلی بات ہے۔ مارکوارٹ کا یہ خیال بے شک صحیح ہے (E.M.Z.G، ج ۴۹ ص ۶۳۵) کہ افسانوی میرو میلاذ کسی پارتی شہزادے یا بادشاہ میترییات (مہرداد) نام کی اولاد سے تھا۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ خاندان مہران کا شجرہ (جس کا مورث اعلیٰ گرگین پسر میلاذ دکھایا گیا ہے) کسی تاریخی میترییات سے ملتا ہے؛

حاشیہ صفحۂ ہذا:- [1] شاپور اول کے بھائی شہزادہ پیروز کو "واسپہر ساسانگان" کہا گیا ہے۔ دیکھو ہرتسفلٹ، پایکلی ص ۸۵ و ۸۹۔ [2] مؤرخ فاوستوس بازنتینی کے ہاں دو سورین کا ذکر ملتا ہے جن کے ساتھ پارسیگ (پارسی) کی نسبت لگی ہوئی ہے۔ شاید وہ خاندان سورین پہلو کی شاخیں ہوں گی۔ [3] مؤرخ میناندر نے لکھا ہے کہ "زیک" ایرانیوں کے ہاں ایک بڑا عہدہ ہے (تاریخ بازنتین حصہ اول ص ۴۲۱) لیکن بازنتینی مؤرخوں میں یہ عام بات ہے کہ وہ خاندانوں کے نام اور ایرانی خطابات میں التباس پیدا کر دیتے ہیں مثلاً پروکوپیوس یہ خیال کرتے ہوئے کہ مہران کوئی لقب یا عہدہ ہے۔ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۲)

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۲)

طبری کے بیان کے مطابق[۱] قارین کا مسکن شہر نہاوند (میڈیا) میں تھا، سورین کا وطن سیستان تھا، سپندیاد کا علاقہ رَی (رگا، طہران کے نزدیک) اور اسپاہبد کا دہستان (گرگان میں)، لیکن دوسری طرف ہمیں یہ بھی علم ہے کہ سوخرا جو خاندان قارین کا ایک فرد تھا ضلع اردشیر خورہ (علاقہ شیراز) کا رہنے والا تھا[۲]، دوسرے لفظوں میں یہ کہ وہ خاص فارس کا باشندہ تھا، نیز ہمیں یہ بھی علم ہے کہ رَی کے قریب ایک دریا اور نیشاپور کے نزدیک ایک گاؤں سورین کے نام سے موسوم تھے[۳] اور یہ کہ مہر نرسی جو خاندان سپندیاد سے تھا ایک گاؤں آبروان (علاقہ دشت بارین ضلع اردشیر خورہ صوبہ فارس) کا رہنے والا تھا اور اُسے یہ گاؤں اور ایک اور گاؤں ژیرہ جو پڑوس کے ضلع شاپور میں تھا اپنے آبا و اجداد سے ورثے میں ملے تھے[۴]۔ خاندانِ مہران کے ممبروں میں سے بہرام چوبین[۵] اور پیران گشنسپ گرگوری[۶] رَی کے رہنے والے تھے لیکن دریائے مہران کا نام جو صوبۂ فارس میں ہے

(بقیۂ حاشیۂ صفحہ ۲۱)۔

لکھتا ہے کہ سپہ سالار پیروز کو مہران بنایا گیا۔ اسی طرح فاؤسٹوس اور ارمنی مؤرخ اگاتھانگہ نے زیک کو ایک خاص لقب تصور کیا ہے۔ شاپور دوم کے زمانے میں زیک اور قارین دو بڑے سپہ سالار تھے۔ لیکن ان کو سائی لکیس اور ارتابیس تصور نہیں کرنا چاہئے جن کے نام مؤرخ مارسیلینوس کے ہاں مذکور ہیں (۲، ۱۲، ۵)۔ خاندانِ زیک کے وہ ممبر جن کے نام معلوم ہو سکے ہیں یوسٹی کی کتاب "اسمائے ایرانی" میں مذکور ہیں، نیز دیکھو ہرسفلٹ "آثار قدیمۂ ایران" ج ۴، ص ۷۰، ح ۲۔

حاشیۂ صفحہ ہذا:- [۱] ترجمہ از نولدکہ ص ۴۳۷۔ [۲] طبری ص ۸۷۳، ۸۷۷۔ [۳] نولدکہ، ترجمہ طبری ص ۴۳۹۔ [۴] طبری ص ۸۷۰۔ [۵] ایضاً ص ۹۹۲۔ [۶] ہوفمن "اقتباسات" ص ۸۰، (مصنف) پیران گشنسپ عہد انوشیروان کا مشہور سپہ سالار ہے، عیسائی ہو کر گرگوری کے نام سے موسوم ہوا۔ ۵۴۲ء میں مارا گیا۔ (مترجم)۔

اس خاندان کے نام پر ہے[۱]۔ ان حالات سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ واسپہروں کی جاگیریں ایران کے مختلف حصوں میں بکھری ہوئی تھیں اور غالباً زیادہ تر وہ صوبجات میڈیا اور پارتھیا میں تھیں جو سلطنت اشکانی کا مولد و منشا تھے یا صوبۂ فارس میں جو ساسانیوں کا اصلی وطن تھا، خاندانوں کی یہ جاگیریں نزدیک نزدیک واقع تھیں لیکن نہ اس طرح کہ سب کو ملا کر ایک وسیع اور سالم ریاست بن سکے۔ غالباً منجملہ اور وجوہات کے یہ بھی ایک بڑی وجہ اس بات کی ہوئی کہ اس زمانے کے دوران میں بڑے بڑے امرائے جاگیردار رفتہ رفتہ منصبداری کی نوعیت سے ہٹ کر نجباء و اشراف دربار کی نوعیت اختیار کرتے گئے۔ جب تک کہ قدیم سوسائٹی قائم رہی واسپہروں کا پرانا تعلق گاؤں (وِیس) کے ساتھ برقرار رہا۔ یہی وجہ ہے کہ مؤرخ جب کبھی ان میں سے کسی کے مولد و منشا کا ذکر کرتے ہیں تو عموماً گاؤں ہی کا نام لیتے ہیں۔

غالباً منصبداروں کا اعلیٰ طبقہ ان سات ہی خاندانوں پر محدود نہ تھا، مؤرخ فاؤسٹوس بازنطینی ایک سپہ سالار وماوند نامی کا ذکر کرتا ہے[۲]۔ جس کا خاندانی نام کاؤسکان ہے[۳]،

---

[۱] خاندانہائے قارین، سورین اور مہران کے افراد کے متعلق دیکھو نولڈکے کے حواشی (ترجمۂ طبری ص ۱۲۷ — ۱۲۸، ۴۳۸، ۴۳۹، ۱۳۹ - ۱۴۰، ۱۴۱)، اور سورین کے متعلق فرہنگ پاہی گلی (نمبر ۱۵)، ان کے ناموں کا شمار یوسٹی نے اپنی کتاب "اسمائے ایرانی" میں مکمل کر دیا ہے (دیکھو تحت کلمۂ قارین، سورین اور میتران)، اسپاہبد کے متعلق دیکھو یوسٹی (تحت کلمۂ سپاہ پتی) اور فرہنگ پاہی گلی (نمبر ۲۲)، سپندیاد کے متعلق (جس کی فارسی شکل اسفندیار اصلی لفظ کو غلط پڑھنے کی وجہ سے پیدا ہوئی) دیکھو نولڈکے، ترجمۂ طبری ص ۴۳۹، نیز دیکھو مارکوارٹ (Z.D.M.G) ج ۴۹، ص ۶۳۴ بعد، کتاب ایرانشہر ص ۷۱، ہرسفلڈ، آثار قدیمہ ایران ج ۴ ص ۲ بعد، ہرمزدان جو یزدگرد سوم کا مشہور سپہ سالار تھا۔ ان سات خاندانوں میں سے کسی ایک سے تعلق رکھتا تھا لیکن یہ معلوم نہیں کہ وہ کونسا خاص خاندان تھا، اس کی ماں خوزستان میں کسی جگہ کی رہنے والی تھی اور اس صوبے کی حکومت (جس میں ستر شہر تھے) اسکے خاندان میں متوارث تھی (طبری ص ۲۵۳۰ اور ۲۵۴۲، بلعمی، ترجمۂ زوتن برگ، ج ۳ ص ۴۴۸ بعد)، [۲] طبع لانگلوا (Langlois) ج ۱ ص ۲۶۲،

بہت سے خاندانی نام جن کے آخر میں آن ہوتا ہے منصبداروں کے خاندانوں کو یا ان خاندانوں کی شاخوں کو ظاہر کرتے ہیں ۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو ان منصبداروں کی جاگیروں کا کُل رقبہ بمقابلہ اس رقبے کے بہت کم تھا جو براہِ راست حکومت کے تصرف میں تھا اور جو بادشاہی گورنروں کے زیر فرمان تھا ۔

ہمارے پاس صحیح اطلاعات اس بارے میں نہیں ہیں کہ ان جاگیرداروں کو کیا خاص حقوق حاصل تھے ۔ مثلاً ہمیں یہ معلوم نہیں کہ بادشاہی گورنروں کو ان جاگیروں پر جو اُن کے صوبوں میں واقع ہوتی تھیں کسی قسم کا اختیار تھا یا نہیں یا آیا ان جاگیروں کو کُلی یا جزئی آزادی حاصل تھی یا نہیں ۔ صرف اتنی بات یقینی طور پر معلوم ہے کہ کسانوں پر یہ واجب تھا کہ اپنا اپنا لگان خواہ جاگیردار کو ادا کریں خواہ گورنمنٹ کو خواہ دونوں کو ۔ نیز وہ اس بات پر مجبور تھے کہ اپنے اپنے جاگیردار کی کمان میں وقت ضرورت فوجی خدمت انجام دیں +

ہم دیکھتے ہیں کہ ساسانیوں کے زمانے میں بھی وہ پرانی رسم موجود ہے کہ سات خاندانوں کے رؤسا کے لئے خاص خاص فرائض موروثی طور پر مقرر تھے مؤرخ تھیوفی لیکٹس ہمیں بتلاتا ہے[1] کہ یہ موروثی فرائض کیا کیا تھے ۔ وہ لکھتا ہے کہ " وہ خاندان جس کا نام ارتبیدس ہے رتبۂ شاہی رکھتا ہے اور بادشاہ کو تاج پہنانے کا فرض اس کے ذمے ہے ۔ اسی طرح ایک اور خاندان کو فوجی امور کا ذمہ وار بنایا گیا ہے ، ایک اور خاندان امور ملکی کا نگران ہے ، ایک خاندان کا عہدہ یہ ہے کہ منصفانہ طور پر متخاصمین کے جھگڑوں کا فیصلہ کرے ، پانچویں خاندان کے ذمے رسالہ فوج کی کمان ہے ۔ چھٹا خاندان اس بات پر مامور ہے کہ مالیات وصول کرے اور خزانۂ شاہی کا محافظ رہے ، ساتواں خاندان اسلحہ اور فوجی

---

[1] ج ۳ ص ۸ ،

سازوسامان کی حفاظت کا ذمہ دار ہے"،

ارتبیدس بگڑی ہوئی شکل ہے ارگبیدس کی جو اصل میں ارگبد یا ہرگبد ہے جس کے معنی شروع میں محافظِ قلعہ[1] کے تھے۔ لیکن بعد میں وہ ایک بڑے اہم فوجی عہدے کا نام ہوگیا، چونکہ اردشیر کا پہلے یہ لقب تھا[2]، لہذا ساسانیوں کی نئی سلطنت میں وہ شاہی خاندان کے مہروں کے نام کے ساتھ ایک بہت بڑے فوجی خطاب کے طور پر لگایا جاتا تھا[3]،

باقی کے چھ موروثی عہدوں میں سے جن کا شمار تھیوفی لیکٹس نے کیا ہے تین فوجی ہیں اور تین ملکی، فوجی عہدوں میں سے ایک تو ناظر امور فوجی کا عہدہ ہے[4]،

---

[1] نولدکہ، ترجمہ طبری ص ۵ ح ۲ و ۳، ہرتسفلت، پای کلی (فرہنگ، نمبر ۱۴۷) یوستی کا یہ قیاس کہ یہ ارگ سے مشتق ہے جس کے معنی "قلعہ مستحکم" کے ہیں بارتھولومی نے صحیح تسلیم کیا ہے لیکن ہرتسفلت کے نزدیک وہ مشکوک ہے، [2] دیکھو اوپر ص ، [3] ابرسام اردشیر اول کے زمانے میں ارگبد تھا (طبری ص ۸۲۳)، ہرتسفلت، فرہنگ پای کلی (نمبر ۱۴۷)، کرسٹن سین: (Acta Orientalia ج ۱۰ ص ۴۳ ببعد، یزدگرد اول (۳۹۹ء - ۴۲۰ء) کے زمانے میں مہرشاپور ارگبد کے عہدے پر مامور تھا، (لابور: "عیسائیت در ایران بعد ساسانی" ص ۱۰۹)، [4] ہم نے اپنی دوسری کتاب "سلطنت ساسانیان" (ص ۳۴) میں ناظر امور فوجی کو ایران سپاہبد تصور کیا ہے لیکن اب ہمارا خیال یہ ہے کہ یہ اغلب نہیں ہے کہ سارے ایران کے کمانڈر انچیف یا وزیر جنگ کا سا ذمہ داری کا عہدہ وراثت کے توکل پر چھوڑا جاتا ہوگا، ہمارا قیاس یہ ہے کہ یہ کوئی کمتر درجے کا فوجی عہدہ ہے مثلاً کنارنگ کا عہدہ (بزبان یونانی کنارنگس، بزبان سریانی قنارنگ) جس کو مؤرخ پروکوپیس ایک خاص خاندان میں موروثی بتلاتا ہے، ابرشہر (خراسان) کا مرزبان کنارنگ کہلاتا تھا، وہاں کا صدر مقام نیشاپور تھا اور یہ صوبہ ہمیشہ وحشی خانہ بدوش قبیلوں کے حملے کے خطرے میں رہتا تھا، (مارکوارٹ "ایرانشہر" ص ۷۴-۷۵، ہرتسفلت "آثار قدیمۂ ایران" ج ۲ ص ۱۱۰)، یزدگرد دوم کے عہد میں جب ہونوں کے ساتھ لڑائیاں جاری تھیں طوس کا مرزبان کنارنگ کہلاتا تھا، (باقی حاشیہ بر صفحہ ۲۶)

ایک رسالہ فوج کے سردار کا اور ایک میگزین کے محافظ (ایران انبارگبذ) کا جس کو تھیوفی لیکٹس نے ساتویں خاندان کے ذمے بتلایا ہے۔ ملکی عہدوں میں سے ایک ناظر امور ملکی کا عہدہ ہے جس کی نوعیت کسی قدر غیر واضح ہے۔ دوسرے حاکم عدالت کا اور تیسرے کلکٹر اور خزانہ دار شاہی کا۔ یہ واضح رہے کہ تھیوفی لیکٹس کا

(بقیہ حاشیۂ صفحہ ۲۵) :- ثعالبی ص ۴۳، بلاذری ص ۳۰۵، س ۱۰ بلاذری میں اس لفظ پر غلط اعراب لگائے گئے ہیں) فارسی کے فرہنگ نگار لفظ کنارنگ کے معنی مالک صوبہ کے لکھتے ہیں۔

حاشیۂ صفحۂ ہذا :- لہ ہماری کتاب "سلطنت ساسانیان" (ص ۲۷) میں اس عہدے کا نام اسپ بد لکھا ہے لیکن یہ نام یقینی نہیں ہے، ہمارا خیال ہے کہ اسپ ہوار بد یا اسوار بد زیادہ قرین صحت ہوگا۔ تہ دیکھو نولڈکہ (ترجمہ طبری ص ۴۴۴) ہرتسفلت، پای کلی (فرہنگ۔ نمبر ۴۰) ۔ تہ ہمارا خیال نہیں ہے کہ یہ عہدہ وہی ہے جس کو واستریوشان سالار (ستوفی ممالک) کہتے تھے، طبری (ترجمہ نولڈکہ ص ۱۱۰) اُن بڑے بڑے عہدوں کا شمار کرتے ہوئے جو وزیر مہرنرسی نے اپنے تین بیٹوں کو دلوائے لکھتا ہے کہ منجھلا بیٹا ماہ گشنسپ بہرام پنجم کے عہد میں شروع سے آخر تک واستریوشان سالار کے عہدے پر مامور رہا) اگر یہ عہدہ موروثی تھا تو پھر ماہ گشنسپ کو بڑا بیٹا ہونا چاہیئے تھا، گمان یہ ہے کہ طبری سے اس بیان میں کچھ غلطی ہوئی ہے دوسری جگہ (ترجمہ ص ۱۱۲) اس نے تینوں بیٹوں کو ایک اور ترتیب سے ذکر کیا ہے اور وہاں ماہ گشنسپ کو سب سے چھوٹا بیٹا بتلایا ہے۔ لیکن اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ماہ گشنسپ سب میں بڑا تھا اور اصلاً اس کو واستریوشان سالار کا عہدہ ورثے میں ملا تو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ اس سے پہلے اس کا باپ مہرنرسی اور اس کا دادا ورازگ بھی اس عہدے پر مامور رہ چکے تھے۔ لیکن دینوری (ص ۵۰) لکھتا ہے کہ یزدگرد اول کے بعد (یعنی مہرنرسی کی زندگی میں) ایک شخص مسمیٰ گشنسپ آذار "کاتب الخراج" تھا جس سے یقیناً واستریوشان سالار مراد ہے، پس معلوم ہوا کہ جب اس عہدے پر مہرنرسی کی زندگی میں ایک دوسرا شخص مامور تھا تو مہرنرسی کو یہ عہدہ کبھی نہیں ملا۔ اگر دینوری کے اس بیان کو غلط بھی کہا جائے تب بھی یہ اشکال باقی رہتا ہے کہ ماہ گشنسپ کو اپنے باپ کی زندگی میں اپنے خاندان کا موروثی عہدہ کیونکر مل گیا؟ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۷ پر)

یہ بیان ساسانیوں کے آخری زمانے کے متعلق ہے،

یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ کہ کونسا عہدہ کس خاندان کے ساتھ مربوط تھا ، ارگبد کے عہدے کے متعلق البتہ ہمیں علم ہے کہ وہ ساسانی خاندان سے متعلق تھا اور رسالہ فوج کی سرداری کے متعلق فرض کیا جا سکتا ہے کہ وہ خاندان اسپاہبد کے ذمے تھی، چونکہ سورین اور مہران اکثر ایرانی فوج کے سرداروں کے نام ہوتے ہیں اس سے شاید ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ باقی کے دو فوجی عہدے ان دو خاندانوں کی میراث میں تھے۔ لیکن یہ محض قیاس ہی قیاس ہے جس کے لئے ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں، ملکی عہدوں کی تقسیم کے متعلق ہمیں کسی قسم کا کوئی علم نہیں +

اگر ہم بغور ملاحظہ کریں تو معلوم ہوگا کہ موروثی عہدے جتنے تھے وہ بیشک بہت اہم تھے۔ لیکن عالی ترین اور اہم ترین نہیں تھے ، درحقیقت یہ اغلب معلوم نہیں ہوتا کہ سلطنت میں چوٹی کے عہدے مثلاً وزیر اعظم یا کمانڈر انچیف کا عہدہ حق وراثت سے حاصل ہوتے ہوں اور بادشاہ کے ہاتھ میں اپنے مشیروں کے انتخاب کا کوئی اختیار نہ ہو اور جب کبھی وہ کسی بڑے عہدہ دار کو برطرف کرنا چاہے تو اس کے پاس سوائے اس کے کوئی چارہ نہ ہو کہ اس کو قتل کروا کے اس کی جگہ اس کے بڑے بیٹے کو مقرر کرے۔ ساسانیوں کی سلطنت کی بنیاد خود مختار حکومت پر تھی، پس ایسی صورت حالات ان کی خود مختاری کے ساتھ کس طرح موافقت رکھ سکتی ہے ؟ اگر ایسا ہوتا تو تھوڑے ہی عرصے میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶) :- غرض یہ کہ ہمارا قیاس ہے کہ لشکر اور غرلنز دار شاہی کے عہدے سے مراد وا سپہر گان تکارد ہے یعنی مستوفی خراج وا سپہران۔ اس عالی مقام عہدہ دار کا ذکر ارمنی ماخذ میں بھی آیا ہے اور اس کے متعلق ایک جگہ لکھا ہے کہ اصفہان کا مرزبان اس کے گھر میں جمع ہوتا تھا۔ (دیکھو ہبشمن۔ ارمنی گرامر ج ا ص ۱۷۰)

سلطنت تباہ ہو جاتی[1]، سلطنت ساسانی میں موروثی عہدے عزت و افتخار کے عہدے تھے جو سات اوّلین خاندانوں کی امتیازی حیثیت کی علامت سمجھے جاتے تھے[2]، لیکن ان کی طاقت محض ان عہدوں سے نہیں تھی بلکہ اس آمدنی سے جو ان کو اپنی جاگیروں سے حاصل ہوتی تھی اور اس کے علاوہ (خصوصاً کواذ اور خسرو اوّل کے عہد سے پہلے) جاگیرداری کے اُس تعلق سے جو ان کو اپنی رعایا کے ساتھ تھا، پھر ایک اور بات یہ بھی تھی کہ چونکہ ان کے لئے بادشاہ کے

---

[1] حیرہ کی عربی ریاست میں وزیر (رِدْف) کا عہدہ خاندان یربوع میں موروثی تھا اور یہ اس بات کے صلے میں تھا کہ اس خاندان والے تخت حیرہ کے دعوے سے دست بردار ہو گئے تھے (دیکھو اگر ہصوصہ کا مضمون، رسالۂ انجمن مشرقی آلمانی (Z.D.M.G.) ج ۱۳ ص ۲۴۰، روٹ شٹائن، خاندانِ لخمی، ص ۱۱۲، ۱۳۳) یہ وہی ایرانی دستور تھا جس کو معقولیت کی حد سے آگے بڑھا دیا گیا تھا اور ایسی بات حیرہ جیسی چھوٹی سی ریاست ہی میں ممکن ہو سکتی تھی جس کو ایک بڑی سلطنت کی پناہ اور نگرانی نصیب تھی۔

[2] ممکن ہے کہ شاہانِ ہخامنشی کی یہ رسم ساسانیوں کے ہاں بھی جاری ہو کہ شہنشاہ اپنی بیویوں کا انتخاب ترجیحاً اپنے خاندان میں سے کرتا تھا اور یہ نہیں تو پھر باقی کے چھ ممتاز گھرانوں میں سے۔ خسرو دوم (پرویز) کی ماں خاندان اسپاہبذ سے تھی اور وِستہم اور وِندوی (وِستہم اور بِندوی) کی بہن تھی (نولڈکہ ص ۴۳۹) بہرحال یہ ایسا قاعدہ نہیں تھا جس میں استثناء نہ ہو۔ یزدگرد اوّل نے یہودیوں کے رئیس گالوتا (رأس الجالوت) کی بیٹی سے شادی کی تھی، خسرو اوّل کی بیوی خاقانِ اتراک کی بیٹی تھی اور خسرو دوم ایک بازنطینی (رومی) شاہزادی سے بیاہا تھا، دوسری طرف اس امر کا ثبوت کہ ساسانی شاہزادیاں چھ ممتاز خاندانوں میں بیاہی جا سکتی تھیں یہ ہے کہ خسرو دوم کے ایک بھانجے کا نام مہران تھا (نولڈکہ، ص ۱۴۰)، یوحنا مامیکونی (مؤرخ ارمنی) نے ایک سپہ سالار مستی وشتنگ اور اس کے بھائی سورین کا ذکر کیا ہے اور لکھتا ہے کہ یہ دونوں خسرو دوم کے ماموں ہیں۔ (لانگلوا، ج ۱ ص ۳۷۰ ببعد و ص ۳۷۳)۔

حضور میں رسائی حاصل کرنا آسان ہوتا تھا لہذا اس کی بدولت انہیں حکومت کے بڑے بڑے عہدے پانے کے امتیازی حقوق مل جاتے تھے ۔

قدیم سوسائٹی اور خاندانِ ساسانی کے خاتمے کے بعد بھی مدتہائے دراز تک واسپہر صوبۂ فارس میں باقی رہے ، ابن حوقل دسویں صدی عیسوی میں لکھتا ہے کہ " فارس میں یہ بڑا اچھا دستور ہے کہ قدیم خاندانوں کے لوگوں (اہل البیوتات ۔ واسپہران) کی بڑی عزت کی جاتی ہے اور ممتاز گھرانوں کو احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے ، ان خاندانوں میں بعض ایسے ہیں جو موروثی طور پر سرکاری محکموں (دواوین) کے رئیس ہیں اور قدیم الایام سے اب تک اسی طرح چلے آتے ہیں"[1] مسعودی نے بھی اسی طرح فارس کے اہل البیوتات کا ذکر کیا ہے ۔

وُزُرگان ساسانیوں کی تاریخ میں جس کا ایک حصہ ہمارے لئے طبری کی تصنیف میں محفوظ رہا ہے تقریباً ہر صفحے پر بزرگان و آزادگان (العظماء و اهل البیوتات) کا نام ملتا ہے ، جب کبھی کوئی نیا بادشاہ تخت پر بیٹھتا تھا ۔ تو بزرگان و آزادگان اظہارِ اطاعت کے لئے اور بادشاہ کا خطبہ سننے کے لئے جس کے ذریعے سے وہ اپنا تعارف اپنی رعایا سے کرتا تھا دربار میں جمع ہوتے تھے ، یہی تھے جنہوں نے اردشیر دوم کو تخت سے اتارا اور شاپور سوم کو قتل کرایا[2] انہی بزرگان و آزادگان میں سے بعض تھے جنہوں نے یزدگرد اول کی اولاد و اعقاب کو تخت سے محروم کرنے کی ٹھانی تھی[3] ، اور بعد میں اس کی جانشینی کے بارے میں جو گفت و شنید منذر (شاہِ حیرہ) کے ساتھ ہوئی وہ انہی بزرگان اور

---

[1] ابن حوقل ، طبع یورپ ص ۲۰۶ ، [2] طبری ص ۸۴۶ ، ترجمۂ نولڈکہ ص ۷۰ و ۷۱ ، [3] طبری ص ۸۵۸ ، ترجمہ نولڈکہ ص ۹۱ ،

آزادگان نے کی تھی[۱]، بعض وقت العظماء والاشراف[۲] کی ترکیب بھی دیکھنے میں آتی ہے، عربی میں "اہل البیوتات" اور "العظماء" اور "الاشراف" لفظی ترجمہ ہیں پہلوی الفاظ "واسپہران" اور "وزرگان" اور "آزادان" کا[۳]، بعض وقت صرف "بزرگان" کا لفظ استعمال ہوا ہے[۴]، اس بات کو دیکھتے ہوئے کہ ساسانیوں کی تاریخ میں "بزرگان" کو کس قدر اہمیت حاصل رہی ہے نیز یہ کہ ان کا نام باقاعدہ طور پر ہمیشہ جاگیرداروں (واسپہران) کے پہلو بہ پہلو لیا گیا ہے، کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ وہ حکومت کے بڑے بڑے اعلےٰ افسر اور محکموں کے عالی ترین نمایندے تھے، زمرۂ "وزرگان" میں وزراء اور حکام بالادست بھی شامل تھے[۵]۔

آزادان | اس لفظ کا مفہوم ابھی تک اچھی طرح واضح نہیں ہوا، یہ فرض کیا جا سکتا ہے کہ آریا قوم کے فاتحین نے آزادان کا لقب ملک کے اصلی باشندوں کے مقابلے میں جن کو انہوں نے غلام بنایا اختیار کیا ہوگا۔ رفتہ رفتہ نسلوں کا اختلاط شروع ہوا جس کی وجہ سے بہت سے آزاد آریائی خاندان اپنی اصالت کو کھو بیٹھے اور اپنی سابقہ بلندی سے اتر کر کسانوں اور شہریوں کے متوسط طبقے میں آ ملے۔

---

۱ طبری ص ۸۵۰ بعد، منذر کے ساتھ گفت وشنید کی وجہ یہ تھی کہ امراء دربار یزدگرد اول کے بعد بہرام گور کو تخت پر بٹھانا چاہتے تھے اور وہ اس وقت منذر کے دربار میں مقیم تھا، (مترجم)۔ ۲ طبری ص ۸۲۵، ۸۷۱، ۸۸۳، ۳ نولدکے، ترجمۂ طبری ص ۷۱، ح ۱، اہل البیوتات کا مترادف آرامی زبان میں بار بیتان ہے جو واسپہران کے لئے بطور ہزوارش استعمال ہوا ہے، طبری کے ہاں ایک اور ترکیب "الوجوہ والعظماء" بھی استعمال ہوئی ہے (ص ۹۹۹)، ۴ طبری ص ۲۴۴، ۸۴۶، ۱۰۴۵، ۱۰۶۱، ۵ دیکھو آگے "مرکزی حکومت" کے عنوان میں۔

بعض اور نشیب و فراز بھی اس تنزل میں مؤید ہوئے۔ مثلاً جنگوں کے نتائج قرضہ اور زمین کا مسلسل حصّوں میں تقسیم ہوتے چلے جانا، آریائی خاندانوں میں سے جو نسبتہً زیادہ خالص حالت میں رہے۔ بعض ترقی کر کے واسپُہروں کے قلیل لیکن طاقتور زمرے میں داخل ہو گئے اور بعض اُن سے کمتر درجے کے بزرگان کی جماعت میں رہے۔ یہ جماعت ساسانیوں کے زمانے میں خاصی کثیر تھی، اور سارے ملک میں پھیلی ہوئی تھی اور صوبوں کی حکومت میں عہدہ داران زبردست انہی میں سے منتخب ہوتے تھے، غالباً یہی لوگ تھے جنہوں نے آزادان کا نام اپنے لئے محفوظ کر رکھا تھا۔

غالباً اسی جماعت سے ساسانیوں کی رسالہ فوج تعلق رکھتی تھی جو ان کے لشکر کا بہترین جزو تھی۔ تاریخ یعقوبی میں ایک جگہ[1] جہاں پانچویں صدی کے شروع میں[2] یزدگرد اوّل کے زمانے میں مراتب کی ترتیب سے بحث کی گئی ہے ہمیں بتلایا گیا ہے کہ افسرانِ لشکر کو "سوار" کہا جاتا تھا۔ قیاس یہ ہے کہ ان سواروں میں سے اکثر امن کے زمانے میں اپنی اپنی زمین پر زندگی بسر کرتے تھے، کھیتوں میں کاشت کرتے تھے اور کسانوں سے کام لینے میں مشغول رہتے تھے۔

یہ طبعی بات ہے کہ جس قوم میں نہایت قدیم زمانے سے گھوڑوں کا شوق اور شہسواری کا مذاق رہا ہو وہ سواروں کے لشکر کی طرف خاص توجہ مبذول کرے اور بزرگان کے طبقۂ اوّل کے بعد (جن کی تعداد قلیل تھی) ان کو شمار کرے۔ آگے چل کر ہم اس بات کو ملاحظہ کریں گے کہ بعد کے زمانے میں سوار کا لقب سوسائٹی میں بہت بڑی وقعت رکھتا تھا[3]۔

---

[1] طبع ہوتسما، ج ۱ ص ۲۰۲۔ [2] دیکھو باب ششم و ضمیمہ نمبر ۲۔ [3] دیکھو باب ہشتم۔

ان کے مقابلے میں کمتر درجے کے اشراف تھے جن کی طاقت ان کے موروثی مقامی اختیارات میں مرکوز تھی۔ وہ کذک خوذایان[1] (کدخدایان یعنی رؤساء خانہ) اور دہقانان[2] (رؤساء دیہ) کہلاتے تھے۔ حکومت کی مشین میں دہقان بمنزلہ ایسے پہیوں کے تھے جن کے بغیر اس کا چلنا دشوار تھا۔ اگرچہ بڑے بڑے تاریخی واقعات میں وہ کہیں نظر نہیں آتے تاہم حکومت کے نظام اور اس کی عمارت میں وہ ایسی مستحکم بنیاد کی حیثیت رکھتے تھے جس کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ دہقان پانچ جماعتوں میں منقسم تھے جن میں سے ہر ایک کا ایک امتیازی لباس تھا[3]۔ مجمل التواریخ میں دہقان کی تعریف یہ لکھی ہے کہ "وہ رئیس تھے، زمینوں اور گاؤں کے مالک تھے"[4]۔ لیکن اکثر حالتوں میں دہقان کی موروثی اراضی کا رقبہ کچھ بہت زیادہ نہیں ہوتا تھا اور بعض وقت تو اس کی حیثیت بس اس سے زیادہ نہیں ہوتی تھی کہ وہ اپنے گاؤں کا سب سے بڑا کسان ہوتا تھا۔ لہذا کسانوں کی آبادی میں دہقان کا وہ رتبہ نہ تھا جو امرائے جاگیردار کا تھا۔ اس کی حیثیت یہ تھی کہ وہ سرکاری علاقے کی

---

[1] دیکھو ہرتسفلٹ: پای کلی (فرہنگ - نمبر ۵۶ - ۵۰)، بارتھولومی: "قرون وسطی کی ایرانی زبان کے متعلق معلومات" (جرمن)، ج ۳، ص ۴۴ ببعد۔ اس سیاسی اور معاشرتی جماعت کا نام قدیم زمانے کے مان بد کا مترادف ہے جو مذہبی کتابوں میں مذکور ہے (دیکھو اوپر، ص   )۔ اشکانی زمانے میں شہزادے کذک خوذای کہلاتے تھے (دیکھو ص   )۔ [2] عہد ساسانی کے آخر میں دہقان کا لفظ بظاہر زیادہ وسیع معنوں میں استعمال ہونے لگا تھا اور عہد اسلامی میں بھی اس کا استعمال جاری رہا۔ دہقانوں کی جماعت کو افسانوی بادشاہ ہوشنگ کے بھائی وگرد کی نسل سے بتلایا جاتا ہے۔ (دیکھو کرسٹن سین: "ایران کی افسانوی تاریخ میں اولین انسان اور اولین بادشاہ"۔ ص ۱۴۴، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۳، ۱۵۵، ۱۵۹، ۱۶۴)۔ [3] مروج الذہب، ج ۲، ص ۲۴۱۔ [4] دیکھو ترجمہ شاہنامہ از مول ج ۱ ص ۱۰۔ اس تعریف کی رو سے دہقان وہی ہوا جو ہندوستان میں ٹھاکر ہے (مترجم)۔ [5] نولدکہ، ترجمہ طبری ص ۴۴۰۔

زمینوں کے کاشتکاروں میں گورنمنٹ کا نمائندہ تھا اور اس حیثیت سے اس کا سب سے بڑا فرض یہ تھا کہ کاشتکاروں سے لگان یا معاملہ وصول کرے[1]۔ دہقانوں کو معلومات اراضی اور رعایا کے متعلق حاصل تھیں انہی کی بدولت یہ ممکن تھا کہ لگان کامیابی کے ساتھ باقاعدہ وصول ہوتا رہتا تھا جس سے دربار کے تزک و احتشام اور جنگوں کے گراں مصارف پورے ہوتے رہتے تھے باوجود اس کے کہ ایران کی زمین بالعموم کچھ زیادہ زرخیز نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ عرب فاتحین نے جب تک دہقانوں کی معاونت حاصل نہ کی وہ ایران سے اُتنا مالیہ وصول نہ کر سکے جتنا کہ ساسانیوں کے وقت میں وصول ہوتا تھا[2]

مرکزی حکومت کا نظم و نسق

وزیر اعظم

مرکزی حکومت کا صدر وزیر اعظم تھا جس کا لقب شروع میں ہزار بد تھا۔ ہخامنشیوں کے زمانے میں ہزار پتی بادشاہ کی محافظ فوج کے دستے کا افسر ہوتا تھا جس میں سپاہیوں کی تعداد ایک ہزار تھی، اس زمانے میں یہ افسر سلطنت کے اولین عہدہ داروں میں شمار ہوتا تھا اور بادشاہ اُسی کے توسط سے سلطنت کا نظم و نسق کیا کرتا تھا[3]، یہ نام اشکانیوں کے زمانے میں محفوظ رہ کر ساسانیوں کے عہد میں پہنچا،

---

[1] یعنی وہی جو ہندوستان میں گاؤں کا نمبردار یا پٹیل کرتا ہے (مترجم) [2] دیکھو فان فلوٹن (Van Vloten) "امسٹرڈم کی شاہی اکیڈیمی کی روئداد" ۱۸۹۲ء ص ۱۲ بعد، [3] بقول نیپوس (مورخ لاطینی) اس کا رتبہ شہنشاہ کے بعد دوسرے درجے پر تھا۔ سکندر کے ہاں پہلے ہیفائستیون (Hephaistion) (باقی حاشیہ بر صفحہ ۴۲)

ارمنی مؤرخ ایران کے وزیر اعظم کو "ہزارپت وزن اُرِتیس" لکھتے ہیں جس کے معنی "محافظِ دربار ایران" کے ہیں، ایک خط میں جو اہل آرمینیہ نے یزدگرد دوم کے وزیر اعظم مہرنرسی کو لکھا اس کے القاب میں "ہزارپت ایران و غیر ایران"[1] کا لقب شامل کیا، لیکن جب اسی وزیر اعظم نے ارمنیوں کو خط لکھا تو اپنا لقب "وُزُرگ فرمَاذار ایران و غیر ایران"[2] تحریر کیا[3]، طبری سے ہم کو اس بات کا پتہ چلتا ہے[4] کہ باضابطہ طور پر اس کا لقب یہی تھا اور مسعودی اور یعقوبی کے ان بعض عبارات ایسی ہیں جن سے اس امر کی کافی طور سے تائید ہوتی ہے کہ عہد ساسانی کے آخر تک وزیر اعظم کا لقب "وُزُرگ فرمَاذار" ہی تھا لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کے علاوہ اس کو "دراندرزبد" (مشیر دربار) بھی کہا جاتا تھا[5]۔

وزیر اعظم کے عہدے پر جو لوگ مامور رہے ان میں سے ایک تو

بقیۂ حاشیہ صفحہ ۳۳ :- اور اس کے بعد پرڈکاس (Perdiccas) ہزاربد (Chiliarch) کے عہدے پر مامور تھا۔ پولی سپرکون (Polysperchon) کی ولایت کے زمانے میں کاسانڈر (Cassander) کو ہزاربد کا عہدہ دیا گیا۔ اس پر مؤرخ ڈیوڈروس (۱۸، ۴۸) مزید اطلاع دیتے ہوئے لکھتا ہے کہ شاہانِ ایران کے ہاں ہزاربد بلحاظ رتبہ سب سے اونچا عہدہ ہے (مارکوٹ، رسالۂ فیلولوگس، ج ۵۵، ص ۲۲۷ بعد)، پای کلی کے کتبے میں بھی ہزاربد کا لقب مذکور ہے، (فرہنگ، نمبر ۳۴۲)۔

حاشیۂ صفحۂ ہذا:- [1] شاہ ایران کے لقب کی مماثلت سے جو "شہنشاہ ایران و اَن ایران" تھا، [2] ارمنی زبان میں اس کو "وزرگ ہرمتر" لکھا ہے، (ہیوبشمن، ارمنی گرامر، ج ۱ ص ۱۸۲-۱۸۳)۔ وزرگ فرماذار کے معنی "فرماں روائے بزرگ" یا حاکم اعلیٰ کے ہیں، فرماذار (بدون کلمۂ وزرگ) مذہب زرتشتی میں ایک اونچے درجے کا دینی عہدہ دار تھا لیکن اسکے فرائض کا حال صحیح طور سے معلوم نہیں، (ویسٹ، متون پہلوی ج ۱ ص ۱۲۵، ج ۲ ص ۱۵۲، ۲۷۶)، [3] لانگلوا، ج ۲، ص ۱۹۰، ۱۹۲، [4] ترجمۂ نولدکہ ص ۱۱۱، [5] دیکھو ضمیمہ ۲، ہرزفلڈ، پای کلی (فرہنگ، نمبر ۱۰۰) دراندرزبد = طیسفون کا اندرزبد۔

ابرسام کا نام معلوم ہے جو اردشیر اول کا وزیر تھا[۱]، یزدگرد اول کے زمانے میں خسر و یزدگرد تھا[۲]، مہرنرسی ملقب بہ "ہزار بندگ" (ہزار غلاموں والا) یزدگرد اول اور بہرام پنجم کا وزیر اعظم تھا[۳]، سورین پہلو بہرام پنجم کے زمانے میں اس عہدے پر مامور تھا[۴]۔

وزرگ فرمادار کے اختیارات اور وسعتِ اقتدار کے متعلق ہمارے پاس اطلاعات بہت کم ہیں، یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اس کا فرضِ منصبی بادشاہ کی نگرانی میں امورِ سلطنت کا سر انجام تھا لیکن اکثر اوقات وہ اپنی رائے سے معاملات کو طے کرتا تھا اور جب کبھی بادشاہ سفر میں یا کسی مہم پر ہوتا تو وہ اس کا قائم مقام ہوتا تھا[۵]، بیرونی ممالک کے ساتھ سیاسی گفت و شنید کا کام بھی اسی کے ذمے تھا اور اگر ضرورت پڑے تو وہ سالارِ لشکر بھی ہو سکتا تھا[۶]۔ خلاصہ یہ کہ بادشاہ کا مشیرِ خاص ہونے کی حیثیت سے نظامِ حکومت کا جزو وکل اس کے ہاتھ میں تھا اور وہ ہر معاملے میں دخل دینے کا اہل تھا[۷]، وزرگ فرمادار جو کامل معیار کا ہوتا تھا وہ تہذیب و شائستگی میں بے نظیر، اخلاقی قوت میں ممتاز، اپنے ابنائے زمانہ میں فائق[۸]، جامع خصال حمیدہ، صاحبِ حکمت نظری و عملی[۹]، اور دانائی و فرزانگی میں یکتا ہوتا تھا، اس کی شخصیت ایسی طاقتور ہوتی تھی کہ جب کبھی بادشاہ عیاشی اور بدکرداری میں مبتلا ہو جاتا تو وہ اس کو اپنے ذاتی اثر سے

---

[۱] طبری ص ۸۱۶، کرسٹن سین، Acta Orientalia ج ۱۰ ص ۴۲ بعد، ابرسام علاوہ وزیر اعظم کے ارگبد بھی تھا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ساسانی خاندان سے تھا۔ [۲] لابور (Labourt) ص ۹۷، [۳] طبری ص ۸۶۹، ۸۷۸، [۴] لازار فرپی (مؤرخ ارمنی)، طبع لانگلوا ص ۲۷۰، [۵] طبری ص ۸۶۹، ترجمہ نولدکہ ص ۱۰۶، [۶] طبری ص ۸۸۹، ترجمہ نولدکہ ص ۱۰۹، [۷] لیکن چھٹی صدی کے دوران میں وزرگ فرمادار کے اختیارات کم ہو گئے تھے، دیکھو باب ششم و ضمیمہ ۲، [۸] طبری ص ۸۹۹، [۹] جو نمونہ کہ وزرگمہر (بزرجمہر) کا تھا، دیکھو کرسٹن سین (Acta Orientalia) ج ۸، ص ۱۸ بعد۔

راہِ ہدایت کی طرف لاتا تھا[1]۔

وزیرِ اعظم کا عہدہ جس شکل میں کہ وہ زمانۂ خلافتِ اسلام میں تھا اور اس کی وہی شکل تمام اسلامی سلطنتوں میں برقرار رہی استقیماً دولتِ ساسانی سے اخذ کیا گیا تھا[2]۔ اور فضلائے عرب جنھوں نے سیاسی نظریئے قائم کیے وزیرِ اعظم کے عہدے کے متعلق جو اصولی باتیں لکھتے ہیں وہ ساسانیوں کے وزرگ فرمذار پر عین صادق آتی ہیں۔ بقول ماوردی وزیرِ اعظم تمام وہ اختیارات رکھتا ہے جو خود خلیفہ کے ہیں، صرف اتنی بات اس پر واجب ہے کہ وہ خلیفہ کو اپنے تمام انتظامات سے آگاہ کرتا رہے تاکہ اس کی زیردستی اور اطاعت کا اظہار ہوتا رہے۔ دوسری طرف خلیفہ کا یہ فرض ہے کہ وزیر کے جملہ افعال کی نگرانی کرے۔ وزیر کے اختیارات صرف تین باتوں میں محدود تھے۔ اول یہ کہ اس کو اپنا جانشین یا نائب خود مقرر کرنے کا حق حاصل نہ تھا، دوسرے وہ مجاز نہ تھا کہ اپنے کام سے علیحدگی اور خانہ نشینی کی اجازت لوگوں سے طلب کرے کیونکہ وہ بادشاہ کا کارندہ ہے نہ کہ لوگوں کا، تیسرے اس کو خاص اجازت کے بغیر یہ اختیار نہ تھا کہ کسی ایسے عہدہ دار کو جسے بادشاہ نے مقرر کیا ہو برخاست کر کے اس کی جگہ دوسرا آدمی تعینات کرے[3]۔ ان تین باتوں میں سے دوسری کے متعلق صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ عہدِ خلافت میں پیدا ہوئی جس کی بنا جمہوری حکومت پر تھی، پس خلاصہ یہ کہ وزرگ فرمذار کو شہنشاہِ ایران سے وہی تعلق تھا جو زمانۂ مابعد میں وزیرِ اعظم کو خلیفہ سے تھا۔ عربی کتاب موسوم بہ "دستور الوزراء" میں لکھا ہے کہ "شاہانِ ایران تمام بادشاہوں سے بڑھ کر اپنے

---

[1] طبری، ص ۸۰۳۔ [2] انگر Enger، رسالۂ انجمنِ مشرقی آلمانی، ج ۱۳، ص ۲۴۰۔

[3] ایضاً، ص ۲۴۲۔

وزراء کا احترام کرتے تھے، وہ یہ کہتے تھے کہ وزیر وہ شخص ہے جو ہماری حکومت کے معاملات کو سلجھاتا ہے، وہ ہماری سلطنت کا زیور ہے وہ ہماری زبان گویا ہے وہ ہمارا ہتھیار ہے جو ہر وقت مہیا ہے، تاکہ ہم اس سے دور دور کے ملکوں میں اپنے دشمنوں کو ہلاک کریں"[۱]

نظامِ مذہب یا کلیسائے زرتشتی

مجوس (یا مغان)، اصل میں میڈیا کے ایک قبیلے یا اس قبیلے کی ایک خاص جماعت کا نام تھا جو غیر زرتشتی مزدائیت کے علماء مذہب تھے[۲] جب مذہب زرتشت نے ایران کے مغربی علاقوں (میڈیا اور فارس) کو تسخیر کیا تو مغان اصلاح شدہ مذہب کے رُوسائے روحانی بن گئے۔ اوستا میں تو یہ علماء مذہب آذروان کے قدیم نام سے مذکور ہیں لیکن اشکانیوں اور ساسانیوں کے زمانے میں وہ معمولاً مُغ کہلاتے تھے۔ ان لوگوں کو ہمیشہ قبیلۂ واحد کے افراد ہونے کا احساس رہا اور لوگ بھی ان کو ایک ایسی جماعت تصوّر کرتے تھے "جو قبیلۂ واحد سے تعلق رکھتی ہے اور خداؤں کی خدمت کے لئے وقف ہے"[۳]

عہد ساسانی میں علمائے مذہب امرائے جاگیردار کے دوش بدوش چلتے رہے اور جب کبھی ضعف و انحطاط کا دَور آجاتا تھا تو یہ دونو جماعتیں بادشاہ کے خلاف ایک دوسرے کی مؤید ہو جاتی تھیں۔ لیکن ویسے یہ دو گروہ بالکل ایک دوسرے سے الگ تھے اور ہر ایک کی اپنی اپنی ترقی کا راستہ جُدا تھا،

---

[۱] ایضاً ص ۲۴۰، [۲] کرسٹن سین، مضمون بعنوان "ایرانیان" (کتابچۂ علوم قدیمہ)، سلسلہ سوم، حصہ اوّل، جلد ۳، ص ۲۸۹ ببعد، [۳] مارسلینوس، ج ۲۳، ص ۶، س ۳۲،

جہاں تک ہمیں علم ہے ساسانیوں کے زمانے میں امرا کے بڑے بڑے گھرانوں میں سے کوئی شخص موبدان موبد نہیں بنایا گیا[1] موبدوں کا انتخاب ہمیشہ قبیلۂ مغان میں سے ہوتا تھا جس کی تعداد طبعی طور سے صدہا سال کے زمانے میں بہت بڑھ گئی تھی[2] طائفۂ مغان نے بھی ایران کی شاندار افسانوی تاریخ میں سے اپنا ایک شجرۂ نسب تیار کیا جو نجباء کے عالی خاندانوں کے شجرے کے مقابلے پر تھا، ساسانیوں نے اپنا نسب (بواسطۂ ہخامنشیان) کوی وشتاسپ تک پہنچایا جو زرتشت کا مربی تھا، اور اکثر دوسرے عالی خاندانوں نے بھی (بواسطۂ اشکانیان) اپنا مورثِ اعلےٰ اُسی کو قرار دیا، اس کے مقابلے پر موبدوں کا جدِّ اعلےٰ شاہِ افسانوی مَنُوش چِتَر (منوچہر) قرار پایا جو ساطیری خاندان پَرَدات سے تھا کہ وشتاسپ سے بہت زیادہ قدیم ہے[3]

طبقۂ علماء مذہب اپنے دنیاوی اقتدار کو ایک مقدس اور مذہبی رنگ دیتے تھے اور اس ترکیب سے وہ ہر شخص کی زندگی کے اہم معاملات میں دخل دے سکتے تھے، گویا یوں کہنا چاہیئے کہ ہر شخص کی زندگی مہد سے لحد تک ان کی نگرانی میں بسر ہوتی تھی، مؤرخ اگاتھیاس لکھتا ہے[4] کہ "فی زماننا ہر شخص ان کا (مغان کا) احترام کرتا ہے اور بے حد تعظیم کے ساتھ پیش آتا ہے، پبلک کے معاملات ان کے مشوروں اور پیشینگوئیوں سے طے ہوتے ہیں اور لوگوں کے باہمی تنازعات کا وہ غور و فکر کے ساتھ فیصلہ کرتے ہیں، اہلِ فارس کے نزدیک

---

[1] تاریخ میں لکھا ہے کہ زروان داد پسر مہرنرسی کو جو خاندان سپندیاد سے تھا ہیربدان ہیربد بنایا گیا تھا،

[2] شیعہ سوسائٹی میں سیدوں کی تعداد بھی اسی طرح بڑھی ہے، [3] دیکھو ایرانی بُندہشن (طبع انکلساریا) کا انگریزی ترجمہ از ویسٹ (باب ۳۳)، خاندان قارین کا شجرۂ نسب جو طبری نے دیا ہے (ص ۷۷۰-۸۷۸) اس کی رو سے اس خاندان کا جدِّ اعلیٰ بھی یہی منوش چتر ہے، [4] ج ۲، ص ۲۶،

کوئی چیز مستند اور جائز نہیں سمجھی جاتی جب تک کہ ایک مُغ اس کے لئے جواز کی سند نہ دے۔"

موبدوں کا رسوخ اور اثر محض اس وجہ سے نہ تھا کہ ان کو روحانی اقتدار حاصل تھا یا یہ کہ حکومت نے ان کو فصلِ خصومات کا کام دے رکھا تھا یا یہ کہ وہ پیدائش اور شادی اور تطہیر اور قربانی وغیرہ کی رسموں کو ادا کراتے تھے۔ بلکہ ان کی زمینوں اور جاگیروں اور اس کثیر آمدنی کی وجہ سے بھی جو انہیں مذہبی کفاروں اور زکوٰۃ اور نذر نیاز کی رقموں سے ہوتی تھی، اور پھر اس کے علاوہ انہیں کامل سیاسی آزادی حاصل تھی۔ یہاں تک کہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے حکومت کے اندر اپنی حکومت بنا رکھی تھی۔ شاپور دوم کے زمانے تک میڈیا اور بالخصوص ایٹروپٹین (آذربایجان) مغوں کا ملک سمجھا جاتا تھا۔ وہاں ان لوگوں کی زرخیز زمینیں اور پُرفضا مکانات تھے جن کے گرد حفاظت کے لئے کوئی دیوار نہیں بنی ہوتی تھی[1]، اپنی ان زمینوں پر یہ لوگ اپنے خاص قوانین کے ماتحت زندگی بسر کرتے تھے[2]۔ غرض یہ کہ رؤسائے مغان کے قبضے میں بلاشبہ بڑی بڑی املاک اور جاگیریں تھیں،

موبدانِ زرتشتی کی کلیسائی حکومت میں مراتب کا ایک سلسلہ تھا جو نہایت منظم اور مرتب تھا لیکن اس کے متعلق ہمارے پاس صحیح اطلاعات موجود نہیں ہیں، طائفہ مجوس (جن کو مُغان یا مگوآن یا مگوگان لکھا جاتا ہے) پیشوایانِ مذہب میں کمتر درجے کے تھے، لیکن تعداد میں کثیر تھے، بڑے بڑے آتشکدوں کے رئیس مُغان مُغ کہلاتے تھے، (جس کو مگوآن مگو یا مگو مگوآن بھی

---

[1] مطلب یہ ہے کہ انہیں حفاظت کے لئے دیوار کی حاجت نہ تھی بلکہ ان کا تقدس ان کا محافظ تھا،

[2] مارسلینوس، ج ۲۳، ص ۶، س ۳۵،

لکھا جاتا ہے[1]۔ ان سے اوپر کا طبقہ موبدوں (مگوپت) کا تھا[2]۔ تمام سلطنت ایران کلیسائی اضلاع میں منقسم تھی جن میں سے ہر ایک ضلع ایک موبد کے ماتحت تھا، بہت سے نگینے آج موجود ہیں جن پر موبدوں کے نام اور تصویریں کندی ہوئی ہیں مثلاً ایک نگینے پر خسرو شاذ ہرمز کے موبد پابگ کا نام لکھا ہوا ہے، ایک پر ویذشاپور موبد اردشیر خورہ کا، اسی طرح فرخ شاپور موبد ایران خورہ شاپور، باذرگ موبد میشان وغیرہ[3]۔

تمام موبدوں کا رئیس اعلیٰ جس کو زرتشتی دنیا کا پوپ کہنا چاہیئے موبدان موبد تھا، تاریخ میں پہلی دفعہ اس کلیسائی عہدے کا ذکر وہاں آیا ہے جہاں یہ بتلایا گیا ہے کہ اردشیر اول نے ایک شخص کو جس کا نام شاید ماہ داذ تھا موبدان موبد مقرر کیا[4]۔ ممکن ہے کہ یہ عہدہ اس سے پہلے بھی موجود رہا ہو لیکن اس کی غیر معمولی اہمیت اسی وقت سے ہوئی جب سے کہ مزدائیت کو حکومت کا مذہب قرار دیا گیا۔

ماہ داذ کے علاوہ اور جو لوگ موبدان موبد کے عہدے پر سرفراز رہے ان میں سے ایک تو بہگ کا نام معلوم ہے دوسرے اس کا جانشین آذربذ مہرسپندان[5] تھا، یہ دونو شاپور دوم کے عہد میں تھے، اس کے بعد بہرام پنجم کے زمانے میں مہرورازا مہر آگاویذ[6] اور مہر شاپور تھے اور خسرو اول (انوشیروان) کے عہد میں

---

[1] دیکھو مہرہائے باذرگ و کواذ، باذرگ آتش آذرگشنسپ کا مغان مغ تھا۔ (آتش آذرگشنسپ کے متعلق دیکھو باب سوم)، ہرتسفلٹ: پائی کلی ص ۸۲۔ [2] یونانی اور لاطینی مصنف لفظ مگوس (μάγος) سے بلا امتیاز مغ اور موبد دونو مراد لیتے ہیں۔ برعکس اس کے عربی اور فارسی تصانیف میں لفظ موبد مذہب زرتشتی کے تمام کلیسائی مراتب پر حاوی ہے۔ [3] ہرتسفلٹ: پائی کلی، ص ۷۹-۸۱۔ [4] طبری ص ۸۱۶، کرسٹن سین در Acta Orientalia، ج ۱۰ ص ۴۹-۵۰۔ [5] بندہشن (ترجمۂ ویسٹ باب ۳۳)، متن طبع انکلساریا ص ۲۳۶۔

آزادنِسد موبدان موبد تھا[1]

تمام امورِ کلیسائی کا نظم و نسق موبدان موبد کے ہاتھ میں تھا، دینیات اور عقائد کے نظری مسائل میں فتوے صادر کرنا اور مذہبی سیاسیات میں عملی معاملات کو طے کرنا اسی کا کام تھا۔ کلیسائی عہدہ داروں کو یقیناً وہی مقرر کرتا تھا اور وہی معزول کرتا تھا۔ دوسری طرف خود اس کا اپنا تقرر (جیسا کہ بہت سی علامات سے ظاہر ہے) بادشاہ کے اختیار میں تھا، جب کبھی ملک کے کسی حصے میں مروجہ مذہب کے خلاف مخالفت کا ہنگامہ برپا ہوتا تھا تو وہ تحقیقاتی کمیشن کے مقرر کرنے میں حکومت کے ساتھ تعاون کرتا تھا[2]، تمام مذہبی معاملات میں وہ بادشاہ کا مشیر ہوتا تھا[3]، اور روحانی مرشد اور اخلاقی رہنما ہونے کی حیثیت سے سلطنت کے تمام معاملات میں وہ غیر معمولی طور پر اپنا اثر ڈال سکتا تھا[4]۔

آتشکدوں میں مراسم نماز کا ادا کرنا جس کے لئے خاص علم اور عملی تجربے کی ضرورت تھی ہیربدوں سے متعلق تھا، ہیربد وہی لفظ ہے جو اوستا میں اَیثرپایتی ہے، خوارزمی نے ہیربد کی تعریف "خادم النار" کی ہے[5]۔ طبری نے لکھا ہے کہ خسرو دوم (پرویز) نے آتشکدے تعمیر کرائے جن میں اس نے بارہ ہزار

---

[1] "وقائع شہدائے ایران" (اقتباسات از Hoffmann) ص ۲۱۳، [2] دیکھو باب ششم، [3] طبری ص ۹۹۵، [4] شاہنامۂ فردوسی میں موبد اور موبدان موبد جو اہم فرائض انجام دیتے ہیں وہ قابل توجہ ہیں۔ نیز دیکھو نہایہ (ص ۲۲۷ - ۲۳۰) جہاں موبدان موبد شاہ متوفی کا وصیت نامہ مرتب کرتا ہے اور پھر اس کے جانشین بیٹے کو پڑھ کر سناتا ہے۔ تاریخ کے خاص خاص زمانوں میں بادشاہ کے انتخاب میں موبدان موبد کو جو دخل تھا اس کے متعلق دیکھو باب ششم، طبری کے ایک مقام (ص ۸۹۲) سے پتہ چلتا ہے کہ موبدان موبد بادشاہ کے گناہوں کے اعتراف کی سماعت بھی کرتا تھا، [5] مفاتیح العلوم (ص ۱۱۹)

ہیربدزمزمہ و مناجات کے لئے مقرر کئے[1] ہیربد کے عہدے کی جو حرمت و توقیر ہوتی تھی وہ اس سے ظاہر ہے کہ ساتویں صدی میں جب عربوں نے فارس کو فتح کیا تو اس وقت اس صوبے کا حاکم ایک ہیربد تھا جو گویا دین و دنیا کی حکومت کا جامع تھا[2]۔

ہیربدوں کا رئیس اعلٰے ہیربذان ہیربد تھا جو کم از کم عہد ساسانی کے خاص خاص زمانوں میں موبذان موبد کے بعد سب سے بڑے صاحب منصبوں میں شمار ہوتا تھا[3]۔ ہیربذان ہیربد جو تاریخ میں مذکور ہیں ان میں ایک تو تنسر ہے جو کلیسائے رسمی کی تنظیم میں اردشیر اوّل کا معاون تھا[4]۔ ایک زروان داذ پسر مہر نرسی ہے جس کو بقول طبری "اس کے باپ نے مذہب و شریعت کے لئے وقف کر دیا تھا[5]" طبری کی اس عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ حاکم شریعت کے فرائض بھی ہیربذان ہیربد انجام دیتا تھا اور مسعودی نے تو صاف صاف لکھا ہے کہ ہیربد بحیثیت حکام عدالت قانونی فیصلے صادر کیا کرتے تھے[6]۔

کلیسائے زرتشتی کے دوسرے عہدہ داروں کے فرائض کو ہم صحیح طور سے معیّن نہیں کر سکتے۔ وَرْتوَبذ (استاذ عمل[7]) اور دستوَر تھے۔ دستوَر غالباً مسائل مذہبی کے ماہر کو کہتے تھے۔ گویا ایک طرح کا فقیہ جس کی طرف لوگ شریعت کے پیچیدہ مسائل کو

---

[1] طبری ص ۱۰۴۱-۱۰۴۲، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تعداد بہت مبالغہ آمیز ہے۔ یعقوبی نے ہیربد کے معنی قیّم النار بتلائے ہیں (طبع ہوتسما، ج ۱، ص ۲۰۲)۔ [2] آگے چل کر معلوم ہوگا کہ بادشاہ کے سامنے آتش مقدس کے بجھنے کا اعلان ہیربذان ہیربد ہی نے کیا تھا۔ [3] آتشکدوں کے متعلق جملہ تفاصیل دیکھو باب ششم میں۔ [4] دیکھو ضمیمہ ۲۔ [5] دین کرد طبع پشوتن سنجانا ص ۴۵۰، ۴۵۶، کرسٹن سین (Acta Orientalia، ج ۱۰، ص ۴۵-۴۷، نیز دیکھو آگے باب سوم۔ [6] ص ۸۶۹۔ [7] مروج الذہب، ج ۲، ص ۱۵۶۔ [8] بنوینست (Benveniste) رسالہ "تبصرۂ مطالعات ارمنی" (بزبان فرانسیسی)، ج ۹، ص ۱۰۔

حل کرانے کے لئے رجوع کرتے تھے[1]۔ ایک اور اعلیٰ عہدہ مُغان اندرزبذ یا مگوگان اندرزبد (معلم مُغان) کا تھا[2]۔

یہ مذہبی عہدہ دار عامۃ الناس کے ساتھ اپنے تعلقات میں جو فرائض انجام دیتے تھے وہ متعدد اور مختلف تھے۔ مثلاً مراسم تطہیر کا ادا کرانا، گناہوں کے اعترافات کو سننا اور ان کو معاف کرنا، کفاروں کا تجویز کرنا، ولادت کی مقررہ رسوم کا انجام دلوانا، رشتۂ مقدس یعنی زُنّار (کُستیگ) کا باندھنا، شادی اور جنازہ[3] اور مختلف مذہبی تہواروں کے مراسم کی نگرانی وغیرہ۔ اگر اس بات کو دیکھا جائے کہ کس طرح مذہب روزانہ زندگی کے چھوٹے سے چھوٹے واقعات میں بھی مداخلت کرتا تھا اور یہ کہ ہر شخص دن اور رات میں کتنی دفعہ ذرا سی غفلت پر گناہ اور نجاست میں پکڑا جاتا تھا تو معلوم ہوگا کہ مذہبی عہدہ کوئی بے کام کی نوکری نہ تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک شخص جس کو بزرگوں سے کوئی مال یا جائداد ترکے میں نہ ملی ہو مذہبی پیشہ اختیار کر کے اپنے متفرق مشاغل کی بدولت بآسانی صاحب ثروت بن سکتا تھا[4]۔ ان مذہبی عہدہ داروں پر واجب تھا کہ دن میں چار دفعہ آفتاب کی پرستش کریں، اس کے علاوہ چاند اور آگ اور پانی کی پرستش بھی ان پر فرض تھی۔

---

[1] اردشیر اول نے اوستا کے متن کو معیّن کرانے کے لئے سلطنت کے تمام "دستوروں" اور "موبدوں" کو جمع کیا تھا۔ بعض وقت لفظ "دستور" عام معنوں میں استعمال ہوتا ہے، اور اس کا اطلاق جماعت علمار زرتشتی کے تمام افراد پر ہوتا ہے۔ [2] ایلیزے، دیکھو ہیوبشمن (ارمنی گرامر ج ۱ ص ۹۹)، ہوفمن ص ۵۰-۵۱ (وہ پناہ، مگوگان اندرزبد)، "مسِ مُغان" یعنی رئیس مغان کا ایک عہدہ، عربوں کی فتح کے وقت موبذ میں تھا اور اسلامی زمانے میں ڈیڑھ سو برس تک قائم رہا، لیکن یہ عہدہ ساسانیوں کے آخری زمانے میں وجود میں آیا تھا۔ (مارکوارٹ "ایرانشہر" ص ۱۲۸)۔ [3] مُردوں کو دخموں میں لے جا کر چھوڑ آنے کے متعلق ہم اوپر لکھ چکے ہیں (ص ۔) [4] دین کرد ج ۸، ۲۰، ۲۲۲۔

ان کے لئے ضروری تھا کہ سونے اور جاگنے اور نہانے اور زنار باندھنے اور کھانے اور چھینکنے اور بال یا ناخن ترشوانے اور قضائے حاجت اور چراغ جلانے کے وقت خاص خاص دعائیں پڑھیں۔ انہیں حکم تھا کہ ان کے گھر کے چولہے میں آگ کبھی بجھنے نہ پائے، آگ اور پانی ایک دوسرے کو چھونے نہ پائیں، دھات کے برتنوں پر کبھی زنگ نہ آنے پائے کیونکہ دھاتیں مقدس ہیں۔ جو شخص کسی میت یا حائضہ عورت یا زچہ کو (خصوصاً جس نے مُردہ بچہ جنا ہو) چھو جائے اس کی ناپاکی کو دُور کرنے کے لئے جو رسوم و قواعد تھے ان کا پورا کرنا حد سے زیادہ پُر زحمت اور تھکا دینے والا تھا۔ ارداگ ویراز نے جو بہت بڑا صاحب کشف تھا، جب عالم رؤیا میں دوزخ کو دیکھا تو وہاں قاتلوں اور جھوٹی قسم کھانے والوں اور لواطت کرنے والوں اور دوسرے مجرموں کے علاوہ ایسے لوگ بھی دیکھے جن کا گناہ یہ تھا کہ انہوں نے زندگی میں گرم پانی سے غسل کیا تھا یا پانی اور آگ میں ناپاک چیزیں پھینکی تھیں یا کھانا کھانے میں باتیں کی تھیں یا مُردوں پر روتے تھے یا بے جوتوں کے پیدل چلتے تھے۔

ان مذہبی پیشواؤں کے رتبے اور مقام کے متعلق جملہ تفاصیل کتاب ہیربدستان (قانون نامۂ کلیسائی) اور نیرنگستان (قوانین رسوم مذہبی) میں مسطور ہیں۔ یہ دونو کتابیں نُسک پارم نُسک کے دو باب ہیں جو ساسانی اوستا کی گم شدہ جلدوں میں سے ایک ہے[1]۔ ہیربدستان میں منجملہ اور باتوں کے علماء مذہب کو دیہات و قصبات میں مذہبی تعلیم دینے اور مراسم عبادت ادا کرانے کی غرض سے بھیجنے کے مسئلے پر بحث ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اُن کو اپنی غیر حاضری میں اپنی زمین کی

---

[1] ان دونوں کا خلاصہ دینکرد (۸، ۲۰۱) میں دیا ہے، دونوں بابوں کا کچھ حصہ آج بھی باقی ہے۔ نیرنگستان (چھاپ فوٹو زنکو، بتصحیح داراب دستور پشوتن سنجانا (بمبئی ۱۸۹۴ء)، ترجمہ انگریزی از بلسارا (بمبئی ۱۹۱۵ء)۔

کاشت کا کیا انتظام کرنا چاہیئے، پھر اس بات پر بحث ہے کہ خاص حالات کے اندر مراسم عبادت میں امداد کے لئے کسی عورت یا بچے کی خدمات سے کیونکر مستفید ہونا چاہیئے۔ وغیرہ وغیرہ، ہُسپارم نسک کے ایک اور باب میں اس امر پر بحث ہے کہ زوتر کو (جو آتشکدہ میں آگ کے روبرو نماز ادا کرانے کا پیش امام ہوتا ہے[1]) کیا اُجرت دینی چاہیئے۔ اس کے علاوہ اسی قسم کے دوسرے کلیسائی مراسم پر بحث ہے۔[2] دیہات میں کسانوں پر یہ بات واجب کی گئی تھی کہ معلم مذہب کو کھلائے پلائے اور اس کی باقی تمام ضروریات کے کفیل ہوں۔[3]

پیشوایان مذہب کا صرف یہی فرض نہیں تھا کہ وہ مراسم کو ادا کرائیں بلکہ لوگوں کی اخلاقی رہنمائی اور روحانی حکومت بھی ان کے ذمے تھی، اور پھر تعلیمات کا سارا سلسلہ (ابتدائی درجے سے لے کر اعلےٰ درجے تک) ان علماء مذہب ہی کے ہاتھ میں تھا کیونکہ صرف یہی لوگ تھے جو علوم زمانہ کے تمام شعبوں پر حاوی تھے۔ کتب مقدسہ اور ان کی تفاسیر کے علاوہ غالباً ایک کافی تعداد شریعت اور دینیات کی کتابوں کی موجود ہوگی۔ ایلیزے[4] نے ایک موبد کا ذکر کیا ہے جس کو علوم دینی میں تبحر کی وجہ سے ہمگ دین (مذہب میں عالم کامل)[5] کا پُر توقیر لقب دیا گیا تھا۔ اس نے قانون کی وہ پانچ کتابیں پڑھی تھیں جن میں مُغوں کے تمام عقاید درج ہیں یعنی اَنیر تنگ اش[6]۔ بوزیت[7]، پہلو یگ (مجموعہ قوانین پہلوی)

• نماز کی تفصیل دیکھو باب سوم میں۔ [1] دینکرد (۸، ۳۱، ۲۰۰)۔ [2] دینکرد (۹، ۱۱۰، ۱۶۰)۔ [3] مصنف ۴ء۔ • علامہ کا مترادف (مترجم)۔ [5] یہ ارمنی شکل ہے جس کی تہ میں شاید پہلوی لفظ امبرو کیش چھپا ہو جس کے معنی کم و بیش "عقاید دینی کا کامل مجموعہ" ہونگے۔ [6] پہلوی برزیت یعنی "کردہ گناہوں کا اعتراف"۔ گناہوں کے اعتراف کا دستور عہد ساسانی کی بدعت تھی جو بظاہر عیسائیت یا مانویت کے اثر میں پیدا ہوئی۔ دیکھو زونی (Pettazzoni) کا مضمون در "یادگار نامہ مودی" (Modi Memorial Volume) ص ۴۴۲ بعد۔

ـــ دین (مذہب پارسی) اور ان کے علاوہ موبدوں کے مخصوص عقاید کا بھی
لم تھا ،

اس کتاب کے باب ششم میں ہم موبدوں کے عدالتی فرائض پر بحث
ں گے ؛

مالیات

واستریوشان سالار صاحب الخراج کو کہتے تھے[۱] لفظ واستریوشان سالار
استریوش بذ کے معنے "رئیسِ کاشتکاران" کے ہیں ، چونکہ خراج کا سارا بوجھ
عت پر تھا اور لگان کی شرح ہر ضلع کی اچھی یا بُری کاشتکاری اور زرخیزی پر
وف تھی لہذا یقیناً واستریوشان سالار پر یہ واجب تھا کہ زمینوں کے جوتنے
نے اور آب پاشی کے انتظام کی نگرانی کرے ، اغلب یہ ہے کہ واستریوشان سالار
ۂ مالیات کا رئیس اعلےٰ تھا اور ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ نہ صرف خراج بلکہ
فصی ٹیکس کا وصول کرنا بھی اسی کے ذمے تھا ، اسلئے کہ اس کو ہُتُخش بذ (دستکاروں کا
نسر) بھی کہتے تھے ، اور دستکاروں میں وہ سب لوگ شامل تھے جو ہاتھ کی
نت سے روزی کماتے تھے مثلاً غلام ، کسان ، تاجر وغیرہم ، خلاصہ یہ ہے
کہ واستریوشان سالار وزیرِ مالیات بھی تھا وزیرِ زراعت بھی اور وزیرِ صنعت و
تجارت بھی ،

واستریوشان سالاروں میں سے جو تاریخ میں مذکور ہیں ، ایک تو
گُشنسپ آذار ہے جو بہرام پنجم کی تخت نشینی سے پہلے گذرا ہے[۲] ، ایک

---

[۱] طبری ص ۸۶۳ ، لسفلڈ ، ماتیکان ، وزینگ ، نمبر ۱۲۷ ، [۲] دینوری ص ۵۷ ،

ماہ گشنسپ پسر مہر نرسی[۱] ہے اور ایک یزدین ہے جو مذہباً عیسائی تھا اور خسرو دوم (پرویز) کے عہد میں تھا[۲]

محکمۂ مالیات کے اعلےٰ افسروں میں ایک تو آمارکار تھے جن کو کلکٹر یا محاسبین اعلےٰ کہنا چاہیئے، ایک اعلےٰ عہدہ ایران آمارکار کا تھا جو غالباً وزرگ فرمذار کا قائم مقام تھا[۳]، لیکن ہم اس بات کو ٹھیک ٹھیک نہیں بتلا سکتے کہ وہ استریوشان سالار کے مقابلے پر اس کے فرائض منصبی کیا تھے۔ پھر ایک عہدہ در آمارکار کا تھا یعنی دربار یا محل شاہی کا محاسب اعلےٰ[۴]، ایک واسپُہران آمارکار تھا جو واسپُہروں کی جاگیروں سے سرکاری لگان وصول کرتا تھا[۵] اور ایک شہر آمارکار تھا جو غالباً صوبجات کی حکومت کا محاسب تھا[۶] ایک عہدہ آذر بندگان آمارکار بھی سننے میں آیا ہے جو صوبۂ آذربائیجان کا محصل تھا[۷]

بادشاہ کا خزانچی غالباً گنزور[۸] کہلاتا تھا، ہرٹسفلڈ کا خیال ہے کہ ٹکسال کے محافظ کو گنبذ کہتے تھے[۹]

گورنمنٹ کی آمدنی کے بڑے بڑے ذرائع خراج اور شخصی ٹیکس تھے،[۱۰]

---

[۱] طبری ص ۱۰۴۹، [۲] طبری ص ۱۰۶۰، [۳] دیکھو ضمیمہ ۲ کا آخری حصہ [۴] ہرٹسفلڈ، پائی کلی، ص ۸۰-۸۱، [۵] ایضاً، فرہنگ (نمبر ۵۰-۵۱)، [۶] ایضاً، فرہنگ (نمبر ۴۳۸)، [۷] پاخوموف (Pakhomov) و نائی برگ (Nyberg) در "رسالۂ انجمن علمی آذربائجانی" (بزبان فرانسیسی)، ص ۲۶-۲۷، [۸] ہیوبشمن ارمنی گرامر، ج ۱، ص ۱۲۶، [۹] پائی کلی، (فرہنگ - نمبر ۲۴۲)، [۱۰] عربوں کے عہد حکومت میں خراج اور جزیہ کے لفظ استعمال ہوتے تھے جن میں سے پہلا تو پہلوی لفظ خراگ اور دوسرا لفظ گزیت ہے جو آرامی سے پہلوی میں مستعار لیا گیا تھا۔ دیکھو نولڈکہ (ترجمۂ طبری ص ۲۴۱، ح ۱)، اسلام کی پہلی صدی میں یہ دو نو لفظ بلا امتیاز کبھی زمین کے لگان کے لئے اور کبھی شخصی ٹیکس کے لئے استعمال ہوتے تھے، نولڈکہ نے ایک پرائیویٹ خط میں لکھا ہے کہ اس زمانے میں (باقی حاشیہ بر صفحہ ۴۸)

شخصی ٹیکس کی ایک خاص رقم سالانہ مقرر ہو جاتی تھی جس کو محکمۂ مالیات مناسب طریقے سے اداکنندگان پر تقسیم کر دیتا تھا، خراج کی وصولی اس طرح ہوتی تھی کہ زمین کی پیداوار کا حساب لگا کر ہر ضلع سے اس کی زرخیزی کے مطابق چھٹے حصے سے ایک تہائی تک لیا جاتا تھا[1]۔

بااین ہمہ خراج اور ٹیکس کے لگانے اور وصول کرنے میں محصلین خیانت اور استحصال بالجبر کے مرتکب ہوتے تھے، اور چونکہ قاعدۂ مذکور کے مطابق مالیات کی رقم سال بسال مختلف ہوتی رہتی تھی، یہ ممکن نہ تھا کہ سال کے شروع میں آمدنی اور خرچ کا تخمینہ ہو سکے، علاوہ اس کے ان چیزوں کو ضبط میں رکھنا بھی بہت مشکل تھا۔ بسا اوقات نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ ادھر تو جنگ چھڑ گئی اور ادھر روپیہ ندارد، ایسی حالت میں پھر غیر معمولی ٹیکسوں کا لگانا ضروری ہو جاتا تھا اور تقریباً ہمیشہ اس کی زد مغرب کے مالدار صوبوں خصوصاً بابل پر پڑتی تھی۔

تاریخ میں اکثر اس بات کا ذکر آتا ہے کہ بادشاہ نے اپنی تخت نشینی پر پچھلے خراج کا بقایا معاف کر دیا، نئے بادشاہ کے لئے یہ بات ہر دلعزیزی کا باعث ہوتی تھی، بہرام پنجم نے اپنی تخت نشینی کے موقع پر حکم دیا تھا کہ مالیات کا بقایا

(بقیۂ حاشیہ صفحہ ۴۷): - قانون دیوانی میں اس رقم کو بھی خراج کہتے تھے۔ جو ایک پیشہ ور غلام اپنی آمدنی میں سے اپنے آقا کو دیتا تھا، تلمود میں لفظ خرگا شخصی ٹیکس کے معنوں میں آیا ہے غرض یہ کہ عہد ساسانی میں ان دو لفظوں کا الگ الگ استعمال ہم ٹھیک طور پر معین نہیں کر سکتے۔ آٹھویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں جا کر عربوں نے ان دو اصطلاحوں کے معنی معین کئے یعنی خراج زمین کا ٹیکس اور جزیہ شخصی ٹیکس، (دیکھو ولہاوزن Wellhausen "سلطنت عرب" ص ۱۳۵ و ۲۹۹، نیز بیکر Becker "تاریخ مصر" ص ۸۶ و ۱۱۰)۔

حاشیۂ صفحہ ہذا: - [1] یا بقول دینوری (ص ۷۲) پیداوار کے دسویں حصے سے نصف تک، گاؤں یا شہر کے کم یا زیادہ فاصلے کو بھی حساب میں لایا جاتا تھا۔

سات کروڑ درہم کی خطیر رقم بنتی تھی معاف کر دیا جائے اور اس کے سال دس کا خراج بھی بقدر ایک تہائی کے کم کر دیا جائے[۱]۔ شاہ پیروز نے قحط کے زمانے میں اپنی رعایا کو خراج اور جزیہ اور خیراتی ٹیکس (جو رفاہِ عام کے موں کے لئے لیا جاتا تھا) اور بیگار اور تمام دوسرے بوجھ بار معاف کر دیئے تھے[۲]۔

باقاعدہ ٹیکسوں کے علاوہ رعایا سے نذرانے لینے کا بھی دستور تھا جسکو آئین کہتے تھے۔ اسی آئین کے مطابق عیدِ نوروز اور مہرگان کے موقعوں پر لوگوں سے جبراً تحفے تحائف وصول کئے جاتے تھے[۳]۔ خزانۂ شاہی کے ذرائع آمدنی میں سے ہمارا خیال ہے کہ سب سے اہم جاگیرہائے خالصہ کی آمدنی اور وہ ذرائع تھے جو بادشاہ کے لئے حقوقِ خسروی کے طور پر مخصوص تھے۔ مثلاً فارنگیون (علاقۂ آرمینیہ) کی سونے کی کانوں کی ساری آمدنی بادشاہ کی ذاتی آمدنی تھی[۴]۔ ان کے علاوہ مالِ غنیمت بھی ایک ذریعہ آمدنی کا تھا اگرچہ وہ آمدنی غیر معین اور بے قاعدہ تھی۔ خسرو دوم اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے[۵] ان اشیاء کی فہرست بیان کرتا ہے جو اس نے جنگ میں غنیمت کے طور پر حاصل کیں۔ اس فہرست میں سونا اور چاندی اور جواہرات اور پیتل اور فولاد اور ریشم اور اطلس اور دیبا اور مویشی اور اسلحہ اور عورتیں اور بچے اور مرد جو گرفتار ہو کر آئے وغیرہ وغیرہ تھے۔

---

[۱] طبری ص ۸۹۶، [۲] طبری، ص ۸۸۳، [۳] فان فلوٹن (Van Vloten): "حکومتِ عرب پر تحقیقات" (بزبان فرانسیسی) ص ۱۰، تحفے تحایف پیش کرنے کی رسم اس وقت بھی ایران میں جاری ہے۔ دیکھو کرزن کی کتاب "ایران" جس میں جابجا اس کا ذکر پایا جاتا ہے، گرین فیلڈ (Greenfield): "تنظیم دولت ایرانی" (جرمن) برلن ۱۹۰۴ء، ص ۲۴۶، عید نوروز و مہرگان کے متعلق دیکھو باب سوم، [۴] پروکوپیوس، ج ۱، ص ۱۵، [۵] اس کی تفصیل کے لئے دیکھو باب نہم،

اس بات کا ثبوت کہ اس زمانے میں محصولِ درآمد بھی لیا جاتا تھا ہم کو اُس صُلح نامہ کی شرائط سے ملتا ہے جو ۵۶۲ء میں خسرو اوّل (نوشیروان) اور قیصر جسٹینین[1] کے درمیان طے ہُوا۔ اس صلحنامے کی دفعہ ۲ میں یہ قرار پایا کہ ایرانی اور رومی تاجر ہر قسم کا مالِ تجارت اسی طرح لاتے اور لے جاتے رہیں جیسا کہ وہ ہمیشہ سے کرتے آئے ہیں۔ لیکن چاہیئے کہ کُل مالِ تجارت محصول خانوں میں سے ہو کر جائے۔ اور دفعہ ۴ میں یہ شرط لکھی گئی کہ فریقین کے سفیر اور سرکاری قاصد اس بات کے مجاز ہوں کہ جب وہ فریقِ ثانی کے ملک میں وارد ہوں تو ڈاک کے گھوڑوں کو سواری کے لئے استعمال کر سکیں اور ان کے ہمراہ خواہ کتنا ہی مال کیوں نہ ہو اس کو بلا رکاوٹ جانے دیا جائے۔ اور اس پر کوئی محصول نہ لیا جائے[2]

سلطنت کے مصارف کی بڑی بڑی مدوں میں ایک تو جنگ تھی، دوسرے دربار کے اخراجات، سرکاری ملازموں کی تنخواہیں، گویا حکومت کی کل کو باقاعدہ چلانے کا خرچ، پھر زراعت کے لئے رفاہِ عام کے کام مثلاً نہروں اور بندوں کی تعمیر اور ان کی نگہداشت کے اخراجات وغیرہ، لیکن رفاہِ عام کے کاموں سے جن صوبوں کی آبادی کو خاص طور سے فائدہ پہنچتا تھا وہاں کے لوگوں سے ان کاموں کے لئے چندہ لیا جاتا تھا۔ اور شاید یوں بھی بالعموم لوگوں سے ایسی تعمیرات کے لئے خاص مالیہ وصول کیا جاتا تھا۔ مالیات کا بقایا معاف کرنے کے علاوہ بعض اوقات غرباء کو نقد روپیہ بھی تقسیم کیا جاتا تھا، جیسا کہ مثلاً بہرام پنجم اور پیروز نے کیا[3]۔ بہرام نہ صرف غرباء کو خیرات تقسیم کرتا تھا بلکہ اس کی بخششوں سے امراء و نجباء بھی بہرہ مند ہوتے تھے

---

[1] Justinian، [2] دیکھو گرے (Gray) کا مضمون مودی کے "یادگار نامے" میں (ص ۱۴۹)، نیز "کتاب استقلالِ گمرکِ ایران" تالیف رضا صفی نیا (طہران ۱۳۰۷ ہجری شمسی)، ص ۹۸-۱۰۲، [3] طبری ص ۸۶۶ و ۸۷۳،

جن کو اس نے دو کروڑ درہم انعام و اکرام کے طور پر دیئے۔ لیکن پبلک کے فائدے کے لئے جتنا روپیہ شاہی خزانے سے خرچ ہوتا تھا وہ کچھ زیادہ نہ تھا۔ شاہان ایران کے ہاں ہمیشہ یہ دستور رہا کہ جہاں تک ممکن ہوتا اپنے خزانے میں نقد روپیہ اور قیمتی اشیاء جمع کرتے تھے۔

ارمنی مؤرخوں کے بیان کے مطابق جب نیا بادشاہ تخت نشین ہوتا تھا تو خزانے میں جتنا روپیہ موجود ہوتا اس کو گلا دیا جاتا اور پھر نئے بادشاہ کی تصویر کے ساتھ نئے سکے بنائے جاتے تھے۔ اسی طرح جس قدر سندیں پرانے کاغذات میں محفوظ ہوتی تھیں۔ ان میں ضروری تبدیلیاں کر کے نئے بادشاہ کے نام سے ان کو دوبارہ نقل کر کے رکھا جاتا تھا[1]۔

صنعت و حرفت، تجارت اور آمد و رفت کے راستے

مشہور چینی سیاح ہیوئن سیانگ جس نے ساتویں صدی عیسوی کے شروع میں مغربی ایشیا کے ملکوں کی حالت بیان کی ہے نہایت مختصر الفاظ میں ایران کی صنعت و حرفت کے بارے میں لکھتا ہے کہ "اس ملک کی صنعتی پیداوار میں سونے، چاندی، تانبے اور بلور کی بنی ہوئی چیزیں، نایاب قسم کے موتی اور دوسری مختلف قسم کی قیمتی اشیاء ہیں، یہاں کے صناع ریشم کا نہایت باریک دیبا، اونی کپڑے اور قالین وغیرہ بن سکتے ہیں"[2]۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پارچہ بافی ایران کی

---

[1] پاتکانیان، "مجلۂ آسیائی" (J. A.)، ۱۸۶۶ء، ج ۱، ص ۱۱۳۔ [2] انگریزی ترجمہ سفرنامہ ہیوئن سیانگ از بیل (Beal)، ص ۲۷۸۔

عمدہ صنعتوں میں سے شمار ہوتی رہی ہے ۔

نئی قسم کی صنعتوں کو رائج کرنے کے لئے اور بنجر علاقوں کو آباد کرنے کی غرض سے ایران میں یہ دستور رہا ہے کہ ملک کے مختلف حصّوں میں اسیران جنگ کی نئی بستیاں آباد کی جاتی تھیں ، مثلاً داریوش اوّل نے اریٹریا[1] کے بہت سے باشندوں کو خوزستان میں لاکر آباد کیا تھا[2] اور ارشاد اور رودیس[3] نے رومن قیدیوں کی بستیاں مرو کے نواح میں بسائی تھیں ، اسی طرح شاپور اوّل نے رومن قیدیوں کو جُندیشاپور میں آباد کیا تھا اور فنِ انجنیری میں ان کی مہارت کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے ان سے وہ مشہور بند تعمیر کرایا جو تاریخ میں "بند قیصر" کے نام سے مذکور ہے[4] ، شاپور دوم نے جو قیدی آمِد میں گرفتار کئے تھے انہیں شوش ، شوشتر اور اہواز کے دوسرے شہروں میں تقسیم کر دیا جہاں انہوں نے دیبا اور دوسرے ریشمی کپڑے بُننے کی صنعت کو رائج کیا[5] ، اگرچہ بسا اوقات اس قسم کی بستیاں تھوڑی مدت کے بعد ویران ہو جاتی تھیں لیکن کبھی کبھی ان کی آبادی پائدار بھی ثابت ہوتی تھی[6] ۔

خشکی کے راستے سے جو تجارت ہوتی تھی اس کے لئے قدیم کاروانی راستے استعمال کئے جاتے تھے ، طیسفون سے جو دجلہ کے کنارے پر سلطنت کا پایۂ تخت تھا ایک شاہراہ حلوان اور کنگاور ہوتی ہوئی ہمدان پہنچتی تھی جہاں سے مختلف راستے مختلف سمتوں کو جاتے تھے ، ایک جنوب کو خوزستان اور

---

[1] Eretria مشرقی یونان میں ایک نہایت آباد شہر تھا ، داریوش اوّل نے ۴۹۰ قبل مسیح میں اسے فتح کر کے ویران کر دیا تھا اور اس کے اکثر باشندوں کو غلام بنا لیا تھا (مترجم) ، [2] ہیرودوٹس ، ج ۶ ص ۱۱۹ ، [3] Orodes ، [4] نولدکہ : ترجمۂ طبری ، ص ۳۳ ، ح ۲ ، [5] مسعودی : مروج الذھب ج ۲ ص ۱۸۶ ، [6] شپیگل (Spiegel) : "تاریخ ایران قدیم" (جرمن) ، ج ۳ ، ص ۴۴۰ ،

فارس میں سے گذرتا ہوا خلیج فارس تک پہنچتا تھا، دوسرا رستے کو (جو طہران جدید کے قریب واقع تھا) جہاں سے وہ گیلان اور کوہستان البرز کی تنگ گھاٹیوں کو طے کرتا ہوا بحر خزر تک جاتا تھا یا خراسان میں سے گذر کر وادی کابل کی راہ سے ہندوستان میں جا داخل ہوتا تھا یا ترکستان اور گذرگاہ تارم میں سے ہو کر چین پہنچ جاتا تھا۔

رومن امپائر کی طرف آمد و رفت کے لئے شہر نصیبین ایک اہم مرکز تھا، ۲۹۸ء میں جو صلحنامہ شاہ نرسی اور قیصر ڈائیوکلیشین[1] کے درمیان طے ہوا اس کی ایک شرط یہ تھی کہ دونو سلطنتوں کے درمیان آمد و رفت کا (واحد) مرکز نصیبین ہو۔ لیکن صلحنامے کی اس شرط کو نرسی نے منظور نہ کیا۔ مؤرخ مارسلینوس کے زمانے سے شہر بٹنی[2] میں جو فرات کے مشرقی کنارے کے قریب واقع تھا ہر سال ستمبر کے شروع میں ایک بہت بڑا میلہ لگتا تھا جس میں ہندوستان اور چین کا مال تجارت بکثرت آکر فروخت ہوتا تھا[3]۔ قیصر ہونوریوس[4] اور تھیوڈوسیوس صغیر[5] کے ایک فرمان مجریہ ۴۰۸ء کی رو سے جن شہروں میں ایرانیوں کے ساتھ تجارتی لین دین کی اجازت تھی وہ مشرق میں دجلہ کی جانب شہر نصیبین تھا، مغرب میں فرات کی جانب شہر کیلی نیکوس[6] اور شمال کی طرف آرمینیہ میں شہر ارتکساتا[7]۔ چونکہ نصیبین اور سنگار (سنجار) کے باشندے ان شہروں کو خالی کر گئے تھے لہذا ۳۶۳ء کے صلحنامے کی رو سے وہ سلطنت روم کے حوالے کر دیئے گئے تھے[8]۔

---

[1] Diocletian ، [2] Batnae ، [3] تاریخ مارسلینوس ج ۱۴، ص ۳ ، [4] Honorius ، [5] Theodosius the Younger ، [6] Callinicum ، [7] Artaxata ، دیکھو موسیو رنیو کی کتاب موسوم بہ "مشرقی ایشیا کے ساتھ سلطنت کے سیاسی اور تجارتی تعلقات" (بزبان فرانسیسی)، ۱۸۶۳ء ص ۲۶۷ ، [8] مارسلینوس ج ۲۵، ص ۷۷

سمندر کے راستے کی تجارت بہت اہم تھی، اردشیر اول نے جب میسین اور خاراسین[1] پر قبضہ کیا تو وہاں کی قدیم بندرگاہوں کی توسیع کی اور نئی بندرگاہیں تعمیر کرائیں، رینو[2] لکھتا ہے کہ "ایرانیوں نے عرب کے ساتھ مل کر جبکہ وہ اپنی حسن تدبیر[3] سے ان کے ساتھ متحد ہو کر حکومت کر رہے تھے رفتہ رفتہ جہازوں کا ایک معقول بیڑا تعمیر کر لیا، ایرانی جہاز مشرقی سمندروں میں یکے بعد دیگرے نمودار ہوتے گئے شروع شروع میں تو رومی اور حبشی جہازوں کے ساتھ رقابت رہی لیکن آخر میں ایرانیوں کی بحری طاقت کو غلبہ ہو گیا، منجملہ اور وجوہات کے ایرانیوں کا یہ بحری غلبہ اس بات کا باعث ہوا کہ مشرقی سمندروں میں روم کی طاقت پہلے تو زوال پذیر ہوئی اور پھر بالکل نابود ہو گئی"[4] ۵۲۳ء میں جب شاہ حبشہ نے اہل حجاز پر حملہ کیا تو علاوہ سات سو ہلکی کشتیوں کے جو اس نے تعمیر کرائیں چھ سو رومی اور ایرانی جہاز اس کے ہمراہ تھے، لیکن ہندوستان اور لنکا کی پیداوار کو اہل روم کے لئے اس زمانے میں حبشی جہاز لاتے تھے[5]۔

مال تجارت جو ایران میں سے ہو کر گزرتا تھا اس میں سب سے اہم چیز ریشم تھی،[6] چین سے جتنا ریشم اس طور پر ایران میں وارد ہوتا تھا اہل ایران اس کا بہت بڑا حصہ کپڑا بننے کے لئے خود رکھ لیتے تھے اور اس طرح ان کے لئے یہ بات ممکن ہو جاتی تھی کہ ممالک مغرب میں اپنے ہاں کا بنا ہوا ریشمی کپڑا جس قیمت پر چاہیں

---

[1] میسین اور خاراسین دو چھوٹے چھوٹے صوبے تھے جو ساحل خلیج فارس پر شط العرب کے نواح میں واقع تھے، (مترجم) [2] Reinaud ، [3] رینو، کتاب مذکور ص ۲۴۱، ۲۹۲، نیز اسی مصنف کا مضمون بہ عنوان "مملکت ہای میسین اور خاراسین پر یادداشت" در روئداد فرنچ انسٹیٹیوٹ .... ج ۲۴ ب ص ۱۵۵ بعد) اور شیڈر (Schaeder) کا مضمون "حسن بصری" در رسالۂ اسلام (جرمن) ج ۱۴ ص بعد ، [4] رینو، کتاب مذکور ص ۲۶۹ ، [5] پوستی (Justi) در گرنڈرس (ج ۲ ص ۷۷ ح ۱) ،

فروخت کریں۔ لیکن چھٹی صدی سے اہل روم نے اپنے ہاں کامیابی کے ساتھ شہتوت کی کاشت اور ریشم کے کیڑے کی پرورش شروع کردی اور ریشمی کپڑا خود بُننے لگے جس کی وجہ سے کسی حد تک وہ باہر سے ریشم منگوانے سے بے نیاز ہوگئے، ترکوں نے اہل سغد کی تحریک سے جو ان کی رعایا تھے خسرو اوّل سے اس بات کی اجازت حاصل کرنی چاہی کہ ان کے ہاں کے ریشم کو ایران میں سے گذرنے دیا جائے لیکن انہیں کامیابی نہ ہوئی[1]۔

اہل چین جو چیزیں ایران سے خریدتے تھے ان میں سے ایک ایران کا مشہور غازہ تھا جو چین کی عورتیں بھوؤں پر لگاتی تھیں، وہ اس کو بہت مہنگی قیمت پر لیتے تھے اور ملکۂ چین اپنے خاص استعمال کے لئے اس کو منگاتی تھی[2]، چینی لوگ بابل کے قالین بھی بہت شوق سے خریدتے تھے[3]۔ ان چیزوں کے علاوہ شام کے قیمتی پتھر (قدرتی اور مصنوعی)، بحر قلزم کے مرجان اور موتی، شام اور مصر کے بُنے ہوئے کپڑے اور مغربی ایشیا کے مُسکرات بھی چین میں ایران کے راستے سے جاتے تھے[4]۔

ڈاک کا انتظام جو خلفاء نے ایران سے حاصل کیا وہ تقریباً اسی شکل میں تھا جو عہد ہخامنشی میں تھی اور جس کا علم ہمیں یونانی مصنفوں کے ذریعے سے ہوا ہے۔ ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ساسانیوں کے زمانے میں بھی اس انتظام کی بالکل وہی صورت تھی، محکمۂ ڈاک صرف گورنمنٹ کی خدمت انجام دیتا تھا اور پبلک کے ساتھ اسے کوئی واسطہ نہ تھا۔ اس کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ مرکزی حکومت اور

---

[1] ہرسفلڈ کی کتاب موسوم بہ "ایشیا کا دروازہ" (جرمن) ص ۱۲۲، شپیگل، "ایرانیکا" ص ۴۱ بعد، [2] ہرتھ (مطبوعہ ۱۸۸۵ء)، "مطالعات چینی" ص ۲۲۵ بعد، [3] ایضاً "چین و مشرق رومی" (انگریزی) ص ۲۲۵، [4] ایضاً ص ۲۲۴ - ۲۲۹۔

صوبوں کی حکومت کے درمیان ایک سریع اور آسان ذریعۂ خبر رسانی کا کام دے۔ ڈاک کے ذریعے سے آدمیوں کو اور خطوط کو ایسے راستوں سے لے جایا جاتا تھا جہاں ہر قسم کا سامان مہیا ملتا تھا۔ ڈاک کی ہر چوکی پر اس کی اہمیت کے مطابق ملازموں کا عملہ اور گھوڑے مامور رہتے تھے[1]۔ ڈاک لے جانے کا کام گھوڑوں کے سوار ہی کرتے تھے اور ہرکارے بھی جو پیدل دوڑتے تھے۔ ہرکاروں سے زیادہ تر ایرانی علاقوں میں کام لیا جاتا تھا جہاں چوکیوں کے درمیان فاصلے بہت تھوڑے تھوڑے ہوتے تھے بہ نسبت شامی اور عربی علاقوں کے جہاں ڈاک لے جانے کا کام اونٹوں سے لیا جاتا تھا[2]۔ ایوبرید، دوبرید، سہ برید پہلوی میں ڈاک کی اصطلاحات تھیں جن سے مراد قاصدانِ تیز رفتار تھے جو شاہی ڈاک کے ایک یا دو یا تین گھوڑوں کو ایک ساتھ لے جا سکتے تھے اور باری باری سے ان پر سوار ہوتے تھے[3]۔

---

[1] نگدیس پانگ بزبان پہلوی وہ گھوڑا جس پر شاہی قاصد سوار ہو۔ دیکھو متن پہلوی خسرو اور اس کا غلام (طبع اونوالا) آرٹیکل ۹۹ اور اسپراڈیر کا نوٹ۔ [2] فان کریمر: تاریخ تمدن شرقی در عہد خلفاء (جرمن) ج ۱ ص ۱۹۵-۱۹۶۔ اس بات کو تحقیق کرنا ممکن نہیں ہو سکا کہ آیا محکمۂ ڈاک کے افسروں کے ذمے یہ فرض بھی تھا جیسا کہ خلفاء کے زمانے میں تھا، کہ وہ صوبجات کی حکومت کی نگرانی کریں اور بادشاہ کو اپنی رپورٹ بھیجتے رہیں، اس قسم کی نگرانی جو کم و بیش خفیہ ہوتی تھی کم از کم بعض زمانوں میں اضلاع کے حکام عدالت کے ذمے لگائی جاتی رہی ہے لیکن یہ بعید نہیں ہے کہ خفیہ قسم کی نگرانی اور اور شکلوں میں موجود رہی ہو۔ ایران میں ہمیشہ سے جاسوسی نہایت منظم شکل میں رائج رہی ہے، نامۂ تنسر (طبع دارمستیٹر ص ۲۲۶) سے پتہ چلتا ہے کہ خسرو اول کے زمانے میں امراء خفیہ نگرانی کی ہیبت کو شدت سے محسوس کرتے تھے اور اس جاسوسی نے لوگوں کو بے حد خوف زدہ اور متحیر بنا رکھا تھا۔ اس کے مقابلے پر حکومت اپنے بچاؤ کے لئے جاسوسی کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتی تھی کہ بادشاہ کی آنکھ (یعنی جاسوس) وہی شخص ہو سکتا ہے جو دیانتدار، مطیع، پرہیزگار، وفادار، باخبر، دیندار اور پارسا ہو، جو بادشاہ کو ہرگز ایسی بات کی اطلاع نہ دے جو قطعی طور سے یقینی نہ ہو اور جس کی تصدیق نہ ہو سکے لہٰذا ایسے شخص سے بیگناہوں کو کیا خوف ہو سکتا ہے؟ [3] گائیگر (Geiger)، وینا کا رسالہ علوم شرقی ۱۹۱۵ء ص ۲۰۹ بعد،

فوج

خسرو اول کے زمانے تک سلطنت کی ساری فوج ایک واحد سپہ سالار کے ماتحت تھی جس کو ایران سپاہ بذ[1] کہتے تھے۔ لیکن اس کا حلقۂ عمل بہت زیادہ وسیع تھا بہ نسبت اس سپہ سالار کے جس کا تصور ہمیں موجودہ زمانے میں ہے، وہ سپہ سالار بھی تھا، وزیر جنگ بھی اور شرائطِ صلح کا طے کرنا بھی اسی کے اختیار میں تھا، اس بات کا ثبوت کہ کل سلطنت کی سپاہ کا نظم ونسق اس کے ہاتھ میں تھا ہمیں اس بات سے ملتا ہے کہ وہ بادشاہ کے مشیروں کی قلیل جماعت کا ممبر تھا وزیر کی حیثیت سے جنگ کے محکمے کا دار و مدار اسی پر تھا لیکن ساتھ ہی اس بات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے کہ "وزرگ فرمادار" (وزیرِ اعظم) کے اختیارات صاف طور پر محدود نہیں تھے اور سپاہ کے معاملات میں وہ ہمیشہ دخل دے سکتا تھا، علاوہ اس کے خود بادشاہ بھی وقتاً فوقتاً محکمۂ جنگ کے انتظام میں مداخلت کرتا رہتا تھا، شاہانِ ساسانی میں سے اکثر خود جنگ کے شوقین تھے اور لڑائیوں میں عملی طور پر حصہ لیتے تھے، لہٰذا ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ اس قسم کے جنگجو بادشاہوں کے ماتحت ایران سپاہ بذ کو اپنے اختیارات میں کچھ زیادہ آزادی نہیں ہوتی ہوگی۔

عہدِ ساسانی کے ابتدائی دور میں جو سپہ سالار تھے ہم یہ نہیں بتلا سکتے کہ ان میں سے کون کون ایران سپاہ بذ تھا، خاص خاص اضلاع کے حاکم بھی سپاہ بذ کہلاتے تھے[2]۔ اور بادشاہ کبھی کبھی مرزبانوں اور کنارنگوں کو فوج کا افسر

---

[1] پہلا لقب کارنامگ میں ملتا ہے (۱۰،۱۱)۔ [2] تاریخ میں اکثر جگہ سواد یعنی میسوپوٹیمیا کے سپاہ بذ کا ذکر آیا ہے، بقول دینوری (ص ۱۱۱) یزدگرد اول کی وفات کے بعد وستہم (بستہم) سواد کا سپاہ بذ تھا اور نہایہ (ص ۲۲۲) میں شاپور بن بہرام کو کواذ اول کے عہد میں سواد کا سپاہ بذ لکھا ہے، دیکھو ضمیمہ نمبر ۲۔

بنا کر مہموں پر بھیج دیتا تھا، بازنطینی، ارمنی اور سریانی مؤرخ ہمیں ایرانی سپہ سالاروں کے القاب کے متعلق صحیح اطلاعات بہت کم دیتے ہیں لیکن ہمیں اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بعض وقت دوسرے عہدہ دار جن کے فرائض فوجی نوعیت کے نہیں ہوتے تھے سپاہ کی سالاری پر مامور کر دیئے جاتے تھے، مثلاً آرمینیہ کے ساتھ شاپور دوم کی لڑائیوں کے حال میں فاوستوس بازنطینی نے بہت سے ایرانی سپہ سالاروں کے نام لئے ہیں[۱]، ان میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک دبیر دبیران ہے ایک وزیر دربار ہے اور ایک داروغہ سامان ہے،

بازنطینی مؤرخوں[۲] کے ہاں ہمیں خاص طور پر اس بات کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں کہ سپہ سالاروں کو (جن میں سپاہ بد اور ایران سپاہ بد شامل ہیں) بادشاہ کی طرف سے شرائطِ صلح پر گفت و شنید کرنے کے لئے مقرر کیا گیا، مثلاً سورین کو قیصرِ روم جووین[۳] کے ساتھ صلح کی بات چیت کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا[۴] اور سیاوش ارتیشتاران سالار[۵] اور سپاہ بد ماہبُذ کو سرحد روم کی طرف روانہ کیا گیا تھا تاکہ وہ شرائط عہدنامہ کے لئے سلسلہ جنبانی کریں[۶]، اسی طرح مہر مہروی جس کی رزم و بزم کی قابلیت کی تصدیق مؤرخ اگاتھیاس نے کی ہے[۷] قیصر جسٹینین کے پاس سفیر کی حیثیت سے بھیجا گیا تھا، جوشوا اسٹائی لائٹ کی تاریخ میں[۸] سپاہ بد ہمیشہ ایک مدبر کی حیثیت سے جلوہ نما ہوتا ہے، برخلاف اس کے میدانِ جنگ کی کارروائیاں مرزبان کرتے ہیں[۹]

---

[۱] طبع لانگلوا، ج ۱، ص ۲۵۸ بعد، [۲] Nöldeke, Tabari ... (؟) (۳۶۳ء، ۳۶۴ء)، [۳] مارسیلینوس (۲۵ - ۷، ۱۴)، [۴] دیکھو آگے، [۵] پیروکوپیوس (۱، ۱۱)، [۶] ۲، ۲۶۲، [۷] ترجمۂ رائٹ (Wright)، ص ۴۸، ۵۰، [۸] خسرو اول نے فوجی انتظامات میں جو تبدیلیاں کیں (جن میں سے ایک یہ تھی کہ ایران سپاہ بد کا عہدہ منسوخ کر کے اس کی بجائے چار سپاہ بذ مقرر کئے) ان کے متعلق دیکھو آگے باب ہشتم،

سپاہ بد کو یہ امتیاز حاصل تھا کہ لشکر گاہ میں اس کے داخلے پر ترم بجائے جاتے تھے[1]،

ارتیشتاران سالاروں یعنی سالارانِ لشکر میں سے ایک کا ذکر کارنامگ میں آیا ہے[2]، پانچویں صدی میں مہرنرسی کا ایک بیٹا کاردار اس لقب سے سرفراز تھا[3]، بقول طبری[4] ارتیشتاران سالار کا رتبہ "سپاہ بد سے اونچا اور تقریباً ارگبد کے برابر تھا"۔ کواذ اوّل کے زمانے کے بعد ہم کو تاریخی مآخذ میں اس عہدے کا ذکر نہیں ملتا۔ قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ "ارتیشتاران سالار" "ایران سپاہ بد" ہی کا دوسرا لقب تھا جو عہدہ کہ خسرو اوّل جانشینِ کواذ نے منسوخ کر دیا تھا اگرچہ مؤرخ پروکوپیوس لکھتا ہے کہ سیاوش سب سے پہلا اور سب سے آخری شخص تھا جو ارتیشتاران سالار کے عہدے پر مامور ہوا اور یہ کہ کواذ نے اس ذی رتبہ شخص کو قتل کروانے کے بعد اس عہدے کو منسوخ کر دیا تاہم چونکہ اس بیان کا پہلا حصہ (یعنی سیاوش کا سب سے پہلے یہ عہدہ پانا، صریحاً غلط ہے، اسلئے کہ سیاوش سے پہلے مہرنرسی کے بیٹے کو یہ عہدہ مل چکا تھا لہٰذا اس کا دوسرا حصہ بھی ناقابلِ اعتماد ہو سکتا ہے۔

بادشاہ کی محافظ فوج (باڈی گارڈ) کے افسر کو پُشتیگ بان سالار کہتے تھے[5]، پیادہ فوج (پایگان) کے کچھ دستے اپنے افسر کے ماتحت جس کو پایگان سالار کہتے تھے حکّام صوبجات کے زیرِ اختیار پولیس اور جلّاد کی خدمات انجام دیتے تھے[6]۔ اسی قسم کے فرائض انجام دینے کے لئے تیر اندازوں کا بھی ایک دستہ ہوتا تھا جس کا افسر تیر بذ کہلاتا تھا، یہ دستہ اگر سب جگہ نہیں تو ملک کے

---

[1] پاتکانیان، "مجلۂ آسیائی" (۸۔ل) ۱۸۶۶ء ج ۱، ص ۱۱۲، [2] ۱۳، ۳۔ [3] طبری ص ۸۶۹، [4] دیکھو کارنامگ (۱۰، ۷)، [5] کارنامگ (۱۰، ۷)، [6] نولدکہ: ترجمۂ طبری ص ۴۴۸۔

بعض حصّوں کے دیہات میں مامور رہتا تھا[1]، دربار شاہی میں بھی باڈی گارڈ کے سپاہی اکثر اوقات جلّاد کے فرائض انجام دیتے تھے[2]

ایک بڑا عہدہ دار جس کا کام رسالہ فوج کو تعلیم دینا تھا بطور فرض منصبی شہروں اور دیہاتوں میں دورہ کیا کرتا تھا تاکہ سپاہیوں کو فنّ جنگ کے اصولوں سے آگاہ کرے اور پیشۂ سپہگری کے آداب سکھلائے[3]

ساسانیوں کے فوجی نظام کے متعلق باب پنجم اور ہشتم میں بالتفصیل بحث کی جائے گی +

دبیران سلطنت اور حکومت مرکزی کے دوسرے عہدہ دار

ایران میں جو رسوخ دبیران سلطنت (دبیران)[4] کو حاصل رہا وہ بہت امتیازی قسم کا تھا۔ اہل ایران ہمیشہ دستور اور قاعدے کے بہت پابند رہے ہیں

---

[1] ہوفمن (Hoffmann)، "اقتباسات از وقائع شہدائے ایران بزبان سریانی" ص ۶۱۔ [2] دیکھو طبری ص ۱۰۴۳، ترجمۂ نولڈکہ ص ۳۵۶۔ خلافت عباسی کے ابتدائی دور میں باڈی گارڈ کا سردار جلّاد کا کام کیا کرتا تھا (فان کریمر: تاریخ تمدن مشرقی بعہد خلفاء" ج ۱ ص ۱۹۰) محکمۂ پولیس کے متعلق ہمیں کچھ زیادہ علم نہیں ہے۔ ساسانی اوستا کی گمشدہ جلدوں میں سے ایک جلد موسوم بہ سکاڈُم نسک تھی جس میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پولیس کے ایک خاص افسر کے فرائض سے بحث تھی جس کا کام بازاروں میں خرید و فروخت کے قواعد کی نگرانی کرنا تھا، اسکے ہاتھ میں ایک نیزہ رہتا تھا (دین کرد ج ۸، ص ۳۸)۔ پہرگ سالار بمعنی سنتری اور گزیرآپے (جو کسی ایرانی لفظ کی سریانی شکل ہے) بمعنی مسلح پولیس کتابوں میں آتے ہیں۔ [3] نامۂ تنسر، طبع دارمستیٹر ص ۲۱۰، طبع مینوی ص ۱۵-۱۶، [4] ہرتسفلڈ: پائی کلی (فرہنگ نمبر ۲۶۴)، شیڈر: ایسرا بعد ع (دبیرہ بزبان جرمن)، ٹوبنگن ۱۹۳۰ء ص ۳۹ بعد، اور ص ۴۷، ۴۸۔

سرکاری نوشتہ جات ہوں یا نجی کے خطوط ہر ایک کو وہ ایک مقررہ صورت اور قاعدے کے ساتھ تحریر کرنا ضروری سمجھتے تھے، ہر ایک تحریر میں علمی مقولے، امثال، مواعظ، اشعار اور لطیف معمّے وغیرہ اس طرح داخل کئے جاتے تھے کہ مجموعی طور پر وہ ایک خوش آیند چیز بن جاتی تھی۔ جن قاعدوں کے ساتھ خط میں مضمون اور القاب لکھے جاتے تھے ان میں کاتب اور مکتوب الیہ کے باہمی تعلق اور اس کے تمام مدارج کا نہایت احتیاط کے ساتھ لحاظ رکھا جاتا تھا۔ اسی تصنّع اور عبارت آرائی کا میلان عام طور سے پہلوی کتابوں میں اور بادشاہوں کے تخت نشینی کے خطبوں میں پایا جاتا ہے۔[1] دولتِ ساسانی کے حکامِ اعلیٰ ایک دوسرے کو جو خطوط لکھتے تھے یا حکومتِ ایرانی اور دولِ خارجہ کے درمیان جو خط کتابت ہوتی تھی ان میں یہ خصوصیت اور بھی زیادہ نمایاں ہوتی تھی۔ فارسی مصنّف نظامی عروضی اپنے چہار مقالہ میں لکھتا ہے کہ "پیش ازین درمیان ملوک عصر و جبابرۂ روزگار پیش چون پیشدادیان و کیان و اکاسرہ و خلفا رسمی بودہ است کہ مفاخرت و مبارزت بعدل و فضل کردندی و ہر رسولی کہ فرستادندی از حکم و رموز و لغز مسائل با او ہمراہ کردندی و درین حالت پادشاہ محتاج شدی بارباب عقل و تمیز و اصحاب رای و تدبیر و چند مجلس دران نشستندی و برخاستندی تا آنگاہ کہ آن جوابہا بر یک وجہ قرار گرفتی و آن لغز و رموز ظاہر و ہویدا شدی"۔۔۔ پس ازین مقدمات نتیجہ آن ہمی آید کہ دبیر عاقل و فاضل مہین جمالی است از تجمل پادشاہ و بہین رفعتی است از ترفع پادشاہی"۔[2]

دولِ اسلامی میں محکمۂ دبیری جس میں مثال کے طور پر وزارت عظمیٰ کو لیا جا سکتا ہے

---

[1] طبری، فردوسی اور ثعالبی کے ہاں یہ خطبے جا بجا موجود ہیں۔ [2] چہار مقالہ طبع سلسلۂ گِب (Gibb) ص ۲۳ و ۲۵، نیز دیکھو عیون الاخبار لابن قتیبہ، طبع مصر ج ۱، ص ۴۲ بعد۔

ایرانی نمونے کی پوری پوری نقل تھی، نظامی عروضی نے اپنے زمانے (بارھویں صدی عیسوی) کے فنِ دبیری کی جو تشریح کی ہے اس کو پڑھ کر ہم عہدِ ساسانی کے دبہیروں (دبیروں) کے فرائض اور ان کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں، نظامی لکھتا ہے کہ "دبیری صناعتی است مشتمل بر قیاسات خطابی و بلاغی منتفع در مخاطباتی کہ در میان مردم است بر سبیل محاورت و مشاورت و مخاصمت در مدح و ذم و حیلہ و استعطاف و اغراء و بزرگ گردانیدنِ اعمال و خرد گردانیدن اشغال و ساختن وجوہ عذر و عتاب و احکام وثائق و اذکار سوابق و ظاہر گردانیدن ترتیب و نظام سخن در ہر واقعہ تا بر وجہ اولی و احری ادا کردہ آید۔ پس دبیر باید کہ کریم الاصل شریف العرض دقیق النظر عمیق الفکر ثاقب الرای باشد و از ادب و ثمرات آن قسم اکبر و حظ اوفر نصیب او رسیدہ باشد و از قیاسات منطقی بعید و بیگانہ نباشد و مراتب ابناء زمانہ شناسد و مقادیر اہل روزگار داند و بحطام دنیوی و مزخرفات آن مشغول نباشد"۔[1]

ان تمام خوبیوں کے علاوہ دبیر کے لئے خوشخط ہونا بھی لازمی تھا، جو دبیر انشاپردازی اور خوشنویسی میں سب سے فائق ہوتے تھے ان کو دربارِ شاہی میں ملازم رکھا جاتا تھا باقیوں کو صوبجات کے گورنروں کی خدمت میں دے دیا جاتا تھا۔[2]

غرض یہ کہ دبیران سلطنت حقیقی سیاست دان ہوتے تھے، وہ ہر قسم کے نوشتہ جات کا مضمون تیار کرتے تھے، سرکاری خط کتابت انہی کے ہاتھوں میں تھی، فرامین شاہی کا لکھنا اور اندراج کرنا انہی کے ذمے تھا، ٹیکس اور خراج ادا کرنے والوں کی فہرستیں اور سرکاری آمدنی اور خرچ کا سارا حساب وہی رکھتے تھے۔[3]

---

[1] چہار مقالہ ص۱۲، [2] شاہنامۂ فردوسی طبع مول، ج ۶، ص ۲۵۵، شعر نمبر ۲۰۲ ببعد، [3] طبری ص۱، خسرو اوّل نے ایک دبیر کو جو اپنے نسب اور قابلیت اور وقعت میں ممتاز تھا" لشکر کے سپاہیوں کی فہرست رکھنے اور عرضِ سپاہ کا کام سپرد کیا تھا۔

بادشاہ کے دشمنوں اور حریفوں کے ساتھ خط کتابت کرنے میں ان کی لیاقت اس بات میں دیکھی جاتی تھی کہ مضمون کا لہجہ موقع و محل کے مطابق مصالحت آمیز یا متکبرانہ اور تہدید آمیز رکھ سکیں۔ لیکن اگر جنگ میں دشمن فتحیاب ہو جاتا تو پھر دبیر کی جان سلامت نہیں رہ سکتی تھی۔ مثلاً شاپور پسر اردشیر اول نے آخری اشکانی بادشاہ کے دبیر دادِ بُنداد کو اپنے ہاتھ سے قتل کیا تھا اسلئے کہ اس نے اپنے بادشاہ کی طرف سے ایک توہین آمیز خط اردشیر کو لکھا تھا[1]۔

زمرۂ دبیران سلطنت کا رئیس ایران دبہیربذ یا دبہیران مہشت کہلاتا تھا جس کا ذکر کبھی کبھی بادشاہ کے مصاحبوں میں آتا ہے[2]، اور جس کو بادشاہ گاہ بگاہ سفارت کی خدمت بھی سپرد کر دیتا تھا[3]۔

خوارزمی نے دبیران سلطنت کو یوں شمار کیا ہے[4]:- (۱) داذ دبہیر (دبیر عدالت)، (۲) شہر آمار دبہیر (دبیر مالیات سلطنت)[5]، (۳) کذگ آمار دبہیر (دبیر مالیہ دربار شاہی)، (۴) گنز آمار دبہیر (دبیر خزانہ)، (۵) آخر آمار دبہیر (دبیر اصطبل شاہی)، (۶) آتش آمار دبہیر (دبیر محاصل آتشکدہ ہا)، (۷) رُوانگان دبہیر (دبیر امور خیریہ)[6]۔

---

[1] طبری ص ۸۱۹، [2] کارنامگ ۱۰، ۷، نولدکہ، ترجمۂ طبری ص ۴۴۴، [3] کارنامگ، مقام مذکور، نہایہ (ص ۲۴۲) میں ایک شخص یزدگرد کو دبیر اعظم لکھا ہے، اور صفحہ ۲۳۱ پر ایک شخص کا ذکر ہے جو دبہیربذ بھی تھا اور ساتھ ہی پایۂ تخت کا گورنر بھی تھا، طبری (ص ۸۵۹) میں جو ایک شخص یُوانُوریہ کا ذکر ہے کہ یزدگرد اول کے عہد میں دیوان رسائل کا رئیس تھا۔ اس کے متعلق ہم یہ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ آیا وہ ایران دبہیربذ تھا یا فقط محکمۂ دبیری کے کسی خاص فرع کا حاکم تھا، [4] ہرتسفلٹ، پای کُلی (فرہنگ۔ نمبر ۴۲۹)، اُون والا، ترجمۂ اقتباس مفاتیح العلوم از خوارزمی بمبئی ۱۹۲۲ء ص ۵ و ۱۶ و ۱۷، [5] شیدر، ایرانیزش ص ۲ ببعد۔ [6] یعنی ناظم امور خیریہ، دیکھو دینوری (ص ۵۳)، مین یادداشت مجموعہ مطالعات مشرقی بیادگار ریموند لینوزیہ (Raymonde Linossier) (بزبان فرانسیسی) جلد دوم ص ۳۹۴، آندریاس ہیننگ (Andreas-Henning) آثار مانوی بزبان پہلوی (بزبان جرمن) ۱۹۳۳ء ص ۵۱ ببعد، شیدر، ایرانیکا، ۱۹۳۴ء ص ۵۰۔

شاہِ ایران کے دربار میں ایک دبیرِ امورِ عرب بھی ہوتا تھا جس کی تنخواہ جنس کی شکل میں حیرہ کے عرب دیتے تھے، وہ ترجمان کا کام بھی کرتا تھا[1]۔

کارنامگ میں بادشاہ کے اہم ترین رفقائے شکار کی فہرست میں علاوہ موبذان موبذ ایران سپاہ بذ، دبیران مہشت اور پشتیگ بان سالار کے اندرزبذِ واسپہرگان[2] (معلم واسپہران) بھی مذکور ہے، لیکن اس کے علاوہ بعض اور اندرزبد بھی تاریخ میں ملتے ہیں، ایک تو دراندرزبد (منتظم دربار) ہے جو شاید وزرگ فرمادار ہی کا دوسرا لقب تھا[3]، ایک مغان اندرزبد (معلم مغان) ہے اور ایک سگستان اندرزبد (معلم مأمور سیستان) ہے[4]، حکومت کے اور بڑے بڑے عہدہ داروں میں ایک مہردار تھا جس کی تحویل میں بادشاہ کی مہر رہتی تھی[5] اور ایک رئیس محکمۂ اطلاعات تھا[6]، محافظِ دفترِ تواریخ بادشاہی بھی غالباً ایک اعلےٰ عہدہ تھا[7]۔

طبری کے ہاں "وزیروں اور دبیروں" کا ذکر اکثر اس طرح آتا ہے کہ گویا وہ بزرگانِ سلطنت کے دو گروہ تھے جو ایک دوسرے کے قائم مقام تھے، مثال کے طور پر ہم اس مقام کا حوالہ دیتے ہیں جہاں وہ یہ بیان کرتا ہے کہ بعض اوقات نئے بادشاہ کی تخت نشینی پر تمام وزیروں اور دبیروں میں ادلا بدلی ہو جاتی تھی[8]۔ اس میں شک نہیں کہ وزراء اور حکومت کے اعلےٰ عہدہ داروں کی جماعتوں میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا تھا اور بعض وقت وزراء کی تعداد اور ان کے مرتبوں میں بھی

---

[1] روٹ شٹائن، "خاندان لخمی در حیرہ" (برلن ۱۸۹۹ء)، ص ۱۳۰۔ [2] کارنامگ ۱۰، ۷، نولدکہ نے اس کو اندرزبذِ اشپوارگان پڑھا ہے لیکن واسپہرگان زیادہ مناسب ہے، دیکھو پای کلی (فرہنگ نمبر ۱۰۹)۔ [3] دیکھو ضمیمہ نمبر ۲۔ [4] پای کلی (فرہنگ نمبر ۱۰، ۱۹۴، ۲۲۳)۔ [5] مقابلہ کرو مقدمہ ابن خلدون (طبع فرانس) در ضمن (Notices et Extraits) ج ۱۰ ص ۵۳ و ج ۲۰ ص ۶۱۔ [6] نہایہ ص ۲۳۵۔ [7] دربار شاہی کے اعلےٰ عہدہ داروں اور ندیموں کے متعلق دیکھو آگے باب ہشتم۔ [8] طبری، ص ۸۳۶۔

کچھ نہ کچھ تبدیلی کر دی جاتی تھی، زمرۂ وزراء کا پہلوی نام ہمیں معلوم نہیں[1] لیکن جو لوگ اس زمرے میں ہمیشہ شامل رہے ہیں وہ یہ ہیں : وزرگ فرماذار، موبذان موبذ، ایران سپاہ بذ، ایران دبہیربذ، واستریوش بذ، خاص خاص زمانوں میں ہیربذان ہیربذ یعنی آتشکدوں کا رئیس اعلےٰ زمرۂ وزراء میں شامل رہا ہے اور ممکن ہے کہ اَنْتَبَذ (میر تشریفات[2]) بھی اس زمرے میں شریک رہا ہو[3]۔

صوبوں کی حکومت

حکومت کے اونچے عہدہ داروں میں صوبوں کے گورنر اور سیٹرپ[4] یعنی مرزبان بھی تھے[5]، سرحدی صوبوں کے گورنر مرزبان شہردار کہلاتے تھے اور

---

[1] نولدکہ نے پہلے ایسا خیال کیا تھا کہ وزراء کا لقب بطور عمومی وزیر بذ تھا لیکن اس فاضلِ مرحوم نے مجھے ایک خط میں لکھا تھا کہ میرا وہ خیال غلط تھا اور یہ کہ تلمود میں جو گزیرپت (= ایرانی " وزیر بذ") ہے وہ پولیس کے کسی افسر کا لقب تھا۔ (دیکھو اور ص ج کے آخر میں)، [2] ایک استبذ کا ذکر تاریخ سریانی منسوب بہ شاکی لاٹ میں ۵۰۲ء و ۵۰۳ء کے واقعات میں آیا ہے، (طبع پروفیسر راٹ ص ۵۹)، نیز مقابلہ کرو مارکوارٹ " ایرانشہر" ص ۱۲۸، ح ۴، [3] دیکھو ضمیمہ نمبر ۲، [4] Satrap، [5] لفظ " شہربان" (شتربان = سیٹرپ) جو کتبۂ پایی گلی کی ایک مسخ شدہ عبارت میں آیا ہے (طبع ہرسفلٹ، آرٹیکل ۳۰، فرہنگ نمبر ۹۰۸)، بظاہر مرزبان کا پرانا نام ہے، اس لفظ کا مقابلہ کرو لفظ شہرئو آماکار کے ساتھ جس کا اوپر ذکر آچکا ہے، شہرئو کو شترئو لکھتے تھے جو اشکانی پہلوی میں کشترئو تھا، یہ بالکل ممکن ہے کہ ساسانیوں کے ابتدائی دور میں صوبوں کے گورنر سیٹرپ یا بذخش کہلاتے ہوں اور مرزبان کا لقب بعد میں رائج ہوا ہو، (پای گلی میں بتخش ہے دیکھو فرہنگ نمبر ۲۱۴)، بہرحال لفظ مرزبان ساسانیوں کے ابتدائی بادشاہوں کے کتبوں میں کہیں دیکھنے میں نہیں آتا یہاں تک کہ کتبۂ پای گلی کے قطعات میں بھی وہ نہیں ملتا جہاں یہ توقع ہو سکتی تھی کہ وہ پایا جائے گا۔ جہاں تک ہم تحقیق کر سکے ہیں (باقی حاشیہ بر صفحہ ۶۶)

شاہ[1] کے لقب سے ملقب تھے[2]، لیکن ان کے ساتھ ساتھ کمتر درجے کے مرزبان بھی تھے جو اندرونی صوبوں کے فرماں روا تھے،

مؤرخ امیان مارسیلینوس نے اُن صوبوں میں سے اکثروں کے نام گنوائے ہیں جو اس کے زمانے میں بذخشوں، سیٹرپوں اور ربادشاہوں (یعنی شاہانِ زیر دست) کے زیرِ حکومت تھے، بذخش علاوہ گورنر ہونے کے اپنے صوبے کی رسالہ فوج کا سردار بھی ہوتا تھا، صوبوں کے نام یہ ہیں:- اسیریا (آسور)، خوزستان، میڈیا، فارس، ہرکانیا (گرگان)، پارتھیا، کارمانی بزرگ (کرمان)، مرگیانا (مرو)، باختر (بلخ)، سوگدیانا (سغد)، سگستان (سیستان)، ولایت سکیتھیا ماوراے ایموڈون[3]، سیریکا[4]، آریا (ہرات)، ولایت پروپانیساد[5]، درنگیانا[6]، اراخوزیا[7]، گدروسیا[8]، مؤرخ مذکور نے ان کے علاوہ چھوٹے چھوٹے صوبوں کا ذکر کرنا غیر ضروری سمجھا ہے، صوبوں کی یہ فہرست سوائے سیریکا (!) کے جو صریح مبالغہ ہے صحیح معلوم ہوتی ہے، تیسری اور چوتھی صدی میں سلطنت ساسانی شمال اور مشرق کی جانب واقعی بہت دُور دُور تک پھیلی ہوئی تھی، ہرتسفلٹ کی تحقیقات کی رو سے[9] بہرام دوم کی فتوحات کے بعد جو سنہ ۲۸۴ء میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۵) مرزبان کا لقب پہلی مرتبہ بہرام پنجم (سنہ ۴۲۰ء - سنہ ۴۳۸ء) کے زمانے میں سننے میں آتا ہے جبکہ آرمینیہ کی حکومت ایک مرزبان کے سپرد کی گئی اور بادشاہ کے بھائی نرسی نے مرزبانِ کوشان (یعنی مرزبانِ سرحدِ کوشان) کا لقب اختیار کیا (مارکوارٹ: "ایرانشہر" ص ۵۲)،

حاشیہ صفحہ ہذا:- [1] دیکھو اوپر ص ، [2] غالباً دریائے جیحوں سے مراد ہے (مترجم)، [3] Serica، چین کا مشرقی حصہ (!)، [4] Paropanisadae، افغانستان کا مشرقی علاقہ (مترجم)، [5] Drangiana، سیستان کے شمال (ور ہرات کے جنوب میں (مترجم)، [6] Arachosia، افغانستان کا جنوبی حصہ (مترجم)، [7] Gedrosia یعنی مکران (مترجم)، [8] پائی کلی ص ۴۳،

ہوئیں مشرق کی طرف ممالک ذیل ساسانی سلطنت میں شامل تھے:- (۱) گرگان (ہرکانیا)، (۲) تمام خراسان جس کی وسعت اس زمانے میں آج کی نسبت بہت زیادہ تھی[1]، (۳) خوارزم، (۴) سغد، (۵) سگستان جو ایک بہت وسیع ملک تھا (۶) مکران، (۷) توران، (۸) گذرگاہ دریائے سندھ کے درمیانی اضلاع اور اس کے دہانے کے آس پاس کے صوبے یعنی کچھ، کاٹھیاواڑ، مالوہ، اور ان سے پرے کے علاقے وغیرہ، صرف پنجاب اور وادی کابل اس سے خارج تھے جو شاہانِ کوشان کے زیر حکومت تھے[2]۔

نولڈکہ نے عربی ماخذ کے حوالے سے صوبجات ذیل کی فہرست بنائی ہے جن پر مرزبان حکومت کرتے تھے[3]: آرمینیہ (۴۳۰ء کے بعد)، بیت آرمائی[4]،

---

[1] ساسانیوں کے زمانے میں خراسان کی وسعت ہرسفلڈ نے معین کی ہے (پائی کلی، ص ۳۴) وہ یہ کہ ایک خط دروازہ ہائے بحر خزر (رَے کے نزدیک) سے شروع کرکے سلسلۂ کوہ البرز کے ساتھ ساتھ بحر خزر کے جنوب مشرقی کونے تک اور وہاں سے وادی اترک تک یعنی ٹرانس کیسپین ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ لطف آباد تک کھینچا جائے، دوسرا خط اُس صحرا میں سے جس میں تجند اور مرو واقع ہیں کرکی کے نیچے سے جیحون تک کھینچا جائے، یہ خط (جیسا کہ سکیستی ساسانی سکوں کے پائے جانے سے معلوم ہوتا ہے) سلسلۂ کوہ حصار کی چوٹیوں پر سے گذرتا ہوا پامیر پر آکر منتہی ہوگا اور وہاں سے جنوب کی طرف مڑکر دریائے جیحون کے اُس حصے کے ساتھ ساتھ جائیگا جو بدخشان کے گرد حلقہ کئے ہوئے ہے اور پھر ہندوکش کی چوٹی سے جا ملے گا، وہاں سے یہ سرحدی خط مغرب کی طرف کو مڑے گا اور سلسلۂ کوہ ہندوکش اور اس کی شاخوں کے ساتھ ساتھ ہرات کے جنوب میں پہنچ کر علاقۂ قہستان کو طے کرتا ہوا ترشیز اور خاف کے جنوب سے گذرتا ہوا پھر دروازہ ہائے بحر خزر پر آملے گا۔ [2] دیکھو پائی کلی، ص ۴۴۔ [3] طبری، ص ۸۴۶۔ [4] وہی جو عربی میں السواد کہلاتا ہے (مترجم)۔

فارس، کرمان، سپاہان (اصفہان)، آذربائجان، طبرستان، زرنگ (درنگیانا)، بحرین، ہرات، مرو، سرخس، نیشاپور (نیوشاپور = ابرشہر)، طوس۔ ان میں سے بعض صوبے وسعت میں کچھ زیادہ نہ تھے اور فی الجملہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہخامنشیوں کی طرح ساسانیوں کے عہد میں بھی صوبوں کی حدیں مستقل نہ تھیں بادشاہ ایک مرزبان کو حسب ضرورت جس صوبے میں چاہتا مقرر کر کے بھیج دیتا تھا اور مصلحت وقت کے مطابق کبھی چند صوبوں کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیتا کبھی ایک صوبے کے کئی حصے کر دیتا تھا۔ عہدۂ مرزبان کے فرائض چنداں ملکی نوعیت کے نہ تھے بلکہ بیشتر فوجی تھے۔ ساسانیوں کی حکومت میں جو شدید مرکزیت کا اصول ملحوظ تھا اس کے تحت میں ملکی نظم و نسق عہدہ داران زبردست کے ہاتھوں میں دیا گیا تھا جو چھوٹے چھوٹے علاقوں کا انتظام کرتے تھے، وہ شہریگ اور دہیگ کہلاتے تھے۔ جنگ کے زمانے میں مرزبان سپاہبذوں کے ماتحت سالارانِ لشکر کے فرائض انجام دیتے تھے[1]۔

مرزبان عالی خاندانوں میں سے انتخاب کئے جاتے تھے[2]۔ کبھی کبھی اس بات کا ذکر دیکھنے میں آتا ہے کہ فلاں مرزبان کا ایک محل پایۂ تخت میں تھا[3]،

---

[1] تاریخ منسوب بہ جوشوا اسٹائلائٹ (طبع رائٹ) ص ۶۱ و جاہای دیگر)۔ [2] خاندان سورین کا ایک شخص خسرو اول کے زمانے میں آرمینیہ کا مرزبان بنایا گیا تھا، (پاتکانیان، مجلۂ آسیائی ۱۸۶۶ء، ص ۱۸۳) شاہ نرسی کے عہد میں آذربائجان کا مرزبان شاپور رواز اعلیٰ درجے کا شریف النسب تھا (فاوسٹوس بازنیتنی طبع لانگلوا، ج ۱، ص ۲۲۹)۔ شہرین جو خاندانِ مہران سے تعلق رکھتا تھا بیت ورائی اور ولایت کوسین کا مرزبان تھا (ہوفمن، ص ۴۹)، پیران گشنسپ جو اسی خاندان سے تھا گرزان اور اران کا مرزبان تھا اور ہزارہا سوار اس کی کمان میں تھے، (ایضاً، ص ۷۸-۷۹)، وہریز جو غالباً خاندانِ ساسانی کا ممبر تھا خسرو اول کے زمانے میں یمن کی فتح کے بعد وہاں کا مرزبان بنایا گیا تھا، (نولدکہ، ترجمہ طبری، ص ۲۲۳-۲۴)۔ [3] نہایہ، ص ۲۵۷،

مرزبانوں کے لئے خاص طور پر ایک اعزازی نشان یہ ہوتا تھا کہ انہیں چاندی کا ایک تخت عطا ہوتا تھا،[1] اور سرحد آلان خزر کے مرزبان شہر دار کو مستثنیٰ طور پر سونے کے تخت پر بیٹھنے کا حق حاصل تھا،[2] ابہر شہر کے مرزبان کا لقب کنارنگ تھا،[3]

صوبے اضلاع میں منقسم تھے جن کو اُستان کہتے تھے، پاذگوسپان غالباً اصل میں نائب گورنر کا لقب تھا جو ایک اُستان یا ضلع کا حاکم ہوتا تھا، یزدگشنسپ بہرام پنجم کے عہد میں پاذگوسپان تھا،[4] معمولی طور پر اُستان کے حاکم کو اُستاندار کہتے تھے، تاریخ میں کشکر اور میسین کے اُستاندار کا ذکر ملتا ہے،[5] نصیبین میں ایک شخص بابہائی نام کو جو شاہی خاندان سے تھا "اعزاز کے طور پر اور سرحد کی حفاظت کے لئے[6] اُستاندار بنایا گیا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُستاندار جن کے ہاتھوں میں مرزبانوں کی طرح فوجی طاقت بھی ہوتی تھی[7] اصل میں شاہی املاک کے منتظمین ہوتے تھے،[8] اور یہ فرائض وہ ہمیشہ انجام دیتے رہتے تھے۔ حتیٰ[9] کہ ایسی حالت میں بھی جبکہ انہیں کسی علاقے کا فوجی افسر بنا دیا جاتا تھا، اگر اس علاقے میں شاہی املاک ہوں تو فوجی فرائض کے ساتھ ساتھ وہ ان کا انتظام بھی کرتے تھے،

---

[1] طبری ص ۸۶۳، [2] نہایہ ص ۲۲۶، [3] دیکھو اوپر ص ، [4] نولدکہ، ترجمۂ طبری، ص ۹۶ و ص ۲، پاذگوسپانوں کے مرتبے اور اختیارات میں آگے چل کر (غالباً کواذ اول کے عہد میں) اصولی تبدیلیاں کر دی گئی تھیں، دیکھو باب ہفتم اور ضمیمہ نمبر ۲، [5] دیکھو ہیننگ (Henning) در رسالۂ ہندو ایرانی شناسی (Z II) ۱۹۳۶ء ص ۲۲۴، [6] ہوفمن ص ۹۳، [7] نولدکہ، ص ۴۴۸، [8] ارمنی زبان میں دراصل لفظ اُستان کے معنی وہ علاقہ یا شہر جو بادشاہ کی ملکیت ہو (ہیوبشمن، ارمنی گرامر، ج ۱، ص ۲۱۵)، اور اُستانیک وہ فوج جو اُستان کی حفاظت کے لئے رکھی جاتی ۔

صوبوں کی تقسیم اضلاع میں محض انتظامِ ملکی کی رعایت سے کی گئی تھی، بقول نولڈکہ ہر ضلع (جو شہر کہلاتا تھا اور اس کے صدر مقام کو شہرستان کہتے تھے)[1] ایک شہریگ کے ماتحت ہوتا تھا جو دہقانوں میں سے منتخب ہوتا تھا۔[2] گاؤں (دیہہ) اور اس کے سارے رقبے (رُستاگ = رُستاق) کا حاکم دہیگ کہلاتا تھا۔[3]

محمد اقبال

---

[1] نولڈکہ: ترجمۂ طبری، ص ۴۴۶، ہوفمن، ص ۲۳۹، واضح رہے کہ پہلوی کتابوں میں لفظ شہر ہمیشہ سلطنت کے معنوں میں آیا ہے، اور وہ القاب جن کے شروع میں لفظ شہر ہو ہمیشہ اُن اعلےٰ عہدہ داروں کے لئے ہوتے تھے جن کے اختیارات تمام سلطنت پر حاوی ہوں۔ [2] شہریگ کو عربی میں رئیس الکورۃ لکھا ہے (یعقوبی، ج ۱، ص ۲۰۳)، عراق میں شہریگ طبقۂ آزادان کی ایک جماعت تھی جن کا رتبہ دہقانوں سے ایک درجہ بلند تر تھا۔ (مروج الذہب، ج ۲، ص ۲۴۰)، نہایہ (ص ۲۴۳) کی روایت کے مطابق خسرو دوم نے سلطنت کو نئے سرے سے ۳۵ صوبوں میں تقسیم کیا تھا۔ [3] ہوفمن ص ۲۳۹، دہیگ غالباً دیہہ سالار کا مساوی ہے (بلاذری، دیکھو نولڈکہ، ترجمۂ طبری، ص ۴۴۱)۔

رباعی کے اوزان یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ

(۱)

رباعی یا ترانہ ایرانیوں کی ایجاد ہے۔ بقول دولتشاہ تیسری صدی ہجری کے وسط میں بعہد یعقوب صفار اور بقول شمس الدین محمد بن قیس اس صدی کے اواخر میں ایجاد ہوئی۔ دونوں روایتوں میں یہ امر مشترک ہے کہ ایک لڑکے کے بر سے جوز بازی کے وقت یہ موزوں فقرہ اتفاقیہ ادا ہوا۔ "غلتان غلتان ہمی رود تا لب گو" دولتشاہ کی روایت سے یہ فقرہ خود یعقوب صفار کے فرزند کے منہ سے نکلا تھا، اور یعقوب کو پسند آیا۔ اس پر اس کے دربار کے شعرا ابودلف اور ابن الکعب نے تین مصرعے اور لگا کر رباعی کر دیا اور دوبیتی نام رکھا۔

محمد بن قیس جو دولتشاہ سے اقدم ہیں اور ساتویں صدی ہجری کے ربع اوّل کے مصنف ہیں۔ لکھتے ہیں کہ متقدمین شعرائے عجم میں ایک شاعر نے (میرا خیال ہے وہ رودکی تھا) اخرم اور اخرب کے اجتماع سے نیا وزن نکالا جس کو وزن رباعی کہا جاتا ہے۔ یہ ایسا مقبول وزن ہے کہ طبائع سلیم اکثر اس کی شائق ہیں۔ اس کے استخراج کا باعث یہ کہا جاتا ہے کہ عید کے روز غزنین کی تفرجگاہ میں وہ گشت کر رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک طرف کچھ لڑکے کھیل میں مشغول ہیں اور ان کے گرد تماشائیوں کا ہجوم ہے۔ شاعر بھی وہاں جا کر کھڑا ہو گیا ان میں

ایک لڑکا جس کی عمر دس پندرہ سال سے زائد نہ ہوگی اخروٹوں سے کھیل رہا تھا۔
اسی اثنا میں ایک اخروٹ گچی سے باہر گرا اور پھر رجعت کرتا ہوا گچی میں جا گرا۔
لڑکا حسین و جمیل ہونے کے علاوہ طبیعت میں موزونیت بھی رکھتا تھا اور اپنی
مقفیٰ اور مسجع گفتگو سے حاضرین کو محظوظ کر رہا تھا۔ اخروٹ کو گچی کی طرف رواں
دیکھ کر بولا۔ ع

غلطان غلطان ہمی رود تا بن گو

اس کلمہ سے شاعر نے ایک مقبول وزن معلوم کر لیا اور عروضی اصول اس پر استعمال
کر کے ترانہ نام رکھا اور بحر ہزج کی فروع میں شامل کر لیا۔ (المعجم ص ۸۹ و ۹۰)۔

لیکن میں ان روایتوں کا معتقد نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ نظم کی وہ صنفِ
خاص جس کو ہم رباعی کہنے کے عادی ہیں شخصی ایجاد نہیں ہے بلکہ قدرتی نتیجہ
ہے چہار بیتی کا۔ عہد قدیم میں ایران میں ایک خاص قسم کی نظم جس کو چہار بیتی کہا
جاتا تھا رائج تھی، اس کے اوزان عربی اوزان سے غالباً مستخرج نہیں ہیں بلکہ
مقامی ہیں۔ قدما ہزج کے مربعات میں ان کا شمار کرتے تھے اور صدر و ابتدا
میں اخرب یعنے مفعول اور کف یعنے مفاعیل کا اختلاف روا رکھتے اور یہ شعر
بہ تقلیدِ عرب معقد بھی ہوتے تھے یعنی مصرع اوّل کا ایک یا زیادہ حرف بضرورت
وزن شامل مصرع دوم ہوا کرتا تھا مثلاً بلیت

یک بارہ چنین جا۔۔ہل و آوارہ مباش

اس شعر میں جاہل کا لام تقطیع کے وقت شامل مصرع دوم ہے۔ مثال دیگر، بلیت

دانی کہ دل از نونہ شود سیر مرا

اس شعر میں نشود کا 'ن' مصرع اول میں داخل ہے، اسی طرح یہ شعر ہے، بلیت

مشتاب بر فتن صـ۔ـنما لختی باش

اس شعر میں صنما کا صاد مصرع اول میں شامل ہے ،

اشعار معقد کی یہ مثالیں میں نے معیار الاشعار محقق طوسی سے نقل کی ہیں عربی میں اشعار معقد بکثرت موجود ہیں۔ فارسی میں ایسے اشعار قدما میں رائج تھے۔ متاخرین نے ان کو ترک کر دیا ہے۔ مندرجۂ بالا مثالیں اوزان رباعی سے تعلق رکھتی ہیں۔ فی زمانہ ان کو ایک ایک مصرع کہا جائے گا اور داخل مثمنات شمار ہوں گے۔ مگر قدما کے نزدیک داخل مربعات تھے لہذا ہر ہر مثال ایک ایک شعر ہے۔ قدما میں جب ہزج اخرب یا اخرم میں ایسے چار شعر معقد یا غیر معقد جمع ہو گئے اور ہر شعر کے آخر میں قافیہ پایا گیا اس کا نام چار بیتی ہو گیا ،

یہاں بطور جملۂ معترضہ ایک اور امر کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے ، عربی اور فارسی زبانوں میں ایک اہم ما بہ الامتیاز یہ فرق ہے کہ عربی الفاظ میں توالیٔ حرکات بکثرت ہے برخلاف اس کے فارسی میں سکنات موجود ہیں مثلاً گرشاسپ ارجاسپ۔ پارس خواست وغیرہ، اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ عربی اشعار بوجہ کثرتِ حرکات عام طور پر مربع و مسدس اوزان کے پابند ہیں۔ فارسی اشعار اکثر او قات مثمن ہوتے ہیں اور یہی امتیازی اصول ہے جس کے اتباع نے بالآخر عربی و فارسی عروض میں اساسی تفریق پیدا کر دی ہے ورنہ عروض وہی ہے۔ دائرۂ مجتلبہ کی بحریں عربی میں مسدس الارکان ہیں۔ فارسی میں مثمن شمار ہوتی ہیں۔ اسی طرح دائرۂ مشتبہ کی بحریں مسدس و مربع آتی ہیں فارسی میں مثمن آتی ہیں۔ مگر فارسی شاعری میں یہ انقلاب کس وقت کار فرما ہوا ہم کو اس کا کوئی علم نہیں۔ ظاہر ہے کہ سامانی عہد کے شعرا زیادہ تر مثمنات میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ مثلاً رودکی کا کلام اکثر مروجہ مثمنات پر حاوی ہے۔ لیکن ایک زمانہ تھا جب ایرانی بہ تتبع عرب اپنے اشعار مربعات و مسدسات میں زیادہ تر لکھتے تھے لیکن آج یہ ذخیرہ بالکل

متروک و معدوم ہے۔ بہرحال مثمنات کی دریافت میں سمجھتا ہوں تدریجی اور ارتقائی ہے +

بالآخر ایک وقت آیا جب اصول مثمنات کے عمل نے ترانہ کو بجائے چار بیت کے دو بیتوں میں منتقل کر دیا جو اس طرح ہؤا کہ اشعار معقد کا رواج اُڑا دیا گیا اور قدیم مربع شعر ایک مصرع مثمن قرار پایا یعنے اوپر کی مثال میں بیت 'یکبارہ چنین جاہل + وخونخوارہ مباش' قدما کے ہاں ایک شعر تھا۔ متاخرین نے اس کو ایک مصرع قرار دیا اور یوں لکھا ع

یکبارہ چنین جاہل وخونخوارہ مباش

اس تبدیلی کا ایک اثر یہ ہوا کہ جہاں بصورت چہار بیتی ہر شعر کے آخر میں قافیہ لایا جاتا تھا اور چار قافیوں کی ضرورت ہوا کرتی تھی اب بصورت دو بیتی تیسرے مصرع میں قافیہ کی ضرورت نہیں سمجھی گئی چنانچہ مصرع سوم کو خصی کیا گیا۔ چار بیتی کے متعلق میرے یہ بیانات محقق طوسی کے بیانات پر مبنی ہیں۔ محقق کی اصل عبارت یہ ہے :-

"و آنچہ ازین وزنہا مانند یک مصراع مثمن است متاخران استعمال کمتر کنند۔ و قدما بران شعر بسیار گفتہ اند و ایشان ہر مصراعی را قافیہ می آوردہ اند و آنرا بیتی می شمردہ مانند رجز مشطور یا بیتہای معقد از اشعار تازیان کہ آنرا منتصفی معین نباشد و بدین سبب ترانہ را قدما چہار بیت می گرفتہ اند و آنرا چہار بیتی خواندہ اند و بتازی رباعی و در ہر چہار قافیہ آوردن لازم می شمردہ اند۔ اما بنزدیک متاخران چون مربعات این اوزان مستعمل نیست این اوزان متروک است و ہر بیتی را ازین ابیات مصراعی می شمرند و رباعی را دو بیتی می خوانند و مصراع سوم را خصی خوانند و قافیہ شرط نمی نہند۔" (ص ۴۸ معیار الاشعار و میزان الافکار ۱۲۶۴ھ مطبع ملوی)

اس عبارت کا ترجمہ یہ ہے:۔

[مربعات کے] ان اوزان میں سے ایسے وزن جو ایک مصرع مثمن کے مانند ہیں متاخرین میں غیر مستعمل ہیں۔ قدما نے ان اوزان میں کثرت سے اشعار لکھے ہیں وہ ہر مصرع یعنی شعر مربع کے آخر میں قافیہ لاتے ہیں اور اس کو ایک بیت شمار کرتے ہیں۔ رجز مشطور یا عربوں کے مقفا اشعار کی طرح جن کا نصف معیّن نہیں ہوتا۔ اسی لئے قدما ترانہ کو چار بیت مانتے تھے اور اس کو چار بیتی کے نام سے یاد کرتے تھے اور عربی میں رباعی کہتے اور چاروں شعروں میں قافیہ لانا ضروری سمجھتے تھے۔ لیکن متاخرین میں چونکہ ان کے مربع اوزان استعمال میں نہیں آرہے یہ اوزان متروک ہو چکے ہیں۔ وہ اب ان اشعار کے ہر بیت کو ایک مصرع مانتے ہیں اور رباعی کو دو بیتی کہتے ہیں اور تیسرے مصرع کو خصی رکھتے ہیں اور اس میں قافیہ کی شرط ضروری نہیں سمجھتے۔

قدیم چہار بیتی کے نمونے ہم تک نہیں پہنچے۔ سب سے قدیم نمونہ مجھ کو ابوشکور کے ہاں ملتا ہے جس کا آفرین نامہ شاہنامہ کے وزن میں ایک مثنوی بقول عوفی ۳۳۶ھ میں ختم ہوئی تھی۔ ابوشکور کی رباعی کی موجودہ شکل یہ ہے:۔

رباعی

ای گشته من از غم فراوان تو پست	شد قامت من ز درد هجران تو شست
ای شسته من از فریب دستان تو دست	خود هیچ کسے بسیرت و شان تو هست

لیکن اگر چہار بیتی کی شکل میں لکھی جائے تو اس کی صورت حسب ذیل ہوگی:۔

چہار بیتی

اے گشته من از غم	فراوان تو پست	شد قامت من زدر	د هجران تو شست
ای شسته من از فری	ب و دستان تو دست	خود هیچ کسی بسی	رت و شان تو هست

اب یہ چہار بیتی کی بہت اچھی مثال ہے۔ اس کے چاروں شعروں میں قافیہ ہے اگر دوبیتی ہوتی مصرع سوم خصی ہوتا نہ مصرع۔ متقدمین میں جس طرح رودکی اور شہید غزل کے لئے مشہور ہیں۔ اسی طرح ابو طلب ترانہ کے لئے مشہور ہے۔ فرخی۔ بیت

از دلارامی و نغزی چون غزلہای شہید وز دلاویزی و خوبی چون ترانہ بوطلب

عنصری کے عہد تک چہار بیتی کا رواج رہا ہے۔ بعد میں دوبیتی زیادہ رائج ہوئی۔ ڈاکٹر محمد اقبال کی تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر خیام کے زمانہ تک دوبیتی کو زیادہ فروغ رہا ہے۔

تنقید شعر العجم کی پہلی قسط میں جو اکتوبر ۱۹۲۲ء کے رسالہ اُردو۔ اورنگ آباد میں شایع ہوئی تھی، میں نے رباعی کے سلسلہ میں تقریباً یہی بیان دیا تھا جو اوپر درج ہوا۔ لیکن ہمارے ملک کے فاضل بزرگ علامہ سید سلیمان ندوی نے اپنی قابلِ قدر تصنیف خیام میں جو ۱۹۳۳ء میں طبع ہوتی ہے ان میں سے اکثر بیانات کی تردید کی ہے۔ مثلاً میں نے معیار الاشعار کو خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف بیان کیا تھا۔ سید صاحب نے اس سے انکار کر دیا۔ میں نے لکھا تھا کہ رباعی ایرانی الاصل ہے یعنے اس کے اوزان ایران زاد اور مقامی ہیں۔ سید صاحب مدعی ہیں کہ رباعی کہنے والے "قدماء عربی کے شاعر تھے"۔ میرا بیان تھا کہ رباعی ابتدائی مدارج میں چار بیتی کی شکل میں لکھی جاتی تھی جس کے چاروں شعر ہمقافیہ ہوتے تھے۔ سید صاحب اس کو ایک بے سند دعوے بیان کرتے ہیں۔ میں نے کہا تھا۔ سب سے قدیم رباعی اس وقت ابوشکور بلخی کی ملتی ہے۔ سید صاحب کا ارشاد ہے کہ ایسی قدیم رباعیاں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔ میں نے فرخی کا ایک شعر اس کے دیوان سے ابوطلب

ترانہ گو سے متعلق نقل کیا تھا۔ سید صاحب نے بدانست خود اس کی تصحیح کر کے اس کے وزن کو بدل دیا ؛

اس کے علاوہ سید صاحب بعض جدید امور یا نئی تحقیقات بر روی کار لائے ہیں۔ ایک یہ کہ قدما قول غزل اور رباعی میں کوئی فرق نہیں کرتے تھے بالفاظ دیگر قول و غزل کی اصطلاح کا اطلاق رباعی پر کیا کرتے تھے۔ دُوسرے یہ کہ ابو دُلف عجلی اور ابو طلب ترانہ گو ایک ہی شخص ہیں۔ اس امر کا کوئی ثبوت نہیں کہ فارسی میں بھی اشعار معقد لکھے جاتے تھے۔ قدیم رباعی گویوں میں شیخ بایزید بسطامی۔ ابو نصر فارابی اور بو علی سینا کا نام لیا گیا ہے۔ وغیرہ وغیرہ ؛

پیشتر اس کے کہ میں اپنے مضمون میں آگے بڑھوں میرے لئے ضروری ہے کہ سید صاحب کے اعتراضات کا جواب دُوں اور ان کے بیانات کو جو کئی امور میں ہماری فنی روایات سے منحرف ہیں نقد و نظر کی کسوٹی پر جانچ لُوں سب سے پہلے میں ان کے اعتراضات کو لیتا ہوں ؛

معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں :-

"تنقید شعر العجم کے فاضل مولف پروفیسر شیرانی نے اپنے مضمون کے پہلے نمبر میں اس کو کسی تذبذب کے بغیر محقق طوسی کی تالیف بتایا ہے۔ معلوم نہیں ان کے سامنے اس کی کیا سند ہے درانحالیکہ شرق و مغرب کے فضلاء اس نسبت کے قبول کرنے میں تردد کرتے ہیں، چنانچہ علامہ عبدالوہاب قزوینی (کذا) نے معجم کے دیباچہ میں (ہ) تصریح کی ہے کہ "کتاب مرغوب معیار الاشعار است در علم عروض و قوافی کہ در ۶۴۹ھ تالیف شد و مصنف آن معلوم نیست .... وی دمفتی سعداللہ مرادآبادی شارح المتوفی ۱۲۹۴ھ) تالیف این کتاب را بخواجہ نصیر الدین طوسی معروف متوفی ۶۷۲ھ نسبت دادہ است ، و لی معلوم نیست

از روی چہ ماخذی"۔

۵۔ ڈاکٹر ریو نے برٹش میوزیم لائبریری کی فارسی کتابوں کی فہرست ص۵۲۵ میں بعینہٖ یہی لکھا ہے اور بتایا ہے کہ محقق طوسی کی تصانیف کی فہرست میں یہ نام نہیں "۔ (خیام۔ حاشیہ ص۲۲۱)

میں عرض کرتا ہوں کہ ریو فہرست نگار مخطوطات فارسی برٹش میوزیم اور اس کے مقلد مرزا محمد بن عبدالوہاب کے دو نام گنا کر سید صاحب نے حکم لگا دیا کہ فضلاء مشرق و مغرب اس نسبت کے قبول کرنے میں تردد کرتے ہیں ۔ گویا ان دو ناموں پر مشرق و مغرب کے فضلا کی فہرست ختم ہو گئی ۔ سید صاحب سمجھ رہے ہیں کہ صرف مفتی سعد اللہ کی یہ رائے ہے ۔ مگر اس بارہ میں ان کو سخت سہو ہوا ہے ۔ ہندوستان کے اکثر و بیشتر عروضی یہ رائے رکھتے ہیں کہ معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف ہے ۔ مثالاً کچھ نام عرض ہیں :۔

(۱) منشی مظفر علیخاں اسیر جو زر کامل عیار ترجمہ معیار الاشعار (طبع اول ۱۲۸۹ھ نولکشور) کے مالک ہیں ۔ اپنے ترجمہ کے پہلے صفحہ پر لکھتے ہیں :۔

"صحیفۂ رشیقہ یعنی کتاب معیار الاشعار تصنیف عالم کامل فخر اماجد و اماثل رئیس الحکماء استاد الکملاء محقق طوسی علیہ الرحمۃ" الخ ۔

(۲) مرزا محمد جعفر اوج ، اردو میں مقیاس الاشعار کے مصنف ہیں ۔ اس تالیف میں ص۵۴ پر یہ عبارت درج ہے :۔

"محقق علیہ الرحمۃ نے معیار الاشعار میں چونتیس زحاف لکھے ہیں " اور ص۱۹۰ پر یہ عبارت ملتی ہے :۔

"من خواجہ نصیر الدین طوسی علیہ الرحمۃ — مفاعلتن مفاعلتن دو بارہ
بدی چکنی بجای کسی — کہ او نکند بجای تو بد "

م سیّد صاحب کو یقین دلاتے ہیں کہ یہ شعر معیار الاشعار میں بذیل بحر وافر ص۴۲ پر
وجود ہے اور زر کامل عیار میں ص۱۲۹ پر (نولکشور ۱۹۰۳ء)
۳) غلام حسنین قدر بلگرامی کی قواعد العروض میں تو کثرت کے ساتھ معیار او
محقق کا ذکر بار بار آرہا ہے۔ معیار کی اکثر و بیشتر امثال اس تصنیف میں موجود
یں۔ میں صرف چند صفحوں کے حوالے دیتا ہوں۔ ص۱۴۳ ص۱۵۰ ص۱۵۱ ص۱۵۲
۱۵۸ ص۱۶۹ ،
۴) واجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ ارشاد خاقانی (حکم اختر) تالیف ۱۲۶۹ھ میں
ص۱۰ پر رقمطراز ہیں :-
" اور خواجہ نصیر الدین طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے معیار الاشعار میں کہا ہے۔"
۵) روضات الجنات میں (طبع ایران ۱۳۰۶ھ) جو محمد باقر خوانساری نے ۱۲۸۷ھ
یں تالیف کی ہے ص۶۰۶ پر محقق طوسی کی تصنیفات کے ذکر میں معیار کی طرف
ی اشارہ موجود ہے ۔
ممکن ہے کہ سیّد صاحب کے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ یہ مصنفین تو مفتی
عد اللہ کے مقلد اور متبع ہیں ان کی سند چنداں مضبوط نہیں مانی جا سکتی ۔
س لئے ہم بطور دفع دخل مقدر اپنی تحقیقات کو مفتی صاحب سے سابق تر
ونوں میں لے جاتے ہیں ۔
۶) شمس الدین فقیر بارھویں صدی ہجری کے ایک عمدہ شاعر اور مشہور مصنف
یں۔ ان کی تالیف حدائق البلاغت ہمیشہ درس میں شامل رہی ہے ۔ اور
ج بھی شامل ہے ۔ موصوف اپنے حدیقۃ الرابعہ کے شعبۂ اول میں در بیان
روف قافیہ ردف زائد کی تشریح کے موقعہ پر لکھتے ہیں :-
" بعضی حرف بعد از ردف را داخل ردف شمردہ اند و آنرا ردف زائد

نام کردہ و خواجہ نصیر الدین طوسی رحمۃ اللہ علیہ در رسالۂ معیار الاشعار صرف مذکور را داخل روی شمردہ و آن را روی مضاعف خواندہ"

(۷) گیارہویں صدی ہجری میں ہمیں میر ابوالحسن فراہانی شارح انوری کا نام ملتا ہے جو قافیۂ شایگان کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ:۔

"استاد المحققین خواجہ نصیر الدین محمد طوسی در رسالۂ عروض و قافیہ مسمیٰ بمعیار الاشعار آوردہ"

(۸) عبداللہ خاں اوزبک والی توران جلال الدین اکبر کا معاصر ہے۔ اس کے دربار میں ایک زبردست عروضی پایندہ محمد بن محمد بن شیخ محمد موجود تھے۔ قضائی تخلص کرتے تھے۔ ۹۹۹ھ میں فن عروض پر ایک تالیف ان کے قلم سے نکلتی ہے جس کا نام جو تاریخی بھی ہے تنقید الدرر ہے۔ اس تالیف کا ایک قریب العہد مخطوطہ نوشتہ ۱۰۱۰ھ راقم کے عروضی مجموعہ کی زینت ہے۔ اس اہم تالیف میں کئی موقعوں پر معیار الاشعار کے حوالے آتے ہیں۔ چنانچہ:۔

"و خواجہ نصیر طوسی در معیار الاشعار فاصلہ را ازین ارکان رکنے علیحدہ نشمردہ بلکہ فاصلۂ صغریٰ را مرکب از سببین ثقیل و خفیف و فاصلۂ کبریٰ را مرکب از سبب ثقیل و وتد مجموع داشتہ"۔ ورق ۳۷ الف

(دیگر) "و شیخ نصیر طوسی کہ صاحب معیار الاشعار است پس از روی بیش از یک حرف را از حروف قافیہ اعتبار نکردہ است"۔ ورق ۴۶ الف

(۹) صنائع الحسن ایک اور عروضی تالیف ہے جو دسویں صدی ہجری میں مشہور فخری مصنف تذکرۂ جواہر العجائب کے قلم کی یادگار ہے۔ یہ تالیف فخری اپنے سرپرست شاہ حسن (حسین؟) ۹۲۸ھ/۱۵۲۲ء و ۹۶۲ھ/۱۵۵۴ء والی سندھ کے لئے لکھتا ہے۔ یہ مخطوطہ بانکی پور لائبریری میں محفوظ ہے۔ اس کتب خانہ کے

فہرست نگار خان بہادر عبدالمقتدر خاں کہتے ہیں کہ ورق ۵ پر مصنف نے معیار الاشعار کو خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف بیان کیا ہے۔ ملاحظہ ہو جلد نہم فارسی مخطوطات ۸۴۲
(۱۰) سلطان حسین بایقرا کے عہد میں دیگر علوم کے علاوہ عروض و قافیہ اور معما کا بہت رواج رہا ہے۔ مولانا جامی نے اپنی مصروفیتوں کے باوجود عروض و قافیے پر چھوٹے چھوٹے رسالے لکھے ہیں۔ جامی کے شاگرد میر عطاء اللہ الحسینی مشہدی ہیں جو کتاب تکمیل الصناعۃ میں قافیے پر ایک رسالہ شامل کرتے ہیں۔ رسالۂ ہذا میں میر عطاء اللہ متعدد موقعوں پر معیار الاشعار کا نام لیتے ہیں۔ ان میں سے ایک مثال یہاں عرض کرتا ہوں :-

"چنانکہ درین بیت کہ در معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی آوردہ۔ بیت

صنم من زبر من بنروی دلک من نبری بنشنوی

(۱۱) جامی کے رسالۂ قافیہ کا نام مختصر وانی فی علم القوافی ہے۔ اس پر ان کے ایک شاگرد نے جس کے نام سے میں ناواقف ہوں ایک شرح لکھی ہے۔ میرے عروضی مجموعہ میں اس کا ایک مخطوطہ ۱۱۰۹ھ کا نوشتہ ہے جس پر رسالہ کا نام بدین الفاظ درج ہے۔ "رسالۂ عروضیہ مسمیٰ بشرح مختصر وانی فی علم قوافی بر متن حضرت مولوی جامی"۔ رسالۂ ہذا میں کئی جگہ معیار الاشعار کے حوالے نظر آتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہاں نقل کیا جاتا ہے :-

"و خواجہ نصیر الدین طوسی در کتاب معیار الاشعار حرف مقدم بر روی را منحصر در ردف داشتہ"

(۱۲) فخر الدین محمد ابن شاکر الکتبی متوفی ۷۶۴ھ نے اپنی تصنیف فوات الوفیات کے جزء ثانی میں ۱۵۰ پر محقق طوسی کی تالیفات کے ذکر میں معیار الاشعار کو بالفاظ "العروض بالفارسیۃ" یاد کیا ہے۔

نام کردہ و خواجہ نصیر الدین طوسی رحمۃ اللہ علیہ در رسالہ معیار الاشعار حرف مذکور را داخل روی شمردہ و آن را روی مضاعف خواندہ "

(۷) گیارہویں صدی ہجری میں ہمیں میر ابو الحسن فراہانی شارح انوری کا نام ملتا ہے جو قافیۂ شایگان کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ :-

" استاد المحققین خواجہ نصیر الدین محمد طوسی در رسالہ عروض و قافیہ مسمیٰ بمعیار الاشعار آوردہ "

(۸) عبداللہ خاں اوزبک والی توران جلال الدین اکبر کا معاصر ہے۔ اس کے دربار میں ایک زبردست عروضی پایندہ محمد بن محمد بن شیخ محمد موجود تھے۔ قضائی تخلص کرتے تھے۔ ۹۹۹ھ میں فن عروض پر ایک تالیف ان کے قلم سے نکلتی ہے جس کا نام جو تاریخی بھی ہے تنقید الدرر ہے۔ اس تالیف کا ایک قریب العہد مخطوطہ نوشتہ ۱۰۶۱ھ راقم کے عروضی مجموعہ کی زینت ہے۔ اس اہم تالیف میں کئی موقعوں پر معیار الاشعار کے حوالے آتے ہیں۔ چنانچہ :-

" و خواجہ نصیر طوسی در معیار الاشعار فاصلہ را از ین ارکان رکنے علیحدہ نشمرد بلکہ فاصلۂ صغریٰ را مرکب از سببین ثقیل و خفیف و فاصلۂ کبریٰ را مرکب از سبب ثقیل و وتد مجموع داشتہ "۔ ورق ۳ الف

(دیگر) " و شیخ نصیر طوسی کہ صاحب معیار الاشعار است پس از روی بیش از یک حرف را از حروف قافیہ اعتبار نکردہ است " ورق ۲۶ الف

(۹) صنائع الحسن ایک اور عروضی تالیف ہے جو دسویں صدی ہجری میں مشہور فخری مصنف تذکرۂ جواہر العجائب کے قلم کی یادگار ہے۔ یہ تالیف فخری اپنے سرپرست شاہ حسن (حسین ؟) (۹۲۸ھ ۱۵۲۲ء و ۹۶۲ھ ۱۵۵۴ء) والی سندھ کے لئے لکھتا ہے۔ یہ مخطوطہ بانکی پور لائبریری میں محفوظ ہے۔ اس کتب خانہ کے

فہرست نگار خان بہادر عبدالمقتدر خاں کہتے ہیں کہ ورق ۵ پر مصنف نے معیار الاشعار کو خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف بیان کیا ہے ۔ ملاحظہ ہو جلد نہم فارسی مخطوطات ص ۸۴۲

(۱۰) سلطان حسین بایقرا کے عہد میں دیگر علوم کے علاوہ عروض و قافیہ اور معما کا بہت رواج رہا ہے ۔ مولانا جامی نے اپنی مصروفیتوں کے باوجود عروض و قافیے پر چھوٹے چھوٹے رسالے لکھے ہیں ۔ جامی کے شاگرد میر عطاء اللہ الحسینی مشہدی ہیں جو کتاب تکمیل الصناعۃ میں قافیے پر ایک رسالہ شامل کرتے ہیں ۔ رسالہ ہذا میں میر عطاء اللہ متعدد موقعوں پر معیار الاشعار کا نام لیتے ہیں ۔ ان میں سے ایک مثال یہاں عرض کرتا ہوں :-

"چنانکہ درین بیت کہ در معیار الاشعار خواجہ نصیر الدین طوسی آوردہ ۔ بیت

صنم من زبر من بنروی ولک من نبری بنشنوی

(۱۱) جامی کے رسالہ قافیہ کا نام مختصر وافی فی علم القوافی ہے ۔ اس پر ان کے ایک شاگرد نے جس کے نام سے میں ناواقف ہوں ایک شرح لکھی ہے ۔ میرے عروضی مجموعہ میں اس کا ایک مخطوطہ ۱۱۰۹ھ کا نوشتہ ہے جس پر رسالہ کا نام بدین الفاظ درج ہے ۔ "رسالہ عروضیہ مسمی بشرح مختصر وافی فی علم قوافی بر متن حضرت مولوی جامی" رسالہ ہذا میں کئی جگہ معیار الاشعار کے حوالے نظر آتے ہیں ۔ ان میں سے ایک یہاں نقل کیا جاتا ہے :-

"و خواجہ نصیر الدین طوسی در کتاب معیار الاشعار حرف مقدم بر روی را منحصر در دو حروف داشتہ"

(۱۲) فخر الدین محمد ابن شاکر الکتبی متوفی ۷۶۴ھ نے اپنی تصنیف فوات الوفیات کے جزو ثانی میں ص ۱۵۲ پر محقق طوسی کی تالیفات کے ذکر میں معیار الاشعار کو بالفاظ "العروض بالفارسیۃ" یاد کیا ہے ۔

(۱۳) صلاح الدین خلیل بن ایبک الصفدی متوفی ۶۶۴ھ کی الوافی بالوفیات کے جزو اوّل میں ص۱۸۱ پر محقق کی تصنیفات کے ضمن میں "العروض بالفارسیہ" یعنے معیار الاشعار کا پھر ذکر آیا ہے۔

جب گذشتہ صدی سے لگا کر آٹھویں صدی تک کے تمام علماء معیار کو محقق کی تصنیف مانتے آئے ہیں۔ تو میرا کیا قصور ہے اگر میں نے اسے خواجہ نصیر کی تالیف مان لیا۔

ایک موقعہ پر سید صاحب نے فرمایا ہے "سلسلۂ شعر العجم کے وسیع النظر ناقد پروفیسر شیرانی نے تنقید کے پہلے نمبر (رسالہ اردو اورنگ آباد دکن) میں رباعی کی بحث پر دو صفحے لکھے ہیں اور معیار الاشعار کی مذکورۂ بالا عبارت کے لفظ "قدما" سے اتنی وسعت پیدا کر لی کہ یہ دعوے کر دیا ہے کہ قدیم الایام میں ایران میں ایک خاص قسم کی نظم جس کو بہار بیتی کہا جاتا تھا رائج تھی۔ اس کے اوزان عربی اوزان سے غالباً مستخرج نہیں ہیں بلکہ ایران زاد اور مقامی معلوم ہوتے ہیں، حالانکہ ان میں سے ہر دعوے ثبوت کا محتاج ہے' اہل عروض و اہل موسیقی کی روایات (قابوس نامہ کا حوالہ آتا ہے) کا جہاں تک تعلق ہے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ارباب فن کے یہاں یہ چیز نو پیدا تھی اور اسلام کے بعد اہل فن کے استعمال میں آئی ہے" (خیام ص۲۲۲)۔

میں یہاں سر داستان ہی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ محترم سید اپنے اعتراض میں ایسے فقرات کے استعمال سے کہ "لفظ قدماء سے اتنی وسعت پیدا کر لی ہے"۔ "ارباب فن کے یہاں یہ چیز نو پیدا تھی"۔ "اور اسلام کے بعد استعمال میں آئی"۔ وغیرہ۔ میرے خلاف مدعا یہ امر ذہن نشین کرنا چاہتے ہیں کہ میں رباعی کو اسلام سے قبل کی پیداوار مانتا ہوں۔ حالانکہ میرے زیر تنقید شعر العجم تھی جو خالصۃً فارسی شاعری بعد از اسلام کے

موضوع سے تعلق رکھتی ہے اور جو عربی شاعری کی تقلید میں شروع ہوتی ہے۔
فارسی شاعری اور رباعی تو ایسی فضا ہے جس میں ایام ظہور اسلام سے قبل کا تصور
بھی ذہن میں نہیں آتا۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کیا ہم الفاظ 'قدیم' ۔ 'قدما'
'قدیم الایام' زمانہ مابعد اسلام کے لئے استعمال نہیں کر سکتے۔ ان الفاظ سے میرا
مقصد وہی ہے جو دنیا لیتی ہے۔ قدیم جدید کے مقابلہ میں۔ قدما متاخرین کے
مقابلہ میں اور قدیم الایام زمانہ حال کے مقابلہ میں آتا ہے +

اب مجھے دو باتیں ثابت کرنی ہیں۔ ایک تو یہ کہ عہد قدیم میں ایران میں
چار بیتی کا رواج تھا۔ دوسرے یہ کہ چہار بیتی کے اوزان عربی سے مستخرج نہیں بلکہ
ایران زا اور مقامی ہیں +

پہلی شق کے لئے محقق طوسی کا بیان جو میں مع ترجمہ اوپر نقل کر آیا ہوں دھیان
میں رکھنا نہایت ضروری ہے لیکن معیار الاشعار پر سید صاحب کا اضطراری اعتماد
محقق طوسی کے بیانات کی اصل وقعت و اہمیت کے احساس سے انہیں باز
رکھتا ہے۔ میرا عقیدہ ہے کہ رباعی کسی شخصی ایجاد کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ وہ ارتقا یافتہ
شکل ہے قدیم چہار بیتی کی جو ہزج مربع اخرم و اخرب میں لکھی جاتی تھی۔ ان ایام میں
صدر و ابتدا میں اخرب و مکفوف۔ اخرب و مقبوض کا اختلاف جائز سمجھا جاتا تھا،
جو چار بیتی کے ہر مصرع میں کار فرما ہے۔ جس کی بنا پر پہلے مصرع کے شروع میں مفعول
کے مقابلہ میں دوسرے مصرع کے شروع میں مفاعیل یا مفاعیلن یا مفاعلن آجاتا
ہے۔ بحر ہزج عربی میں مربع الارکان مستعمل ہے۔ جب عربی عروض فارسی میں اختیار
کی گئی تو ضروری ہے کہ ابتدا میں اشعار ہزج کے مربع میں لکھے جاتے ہوں۔ چنانچہ
رباعی بھی مربع میں لکھی گئی۔ چونکہ اس میں چار شعر ہوا کرتے تھے اس بنا پر اس کا نام
چہار بیتی رکھا گیا۔ ایک عرصہ دراز کے بعد جب اصول مثمنات کی دریافت نے

اہل ایران کو زیادہ خوش آیند اور شگفتہ اوزان سے آشنا کر دیا۔ مربعات ترک کر دیئے گئے اور مثمنات کو اختیار کر لیا گیا۔ اور ترانہ جو چار بیت مربع پر شامل تھا دو بیت مثمن کے قالب میں ڈھل گیا اور دوبیتی کہلایا۔ یہی اصول یعنی مربع کا مثمن کر لینا نہ صرف رباعی میں بلکہ دیگر اوزان میں بھی کام کر رہا ہے۔ مثال میں ہزج مربع کا یہ شعر عرض ہے:۔

من بے تو چنین زار تو از دور ہمی خند

اس کا وزن ہے مفعول مفاعیل مصرع اول۔ مفاعیل مفاعیل مصرع دوم۔ یہ رباعی کا وزن نہیں ہے۔ یہاں ابتدا میں صدر کے مقابلہ میں مفاعیلُ بجای مفعولُ لایا گیا ہے۔ ایران کی بعد کی خوش مذاقی کے دیکھتے ہوئے ایسا اختلاف ناقابل معافی ہے۔ مگر جب اسی وزن مربع کو مثمن بنالیا یعنے پورے شعر کا مصرع کر لیا بروزن مفعولُ مفاعیلُ مفاعیلُ مفاعیل۔ تو ایک نہایت خوش آیند وزن حاصل ہو گیا چنانچہ

لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور

ایک اور مثال دی جاتی ہے:۔

ای یار دل ربای یکی بار ہی بساز

جو بحر مضارع مربع اخرب موفور مقصور ہے۔ یعنی مفعول فاعلات مصرع اول اور مفاعیل فاعلات مصرع دوم یہاں صدر و ابتدا میں اخرب و موفور کا اجتماع ہے لیکن ان دونوں مصرعوں کو ایک مثمن مصرع مان لینے سے ایک نیا شگفتہ وزن ہاتھ آگیا۔ مثال:۔

گر مرد ہمتی ز مروت نشان مخواہ صد جا شہید شو دیت از دشمنان مخواہ

تعجب ہے کہ ہمارے سلیمان اعظم نے جہاں رباعی کے مختلف ناموں کی

فہرست دی ۔ مثلاً ترانہ ۔ دوبیتی ۔ قول ۔ غزل ۔ بیت وغیرہ ۔ اس میں انہوں نے اس کے سب سے قدیم نام چہار بیتی کو شامل نہیں کیا اور محقق طوسی کا بیان بھی درخور اعتنا نہیں سمجھا ۔ حالانکہ عروضی چہار بیتی کا برابر ذکر کرتے ہیں ۔

مقیاس الاشعار میں مرزا اوج کہتے ہیں :- " ترانہ کو قدما نے چار بیت قیاس کیا ہے اور اس کو 'چہار بیتی' کہا ہے ۔ یعنی اس میں ہر مصراع ایک بیت ہے اور تازی میں اس کو رباعی کہتے ہیں اور چاروں مصرعوں میں قافیہ لانا واجب جانتے ہیں لیکن نزدیک متاخرین جو مربعات اس وزن اخرب کے مستعمل نہیں یہ وزن بھی متروک ہے ۔" (صفحہ ۲۱ مقیاس الاشعار)

غلام حسنین قدر بلگرامی کا قول ہے :- " اور اس کو اسی وجہ سے چہار بیتی اور رباعی کہنے لگے لیکن متاخرین نے چار مصرعوں کو دو شعر فرض کیا اور اس کا نام دوبیتی رکھا ۔"

" قدمای فارس ترانہ را کہ از ہزج مربع اختراع کردہ اند چہار بیتی و رباعی میگفتند و ہر دو در چہار رکنی را قافیہ لازم می شمردند ۔ اما متاخرین شان چون ابیات مربع ہزج نزد ایشان متروک است ترانہ از مثمن قرار میدہند و ہر دو در چہار رکنی را مطرعی می شمرند و مجموع را دوبیتی " (صفحہ ۹۵ رسالہ کیفیت ایجاد رباعی از مفتی سعد اللہ)

شق دوم ۔ یہ کہ چار بیتی یا رباعی کے اوزان عربی سے مستخرج نہیں ہیں ۔ بلکہ ایران زاد اور مقامی ہیں :- میں حیران ہوں کہ سید صاحب کو ایسے بدیہی واقعہ کے ثبوت مانگنے کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟ ہم عروض کی جس قدیم و جدید کتاب کو اٹھا کر دیکھتے ہیں ہر مصنف یہی راگ الاپ رہا ہے کہ رباعی فارسی الاصل ہے میں بعض عروضیوں کے بیان یہاں نقل کرتا ہوں :-

(۱) بدانکہ وزن رباعی کہ آنرا دوبیتی و ترانہ نیز گویند از بحر ہزج بیرون می آید و

آنرا عجم پیدا کردہ اند و بر بیت و چہار نوع آوردہ۔"
(عروض سیفی تالیف ۸۹۶ھ صفحہ ۵۳ طبع ایشیاٹک سوسائٹی بنگال ۱۸۶۷ء)

(۲) باید دانست کہ وزن دوبیتی را کہ رباعی و ترانہ نیز میگویند آنرا شعرای عجم از وزن اخرم واخرب ہزج مثمن برآوردہ اند۔" ص۵۳ تنقید الدرر از قضائی تالیف ۹۹۹ھ)

(۳) بباید دانست کہ رباعی را شعرای عجم اختراع نمودہ اند و آنرا ترانہ و دوبیتی نیز نامند۔" (ص ۱۱۶ حدائق البلاغت ۔ مطبع کریمی ۔ لاہور ۱۹۲۰ء)

(۴) کرامت علی ابن رحمت علی حسینی جونپوری ۔ مسٹر شلز فرانسیسی کے لئے اپنے قیام تبریز کے زمانہ میں ایک رسالہ قواعد عروض و قوافی پارسی لکھتا ہے۔ جس میں مرزا ابوالقاسم قایم مقام کی طرف بھی خطاب ہے۔ اس کا ایک نسخہ ٹائپ میں طبع شدہ میرے پاس ہے ۔ جس پر تاریخ طباعت درج نہیں ۔ اس رسالہ کے ص۸۲ پر عبارت ذیل ملتی ہے :۔

"فصل شانزدہم در بحر رباعی و آنرا دوبیتی و ترانہ نیز گویند و آن پیدا کردۂ عجم است ۔"

(۵) "و اوزان رباعی کہ آنرا دوبیتی و ترانہ گویند اہل عجم از بحر ہزج برآوردہ اند۔" (مخزن الفوائد ص ۱۶۶ ۔ ۱۸۸۱ء ۔ مطبع انجمن پنجاب)

(۵ ب) "وزن ترانہ کے مخترع شعرای عجم ہیں۔" (ص ۱۳۲ قواعد العروض از قدر بلگرامی)

(۶) " اور یہ زحاف کہ اس وزن میں مستعمل شعرای عجم ہیں اشعار عرب میں نہیں اور یہ وزن رباعی اشعار عرب میں نہ تھا۔" (ص ۲۱ مقیاس الاشعار ۱۲۹۲ھ)

(۷) " اور جان تو کہ رباعی نکالی ہوئی فصحای عجم کی ہے اور بحر ہزج سے خصوصیت رکھتی ہے ۔" (تقویت الشعرا از امام الدین طالب ۔ سلطان المطابع لکھنؤ)

(۸) "و رباعی از مخترعات اہل عجم است و بہ بحر ہزج اختصاص دارد۔" (ص ۵۶

شجرۃ العروض از منشی مظفر علی اسیرؔ۔ نولکشور ۱۸۷۳ء)

یہاں ایک سوال کیا جا سکتا ہے کہ اگر رباعی ایرانی الاصل نہیں ہے تو پھر اس کی ایجاد کی توضیح کرنے والے قصے جن میں صرف ایرانی حصہ لیتے نظر آتے ہیں اور جنہیں سید صاحب نے اپنی معزز تالیف میں نقل بھی کیا ہے کیوں شہرت پاتے مثلاً رودکی کا ایک طفل جوز باز کو غزنین کے مرغزار میں جوش مسرت میں مصرع آیندہ پڑھتے سننا یا بقول دولت شاہ یعقوب بن لیث کے فرزند کا جوز کھیلتے ہوئے ایک نشاط آمیز لہجہ میں کہنا کہ

غلطان غلطان ہمی رود تا بن گو

خیام کے ص۲۲۳ پر سید صاحب نے گذشتہ اعتراض سے ملتا جلتا یہ اعتراض کیا ہے:۔

"ناقد شعر العجم نے اپنے اسی پہلے سلسلہ میں یہ بے سند دعوےٰ کیا ہے جس کا مدار ساتویں صدی کی معیار الاشعار پر ہے کہ قدما (کس عہد تک کے قدماء؟) تمام تر چہار بیتی کہتے تھے، جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوتے تھے" اور اس سے نادر تر دعوےٰ یہ ہے کہ چہار بیتی کی اب کوئی مثال نہیں پائی جاتی، حالانکہ ایسی رباعیاں جن کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں، عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں اور بعد کے شعرا کے یہاں ایسی رباعیاں ملتی ہیں۔"

میں سید صاحب کی خدمت میں بصد ادب عرض کرتا ہوں کہ جب ان کو یہ تسلیم ہے کہ میرے دعوے کا مدار ساتویں صدی کی معیار الاشعار پر ہے تو پھر میرا دعوےٰ بے سند کیوں گردانا گیا۔ سید مجھ پر سخت ظلم کر رہے ہیں کہ معیار الاشعار جیسی کتاب کی سند کے باوجود میرے دعوے کو بے سند کہتے ہیں۔ میں ان کو

یقین دلاتا ہوں کہ عروضی لٹریچر میں یہ تالیف آج بھی زبردست اہمیت کی مالک ہے۔ گذشتہ سات صدیوں میں جس قدر کتابیں اس فن پر لکھی گئی ہیں ان سب پر اس کتاب کی افادی وقعت و افضلیت مسلم ہے۔ ہر عہد میں اہل عروض اس کو مستند سمجھتے رہے ہیں اور اس کے حوالے دیتے آئے ہیں۔ اس کی شرح تیار ہوئی ہے۔ ترجمہ کیا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ عروضی مسائل پر قولِ فیصل مانی جاتی ہے اور یہ فن سے ہماری بیگانگی کا ثبوت ہوگا اگر ہم اس تصنیف کو قرار واقعی عزت نہ دیں۔

اس کے بعد سوال کیا ہے (کس عہد تک کے قدماء) تمام تر چہار بیتی کہتے تھے جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوتے تھے' یہاں بیت کی جگہ مصرع لکھنا سید صاحب کا سہو قلم ہے۔ میں قدما کے متعلق اس سے قبل کچھ اشارہ کر آیا ہوں۔ یہاں اسی قدر کہنا کافی ہوگا کہ ان قدماء کا زمانہ بھی وہی ہے جو اُن قدماء کا ہے جن کا ذکر خود سید صاحب نے اپنی تالیف میں کیا ہے۔ جب فرمایا ہے:۔

(۱) "عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات ہیں" وغیرہ (خیام ص۲۲۲ حاشیہ)

(۲) "یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عرب کے شاعر تھے" الخ (خیام ص۲۲۲)

(۳) قدماء کے کلام میں غزل و ترانہ کا لفظ ساتھ ساتھ آتا ہے"۔ (خیام ص۲۲۴)

آگے بڑھ کر سید صاحب ارشاد کرتے ہیں:۔" اور اس سے نادر تر دیکھنے کی چیز یہ ہے کہ چہار بیتی کی اب کوئی مثال نہیں پائی جاتی۔ حالانکہ ایسی رباعیاں جن کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں عوفی کی لباب الالباب کے قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔"

مجھے افسوس ہے کہ سید صاحب میرا مطلب بالکل نہیں سمجھے اور انہوں نے

محقق طوسی کے بیان پر جو میرے دعوے کی سند ہے کافی غور کیا۔ جن چار مصرعوں والی رباعیوں کو سید صاحب چار بیتیاں کہتے ہیں وہ تو دو بیتیاں ہیں۔ کیونکہ دو مثمن شعروں کی شکل میں لکھی جاتی ہیں۔ بحالیکہ چار بیتی چار مربع شعروں کی صورت میں لکھی جاتی تھی جس طرح کہ میں نے تنقید شعر العجم میں (رسالہ اُردو ص ۴۹۰ بابت ماہ اکتوبر ۱۹۲۲ء) ابوشکور کی رباعی کو لکھا ہے۔ یا جس طرح خود سید صاحب نے میری تقلید میں ص ۲۲۲ پر رودکی کی مفروضہ رباعی کو اور ص ۲۲۳ تا ۲۲۵ عربی رباعیوں کو نقل کیا ہے۔ یہ ہے صحیح شکل چہار بیتی کی۔ اور جب چار بیتیاں اس طرح لکھی ہوئی نہیں ملتیں تو میں نے کیا غلط کہا جب یہ کہا کہ قدیم چہار بیتی کے اصلی نمونے ہم تک نہیں پہنچے۔ چار قافیوں والی رباعیاں مصرّع دو بیتیاں ہیں جس طرح تین قافیوں والی خصی رباعیاں ہیں[1]۔

سید صاحب دعوے کرتے ہیں کہ چاروں مصرعوں میں قافیوں والی رباعیاں لباب الالباب میں قدماء کے حالات میں دس بارہ سے زیادہ ہیں۔ میں نے بھی قدماء کے ذکر ہی میں کہا تھا کہ سب سے قدیم رباعی مجھ کو ابوشکور بلخی کی ملی ہے۔ لباب الالباب موجود ہے اور میں سید صاحب کو دعوت دیتا ہوں اگر وہ اس میں سے دس بارہ درکنار ایک رباعی بھی ابوشکور کے عہد سے قبل کی نکال کر بتا دیں گے۔ مگر دشواری یہ ہے کہ ہمارے محترم ہر چار مصرعوں کو عام اس سے کہ وہ رباعی کے وزن میں ہوں یا نہ ہوں رباعی کے خطاب سے یاد کرتے ہیں۔ ایسی رباعیاں بے شک وہ دس بارہ کیا دو چند نکال دیں گے لیکن ادبی و عروضی نقطۂ نظر سے بلکہ رواجاً بھی رباعی وہی ہے جو بحر ہزج کے

---

[1] مصرّع بیتی را گویند کہ ہر دو مصراع قافیت نگاہ داشتہ آید چنانکہ ابیات سرہای قصیدہ بود خصی دو بیتی را گویند کہ مصراع سوم او را قافیت نباشد۔ ص ۸۳، حدائق السحر رشید الدین وطواط۔ مرتبہ عباس اقبال،،

اخرب واخرم شجروں کے جو ہیں اوزان مقررہ میں سے ہو۔ مگر سید صاحب جو خیام کی رباعیوں پر مقدمہ لکھ رہے ہیں اس فروگذاشت کی مطلق پروا نہیں کرتے ایک موقعہ پر رقم پرداز ہیں :۔

"لباب الالباب عوفی میں حنظلہ بادغیسی کی حسب ذیل دوبیتیں ملتی ہیں جو رباعی کے وزن پر ہیں :۔

یارم سپند اگرچہ بر آتش ہمی فگند ۔۔۔ از بہر چشم تا نرسد مر ورا گزند
اورا سپند و آتش ناید ہمی بکار ۔۔۔ باروی ہمچو آتش و باخال چو[ن] سپند"

(خیام ص۲۴)

ان دو شعروں کو خود عوفی دوبیتی نہیں مانتا۔ چنانچہ اس نے "این دو بیت" (ص ۲/۲ لباب الالباب) لکھا تھا۔ سید صاحب نے دوبیتیں تو عوفی کی تقلید میں لکھ دیا۔ لیکن الفاظ "جو رباعی کے وزن پر ہیں" - اپنی طرف سے اضافہ کر دیئے۔ حالانکہ یہ شعر رباعی کے وزن پر مطلق نہیں۔ رباعی کے اوزان بحر ہزج سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ ابیات بحر مضارع میں واقع ہوئے ہیں۔ ان کا وزن ہے :۔

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات ۔ یعنے مضارع اخرب مکفوف مقصور جو رباعی کے وزن سے کوسوں دور ہے۔

سید صاحب کی جلد بازی ملاحظہ ہو کہ حنظلہ کی اس مفروضہ رباعی کو دیکھ کر فوراً یہ نظریہ پیش کر دیا :۔ "اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رباعی کی تاریخ رودکی بلکہ ابو دُلَف اور ابن الکعب سے بھی پہلے شروع ہوتی ہے اور سامانی بلکہ صفاری کے بجائے طاہری دربار کو اس کی اولیت کا فخر پہنچتا ہے۔" (ص ۲۲۳ خیام)

لہ قلابوں میں 'نون' میرا اضافہ ہے۔ اس کے بغیر وزن غلط ہو جاتا ہے۔

اب جب یہ ثابت ہو گیا کہ حنظلہ کی رباعی سچی رباعی نہیں۔ تو یہ اولیت کا فخر کس دربار کی طرف منتقل کیا جائے گا؟ سلیمان اعظم ارشاد فرمائیں۔

تنقید شعر العجم (صفحہ ۴۹ اردو) میں ایک موقعہ پر میں نے فرخی کا ایک شعر بو طلب شاعر کی شہرت بحیثیت رباعی گو دکھانے کے لئے نقل کر دیا تھا۔ جو حسب ذیل تھا۔

ازدلارامی ونغزی چون غزلہای شہید وزدلاویزی وخوبی چون ترانہ بوطلب

اس کے تعلق میں سید صاحب ارشاد کرتے ہیں :-

"پروفیسر شیرانی نے تنقید شعر العجم کے پہلے نمبر میں اس شعر کو کہیں سے نقل کیا ہے۔ مگر اپنے متن کا ماخذ نہیں بتایا ہے جو اسدی کے متن سے بہت کچھ مختلف ہے۔ شیرانی صاحب لکھتے ہیں :-

ازدلاویزی ونغزی چون غزلہای شہید وزدلآریزی وخوبی چون ترانہ بوطلب

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ پروفیسر صاحب نے کسی متاخر ماخذ کو سامنے رکھا ہے جس نے فرخی کے قدیم الفاظ میں متاخرین کے محاوروں کے مطابق تصرف کر دیا ہے۔" (خیام صفحہ ۲۲۹)

کسی شاعر کا شعر نقل کرتے وقت ہمارے ہاں یہی دستور رہا ہے۔ کہ شعر نقل کرنے سے قبل اس شاعر کا نام دے دیا جائے۔ چنانچہ میں نے بھی ایسا ہی کیا اور شاعر کا نام فرخی دے دیا۔ سید صاحب کو اعتراض ہے کہ اس شعر کو کہیں سے نقل کر دیا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ کہیں سے تو کیا نقل کیا ہوگا۔ شاعر کے دیوان ہی سے نقل کیا ہوگا اور دیوان سے بہتر ماخذ ہو گا بھی کیا۔ متاخرین کے محاوروں کے مطابق اگر کوئی تصرف ہوا تو خود سید اس کے ذمہ دار ہیں۔ میرے ہاں جہاں پہلے مصرع میں 'دلارامی' تھا۔ سید صاحب نے

اس کی جگہ 'دلآوری' بنادیا۔ یہ تصرف کیوں کیا گیا مجھے معلوم نہیں۔ مگر یہ تصرف ہر حال میں صحیح نہیں۔ کیونکہ دونوں مصرعوں میں 'دلاوری' تکرار ہو جاتا ہے،

سید صاحب نے حسب روایت لغت فرس اس شعر کو یوں لکھا ہے:۔

زدلآوری و تری چو غزلہائے شہید   وز غم انجامی و خوشی چو ترانہ بوطلب

میرا نقل کردہ شعر اگر اسدی کے متن سے نہیں ملتا تو اس میں میرا کیا قصور ہے میرے لئے ضروری نہیں کہ فرخی کے شعر کے لئے اسدی کے لغت کی ورق گردانی کروں۔ جس حال میں کہ دیوان موجود ہے اور چھپ چکا ہے۔

اصل یہ ہے کہ جس شعر کو سید صاحب صحیح اور مستند سمجھ رہے ہیں۔ وہ یقیناً غلط ہے۔ اس غلطی کے ذمہ وار خواہ ہمارے سید ہوں یا پال ہورن لغت فرس کا مرتب یا خود اسدی لغت فرس کا مصنف۔ شعر ہذا کوئی تنہا شعر نہیں ہے بلکہ فرخی[1] کے قصیدہ میں آتا ہے۔ یہ قصیدہ بحر رمل مثمن محذوف میں ہے جس کا وزن ہے۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن، اور مطلع ہے:۔

دوست دارم کودک سیمیں بر بیجادہ لب   ہر کجا زیشان یکی بینی مرا آنجا طلب

فرخی کا منقولۂ بالا شعر بھی ضرور ہے کہ اسی وزن میں ہو۔ چنانچہ تقطیع :۔

از دلارا فاعلاتن، می نغزی فاعلاتن، چو غزلہا فاعلاتن، اے شہید فاعلات، وز دلاوے فاعلاتن، زی ی خوبی فاعلاتن، چو ترانا فاعلاتن، بو طلب فاعلن، یعنی وہی رمل مثمن مقصور یا محذوف، اب سید صاحب کے روایت کردہ شعر کی تقطیع ملاحظہ ہو:۔

زدلاوے فعلاتن، زی ی تری فعلاتن، چ غزلہا فعلاتن، ء شہید فعلات، وز غمنجا فاعلاتن، م ی خوشی فعلاتن، چ ترانا فعلاتن، بو طلب فعلات،

---

[1] دیوان فرخی مرتبہ عبد الرسولی ۱۳۱۱ھ مطبوعہ مجلس (ایران) ص ۔ و دیوان حکیم فرخی ص ۔ طبع بمبئی،

اور وزن ہے بحر رمل مثمن مخبون مقصور۔ بالفاظ دیگر وزن ہی بدل گیا ہے۔
یعنے سالم سے مخبون ہو گیا۔ یہ کسی طرح ممکن نہیں کہ حشویات تمام قصیدے
میں جس کے پچاس سے زیادہ شعر ہیں سالم آئیں اور ایک شعر میں مخبون ہو جائیں
لہذا میں تو اس شعر کو غلط کہوں گا،

قولہ:- اہل عرب اس کو رباعی اس لئے کہتے ہیں۔ کہ بحر ہزج جس میں
رباعی کہی جاتی ہے چار اجزاء سے مرکب ہوتی ہے اور اس لئے اس وزن کا
ایک مصرع عربی میں دو جزء کا ایک شعر ہو جاتا ہے اور اس طرح چار مصرعوں
میں چار شعر ہو جاتے ہیں۔ رازی کے اس بیان کی تائید معیار الاشعار فارسی عروض
کی ایک قدیم کتاب ۶۴۹ھ سے ہوتی ہے۔" ص۲۲

میں یہ توجیہ ماننے کے لئے طیار نہیں کہ چونکہ ہزج عربی میں مربع الارکان
آتی ہے۔ اس بناء پر اس کو رباعی کہنے لگے۔ ہزج دائرہ میں مسدس ہے۔
اگرچہ بنا میں مجزو ہے۔ دوسرے عربی میں ایک یہی بحر تو ہے نہیں جو مربع
آتی ہے۔ اس میں تو اکثر بحریں مربع استعمال ہوتی ہیں پھر ہزج کی کیا خصوصیت
رہی۔ اس کے علاوہ رباعی کی ابتدا فارسی سے ہوتی ہے نہ عربی سے۔ اسلئے
اس کا نام رباعی رکھنے میں عربی والوں نے چار بیتی کی تقلید کی ہے؛

محقق طوسی کی تالیف معیار الاشعار سید صاحب کے خیال کی تائید نہیں
کرتی۔ اس میں مذکور ہے:-

" ترانہ را قدماء چہار بیت می گرفتہ اند و آنرا چہار بیتی خوانده و بتازی رباعی"۔
یعنی قدماء کے نزدیک رباعی چار بیتوں پر شامل تھی۔ اس لئے اس کا نام چہار بیتی
رکھ دیا۔ اور عربی میں رباعی۔ لہذا سید صاحب کا یہ بیان کہ رباعی کا نام رباعی چار
مصرعوں کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ چار مصرعوں کے چار شعر ہو جانے کی وجہ سے،

بالکل بے بنیاد ہے۔ صحیح وہی ہے جو محقق طوسی کے بیان سے مستنبط ہوتا ہے یعنی ایرانیوں نے اس کا نام چہار بیتی رکھا اور عربی والوں نے تقلیداً رباعی کہا۔

قولہ:۔ سوال یہ ہے کہ دو دو جزو کا اس طرح ایک ایک شعر ہو جانا آیا فارسی میں تھا اور اس لئے اس کو کبھی چہار بیتی کہتے تھے۔ یا عربی میں اور اس لئے اس کو رباعی کہتے تھے۔ مؤلف معیار الاشعار نے صرف قدماء یعنے پہلے لوگ لکھا ہے جس سے فارسی و عربی کی تخصیص نہیں نکلتی۔" (خیام ص۲۲۲)

مؤلف معیار الاشعار کے بیانات تو ہمیشہ ٹھیک ٹھیک راست بلا کم و کاست مبنی بر حقیقت ہوتے ہیں۔ لیکن سید صاحب کی اس کتاب کے ساتھ عدم واقفیت نے بے شک انہیں غیر حقیقی الجھنوں میں مبتلا کر دیا ہے۔ محقق طوسی کی یہ تالیف فارسی کے ساتھ ساتھ عربی عروض کی بھی جداگانہ توضیح کر رہی ہے۔ بلکہ مصنف کا قاعدہ ہے کہ پہلے ہر بحر کے عربی ضوابط و اوزان و امثال بیان کرتا ہے اس کے بعد فارسی اوزان اور امثال دیتا ہے۔ سید صاحب اس کو محض فارسی عروض کی کتاب (ص۲۲۱ خیام) بیان کرتے ہیں۔ اسی لئے سید والا مرتبت کا یہ قول کہ مؤلف معیار الاشعار نے صرف قدماء یعنی پہلے لوگ لکھا ہے جس سے فارسی و عربی کی تخصیص نہیں نکلتی۔" فاضل موصوف اس سے زیادہ اور کیا تخصیص کرتے کہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ الگ دکھا دیا ہے۔ ہزج کے عربی اوزان میں انہوں نے رباعی کا مطلق ذکر نہیں کیا اور فارسی کے ذکر میں لکھا جس سے پڑھنے والے پر صاف روشن ہے کہ رباعی فارسی الاصل ہے اور عربی سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔ سید صاحب اس سے زیادہ اور کیا تخصیص چاہتے ہیں۔

قولہ:۔ مگر محمد ابن قیس رازی نے تصریح کی ہے کہ یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے۔ کیونکہ اس کا ثبوت نہیں ملتا کہ عربی کی

طرح فارسی اہلِ عروض بھی ایک لفظ کے حرفوں کو توڑ کر کبھی دو مصرعوں میں بانٹتے تھے۔" (ص ۲۲۳ خیام)

عروض کے میدان میں یوں تو کئی چیزیں عجمیوں کی دماغی پیداوار اور ذہنی یادگار کی حیثیت سے شمار کی جا سکتی ہیں۔ مثلاً بحور قریب و جدید و متشاکل۔ نیز ان کی نو ایجاد اکیس بحریں جو دوائر منعکسہ و منغلقہ و منغلطہ سے تعلق رکھتی ہیں لیکن ان کی افادی وقعت قابلِ ذکر نہیں۔ لے دے کر کوئی کام کی چیز جو جدید ایرانی اضافہ کے طور سے تسلیم کی جا سکتی ہے رباعی ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ ہمارے سید والاشان نے بیک جنبشِ قلم اس عزت سے بھی انہیں محروم کر دیا اور یہ ارشاد کر دیا کہ رباعی کہنے والے قدماء عرب کے شاعر تھے۔ خوش قسمتی سے سید صاحب اس عقیدے میں بالکل تنہا ہیں حتےٰ کہ محمد ابن قیس بھی جس کی مبینہ تصریح پر سید صاحب یہ رائے قائم کرتے ہیں ان کے بالکل برخلاف ہے۔ ذیل میں مصنف موصوف کے تین مختلف بیان جن میں سے ہر ایک سید صاحب کے مزعومہ دعوے کے مخالف ہے نقل کئے جاتے ہیں۔

"لیکن بحکم آنکہ زحافی کہ درین وزن مستعمل است در اشعارِ عرب نبودہ است در قدیم برین وزن شعرِ تازی نگفتہ اند و اکنون محدثان اربابِ طبع بران اقبالی تمام کردہ اند و رباعیاتِ تازی در ہمہ بلاد عرب شایع و متداول گشتہ است۔"

(ص ۹۰، المعجم فی معاییر اشعار العجم)

اس کا ترجمہ:- لیکن چونکہ ایسے زحاف جو اس وزن [رباعی] میں استعمال ہوتے ہیں۔ اشعارِ عرب میں نہیں آتے۔ عہدِ قدیم میں تازی گویوں نے اس وزن میں اشعار نہیں لکھے۔ البتہ عہدِ حاضر کے اربابِ ذوق نے اس کی طرف اقدام کیا ہے۔ چنانچہ عربی رباعیاں تمام ممالکِ عرب میں رائج اور مشتہر ہو گئیں۔ ایسے صاف اور صریح بیان کے باوجود سید صاحب کس طرح یہ دعوے پیش

کر سکتے ہیں کہ یہ رباعی گو قدماء عربی کے شاعر تھے۔
شمس قیس کا دوسرا بیان یہ ہے:-
"و بحقیقت ہیچ وزن از اوزان مبتدع و اشعار مخترع کہ بعد از خلیل احداث کردہ اند بدل نزدیک تر و در طبع آویزندہ تر ازین نیست۔ (ص ۹۰ المعجم)
یہ بیان بھی سید صاحب کے دعوے کے خلاف ہے۔
شمس قیس کا تیسرا بیان رباعی کی ایجاد شاعر مشہور رودکی کی طرف منسوب کرتا ہے۔ جو ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے:-
"و یکی از متقدمان شعرای عجم و پندارم رودکی واللہ اعلم از نوع اخرم و اخرب این بحر وزنی تخریج کردہ است کہ آنرا وزن رباعی خوانند" (ص ۱۱۱ المعجم)
جب رباعی کی ایجاد بروایت شمس قیس رودکی کی طرف منسوب ہے تو ہمارے سید محترم کس طرح قدماء عربی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ خود شمس قیس کو اپنے بے سند دعوے کا مدار علیہ قرار دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ محمد ابن قیس رازی نے تصریح کی ہے کہ یہ رباعی (چہار بیتی) کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے۔ میں سید صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ محمد ابن قیس کا دامن ہر ایسی تصریح سے پاک ہے۔
عربی کی طرح فارسی اہل عروض بھی ایک لفظ کے ٹکڑوں کو توڑ کر کبھی دو مصرعوں میں بانٹتے تھے۔ اس سے میں سمجھتا ہوں سید صاحب کا مطلب اشعار معقد سے ہے۔ ایسے اشعار عربی کی تقلید میں قدماء فارسی میں رائج تھے۔ زیادہ تر انہی ایام میں جب شعر گوئی کا مدار اکثر و بیشتر مربعات پر تھا۔ اشعار معقد میں مصرع اول مصرع دوم سے لفظاً و معنیً وابستہ ہوتا ہے۔ ہر مصرع مرکب غیر مفید کا حکم رکھتا ہے جب تک دوسرا مصرع ساتھ نہ پڑھا جائے بات ناتمام رہتی ہے۔ اس لئے

کئی موقعوں پر ضروری ہے کہ دونوں مصرعوں کو ساتھ ملا کر مثل ایک مصرع مثمن کے پڑھیں۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشعار معقد ہیں جو فارسی میں اصول مثمنات کی دریافت کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ جب مثمنات کی دریافت نے فارسی عروض میں انقلاب عظیم پیدا کر دیا۔ اوزان مربع کا رواج متروک ہو گیا ان کے ساتھ ہی اشعار معقد بھی جو مثنیٰ و مربع و مثلث ہوتے تھے غائب ہو گئے۔ محقق طوسی نے ان کی بعض مثالیں اپنی تالیف میں محفوظ رکھی ہیں جن میں سے کچھ اس سے پیشتر اسی مضمون میں نقل ہو چکی ہیں۔ بعض یہاں درج کی جاتی ہیں:۔

مثال ہزج مربع سالم:۔

بیار آن مے کہ پنداری — روان یاقوت نابستے
و یا چون برکشیدہ تیغ — پیش آفتابستے

آخری شعر میں تیغ کا 'فلین' وزن کی رو سے دوسرے مصرع میں شامل ہے۔ رودکی کا یہ قطعہ بالعموم مثمن شکل میں لکھا جاتا ہے۔ جس سے تمام قطعہ مصرع ہو گیا ہے۔ حتےٰ کہ حدائق السحر میں بھی اس کو مثمن ہی درج کیا ہے۔ لیکن محقق طوسی نے مذکورہ بالا شعر مربع کی مثال میں نقل کئے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قطعہ اصل میں مربع تھا۔ اور مثمنات کے رواج کے بعد اس کو بھی مثمن بنا لیا گیا۔

مثالِ دیگر:۔ رہ شادیم — برلبستی

یہ دو رکنی شعر ہے۔ جس کی تقطیع ہے:۔ رہ شادی فعلاتن ، م بلبستی فعلاتن ، یعنے میم ضمیر متکلم شامل مصرع دوم ہے۔

مثالِ دیگر:۔ ہر کہ بدخواند ترا — از مردمی ہست او بری

اس شعر میں 'از' بغرض تقطیع شامل مصرع اول ہے۔

مثال شعر مثلث :۔ ؎ نو شد جہان زین نو بہار و سال نو

یہ تین رکن کا پورا شعر ہے جس کا نصف معین نہیں۔ عربی تقلید میں بدیع بلخی نے یہ قصیدہ لکھا تھا +

قولہ :۔ چوتھی پانچویں صدی کے شعراء فارسی پہلے دوسرے اور چوتھے مصرعوں کے ساتھ تیسرے کو بھی اکثر ہم قافیہ لایا کرتے تھے مگر اس کا قطعی لزوم ان کے ہاں بھی نہ تھا۔ چنانچہ رودکی فردوسی عنصری وغیرہ کی رباعیوں میں کبھی تیسرے مصرع میں قافیہ ہے اور کبھی نہیں ہے"۔

اس بارہ میں ڈاکٹر شیخ محمد اقبال فارسی پروفیسر پنجاب یونیورسٹی کی رائے میرے خیال میں زیادہ وزنی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ ایک رباعی جتنی زیادہ قدیم ہو گی گمان غالب ہے کہ وہ مصرّع ہو گی۔ جتنی متاخر ہو گی اتنی ہی خصی ہو گی میں غیر خصی کو مصرّع اور خصی کو غیر مصرّع کہوں گا۔ چوتھی اور پانچویں صدی میں بالعموم مصرّع رباعیاں رائج تھیں۔ مثلاً شعرائے عہد غزنہ کے دواوین میں سے عنصری کی ۳۶ رباعیوں میں سے ۳۴۔ فرخی کی ۳۷ میں سے ۳۶۔ ناصر خسرو کے ہاں ایک میں سے ایک۔ ابو الفرج رونی کے ہاں ۵۷ میں سے ۵۱۔ قطران تبریزی کے ہاں ۱۵ میں سے گیارہ اور مسعود سعد سلمان کے ہاں ۲۲۷ میں سے ۲۱۹ رباعیاں مصرّع ہیں۔ اس سے ہم یہ رائے قایم کرتے ہیں کہ چوتھی اور پانچویں صدی میں مصرّع رباعیاں کہنے کا دستور لزوم کی حد تک عام تھا۔ ان میں غیر مصرّع رباعیوں کا شمول خالی از اشتباہ نہیں۔ جلد دوم لباب الالباب میں شعرائے آل سامان و شعرائے آل ناصر کی رباعیاں جو بتفصیل ذیل ہیں سب کی سب بلا استثناء مصرّع ہیں۔ چنانچہ :۔

ابو شکور بلخی ایک۔ صـ۲۱۔ عنصری ایک صـ۳۲، ابو عبداللہ محمد المعروف

برورده البلخی کے ہاں پانچ مختلف مصرع شعر بروزن رباعی ص۴۷۔ فرخی ۴۲۹ھ
ابو عبداللہ عبدالرحمن بن محمد العطاردی، دو۔ ص۵۸، ابوالحرث حرب بن محمد
المقوری الہروی۔ یک، ص۶۰۔ ابوالمنصور عبدالرشید بن احمد بن ابی یوسف
الہروی، یک۔ ص۶۱، مسعود الرازی، یک، ص۶۳۔ ناصر لغوی، یک، ص۶۹۔
یہ رباعی ۴۲۱ھ میں امیر محمد بن محمود کے قید کئے جانے کے موقع پر لکھی گئی ہے
محسن قزوینی، یک، ص۶۵۔ . . . . بن احمد البدری الغزنوی، یک، ص۶۵۔

لغت فرس میں تین رباعیاں میری نظر سے گزریں اور تینوں مصرع ہیں
پہلی 'لست' کی شرح میں ص۴۶ پر لبیبی کی۔ دوسری 'زوشیدن' کی تشریح میں ص۵۳
پر عسجدی کی۔ اور تیسری ابوالمؤید کی 'نلک' کی تشریح میں جو حسب ذیل ہے۔

صفرای مرا سود ندارد نلکا دردسر من کجا شناسد علکا
سوگند خورم بہر چہ ہستم ملکا کز عشق تو بگداختہ ام چون کلکا ص۶۸

لغت فرس میں تو یہ رباعی سب سے قدیم مانی جا سکتی ہے۔

رباعی کے وزن پر بعض شعر بھی اسی فرہنگ میں ملتے ہیں۔ مثلاً 'شبغازہ'
کے ذکر میں ص۴۷ پر عمارہ کا شعر مصرع اور ص۳۸ پر 'چغز' کے بیان میں ابوالفتح
بستی کا مصرع بیت:۔

ہر چند کہ درویش پسر فغ زاید درچشم توانگران ہمہ چغز آید

اور ص۸ پر 'مالہ' کے ذکر میں عمارہ کا شعر۔ لیکن دقیقی کا ایک شعر جو اگرچہ وزن رباعی
میں ہے غیر مصرع ہے جو ص۱۰۰ پر 'سخون' کی تشریح میں دیا گیا ہے۔ چنانچہ:۔

از سیم کلان وہم تیز خیزت روزی وہم ہمہ ہندوان لبوز و بسخون

یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ شعر کسی رباعی سے لیا گیا ہے بلکہ فردیات سے تعلق رکھتا ہے

صفحہ ۱۲۔ ۹۰۲ روئداد اورینٹل کانفرنس اجلاس بڑودہ، طبع ۱۹۳۰ء۔

اوزان رباعی ہیں منفرد اشعار بھی لکھے جاتے رہے ہیں۔ میں ایک مثال رودکی کے ہاں سے دیتا ہوں :-

اندر عجم زجان ستان کز چو توئے ۔ جان بستد واز جمال تو شرم نداشت[1]

گلستان سعدی میں ایسے فردیات کی مثالیں بکثرت موجود ہیں۔

علیٰ ہذا دمیۃ القصر میں باخرزی نے جو عربی و فارسی رباعیاں درج کی ہیں۔ تمام و کمال مصرع ہیں۔ ملاحظہ ہوں صفحات ص ۱۷۴، ص ۱۷۵، ص ۲۰۲، ص ۲۶۱، ص ۲۹۶۔ اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ رودکی و فردوسی و عنصری وغیرہم کے ہاں غیر مصرع رباعیوں کا موجود ہونا اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ وہ ان شعراء کی اصلی رباعیاں نہیں ہیں بلکہ متاخرین نے سہواً ان کی طرف منسوب کر دی ہیں۔ رودکی کی جس قدر رباعیاں سید صاحب نے نقل کی ہیں یقیناً مشتبہ ہیں اور یہ انہیں خود بھی تسلیم ہے۔ اسی قسم کی ایک رباعی شمس قیس نے المعجم میں حسب ذیل دی ہے :-

واجب نبود بکس بر افضال و کرم ۔ واجب باشد ہر آئینہ شکر نعم

تقصیر نکرد خواجہ در ناواجب ۔ من در واجب چگونہ تقصیر کنم (المعجم ص ۲۰۳)

مگر یہ رباعی غیر مصرع ہونے کے علاوہ پچاس فیصدی عربی الفاظ پر شامل ہے۔ جو یقیناً رودکی کے عہد کی زبان نہیں۔ جلد دوم احوال و اشعار رودکی میں سعید نفیسی نے رودکی کی ہجویات کی مثال میں یہ رباعی نقل کی ہے۔ جو شبہ سے خالی نہیں :-

آن خر پدرت بدشت خاشاک زدی ۔ مامات دف و دو روبیہ چالاک زدی

آن بر سر گورہا تبارک خواندی ۔ وین بر در خانہا تبوراک زدی

---

[1] احوال و اشعار ابو عبداللہ جعفر بن محمد رودکی جلد دوم ص ۱۰۹۰ تالیف سعید نفیسی۔ طہران۔ سنہ ۱۳۱۰ھ ،

سنہ ۳۵۲ھ میں امیر ابوجعفر والی سیستان کی وفات پر صانع بلخی یہ رباعی لکھتا ہے:۔

خان غم تو پست شدہ ویران باد خان طرب ہمیشہ آبادان باد

ہموارہ سر کار تو با نیکان باد تو میر شہید ودشمنت ماکان باد[1]

قولہ:- عربی کی رباعیوں میں چاروں مصرعوں کا ہم قافیہ لانا اس لئے ضروری تھا کہ اس کا ہر مصرع شعر ہوتا تھا۔ اس پر مستزاد یہ کہ بعض جدت پسندوں نے قافیہ کے ساتھ ردیف کی بھی شرط کر لی تھی"۔ (ص ۲۲۳ خیام)

رباعی کے معاملہ میں عربی والے ہمیشہ فارسی کے مقلد رہے ہیں اسلئے جب رباعی چار شعروں کی صورت میں لکھی جاتی تھی۔ یا جب دو شعروں کی صورت میں مرقوم ہوتی تھی۔ عربی خوان ہر حال میں تقلید شعرائے فارسی کرتے رہے ہیں۔ یہی کیفیت ردیف کی ہے جو فارسی الاصل ہے اور عربی والوں نے تقلیداً اختیار کر لی ہے۔ محقق طوسی کتاب معیار الاشعار میں رقمطراز ہیں:۔

"وردیف در اصل خاص بود بزبان پارسی ومتاخران شعرائے عرب از پارسی گویان فرا گرفتہ اند وبکاری دارند"۔ (معیار الاشعار ومیزان الافکار ص ۱۲۶ طبع ملوی)

قولہ:- ابوالحسن باخرزی المتوفی سنہ ۴۶۷ھ نے اپنی کتاب دمیۃ القصر میں ذکر کیا ہے کہ "میں نے اس سے پہلے اس طریقہ پر رباعی نہیں سنی تھی"۔ "لم اکن سمعت ھذہ الطریقۃ یہاں تک کہ میرے والد نے ابوالعباس باخرزی کی چند رباعیاں اسی طرز کی سنائیں"۔ (ص ۲۲۴ خیام)

"لم اکن سمعت ھذہ الطریقۃ" کا ترجمہ سید محترم نے ان الفاظ میں کیا ہے کہ "میں نے اس سے پہلے اس طریقہ پر رباعی نہیں سنی تھی"۔ لیکن یہ ترجمہ درست نہیں معلوم ہوتا۔ عربی عبارت میں رباعی کا لفظ مذکور نہیں۔ میرے نزدیک

---

[1] ص ۳۲۴ تاریخ سیستان تالیف در حدود ۴۴۵-۷۲۵ تصحیح ملک الشعراء بہار۔ طہران سنہ ۱۳۱۴ شمسی۔

اس کا ترجمہ یوں ہونا چاہیئے۔ کہ "میں نے اب تک اس قسم کی نظم نہیں سنی تھی۔ الخ" مصنف کا مقصد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کے لئے عربی میں رباعی سننے کا عمر میں یہ پہلا موقع تھا جب اس کے والد نے ابو العباس باخرزی کی اس طرح کی رباعیاں سنائیں۔ باخرزی کی عبارت ہے :-

" ولم اکن سمعت هذه الطریقة حتیٰ انشدنی والدی لابی العباس الباخرزی رباعیات علیٰ هذا النمط" (ص۲۶۱)

اگر میرا یہ اختلافی ترجمہ قابل قبول ہے تو ظاہر ہے کہ رباعی کا تعارف اگرچہ عربی میں ہو چکا تھا مگر اس کا علم خواص تک محدود تھا اور عام رواج میں نہیں آئی تھی کیونکہ باخرزی جیسا فاضل شخص اس کے وجود سے بے خبر تھا۔ باخرزی کا یہ بیان بجائے سید صاحب کی تائید کے ان کے اس قول کی کہ رباعی کہنے والے قدماء عربی کے شاعر تھے واضح تر دید کرتا ہے۔ بلکہ دمیۃ القصر میں اور موقعوں پر بھی فارسی کے ساتھ رباعی کے مربوط ہونے کی نسبت اشارے موجود ہیں چنانچہ ابو نصر تمیم بن احمد الغزنوی کے حالات میں مذکور ہے :- " والغالب علیه لسان العجم ورباعیة ، ص۲۵۰"

محمد بن ابی نصر کے ذکر میں مرقوم ہے :- " وله رباعیات فی الفارسیة رقیقة واختراعات فیها دقیقة" ص۲۶۵ اسی طرح صفحات ۲۰۲ ، ۲۶۱ و ۲۶۲ ، ۲۶۵ و ۲۹۶ پر فارسی کی متعدد رباعیاں اور ان کے عربی ترجمے منقول ہیں ۔

اس کے بعد فاضل سید دمیۃ القصر سے عربی کی پانچ مصرّع رباعیاں نقل کر کے فرماتے ہیں :-

" آپ دیکھیں کہ ان سب رباعیات کے چاروں مصرعوں میں قافیے ہیں، حالانکہ اسی عہد کی بلکہ اس سے پیشتر کی فارسی رباعیوں میں اس کی پابندی مطلق

نہیں ہے۔ عمّارہ مروزی جو چوتھی صدی کے اواسط میں تھا، کہ اس نے سامانی
و غزنوی دونوں درباروں میں رسوخ پایا تھا، کہتا ہے:-
آن می بدست آن بت سیمین من نگر گوئی کہ آفتاب بہ پیوست باقمر
وان ساغری کہ سایہ بیفگند مئی برو برگ گل سپید است گوئی بلالہ بر
تیسرا مصرع قافیہ سے خالی ہے۔" (ص ۲۲۵ خیام)
چاروں مصرعوں میں قافیے آنے کی وجہ یہ ہے کہ اس عہد میں بتقلید
چہار بیتی دوبیتی یا مصرّع رباعیاں کہنے کا دستور تھا۔ فارسی شعراء بھی اپنی دوبیتیوں
میں چار قافیے ہی لاتے تھے جیسا کہ اس سے قبل گزارش ہو چکا ہے۔ سید صاحب
کے ذہن میں جو تین قافیوں والی غیر مصرّع رباعیاں ہیں وہ درحقیقت زمانۂ مابعد
کی پیداوار ہیں۔ یہی نہیں بلکہ وہ اوزان غیر رباعی کو اوزان رباعی کے ساتھ خلط
بھی کر رہے ہیں چنانچہ عمّارہ مروزی کے تین قافیوں والے اشعار بالا کو رباعی
تصور کر رہے ہیں۔ حالانکہ رباعی کو ان سے کوئی واسطہ نہیں۔ اصل میں بحر
ہزج کے بارہ اخرب اور بارہ اخرم اوزان جن کی میزان چوبیس ہوتی ہے اوزان
رباعی کہلاتے ہیں اور رباعی کا اطلاق انہی اوزان پر محدود ہے۔ عمّارہ مروزی
کے اشعار بحر مضارع میں ہیں۔ ان کی تقطیع ہے:-
آ مے بَ مفعولُ، دستِ اٰبُ فاعلاتُ، ت سیمین مفاعیلُ، من نگر فاعلن،
گوئی کِ مفعولُ، آفتاب فاعلاتُ، بہ پیوست مفاعیلُ، باقمر فاعلن،
اور وزن مضارع مثمن مکفوف و محذوف ہے۔
عجائب خانے اس پچیس سال کے عرصے میں، آثار ہند کی حفاظت کے کام کو جو فروغ حاصل ہوا۔ اس کے نتیجے کے طور پر

آثار کے عجائب خانوں کو بھی بہت ترقی ملی۔ محکمہ کی طرف سے دس عجائب خانے قایم ہوئے۔ جن میں سے پانچ گذشتہ دس سال کے عرصے میں قایم ہوئے۔ نئی دہلی کا میوزیم اس لحاظ سے بہت اہم اور قابلِ ذکر ہے کہ اس میں سر آرل سٹائن کے وسطِ ایشیا کے عجائبات محفوظ ہیں۔ ٹیکسلا کا عجائب خانہ ۱۹۲۸ء میں قایم ہوا اور بقول راؤ بہادر ڈکشٹ باعتبار تخطیط (Plan)، اشیائے محفوظہ اور عام انتظام و اہتمام کے ملک کی بہترین عجائب گاہوں میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سے چھوٹے بڑے عجائب خانے قایم ہوئے جن میں سے بعض صوبجاتی ہیں۔ اور بعض مقامی۔ ان میں ہڑپا، موہنجوڈارو اور دیگر مقامات کے عجائبات کا ذخیرہ رکھا گیا ہے۔

عجائب خانوں کے انتظام و اہتمام کے بارے میں جس کے متعلق آگے چل کر پھر کچھ کہا جائے گا۔ سب سے عمدہ تبصرہ وہ ہے۔ جو ہارگریو اور مارخم صاحبان نے ہندوستان کے عجائب گھروں کے دقیق معاینہ کے بعد کیا ہے اور محکمہ کو بعض اصولی نقایص کی طرف توجہ دلائی ہے۔

تحفظِ آثار

محکمہ آثار قدیمہ کی سرگرمیوں میں پرانی تعمیرات و آثار کی حفاظت کا کام جزو اکبر کا درجہ رکھتا ہے۔ جس پر محکمہ کا بیشتر روپیہ صرف ہوتا ہے۔ آج سے پچیس سال پہلے تحفظ آثار کا کام صوبجاتی ذمہ واری کے ماتحت تھا۔ اور مرکزی حکومت کی جانب سے صرف ان مواقع پر امداد مل جایا کرتی تھی۔ جب صوبجاتی بجٹ کسی کام کی وسعت کے لئے مکتفی نہ ہو لیکن ۱۹۱۹ء کی اصلاحات کے بعد پرانے آثار کی حفاظت مرکز کے ماتحت آگئی۔ جس کی وجہ سے اس کے راستے سے وہ پرانی مالی دقتیں اور دیگر عملی مشکلات رفع ہوگئی ہیں۔ راؤ بہادر ڈکشٹ کی رائے ہے۔ کہ اگرچہ

ہندوستانی آب وہوا کی خرابی اور آثار کی کثرت و وسعت کی وجہ سے محکمہ کو بعض اوقات بہت سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن بہ حیثیت مجموعی بہت سی پرانی عمارتوں کی اصلاح و مرمت کر لی گئی۔ دہلی اور آگرہ کی قدیم اسلامی عمارتوں کو بھی ان کی اصلی حالت میں لانے کے لئے محکمہ نے بہت سا عمدہ کام کیا۔ غرض گزشتہ رُبع صدی میں ایک کروڑ اور پچیس لاکھ روپیہ عمارتوں کی ترمیم و تہذیب پر خرچ ہوا۔ جس سے اس ادارہ کی کارکردگی کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔

علم کتبات علم کتبہ شناسی کو زیر بحث زمانے میں اچھی خاصی ترقی حاصل ہوئی ہے۔ غالباً یہ حقیقت محتاج بیان نہیں۔ کہ علم کتبات کو آرکیالوجی اور تاریخ سے گہرا تعلق ہے۔ ان پچیس برسوں کے دوران میں مختلف کتبوں کی مدد سے تاریخ کے بعض نہایت مشکوک اور تاریک گوشوں پر روشنی پڑی۔ وہ نظریات جو عرصہ سے رائج چلے آتے تھے۔ وہ یک بیک تبدیل ہو گئے۔ کئی اختلافی باتوں کے فیصلے ہو گئے۔ اور بے شمار باتوں کے متعلق جدید معلومات حاصل ہوئیں۔ علے الخصوص بعض واقعات کے سنِ وقوع کے متعلق یقینی شہادتیں دستیاب ہوئیں۔

مثال کے طور پر سرکار نظام کی مملکت میں اشوک کے ایک کتبے کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوگا۔ جس کا انکشاف ۱۵-۱۹۱۴ء میں راؤ بہادر کرشنا شاستری نے کیا۔ اس کتبے کی عظیم الشان خصوصیت یہ ہے۔ کہ اس میں اشوک کا نام درج ہے۔ اور غالباً یہی ایک کتبہ ہے۔ جس میں اس بادشاہ کا نام آیا ہے۔ اسی طرح جنوبی ہندوستان کے بہت سے کتبات نے تاریخ کے پرانے مسلمات میں انقلاب پیدا کیا۔ جس کی تفصیل کے لئے راؤ بہادر ڈکشٹ

کے محولہ بالا تبصرہ کی طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے ۔

اسلامی کتبات کی تلاش اور ان کے انکشاف کی کوششیں اگرچہ خاطر خواہ نہیں ہوئیں۔ جیسا کہ آگے چل کر اس کا ذکر آئے گا۔ تاہم جو کچھ ہوا اس کو غنیمت خیال کرنا چاہیئے۔ راؤ بہادر صاحب کے بیان کے مطابق ۵۹۸ کتبے معلوم ہو کر پڑھے گئے اور Epigraphia Indo-Moslemica کی ۱۴ اشاعتیں مع ایک ضمیمہ کے شایع ہو کر طلبۂ تاریخ کے ذخیرۂ علمی میں اضافہ کا باعث ہوئیں۔ یہ کتبات کابل سے لے کر دیناج پور اور مدگل (ضلع رائچور) تک تقریباً تمام صوبجات سے متعلق ہیں۔ اور چھٹی صدی ہجری سے شروع ہو کر بارویں صدی ہجری تک ممتد ہوتے ہیں۔ ان سے بہت سے خاندانوں کے کوائف پر روشنی پڑتی ہے۔ اس کے علاوہ ہر زمانے کے تمدن اور تہذیبی نقطۂ نگاہ کے متعلق بھی بہت سی معلومات حاصل ہوتی ہیں دکن کے کتبات کے متعلق ایک خاص بات یہ ہے۔ کہ ان میں ثلث اور طغرا خط استعمال کیا گیا ہے۔ اور اسی طرح افغانوں کے عہد اور مغلوں کے عہد کی امتیازی خصوصیات بھی نہایت مستحکم طور پر آشکارا ہوتی ہیں ۔

مسکوکات سکوں سے تاریخ کے بعض مبہم امور پر بہت تسلی بخش روشنی پڑتی ہے۔ ہندوستان میں سکہ شناسی کا ذوق اگرچہ شروع میں بہت کم تھا۔ لیکن اب روز بروز ترقی پر ہے۔ قدیم یونانی سکوں سے لے کر آخری اسلامی بادشاہوں تک سب کے متعلق سکے تلاش کے بعد دستیاب ہو رہے ہیں۔ صرف توجہ۔ محنت اور ذوق کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں جو کام ہوا۔ اس کا کچھ اندازہ ایلین (Allan) کی گپتا خاندان کے سکوں کی فہرست اور دوسری کتابوں سے ہو سکتا ہے۔ جہاں تک مسلمان بادشاہوں کے

سکّوں کا تعلق ہے۔ نیلسن رائٹ (Nelson Wright) کی فہرست مسکوکات اور ہوڈیوالہ کی Studies in Mughal Numismatics خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

ریاستوں میں بھی آثارِ قدیمہ کے سلسلے میں بہت کام کی گنجائش ہے مثلاً حیدرآباد، میسور، گوالیار وغیرہ میں اس غرض کے لئے باقاعدہ محکمے قایم ہیں۔ جن کی روداویں وقتاً فوقتاً شایع ہوتی رہتی ہیں۔ ریاستوں کے یہ محکمے کم و بیش انہی اصولوں پر کام کر رہے ہیں۔ جو برٹش انڈیا کی آرکیالوجی کے پیشِ نظر ہیں۔

حضرات! میں نے محکمۂ آثارِ قدیمہ کے کام کے متعلق ایک مختصر مگر جامع سا خاکہ پیش کیا ہے۔ جو راؤ بہادر ڈکشٹ کے اپنے بیان پر مبنی ہے عربک پرشین سوسائٹی کے معین اور مخصوص زاویۂ نگاہ سے محکمہ کی کارکردگی پر بحث کرتے ہوئے قدرتی طور پر یہ سوال کرنا پڑتا ہے۔ کہ محکمہ ہندوستان کے اسلامی عہد کے آثار و عمارات کو محفوظ کرنے اور اس زمانے کی تاریخ کے تاریک گوشوں پر روشنی ڈالنے کے سلسلے میں کہاں تک مخلصانہ کوشش کر رہا ہے۔ غالبًا یہ کہنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ کہ اسلامی عہد کے باقیات کے لئے جو کچھ ہو چکا ہے۔ اس کے لئے محکمہ بہت کچھ مستحقِ تحسین و آفرین ہے۔ لیکن یہ واقعہ ہے۔ کہ جتنا ہونا چاہیئے۔ اتنا نہیں ہوا۔ پشاور سے لے کر جنوب تک اور بلوچستان سے لے کر بنگال تک چپے چپے پر مسلمانوں کے آثار موجود ہیں۔ علے الخصوص صوبہ پنجاب اور سندھ، گجرات اور بنگال، اور راجپوتانہ میں کام کی اس قدر گنجایش ہے۔ کہ محکمہ نہایت کامیابی کے ساتھ محنت کر سکتا ہے۔ اور اس کا ثمرہ حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن جائے افسوس ہے کہ محکمے کی توجہ ادھوری ہے جس کے باعث اس کی نگاہِ اعتنا صرف

خاص خاص جگہوں پر پڑتی ہے اور بعض اور جگہیں مستحق نظر نہیں خیال کی جاتیں۔ ۱۹۳۶ء میں عربک پرشین سوسائٹی کے ایک رکن نے صوبہ سندھ کا دورہ کیا۔ اور دس بارہ دن کے مختصر عرصے میں مفید ذخیرۂ معلومات، کتبوں سے حاصل کیا۔ جس کی طرف محکمہ نے بظاہر توجہ نہ کی تھی۔ سلطان محمد تغلق کی قبر کا حال اب تک معلوم نہ تھا۔ لیکن اب مذکورہ کتبوں میں سے ایک کتبے کی مدد سے یقینی طور پر روشن ہوگیا ہے ۔

اسی طرح راجپوتانہ میں قدم قدم پر آثار و علامات کی اتنی کثرت ہے کہ ایک نظارگی دشخوار پسند کے لئے وہ مایۂ صد عبرت بن سکتے ہیں۔ افسوس تو یہ ہے۔ کہ ہر سال یہ گرانمایہ شواہد تاریخی مٹتے جاتے ہیں۔ اور ہمیشہ کے لئے تاریخ کے ایک اہم صفحہ کو مبہم چھوڑتے جاتے ہیں۔ ۳۷ء کے بعد ۳۸ء میں انہی مقامات سے گذریے تو آپ کو یقیناً اس خزانہ میں کمی معلوم ہوگی۔ وہی پتھر، وہی سل، وہی دہلیز، وہی کتبہ۔ جس کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ غائب معلوم ہوتی ہے۔ غرض رفتہ رفتہ تہذیب و معاشرت کا یہ قدیم مرقع تاراج صرصر ایام ہوکر پریشان ہوتا جاتا ہے اور کوئی پرسان حال نہیں ۔

اس میں شبہ نہیں کہ اس میں قصور اس قوم کا بھی ہے۔ جس کی تاریخ سے یہ چیزیں متعلق ہیں۔ کیونکہ یہ اسی کا فرض ہے۔ کہ اپنے باقیات الصالحات کی حفاظت کرے اور اپنی عظمت کے مٹے ہوئے نشانات کو جوڑنے اور اجاگر کرنے کی کوشش کرے لیکن با این ہمہ اس سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ محکمہ آثار کو بھی (میں بہ افسوس اس حقیقت کا اعلان کرتا ہوں) اس شعبہ کی طرف توجہ کم ہے۔ یہ تو خوشی ہے۔ کہ قدیم ہندوستان کی تاریخ کھود کھود کر

از سرِ نو مرتب کی جا رہی ہے۔ لیکن اس بات کا رنج ہے۔ کہ محکمہ، اسلامی عہد کے ساتھ پورے انصاف کی پالیسی پر عامل نہیں۔

میں نے محکمہ آثار قدیمہ کی موجودہ پالیسی پر جو نکتہ چینی کی ہے۔ وہ کسی تعصب، کوتاہ بینی اور غلط فہمی پر مبنی نہیں۔ بلکہ درحقیقت، اس دردناک نقصان اور تلف و زیاں کو دیکھتے ہوئے جو تاریخ کے ایک درخشاں ترین عہد کے شواہد کے متعلق ظہور میں آ رہا ہے۔ اگر نکتہ چینی کا لب و لہجہ اس سے بھی تیز و تند ہو۔ تو نامناسب نہ ہوگا۔ یہ کیا قیامت ہے۔ کہ وہ آثار جو زیرِ زمین مدفون ہیں اور جن کا سواں حصہ بھی دستبردِ ایام سے محفوظ نہیں۔ اس قابل خیال کئے جائیں۔ کہ ان کے لئے کھدائی ہو۔ پھر ان کا ایک فرضی نقشہ افسرانِ محکمہ تیار کریں۔ اور جدید مسالہ اور نئے سنگ و خشت کے ساتھ ایک قیاسی عمارت تیار کر لی جائے اور اس کو دو ہزار سال پہلے کی عمارت یا آبادی کہہ کر پکارا جائے لیکن اس کے مقابلے میں افغانی اور مغلئی عہد کی شاندار زندہ عمارتیں امدادِ توجہ ہی رہ جائیں اور ان کو مٹنے دیا جائے۔ اور وہ اس لائق نہ خیال کی جائیں۔ کہ ان کی ترمیم و اصلاح کر لی جائے۔ وقت کی تنگ دامانی مانع ہے۔ ورنہ یہ بتایا جاتا۔ کہ کہاں کہاں ایسی شاندار عمارتیں ہیں۔ جو یا تو نااہل مالکانِ زمین کے ہاتھوں برباد ہو رہی ہیں۔ یا محکمہ کی ناقدر شناسی کا ماتم کر رہی ہیں۔

بات دراصل یہ ہے۔ کہ محکمہ کا اصول کار ہی درست نہیں۔ اس میں لائق اور تربیت یافتہ (ٹرینڈ) افسران کی کمی ہے۔ اور جو ہیں۔ وہ ایک مخصوص جذبہ سے سرشار ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ وہ ایک معیّن نہج پر چل رہے ہیں۔ اور جو چیز اس سے ذرا باہر ہے۔ وہ وقفِ غفلت ہو کر رہ جاتی ہے۔

محکمہ کی کارکردگی کا صحیح ترین اور سب سے آخری جائزہ وہ ہے جو سر لیونارڈ وولی[1] نے اپنی رپورٹ میں لیا ہے۔ ۱۹۳۸ء میں گورنمنٹ آف انڈیا نے محکمۂ آثار قدیمہ کی کارکردگی پر تحقیقی رائے پیش کرنے کی درخواست کی۔ جس پر عمل کرتے ہوئے سر لیونارڈ وولی نے ایک رپورٹ مرتب کی۔ جو کئی لحاظ سے لائق مطالعہ ہے۔ صاحب موصوف نے اس تبصرہ کے چھ ابواب میں محکمہ کے تمام متعلقہ امور پر مفصل بحث کی ہے۔ اور بتایا ہے۔ کہ محکمۂ آثار قدیمہ جس اصول پر کام کر رہا ہے۔ وہ بالکل غلط اور غیر علمی (Unscientific) ہے اور جتنا روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ اس کے مقابلے میں جو فائدہ مترتب ہو رہا ہے۔ وہ بہت کم ہے۔

حضرات! میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس اہم دستاویز کے ایک آدھ متعلقہ باب کا خلاصہ آپ کے سامنے پیش کرنا بیجا نہ ہوگا۔ بلکہ آپ کے ذہن و فکر کو حکومتِ ہند کے اس اہم شعبہ کی کارکردگی اور طریق کار سے روشناس کرانے کے لئے ضروری ہے۔ کہ وولی صاحب کی تحقیقات کے اہم امور کو آپ کے ذہن نشین کیا جائے۔

تحفظِ آثار

سب سے پہلے حفظِ آثار کو لیجیئے۔ اس کام پر حکومتِ ہند کا چھ لاکھ روپیہ صرف ہوتا ہے۔ اس میں پرانی عمارتوں، قبروں اور باغوں کی مرمت اور نگہداشت بھی شامل ہے۔ محکمہ بہت حد تک لائقِ تحسین ہے۔ کہ اس نے بعض بڑی بڑی عمارتوں کو محفوظ کرنے کے لئے عمدہ کام کیا۔ اور ان کی سرگرمیوں کا یہی حصہ ہے۔ جو پبلک سے اور سیاحوں سے خراجِ تحسین حاصل کر رہا ہے۔ لیکن محکمہ سالانہ کم و بیش ۲۳۰۰۰ روپیہ

---

[1] Sir Leonard Wooly.

بعض ایسے آثار کے تحفظ پر صرف کرتا ہے۔ جو اس سے پہلے زیرِ زمین مدفون تھے۔ اور اب کھدائی کے ذریعے ان کو سطح پر لایا گیا ہے۔ اور چونکہ وہ نہایت شکستہ حالت میں تھے۔ اس لئے ان کو از سرِ نو بنانا پڑا۔ "یہ محکمہ کی ایک خوفناک غلطی ہے"۔ کیونکہ ان مدفون عمارات کی جدید تعمیر ان زندہ اور (جمالیات اور آرٹ کے اعتبار سے) بلند پایہ عمارتوں کی حفاظت کے مقابلے میں کوئی وقعت نہیں رکھتی اور اس پر جو روپیہ صرف ہو رہا ہے۔ اس کو تضیعِ زر سمجھنا چاہیئے۔

کھدائی کے چند اصول

کسی کھنڈر کی کھدائی اور اس کے تحفظ کے سلسلے میں چند باتیں ہمیشہ پیشِ نظر رکھنی چاہئیں:۔

اوّل۔ کیا اس کھنڈر کی حفاظت عملاً ممکن ہے؟

دوم۔ کیا اس کی حفاظت کی کوئی خاص ضرورت ہے؟

سوم۔ کیا اس کی حفاظت سائنس دانوں کے فائدہ کے لئے ہے۔ یا عام پبلک کے لئے؟

چہارم۔ کیا اس سے جو فائدہ ہوتا ہے۔ وہ صرف شدہ روپیہ کے مقابلہ میں کم ہے یا برابر؟

وُلی صاحب کی رائے ہے۔ کہ محکمہ کے افسران کے ذہن میں یہ سوالات کبھی نہیں آئے۔ اور وہ زیرِ زمین مدفون کھنڈروں میں سے ہر ایک کی اندھا دھند حفاظت کی حکمتِ عملی پر عامل ہیں۔ حالانکہ ہر کھنڈر کی کھدائی اور اس کی حفاظت کے سوال پر پہلے پورا پورا غور ہونا چاہیئے۔ جہاں تک آثار شناسوں کے فائدہ کا تعلق ہے محکمہ کی اناپ شناپ کھدائی سے علم کو نقصان پہنچا ہے

کیونکہ شاید آثار شناس ان سے اپنے نتائج اخذ کر سکتا۔ لیکن محکمہ کے افسران نے جو خاکہ تجویز کیا اور اس کو محفوظ کرنے کے لئے اس کی تعمیر کر دی اس سے آثار شناس کے لئے آزاد تحقیق ممکن نہ رہی۔ اسی لئے یہ کہا گیا ہے کہ "آثار شناس کے نقطۂ نگاہ سے تحفظ آثار جتنا کم ہو اتنا ہی بہتر ہے"۔

اب رہے عوام۔ سو ان کو تحفظ آثار سے اور بھی کم فائدہ ہوتا ہے۔ علے الخصوص جبکہ کھنڈر ان کی رسائی سے باہر ہوں اور عام شاہراہوں یا آبادیوں سے دُور! ایک عام آدمی اس کھنڈر کی تاریخی اہمیت کا کیا احساس کرے گا جس کے متعلق اُسے یہ معلوم ہو جائے۔ کہ اس وسیع عمارت میں ۹ حصہ نئے مسالہ سے جدید انجنیروں نے تیار کیا ہے!

وُلی صاحب نے کھُدے ہوئے آثار کے بلا امتیاز اور اناپ شناپ تحفظ کے خلاف شدید صدائے احتجاج بلند کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "میں نے بے شمار مواقع پر اس چیز پر اعتراض کیا۔ لیکن افسرانِ محکمہ نے اس کا یہی جواب دیا کہ ہم از روئے ضمیر اس بات کے پابند ہیں۔ کہ آثار قدیم میں سے جو چیز ہمارے سامنے آ جائے۔ اس کی حفاظت کریں۔ اس کا جواب ایک ہی ہے۔ کہ محکمہ ناممکن الحصول مقصد کے لئے قوم و ملک کا روپیہ ضائع کر رہا ہے"۔ "اس قسم کے کھنڈر کی حفاظت صرف ایک ہی طریقے سے ہو سکتی ہے۔ کہ اس کو دوبارہ دفن کر دیا جائے"۔

افسوس ہے۔ کہ محکمہ نے ان بنیادی اصولوں پر بالکل عمل نہیں کیا۔ پہاڑ پور میں جو کام ہُوا۔ وہ کسی حد تک تسلی بخش معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ وہاں بہت کم تحفظ عمل میں آیا ہے۔ اسی طرح راولپنڈی کے علاقہ میں بدھ خانقاہوں میں جتنے تحفظ کی ضرورت تھی۔ اس سے کہیں زیادہ عمل میں لائی گئی ہے

اور اب وہاں پُرانی اور نئی چیز میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہو گیا ہے حالانکہ دونوں کے درمیان کوئی امتیازی نشان ہونا چاہیئے۔ تاکہ لوگ دھوکے میں مبتلا نہ ہوں ۔

جولیان (Jaulian) میں ۲۰۰۰۰ روپیہ صرف ہوا لیکن اس سے فائدہ بہت کم ہوُا۔ اور یہ غنیمت ہی ہوُا ۔ کہ Dharmarjika میں محکمہ کو وہ جانفشانی کا موقعہ نصیب نہ ہوُا ۔

سرکپ میں ۲۲ ایکڑ زمین کی کھُدائی ہوئی۔ جس پر بہت سا سرمایہ صرف ہوُا ۔ جسے ضائع شدہ ہی خیال کرنا چاہیئے۔ بھیر کے ٹیلے (Bhir Mound) میں تمام سکیم کا اس قدر ستیاناس کیا گیا ہے۔ کہ علمی کام کے سلسلے میں مفید ہونے کے بجائے یہ ساری کوشش مُضر ثابت ہوئی ۔

اُن جگھوں میں جہاں پتھر کی بجائے اینٹ استعمال ہوئی ہے ۔ صورتِ حالات اور بھی خراب ہے۔ قاعدہ یہ ہے ۔ کہ پُرانی اینٹ کے شکستہ اور ریختہ ہونے کی صورت میں بھی اینٹیں لگائی جاتی ہیں۔ اب محکمہ کی جانب سے جو اینٹیں لگائی گئی ہیں ۔ وہ اس درجہ پرانی اینٹوں سے مماثل ہیں ۔ کہ خود افسرانِ محکمہ کے لئے نئے اور پُرانے کام میں امتیاز کرنا مشکل ہے۔ موہنجوڈارو میں ایک پُرانے گھر کی ایک دیوار نظر سے گذری ۔ جس کا زمانہ ۲۶۰۰ قبل مسیح بتایا جاتا ہے۔ یہ دیکھ کر تعجب اور افسوس ہوُا ۔ کہ اس ساری کی ساری دیوار میں ایک اینٹ بھی ایسی نہیں تھی ۔ جس کی عمر پانچ سال سے زیادہ ہو۔ موہنجوڈارو کے سارے رقبے میں اسی طرح کا فریب وہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے ۔ جو نہ آثار شناس کے لئے نفع بخش ہے نہ عوام کے لئے ۔ وہ نئی دیواریں جو پُرانی بنیادوں پر

کھڑی کر دی گئی ہیں۔ آثارِ قدیمہ کی حیثیت سے بے کار محض ہیں کیونکہ پُرانے آثار نیچے سے دِن بدن خراب و خستہ ہوتے جائیں گے۔ گویا محکمہ نے اُن کو زمین سے کھود کر تلف کر دینے کا کام خود کیا ÷

باقی رہا نالندہ سو وہاں بھی یہی جوشِ بے محل نظر آتا ہے۔ یہاں اگرچہ احتیاط اور علمی دانشمندی کا کچھ نہ کچھ ثبوت مِل جاتا ہے۔ لیکن بے ضرورت اور بے مصرف کُھدائی اور تحفظ کا مظاہرہ یہاں بھی ہوا۔ نالندہ میں ۱۳ خانقاہوں کی کُھدائی اور مرمّت ہوئی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ سب ایک ہی وضع اور اسلوب کی عمارتیں ہیں۔ اور مناسب یہ تھا کہ ان سب کو زندہ کرنے میں وقت اور روپیہ ضائع کرنے کی بجائے زیادہ سے زیادہ تین یا چار عمارتیں جلوہ گاہِ شہود پر لائی جاتیں اور باقی آنے والی نسلوں کے لئے زیرِ زمین مدفون ہی رہتیں۔ تو بہت اچّھا ہوتا ÷

عجائب خانے

آثارِ قدیمہ کے ساتھ عجائب خانوں کے قیام کی ابتدا ۱۹۰۴ئہ میں ہوئی۔ جب کہ اوّل مرتبہ محکمہ کی طرف سے سرناتھ (Sarnath) میں ایک عجائب گھر وہاں کے منقولہ قدیم نوادر کی حفاظت کے لئے قایم ہوا۔ دراصل یہ خیال یونان سے لیا گیا ہے۔ جہاں اس کا تجربہ بہت کامیابی کے ساتھ ہوا۔ اور اسی اصول کو مدِّنظر رکھتے ہوئے حکومت ہند نے بھی اس پر عمل کیا۔ چنانچہ اس وقت علاوہ سرناتھ کے نالندہ، ٹیکسلا، مہنجوڈارو، ہڑپا، نگر مونا کنڈا، پگن وغیرہ میں عجائب گھر قایم ہیں۔ ان خالص محکمانہ عجائب گھروں کے علاوہ دہلی، لاہور اور کلکتہ میں بھی نوادرِ قدیمہ کے شعبے ہیں ÷

یونان ہندوستان کے مقابلے میں ایک مختصر ملک ہے۔ وہاں فاصلے

اِتنے زیادہ نہیں ۔ جتنے یہاں ہیں ۔ اس لئے وہاں شائقین اور زائرین کا سب عجائب گھروں پر مجموعی نظر ڈالنا آسان ہے ۔ لیکن ہندوستان جیسے ایک وسیع برّاعظم میں یونان کی مثال پر عمل کرنا قرینِ دانشمندی نہیں ۔

عجائب گھروں سے تین چار فائدے مطلوب ہوا کرتے ہیں ۔ مثلاً ایک تو یہ ہے ۔ کہ نوادرِ قدیمہ کو محفوظ کیا جائے ۔ دوسرا یہ ہے ۔ کہ ان سے علمی تحقیق میں مدد ملے ۔ خواہ وہ اپنے سٹاف کی طرف سے ہو یا باقی سکالرز کی طرف سے اور تیسرا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے ۔ کہ عام پبلک کو ان کے ذریعے تعلیم دی جائے ۔ ان سب فوائد کے حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے ۔ کہ سٹاف علمی طور پر تمام معلوماتِ متعلقہ سے آراستہ ہو ۔ پھر یہ بھی لازمی ہے ۔ کہ سکالروں کے پاس تمام متعلقہ رپورٹیں اور دیگر یادداشتیں موجود ہوں ۔ تاکہ حوالہ اور مطالعہ میں آسانی ہو ۔ لیکن ان نوادرِ قدیمہ کا نمایش گاہوں میں ان کھنڈروں کے پاس پڑا رہنا چنداں مفید نہیں ۔ جتنا یہ ضروری ہے ۔ کہ وہ کسی اعلےٰ درجے کی لائبریری کے پاس ہوں ۔ جہاں نوادر اور آرکیالوجی کے متعلق جملہ ضروریات مہیّا ہوں ۔ یہ سچ ہے ۔ کہ جہاں سے کوئی چیز دستیاب ہو ۔ وہیں اس کو نمایش کے لئے رکھ دینا منطقی لحاظ سے اچھا معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن افادی طور پر اس بات کی کوئی قدر و قیمت نہیں ۔

بعض عجائب گھر ایسے ہیں ۔ جن میں نہ تاریخی ترتیب ملحوظ ہے ۔ نہ ان پر کوئی نشان یا علامت امتیازی موجود ہے ۔ جو شاید اس بات کا پتہ دیتی ہے ۔ کہ مایوس اور افسردہ مہتمم (Curator) پبلک اور زائرین کی بےاعتنائی کی وجہ سے اِکّے دُکّے سیّاح کے کبھی کبھار آ نکلنے کو اس قابل نہیں خیال کرتا

ں پر زیادہ وقت صرف کرے۔ ان عجائب گھروں کو بے سُود ثابت کرنے
لئے صرف اتنی ہی بات کافی ہے۔ کہ ان کا تعلیمی پہلو بالکل کمزور ہے۔
ں کی وجہ زیادہ تر یہ ہے۔ کہ وہ ان دور دراز مقامات پر ہیں۔ جہاں شائقین
زائرین کا پہنچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ موہن جوڈارو نسبتاً سب جگہوں
ے زیادہ توجہ خیز اور شہرت کا مقام ہے۔ لیکن وہاں بھی زائرین کی تعداد
ں میں ایک ہزار سے زیادہ نہیں ہوتی۔ اور اس تعداد میں بھی سال بہ سال
اتی جاتی ہے۔ نالندہ میں ہر سال ...، سے زیادہ زائرین آتے ہیں
ں ان خانقاہوں کے وسیع رقبہ کو دیکھ چکنے کے بعد بچاروں میں اتنی
ت نہیں رہتی۔ کہ عجائب خانہ کو بھی دیکھ سکیں۔ یا اگر دیکھ بھی سکیں تو توجہ
ور سے مطالعہ کر سکیں۔ وقت جو ایک زائر صرف کرتا ہے۔ وہ اوسطاً
منٹ کے قریب ہوتا ہے۔

نگر جونا کنڈہ میں تو حد ہو گئی ہے۔ وہاں ایک عجائب خانہ قایم ہو رہا
۔ جو بقول ڈائرکٹر جنرل آرکیالوجی "رسائی سے باہر ہے"۔ اس پر ۲۷،۰۰۰
ہ صرف ہو رہا ہے۔ مقصود یہ ہے۔ کہ وہاں کے بعض قدیم سنگ تراشی
نمونوں کو محفوظ کیا جائے۔ حالانکہ گذشتہ دو سال کے عرصے میں جب
اُن کی نمایش ہو رہی ہے۔ محکمہ کے عملہ کے علاوہ سر لینونارڈ وُولی پہلے
تھے۔ جنہوں نے ان اشیاء کو دیکھا۔ سچ یہ ہے۔ کہ وہ عجائب گھر جو
مرکزی مقام میں موجود ہو۔ تعلیمی لحاظ سے ان نمایش گاہوں سے ہزار گنا
مفید ہے۔ جو کھنڈرے ہوئے کھنڈروں کے ساتھ قایم کئے گئے ہیں
بہت دُور ہیں۔

ہندوستان میں آثار قدیمہ کے عجائب خانوں کے سلسلے میں مارخم اور

ہارگریو صاحبان نے جو رپورٹ مرتب کی ہے۔ اس میں ان کے نقائص اور خامیوں پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے۔ درحقیقت محکمہ کے سٹاف میں قابل لوگوں کی شاید کمی نہیں جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ وہ ٹریننگ اور عمدہ تربیت ہے۔ ان میں بے شمار ایسے حضرات ہیں۔ جن کو صحیح معنوں میں اپنی استعداد اور صلاحیت کو بروئے کار لانے کا پورا پورا موقعہ نہیں ملا۔ ورنہ شاید محکمہ کی یہ حالت نہ ہوتی۔ تربیت اور ٹریننگ کا ایک طریقہ یہ بھی ہوتا ہے۔ کہ عملہ کے کہن خدمت افراد نو خدمت افراد کے لئے قابل تقلید ہوں لیکن یہاں تو وہ فارسی ضرب المثل صادق آتی ہے ع

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

حضرات! میں نے سر لینو نارڈ وُلی کی رپورٹ کے ایک باب کا خلاصہ سا پیش کیا ہے۔ تاکہ آپ پر واضح ہو جائے۔ کہ محکمۂ آثار قدیمہ کس نہج پر چل رہا ہے اور اس کا طریق عمل کس درجہ غلط اور دُور از کار ہے۔ وُلی صاحب کی ماہرانہ رپورٹ محکمہ کی کارکردگی کے خلاف ایک پُر زور صدائے احتجاج ہے، اس کی مالی حکمت عملی، اس کی علمی اور تعلیمی بنیادِ عمل، اس کے اجزائے ترکیبی اس کی کھدائی اور اشیائے قدیمہ کی حفاظت کا طریقہ، اس کا آثار و عمارات کو چھوڑ کر بوسیدہ اور مٹے ہوئے مدفون آثار کو زندہ کرنے کی کوشش غرض تمام کا تمام نظام وُلی صاحب کے نزدیک اس قابل ہے۔ کہ اس کی اصلاح کی جائے اور اس کے متعلق جدید حکمت عملی اختیار کی جائے۔

ہندوستان کے اسلامی عہد کی تاریخ میں دلچسپی رکھنے والے حضرات جہاں محکمہ آثار کی بعض خدمات کے لئے شکرگزار ہیں۔ وہاں یہ احساس رکھنے میں حق بجانب ہیں۔ کہ تاریخ ہند کا یہ ہزار سالہ دور اپنی درخشانی میں ایک

اعتبار سے یقیناً اس بات کا مستحق ہے۔ کہ لکھی ہوئی تاریخ کی تصدیق، تردید اور ترمیم کی خاطر تہذیب کا آثاری حصّہ پورے کا پورا محفوظ رکھا جائے۔ گجرات، سندھ، بہاولپور اور راجپوتانہ میں قدم قدم پر تاریخ کی اَمِٹ شہادتیں موجود ہیں۔ لیکن ہماری غفلت اور محکمہ کی بے مہری سے بے پناہ طریق پر تلف ہو رہی ہیں۔ ان کی حفاظت کا مستقل بندوبست کیا جائے۔

محکمہ آثار میں قابل عربی فارسی جاننے والے مؤرخوں کی افسوسناک کمی ہے۔ تاوقتیکہ محکمہ میں علم الآثار کے ماہر فارسی سے اور عہد اسلامی کی تاریخ سے کامل واقفیت رکھنے والے موجود نہ ہوں گے۔ اس وقت تک کام باحسن وجوہ انجام نہیں پا سکے گا۔

پھر ان ماہرین کی تربیت اور ٹریننگ کے لئے مکمل انتظام ہونا چاہیئے جو کتبوں کی صحیح شناخت کے لئے اسلامی خط کی تدریجی تاریخ سے کامل طور پر وابستگی رکھتے ہوں۔ فارسی زبان کی استعداد بھی بدرجۂ غایت ضروری ہے۔ اور اس کے ہمراہ ہندوستانی مصوّری اور دوسرے متعلقہ فنون کا جاننا بھی لابدی ہے۔

ان علوم وفنون کی علمی اور اصطلاحی واقفیت ازخود ایک امر محال ہے۔ اس کے لئے ناگزیر ہے۔ کہ محکمہ میں تین چار اسے درجے کے ماہرین ہر وقت موجود رہیں۔ جو تربیت اور تعلیم کا فرض انجام دیں۔ جس کے بغیر یہ ہرگز ممکن نہیں۔ کہ آثار قدیمہ کا یہ حصّہ صحیح معنوں میں محفوظ ہو سکے۔

سیّد محمد عبداللہ

رباعی کے اوزان یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ فروری ۱۹۴۰ء)

(۲)

شجرۂ اخرب و اخرم

رباعی کی تاریخ میں دوسرا انقلاب شجرۂ اخرب و اخرم کی ایجاد ہے۔ یعنی اس کے چوبیس اوزان کو بارہ بارہ اوزان کے دو شجروں میں تقسیم کر دینا ان شجروں کے واضع امام عین الزمان حسن قطان مروزی ہیں جو سلطان سنجر کے عہد کے ایک زبردست حکیم۔ طبیب۔ مہندس اور ادیب ہیں تتمہ صوان الحکمہ[1] میں جو حکمائے اسلام کی ایک تاریخ ہے ان کا ذکر ملتا ہے۔ عین الزمان ابی العباس لوکری کے شاگرد ہیں۔ موزوں طبیعت رکھتے تھے۔ کئی تصانیف کے مالک ہیں۔ ازانجملہ گیہان شناخت ہیئت میں۔ طب میں کئی رسالے۔ ایک کتاب دوحہ انساب میں۔ ایک کتاب عروض میں ہے۔ تقلیل غذا ان کے معالجہ کی ایک نمایاں خصوصیت تھی[2]۔ غذا در کنار غذائی دواؤں سے بھی احتراز کرتے تھے۔ ۵۳۶ھ میں جب قراختائیوں نے قطوان کی جنگ میں سلطان سنجر کو

---

[1] از علی بن زید البیہقی متوفی ۵۶۵ھ مرتبہ پروفیسر محمد شفیع ۱۹۳۵ء، [2] تتمہ صوان الحکمہ ص ۱۵۵،

شکست دی۔ اتسز خوارزمشاہ میدان خالی دیکھ کر مرو پر جو سنجر کا دار السلطنت تھا
چڑھ دوڑا۔ اس موقع پر مرو کے غنڈوں کی ایک جماعت خوارزمشاہی فوج کے
ساتھ مل گئی اور شہر میں قتل و غارت کا بازار گرم ہوگیا۔ رشید وطواط وزیر دیوان
رسالت خوارزمشاہ سے امام حسن قطان کے دیرینہ تعلقات تھے۔ امام صاحب
ایک نہایت قیمتی اور بے نظیر کتب خانے کے مالک تھے۔ اس کے غارت
ہو جانے کے خوف سے انہوں نے وطواط سے جو اتسز کی فوج میں موجود
تھے سلسلہ جنبانی کی کہ میرا کتب خانہ خوارزمشاہی لشکر میں منگوا لیا جائے تاکہ
تلف ہو جانے سے محفوظ رہے۔ لیکن وطواط نے ان کی منت پر کان نہیں
دھرے اور نتیجہ یہ ہوا کہ تمام کتاب خانہ غارت ہوگیا۔ امام صاحب کو بے حد
صدمہ ہوا۔ جوش غضب میں انہوں نے وطواط کو مطعون کرنا شروع کیا کہ میرا
کتاب خانہ ان کے اشارہ سے غارت ہوا اور ہر محفل و مجلس میں اس کا چرچا
کرتے رہے۔ وطواط نے معذرت میں عین الزمان کو لکھا کہ میں آپ کی
خواہش کے مطابق آپ کے مکان پر پہنچا۔ لیکن چونکہ کتابیں بڑی تعداد میں
تھیں اور ان کے نقل کئے جانے کا کوئی بندوبست ممکن نہیں تھا۔ اس لئے
میں کتابوں کو اسی طرح چھوڑ کر واپس چلا آیا۔ اس جواب سے عین الزمان کی
تسلی نہیں ہوئی اور بدستور وطواط کی بدگوئی میں مصروف رہے۔ آخر رشید نے
اپنے مراسلات میں سختی کا لہجہ اختیار کیا اور دھمکی دی کہ اگر عین الزمان اپنی حرکات
سے باز آ گئے تو میں بدستور ان کا مخلص قدیمی ہوں۔ اور اگر میری بدنامی میں
اسی طرح مصروف رہے تو میں ان کے خلاف چارہ جوئی کروں گا۔ یہ نوبت
آنے پر ان میں کچھ صفائی کی صورت پیدا ہوگئی اور قصہ ختم ہوگیا۔[1]

---

[1] حدائق السحر تالیف رشید الدین محمد عمری کاتب بلخی معروف بوطواط متوفی ۵۷۳ھ۔ طہران صفحہ ط

امام عین الزمان ان شجروں کی ایجاد کی بنا پر دنیائے عروض میں بے حد مشہور ہیں اور تقریباً ہر عروضی اپنی تالیف میں ان کا تذکرہ کرتا ہے۔ شمس قیس المعجم میں کہتے ہیں کہ "خواجہ امام حسن قطان کہ یکی از ائمۂ خراسان بودہ است دو شجرہ ساختہ است یکی را شجرۂ اخرب گویند و دیگری را شجرۂ اخرم"۔ (ص۹۱)

سیفی اپنے رسالہ میں تحریر کرتے ہیں:- "و از برای ضبط این اوزان خواجہ حسن قطان کہ از ائمۂ خراسان بودہ است دو شجرہ ساختہ است یکی را شجرۂ اخرب گویند و دیگرے را شجرۂ اخرم"۔

امام حسن قطان کے شجروں کا مطالعہ ہمارے لئے بڑی دلچسپی کا موجب ہوتا۔ مگر افسوس سے کہا جاتا ہے کہ دیگر عروضی قدیم تالیفات کی طرح ان کی یہ عروضی تالیف بھی مفقود و معدوم ہے۔ البتہ شمس قیس کا بیان ہے۔ کہ میں نے اپنی تالیف میں وہ شجرے اسی صورت میں نقل کئے ہیں۔ "من درین تالیف ہمان صورت نقش کردم" (ص۹۱ المعجم) مگر شمس قیس کی کتاب کے مرتب مرزا محمد بن عبد الوہاب قزوینی یہ بری خبر سناتے ہیں کہ نسخۂ اصل میں چونکہ شجرہ کا زیریں حصہ شکستہ تھا۔ میں نے وحید تبریزی وغیرہ کے رسائل عروض سے اس کو درست کر لیا۔ جب مطبوعہ المعجم کے شجرہ کو المعجم کے قلمی نسخوں سے مقابلہ کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ بعض جزویات کے سوا دونوں شجرے یکساں ہیں۔ یہ شجرہ اگرچہ ایک حد تک سلجھا ہوا ہے مگر اس کی ساخت اور ترتیب اعتراض سے خالی نہیں۔ ایک تو اس میں چھ کی جگہ سات متوازی خطوط یا شاخیں بنا کر بادی النظر میں طالب علم کے لئے الجھن کا سامان پیدا کر دیا ہے اور جس کی بنا پر حشو دوم یا مصرع کے تیسرے رکن مفعولُ کو دیگر اوزان کے برخلاف دو جگہ یعنی مفعولن سے پہلے اور پیچھے رکھا گیا ہے۔

لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ طریقہ دانستہ اختیار کیا گیا ہے۔ تاکہ مفعولن کو قلب میں جگہ مل جائے اور باقی اوزان اس کے چپ و راست ایک دوسرے کا مثنیٰ یا جواب بن کر نصفا نصف آجائیں اور ذہن میں آسانی کے ساتھ منضبط ہو سکیں۔ مگر موجودہ شجرے اس التزام کے پابند نہیں۔

یہاں مجھے شجرۂ اخرب کی کسی قدر تشریح کر دینی چاہیئے۔ اس شجرہ میں صدر و ابتدا یعنی مصرعوں کے آغاز میں بارہ مرتبہ مفعولُ تمام اوزان میں آتا ہے۔ حشو اول یعنی مصرع کے رکن دوم میں مفاعلن مفاعیلن اور مفاعیلُ چار چار بار بالترتیب آتے ہیں۔ تین ضرب چار، یہ بھی بارہ ہو گئے۔ مصرعوں کے تیسرے رکن یعنی حشو دوم میں چھ دو چند اوزان یعنی دو مفاعیلن، دو مفاعیلُ، دو مفعولُ، دو مفعولن، دو مفاعیلُ اور دو مفاعیلن آیا کرتے ہیں۔ یہ بھی چھ ضرب دو، بارہ اوزان ہو گئے۔ شمس قیس نے مفعولُ کو مفعولن کے دونوں پہلوؤں میں جگہ دی ہے۔ اس طرح مفعولن بالکل وسط میں آجاتا ہے۔ یعنی اس کی سیدھی طرف بالترتیب دو مفاعیلن دو مفاعیل اور ایک مفعول جگہ پاتے ہیں۔ یہی اوزان جواب کے طور پر بترتیب قلب اس کی بائیں طرف آرہے ہیں یعنے ایک مفعولُ دو مفاعیلُ اور دو مفاعیلن پانچ پانچ دس اور دو مفعولن جو بیچ میں ہے۔ یہ بھی بارہ ہو گئے۔ رہے مصرعوں کے آخری ارکان جنہیں عروض و ضرب کہتے ہیں چار ہیں یعنی فع فاع، فعل فعول جن میں سے ہر رکن خواہ بترتیب دوری خواہ جداگانہ تین تین بار آتا ہے۔ چار ضرب تین یہ بھی بارہ ہو گئے۔ شمس قیس کے ہاں ایک سے پانچ تک اور بارہ سے آٹھ تک تقابلی ترتیب کا لحاظ جو ممکن تھا نہیں رکھا گیا۔ البتہ باقی ارکان ہیں کوئی ترتیب قائم نہیں ہو سکتی۔ المعجم کے مطبوعہ نسخے سے شجرۂ ذیل یہاں نقل کرتا ہوں۔

نمبر اوّل

شجرۂ اخرب

از المعجم فی معاییر اشعار العجم ص ۹۲ طبع بیروت سنہ ۱۳۳۲ھ

نمبر اوّل
شجرۂ اخرم

(شجرہ نمبر۲) مولانا جامی نے اپنے عروضی رسالہ میں دونوں شجروں کو نصف نصف
دائرہ میں قائم کرکے ایک دائرہ کے اندر بند کر دیا ہے۔ اخرب اور اخرم شجروں کا
جو فرق ہے وہ ہر وزن کے متوازی وزن کے دیکھنے سے بآسانی سمجھ میں آجاتا ہے
مثلاً مفعول مفاعیلن مفعول فعول اخرب کے مقابل، وزن اخرم مفعولن مفعولن
مفعول فعول نظر آتا ہے۔ جس سے بیک نگاہ معلوم ہوسکتا ہے کہ جب مفعول مفاعیلن
میں مفاعیلن کا میم بروی تجنیق اس کے مقدم مفعول میں شامل کر دیا گیا تو یہ
وزن مفعولن مفعولن اخرم میں بدل گیا۔ جس طرح بساط پر گھوڑا چلتا ہے تقریباً اسی
طرح اوزان ان شجروں میں ترتیب دیے گئے ہیں۔ اوزان جماتے وقت جامی
نے حشو دوم میں شمس قیس سے اسی حد تک اختلاف کیا ہے کہ مفعول کو مفعولن
سے مقدم و مؤخر لانے کے بجائے صرف مفعولن سے پیشتر درج کیا ہے۔ چوتھے
رکن میں بھی اسی تبدیلی کے ماتحت اختلاف رونما ہے جامی کے شجرے ذیل
میں درج ہیں:۔

نمبر ۲

شجرۂ اخرب و اخرم

از رسالۂ عروض مولانا جامی

(شجرہ ۳) عروض سیفی میں جامی کی طرح دونوں شجروں کو ترکیب دے کر نہیں دکھایا گیا ہے۔ بلکہ جداگانہ درخت کی شکل میں۔ یعنی مفعولُ تنہ کی مفاعلن مفاعیلن اور مفاعیلُ تین شاخیں ہیں۔ بیچ کی شاخ مفاعیلن سیدھی چلی گئی ہے۔ مفاعلن اور مفاعیلُ دونوں شاخیں دائیں بائیں پھیل گئی ہیں۔ جن کے دو دو شاخیں اور ان شاخوں کے پھر دو دو شاخیں ہیں۔ لیکن یہ شاخیں سب ایک دوسرے کا جواب ہیں جس سے شجرہ کے سمجھنے اور یاد رکھنے میں بہت سہولت ہو جاتی ہے البتہ مفاعیلن کی شاخیں ذہن میں رکھنے کے قابل ہیں جنہیں سمجھانے کی غرض سے کہا جا سکتا ہے کہ شاخ مفاعیلُ میں تخنیق کے عمل سے گویا پیدا ہوئی ہیں سیفی کے شجرے جو یقیناً پچھلے دونوں شجروں سے بہتر ہیں ذیل میں درج ہیں۔

(شجرہ ۱۲) وحید تبریزی ایک مشہور عروضی مؤلف ہے۔ اس کی تالیف جمع مختصر کا ایک قلمی نسخہ نوشتہ ۹۷۷ھ میرے مجموعۂ کتب عروض میں شامل ہے۔ اس نسخہ کے متعلق ایک قابل ذکر امر یہ ہے کہ وہ ایک عورت کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے جس کا نام حبیبہ بنت محمد قاسم محدث ہے۔

وحید کے شجرے اگرچہ سیفی کے نمونوں پر قائم ہیں مگر سیفی کے التزام کی پروا کم کی گئی ہے۔ برخلاف شمس قیس، وحید نے مفعول کو مرکزیت دے کر مفعولن کو اس کے آس پاس جما دیا ہے۔ شجروں کا نقشہ ملاحظہ ہو:-

(از جمع مختصر وحید تبریزی)

(شجرہ ۵) نقضائی کی تنقید الدرر میں جو عبداللہ خان اوزبک پادشاہ توران کے عہد میں تصنیف ہوئی ہے۔ تحت غلط شجرے دیئے گئے ہیں۔ ان میں کبھی ترتیب کا لحاظ نہیں رکھا گیا سوائے اس کے کہ مفاعیلن مفاعلن اور مفاعیل کو دو دو شاخوں میں تقسیم کر کے چھوڑ دیا ہے۔ بجائے بارہ اوزان کے صرف چھ پر قناعت کی ہے۔ اور مفاعلن کو درمیانی شاخ قرار دیا ہے۔ اختصار البتہ ان کی خوبی مانی جاسکتی ہے۔ اگر ان شجروں کو ان کی اصلی حالت پر لایا جائے تو حسب ذیل ہوگی :-

از تنقید الدرر نقضائی

نمبر ۵

(شجرۂ ۱۷) - مجمع الابحار فی بیان عروض الاشعار محمد واصل کی تصنیف ہے - اس کے شجروں میں یکسانیت کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا - چنانچہ:-

شجرۂ اخرم

نمبر ۶

از مجمع الابحار فی بیان عروض الاشعار

شجرۂ اخرب

(۱)۔ میر شمس الدین فقیر بارھویں صدی ہجری کے بزرگ ہیں۔ انہوں نے غالباً پہلی مرتبہ ان شجروں کو دائروں کی شکل میں منتقل کیا ہے۔ لیکن اوزان کے نقل کرتے وقت انہوں نے کسی ترتیب سے کام نہیں لیا۔ مثلاً حشو اوّل کا جس میں مفاعلن مفاعیلن اور مفاعیلُ چار چار بار آتے ہیں۔ انضباط اس طرح ہوا ہے مفاعیلن ۳۔ مفاعیل ۱۔ مفاعلن ۳۔ مفاعیل ۲۔ مفاعیلن ۱۔ مفاعلن ۱ مفاعیل ۱۔ اس بے ترتیبی سے یہ دائرے شجروں کے مقابلہ میں مشکل بن گئے ہیں۔ اس پر طرّہ یہ کہ اخرب و اخرم میں وہی یکسانی نہیں پائی جاتی۔ دائرے یہ ہیں:۔

(۸) ۔کرامت علی جونپوری نے اپنی تالیف مختصر قواعد عروض و قوافی میں ذیل کے دائرے درج کئے ہیں ۔لیکن ان میں نہ تو حشو اول کے اوزان کا لحاظ رکھا گیا ہے نہ عروض و ضرب کا ۔بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ عروض و ضرب کے اعتبار سے پہلے چھ اوزان میں فعول ۔فعل کو بالترتیب یکے بعد دیگرے لایا گیا ہے ۔باقی چھ اوزان میں فاع فع بے ترتیب طور پر ملتے ہیں ۔میں نے شجرۂ اخرب کو جس میں تین غلطیاں موجود تھیں شجرۂ اخرم کے مطابق درست کر دیا ہے ۔یہ یاد رہے کہ میر شمس الدین فقیر کے عہد سے دائرے زیادہ مقبول ہوتے چلے ہیں ۔قدر بلگرامی اور نجم الغنی جیسے ماہرین فن بھی دائروں کا استعمال کر رہے ہیں ۔حالانکہ شجروں کے مقابلے میں دائرے زیادہ تکلیف دہ اور ناگوار معلوم ہوتے ہیں ۔

دائرۂ اخرب نمبر ۸ دائرۂ اخرم

از مختصر قواعد عروض از
کرامت علی جونپوری

شجرہ ۹) ۱۲۵۹ھ میں محمد حسین راقم نواب محمد غوث خان بہادر والی کرناٹک کے واسطے عروض میں ایک رسالہ موسوم بہ میزان الاشعار تالیف کرتے ہیں۔ راقم کے مربع شجروں کا منصوبہ زیادہ تر سیفی کے اثر میں ہے اور بہت سہل ہے۔ طالب علم آسانی سے اس کو اپنے ذہن میں مستحضر کرسکتا ہے۔ وہو ہذا۔

مفاعیل فعل فعول

مفاعیل فعل فعول

مفاعیل فعل فعول

مفاعیل فعل فعول

(۲۰)۔ شیخ مہدی علی زکی اردو زبان میں ایک رسالۂ عروض کے مصنف ہیں۔ جس کا سال طبع ۱۲۶۵ھ ہے۔ مطبع کا نام درج نہیں۔ زکی کے ہاں ایک شجرہ ایک نخل کی شکل میں ہے۔ جس میں چھ اوزان ایک طرف اور چھ ایک طرف ہیں۔ فاع فعول کھجور کے راست پر اور فع فعل چپ پر ہیں جشو اوّل میں پہلی چار شاخیں مفاعیلن سے متعلق ہیں۔ ان سے اوپر مفاعیل سے اور سب سے اوپر کی مفاعلن سے۔ شجرۂ اخرم ایک سرو کی شکل میں ہے۔ یہاں بھی چھ چھ وزن دو طرفہ آئے ہیں۔ مگر فع فعل ایک طرف اور فاع فعول دوسری طرف لانے کا التزام جیسا کہ نخل والے شجرے میں دیکھتے ہیں یہاں مفقود ہے۔

نمبر ۱۰

از رسالہ عروض تصنیف شیخ مہدی علی زکی مطبوعہ ۱۲۶۵ھ

شجرۂ اخرب

شجرۂ اخرم

غلام حسنین قدر بلگرامی فن عروض میں شمس العلما سید علی بلگرامی کے استاد ہیں اور انہی کی فرمایش سے اردو کی مشہور کتاب قواعد العروض تصنیف کرتے ہیں۔ انہوں نے شمس الدین فقیر اور کرامت علی جونپوری کی طرح رباعی کے اوزان کو دائروں کی شکل میں مرتب کیا ہے۔ اور ان پر ہند سے ڈال دیئے ہیں۔ اخرب کو وہ غیر مجبق اور اخرم کو مجبق کہتے ہیں۔ جو نام زیادہ صحیح معلوم ہوتے ہیں۔ اس بارہ میں ان کا قول یہاں نقل کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے فرماتے ہیں:-

"عروضیوں نے جو بیں وزن ڈھونڈھ نکالے اور خواجہ حسن قطان خراسانی نے اُن سب کے دو شجرے بنائے اور ہر شجرے میں بارہ وزن ٹھہرائے۔ ان تمام اوزان میں چار قسم کے عروض و ضرب آتے ہیں۔ یعنی فعول بسکون آخر ابتم۔ فعل مجبوب۔ فاع ازل۔ فع مجبق مجبوب۔ اور ان میں تین قسم کے حشو آتے ہیں۔ مکفوف۔ مقبوض۔ مجبق۔ مگر فی الحقیقت دیکھو تو وہ چاروں عروض و ضرب اصل میں دو ہی ہیں۔ یعنی ابتم و ازل۔ باقی دو انہیں کی تجبیق سے پیدا ہوئے ہیں۔ الغرض سب کی صدر و ابتدا دو قسم کی بنائی گئی۔ ایک اخرب دوسری اخرم۔ اسی باعث سے دو شجرے قائم کئے ہیں۔ مگر درحقیقت یہاں سخت سہو ہے۔ اصل میں صدر و ابتدا ایک ہی ہے یعنی اخرب۔ کیونکہ صدر و ابتدا کے بعد رکن مکفوف یا مقبوض ضرور لاتے ہیں۔ اس لئے صدر یا ابتدا کے ساتھ تجبیق ہوکر خرم کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔ جب رکن مکفوف کے ساتھ تجبیق ہوتی ہے تو وہ مفعول بن جاتا ہے۔ اُس رکن ثانی کو بھی لوگ اخرب ٹھہراتے ہیں۔ حالانکہ خرب درمیان مصرع آ ہی نہیں سکتا۔ جب رکن مقبوض کے ساتھ تجبیق ہوتی ہے۔ تو اس کو اشتر کہتے ہیں۔ باوجودیکہ شتر بسبب ترکیب خرم مصرعے کے مابین

واقع نہیں ہو سکتا۔ پس اسی خرب وشتر کے دھوکے میں لوگ صدر و ابتدا کو اخرم کہہ دیتے ہیں۔ یہ ابھی ثابت ہو چکا ہے کہ خرب وشتر درمیان میں نہیں آتے۔ جب یہ درمیان میں نہ آئے بلکہ باہم آغاز مصرع ورکن مابعدہ میں تحقیق ہو گئی تو صدر و ابتدا کا اخرم ہونا یہاں بے اصل ٹھہرا۔"

(صفحہ ۱۲۸ قواعد العروض ۱۲۸۸ھ طبع شام اودھ)

شجرہ ۱۱) حضرت قدر نے اپنے دائرے مصرعوں کے آخری رکن یعنی عروض و ضرب کے اوزان فعول فعل فاع فع کے اعتبار سے تیار کئے ہیں۔ یعنی پہلے تین اوزان میں فعول اور بعد کے تین اوزان میں فعل تین تین بار آتے ہیں اسی طرح آخری چھ اوزان میں فاع اور فع الگ الگ تین تین بار آتے ہیں۔ ان چاروں میں سے ہر ایک کے ساتھ حشو اول میں مفاعیل مفاعلن مفاعیلن بالترتیب آتے ہیں۔ حشو دوم میں دو مفاعیل ایک مفعول ہر فعول اور ہر فعل کے ساتھ۔ دو مفاعیلن اور ایک مفعولن ہر فاع اور ہر فع کے ساتھ آتے ہیں ذیل میں ان دائروں کا نقشہ دیا جاتا ہے :۔

شجرۂ غیر مجبق — از قواعد العروض قدر بلگرامی ۱۲۸۸ھ — شجرۂ مجبق

یہ دائرے اگرچہ ان کے پیشرو دائروں سے بہت بہتر اور منضبط ہیں پھر بھی ہماری قوت حافظہ پر زیادہ زور ڈالتے ہیں۔ میرے خیال میں ان میں ابھی اصلاح و ترقی کی گنجائش ہے۔ جو ترتیب اوزان سے کم اور دائروں کے خطوط سے زیادہ تعلق رکھتی ہے۔ اگرچہ شجروں کے مقابلے میں دائرے سلجھے ہوئے نہیں ہوتے۔ عنقریب دو دائرے (۱۴) درج کئے جاتے ہیں۔ جو گذشتہ دائروں سے غالباً زیادہ صاف اور سلجھے ہوئے ثابت ہوں گے۔

(۱۴) مصنف مشہور مولانا نجم الغنی نے بحر الفصاحت میں اوزان رباعی اردو کے ذریعہ سے دکھائے ہیں۔ اور ان پر نمبر شمار بھی دیا ہے۔ مگر بظاہر کسی ترتیب کا اصول نہیں برتا۔ ہم ان کو حضرت قدر کے دائروں کے مقابلہ میں جگہ نہیں دے سکتے۔ ان دائروں کی بے ترتیبی کی مثال میں اس قدر کہنا کافی ہوگا۔ کہ عروض و ضرب میں فاع کو نمبر ۱، ۲، ۴ میں۔ فعل کو ۳، ۹، اور ۱۲ میں۔ فع کو ۵، ۶، ۸ میں اور فعول کو ۷، ۱۰ اور ۱۱ میں جگہ ملی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس حشو اول میں مفاعلن کو وزن یکم، پنجم، یازدہم و دوازدہم میں اور مفاعیلُ کو وزن دوم، سوم، ششم و دہم میں اور مفاعیلن کو وزن چہارم، ہفتم، ہشتم و نہم میں رکھا گیا ہے۔ اسی طرح دائرہ اخرم میں بھی جس کو اخرب کے مطابق ہونا چاہیئے۔ پھر ترتیب بدل دی ہے۔ مثلاً حشو اوّل میں فاعلن کو وزن یکم، سوم، ششم و یازدہم میں اور مفعولُ کو وزن دوم، ہفتم، ہشتم و دہم میں، اور مفعولن کو وزن چہارم، پنجم، نہم و دوازدہم میں جگہ ملی ہے چنانچہ ذیل کے دائرے ملاحظہ ہوں:۔

نمبر ۱۲

از بحر الفصاحت نجم الغنی خاں

صـ ۲۳۲، سنہ ۱۳۰۳ھ، مطبع احمدی رامپور

دائرہ اخرم — دائرہ اخرب

نمبر ۱۳

نمبر ۱۳ دائروں کی طرف اس سے قبل اشارہ کیا جا چکا ہے۔ یہ دائرے میری رائے میں مذکورہ بالا تمام دائروں سے زیادہ مدلل اور منظم ہیں۔ حشو اوّل کے مفاعیلُ مفاعیلن مفاعلن کی خاطر سے اوپر کے تین دائروں کو تین دوہرے خطوں کے ذریعہ سے تین مساوی حصّوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ان تینوں ارکان کا دائرہ عمل علیحدہ علیحدہ بنایا جا سکے۔ ان میں سے ہر رکن چار چار بار آتا ہے۔ اسی لئے ہر ایک کے لئے عروض و ضرب بھی چار چار آئے۔ اور حشو دوم میں چھ دوہرے ارکان آئے۔ یعنے مفاعلن اور مفاعیلُ کے ساتھ تو مفاعیلُ مفاعیلن آتے ہیں اور مفاعیلن کے ساتھ مفعولُ مفعولن۔ مذکورۂ بالا خط جس طرح حشو اول حشو دوم اور عروض و ضرب کا باہمی علاقہ واضح کرتے ہیں (یعنی چاروں عروض و ضرب کے ساتھ حشو اول چار چار مرتبہ آئے گا اور حشو دوم دو دو مرتبہ آئے گا۔ اسی طرح اکہرا خط حشو دوم اور عروض و ضرب کے باہمی ربط کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کہ حشو چھ ہیں اور عروض و ضرب بارہ' اس لئے ظاہر ہے کہ یہ چھ ان بارہ کے ساتھ دوہرا لئے جائیں گے۔ تاکہ بارہ ہو جائیں۔ ہر دائرے کے اندر تین تین دائرے اور

ہیں ۔ مرکزی دائرہ صدر و ابتدا سے متعلق ہے ۔ اس سے اوپر والا دائرہ حشو اوّل اور اس سے اوپر کا دائرہ حشو دوم اور آخری دائرہ عروض و ضرب کی طرف رہنمائی کرتا ہے ۔ ہندسوں سے یہ وضاحت مقصود ہے کہ صدر و ابتدا ۱۲ ۔ حشو اول ۳ × ۴ = ۱۲ ۔ حشو دوم ۶ × ۲ = ۱۲ ۔ اور عروض و ضرب ۴ × ۳ = ۱۲ ہوے ؛

ان مختلف شجروں اور دائروں کے مطالعہ سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تشکیل و تدوین میں ہر مصنف نے کچھ نہ کچھ جدّت دکھانے کی کوشش کی ہے ۔ ان میں سے شجروں میں سیفی اور اس کے مقلد محمد حسین راقم کے مقابلتہً بہتر ہیں ۔ دائروں میں قدر بلگرامی کا دائرہ یقیناً بہترین مانا جا سکتا ہے ۔ تاہم کہا جا سکتا ہے ۔ کہ اس سلسلے میں اب بھی ترقی کی گنجایش ممکن ہے ۔ دائرے کے گورکھ دھندے کو کامیابی کے ساتھ ذہن نشین کرنے کے لئے ہمیں یہ مقولہ یاد رکھنا چاہیئے ۔ کہ بعض اوقات اجمال تفصیل پر قابلِ ترجیح ہے ۔ وہ دائرہ ہو یا شجرہ جس قدر اس کو پھیلا کر بیان کیا جائے گا ۔ اسی قدر اس کا مستحضر ہوتا ہمارے لئے دشوار ثابت ہوگا ۔ اس لئے یہ مناسب ہے ۔ کہ ہم اختصار کے اصول پر عمل درآمد کریں ۔ اس مقصد سے یہاں مَیں دو مختلف خاکے آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ جن میں پہلا مفصل ہے اور دوسرا اس کا اختصار ہے ۔ و ہو ہذا :-

	صدر و ابتدا	حشو اول	حشو دوم	عروض و ضرب
۱	مفعولُ	مفاعلن	مفاعیلن	فاع
۲	"	"	"	فع
۳	"	"	مفاعیلُ	فعول
۴	"	"	"	فعل
۵	"	مفاعیلُ	مفاعیلن	فاع
۶	"	"	"	فع
۷	"	"	مفاعیلُ	فعول
۸	"	"	"	فعل
۹	"	مفاعیلن	مفعولن	فاع
۱۰	"	"	"	فع
۱۱	"	"	مفعولُ	فعول
۱۲	"	"	"	فعل

	صدر و ابتدا	حشو اول	حشو دوم	عروض و ضرب
۱	مفعولن	فاعلن	مفاعیلن	فاع
۲	"	"	"	فع
۳	"	"	مفاعیلُ	فعول
۴	"	"	"	فعل
۵	"	مفعولُ	مفاعیلن	فاع
۶	"	"	"	فع
۷	"	"	مفاعیلُ	فعول
۸	"	"	"	فعل
۹	"	مفعولن	مفعولن	فاع
۱۰	"	"	"	فع
۱۱	"	"	مفعولُ	فعول
۱۲	"	"	"	فعل

اخرب — مفصل ۱۴ — اخرم

بطرز جدید

یہ نقشہ اگرچہ مکمل ہے مگر اس میں ایضاً کی علامت کے استعمال نے اس کی دقت اور دشواری کو بہت کچھ کم کر دیا ہے۔ اور جب اس علامت کو بھی رفع کر دیا جاتا ہے تو اس کے حجم میں اور بھی تخفیف ہو جاتی ہے۔ اور اڑتالیس اوزان کا نقشہ صرف بائیس اوزان پر شامل رہ جاتا ہے۔ چنانچہ:-

نقشہ اخرم

مفعولن ۱۲
- فاعلن ۴
  - مفاعیلن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفاعیل ۲ ‹ ۳ ہجا فعل
- مفعول ۴
  - مفاعیلن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفاعیل ۲ ‹ ۳ ہجا فعل
- مفعولن ۴
  - مفعولن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفعول ۲ ‹ ۳ ہجا فعول

نمبر ۱۵

نقشہ اخرب

مفعول ۱۲
- مفاعلن ۴
  - مفاعیلن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفاعیل ۲ ‹ ۳ ہجا فعل
- مفاعیل ۴
  - مفاعیلن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفاعیل ۲ ‹ ۳ ہجا فعل
- مفاعیلن ۴
  - مفعولن ۲ ‹ ۲ ہجا فع
  - مفعول ۲ ‹ ۳ ہجا فعل

اس اختصار سے ایک تو یہ فائدہ ہوا کہ اخرب واخرم کے اوزان واضح
ر پر بغیر کسی گنجلک کے ہمارے ذہن میں آ گئے۔ دوسرے یہ کہ ہم چند منٹ
ں اس نقشہ کو ازبر کر سکتے ہیں۔ مختصراً یوں کہا جا سکتا ہے :۔
شجرۂ اخرب :۔ رکن اول مفعولُ ۱۲۔ رکن دوم مفاعلن ۴۔ مفاعیلُ ۴۔
عیلن ۴۔ یہ بھی بارہ ہو گئے۔ رکن سوم۔ مفاعیلن مفاعیلُ دو دو بار با فاع
فع وفعول وفعل در رکن چہارم۔ اس کے بعد پھر یہی اوزان دوہرائے جاتے
ں اور آخر میں مفعولن مفعولُ با فاع فع وفعول فعل۔ اس نقشے کو اور مختصر
نے کے لئے ہمیں رباعی کی تقطیع میں اساسی تبدیلی کرنی ہوگی یعنی مثمن
ے اسے مسدس بنانا ہوگا۔ جس سے نہ صرف اس کا یاد رکھنا آسان ہو جائیگا
بعض اوزان کے بے قاعدہ آنے سے جو دقت پیش آتی تھی۔ اس سے
ں چھٹکارا مل جائے گا۔ ان کے علاوہ اخرب اور اخرم اوزان کا فرق نہایت
انی سے معلوم ہو جائے گا۔

اس غرض سے ہمیں نقشۂ اخرب میں صدر وابتدا کے رکن مفعولُ
ے ساتھ، حشو اول میں آنے والے ارکان مفاعلن مفاعیلُ مفاعیلن کا وتد
رغ ' مفا ' ضم کر دینا پڑے گا۔ جس سے پہلا رکن ' مفعولُ مفا ' تبدیل ہو کر
متَفعِلاتُن بن جائے گا۔ بچے ہوئے علن عیلُ اور عیلن حشو دوم کے
اعی اور مفعو سے ترکیب پا کر بالترتیب ' علن مفاعی ' عیلُ مفاعی اور
ن مفعو ہو کر مَفاعِلاتُن، مُفتَعِلاتُن اور مفعولاتن سے بدل جائیں گے۔
دوم کے باقیماندہ اجزا لُن۔ لُ عروض وضرب کے ارکان فاع ' فع '
لُ ، فَعَلُ سے مل کر بالترتیب مفعول ، فعْلن ، فَعِلات اور فَعِلن (بحرکت
ن) کی صورت اختیار کر لیں گے اور بترتیب دوری تین تین مرتبہ آئیں گے

جس سے ہمارا نقشہ مثمن سے مسدس میں منتقل ہو جائے گا۔ ان کے علاوہ اخرم اور اخرب کے فرق یاد رکھنے کی زحمت جس کی بنا پر عروضیوں کو دو دو شجرے اور دائرے بنانے پڑے خود بخود دور ہو جاتی ہے۔ جدید تجویز کی رو سے اگر ہمیں اخرب کو اخرم بنانے کی ضرورت پڑے تو اس کے لئے کسی نئے شجرے کی حاجت نہیں ہے۔ بلکہ صرف اس کے پہلے رکن مُسْتَفْعِلُنْ کو کاٹ کر اس کی جگہ مفعولاتن لے آنے سے اخرم بن جاتا ہے۔

نمبر ۱۶
طرزِ جدید

(اخرب) مُسْتَفْعِلُنْ ۲
(یا)
(اخرم) مَفْعُولاتُنْ ۱۲

- مَفَاعِلاتُنْ ۴
  - مَفْعُولُ
  - فَعْلُن
  - فَعِلاتُ
  - فَعِلُنْ
- مُفْتَعِلاتُنْ ۴
  - مَفْعُولُ
  - فَعْلُن
  - فَعِلاتُ
  - فَعِلُنْ
- مَفْعُولاتُنْ ۴
  - مَفْعُولُ
  - فَعْلُن
  - فَعِلاتُ
  - فَعِلُنْ

نمبر ۱۶

طرزِ جدید

عروضی نقطۂ نظر سے یہ نقشہ ایک مہمل بدعت ہے۔ جس کو کسی عروضی کی تائید حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے ماننے کی صورت میں زحافات کے نقطۂ نظر سے بے حد مشکلات کا سامنا ہوگا۔ لیکن فن سے قطع نظر میں نے اس کے افادی پہلو کو مدِ نظر رکھ کر آپ حضرات کی خدمت میں اس کے پیش کرنے کی جرأت کی ہے۔ اس کے سہل اور سادہ ہونے میں یقیناً کسی کو انکار نہیں ہو سکتا اور طالب علم ایک ادنیٰ توجہ سے اس کو یاد رکھ سکتا ہے مثمنات کے اعتبار سے رباعی کے کل ارکان مع چوبیس ضرب چار، چھیانوے بنتے ہیں۔ نقشۂ بالا میں صرف سترہ ارکان ہیں۔ جن کے ذریعہ سے باقی ارکان کی بازیافت ہو سکتی ہے۔ اگر ان میں سے مکررات کو حذف کر دیا جائے تو صرف نو اوزان رہ جاتے ہیں۔ جن کا یاد رکھنا کوئی بڑا کام نہیں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ذرا سی مشق سے ہم ان اجنبی اوزان پر قابو پا سکتے ہیں۔ میرے خیال میں رباعی کی تقطیع ان اوزان سے عروضی اوزان کے مقابلے میں بہت آسان اور رواں ہو جاتی ہے ؛

محمود شیرانی

صلی اللہ علیہ وسلم یقول : انت منّی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انّه لا نبیّ بعدی ، ولقد رأیته بارز یوم بدر وهو یُحَمحِم کما یُحَمحِم الفرس ویقول [1] :-

بازلُ عامین حدیث سنّ
سنحنح اللیل کأنّی جنّی
لمثل هذا ولدتنی امّی

فما رجع حتّی خضبت سیفه دمًا ؛

(۸۹) مُبَیِّضُ البَطْحَاءِ ابو امیّة حُذَیفة بن المغیرة بن عبد اللہ بن عمر المخزومیُّ الجَوَاد

من القاب ابی امیّة حذیفة [2] بن المغیرة بن عبد اللہ بن عمر ابن مخزوم بن یقظة بن مُرّة بن کعب بن لوی بن غالب بن فهر بن مالك بن النضر القُرَشیّ المخزومی وهو ابو امّ سَلِمة زوج النبیّ صلی اللہ علیه وسلم ؛

---

[1] انظر دیوان علی کرّم اللہ وجهه (ص ۲۰۷) وفی لسان العرب (۱۰ : ۴۸) ، سمعمع اللیل کأنّی جنّی ، علی انّ روایة المصنّف ایضًا موجودة فیه (۳ : ۳۳۲) والسنحنح ، العریض فی اللیل [2] یعرف بابی اُمیّة ، ولم نجد اسمه حذیفة فی المظانّ علی انّ المصنّف ایضًا اطّلع علیه بعد تتمیم الکتاب فانّه ذکره اوّلاً بکنیته فحسبُ ثمّ زاد علیها اسمه ، وهو زوج عاتکة عمّة النبیّ صلی اللہ علیه وسلّم ، انظر اخبار امّ سلمة وعاتکة رضی اللہ عنهما فی کتاب المعارف ص ۶۲ ؛

المیم والتاء وما یثلثهما

(۹۰) **المتأید باللہ** ابو احمد [و ابو] منصور ادریس بن علی الناصر بن حمود العلوی الحسنی الخلیفة بالاندلس

قال صاحب تاریخ الاندلس، لما قتل المعتلی باللہ یحیی بن علی فی المحرم سنة سبع و عشرین و اربعمائة[1] رجع ابو جعفر احمد ابن ابی موسی بن نقیة و نجا الخادم الصقلبی، وهما مدبرا دولة الحسنیین، فاتیا مالقه، وکان اخوه ادریس بن علی بسبتة فاستدعیاه الی مالقه و بایعاه بالخلافة، وتلقب بالمتأید باللہ، فبقی کذلک الی سنة ثلاثین، وحدث القاضی محمد بن[2] اسماعیل ابن عباد نفسه بالتغلب علی البلاد وکان المتأید محب الادب ولم یزل مطاع الامر الی ان توفی فی المحرم سنة احدی و ثلثین و اربعمائة وکانت مدته اربع سنین؛

(۹۱) **المتعزز باللہ** ابو اسحق ابراهیم بن الولید بن عبد الملک ابن مروان الاموی الخلیفة بدمشق

ذکر الحافظ ابو القاسم بن عساکر فی تاریخ دمشق[3]، وقال: بویع له بالخلافة بعد اخیه یزید[4] بن [الولید بن][5] عبد الملک

---

[1] انظر نفح الطیب (۱: ۲۰۲)؛ [2] هو ابو القاسم محمد بن اسماعیل بن العباد اللخمی قاضی اشبیلیة المتوفی سنة ۴۳۳ھ؛ [3] راجع تهذیب التاریخ (۲: ۲۰۳ و ما بعدها)، و فی بیان المصنف نوع اختصار و اختلاف؛ [4] یعرف بیزید الناقص؛ [5] ساقط من الاصل؛

فی ذی الحجۃ سنۃ ست وعشرین ومائۃ، قیل انّ اخاہ عہد
الیہ وقیل لم یعہد الیہ، واستولی بغیر عہد، وخلع نفسہ فی یوم
الاثنین رابع عشر صفر سنۃ سبع وعشرین ومائۃ، قیل: انہ
مکث اربعین لیلۃ ثم خلع، وقیل: مکث سبعین لیلۃ، وکان
طویلاً جسیماً ابیض جمیلاً خفیف مقدّم اللحیۃ والعارضین،
ولم یزل حیّاً الی سنۃ اثنتین وثلثین ومائۃ وقتل فی الخازر
مع مروان بن محمّد،

(٩٢) المتقرّب اسود بن عبس بن وھب بن ریاح ابن عوز بن منقذ بن کعب بن ربیعۃ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم اسا بن زہیر التمیمی الصحابی الامیر علی جند البصرۃ

ذکرہ ابو عمر بن عبد البرّ فی کتاب الاستیعاب[١]، وقال، وفد
علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم وقال، آتیتک اتقرّب الیک؛

---

[١] فی تہذیب التاریخ: "ویقال: انہ لما سلّم الامر الی مروان وبایعہ بالخلافۃ ترکہ حیّاً، فلم یزل حیّاً الی سنۃ اثنتین وثلاثین ومائۃ فقتل حینئذٍ فیمن قتل من بنی امیۃ"، ولا یثبت منہ ما یقولہ المصنف، والصحیح انہ غرق فی دجلۃ فی وقعۃ کانت بین مروان بن محمّد وعبد اللہ بن علی بالزاب الاسفل، وفی بیان المصنف خطأ من ناحیۃ اخری فانہ یقتضی ان یکون مروان قد قتل بخازر وھو نھر بین اربل وموصل علیہ کورۃ تسمّی بہ، مع اتفاقھم انہ قتل بالبوصیر من فسطاط مصر واللہ اعلم، کذا ذکرہ المصنف واما علماء الرجال فیذکرون لقبہ المتقرب انظر اخبارہ فی تاریخ الطبری ج ١ ص ٢٣٦٢، ٢٣٦١، ٢٣٦١، ٢٥٧٥، ٢٥٦٦، و الاصابۃ (١: ٥٥) واسد الغابۃ (١: ٨٣) وفی نسبہ اختلاف یراجع لہ الی الاصابۃ ٣: ٥٠١،

فَسُمِّيَ المُتَقَرِّب فی روایة الکلبی عن ابیه ؛ وقال سیف : اسود ابن ربیعة احد بنی ربیعة بن مالك من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم من المهاجرین وفد الی النبی صلی الله علیه وسلم وامّره عمر بن الخطّاب علی جند البصرة ؛

(۹۳) المُتّقی لله ابو اسحق ابراهیم بن جعفر المقتدر بن احمد المعتضد الهاشمیّ العبّاسیّ الخَلِیفَةُ

امّه امّ ولد اسمها خلوب، مولده فی شعبان سنة تسع وتسعین ومائتین، ولم یلِ الخلافة من بنی العبّاس من اسمه ابراهیم سواه، بویع له بالخلافة یوم توفّی اخوه الراضی بالله یوم السبت سادس شهر ربیع الاوّل سنة تسع وعشرین وثلثمائة، وکان فیه صلاح وکثرة صیام وصلاة، وکان سهل الاخلاق لم تقع عینه علی مسکرٍ قطُّ، وولّی ابو عبد الله البَرِیدیّ الوزارة، وخرج المتّقی الی المَوْصِل ثم رجع، وفی ایّامه سنة احدی وثلثین کان خروج الدَّیلم، ووصل معزّ الدولة احمد بن بویه الی العراق، وغلب تُوزُون علی سامرّا وتکریت والمَوْصِل،

---

[۱] انظر اخباره فی کتاب الاوراق (اخبار الراضی والمتقی منه) مطبعة الصاوی ۱۹۳۵ء، ودائرة المعارف الاسلامیة (۱۹۴۰) ج ۳ ص ۲،۹۲ ؛ [۲] ابو العباس احمد الراضی (۳۲۳-۳۲۹ھ) ؛ ولم تکن بیعة المتّقی یوم وفاة الراضی بل بقی الامر موقوفاً الی العشرین من ربیع الاوّل ثم بویع له، واقرّ سلیمان وزیر الراضی علی وزارته فلم یکن له من الوزارة الّا اسمها وکان التدبیر کلّه الی البریدی، راجع تاریخ الکامل (۸ : ۱۳۱-۱۳۲) [۳] راجع الکامل (۸ : ۱۲۷-۱۲۸) ؛ [۴] الکامل (۸ : ۱۲۹) ؛

ولمّا دخل المتّقی بغداد قبض توزون علیه یوم السبت لاحدی عشرة لیلة بقیت من صفر سنة ثلث وثلثین وثلثمائة وسمله بالسِّنْدِیَّة[1]، فکانت خلافته ثلث سنین وایّامًا، وبقی مسمولاً الیٰ رابع عشر شعبان سنة سبع وخمسین وثلثمائة، وتوفّی فی هذا الیوم ودفن بالرصافة، ومن شعر المتّقی لما سمله تُوزُون :-

العین للمرء سراج له ترشده من وحشة الدنیا
فمن له عمر بلا ناظر فقد بلی من اعظم البلویٰ

(۹۴) المتّقی ابو الحسن علیّ بن احمد بن حسّکا[2] الدیورشی[3] الفقیه [۲ ۴ / ۱۵ ۲]

ذکره الامام شرف الدین ابو الحسن علیّ بن زید الانصاری البیهقی فی تاریخه[3]، وقال : مولده بقریة دِیْوَرَه[4] وکان یلقب بالفقیه المتّقی وهو من اکابر تلامذة الامام اسماعیل[5] بن عبد الرحمان الصابونی ؛

(۹۵) المتوکّلُ ابو یوسف یعقوب بن اسحاق الکلابیُّ المحدّثُ

ذکره الحافظ جمال الدین ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی ابن الجوزی فی کتاب کشف النقاب عن الاسماء والالقاب وقال : حدّث عن فضیل بن عبد الوهّاب ؛

---

[1] قریة من قریٰ بغداد علی نهر عیسی بین بغداد والانبار ؛ انظر من المادّة فی معجم البلدان ؛ [2] وفی تاریخ بیهق : حسنکا ؛ [3] ص ۲۱۵ ؛ [4] قال فی معجم البلدان : قریة من نواحی نیسابور ؛ [5] ۳۷۳ - ۴۴۹ھ ؛ انظر کتاب الانساب ص ۳۴۶ ب بما بعدها ؛

(۹۶) المتلقّن ابو الحسن علىّ بن عبد العزيز بن عبد الله البغدادىّ

سمع كتاب بيان الخطأ والصواب من احاديث الشهاب على شيخنا الصاحب محى الدين ابى محمد يوسف بن جمال الدين ابى الفرج عبد الرحمٰن بن علىّ بن الجوزى بسماعه من والده[٢] المصنّف فى شهر ربيع الاوّل سنة ثلاث وخمسين وستمائة،

(۹۷) المُتَلَمِّسُ جرير بن عبد المسيح بن عبد الله بن

زيد بن دَوْفَنْ[١] بن [حرب بن] وهب[*] بن جُلَىّ بن الاحمس ابن ضبيعة بن ربيعة بن نزار بن معدّ بن عدنان وهو خال طرفة بن العبد وكانا ينادما[ن] عمرو بن هند فبلغه انّهما هجواه فكتب لهما الى عامله بالبحرين كتابين واوهمهما انّه امر لهما بجائزة، وكان الامر بالقتل فخرجا حتّى اذا كانا بالنجف اذا هما بشيخ على لقم الطريق يحدث ويأكل من خُبزٍ بيده ويتناول القمّل فيقصعه فقال له المتلمّس : ما رأيت كاليوم شيخاً احمق، فقال الشيخ : وما رأيت من حُمقى ؟ أُخرج خبيثاً وأُدخل طيّباً وأقتُل عدوّاً ، احمق والله منّى من يحمل حتفه بيده[٢] فاستراب المتلمّس بقوله فطلع عليه غلام من اهل الحيرة ، فقال له : اتقرأ ؟ يا غلام ! قال ، نعم ، ففكّ الصحيفة ودفعها اليه فاذا فيها ″ امّا بعد فاذا اتاك المتلمّس بكتابنا هذا

---

[١] فى الاصل : دَوقن بن وهب ؛ بالقاف والتصحيح من وستنفيلد (ش ٨ س ١٢) وكتاب الاشتقاق ص ١٩٧ ؛ [٢] راجع كتاب الاغانى ج ٢١ ص ١٩٣ – ١٩٥ طبع ليدن ؛

فاقطع يديه ورجليه وادفنه حيًّا" فاخذ ها المتلمّس وقذفها[١] في نهر الحيرة، ثم قال لطرفة: انّ في صحيفتك والله مثل ما في صحيفتي؛ فقال طرفة: كلّا! لم يكن ليجترئ عليّ؛ واخذ المتلمّس نحو الشام[٢] فنجا براسه، وتوجّه طرفة نحو البحرين فقتل، وقال الفرزدق[١]:-

الق الصحيفة يا فرزدق لا تكن ... نكداء مثل صحيفة المتلمّس

٩٨) المتمنّى[٢] عامر بن عبد الله بن الشجب بن عبد ودّ ابن عوف الكلبيّ الشاعر[٣]

ذكره الامير ابو نصر عليّ بن ماكولا في كتاب الاكمال عن دفع عارض الارتياب عن الاسماء والكنى والالقاب؛ وقال: لقّب ببيت قاله؛

٩٩) المتمنّى نصر[٤] بن الحجّاج السلميّ الشاعر الفارس

كان من احسن الناس وهو الذي حلق راسه عمر بن الخطّاب ونفاه الى البصرة وكان من حديثه انّ عمر بن الخطّاب رضي الله عنه سمع فارعة[٥] بنت همّام تنشد:-

هل من سبيل الى خمر فاشربها ... ام هل سبيل الى نصر بن حجّاج

---

[١] انظر: ديوان الفرزدق ص ٥٠، وفيه: الق الصحيفة يا فرزدق انّما-الخ؛

[٢] ضبطناه بصيغة اسم المفعول تبعًا للمصنّف ولكن الصحيح ضبطه بصيغة اسم الفاعل لانّه لقّب بالمتمنّي لانّه تمنّى رقاش امرءة من عامر الاجدار، انظر تاج العروس (١٠: ٣٥٠)

[٣] كتبه مقدّمًا على عامر ثمّ اشار الى تأخيره،

[٤] انظر تاج العروس (١٠: ٣٥٠) ورغبة الآمل (٥: ١٣٩)،

[٥] وهي امّ الحجّاج بن يوسف الثقفيّ؛ ذكرها ابن خلّكان في الوفيات (١: ١٢٣)؛

فلمّا اصبح احضرو المتمنّی فلمّا راٰہُ بهرة جماله، فقال له :

انت الذی تتمناك الغانیات فی خدورهن والله لأُزیلنّ عنك

رداء الجمال، ثمّ دعا بحجّام فحلق راسه، وكانت له جمّة

فبانت، فقال: انت محلوقاً احسن، فقال ای ذنب لی وذاك،

فقال: صدقت، الذنب لي ان تركتك فی دار الهجرة فنفاه الی البصرة

وكتب الی مجاشع بن مسعود ان سیّرت نصر المتمنّی ابن حجاج

الی البصرة، فاستلب نساء البصرة لفظة عمر فضرب بها المثل،

ولمّا قدم البصرة انزله مجاشع منزله لقرابته واخدمه

امرأته شمیلة؛

(۱۰۰) المتنبّی ابو الطیب احمد بن الحسین بن عبدان الکندیّ

الکوفیُّ الشاعر المجیدُ

ذکره الثعالبیُّ فی شعراء الشامؒ، وقال: هو کوفیّ المولد شامیّ

المنشأ نادرة الفلك وواسطة عقد الدهر فی صناعة الشعر، ولد

بالکوفة فی کندة سنة ثلاث وثلاثمائة، وبلغ من کبر نفسه

ان دعا الی بیعته قوماً علی حداثة سنّه وعرف به والی البلدة

فحبسه، وقال ابو الفتح عثمان بن جنّی انما سمّی المتنبی بقوله،-

انا فی امّة تدارکها اللّٰـ ـه غریب کصالح فی ثمود

مامقامی بارض نخلة الّا کمقام المسیح بین الیهود

وکان قبل اتصاله بسیف الدولة مداح جماعة، ویقال:

۱؎ انظر یتیمة الدهر (۱ : ۵-۱۸۹)؛ ۲؎ فی الیتیمة: هو وان کان کوفیّ المولد؛

۳؎ انظر دیوان المتنبی بشرح التبیان ج ۱ ص ۱۹۸ – ۲۰۱، م؛

إنّ عليّ بن منصور الحاجب لمّا مدحه بقصيدته التي اولها :-

بأبي الشموسُ الجانحاتُ غواربا [1]

اعطاه ديناراً واحداً، فسمّيت الدينارية، واخباره واشعاره قد ذكرها افاضل العلماء والادباء وسارت مَسِير الشمس في الشرق والغرب، وصنّفوا في شعره اكثر من مائةِ مصنّف، وكان قد مضى الى فارس ومدح عَضُد الدولة، وارتحل عن شيراز بحسن حالٍ ووفور مالٍ ولم يَقْبَل ما اشِيرَ عليه من الاحتياط باستصحاب الخفراء والمبذرقين فخرج عليه سريّة من الاعراب فقتل مع ابنه محسّدٍ ونفر من غلمانه وفاز الاعراب باموالهِ وذلك سنة اربع وخمسين وثلثمائةٍ بالقُرب من جَبُّل [2]؛

(١٠١) المتنبّي ابوعليّ الحسن بن محمّد بن الحسن الواسطيّ الاديبُ

كان اديباً فاضلاً انشد في شكر بعض الرؤساء :-

ومازال في الاقوام اوّلَ قائمٍ   بعارفةٍ تُسدَى ولِخَيرِ قاعدِ

---

[1] انظر ديوان المتنبّي بشرح التبيان ج ١ ص ١٩٨-٢٠١، ٢٠٠، [2] قال ياقوت : قتل ببيزع قرية من دير العاقول وجَبُّل، وجبّل بليدة بين النعمانية وواسط ؛ انظر معجم البلدان مادة بيزع وجُبُّل، واخبار المتنبّي مشهورةٌ ؛ انظر لبعضها دائرة المعارف الاسلاميّة (٣ : ٧٨١ بمابعدها) والمصادر التي ذكرت فيها ؛

یروح بآلاء ویغدو بمثلها	علی قاطن من اهلیه ووافد

منها :-

فدونک منّی سائرات مدائح	بواق علی اخری اللیالی خوالد
تلذ بافواه الرواة کأنها	جنا النحل ومعسول لمیاء ناهد

(۱۰۲) المتنبّی طُلَیحة بن خویلد الاسدیّ الفارس

(۶۲۰) كمال الدين ابو يوسف يعقوب بن هبة الله ابن عبد الله الاربلي ثم البغدادي الخطيب

من كلامه : الحمد لله على سابغ نعمائه ، وسائغ آلائه ، الاول بلا بداية ، والآخر بلا نهاية ، الذي ليس لمدته غاية ، وفي كل شيء له آية ، وعلى كل شيء دلالة ، و هداية ، الذي جعل سقف السماء ، عالي البناء ، محكم التدبير قسيم النواحي والارجاء ،

(۶۲۱) كمال الدولة ابو الحسن يُمن بن عبد الله المستظهري الامير

ذكره ابو الحسن ابن الهمذاني في تاريخه وقال : وفي سنة ثلاث وتسعين واربعمائة تقدم المستظهر الى كمال الدولة يُمن بتهذيب البلد[1] فعبر في عسكره وطاف على المفسدين وقتلهم[2] ،

(۶۲۲) كمال الدين ابو محمد يوسف بن احمد بن السيبي القارض

قال ابن الساعي في تاريخه : كان كمال الدين ابن السيبي شاباً سرياً لطيف الاخلاق ذا مروءة تامة ، وله قرب بسدة الامام المستعصم بالله بسبب تردده الى سطوح الحمام ومعرفته بامور الطيور ، وتوفي في شهر رمضان سنة خمس

---

[1] كان ذلك على ما قال ابن الاثير في الكامل (۱۰ : ۱۲۴) لزيادة امر العيارين بالجانب الغربي من بغداد ، [2] قال ابن الاثير : فاخذ جماعة من اعيانهم وطلب الباقين فهربوا ،

وأربعين وستمائة ،

(٦٢٣) كمال الدين أبو المظفر يوسف بن أسعد ابن عبد اللطيف التكريتي الفقيه

كان فقيهاً عالماً أنشد لأبي الفتح البستي :-

سبحان من سخّر الأقوام بعضهم ... للبعض حتى استوى لتدبير ما طرّدا

فصار يخدم هذا ذاك من جهة ... وذاك من جهة هذا وإن بعدا

كل بما عنده مستبشر [؟ فرح] ... يرى السعادة فيما نال واعتقدا

(٦٢٤) كمال الدين أبو نصر يوسف بن أبي القاسم ابن إسماعيل الاتقاني[١] الفقيه

كان من العارفين باللغة والأدب ، أنشد في وصف الربيع :-

اربع بربع للربيع وكن به ... ضيفاً تكن ندماءك الأنوار

من فاقع في ناصع في قانئ ... في ناضر صبّاغها الجبّار

(٦٢٥) كمال الدين أبو بكر يوسف بن أبي محمد المبارك بن أبي السعادات المبارك بن عبيد الله بن هبة الله البغدادي[٢] البيّع المحتسب

قال ابن الدُّبيثي في تاريخه ، شهد عند قاضي القضاة أبي الفضائل[٣] القاسم بن يحيى بن الشهرزوري في المحرم سنة سبع وتسعين وخمسمائة ، وتولى ديوان التركات

---

[١] بياض في الأصل والتكميل عن القياس ، [٢] ل : اثقاني ولم نجد له وجهاً أمّا الاتقاني فهو نسبة إلى الاتقان قصبة[٣] من قصبات فاراب ، [٣] هو ابن أخي كمال الدين محمد بن عبد الله الشهرزوري الذي تقدم ذكره وكانت وفاته في رجب سنة ٥٩٩ هـ عن ٦٥ سنة ، راجع الشذرات ج ٤ ص ٣٣٦ ،

وولى الحسبة والنظر فى الوقف العامّ فى شعبان سنة تسع و ستّمائة ، وعزل فى المحرّم سنة ثلاث عشرة وستّمائة ، سمع ابن[1] البطّى وطبقته سمعنا منه وتوفّى فى شهر ربيع الآخر سنة ثلاث عشرة وستّمائة ،

(٦٢٦) كمال الدين ابو المظفّر يوسف بن محمّد بن جستان الشمكوري[2] الصوفى

انشد :-

ومنتظرٍ سؤالك فى العطايا ... وافضل من عطاياه السؤالُ

اذا لم يأتك المعروف طوعًا ... فدعهُ فالتنزّه عنه مالُ

(٦٢٧) كمال الدين ابو العزّ يوسف بن محمد بن المظفّر ابن نظام الملك الطّوسىّ الكاتب

كان عارفًا بالخيل وشياتها وخواصّها ولهُ فيها رسالةٌ حسنة اورد فيها باسناده عن النبىّ صلى الله عليه وسلم ، اذا ارتبطت فرسًا فخذه ادهم محجّل الثلاث مطلق اليمين فانها امياس الخيل ، وكذلك الكميت ، وقال صلّى الله عليه وسلم " خير الخيل الشقر :

(٦٢٨) كمال الدين يوسف بن محمّد بن عبد المؤمن القونوىّ النقّاش

من الشهود الذين شهدوا فى السجلّ المكتوب بخط قاضى القضاة محمود بن ابى بكر بن احمد الأُرمَوىّ ، لاجل الفتى

---

[1] هو محمد بن عبد الباقى بن سلمان المتوفى سنة ٥٦٤هـ [2] نسبة الى شمكور حصن من عمل اران ،

شمس الدین محمد بن عثمان السَرُوِیّ سنة ستین وستمائة ،

(۶۲۹) کمال الدین ابو المظفر یوسف بن شهاب الدین ابی سعد محمد بن یعقوب یعرف بابن ابی الدینه[1] الاَزَجیّ المحدث

سمع فی صباه جماعة من المشایخ وهو ابن شیخنا ابی سعد وله اجازات وقد سمع منه بعض اصحابنا ، ولم یتفق لی السماع علیه ، ورأیت بخطه : سبحان من لا یحدهٗ الاوهام والالسنة ، ولا تغیرهٗ الشهور والسنة ، ولا تأخذهٗ نوم ولا سِنة ؛

(۶۳۰) کمال الدین ابو الفرج یوسف بن محمود ابن احمد المُحاءیّ السمرقَندِیّ الادیب

کان من ادباء العصر ، ذکره لی شیخنا شمس الدین احمد بن محمد بن عُمرَ السمرقندیّ ، وقال : کان من نواحی جبال سمرقند وکان ادیبًا فاضلاً ؛

وانشد فی له :-

الا فاسکن خُجُندة واحترز من	سواها کی تفوز عن الاماکن
فیها هی معدن العرفان طرًا	فقلت نعم لقد کانت ولاکن

وقال هذا من قولهم : خُجُندَةُ مَعدِن العارفین ؛

---

[1] هو مسند العراق محمد بن یعقوب بن ابی الفرج البغدادیّ المتوفی سنة ۶۰۰ م عن احدی وتسعین سنة ، تاریخ العراق ج ۱ ص ۳۰۳ بما بعدها ؛

(٦٣١) **كمال الدين** ابو الفتح يوسف بن يحيى ابن محمد الخوارزمي الفقيه

كان فقيهاً فاضلاً عالماً له معرفة بالادب واطلاع في الكتب. رأيت جزءاً من سماعه من الشيخ ابي نصر ابن الخزاز وفي الجزء من سماعه: قال بعض السلف: انما جعل الله تعالى النبيّ بالمؤمنين اولى من انفسهم لانّ النفس امّارة بالسوء والنبيّ صلى الله عليه وسلم لا يأمر الا بما فيه صلاح الدارين وان الله تعالى ادّب نبيه باحسن الادب، فقال عزّ من قائل: خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ،

(٦٣٢) **كمال الدين** يوسف بن يعقوب بن امير بن موسى بن ابي القاسم الاربلي الشاعر

ذكره ابن الشعار في كتاب عقود الجمان وقال: رأيته باربل؛ قال، وذكر لي جماعة انّه يلتحل الاشعار ويمتدح بها الناس؛ قال، وانشدني لنفسه وكتب لي بخطّه:-

أاحبابنا لا بُلِّغت فيكم المُنى نفوسٌ اذا لم تفنِ اعمارها وجداً
ولا رقأت عين من الدمع بعدكم اذا لم تُخَدِّد في محاجرها خدّا

قال وتوفي سنة اربعين وستّمائة،

(٦٣٣) **كمال الدين** ابو بكر يونس بن احمد بن محمود الطبسي العراقي الكاتب

من كلامه يحذّر صديقاً له: انّ فلاناً وان ضحك اليك فأنّ قلبه يضحك منك وان اظهر لك الشفقة عليك فانّ عقاربه تسري اليك فان لم تتخذه عدوّاً في علانيتك فلا تجعله صديقاً في سريرتك؛ ومن فصل له في المعنى: انّ فلاناً كثير المسئلة حسن البحث لطيف الاستدراج يحفظ اوّل كلامك على آخره فباثّه مباثّة الآمن وتحفّظ منه تحفّظ الخائف واعلم ان من يقظة المرء ان يظهر الغفلة مع الحذر؛

الكاف والنّون وما يثلثهما

(٦٣٤) كُنْدُوجُ العلم ابو محمّد الحسن بن بندار الجُرجانيّ المحدّث

ذكره الحافظ جمال الدين ابو الفرج عبد الرحمن ابن علي بن محمّد بن الجوزي في كتاب كشف النقاب عن الاسماء والالقاب[1] ورواه لنا غير واحد عنه منهم ولده الصاحب محي الدين ابو محمّد يوسف[2] بن ابي الفرج وغيره، وقال: لقّبه ابو حاتم الرازيّ[3] كُنْدُوج العلم،

---

[1] توجد منه نسخة خطّيّة بليدن، ر. تاريخ الآداب العربية لبروكلمن ج ١ ص ٥٠٣ والذيل عليه ج ١ ص ٩١٤، [2] توفّي مقتولاً سنة ٦٥٦ كما في الحوادث الجامعة [3] هو محمّد بن ادريس بن المنذر بن داود الرازيّ الحنظليّ المتوفّى سنة ٢٧٧، الشذرات ج ٢ ص ١٧١، ترجمة الوفيات لدي سلان ج ٢ ص ٣٤٩ بالحاشية نقلاً عن النجوم الزاهرة

٦٣٥) كنز الدولة[1] ابو محمد عمران بن الطليق المصري ثم الأسواني الأمير

تولى اسوان ونواحيها وهي متاخمة بلاد السودان

قرأت في كتاب جنان الجنان ورياض الاذهان الذي صنفه الرشيد[2] بن الزبير الاسواني في ترجمة البديع طراد[3] بن علي الدمشقي وانشد له في ابن الطليق المنعوت بكنز الدولة بأسوان وكان قد استهدى جارية[4] فبعث اليه بعبد اسود فاعاده وكتب معه بهذه الابيات :-

قل للامير اذا رجعت ابا الطليق ابا الطليق
يا زلة الرجل الحليم ونبوة السيف العتيق
اشياء يحوجني اصرح بعد برّي بالعقوق
ما ضركم ان تملكوا رقي برأس من رقيق
انا راحل عنكم بلا مال كسبت ولا صديق

فلما قرأها بعث له مملوكاً وجارية ومائة دينار ،

---

[1] يحتمل ان يكون هو الذي ذكره ابن الصيرفي في الاشارة (ص ٤٥-٤٦) وقال عنه : انه ثار بأسوان سنة ٤٦٩ هـ وتغلب عليهم وكانت وفاته سنة ٤٩٨ هـ ولكنه قال ان اسمه محمد ولم يذكر كنيته ولا اسم ابيه ، وهو غير كنز الدولة الذي حاربه صلاح الدين سنة ٥٧٠ هـ كما في الوفيات ج ٢ ص ٥١٠ ، [2] هو احمد بن علي بن ابراهيم بن علي بن الزبير ابو الحسن القرشي الاسواني المنعوت بالرشيد المتوفى بالقاهرة سنة ٥٦١ هـ راجع الوفيات ج ١ ص ٦٣ بما بعدها والطالع السعيد للادفوي ص ٧٤ بما بعدها ، [3] توفي سنة ٥٢٤ هـ ، فوات ١ : ١٩٩ ، .

الکاف والواو

(۶۳۶) کوکب الصبح ابوالبیان راجز بن عبداللہ بن عبیداللہ الکوفی، العریف

قرأت فی الکتاب العباسی فی اخبار المنصور واخبار قضاته وولاته قال، کان القاضی ابن شبرمة[1] یسمّی اصحاب المسائل الهداهد، قال فبعثهم مرّة یسألون عن العرفاء بالکوفة فی بعض امرهم فطرح من طرح منهم قال ویمرّ علی رجل منهم علیه قلنسوة طویلة اسمه راجز، ولقبه کوکب الصبح، فقال مالی؟ فقال: لاادری! قال: اسألک باللہ الّا سألت عنی، فقال: ابن شبرمة:-

سألنا فلم نعجل وعمّ سؤالنا وکم من عریف طحطحته الهداهد

الکاف والهاء

(۶۳۷) کهف الدین اسماعیل بن الحسن القصری الشیخ المحدث [ ]

کان من المحدثین عباد اللہ الصالحین جمع کتاب الاربعین

---

[1] هو عبداللہ بن شبرمة بن الطفیل قاضی الکوفة (۹۲-۱۴۴ھ)

رواه عنه حافده كهف الدين اسماعيل بن عثمان
ذكره شيخنا صدر الدين ابو المجامع ابراهيم بن
شيخ الاسلام سعد الدين محمّد بن المؤيّد الحمّويهي
فى كتاب الاربعينات من جمعه وقال اخبرنا عنه
الشيخ مجد الدين ابو يزيد بن محمّد بن مسعود بن
ابى يزيد بقراءتى عليه فى جُمادى الآخرة سنة
اربع وتسعين وستّمائة بمزار عمّ جده الاعلى سلطان
العارفين ابى يزيد طيفور بن عيسى بن سروشان البسطامى.

(٦٣٨) كهف الدين ابو ابراهيم اسماعيل بن
عُثمان بن محمّد بن كهف الدين اسماعيل القمرىّ
المخزومىّ الواعظ، حافد المتقدّم

كان اماماً فاضلاً عالماً عاملاً حافظاً واعظاً، له
العبارات الرقيقة الرائقة والاشارات الرشيقة
الشائقة، ورد بغداد سنة خمس وسبعين وستّمائة
وعقد بها مجلس الوعظ بالمدرسة المستنصريّة، فلما
قدمت مدينة السلام باشارة الصاحب السعيد
علاء الدين عطاملك كتبت اليه رسالةً التمس منه
الاجازة وما ينضمّ الى ذلك من الفوائد والفرائد،
فكتب لى اجازة جامعةً ومعها كرّاسةٌ
بخطّه يحتوى على النثر والنظم، ذكرته
فى المشيخة،

(٦٣٩) كهف الامة مجد الدولة ابو طالب رستم ابن فخر الدولة على بن الحسن بن بويه الديلمى ملك الجبال

ذكره ابو الحسن بن الصابئ فى تاريخه وقال: وفى ذى القعدة سنة ثمان وثمانين وثلثمائة جلس القادر[1] بالله وكنى اباطالب رستم بن فخر الدولة و لقبه مجد الدولة وكهف الامة، وعهد له على الرى و اعمالها وعقد له لوآء وحمل اليه الخلع والطوق والسوار والحملان بالمركب المذهب،

(٦٤٠) كهف الدين سليمان بن على بن عبد الله ابن العباس الهاشمى الاديب

انشد فى وصف الليل والصبح:-

ولما رأيت الصبح قد سل سيفه   وولى انهزاماً ليله وكواكبه

ولاح احمرار قلت قد ذبح الدجى   وهذا دم قد طرز الافق ساكبه

(٦٤١) كهف الدين ابو عبد الملك محمد بن ابى الحسن طغان بن بدار بن ابى الوفا الشامى الفقيه

كان من الائمة العلماء والسادة الفقهاء، وله كتاب مصنف فى الفقه، وقال: اول من قال على المنبر فى الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم كان المهدى بن[2] منصور

---

[1] هو ابو العباس بن اسحق بن المقتدر خليفة بغداد (٣٨١ — ٤٢٢ هـ) [2] كذا ذكره السيوطى فى تاريخ الخلفاء (ص ٢٨ بما بعدها)

فقال: انّ الله تعالیٰ امرکم بأمرٍ بدأ فیه بنفسه و ثنّی بملائکته فقال انّ الله وملائکته یصلّون علی النّبیّ یا ایّها الّذین آمنوا صلّوا علیه وسلّموا تسلیماً،

(۶۴۲) کہف الاسلام والمسلمین یمین الدولة[1] ابو القاسم محمود بن سُبُکتکین الغزنویّ السلطان

قد ذکرنا بعض احواله فی تراجمه، وقال ابو الحسن بن الفقیه بن الهمذانی فی تاریخه: وفی سنة سبع عشرة واربعمائة عاد ابو العبّاس الرشیدیّ الی السلطان یمین الدولة ابی القاسم محمود بن سبکتکین من دار الخلافة وزید فی القابه کهف الاسلام والمسلمین مضافاً الی یمین الدولة وامین الملّة نظام الدین وخطب له بذلک،

الکاف والیاء

(۶۴۳) الکیّس ابو حرب زید بن عوف بن سعد السعدیّ

انشد لابی دُلامة[2] حین خرج مع رَوح بن المهلّب

---

[1] او یمین الدین والقیاس ما اثبتناه کما یذکر فی ما بعدها [2] هو زند بن الجون للشکوع اخبار نحشم ذکر نبذة منها صاحب الاغانی (ج ۹ ص ۱۲۰—۱۴۰) وهذه الاشعار ذکرها فی ص ۱۲۵،

اورینٹل کالج میگزین

حصہ اول

ایڈیٹر
محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

اورنٹیل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجراء سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علومِ شرقیہ کی تحریک کو تاحدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؛

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے ؛

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصّوں میں شائع ہوتا ہے حصّہ اول عربی، فارسی، پنجابی بحروف فارسی (حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی بحروفِ گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ؛

وقتِ اشاعت و قیمتِ اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگستؔ میں شائع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۴ اورنٹیل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ؛

خط و کتابت و ترسیلِ زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورنٹیل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ؛

محلِ فروخت یہ رسالہ اورنٹیل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ؛

قلمِ تحریر حصۂ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم۔اے اورنٹیل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔اے پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ؛

[illegible]

فہرستِ مضامین

جلد ۱۷ عدد ۲	بابت فروری ۱۹۴۱ء	عدد مسلسل ۶۴

نوٹ :- ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام مہتہ الیشر داس پرنٹر طبع ہوا اور مالک صدیق احمد خاں نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا

دائرہ کے مہدویوں کا اُردو ادب کی تعمیر میں حصّہ

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ نومبر سنہ ۱۹۴۰ء)

تاریخ غریبی

یہ ایک ضخیم مثنوی ہے۔ جو تقریباً سات سو صفحات اور دس ہزار ابیات کی حامل ہے۔ اس کو منظوم قصص الانبیا کہا جاسکتا ہے۔ مصنف کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔ اسی قدر کہا جاسکتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو خوب میاں کا خانہ زاد بیان کرتا ہے یعنے میاں مصطفےٰ کے خاندان کا۔ خوب گجرات میں ایک عام نام ہے۔ یہاں اس سے مُراد میاں مصطفےٰ ہیں جن کا لطفی نام جو ان کی والدہ نے رکھا تھا۔ خوب[1] میاں تھا۔

مصنف اپنی تاریخ کو ہندی زبان میں لکھنے کے لئے معذرت خواہ ہے۔ اور کہتا ہے کہ ہندی پر کب تک طعنہ زنی کی جاے گی۔ آخر سبھی اپنا مقصد ہندی میں ادا کرتے ہیں۔ بلکہ قرآن پاک کے معنی بھی تو ہندی میں سمجھائے جاتے ہیں۔ حضرت مہدی نے ہندی کا استعمال کیا ہے۔ اور

---

[1] میاں عبداللہ مبارک بدن ایک غزل میں لکھتے ہیں ؎ ہر کرا چون خوب میاں مرشد است ۔ بے بدہ بیشک بمنزل گاہ دین
اور تشریح میں کہتے ہیں۔ "خوب میاں نام میاں مصطفےٰ اکہ والدہ معظمہ لطفی نہادہ بودند" (بحر النکات قلمی مملوکہ سید خیر الدین صاحب وکیل ٹھکانجات جے پور)

میاں خوندمیر نے بھی۔ چنانچہ کئی دوہرے اور ساکھیاں ان سے منقول ہیں اور میاں مصطفےٰ کے استعمال میں بھی آئی ہے۔ اس استدلال سے ظاہر ہے۔ کہ اس عہد تک اہل دائرہ میں اردو کا استعمال اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا تھا۔

ہندی پہ نا مارو طعنا سبھی بتاویں ہندی معنا
یہ جو ہے قرآن خدا کا ہندی کریں بیان سدا کا
لوگوں کوں جب کھول بتاویں ہندی میں کہکر سمجھاویں
ہندی مہدی نیں فرمائی خوندمیر کے منہ پہ آئی
کئی دوہرے ساکھی بات بوے کھول مبارک ذات
میاں مصطفےٰ انیں بھی کہی اور کسی کی پھر کیا رہی

یہ مثنوی جو کسی کہنہ مشق اور قابل مصنف کے قلم سے نکلی ہے اہل دائرہ کی تمام تالیفات میں چوٹی کی تصنیف مانی جا سکتی ہے۔ سنہ ۱۱۶۴ھ میں شروع ہو کر سنہ ۱۱۷۰ھ میں ختم ہوتی ہے۔ راجپوتانہ کی اردو کا صحیح نمائندہ اس کو قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس کی لسانی خصوصیات بے شمار ہیں۔ چونکہ اس کتاب پر میں نے اورینٹل کالج میگزین کے دو پرچوں میں (نومبر سنہ ۱۹۳۸ء و فروری سنہ ۱۹۳۹ء عدد مسلسل ۵۵ و ۵۶) ایک سیر حاصل مضمون حوالۂ قلم کیا ہے۔ اس لیئے اس پر مزید خیال آرائی کی ضرورت نہیں ॰

تاریخ غریبی معلوم ہوتا ہے۔ دائرہ کی حدود سے باہر بھی کافی مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔ چند سال ہوئے دہلی سے ایک معلم اس کا ایک نسخہ فروخت کرنا چاہتے تھے۔ گذشتہ دسمبر میں دہلی کی نمایش میں جو انجمن ترقی اردو ہند دہلی کے زیر اہتمام ہوئی تھی۔ ایک صاحب جو پٹیالہ کے علاقہ کے متوطن تھے۔ اس کا نسخہ نمایش میں رکھنے کے لیئے لائے تھے ॰

رسالہ در حجت دلیل بے واسطہ

ناظم نے اس کا نام خلاصۂ عقیدۂ فرقہ (میاں مصطفےٰ) دیا ہے۔ چنانچہ ؎

اگر نام این نسخہ پرسی تو جان		خلاصہ عقیدہ ہے فرقہ میاں

اس کی ابتدا ہے :-

خدا راست حمد و ثنا و شکر		کہ خالق خلق کا ہے جن و بشر
توانا و قادر عجز نا اسے		کند آنچہ خواہد نپرسد کسی
صفت اوسکی کوئی نہ کرنی سکے		اگرچہ عمر ساری کر کر تھکے
ملایک نبیوں نے عجز جب کیا		تو عاصی بشر کوں سخن کیا رہا
تیں اپنی صفت آپ پر جو کری		وہی حق ہے اور دگر ناصحی
کسی کی صفت میں تو آتا نہیں		ہر یک کا صفت تجکوں بھاتا نہیں

حمد و نعت کے بعد مصنف جس کے نام سے ہم ناواقف ہیں جناب مہدی کی ثناگستری میں مصروف ہے :-

بھی مہدی اوپر بہت صلوٰۃ باد		کہ ہست او خلیفہ خدا بر عباد
نبی نیں شرف اوسے اپنا دیا		کہ دو نبیوں میں ذکر اسکا کیا
کہا میری رہ پر چلاہن ہار سبے		نبی میری امتکا او رکھوار ہے
شریعت حقیقت کا مارے گا دم		او میرے قدم پر رکھے گا قدم

اس کے بعد کہتا ہے۔ کہ ان دنوں ہمارے فرقہ میں یہ مسئلہ چھڑا ہوا ہے کہ میاں مصطفےٰ کے متعلق کیا رائے قایم کی جائے۔ آیا ان کو اہل امر یا اولوالامر مانا جائے یا صرف مقلّد ؟ اس کا جواب ہے۔ کہ وہ نہ یہ تھے نہ وہ تھے۔ بلکہ ماں کے پیٹ سے سعید پیدا ہوئے تھے۔ رسول اللہ کے زمانہ میں جو رتبہ حضرت

اویس قرنی کا تھا۔ یہی نسبت میاں مصطفےٰ کو حضرت مہدی سے تھی۔ خدا نے میاں کو بلا واسطہ ہادی و رہنما بنا دیا۔ اس میں تعجب کی کونسی بات ہے۔ وہ خدا کے پیدائشی عاشق تھے۔ ان کا مقام تجلی ذاتی تھا۔ کسی کے سامنے زانوی شاگردی نہ نہیں کیا۔ فضلِ خداوندی سے علم لدنی حاصل تھا۔ باقی کتاب اسی قسم کے دلائل اور مشاہدات پر شامل ہے۔ کتاب کے پچیس صفحات ہیں۔ فی صفحہ پندرہ سطریں ابیات کی تعداد قریباً تین سو ستر ہے۔ تاریخ تالیف ۱۱۶۵ھ ہے۔ مصنف کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ مرقوم ہے:-

اگر اسم کاتب تو پرسی ہمیں | بیابی تو در چہل و پنج اندرین
اگر سن این نظم پرسی بسنج | ز ہجرت ہزار و صد و شصت و پنج
نہم بود تاریخ ذی الحج ماہ | کہ شد نظم تمت ز فضل الٰہ

ریختہ کی طرح اس رسالہ کی زبان فارسی ہندی آمیز ہے۔ کبھی نصف مصرع فارسی اور نصف ہندی۔ کبھی پورا مصرع فارسی اور دوسرا مصرع ہندی کبھی پورا شعر فارسی میں۔ کبھی متعدد اشعار ہندی میں اور پھر یکایک فارسی کا پیوند نظر آنے لگتا ہے۔ الغرض ساری مثنوی میں یہی گنگا جمنی صورت آنکھوں کے سامنے سے گذرتی ہے۔ میاں کے علم لدنی کے مالک ہونے کے ثبوت میں مصنف نے ان کی ایک کرامت نقل کی ہے۔ جب وہ چار سال کے تھے۔ ایک روز اپنے والد میاں عبدالرشید کی خدمت میں بیٹھے تھے۔ اتنے میں ایک عالم کچھ علمی اشکال مع کتاب لے کر آیا اور بولا کہ میری بعض مشکلات ہیں۔ مہربانی کر کے حل کر دیجیے۔ میاں عبدالرشید ابھی جواب دینے نہ پائے تھے۔ کہ زنانے سے ایک لونڈی آئی اور بولی کہ آپ کو اندر بلاتے ہیں۔ میاں نے اس عالم سے کہا۔ آپ ذرا صبر کریں۔ میں ابھی واپس آیا۔ وہ تو یہ کہہ کر اندر چلے گئے۔ مگر

میاں مصطفیٰ اس عالم سے پوچھنے لگے۔ کہ آپ کی وہ مشکل کیا ہے۔ مَیں بھی تو سنوں۔ وہ عالم متعجّب ہوتا ہے۔ پہلے تو بتانے سے گریز کرتا ہے۔ لیکن جب میاں مُصِر ہوتے ہیں وہ عالم اس خیال سے کہ آخر پیرزادے ہیں معمولی بچے نہیں۔ تین دفعہ انکار کر چکنے کے بعد زیادہ انکار مناسب نہیں جانتا۔ کتاب کھول کر وہ مشکلات، ان کو بتلاتا ہے۔ میاں مصطفیٰ وہ اشکال بسہولت تمام اس کے ذہن نشین کر دیتے ہیں۔ وہ عالم ان کا تبحر دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ مَیں یہ حکایت یہاں نقل کرتا ہوں جس سے ہم کو اس کی زبان کا اندازہ ہو سکے گا۔

لدنی علم کا ذکر جو کیا — میاں مصطفیٰ کوں جو تھا از خدا
تو تائید ایس قول کی اے عزیز — توں انصاف سوں سن آصاحب تمیز
میانکے ولینعمی عبدالرشید — او حافظ اتھے اور علم میں مزید
جو اشکال غامض دقایق کُبل — کوئی سے کے آتا تو کر دیتے حل
کتے ایک علما و لیکر کتاب — میاں پاس آیا او طالب صواب
کہیا آمیانکو اسے روشن ضمیر — مرے پر ہے اشکال بزرگ عسیر
فضل کن و بکشاے اشکال ما — کرم خویش فرماے بر حال ما
میاں نیں کہیا اسکوں بیٹھو اتا — کہ انشاء اللہ یابی مقصود را
در اثنای آن یک کنیزک دوان — بنزد میاں آمدہ گفت آن
شتابی سوں یکبار گھر میں چلو — کہ کاری ضروری ست آنرا شلو
میاں نیں او سائل کوں بولے چنیں — کہ اندک صبر کن در ینجا نشین
اتا باز پھر کر سو آتا ہوں میں — بھی اشکال تیرا بتاتا ہوں میں
میاں تو جداں زود گھر میں سگئے — میاں مصطفیٰ اوہاں بیٹھے رہے
میاں مصطفیٰ کی عمر آن زمان — برس چار یا کم زیادہ ازان

نخواندہ یقین بسم اللہ آنجناب — ولی علم بود از حدیث و کتاب

اسے بول علماوکوں آن زمان — کہ کیا پوچھتے تھے سو پوچھوا زان

اٹھا بول علماو یوں کر سخن — برو کودکوں ہیچ بازی بکن

اتا تم ہو بالک تمہاری کیا شان — کہ اشکال کوں چاہیے علم گیان

میاں نیں اُسے دوسری بر کہا — کہ تجکوں دکھانے میں کیا لاگتا

اونیں دوسری بار پھیرا سخن — کہ کھیلوں نہ میں کودکوں کے کدھن

میاں نے سویم بار تکرار کر — کہا کیا زیاں ہے دکھانے بہتر

کیا فکر علماونیں آن زمان — کہ شاید کہ حکمت بود اندران

سخن انکا پھیرا ہے میں تین بار — اسے فرزند ہیں بہت عالی تبار

کہ نہنو ادکر انکو جانو نکو — خدا بہت دانا چہ راز است درو

مبادا کہ باشی تو ہم برخطا — تو اشکال بکشا بدیشان نما

جب اشکال کا ڈھا و کھولی کتاب — رکھی جا میانکے اگے جب شتاب

کہیا جب میانکو یہ اشکال ہے — نہ اس میں نزا ہیچ ادخال ہے

میاں نیں چنان کشف کرد آن زمان — کہ علماو کے ہوئی وہ خاطر نشان

بھی حیراں ہوا اور پڑا در فکر — کہ یارب کہاں یو علم کیا عمر

در اثناء آن میاں عبدالرشید — اوس علماو کن زود تر میرسید

بفرمود اشکال دکھلا مجھے — کشف جو کروں اسکے معنی تجھے

اٹھا بول علما کہ اے دیندار — نہ در من عقل ماند نے کچھ قرار

کہ خوندکار جب آپ گھر میں گئے — میاں مصطفےٰ یہانچہ بیٹھے رہے

انہوں نے کیا مجسوں دو بر سوال — کہ کیا پوچھتا تھا سو پوچھو اتال

میں دو برا انہوں سوں کری بے ادبی — کہ لڑکوں میں جاؤ کھیلو ابھی

سویم بار پوچھا بھی تکرار کر	جداں ہیں کری اپنے دل ہیں فکر
کہ فرزند ہیں نسل مرد خدا	ہر انا انوں کا سخن نہیں بھلا
جداں ہیں او اشکال انکے حضور	کیا کھول کر جب حوالا حضور
نشان خاطر من بکرد آنچنان	کہ از من عقل ہوش رفت آزمان
ڈبیا ہوں ہیں حیرت کے دریا میں آن	کہ اس عمر میں یہ فضیلت کہاں
کہا جب میاں ہیں عجب ہیں نہ آ	کہ انکوں علم ہے محض از عطا
نہ مکتب ہیں بیٹھے نہ سیکھے حرف	علم ہے لدنی یو از حق طرف
میاں نیں زباں سوں جداں یہ کہا	او علما رضا لیکو گھر کوں گیا

یہ مثنوی نہ صرف فارسی اور ہندی زبانوں کی مجمع البحرین ہے بلکہ دکنی اور راجستانی کی بھی سنگھم ہے۔ اگرچہ بحیثیت مجموعی اردو کی تقسیم میں شامل ہے ذیل میں بعض دکنی الفاظ یہاں درج ہوتے ہیں جو اس مثنوی میں موجود ہیں۔ مثلاً انقا۔ اہے۔ اہیں۔ ملکو (مل کر)۔ نکو (کلمۂ نفی)۔ ہوکو (ہوکر) ع

غصہ ہوکو بولا یوں اکبر کلام

کدھن (پاس) ع کہ کھیلوں نہ میں کودکوں کے کدھن

ننہواد (بچہ) ع کہ ننہواد کہ انکوں جانو نکو

کبل (مشکل) س جو اشکال غامض دقایق کبل۔ کوئی لیکو آتا تو کر دیتے حل

اتال (اب) ع مجھے فکر دیگر نہ دستی اتال۔

ہمن (ہم) ع کہ جو کچھ تو کہتا سو کرتے ہمن

یہاںنچہ (یہاں ہی) ع میاں مصطفٰے یہاںنچہ بیٹھے رہے

اتا (ابھی) ع اتا تم ہو بالک تمہاری کیا شان

ندھان (آخر) ع میاں کی زباں سوں سنا جب ندھان

راجستانی کا اثر

'ہی' مستقبل۔ 'ہ' اور 'س' آپس میں بدل جایا کرتے ہیں۔ 'ہی' کے مقابلے میں 'سی' بہت عام ہے لیکن راجستانی میں 'ہی' بھی بکثرت آرہا ہے۔ چنانچہ مثال:-

جو چاہے سو کرہی تو کرتار ہے کوئی کام تجھ پر نہ دشوار ہے

رکھوار (رکھوالا) ے کیا میری رہ پر چلبھار ہے بھی میری امتکا او رکھوار ہے

تیں (تو) ے کسی کوں دیا تیں لدنی علم کسی کوں دیا کسبی از رہ کرم

جداں (جب) ع جداں ہیں کری اپنے دل میں فکر

پاوتے (پاتے) ع خضر پاوتے تھے زراہ اصل

کاڈھا (نکالا) ے جب اشکال کاڈھا و کھولی کتاب رکھی جا میانگے انگے جب شتاب

لاگتا (لگتا) بر (بار) ے میاں نیں اُسے دوسری بر کہا کہ تجھکوں دکھنیں ہیں کیا لاگتا

پگ (پاؤں) ع پگوں میں ہیں بیڑیاں اُلوں کے کبل

آپنے (اپنے) ع کہ تم نیں کیا آپنیں دل بھی گیاں

یا (یہ) ع خدا کے امر سوں یا بولو ہو تم

چیلہا (پہیے کا نشان)۔ باہناں (ڈالنا) ے

کہ گردوں کے چیلیے کی خاک این زماں لیاناں و آنکھوں منے باہناں

ماٹی (مٹی) ع جداں لیا سے چیلیے کی ماٹی اٹھا

انجنا (سرمہ لگانا) ے میاں اپنی آنکھوں میں انجی اول بھی انجی یوں ہی سب فقیروں نیں مل

کریں تھے (کرتے تھے) ے

میاں جس وقت پر دوگاناں نماز کریں تھے سو او وقت آیا فراز

دھکیلنا (دھکیانا) ے

جو کوئی حق نما نے دھکیلے اوسے محض سینہ زوری سوں ٹھیلے اوسے

اسی طرح راجستانی کے تتبع میں اُردو کی ڑے کی جگہ ڈال بہت استعمال ہوتی ہے۔ یعنے :-

چھڈانا (چھڑانا)۔ کاڈھنا (کاڑھنا)۔ پڈھنا (پڑھنا)۔ بڈا (بڑا)۔ چھوڈنا (چھوڑنا)

دکنی میں عربی فارسی الفاظ کے تلفظ میں بہ تقلید عوام و ضرورت شعری ترمیم کر دی جاتی ہے۔ یہی دستور اس مثنوی میں پایا جاتا ہے۔ مصنف لفظ و معنی کا قتل عام کرتا ہوا جا رہا ہے ؎

نیش خاری نیست کز خون شکاری سرخ نیست
آفتی بود آن شکار افگن کہ از صحرا گذشت

بعض مثالیں درج ہیں :-

یقیدا (عقیدہ)۔ علماو (علماء)۔ کلماں (کلمہ)۔ اَوَل (اوّل)۔ کی شکل میں ملتے ہیں اور فکر۔ ذکر۔ امر۔ اسم۔ اہل۔ فضل۔ کشف۔ وقت۔ خلق۔ شکر۔ اسم۔ حزم۔ عدل۔ کبر۔ علم اور عجز کو بتحریک دوم اور سبب قلم بزرگان۔ سخن۔ محض وغیرہ کو بسکون دوم باندھا ہے۔

وفات نامہ

تالیف ۱۱۷۵ھ ہجری

یہ اور شہادت نامہ جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ ایک ہی شخص کی تصنیف معلوم ہوتے ہیں۔ دونوں کے آخر میں چار چار اَرْل[1] دیے ہیں جن میں صرف ایک ایک موقع پر لفظ "آدھین" جس کے معنی مطیع۔ تابع۔ مسکین و عاجز وغیرہ ہیں۔ استعمال

---

[1] اَرل :- چار مصرعوں یا دو بیتوں پر شامل ایک نظم ہوتی ہے جو ہندی میں بھی ندرت کے ساتھ استعمال ہوتی ہے ہر بیت کے قافیے مثنوی کی طرح جدا جدا ہوتے ہیں۔ آخری مصرع میں "یہ ہاں ہاں جی" ضرور آتا ہے۔ جو شاید بطور تکیہ کلام لایا گیا ہے۔

ہوا ہے اور غالباً بحیثیت تخلص استعمال ہوا ہے۔ اس خیال کی تائید اس امر سے ہوتی ہے کہ 'زینت الصلی' (جس کا تبصرہ آئندہ ہوگا) کا مصنف اپنے آپ کو 'آدھین مہدوی' کے نام سے یاد کرتا ہے۔ چنانچہ :-

آدھین مہدوی ہے   جسنے نظم کہی ہے

اب ظاہر ہے کہ 'آدھین' وفات نامہ اور شہادت نامہ میں بحیثیت تخلص آیا ہے ذیل کے ارل میں جو وفات نامہ سے نقل ہوتا ہے 'آدھین' موجود ہے۔

ارل

کہے بات آدھین گیان کران جیو   آج کال میں موت سو آئی جان جیو
بھی بچار من ماںہہ سو تو باکیجیو   پرہاں ہانجی رہی عمر سونیکی میں چت ویجیو

وفات نامہ کی ابتدا :-

حمد حی قایم کوں ساجے   آدانت جو وہی براجے
وہی سدا کا سانچا ساقی   ہیں تمام فانی وا باقی
ساقی باقی مجلس فانی   آدانت قدرت ربّانی
ابدا ابد سو ایکوں کارا   الکھ نرنجن اپرم پارا
سبکوں وہی پلاوے پیالا   جیوے سدا پلاون والا
اس پیالے سوں کوئی نہ بانچا   مرد استری جھوٹھا سانچا
نبی ولی اور مومن پیارے   سووے رہے یہ بیکر سارے
اسکوں پیوے دنیا ساری   اپنی اپنی آوے باری
کوئی پی گیا کوئی پیوے   سدا نکوئی جگ میں جیوے
ایک روز وا ہول دھری ہے   انت ایک دن موت کھڑی ہے
سبکوں وہی پلاوے پیالا   اس پیالے کا اسے حوالا

اسکی قدرت سب میں جاری　　دنیا سمجھے کون چکاری

چونکہ وفات نامہ ہی لکھنا مقصود ہے۔ اس لئے مصنف نے ایسی تمہید جس سے دل کا کنول مرجھا جاتا ہے۔ شروع کی ہے۔ ایسے موضوع کے لئے اسی قسم کی تمہید نہایت مناسب ہے۔ اس نے اپنے مضمون میں ادبی شان پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اگرچہ زبان اس کے خیالات کا ساتھ نہیں دیتی وہ اپنے سرود فنا کو جاری رکھتے ہوے کہتا ہے:۔

پلک مانہہ جن خلق بناٹی　　جامیں اپنی جھلک دکھائی
ہو کسان جن باہی کھیتی　　دھرن گگن میں اوگے اتی
پھیر کاٹ لے جب وا چاہے　　کون کہہ سکے کیوں توبا ہے
آپ کمہریا ماٹی سانے　　بھانڈے کیسے سو بھید بانے
کوئی مٹکیا کوئی گگریا　　بھانت بھانت وامیں رس بھریا
پھیر کرے ماٹی کی ماٹی　　ایسی کون پڑھا جو پاٹی
مالی ہو کر باغ لگایا　　جا کے کھلک تماشے آیا
برن برن اوگی بن باڑی　　بھانت بھانت پھولی پھلواری
آپ بھنور ہو پھول کلی پر　　بیٹھ باس لے رنگ رلی کر
پھیر پھول کوں پکڑ مروڑے　　کون کہہ سکے کیوں تو توڑے
وا جو کہے سو حق کر جانو　　وا جو کہے سو دل کر مانو
اکھت کتھا ہے پیم کہانی　　کا ہونے یا مرم نہ جانی

دوہرہ:—

کرن ہار جو کچھ کرے دھرن گگن میں کاج
سزا وار وا کوں سبھے تین لوک میں راج

سورٹھ :- راجا کرے سونیاؤ پر جا کا اس میں بھلا
پاسا پڑے سو وا و ناتھ پر اٹے ہاتھ ہے

اس تالیف میں دکنی اثر بہت کم رہ گیا ہے اور راجستانی اثر بڑھ گیا ہے
'نکو' دکنی کلمۂ نفی اس شعر میں آرہا ہے ؎

مار پچاس ہمارے تن کوں نکو مار اس پاک بدن کوں

ایک خصوصیت یہ ہے کہ امر خاص مصادر کے ساتھ مضارع کا
افادہ دیتا ہے۔ مثلاً 'ہو جا' یعنے ہو جائے۔ مثال :-

بات کم کرو کھاؤ تھوڑا ہو جا نفس تمہارا گھوڑا

مثال دیگر :- لکھے آکر ل عالم سارا تین لوک ہو جا سب ہارا
" دیگر :- کسکوں دیکھ خوشی ہو جا نگے کون بھانت اسے مر مر جانگے
" دیگر :- کھڑیاں دیکھتیاں راہ تمہاری وار پھیر ہو جاں بلہاری
" دیگر :- سنکر دیجا آنا کانے بات بنی کی ایک نمانے
" دیگر :- بہت بیچیا ہو جاں ناریاں تھوڑیاں حیا جو کرنے ہاریاں
" دیگر :- ہو جاں ایسیاں نپٹ امانیاں پھریں جہاں چاہیں بے طانیاں

'نے' کا استعمال

اگرچہ عام طور پر اردو کے مطابق ہے مگر بعض موقعوں پر بے قاعدہ بھی
ہوا ہے۔

مثال :- جب بلال نیں دوڑا جا کر دیا کو ڑڑا اسکوں لیا کر
" دیگر :- پھیر نبی صاحب نیں بولا سنو جو میری امت ٹولا
" دیگر :- عمر اور عثمان علی نیں بولے مل کر ولی بلی نیں
" دیگر :- جب رسول نیں شکر بچایا ہو نچنت ایسیں۔ فرمایا

مثال دیگر:۔ کرو امامت میں نبی بو لا کھڑے رہو پیچھے سب ٹولا

" دیگر:۔ پھیر نبی نیں سن یہ بولا سکھی رہو یہ امت ٹولا

حذف کی مثال:۔ پھیر گگن کوں سیس اٹھایا کہا الٰہی میں پہنچا یا

بعض افعال جو اردو میں متعدی ہیں وفات نامے میں لازمی استعمال ہوئے ہیں مثال:۔

نا وا ایسی سکت دھراوے ہو کر کھڑا نماز کراوے ؛ یعنی سکت دھرے

مثال دیگر:۔ کہا عائشہ کے سر بیتی گئی ہوا میں چادر اڑتی

آسمان کی طرف چلائی میرے پھیر نظر ناں آئی

چلائی یعنی چلی

مثال دیگر:۔ کروں امامت وہاں چل آؤں میں نہ آپ میں سکت دھراؤں

یعنی سکت رکھوں

" دیگر:۔ بی بی نیں جب دیکھا سینا جسمیں پاوے غیر کہیں نا

بہت گرم بیتاب دکھایا بے قرار اندام جو پایا

دکھایا یعنے دکھا

"جے" اور "جیو" خطابیہ اردو میں صرف چند افعال کے ساتھ آتا ہے مگر وفات نامہ میں اس کا دائرۂ عمل وسیع ہے۔ وہ امریہ ہے اور استمرار کا کام بھی دیتا ہے۔ مثالیں:۔

حاضر ہے سو دل میں لیا جیو غیر حاضر و نکو پہنچا جیو

(دیگر) جو کھاؤ سو انہیں کھلا جیو جو پہنو سو انہیں پنہا جیو

(") بات دنیا کی وہاں نہ کیجے ادب خدا کے گھر کوں دیجے

(") اتفاق سوں سارے رہجیو کام نیک کر جیو اور کہہ جیو

(") خوف خدا کا دل میں دھر جیو اور کسیکا خوف نہ کر جیو

(دیگر) یہ سلام میرا پہنچا جیو   میں بولوں سو ادب بجا جیو
(") فحش جھوٹ غیبت بدگوئی   ایسی بات نکہ جیو کوئی
(") یارو منکا برا منا بجے   دے زکات سُکھ جا جے

یہ "جے" راجستانی کے اثر میں معلوم ہوتا ہے۔ جے واحد کے واسطے اور جیو جمع کے واسطے۔

راجستانی اثر

وفات نامہ پر راجستانی اثر بہت غالب ہے۔ جو نہ صرف الفاظ تک محدود ہے بلکہ ضمائر اسمائے اشارہ اور افعال تک حاوی ہے۔ ذیل میں بعض مثالیں درج ہیں :۔

ترتابی (بے تابی) :۔ لیاؤ کوڑا یار شتابی   ہیہ مانہہ لاگی ترتابی
بیاکل (بیکل) :۔ بیقرار بیاکل ہو پیارا   لاعلاج یوں کیا اشارا
کھم (ستون) :۔ بڑا کھم گھر کا سو ٹوٹا   ٹھور ٹھور سوں مندر پھوٹا
جا (جس) :۔ للاٹ (پیشانی) :۔
سیس مبارک بہت دمکتا   جا للاٹ پہ نور چمکتا
گھالے (بنا پر۔ وجہ سے) :۔
تکوں پوچھیں انکے گھالے   ہو جو تم انکے رکھوالے
باجے (کہلائے) :۔ اگر قریشی سید باجے   کرتا بدی نہ ہرگز لاجے
کھوسا (چھینا) :۔ کھوسا آپنے کیا لیایا   پھیر سنگ کیا لیجایا
'لیجایا' یعنے لے گیا۔ اگرچہ مطابق قیاس ہے۔ مگر مستعمل نہیں ہوتا۔
تیں (تو) :۔ کرن ہار مینے پہنچایا   منجھے جو کچھ تیں نیں فرمایا
چھورا چھوری (بچہ بچی) :۔ ہاتھ تلے کے چھورا چھوری   ان پر کدی نہ کیجیو زوری

نیب (زبان) :- اس زبان سوں آچھا بولو غیر بات پر جیب نکھولو

کلہ کلیس (لڑائی جھگڑا) :- دور ہوئی سب بلا تمہاری کلہ کلیس مٹادی ساری

چھانا (مخفی ۔ چھپا) :- وہاں کچھ چھپا رہے نہ چھانا سکوں انت خدا کن جانا

کسے (کسی کو) :- کدی کسی پر ظلم نہ کیجیو یعنی کسے نہ ایذا دیجیو

دھیر دلاسا (تسکین و تسلی) :-

سو تو میرا صاحب پیارا دھیر دلاسا دینے ہارا

رنجانا (رنج پہنچانا) :- مائی باپ کی بیفرمانی جن نیں فرات انکی رنجانی

اوپاڑنا (اکھیڑنا) :- یا ہی بسے محل اجاڑے یا ہی گھر نیویں اوپاڑے

نکالن لاگا (نکالنے لگا) :- جب جم جیو نکالن لاگا ٹوٹ گیا سب تن کا تاگا

یا ہی (یہی) ۔ واہی (وہی) :-

ملک الموت کہیں سو یاہی دروازہ پر کھڑا واہی

اوچانا (اٹھانا) :- پھیر گگن کوں سیس اوچایا کہا الٰہی میں پونچا یا

اُردو کی 'ڑے' کی جگہ 'ڈال' زیادہ آتی ہے ۔ مثلاً :- بڈا (بڑا) ۔ پڈھنا (پڑھنا) ۔ چھوڈ (چھوڑ) +

نون اور نڑہ کا تبادلہ :- جاڑے (جانے) ۔ سنڑو (سنو)

جمع

نمازاں ۔ زکاتاں ۔ نیازاں ۔ فوجاں ۔ باتاں ۔ نکاتاں ۔ صفاں ۔ بہشتاں ۔ حوراں ۔ نوباتاں (نبات) ناریاں ۔ تھوڑیاں ۔ امتاں ۔ دروداں تحیاتاں +

بعض مثالیں :-

یہ ایمان جانے کیاں باتاں جو کہ دین میں ہوں آفاتاں

(دیگر):- اور امتاں ہیں جو ساریاں سگل انبیا کیاں نر ناریاں
(دیگر):- بہت بیجیا ہو جاں ناریاں تھوڑیاں حیا جو کرنے ہاریاں
(دیگر):- کن دیکھیاں آگے کیاں باتاں کروں ذوق بیہاں میں ونن آتاں
(دیگر):- گھر میں ہیں تمہارے ناریاں ہویاں تمہارے سارے ساریاں
وے جو بچاریاں گھر میں رہتیاں جو تم کھو سو کرتیاں کہتیاں

عربی فارسی الفاظ کی بگڑی شکلیں

ایشارا = اشارہ۔ ترتابی = بیتابی۔ بےمان = بےایمان۔ جانُو = زانو۔ اعلا = اعلیٰ۔ اندیشار (یا نون غنہ) = اندیشہ۔ درونا = درون

خاتمہ:-

یہ غریب عاجز کیا ہوگا اس بچار کی باتوں جوگا
اس نبی کی رکھے یوں خاصی کریں شفاعت ہوسے خلاصی
میاں جی کا داس بچارا اسنے لکھا یو قصہ سارا
عیسیٰ میاں سو مرشد میرا مجھے آسرا ہے بہتیرا
اس وفات نامہ کی باتاں سنے بیٹھ جو کوئی نکاتاں
وا ثواب ایسا بھر پاوے جیسا مکہ مدینے جاوے
جا رسول کی کرے زیارت یوں گناہ کی ہوسے کفارت
اور مرتبے ملیں سو اعلا ہوسے خدا کن درجا بالا
نبی محمد کریں شفاعت ہو قبول سب نیکی طاعت
نبی محمد پر صلواتاں بیشمار دل سوں تحیاتاں
اور آل اصحاب پیارے ان پر بھیجو مل کر سارے

دوہرہ:- یک ہزار یک سو برس ستر او پر پانچ یہ وفات نامہ لکھا روز جمعہ تھا سانچ

وفات نامہ کو آدھین مہدوی جس کے اصلی نام سے ہم ناواقف ہیں ۱۱۷۵ھ/۱۱۹۱ء میں ختم کرتا ہے۔ ایک امر حیران کن ہے کہ وہ عیسیٰ میاں متوفی ۱۱۵۱ھ کا ذکر کرتا ہے۔ ان کو اپنا مرشد مانتا ہے لیکن موجودہ پیشوا میاں نجم الدین ۱۱۶۷ھ و ۱۲۰۹ھ کا نام نہیں لیتا۔ اس کا سبب میاں عیسیٰ کے ساتھ اس کا ذاتی خلوص ہو سکتا ہے مگر میاں نجم الدین کے نام سے اعراض کی کوئی معقول وجہ ہمیں معلوم نہیں ؛

وفات نامہ میں تقریباً گیارہ سو شعر ہوں گے۔ تعداد صفحات پچھتر (۷۵) ۱۵ سطریں فی صفحہ ؛

شہادت نامۂ امام حسن و حسین

غالباً اسی مصنّف کا ہے جس کے قلم سے وفات نامہ مرقوم ہوا ہے ۔ دونوں کتابوں کی زبان اور طرز بیان ایک ہے۔ خاتمہ کے ایک ارل میں آدھین تخلص بھی موجود ہے۔ وہو ہذا :۔

ارل :۔ بات کہے آدھین سکل سن لیجیو　　گنہگار مت ہیں دعا کچھ دیجیو

اہل بیت کا داس جنوں کی آس ہے　　پر ہاں ہانجی یا ہی پونجی خاص ہمارے پاس ہے

طرز نگارش بھی وہی اور بندش کا اسلوب بھی قریب قریب وہی ہے۔ اس لئے یہاں بھی وہی امور پیش نظر رکھے جاتے ہیں جو پچھلی تالیف کے تبصرہ کے وقت تھے ؛

شہادت نامہ کی ابتدا ہے :۔

عقل چہ داند کہ کلام خدا　　چون نشد اول ز الف ابتدا

ب کہ کلید آمدہ بر گنج بسم　　ہر کہ کشادست در این طلسم

بول بچن بسم اللہ بانی　　رحیم رحمت رحمانی
حمد ثنا جو کیجے ساری　　ساجے اسے جو خالق باری
سبکوں واروزی دینے ہارا　　سبکے کاج سدھارے پیارا
تین لوک کا کام چلاوے　　وہی ولاسا دھیر بندھاوے
مہربان ویسا ستاری　　ستر ما وہاں کون چکاری
مالک یوم الدین کہاوے　　سبکوں لیکھا لین بلاوے
ایک ایک سوں لیکھا لیگا　　جو کچھ بدلا ہو سو دیگا
کے بندگی کر توں میری　　کروں دستگیری میں تیری
چلہ پکڑ کر رستا سیدھا　　یعنے آچھے عقل عقیدا
جو ہے نبیوں ولیوں کا رستا　　کوس کوس پر گانو جو بستا
اودھر گیا وا نیں سکھ پایا　　امرت بھوگ امر پھل کھایا

مصنف اپنے ماٰخذ میں ذیل کے نام گناتا ہے :-

(۱) درّ مجالس (۲) تفسیر حسینی (۳) شرح مقاصد از سعد الدین تفتازانی ،

ضمیر و اسمائے اشارات۔ ظرف صفت تشبیہی ومقداری واستفہام

یا (یہ)۔ سوا (وہ)۔ کا (کیا)۔ جا (جس)۔ یاہی (یہی)۔ واہی (وہی)۔ اتنا۔ کتنا۔ ایتی۔ سیتی۔ کاہو (کسی)۔ ایسیں۔ کیسیں۔ او (اُس)۔ تیں۔ یونکر۔ جیونکر۔ کے (کیا)۔ کے (یا)۔ ایتا۔ جیتا۔ جیتے (جتنے) ویتے (وتنے)۔ اس۔ اوس۔ وِس (اُس)۔ اے۔ وے۔ کہا (کیا) ،

متعدی و لازمی

امثال :- ایسا وقت انوں پر آیا　　ملک فلک سارا لرزایا

یعنے لرزا

(دیگر) :- تین لوک زاری میں آئے عرش کرس سارے لرزائے
یعنے لرزے

(دیگر) :- چھوڑو باٹ جو ہم چل جاویں کوفے میں جاکر ٹھراویں
یعنے ٹھہریں

(دیگر) :- اہل بیت میں اب چل جاؤ بی بیوں میں جاکر ٹھہراؤ
یعنے ٹھہرو

(دیگر) :- جیو جنت زاری میں آیا گگن دھرن سارا لرزایا
یعنے لرزا

(دیگر) :- جب وے چلے شہر میں آئے اہل بیت سب قید کرائے
یعنے قید کئے

(دیگر) :- بال بچے سب گلے لگائے سبکے سر پر ہاتھ پھرائے
یعنے پھیرے

(دیگر) :- نیں اسپر کیوں ہاتھ چلایا یہی بول کر اسے ڈٹایا
یعنے ڈانٹا

(دیگر) :- بڑا خاص گنبد بنوایا جا پر سارا جگت لبھایا
یعنے ریجھا

'جے' کا استعمال

مثال :- اپنے گھر تو اوسے بلا جے میں جو کہوں سو خاطر لیا جے
(دیگر) :- سر حسین کا لیکر آ جے میرے کنے سو لیا پہنچا جے
(دیگر) :- کہو جو اسکوں کیا کیا کہہ جے لعنت دیسے بناں کیوں رہ جے
(دیگر) :- تو نہ آپ وہاں غافل رہجے جو میں کہوں سو کر جے کہہ جے

(دیگر):- کاٹ سیس اسکا پہنچا جے   میرے پاس وا بھیج دلا جے

قافیہ کی خاطر بے ضابطگی

بالفاظ دیگر پہلے مصرع کے قافیہ کی رعایت کے واسطے دوسرے مصرع کے قافیہ کو اگر مونث ہے مذکر۔ اگر واحد ہے جمع یا ان کے برعکس کر دینا:-

مثال:- راہ مانہہ ہرکارا آیا   اسنے خبر ایسیں پہنچا یا

خبر مونث ہے۔ اسلیے اس کا فعل پہنچایا دوسرے مصرع میں مونث آنا چاہیئے تھا۔ یعنے 'پہنچائی'۔ لیکن پہلے مصرع میں فعل 'آیا' مذکر ہے۔ اس سے مطابقت دینے کے لئے۔ دوسرے مصرع میں فعل مونث کو مذکر بنا لیا گیا یعنے 'پہنچائی' کو 'پہنچایا' کرلیا۔ دوسری مثال:-

اسکا گھوڑا خالی آیا   اہل بیت سارے چرلایا

اس شعر میں بقاعدۂ صرف 'چرلائے' آتا۔ مگر پہلے مصرع کے قافیہ کی خاطر فعل جمع غائب کو فعل واحد غائب میں تبدیل کر دیا۔

(دیگر):- تم جو پانی بھرن ندیتے   تیا سے مریں خلق یو کہتے

(دیگر):- اُن دونوں کوں مار شتابی   نہیں کروں ہیں تجھے خرابی

(دیگر):- مرد ہویں سو کریں لڑائی   نہیں عورتوں کوں فرمائی

تصریف میں بیقاعدگی

مثال:- تو ہے میرا ما کا جایا   ایسا بڈا بچھوہا آیا

'میری ما کا' چاہیئے

(دیگر):- اسے چھوڑ دے بیٹا میرا   نہیں ندیکھوں منہ اب تیرا

'بیٹے میرے' چاہیئے

(دیگر):- صالح نیں جب انکوں بولا   تجھے جو وہی یزیدی ٹولا

(دیگر) :- بولی جان کلیجا میرے ٹک ٹک کن کیسے سو تیرے
'کلیجے' چاہئے

'نے' کا استعمال

مثال :- پھیر یزید نیں بولا یونکر کرو کام میں کہوں سو جیونکر
(دیگر) :- جب امام نیں بولا یونکر اوسے کہو میں بولوں جیوں کر
(دیگر) :- جب حسین نیں بولا یونکر جان بوجھ تم کرو سو کیونکر

امر و مضارع

مثال :- اور درد کیاں کہاں سو باتاں اگر لکھے دن ہو جاں راتاں
(دیگر) :- اور شیرخوار تھا تیجا اب سن انکی بات کہیجا
(دیگر) :- نہو جو ہو جاں اسکے چینتے ہرگز مت تم رہو نچینتے
(دیگر) :- آواں جو روحانیونکیاں فوجاں جیوں دریاو کیاں اٹڈیں موجاں

راجستانی اثر

یاہی (یہی) - واہی (وہی) :-

آخر کری نصیحت یاہی جو میں بولوں کرو سو واہی

دھوں (طرح) :- ایسی دھوں تروار چلاؤں کافر ایک نڈھونڈھا پاؤں

کے (یا) :- حکم کرو تو پانی لیاؤں کے جا لڑوں شہادت پاؤں

کن (کنے) :- تھا جو علی اکبر کا گھوڑا اہل بیت کن آیا دوڑا

تیاسے (پیاسے) :- تم جو پانی بھرن ندیتے تیاسے مریں خلق یوں کیتے

چرلانا (چلانا) :- بیٹے کا منہ چوماں جا کر اسی بھانت بولی چرلا کر

بلنبا (پہونچ) :- ایسا ہوا بھچوہا لنبا روز حشر لگ جائے بلنبا

بہارنا (جھاڑنا) :- وا کارن زمین بہاروں روتے روتے تن جان لبساروں

پازی (پاجی) :- دروں جو ایسا موذی ناضی ہو ملعون کینا پازی

بیاکل (بیکل) ات (بہت) اتنا ـ بڑا :-
وس نیں اوسپر ڈنک جو مارا ات ہی بیاکل ہوا بچارا

باہوں (بٹھاؤں) :-
جیوں اسے اذن ہیں لیاؤں کر نکاح لے گھر میں باہوں

نگوڈی (نگوڑی) :-
جس نیں ایسی عورت چھوڈی بے گناہ یوں کری نگوڈی

دھول ملانا (خاک میں ملانا) :-
میں تو انکوں دھول ملاؤں اوسی روز راحت پاؤں

دوتی (کٹنی) :- اونے بات جب یو سن پائی اوسی وقت دوتی بلوائی

سکچائی (ہچکچائی ـ ڈری) :-
میں اپنے من ہیں سکچائی ہو دلگیر سو تجھ کن آئی

جیو ڈگانا (دل ڈولانا ـ دل ڈگمگانا ـ بے وفائی کرنا) :-
تو امام کوں اگر بلاوے کوئی نہ تجھ سوں جیو ڈگاوے

گھابرا ہوا (گھبرایا) :-
جیو گھابرا ہوا سو بھاگا اوسی وقت جیو نکلن لاگا

پلیکھا (اندوہ ـ قلق ـ رنج) :-
کہو اماں تم نیں کیا دیکھا رو رو ایسا کیا پلیکھا

مثال دیگر :-
میں نے اپنی آنکھوں دیکھا جس کا منجھ کوں بڑا پلیکھا

کھوسنا (چھیننا) :- ننگے پاؤں سر سب کھلے کھوس لئے ان کے سب حلے

پھر مایا دللچایا)۔ عبداللہ من میں بھر مایا ہو فریفتہ دل میں بھایا

عربی فارسی الفاظ کی بگڑی شکلیں

خوشیالی (خوشحالی)۔ پاژی (پاجی)۔ جاد (زاد - توشہ)۔ ترتابی (بیتابی) واغل (داغ - داغدار)۔ بشارا (بشارت)۔ کفرانا (کفر)۔ امامین (امام)۔ نبیول (نبی۔ بایائے مخلوط)۔ دریاو (دریا)۔ رانی (مونث ازرانده)۔ صحی (صحیح) ؛

جمع

یہاں میں صرف مثال کے چند ابیات پر قناعت کرتا ہوں :-

(۱) اور دردو مانم کیاں باتاں سو کا ہوسوں کہیاں نجاتیاں

(۲) اور نبیوں کیاں بیبیاں پیاریاں ڈولی بیٹھیاں آیاں ساریاں

(۳) آیاں فرشتوں کیاں چل فوجاں جیوں دریاو کیاں اڈیں موجاں

(۴) جب وے بولیاں بی بیاں ساریاں ہمتو تیاسیاں مریں بچاریاں

ایک امر قابل گذارش ہے۔ کہ شہادت نامہ وفات نامہ ازآدھین اور تاریخ غریبی اہل دائرہ کی دیگر تالیفات کو دیکھتے ہوئے جن کا تبصرہ آئندہ صفحات میں ہوگا ایک ہی سلسلے کی چیزیں معلوم ہوتی ہیں۔ ان میں آپس میں قریبی تعلق اور مناسبت ہے۔ اگرچہ یہ تو دعوے نہیں کیا جا سکتا کہ وہ ایک ہی مصنف کے قلم سے نکلی ہیں ؛

خاتمہ میں چار ارل مرقوم ہیں۔ ان میں سے نمبر تین اس تبصرہ کے آغاز میں نقل ہو چکا ہے۔ نمبر چار یہاں درج کیا جاتا ہے۔ تعجب ہے کہ اس موقعہ پر بھی آدھین صرف میاں عیسیٰ کے نام کو شہرت دے رہا ہے ؛

ارل

عیسیٰ میاں جو مرشد کامل ذات ہے مجھ اناتھ کی ناتھ اسکے ہاتھ ہے

وسے کہ دالد ہرن چرن چت لائے　　پرہان ہاکجی تین لوک میں چین سر سکھ پائے

نمونۂ مثنوی

اور نقل ایک سن رے بھائی　　بحر سعادت میں بتلائی
تھا دمشق میں بھاری صوبا　　جس کا کہیں بڈا منصوبا
نپٹ فوج رکھتا تھا بھاری　　جانت جانت مدھ مانتی ساری
لیا فوج کا اتی موہلا　　دیکھ نین سوں ہانی چلا
عرض کری بخشی نیں یا ہی　　اے نواب کر شکر الٰہی
تیری اے دل بادل فوجاں　　جیوں دریاو کیاں اٹھیں موجاں
توکیوں دل میں کرے اوداسی　　ایسی تیری دولت خاصی
کہا منجھے ایک خطرا آیا　　میں افسوس یو کر پچھتایا
آپ امام حسین پیارا　　ایسا عاجز کر کر مارا
میں جو ہرول میں اسکے ہوتا　　مار یزیدیونکی سدھ کھوتا
ان پر یوں تروار چلاتا　　ملعونوں کو پکڑ ڈوباتا
ایسی انکی کرتا خواری　　کاٹ کاڈھتا سب مرداری
یوں امام آگے میں لڑتا　　جاں نثار ہوکر میں مرتا
سو درنج میرے من آوے　　نین نیر یوں بھر بھر لیاوے
اوسی رات وا سویا غازی　　کر کر وضو طہارت تازی
ایسا خواب اسی کوں آیا　　آنسرور نبی گلے لگایا
بہت پیار کر بولا یاہی　　توں قبول بندہ درگاہی
تجھے خدا نیں بخشیا پیارے　　ہو تم خاصے دوست ہمارے
ہے میرا فرزند جو پیارا　　آپ امام حسین بچارا

اوسکا رحم جو تجھکوں آیا تجھے خدا کن ہیں بخشلیا
لڑکر جیوں تو ہوا سو غازی مارے ہیں وے کافر پازی
ایتا تجھے ثواب دیا ہے حق نیں تجھپر فضل کیا ہے
مسلمان پر فرض یہی ہے بات لکھی سو سانچہ صحی ہے
جن امام زادے مروائے اور جو کہ مارن کون آئے
اون پر لعنت سانجہ سکارے مسلمان سب بھیجیو سارے
اللہ نبی لعنت برساویں مسلمان کیوں ڈھیل لگاویں
جو یزید پازی کوں لیاویں اوس لعین کے ٹوک کراویں
وہی ٹوک سارے لیجا کر کاگ کتوں کوں ڈالیں لاکر

شہادت نامہ کے اشعار کی تعداد ساڑھے بارہ سو کے قریب ہوگی۔ تعداد صفحات پچھتر فی صفحہ سترہ سطریں ؁

رسالہ راگ

تالیف ۱۱۸۱ھ / ۱۷۶۷ء

یہ رسالہ بھی آدھین مہدوی کی تالیف ہے۔ اس میں ناظم نے سماع کے متعلق مختلف عالموں اور صوفیوں کی آراء جمع کردی ہیں۔ لیکن وہ کہاں تک حقیقت پر مبنی ہیں۔ میں نہیں جانتا۔ رسالہ پر کسی نے بعد میں لکھا ہے۔" این رسالہ تصنیف محمد جی صاحب" لیکن متن میں محمد جی کا نام نہیں آتا بلکہ آدھین مہدوی کا۔ اس لئے موٴخر الذکر کی تالیف ہونے میں ہمیں کوئی شبہ نہیں کرنا چاہیئے۔

جس طرح تحفۃ النصائح کو مولنا یوسف نے ایک ہی وزن و قافیہ میں نظم کردیا ہے اسی طرح آدھین نے بھی اس رسالہ کو ایک ہی وزن و قافیہ میں

نظم کا جامہ پہنا دیا ہے۔ اشعار کی تعداد ایک سو چالیس کے قریب ہے - اور صفحوں کی تعداد دس ہے۔ فی صفحہ ۱۴ سطریں۔

اس کے تمہیدی ابیات ہیں :-

بولو جو حمد للہ جیوں حق بتاوتا ۔۔۔ دیکھو جو سورہ فاتحہ سبکوں دکھاوتا

صلواۃ بے حساب و تحیات بے عدد ۔۔۔ بر مصطفےٰ کہ دین جگت میں جگاوتا

بر آل و بر صحاب جو ارکان دین کے ۔۔۔ جنکے سبب شریعت کا پنتھ پاوتا

اب راگ کا بیان سنو دل کے کان سے ۔۔۔ عاجز بڑی کتابوں سے ہے جو سناوتا

یو راگ ہے مباح سو دیکھو قرآن میں ۔۔۔ نفصیل ہے بیان سو آیت میں لیاوتا

سننے میں راگ نیک طرف کوں لگاوتی ۔۔۔ تعریف دوستوں کی پیارا بتاوتا

یا قول جو کہا سو عوارف میں لکھ دیا ۔۔۔ کامل جو سہروردی ہے صاحب سناوتا

میں خاتمہ سے چند اشعار دیتا ہوں۔ جن میں مصنف کا تخلص بھی موجود ہے :-

بے انت راگ ساگر بالو کی کھان ہے ۔۔۔ طاقت نہیں کسیکو جو سارا بتاوتا

افسوس ہے خبر کو کہاں لگ کریں خبر ۔۔۔ جو یا نگر نگر کی ڈگر میں نہ آوتا

اپنا اگر سنانے کوئی پھر تو کیا کریں ۔۔۔ اپنا کیا سو آپہی آگے سو پاوتا

آیت حدیث اجماع کھولا عقل قیاس ۔۔۔ اسے چار ہیں اصول شرع کے بتاوتا

جنکیاں کہیاں دلیلاں سب کھول کر تمام ۔۔۔ اس بات سوں زیادا پھر کیا بتاوتا

کہیت ادھر ادھر کی لکھی سو سمجھیو ۔۔۔ یا بات ہے اصل کہ جو عاجز لکھاوتا

اپنیاں لکھیاں کتاباں تیار سب دھریاں ۔۔۔ دیکھے سو آسے دیکھو جو نا پتیاوتا

آدمیں نیں لکھی ہے غزل ریختہ تمام ۔۔۔ یا بے سمجھ ضعیف جو طاقت نلیاوتا

اس کی مدد میں خوبیاں مصطفےٰ اولی ۔۔۔ انکا طفیل ہے یو زباں میں سو پاوتا

یا راگ کا رسالہ اسکا جو نانو ہے ۔۔۔ آسان کر دیا ہے ڈھونڈھے سو پاوتا

ایتا بھی جو نمانے اسکوں خبر پڑے جب موت کا پیالہ جم بھر پلاوتا
مرشد نیں دی بشارت مجکوں یو خواب میں یا خوب ہے رسالہ جو تو بناوتا
احیا علوم کیاں سو دلیلاں جو خوب ہیں ہیں معتبر رسالہ میں تو جو (ہے) پاوتا
یا خواب میں جو دیکھا عاجز غریب نیں عربی کی جو عبارت اس میں لکھاوتا
جسکے جو کھول معنے یہاں مختصر بیان عربی جو ہندویکوں یہاں لیا ملاوتا
اشجار ہا کوں دیکھو اشار ہا لذیذ اظہار دکذا) گلغدار سو کیا کیا دکھاوتا
اس میں جو دیکھ چوک صحی کر لکھے یو بات بیشک اجر ثواب خدا کن سو پاوتا
ناظم غریب عاجز عاصی کرے یو آس بخشے خدا افضل کریوں دلمیں لیاوتا
ہجرت کا سنہ ۱۱۸۱ الکاسی یکصد و یکہزار یا راگ کا رسالہ طیار پاوتا
صلوات دی نہایت تحیات بے شمار خاتم نبی و لی پو جو قرآں بتاوتا

تمت تمام شد رسالہ راگ وقت دوپہری۔ دستخط عاصی حافظ محمد اسد اللہ ولد محمد عارف حافظ ابن محمد مجتبیٰ مہدوی۔ تحریر تاریخ ۱۲ ربیع الاول ۱۱۸۲ھ

اس رسالہ کی زبان کے متعلق مجھے زیادہ حاشیہ آرائی کی ضرورت نہیں۔ اسی قدر کہنا کافی ہوگا کہ وہ اسی طرز میں گامزن ہے جیسے پچھلی کتابیں۔ دکنی کا اثر برائے نام موجود ہے اور راجستانی شدت سے غالب آچکی ہے۔ مثلاً 'کو' بمعنی 'کر'، 'پو' بمعنی 'پر' اور 'کبل' (مشکل) وغیرہ جو دکنی کی یادگار ہیں ابھی تک موجود ہیں۔ نبھاوتا گاوتا۔ چھڈاوتا۔ اوڈاوتا۔ سہاوتا۔ سجائے نبھاتا۔ گاتا۔ چھڑاتا۔ اڑاتا۔ سہاتا۔ راجستانی کے اثرات میں ہے۔ ہندی حروف کا فرق 'ٹ' کو ٹ چار نقطے اوپر دے کر اور 'ڑ' 'ڈ' کو 'پ' 'د' تین نقطے نیچے دے کر دکھایا ہے؛

نمونۂ زبان کے واسطے چند شعر یہاں درج کئے جاتے ہیں:۔

بھی تحفۃ النصائح دیکھو سو کیا کہے دیکھو دیوان حافظ جو کیا دکھاوتا

یا بین بانسری جو کہے روح کوں پیام — گندا یو خاکدان تجھے کیوں سہاوتا
تیرا قدیم وطن عرش ہے سو بھول کر — ایسے او جاڑ میں بھی کوئی جیو لگاوتا
دنیا ہے جا کسی سو نپٹ ناکسی نا — یو خاک سے خراب تجھے کیوں سہاوتا
سنکر پیام روح نپٹ بیقرار ہو — جانے نکل چلوں سو بدن تلملاوتا
تحفہ میں ہو بہو یو لکھیا ہے سو کھول دیکھ — دیکھو دیوان حافظ میں کھول پاوتا
اس راگ کوں سوا دکھو رنگ روپ پاس — کیا ہے کہاں سوں آوتا کیوں جیو ہلاوتا
با چون کیا کریگا بیچون کا بیان — اپرم اپار ساگر پیندا نہ پاوتا
ہے بانسری تو ایک برن سا نسری لیکہ — یا بانسری کوں دیکھ جو کیا کیا بجاوتا
کہتے ہیں چار تار تجھے یار یار یوں — اس تار کو بسار کہاں جیو لگاوتا
قانون جو سناوے بیچون کی ندا — دل میں دھمال دھوم کیا کیا مچاوتا
کہتا سرود سر ذکر دل کوں دردسوں — ہے مردسوں بعید کہ دل کوں ڈگاوتا
کہتا طبل کبل ہے نپٹ بنت پیم کا — سولی کی سانتھری پو سلونا بلاوتا
کہتا رباب باب کھایگا ہے جل کو ذوق — ہر دن ہمیشہ ہر دم سنکلی ہلاوتا
دف چنگ مد جو رنگ کہے تجکوں بیدرنگ — یا چھوڑ نام ونگ جو تجکوں ڈوباوتا
ایسیں کتے طنبورا دے دے گے گوشمال — پورا نہیں سو کام پیا کے نہ آوتا
بردنگ کوں حرام شریعت نیں جو کہا — اسکا بیان خاص ولی یوں بتاوتا
لعنت کرے پکھاوج شیطان کی آواز — بوجھیں منجیرے کس پر چوٹاں چلاوتا
گجینی کا بجاؤ بھر بھر بانٹے برابری — چاروں طرف کہے کہ جو حاضر سو پاوتا

زینت المصلی

جیسا کہ اس سے قبل اشارہ کیا جا چکا ہے۔ آدھین مہدوی کی تالیف ہے

یہ ایک مختصر سی نظم ہے جس میں نمازیوں کے واسطے وضو اور نماز کے متعلق ہدایات ہیں۔ نظم ہذا میں تین ہم قافیہ مصرعے اور ایک ترجیعی مصرع مل کر چار مصرعوں کا ایک بند بنتا ہے۔ تمام نظم میں ایسے ستاسی اٹھاسی بند ہوں گے۔ اسکا وزن مفعول فاعلاتن بحر مضارع اخرب مربع ہے۔ ہر مصرع کے آخر میں سرخ سیاہی سے تین تین واو معکوس بطور علامت وقفہ دیے گئے ہیں۔ نظم کا آغاز :-

سن بات ایک بھائی ،، بولوں میں یاد آئی ،، تب یہ میں بتائی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
عربی میں معتبر ہے ،، امت میں مشتہر ہے ،، اس میں لکھی خبر ہے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
کہتے جو دو رکعتاں ،، انکیاں سنو جو باتاں ،، کیا کیا بھرے نکاتاں ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
بارا ہزار مسلا ،، ان میں بھرے جو لسلا ،، مجمل سنو جو فصلا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،

یہاں ایک اقتباس جو وضو سے تعلق رکھتا ہے نقل کیا جاتا ہے :-

اب سن وضو کیاں باتاں ،، اس کیاں جو ہیں صفاتاں ،، کہنے میں جو کہ آتیاں ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
کینا حسد برائی ،، دل میں سے اس کا دھو بھائی ،، اس بات میں بھلائی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
دل میں رکھے جو پاکی ،، ہرگز نہ ہو ہلاکی ،، بندا غریب خاکی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
تن میں جو ہو خرابی ،، تو پاک کر شتابی ،، بے شک نجات پابی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
پیچھے وضو کا پانی ،، لے کر وضو سو جا نیں ،، جیسے کہ تین پھاڑیں ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
جاماں جو پاک پاوے ،، جیسیں شرع بتلاوے ،، خاصا حلال لیاوے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
دامن زمیں بہارے ،، اسکوں شرع بدارے ،، آگے خدا لے مارے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
جاماں نچھوڑ لنبا ،، دھرتی کوں جا بلنبا ،، ہرگز نہ پہن تنبا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
پگھڑی نہ باندھ گھیرا ،، دل پر جو [ہو] اندھیرا ،، جس میں زیان تیرا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
یا طور پا زیاناں ،، اشرف نہیں نماناں ،، تیرا بڑا ٹھکاناں ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
پھنو نہ لال پیلا ،، کیسر کسونبھ نیلا ،، ریشم کوں ڈال ڈھیلا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،

پہنو جو پاے جاماں ،، ٹخنا کھولے تماماں ،، یا ہے شرع کا ساماں ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
ململ جو پہن خاصا ،، نیت رکھو خلاصا ،، عنتر پھولیل باسا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
کپڑے جو ہو رزالا ،، پھاٹا جو میل والا ،، دلپر نہو اوجالا ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
اسکوں نہ پہن بھائی ،، ہے نیستی ریائی ،، سانچی حدیث پائی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
سامان پاک سلجے ،، مسجد منے سو جاجے ،، حق کے حضور آجے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،

ابیات خاتمہ :-

ایسیں نماز کر جے ،، آخر خدا سوں ڈرجے ،، دل میں جو آس دھرجے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
خالص خدا کوں راضی ،، دلسوں کرو نمازی ،، جیوں ہووے سرفرازی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
آدھین ہندوی ہے ،، جس نیں نظم کہی ہے ،، سب ان لیو صحی ہے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
یا زینت المصلی ،، جس میں ہے بات بھلی ،، حق کی طرف کی کلی ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
صلوات ہے نبی پر ،، آل و ال سبھی پر ،، اصحاب مقتدی پر ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،
اسکوں جو یاد کیجے ،، دل سوں دعا دیجے ،، بہتی ایمان لیجے ،، دل ٹھیک رکھ نمازی ،،

گناہ کبیرہ

از محمد جی میاں

ابتدا :-

اول صفت اللہ کی کر تو بھیج درود سلاماں ــــ خاص نبی اور آل پر اور اصحاب کراماں
جو کوئی پوچھے گناہ کبیرے کیتے ہیں تبلاؤ ــــ اسکوں پاس بٹھا کر تم یہ سب مسلے کھول سناؤ
ہیں پینتیس کبیرے سارے نکتہ یہ سن لیجے ــــ آٹھوں پہر خدا سوں ڈرجے ایسا کام نکیجے

رسالے کے اشعار کی تعداد پچاسی نوے کے قریب ہوگی ۔ اشعار کا
وزن وہی ہے جو کثرت سے پنجاب میں رائج ہے اور جو فقہی کتابوں کے لیے

بڑی حد تک مخصوص ہے۔ باراں انواع جس کے مصنف مولوی عبداللہ لاہوری جہانگیر و شاہجہان کے عہد کے بزرگ ہیں۔ اسی وزن میں ہے۔

محمد جی میاں کے حالات سے ہم واقف نہیں۔ ان کا ایک خط اہل دائرہ میں بہت مشہور ہے۔ جو غالباً ۱۱۹۰ھ میں مدینہ سے جب ان کی عمر اسی سال کی تھی بھیجا تھا۔ جس کا عنوان ہے :۔ "اظہار دعوت مہدی موعود علیہ السلام در مدینہ منورہ محمد جی میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اظہار کردہ بودند" اور ان فقروں سے شروع ہوتا ہے :۔

"حقیقت حرمین شریفین بطریق مختصر آنکہ چون این ضعیف و میاں امیرالدین رحمۃ اللہ علیہ و بایزید فقیر و بختیار ابھائی از برہانپور بطرف سورت روانہ شدند۔ درمیان راہ بزیارت بندگی میاں شاہ دلاور رضی اللہ عنہ مشرف شدیم"

اس خط سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۹۰ھ میں محمد جی میاں نے حرم روضۂ رسولؐ میں ایک روز مہدی موعود کے نام کی منادی کی تھی۔ جس کو ہزاروں زائروں نے سنا ان میں مکی۔ مدنی۔ شامی۔ بغدادی۔ مغربی۔ ہندی و سندھی شامل تھے۔

'گناہ کبیرہ' محمد جی نے ۱۱۹۰ھ سے بہت سال قبل تصنیف کیا ہوگا۔ کیونکہ اردو زبان میں فارسی اوزان اور بحور کے رواج سے پیشتر ہندی اوزان میں لکھنے کا دستور تھا اور محمد جی میاں جو متعدد کتابوں کے مصنف ہیں ۱۱۸۰ھ کے قریب فارسی اوزان میں نظمیں لکھ رہے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ ان کے ہندی اوزان کی نظمیں اس عہد سے پہلے کی تالیف ہوں گی۔ یہاں چند ابیات بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں :۔

گانجھا اور تما کو تاڑی سیندھی بوزا سلے | اصل حرام جو ہویں کھاویں بڈے خدا کے مارے
لائق ہیں تعزیر کرن کے انکی ساکھ رزالی | حکم شرع میں بات شاہدی انکی ساری ڈالی

سونگھ تماکو پانوں میں کھاں بولیں اسکوں بونٹی — یہہ مردار نجاست بھونڈی بدعملوں کی گھونٹی

گنجیفہ شطرنج پچیسی چوپڑ جوا جو کھیلیں — لاکھ لعنتاں انپر برسیں پاپ سمندر ریلیں

تمباکھن منڈاویں ڈاڑھی مُنّا بہن دکھاویں — پشتیاں رکھیں بڈھاویں موچھاں مسلمان کہلاویں

زار ریشمی کپڑا پہنیں جامہ زمین بُہاریں — مغروری کی چال چلیں تن الیسی بھانت سنواریں

مجلس بیٹھ نچاویں کنچنیاں رکھیں دکے دے پیسے — انکے اوپر لعنت برسے ہیں گیدی وے ایسے

اہل علم کی مجلس سیتی بیگے بھاگ جو جاویں — وہ خرچی دوزخ کی باندھیں دوزخ ٹھار بساویں

عیب چھپائیں مُول چڈھائیں بیچیں جنس اُدھاری — ان پر لعنت کریں فرشتے پاپ کمایا بھاری

سارے تن کے بال منڈاویں چوٹی پٹے رکھاویں — کیہر رکھیں کلپ کر ڈاڑھی اجلے بال چگاویں

ہولی کھیلیں دیوالی دیکھیں دسراہی میں جاتے — آتش بازی بے شبرات گگن کی طرف چلاتے

ڈولے کا ڈھیں آگ جلاویں اور فقیری لیتے — اہل بیت کے دوست کہاویں انکو ایذا دیتے

پڈھیں نمازاں نپٹ گھابرے سجدہ رکوع ملاکر — سب ارکان بجاویں ناوہ ہر یک ٹھور جدا کر

لعل کسونبا پگڑی باندھ نماز اسی سوں کرتے — حیلہ کریں لپیٹیں کپڑا رخصت دل میں دھرتے

بیاز نکال تجارت کرتے سو بنیا دپلتے — کدی برکت ہونا ان میں جہنم جہنم کوں ریتے

بارگیری اور نفری کیجے گھوڑا ایک لکھا جے — گھاس کھود کر لکڑیاں لیاجے سودی مال نکھاجے

لکڑی گھاس جو مول کریں پھر دابیں مری کوڈی — اسکی لذت چاکھینگے جب پہنچے قبر نگوڈی

خاتمہ :-

مسلہ کوی اٹھاکر دلسوں بناں دلیل کہیگا — وہ پھر بھار اسی کی گردن ابدا ابد رہیگا

قول اُمرِ معروف خدا کا بولا ہے سن لیجیو — جگ میں جینا تھوڑا یارو عمل اسی پہ کیجیو

اس رسالے کے آخر میں اگرچہ کوئی تاریخ کتابت موجود نہیں۔ مگر اس کے ساتھ کے باقی رسالوں پر ۲۷-۱۲۳۶ھ / ۲۱-۱۸۲۰ء درج ہے اور کاتب کا نام فقیر اللہ بن عبدالرحمٰن میاں بھدوی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ رسالۂ ہذا اسی کاتب نے انہی

تاریخوں میں نقل کیا ہوگا ۔

عقائد گروہ مہدویان

من تصنیف محمد جی میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

یہ رسالہ بھی اسی قدیم پنجابی وزن میں ہے ۔ جو گذشتہ رسالہ کا ہے ۔ اشعار کی تعداد بانوے ۹۲ اور موضوع جیسا کہ رسالہ کے نام سے ظاہر ہے مہدویوں کے اعمال و عقائد ہیں ۔

ابتدا :-

اول کیجے صفت اللہ کی جیسے ایک کر جانا　　دوجے کہو درود نبی پر جو برحق کر مانا

رسالۂ ہذا پر سرسری نظر ڈالنے سے یہ امر روشن ہوتا ہے کہ مہدویوں اور سنیوں کے اعمال و عقائد میں کوئی فرق نہیں سوائے اس کے کہ انہوں نے سنی معتقدات کے ساتھ حضرت سید محمد جونپوری کی ذات کے لئے مہدی موعود ہونے کا عقیدہ ضم کر لیا ہے ۔ اور ان تمام مذہبی تعدیوں کے باوجود جن کا دسویں صدی ہجری میں یہ گروہ ہدف رہا ہے ۔ اس کا اہل سنت سے بچھڑ کر عقائد میں انحراف جس کا بصورت حالات بہت قوی امکان تھا واقع نہیں ہوا ۔

اشعار از خاتمہ :-

اگر تفاوت کہوں تو آگے اس کا بدلا پاؤں　　سانچی کہوں تو سداں سرخ رو شرب سکھی ہو جاؤں

سانچ بات جو کوئی نمانے آدانت چھپاوے　　آنکھاں موندے خبر پڑیگی یوں غریب بتلاوے

جنکا لکھاروپا سارا جو مہدی کا ٹولا　　لکھا ہندوی میں کر ساکھی محمد جی نیں بولا

گنہگار یہ عاجز بندا کرے بنتی زاری　　خطا چوک اس میں جو پاوے کر دے پوری ساری

سب گروہ کا خاک پاے ہے دعا خیر تم کیجیو　　خوب نعمتاں صاحب آگے بدلا بھر بھر لیجیو

ان لوگوں کی کرو پیروی جنکی لکھی نشانی　　کہو درود نبی مہدی پر پوری ہوئی کہانی

تمام شد بدستخط فقیر اللہ بن عبدالرحمن میاں مہدوی غفر اللہ لہ ولوالدیہ ۔

سید خیر الدین صاحب وکیل ٹھکانجات جے پور کے مجموعۂ کتب میں اس رسالہ کے دو نسخے ہیں۔ پہلا وہی جس کا فقیر اللہ کاتب ہے۔ دوسرا نسخہ محمد کمال الدین ولد محمد اسد اللہ ولد محمد عارف حافظ مہدوی کے ہاتھ کا جو ۱۱۸۳ھ میں نقل ہوا۔

ذیل میں بعض پرانے الفاظ درج کئے جاتے ہیں :۔

لاگے (لگے)۔ ناری (عورت)۔ دارو (شراب)۔ بیاز (بیاج)۔ منتی (منت) آندھا (اندھا)۔ بجانے (توڑے)۔ کوڑا گیانی (کودن۔ نادان یعنی یحس) ناری تیاگے (عورت چھوڑ دے)۔ بے نستارے (بے بخشے)۔ مونڈھا کر (پابند کرکے)۔ گانجھا (گانجا)۔ گھونٹی (گھنٹی)۔ بُونٹی (بُوٹی)۔ موچھاں (موچھیں) ٹھار (ٹھور)۔ ادھاری (اُدھار)۔ دسراہی (دسہرا)۔ گگن (آسمان)۔ کاڈھیں (نکالیں)۔ گھابرے (گھبرائے)۔ بجاویں (بجالائیں)۔ اپاڑ (جڑ سے کھودنا) کھوسیں (چھینیں)۔ بوجھن لاگے (پوچھنے لگے)۔ اٹھاون ہارے (اٹھانے والے)۔ چھوڑاون (چھڑانا)۔ کال (کل)۔ بیگے (جلدی)۔ کریاں (کریم)۔ سانچہ (سچ)۔ ارادہ (محبت و خلوص)۔ ٹھاڈے (کھڑا)۔ جانڑ (جان)۔ سندیسا (پیغام)۔ دھرن (زمین)۔ جیتیاں (جنتی)۔ اتریاں (اتریں)۔ آدانت (اول آخر)۔ بخشاون ہارے (بخشانے والے)۔ تیرے (قریب)۔ بانٹ (راستہ)۔ دوہیلی (مشکل کٹھن)۔ اوبارے (نجات دے)۔ نستارے (رہائی دے)۔ ایسیں (ایسے)۔ چکاری (بیکار۔ ناکارہ)۔ سودھی (سیدھی) آپا مارنا (نفس کشی)۔ باہنا (بونا)۔ آچھے (اچھے)۔ پاچھے (پیچھے) آنکھاں موچے (آنکھیں میچے)۔ کیہرا (کیسری۔ زعفرانی)۔

رسالہ سے ایک ورق چھوڑ کر جس میں مہدوی بزرگوں کی تاریخہائے وفات درج ہیں۔ایک قصیدہ آتا ہے جو بار دیف و بے قافیہ ہے۔ جعفر زٹلی اور دوسروں کے ہاں بھی ایسی نظمیں ملتی ہیں۔ مہدویوں کو اپنے مذہب سے قریبی لگاؤ ہے۔ اور وہ دینی احکام پر نہایت سختی کے ساتھ عامل ہیں۔ ہمیں جس قدر ان کا لٹریچر ملا ہے تقریباً سب کا سب مذہبی ہے یا اخلاقی جو پند و تلقین سے آراستہ ہے۔ یہ قصیدہ بھی ایک نصیحت نامہ ہے جس کا انداز بے لاگ اور لہجہ کسی قدر تلخ اور محکمانہ ہے۔ و ہو ہذا :۔

حق حاضر ہے حق ناظر ہے ہشیار کہ آخر بوجھیگا
وہ اوّل ہے وہ آخر ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

وا حق باطل سب جانے ہے ترے دل کی بات پچھانے ہے
تو کرتا ہے سو جانے ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو کھوٹا دمڑا دیتا ہے پھر لیتے آچھا لیتا ہے
اب کہو جیونا کیتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

سودے میں عیب چھپاتا ہے تو دھوکا دے سمجھاتا ہے
یوں اپنا کام چلاتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو نیکی سانگ دکھاتا ہے جیوں آچھا ہو کہلاتا ہے
باطن میں بورا دکھاتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تیرے سوں جو کوئی پیار کرے تو اسکے ٹکڑے چار کرے
انصاف نہ دلمیں یار کرے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

مونہہ میٹھا دلمیں کھٹا ہے پھر ظلم بیاز اور بٹا ہے
تو ایسا کافر کٹا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو باہر بڑا نمازی ہے دل اندر گیدی پازی ہے
حق کیونکر تجھ سوں راضی ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو فرض وقت کوں کھوتا ہے کیوں غافل ہوکر سوتا ہے
دوزخ کے لایق ہوتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تیرے سر قرض جو آتا ہے تو اسکوں بہت کڑھاتا ہے
اور اپنا کام چلاتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

جسکے سر زا آتا ہے تو اسکوں پکڑ بیٹھاتا ہے
دونا ڈیوڑھا لکھواتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو چار عرض بازار کرے جو اسکے آٹھ ادھار کرے
پھر بار اسے کر خوار کرے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو داب حق براے کوں تو روا رکھے ظلمانے کوں
کر یاد خدا اکن جانے کوں ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو تریا پر قربان ہوا ماں باپ سوں بے فرمان ہوا
تو جان بوجھ انجان ہوا ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

تو چغلی چاڑی کھاتا ہے ہر یک کوں جا سکھلاتا ہے
تو آپس بیچ لڑاتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

جھوٹی سوگند جو کھاویگا دوزخ میں چل کر جاویگا
جب اس کا بدلا پاویگا ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

سکھ دیکھ برا نا جلتا ہے دل اندر حسد ابلتا ہے
تو تیری اگن میں جلتا ہے ہوشیار کہ آخر بوجھیگا

قصیدہ میں اگرچہ کسی ناظم کا نام موجود نہیں مگر ہم کو کوئی تعجب نہیں ہوگا اگر وہ بالآخر محمد جی میاں کا ثابت ہو۔

حافظ محمود شیرانی

اُردوئے قدیم کے متعلّق چند تصریحات

اردوئے قدیم کے متعلق اب تک جو اہم تصنیفات شایع ہوئی ہیں - اُن میں سے چند ایک میں کہیں کہیں واقعات حقیقت کے خلاف درج ہو گئے ہیں ۔ اس کی وجہ اردوئے قدیم کے متعلق تصنیفات مرتّب کرنے والوں کی لاپروائی نہیں اور نہ ہی یہ کام انھوں نے عمداً کیا ہے بلکہ حقیقت یہ ہے ۔ کہ بسا اوقات مصنفین کی رسائی تحقیق کے صحیح مواد تک نہیں ہو سکی اور اس وجہ سے ان سے کہیں کہیں لغزش سرزد ہو گئی ہے ۔ اردوئے قدیم کی بیشتر تصنیفات اب تک مخطوطات کی صورت میں محفوظ ہیں اور یہ مخطوطات ہندوستان کے مختلف کتبخانوں کے علاوہ سارے یورپ اور انگلستان کے کتب خانوں میں بکھرے پڑے ہیں ۔ نہ صرف یہ بلکہ نوابانِ اودھ اور سلطان ٹیپو رح کے عظیم الشان کتب خانوں کی مطبوعہ فہرستیں موجود ہونے کے باوجود یہ پتہ نہیں چلتا کہ ان کتب خانوں کے مخطوطات کیا ہوئے ۔ راقم نے ان شاہی کتب خانوں کے چند مخطوطات برٹش میوزیم ، انڈیا آفس اور لندن کے مشہور کتاب فروش لیوزک (Luzac) کے کتب خانوں میں دیکھے ہیں لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا ۔ کہ شاہی کتبخانوں کے عظیم الشان ذخیرے اس طرح پریشان کیسے ہو گئے ۔ گمان غالب یہ ہے کہ ہندوستان میں انگریزوں کے تسلط کے بعد کتب خانوں کا جو حصہ انگریز انفرادی طور پر انگلستان لے جا سکے وہ تو وہاں پہنچ گیا ہے اور باقی کا باتو زمانے کی دست برد کی نذر ہو گیا ہے یا نجی کتب خانوں میں محفوظ ہے ۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں اردوئے قدیم کے متعلق تحقیق کرنے والوں کے

راستے میں بہت سی ایسی مشکلات حائل ہیں جن کا درمان اُن کے بس کی بات نہیں۔ علاوہ ازیں چند ایک ایسے مخطوطات بھی ہیں جو امتدادِ زمانہ کے ساتھ ساتھ دریافت ہو رہے ہیں۔ اور اس میدان میں ابتدائی کام کرنے والوں کو اُن کا علم نہیں تھا۔ مثال کے طور پر راقم نے خود چند ایک مخطوطات انگلستان کے قیام کے دوران میں دیکھے ہیں جو یا تو ابھی دریافت ہی نہیں ہوئے تھے اور یا ان کا صحیح علم تحقیق کرنے والوں کو نہ تھا۔ میں بیشتر انہی مخطوطات کی مدد سے اُن نتائج پر پہنچا ہوں جو اس مقالہ میں درج کیے گئے ہیں۔ اور جو میرے پیشروؤں سے مختلف ہیں۔ امید ہے کہ ان نتائج کو نکتہ چینی پر محمول نہ کرتے ہوئے صرف اظہارِ حقیقت کے طور پر قبول کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں مجھے بالخصوص اپنے استادِ گرامی حافظ محمود شیرانی صاحب۔ سیّد شمس اللہ صاحب قادری اور ڈاکٹر محی الدین قادری سے معذرت عرض کرنا ہے جن کے نتائجِ تحقیق اس مقالے میں زیرِ بحث لائے گئے ہیں۔

ا۔ نامۂ مراد کا سنِ تصنیف

اور

لفظِ اُردو کے استعمال کی اولین تاریخ زبان کے معنوں میں

نامۂ مراد حضرت مراد شاہ لاہوری کی تصنیف ہے۔ یہ ایک منظوم خط ہے جو مراد شاہ نے اپنے والد پیر کرم شاہ عرف سیتا شاہ کے شاہجہان آباد کے قریب قزاقوں کے ہاتھوں سنہ ۱۲۰۱ھ / ۱۷۸۶ء میں قتل ہونے کے بعد لکھا ہے۔ اس منظوم خط سے دنیائے ادب پہلی مرتبہ حافظ محمود شیرانی صاحب کی مساعی سے روشناس ہوتی ہے۔ جو اپنی گرانقدر تصنیف "پنجاب میں اردو" میں اس خط پر

تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

"ان (مراد شاہ) کی طبیعت غزل سے بہتر مثنوی پر جمتی ہے ....
۱۱۹۶ھ میں ایک منظوم خط عزیزان وطن کو لکھتے ہیں جو نامۂ مراد
کے نام سے موسوم ہے اور ہمارے مخدوم جناب غلام دستگیر
صاحب نامی کی سعی سے چھپ چکا ہے[1]"

نامۂ مراد کا سن تصنیف شیرانی صاحب نے ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۱ء مقرر کیا ہے۔ حالانکہ یہ خط اس وقت سے سات سال بعد نظم کیا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ نامۂ مراد کے مطبوعہ نسخے کے دیباچے سے شیرانی صاحب کو کوئی مغالطہ ہوا ہے۔ یہ دیباچہ نامی صاحب نے تحریر کیا ہے۔ لندن سے میں نے جب نامی صاحب سے اس کے متعلق استفسار کیا تو انہوں نے مجھے لکھا :-

"حضرت مراد ۱۱۹۶ھ میں لکھنؤ گئے۔ سات سال کے بعد یعنی
۱۲۰۳ھ میں آپ نے نامۂ مراد رقم فرمایا۔ اس وقت آپ کی عمر
۷۱ برس کی تھی۔ شیرانی صاحب کو میری مبہم تحریر سے دھوکا ہوا
ہے۔

دیباچے کی تحریر کو آپ اب وقیع نہ سمجھیں جو کچھ وہاں لکھا گیا ہے
اسے نظر انداز کر دیں۔"

نامی صاحب نے ازراہِ کرم مجھے حضرت مراد کے والد پیر کرم شاہ کے سوانحِ حیات کے متعلق بھی ایک اقتباس اذکار قلندری سے نقل کر کے ارسال فرمایا۔ جس سے واضح طور پر پتہ چل جاتا ہے کہ حضرت مراد اپنے والد کے ساتھ لاہور سے ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۱ء میں لکھنؤ تشریف لے جاتے ہیں۔ اذکار قلندری حضرت مراد کے

[1] حافظ محمود شیرانی: پنجاب میں اردو۔ صفحات ۲۹۶، ۲۹۷

بھائی پیر فرخ بخش کی تصنیف ہے اور اس کا ایک مخطوطہ نامی صاحب کے پاس محفوظ ہے۔ اس میں پیر کرم شاہ کے نقل مکان کا ذکر یوں کیا گیا ہے :۔

" در وقت ویرانی پنجاب و لاہور کہ در خروج سنگھاں بظہور پیوست
وطنِ مالوف گذاشتہ اقامت بلدۂ لکھنؤ اختیار داشتہ در ۱۱۹۶ھ
یکہزار و یکصد و نود و شش من ہجرت نبی علیہ السلام مع اہل و
عیال عازم بلدۂ مسطور گردیدند "۔

مذکورہ بالا بیان سے یہ صاف طور پر پتہ چلتا ہے کہ حضرت مراد کے والد انہیں ۱۱۹۶ھ ۱۷۸۱ء میں لکھنؤ لے کر گئے تھے۔ اب نامۂ مراد کے متن پر نگاہ ڈالیے تو وہاں مراد شاہ لکھتے ہیں :۔

میانِ لکھنؤ باشم ازیں طور — طپد دل از برائے شہر لاہور
ہمیں لاہور میں جلدی بلاؤ — و لے یہ لکھنؤ کو بھی دعا دو
کہ حق اس شہر کو آباد رکھے — رئیسوں کو یہاں کے شاد رکھے

. . . .

اور اطراف سے منعم یا گدا ہے — ہر اک اس شہر میں آ کر بھرا ہے
یہ عالم اس طرح بستا یہاں ہے — کہ جوں بتیس دانتوں میں زباں ہے
تعرض کچھ نہ بد کو نیک سے ہے — کہ بے پروا یہاں اک ایک سے ہے
کچھ اطرافوں میں کچھ اس شہر میں بھی — کٹی ہے سات سال اوقات اپنی[1]

ظاہر ہے کہ اگر مراد شاہ ۱۱۹۶ھ ۱۷۸۱ء میں لکھنؤ گئے تھے اور لکھنؤ اور اس کے اطراف میں سات سال رہنے کے بعد یہ خط لکھ رہے ہیں تو یہ خط یقیناً ۱۲۰۳ھ ۱۷۸۸ء میں لکھا گیا ہوگا نہ کہ ۱۱۹۶ھ ۱۷۸۱ء میں جیسا کہ شیرانی صاحب نے

---

[1] مراد شاہ : نامۂ مراد ۔ صفحہ ۱۴ ۔

پنجاب میں اُردو میں درج کیا ہے ۔

علاوہ ازیں مراد شاہ کی عمر کے متعلق بھی غور کرنے سے یہ نتیجہ حاصل ہوتا ہے کہ نامۂ مراد ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۱ء کی تصنیف نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ مراد شاہ کی عمر اس وقت بہت چھوٹی تھی۔ نامی صاحب نے کلیاتِ مراد کے ایک مخطوطے سے مراد شاہ کی تاریخ وفات کے متعلق مندرجۂ ذیل اشعار نقل کر کے ارسال فرمائے ہیں۔ یہ شعر مراد شاہ کے بھائی پیر قلندر شاہ نے لکھے تھے :

غلام رکنِ دین شاہ مرادم　　که معدوم است در دنیا مثالش

. . . .

بر آمد بست و نہ سال و ہے چند　　نمودم چون حسابِ سن و سالش

بہ بزمِ وصلِ جان چون از جہان رفت　　دریغا گشت تاریخ وصالش

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ مراد شاہ اُنتیس سال کی عمر پا کر ۱۲۱۵ھ/۱۸۰۰ء میں فوت ہوئے یعنی وہ ۱۱۸۶ھ/۱۷۷۲ء میں پیدا ہوئے تھے۔ لہذا اگر انہوں نے ۱۱۹۶ھ/۱۷۸۱ء میں نامۂ مراد نظم کیا ہو تو اِس حساب سے اُن کی عمر اس وقت دس سال کے لگ بھگ ہوگی۔ لیکن بظاہر یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ کوئی آدمی دس سال کی عمر میں منظوم خط میں اس قدرت سے اپنے خیالات کا اظہار کر سکے جیسا کہ مراد شاہ نے کیا ہے۔ اسلئے میرے خیال میں مراد نامہ یقیناً ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۸ء میں نظم ہوا ہے جبکہ مراد شاہ کی عمر سترہ سال کی تھی ۔

نامۂ مراد کی تاریخ تصنیف معین کرنے میں غلطی کھا جانے کی وجہ سے شیرانی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے :۔

" لفظ اردو کا استعمال اِن (مراد شاہ) کے ہاں تحسین کی طرح قدیم ہے گویا تحسین نثر میں اور یہ نظم میں سب سے پہلے لاتے ہیں "۔

یہ صحیح ہے کہ مراد شاہ اُن پہلے شاعروں میں سے ہیں جنہوں نے "اُردو" کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ چنانچہ نامۂ مراد میں انہوں نے لکھا ہے:۔

وُہ اُردو کیا ہے یہ ہندی زباں ہے
کہ جس کا قایل اب سارا جہاں ہے[1]

لیکن یہ یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ مراد شاہ سب سے پہلے شاعر ہیں جنہوں نے نظم میں سب سے پہلے اُردو کا استعمال زبان کے معنوں میں کیا ہے۔ غلام ہمدانی مصحفی سنہ ۱۱۶۴ھ/۱۷۵۰ء سے لے کر سنہ ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۴ء تک یعنی مراد شاہ کے وقت میں بقیدِ حیات تھے۔ مراد شاہ نے مندرجہ بالا شعر سنہ ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء میں لکھا ہے اور مصحفی کا ایک شعر ہے:۔

خدا رکھے زباں ہم نے سنی ہے میر و مرزا کی
کہیں کس منہ سے ہم اے مصحفی اردو ہماری ہے

اس شعر میں بھی اُردو زبان کے معنوں میں استعمال ہُوا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ شعر سنہ ۱۱۶۴ھ/۱۷۵۰ء اور سنہ ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۴ء کے بین بین مراد شاہ کے شعر سے پہلے ہی لکھا گیا ہو۔ ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ مصحفی نے یہ شعر لکھا ہے لیکن معیّن طور پہ یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ یہ شعر مصحفی نے عمر کے کس حصّے میں نظم کیا ہے۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ تحسین نے سب سے پہلے نثر میں اردو کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال نہیں کیا۔ پنجاب میں اردو میں شیرانی صاحب نے فرمایا ہے:۔

"زبان کے معنوں میں اس (اردو) کا استعمال چنداں قدیم نہیں ہے اس کو رواج میں آئے سو۔ سوا سو سال کا عرصہ کم و بیش گذرتا ہے

---

[1] مراد شاہ، نامۂ مراد، صفحہ ۸۰۔

ادبیات میں سب سے پیشتر میر محمد عطا حسین خان تحسین نے یہ نام اختیار کیا۔ چنانچہ نوطرز مرصع تالیف ۱۲۱۳ھ کا یہ فقرہ :[2]

"اور جو کوئی حوصلہ سیکھنے زبان اردوے معلّیٰ کا رکھے گا سو مطالعہ اس گلدستۂ نگارین کیسے ہوش اور شعور فحواے کلام حاصل کرے"[2]

تحسین نے اپنے بیان میں ایک تو "اردو" کی بجائے "زبانِ اردوے معلّیٰ" کے نام سے زبان کو یاد کیا ہے۔ دوسرے ادبیات میں اس سے قبل مصحفی نے صرف "اردو" کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ مصحفی تذکرۂ ہندی میں نثار کے متعلق ذکر کرتا ہوا لکھتا ہے :-

"چون اصلش معمار است لہذا بنائی ریختہ ہم بخوبی نہادہ ادائی زبان اردو چنانچہ باید از زبانِ ندرت بیانش میشود۔"[3]

اور اسی تذکرے میں مندرجہ ذیل بیان میں بھی مصحفی نے اردو کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ لکھا ہے :-

"نقل است کہ روزی در شاہجہان آباد بخانۂ لطف علی خاں ناطق مشاعرہ بود۔ غزل طرحیِ میر صاحب کہ ردیفش بعد قافیہ حرف اور بمعنی طرف تقرر داشت و ازین جہت بعضی از فصحا اُورا خلافِ اردو شمردہ پیرویش نکردند۔ و اکثری اطاعتِ اُستادیش کردہ اشہبِ فکر را در میدانِ خیال دوانیدہ"[4]

مصحفی کا یہ تذکرہ جس میں اردو کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے تحسین کی تالیف نوطرز مرصع سے کم از کم چار سال پہلے لکھا گیا ہے۔ جیسا کہ شیرانی

---

[1] حافظ محمود شیرانی، پنجاب میں اردو۔ صفحہ ۲، [2] میر محمد عطا حسین خاں تحسین: نوطرز مرصع۔ صفحہ ۵،

[3] غلام ہمدانی مصحفی: تذکرۂ ہندی، صفحہ ۲۵۵، [4] ایضاً۔ صفحہ ۸۳،

صاحب نے بیان کیا ہے۔ نوطرزِ مرصع کا سنِ تالیف ۱۲۱۳ھ/۱۷۹۸ء ہے لیکن مصحفی کا تذکرۂ ہندی ۱۲۰۹ھ/۱۷۹۴ء میں مکمل ہوتا ہے۔ کیونکہ تذکرے کے اختتام پر سن تکمیل یوں درج ہے:-

چونکہ از فضلِ خدا ساختہ شد جلد این تذکرہ مانندِ بہشت
سال او چون ز خرد پرسیدم یک ہزار و دوصد و نہ بنوشت

دیگر

چون ز انعامِ خدای کارساز شد مرتب این کتاب دلپذیر
بسکہ در معنی نظیر خود نداشت گفتہ شد تاریخ جلدِ بی‌نظیر[1]

اس سے یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچتا ہے کہ تحسین سے چار سال قبل مصحفی نثر میں اردو کے لفظ کو زبان کے معنوں میں استعمال کر رہا ہے۔

۲۔ شمس العشاق کا سالِ وفات

شاہ میراں جی شمس العشاق قدیم اردو کی تصنیف سب رس کے مصنف ہیں۔ اور بادشاہِ بیجاپور یوسف عادل شاہ (۱۴۸۹ء - ۱۵۱۱ء) کے عہدِ حکومت میں بقیدِ حیات تھے۔ آپ بارہ برس تک مدینہ رہے اور بارہ حج کرنے کے بعد ہندوستان لوٹے تو بیجاپور میں باقی کی عمر گزار کر یہیں فوت ہوئے۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری نے اپنی گراں قدر تصنیف اردو شہ پارے میں شمس العشاق کا سالِ وفات ۱۴۹۶ء درج کیا ہے۔[2] لیکن اور کسی مصنف نے شمس العشاق کا یہ سالِ وفات نہیں دیا۔ زبیری ان کی تاریخ وفات ۲۵ر شوال ۹۰۲ھ مطابق ۱۴۹۶ء

---

[1] غلام ہمدانی مصحفی: تذکرۂ ہندی، صفحات ۱۸۷، ۱۸۸۔

[2] محی الدین قادری: اردو شہ پارے۔ صفحہ ۳۴۔

معین کرتا ہے[1]۔ ڈاکٹر بیلی اور حافظ محمود شیرانی نے بھی بالترتیب سالِ وفات ۱۴۹۶ء اور ۹۰۲ھ درج کیا ہے[2]۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اردو شہ پارے میں کاتب کے سہو سے شمس العشاق کا سالِ وفات ۱۴۹۶ء کی بجائے ۱۴۹۸ء درج ہوگیا ہے۔ کیونکہ اور کسی تذکرے میں شمس العشاق کا سالِ وفات یوں درج نہیں۔

۳۔ لذت النسا کا مصنّف

لذت النساء فارسی کی وہ تصنیف ہے جس کا منظوم ترجمہ اردوئے قدیم میں سید میراں حسینی نے عبداللہ قطب شاہ (۱۶۲۶ء۔ ۱۶۷۲ء) کے عہد میں تحفۃ العاشقین کے نام سے کیا۔ سید شمس اللہ قادری نے اردوئے قدیم میں لکھا ہے کہ لذت النساء کے مصنّف کا نام شاہ محمد جامی تھا۔ اور اس کا تعلق عبداللہ قطب شاہ والئ گولکنڈہ کے پیشرو محمد قلی قطب شاہ (۱۵۸۰ء۔ ۱۶۱۲ء) کے دربار سے تھا[3]۔ راقم نے لذت النسا کا ایک مخطوطہ برٹش میوزیم کے کتب خانہ میں دیکھا ہے۔ جس میں لذت النساء کے مصنف نے مندرجہ ذیل شعر نظم کیا ہے:۔

بدانی محمد قلی نام من — تخلص بہ جامی در النظام من[4]

اس شعر سے واضح طور پر پتہ چلتا ہے کہ لذت النسا کے مصنف کا نام محمد قلی اور تخلص جامی تھا۔ نہ کہ اس کا نام شاہ محمد تھا جیسے کہ سید شمس اللہ نے تحریر فرمایا ہے

---

[1] زبیری: روضۃ الاولیا، صفحہ ۱۲۱،
[2] ملاحظہ ہو پنجاب میں اردو۔ صفحہ ۲۳ ۔ اور تاریخ ادب اردو۔ صفحہ ۱۷،
[3] سید شمس اللہ قادری: اردوئے قدیم۔ صفحہ ۷۶،
[4] محمد قلی جامی، لذت النسا۔ ورق ۳۔

برٹش میوزیم کے اسی مخطوطے میں دوسرے ورق پر مندرجہ ذیل اندراجات ملتے ہیں :-

در مدح سلطان عبداللہ قطب شاہ

بلند مرتبہ شاہِ عالم پناہ جہاندار سلطان عبداللہ شاہ

یکی از غلامانِ درگاہِ او غلام است جامی نکو خواہِ او

مندرجہ بالا اشعار سے یہ امر واضح ہوتا ہے۔ کہ جامی کا تعلق سلطان عبداللہ قطب شاہ کے دربار سے تھا۔ نہ کہ محمد قلی قطب شاہ کے دربار سے جس کے متعلق سارے مخطوطے میں جامی نے کوئی ذکر نہیں کیا،

۴۔ کیا ملک خوشنود نے یوسف زلیخا بھی لکھی تھی ؟

ہشت بہشت کی تاریخ تصنیف

ملک خوشنود سلطان عبداللہ قطب شاہ کے غلام تھے۔ جن کو سلطان نے اپنی لڑکی شہزادی خدیجہ سلطان کی شادی کے وقت ۱۶۳۲ء میں جہیز میں دے دیا تھا۔ شہزادی خدیجہ سلطان جب اپنے میکے گولکنڈہ سے اپنے سسرال اور خاوند محمد عادل شاہ کے پاس بیجاپور پہنچی تو دورانِ سفر کی خدمات کے عوض شہزادی نے ملک خوشنود کو اعزاز و اکرام سے سرفراز کیا اور ملک خوشنود تھوڑے عرصے بعد محمد عادل شاہ کے دربار کا ایک معزز رکن شمار ہونے لگا۔ اسی سلطان کی فرمائش پر ملک خوشنود نے امیر خسرو کی مثنوی ہشت بہشت کو ۱۶۴۰ء میں قدیم اُردو کے سانچے میں ڈھالا۔ سید محی الدین قادری کا بیان ہے کہ ملک خوشنود نے یوسف زلیخا کی مثنوی بھی نظم کی تھی[1]۔ اور اس مثنوی کے متعلق ملک خوشنود نے

---

[1] سید محی الدین قادری ، اردو شہ پارے۔ صفحہ ۴۸ ،

برٹش میوزیم کے ہشت بہشت کے مخطوطے میں ذکر کیا ہے۔ راقم نے برٹش میوزیم کے مخطوطے کو خوب غور سے دیکھا ہے۔ لیکن یوسف زلیخا کا کوئی ذکر کہیں نہیں ملا ہے۔ قادری صاحب نے ورق یا کسی دیگر سند کا حوالہ نہیں دیا۔ جس سے پتہ چل سکتا کہ ملک خوشنود نے یوسف زلیخا بھی نظم کی تھی علاوہ ازیں کسی دیگر تذکرہ نگار نے بھی ملک خوشنود کی یوسف زلیخا کا ذکر نہیں کیا ؛

قادری صاحب اور برٹش میوزیم کے ہندوستانی مخطوطات کی فہرست مرتب کرنے والے نے بھی یہ لکھا ہے کہ ملک خوشنود کی منظومہ مثنوی ہشت بہشت کی تاریخ تصنیف کا کوئی پتہ نہیں چلتا[1] ۔ حالانکہ برٹش میوزیم کے ہشت بہشت کے مخطوطے میں ورق ۱۸۰ پر یہ شعر درج ہے :-

ملک خشنود موتی صاف رولیا
اپس کے ناؤں کا تاریخ بولیا

یعنی ملک خوشنود نے اپنے نام ملک خشنود کے اعداد سے کتاب کی تاریخ تکمیل نکالی ہے۔ ان اعداد سے ۱۰۵۰ھ مطابق ۱۶۴۰ء حاصل ہوتا ہے اور یہی سن کتاب کی تکمیل کا سال ہے ؛

مثنوی ہشت بہشت میں کل ۳۲۲۵ اشعار ہیں۔ اس کی طرف شاعر نے خود بھی اشارہ کیا ہے :-

کیا ہوں بیت کا نادر شمار یو
جو ہے دو سو پچیس ہور تین ہزار یو[2]

---

[1] سید محی الدین قادری : اُردو شہ پارے صفحہ ۴۹ ، برٹش میوزیم کے ہندوستانی مخطوطات کی فہرست صفحہ ۲۸ ، [2] ملک خوشنود ، ہشت بہشت ، ورق ۱۷۸ ،

قادری صاحب نے لکھا ہے کہ اس مثنوی میں ۱۰۰۰ اشعار ہیں[1]۔ نہ جانے انہوں نے یہ تعداد کیسے مقرر کی ہے۔ حالانکہ ملک خوشنود نے صاف طور پر لکھا ہے۔ کہ اس مثنوی میں تین ہزار دو سو پچیس اشعار ہیں۔ علاوہ ازیں راقم نے برٹش میوزیم کے مخطوطے کے اشعار کو شمار کیا ہے۔ اور دیکھا ہے کہ ملک خوشنود کا بیان درست ہے۔

۵۔ پھولبن کی فارسی اصل

پھولبن اردوئے قدیم کی ایک مثنوی ہے۔ جو ابن نشاطی نے ۱۰۶۶ھ/۱۶۵۵ء میں نظم کی تھی۔ سید شمس اللہ قادری نے اردوئے قدیم (ص ۶۹) میں بیان کیا ہے۔ کہ پھولبن مُلا احمد زبیری کی فارسی تصنیف بساتین الانس کا ترجمہ ہے۔ لیکن راقم نے برٹش میوزیم کے مخطوطے سے معلوم کیا کہ بساتین الانس کا مصنف مُلا احمد زبیری نہیں بلکہ احمد حسن دبیر عیدوسی ہے۔ چنانچہ وہ اسی مخطوطے میں ورق ۸ ب پر اپنا نام یُوں درج کرتے ہیں:۔

محمد صدر علا احمد حسن دبیر عیدوسی (کذا)

سید شمس اللہ نے مُلا احمد زبیری کے نام کے لئے کشف الظنون مصنفہ حاجی خلیفہ کی سند دی ہے۔ لیکن راقم کو کشف الظنون سے بھی یہ سند دستیاب نہیں ہوئی۔

سید شمس اللہ قادری اور ڈاکٹر زور نے یہ بھی بیان[2] کیا ہے کہ پھولبن فارسی بساتین الانس کا ترجمہ ہے۔ حالانکہ حقیقت صرف یہ ہے۔ کہ

---

[1] سید محی الدین قادری، اردو شہ پارے۔ صفحہ ۴۹۔

[2] شمس اللہ قادری: اردوئے قدیم صفحہ ۶۹، ڈاکٹر زور، اردو شہ پارے صفحہ ۱۰۸۔

پھولبن کا افسانہ فارسی بساتین الانس سے ماخوذ ہے۔ جیسا کہ ابن نشاطی نے خود پھولبن میں تسلیم کیا ہے :-

طبیعت کی مری ہے سب یو صافی کیا ہر بیت کو میں مو شگافی
پرت کے باغ کی لی باغبانی بساتین میں کریا سو ترجمانی[۲]

لیکن ابن نشاطی نے بساتین الانس کو لفظ بلفظ ترجمہ نہیں کیا۔ اردو تالیف فارسی اصل کے مقابلے میں بہت سادہ اور مجمل ہے۔ مثال کے طور پر میں یہاں فارسی بساتین الانس اور اردو پھولبن سے دو متوازی اقتباسات درج کروں گا۔ جن سے قارئین اندازہ لگا سکیں گے کہ میرا دعوے کہاں تک صداقت پر مبنی ہے۔ ان اقتباسات میں ایک نوجوان کی حکایت بیان کی گئی ہے۔ جو ایک لڑکی کے حُسن کی شُہرت سن کر اسے دیکھنے کے بغیر اس کی محبت میں گرفتار ہو جاتا ہے :-

اقتباس از بساتین الانس (فارسی)

چون آنجا رسیدم مرا چنان روشن شد کہ در فلان محلہ خانۂ زاہدیست و اُورا دختریست چون حُورِ خلدِ برین، بکمالِ حسن و زیبائی آراستہ و بناز و کرشمۂ دلربا چون جان در دلہا عزیز شدہ۔ خورشید نور و ضیا از ماہِ رخسارِ اُو اقتباس می نماید و این ترانۂ بدیع در وصفِ جمالِ او درست می آید :-

گر حُسنِ تو بر فلک زند خرگاہی از ہر فلکی جُدا بتابد ماہی
ور لطف تو در زمین بیابد راہی صد یوسف بر آرد از ہر چاہی

و بادِ صبا از شکنجۂ زلفِ دلاویزش مشک بر خروار بر بندد، و مشاطۂ بہار برائی تزئینِ رخسارِ عروسانِ چمن نمونہ از باغِ عارضِ گلگونِ اُو برد۔ و صفائی تنِ نازنینِ اُو

---

[۱] بساتین الانس کا لفظی ترجمہ ہے ، [۲] ابن نشاطی : پھولبن ورق ۱۲ ب ،

بدان حد کہ راز سینہ اش چون بادہ از جامِ بلورین در نظرِ نظارگیان روشن نمودہ .....

شب افروزی چون مہتاب جوانی	سیاہ چشمی چون آبِ زندگانی
فسونگر کردہ بر خود چشمِ خود را	زبان بستہ بہ افسون چشمِ بد را
نمک دادہ لبش در خندہ پیوست	نمک شیرین نباشد آن نمک ہست
در رشکِ نرگسِ مستش خروشان	ببازارِ ارم ریحان فروشان

بحکم آنکہ الشباب شعبة من الجنون خیالِ لقائے او در سرِ من افتاد و قایدِ شوق عنانِ شکیبائی از دستِ خرد بر بود، و جذبِ عشق صبر و ہوش را از منزلِ سینہ موی کشان بیرون برد. . . . . و درین تمنا دل چون کانِ گوہر خراب شد۔ و ہر روز کہ شاہدِ روشن روئے آفتاب سر از گریبانِ صبح بر آوردی در جست و جوی آن ماہ روی بر مرکبِ شوق سوار پیادہ در کوی آن زاہد بر رفتم۔ و ہر شام کہ دستِ تقدیر مصابیحِ نور گسترِ انجم درین نہ طاقِ گردان برافروختہ و طویلہ ہائی درِ شب افروزِ کواکب بر گوشِ گردنِ افلاک بستی دیدہ خونبار در محلۂ آن ماہ ستارہ شمردی و گفتمی :

خداوندا شبم را روز گردان	چون روزم بر جہان فیروز گردان
شبی دارم سیاہ از صبحِ امید	درین شب روسفیدم کن چو خورشید
بفریادِ من فریاد خوان رس	توی یاری رسی فریادِ ہر کس

تا بعد امتدادِ روزگار و تعاقبِ لیل و نہار صبحِ امید در تنسم و غنچۂ دولت در تبسم آمد و نیرِ اقبال در بیت الشرف رسید۔ و گوشِ جان از ہاتفِ غیب ندای بشارت انا رادوہ الیک شنید، و مرا با او سر و جویبارِ جوانی و نہایت آرزوی انسی و جانی نعمتِ دیدارِ بی مزاحمتِ اغیار حاصل شد، و اساسِ عہد و پیمان استحکامی ہر چہ تمامتر پذیرفت [1]

---

[1] احمد حسن دبیر: بساتین الانس، ورق ۲۷م، ۳۰م اور ۲۲م،

اقتباس از پھولبن (اردو)

تجارت کی بہوت صورت سوں وو | گیا یک مرتبہ گجرات کوں سو
اتھا میں اس سفر میں اس کے سنگات | گھڑیا سو کیا کہوں اس ٹھار پر گھات
مری اس وقت تھی اول جوانی | نوی اپڑی تھی مجھ کو شادمانی
اتھی اس ٹھار یک زاہد کوں بیٹی | فرشتہ خو تھی تس عابد کی بیٹی
چتر، چنچل، سرک، کنٹل، سہانی | نہ اس کا کوئی تھا صورت میں ثانی
چندر آدھا کہوں میں کیوں پشانی | چندر آدھا نہیں ویسا نورانی
بھنواں کے کیوں کہوں محراب ہے گر | کہاں وہ نور محراباں کے اُوپر
نین کو نرگساں کہنا ہے ناساز | چمن کے نرگساں میں کاں ہو وہ ناز
کہوں رخسار کو کیوں اس کے لالا | ہر اک لالے کے درمیانی ہے کالا
میں سر تے پاؤں لگ اس موہنی کا | کہ تھا تیوں۔ کیا صفت کرنی سکونگا
ہوس اوس دیکھنے کی مجھ کو آیا | تماشے کوں مرا دل سر اُچایا
اول تھا حال کچھ آخر ہوا اور | پرت کی چٹپٹی مج کو لگی زور
جو یاد آتی اتھی وہ چلبلی مج | تو ہوتی تھی سینے میں گدگلی مج
پیارے کا پرت پیارا لگیا سو | پرت کا ٹھنڈ ہور بارا لگیا سو
لگے چشمہ ہو کر نیناں اُبلنے | لگیا جیوں شام ہو کر جیو جلنے
دھواں آہاں کر سر پر ہو بدل چھائے | گرم بھاپاں سوں ہونٹاں پر پھلے آئے
کلی منے ہوا دل تنگ و ناشاد | ہوا ٹکڑے گریباں پھول کی ناد
پرت کی آگ سوں دل جل ہوا راک | صبوری کا جو تھا دامن ہوا چاک
جو اُس کو دیکھنے کا مجھ ہوا ذوق | جو آیا دل منے میرے ایل شوق
ہر اک نس جاؤں چنچل کی گلی کوں | بلوں چھپ کر دیکھیں اس چلبلی کوں

سینے میں دم کو اپنے سانڈے کر ‏ کمر کوں اپنے دامن باند لے کر
یکیلا اس گلی میں کوئی نا دوجا ‏ جلوں میں چاندنی کی دھوپ میں جا
کر اس چندر بدن کے گھر طرف مُوں ‏ ہر یک نس نین کے تارے بکھیروں
کروں ہر شب نَین سوں آبپاشی ‏ اساساں کی کروں دم سوں فراشی
کِتک دن کے پچھے اُمید کا سُور ‏ مرے بختاں کے نیناں کو دیا نور
یکایک جھانک کر دیکھی مجھے نار ‏ مرے ہور اُس کے دو دیدے ہوئے چار[1]

۶۔ شریعت نامہ یا احکام الصلوٰۃ

شریعت نامہ شاہ ملک کی ایک مذہبی مثنوی ہے۔ جو ۱۰۷۷ھ / ۱۶۶۶ء میں لکھی گئی ہے۔ سید شمس اللہ کے پاس اس کا جو مخطوطہ ہے۔ اس میں مندرجۂ ذیل شعر درج ہے:

یو مسلیاں کو دکنی کیا اس سبب ‏ فہم کر کے دل میں کریں یاد سب
فرس کو دکنی میں بولیا ہے صاف[2] ‏ . . . .

آخری مصرعہ سے پتہ چلتا ہے کہ شریعت نامہ کسی فارسی تصنیف کا ترجمہ ہے لیکن ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا تھا کہ شریعت نامہ کی فارسی اصل کیا ہے۔ میں نے انڈیا آفس لائبریری (لندن) اور برٹش میوزیم کے کتب خانے کا جائزہ لیا تو مخطوطات میں شرف الدین بخاری کی فارسی مثنوی مقدمۃ الصلوٰۃ نظر پڑی جس سے شریعت نامہ کا نفسِ مضمون ماخوذ معلوم ہوتا ہے۔ بخاری نے یہ مثنوی ۷۰۳ھ / ۱۳۰۴ء میں لکھی تھی مندرجۂ ذیل متوازی اقتباسات سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ شاہ ملک شرف الدین

---

[1] ابن نشاطی، پھولبن۔ ورق ۲۹ — ۳۲،

[2] شاہ ملک: شریعت نامہ، مملوکہ سید شمس اللہ (ملاحظہ ہو اُردو کے قدیم، صفحہ ۸۸)

بخاری کی تصنیف کے اقتباس میں کہاں تک کامیاب رہے ہیں:

اقتباس از مقدمۃ الصلوٰۃ

در بیان وضو

سنتِ آبدست دہ باشد ہر کہ دانست مرد رہ باشد
شستنِ دست پیشِ مسواک است نام حق گفتن از دل پاک است
مضمضہ، مسح گوش و استنجا بہ کرات شستنِ اعضا
نیز انگشت پائی را تخلیل سنت آمد ز مصطفےٰ بے قیل
باز تخلیل لحیہ استنشاق گفتن این جملہ را علی الاطلاق
عضو گر تر کنی روا نبود راندنِ آب جز دوا نبود[1]

اقتباس از شریعت نامہ

در بیانِ وضو

وضو میں کے سنت یو دس ہیں یار سو کرنا ہے اول استنجا یوں ہوشیار
بھی پڑھنا ہے بسم اللہ سو دوسرا دھونا ہاتھ گٹے تے سو تیسرا
ہے چوتھا تُوں دانتاں کو مسواک کر اہے پانچواں مُنہ میں پانی کو دھر
چھٹا ناک میں لے آئے خلال ہے ہفتم سو ڈاڑھی کوں کرنا خلال
سنت آٹواں ہے تُوں انگلیاں کو سب خلال کر وضو کریگا تُوں جب
نواں مسح کانوں کے کرنا اے یار ہے دسواں ہر یک عضو دھو تین بار[2]

ڈاکٹر زور کا یہ خیال ہے کہ احکام الصلوٰۃ شاہ ملک کی تصنیف شریعت نامہ کا ایک حصّہ ہے[3]۔ لیکن یہ خیال محض قیاس پر مبنی نظر آتا ہے۔ حقیقت سے

---

[1] شرف الدین بخاری: مقدمۃ الصلوٰۃ۔ ورق ۵۔ [2] شاہ ملک: شریعت نامہ۔ ورق ۲۳ و ۲۴۔ [3] سید محی الدین قادری زور: اردو شہ پارے، صفحہ ۶۸۔

اس کا کوئی تعلق نہیں۔ شریعت نامہ اور احکام الصلوٰۃ دونو کے آغاز اور انجام کے اشعار یہ ہیں :-

آغاز

الٰہی دے توفیق انسان کوں — کریں بندگی تیری دل جان سوں
توں پیدا کیا محض بندگی کے تئیں — سو او چھوڑ کر پڑے ہے گندگی کے تئیں

انجام

سو پوشین ہے اسمیم لام کاف — فرس کو دکنی میں بولیا ہے صاف
سن یک ہزار ہے ہور سر لو پہات — کیا تھا اسی سال میں یو حکات [1]

ظاہر ہے کہ جب دونو تصنیفات کے آغاز اور انجام کے اشعار ایک ہیں اور باقی کے مطالب بھی ایک ہیں۔ تو ایک کتاب دوسری کتاب کا حصہ نہیں ہو سکتی بلکہ ایک ہی کتاب کے دو مختلف نام ہیں۔ صرف مختلف مخطوطات پر مختلف نام درج ہو گئے ہیں۔

۷۔ احسن القصہ یا یوسف زلیخا

احسن القصہ اندھے شاعر ہاشمی کی دکنی میں تصنیف ہے۔ جو اس نے ۱۰۹۹ھ / ۱۶۸۷ء میں مکمل کی تھی۔ ہاشمی علی عادل شاہ ثانی (۱۶۵۶ - ۷۳) کے عہد حکومت میں زندہ تھا اور اپنے مرشد شاہ ہاشم سے تعلق کی وجہ سے اپنا تخلص ہاشمی کرتا تھا ہاشمی کے سوانح حیات کے متعلق زیادہ تفصیلات معلوم نہیں لیکن اس بات پر تمام وقائع نگار متفق ہیں کہ وہ مادر زاد اندھا تھا۔ محمد ابراہیم زبیری اپنی تصنیف بساتین السلاطین میں لکھتے ہیں :-

---

[1] انتخاب از شریعت نامہ شاہ ملک، ورق ۱۰۱، ۴۷۔ و احکام الصلوٰۃ (اردو کے قدیم صفحہ ۸۸)

"باوجودیکہ بصیرِ مادر زاد بود اما بہ بصیرت چشم دلش بینا۔" [1]

کہا جاتا ہے کہ ہاشمی نے احسن القصص کے علاوہ ایک مثنوی یوسف زلیخا بھی لکھی تھی۔ زبیری نے بساتین السلاطین میں لکھا ہے :۔

" ونیز از جملہ ہندی گویانِ زمان یکی میاں ہاشمی است . . . . . .
قصۂ یوسف زلیخا را بہ محاورۂ آنزمان بہ زبانِ دکنی نظم نمودہ و دیوان
غزل مشتمل بر مضامین سنجیدہ . . . . ہم دارد۔" [2]

اس بیان سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ ہاشمی نے قصۂ یوسف زلیخا کو دکنی میں نظم کیا تھا۔ تذکرہ نویسوں میں ڈاکٹر زور پہلے صاحب ہیں جنہوں نے یہ دعوے کیا ہے کہ ہاشمی نے احسن القصص کے علاوہ ایک اور کتاب یوسف زلیخا بھی تصنیف کی تھی اپنے بیان کی تصدیق میں انہوں نے پیر زادہ غلام محی الدین کی سند پیش کی ہے جس نے اپنی تصنیف احوالِ سلاطینِ بیجاپور میں لکھا ہے :

"یکی ازان ہاشمی است کہ بزبانِ ہندی احسن القصص را در سلکِ . . . .
شعر کشیدہ" [3]

ڈاکٹر زور نے خود یہ تسلیم کیا ہے۔ کہ اُن کی رسائی یوسف زلیخا کے کسی مخطوطے تک نہیں ہوئی معلوم ہوتا ہے۔ ڈاکٹر زور کو تاریخ نگاروں کے مختلف بیانات سے دھوکا ہُوا ہے کہ ہاشمی نے یوسف زلیخا اور احسن القصص دو مثنویاں نظم کی تھیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ دونو نام ایک ہی مثنوی کے ہیں۔ ہاشمی کی یوسف زلیخا کے اب تک تین ہی مخطوطے دستیاب ہوئے تھے۔ جن میں سے

---

[1] محمد ابراہیم زبیری : بساتین السلاطین انڈیا آفس کا مخطوطہ ، ورق ۳۱۵ ب ،

[2] ایضاً۔ ورق ۳۱۵۔ [3] سید محی الدین قادری زور : اردو شہ پارے ، صفحہ ۷۲ ،

[4] پیر زادہ غلام محی الدین : احوالِ سلاطینِ بیجاپور ، ورق ۳۱

ایک حکیم شمس اللہ قادری کے پاس ہے۔ ایک کتب خانہ مخطوطات مشرقیہ مدراس میں محفوظ ہے۔ اور ایک جرمن اور رئیل سوسائٹی کے کتب خانے ہیں۔ بدقسمتی سے ڈاکٹر زور کو ان میں سے کوئی نسخہ دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ حالانکہ ان تین نسخوں کے علاوہ برٹش میوزیم میں بھی ایک نسخہ محفوظ ہے۔ برٹش میوزیم کے عظیم الشان کتبخانے کو دیکھ کر جہاں علمی ذخائر کو جمع کرنے کی کوشش پر عجایب خانے کے کارپردازوں کو داد دینی پڑتی ہے۔ وہاں آدمی یہ شکایت کئے بغیر بھی نہیں رہ سکتا۔ کہ اب تک ان ذخائر کی تفصیلات کو مرتب کرنے کی پوری سعی نہیں کی گئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ابھی تک بہت سی قدیم اور علمی کتابیں انبار کی صورت میں کتب خانے میں جمع ہیں۔ اور چونکہ اس انبار تک پڑھنے والوں کو پہنچنے بھی نہیں دیا جاتا۔ اسلئے نہیں کہا جاسکتا کہ اس ڈھیر میں کیا کیا جواہر پنہاں ہیں۔
خوش قسمتی سے راقم کو ایک ایسا مخطوطہ برٹش میوزیم میں ملا۔ جس کے متعلق ایک دستی فہرست میں صرف اتنی تفصیل درج ہے کہ "یہ ایک دکنی مخطوطہ ہے"۔ مخطوطہ نکلوا کر دیکھنے سے معلوم ہوا کہ یہ ہاشمی کی وہی تصنیف ہے جسے یوسف زلیخا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور جس کا کوئی نسخہ اب تک انگلستان میں نہیں پایا جاتا۔ اس مخطوطے کے مطالعہ سے راقم کو یہ پتہ چلا کہ یوسف زلیخا اور احسن القصص ہاشمی کی ایک ہی تصنیف کے دو نام ہیں۔ اور ڈاکٹر زور سے ان ناموں کو دو مختلف تصانیف سے منسوب کرنے میں غلطی ہوئی ہے۔ ہاشمی نے کتاب کا نام احسن القصص کی بجائے احسن القصہ رکھا ہے۔ اسی لئے راقم نے بھی اس کے لئے یہی نام استعمال کیا ہے۔

مثنوی کے آغاز میں ہاشمی نے اپنی اس مثنوی کے متعلق لکھا ہے:۔

کہ یو قصہ توں بول عرفان سوں ‌‌ ‌ کتابوں کے لے دل کے سن کان سوں

کہا احسن القصہ جس کوں خدا　　کتا ہوں میں اس کا تجھے ابتدا[1]

مثنوی کے آخر میں ہاشمی نے پھر مثنوی کے اسی نام کا اعادہ کیا ہے :-

مصر میں کئے جیونکہ یوسف نے راج　　سنہار کوں نیوں ہو آرام آج
لکھن ہار کا ہوئے تازہ دماغ　　پڑھنہار کا ہوئے دل باغ باغ
رکھیا احسن القصہ رب جس کا نام　　تجھے کھول کر میں او بولیا تمام[2]

اس سے کچھ آگے جہاں اس نے مثنوی کے نفس مضمون یا دوسرے نام کا ذکر کیا ہے۔ وہاں اسے زلیخا کے قصے کے نام سے پکارا ہے :-

اگر توں بی اپنا منگے رکھنا نام　　زلیخا کے قصہ کوں کر اب تمام[3]

ہاشمی کے ان اشعار سے صاف طور پر ظاہر ہے کہ احسن القصہ اور یوسف زلیخا اس کی ایک ہی تصنیف کے دو نام ہیں۔ علاوہ ازیں جب راقم نے سید شمس اللہ کے مملوکہ مخطوطہ یوسف زلیخا کے اقتباسات کا مقابلہ برٹش میوزیم کے مخطوطۂ احسن القصہ سے کیا تو معلوم ہوا کہ یہ اقتباسات ایک کتاب کے ہیں اس لئے یہ کہنا کسی طرح بھی درست نہیں کہ احسن القصہ اور یوسف زلیخا ہاشمی کی دو مختلف تصانیف کے نام ہیں۔

---

[1] ہاشمی ؛ احسن القصہ ، ورق ۱۴ ،
[2] " " ، ورق ۲۵۱ ،
[3] " " ، ورق ۲۵۲ ،

یہ مضمون میں نے اپنے اس غیر مطبوعہ مقالے سے مرتب کیا ہے ۔ جو میں نے پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی ڈگری کے لئے لندن یونیورسٹی میں ۱۹۳۹ء میں پیش کیا تھا ۔ اور اس مضمون کی تدوین میں مندرجہ ذیل کتب کے حوالے دیئے گئے ہیں :۔

۱ ۔ نامۂ مراد ۔ مصنفہ پیر مراد شاہ ، مطبوعہ لاہور ۱۳۴۳ھ

۲ ۔ پنجاب میں اُردو ۔ مصنفہ حافظ محمود شیرانی ، مطبوعہ لاہور ۱۹۲۹ء ۔

۳ ۔ نوطرزِ مرصع ۔ مصنفہ میر محمد عطا حسین خاں تحسین ، مطبوعہ بمبئی ۱۸۴۶ء

۴ ۔ اذکار قلندری ۔ مصنفہ پیر فرح بخش ، مخطوطہ } مملوکہ پیر غلام دستگیر صاحب نامی ۔ لاہور

۵ ۔ کلیات مراد ۔ مصنفہ پیر مراد شاہ ، مخطوطہ } مملوکہ پیر غلام دستگیر صاحب نامی ۔ لاہور

۶ ۔ تذکرۂ ہندی ۔ مصنفہ غلام ہمدانی مصحفی ، مطبوعہ اورنگ آباد ۱۹۳۳ء ۔

۷ ۔ اردوئے قدیم ۔ مصنفہ حکیم سید شمس اللہ قادری ، مطبوعہ لکھنؤ ۱۹۳۰ء

۸ ۔ اردو شہ پارے ۔ مصنفہ ڈاکٹر محی الدین قادری زور ، مطبوعہ حیدر آباد ۱۹۲۹ء ۔

۹ ۔ تاریخ ادبِ اُردو ۔ مصنفہ ڈاکٹر گراہم بیلی ، مطبوعہ میسور ۱۹۳۲ء ۔

۱۰ ۔ تاریخ ادبِ اُردو ۔ مصنفہ رام بابو سکسینہ ، مطبوعہ الہ آباد ۱۹۲۷ء ۔

۱۱ ۔ روضۃ الاولیا ۔ مصنفہ زبیری ۔

۱۲ ۔ لذت النساء ۔ مصنفہ محمد قلی جاقی ۔ برٹش میوزیم کا مخطوطہ نمبر ایڈیشنل ۱۷۴۸۹

۱۳ ۔ ہشت بہشت ۔ مصنفہ ملک خوشنود ۔ برٹش میوزیم کا مخطوطہ نمبر ایڈیشنل ۔ ۱۰۵۹

۱۴ ۔ فہرست کتب خانہ برٹش میوزیم ۔ ہندی ، پنجابی اور ہندوستانی کے مخطوطات ۔ مصنفہ جے ۔ الیف ۔ بلوم ہارٹ ، مطبوعہ لندن ۱۸۹۹ء ۔

۱۵ ۔ کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون ۔ مصنفہ حاجی خلیفہ مطبوعہ لائپزک ۱۸۳۵ء ۔ ۱۸۵۸ء ۔

۱۶۔ بساتین الانس ۔ مصنفہ احمد حسن دبیر عیدروسی ۔ برٹش میوزیم کا مخطوطہ نمبر ایڈیشنل ۷۷۱۷ ۔

۱۷۔ پھولبن ۔ مصنفہ ابن نشاطی ۔ کتبخانہ انڈیا آفس لندن کا مخطوطہ نمبر پ ۱۴۔

۱۸۔ شریعت نامہ ۔ مصنفہ شاہ ملک ، کتب خانہ انڈیا آفس لندن کا مخطوطہ ۔ نمبر پ ۱۲۳۶ ۔

۱۹۔ مقدمۃ الصلواۃ ۔ مصنفہ شرف الدین بخاری ۔ کتبخانہ انڈیا آفس لندن کا مخطوطہ ۔ نمبر پ ۱۳۴۵ ۔

۲۰۔ بساتین السلاطین ۔ مصنفہ محمد ابراہیم زبیری ۔ کتب خانہ انڈیا آفس لندن کا مخطوطہ نمبر فارسی ۳۴۰۶ ۔

۲۱۔ احوالِ سلاطینِ بیجاپور ۔ مصنفہ پیرزادہ غلام محی الدین ، برٹش میوزیم کا مخطوطہ نمبر ایڈیشنل ۲۶۲۷۰ ۔

۲۲۔ احسن القصّہ ۔ مصنفہ ہاشمی ، برٹش میوزیم کا مخطوطہ نمبر اورینٹل ۱۱۳۶۸ ۔

محمد باقر

نوروز پر مزید نوٹ

اگست ۱۹۴۰ء کے اورینٹل کالج میگزین میں میں نے نوروز کے عنوان سے ایک مضمون شایع کیا تھا جس کو بہت مختصر کہنا چاہیئے۔ اسلئے کہ نوروز کی ابتدا، اسکی تاریخ اور اس کے آداب و رسوم کے بارے میں قدیم اور جدید مصنفوں نے اتنا کچھ لکھا ہے۔ کہ اس کو پیشِ نظر رکھ کر ایک کتاب تالیف کی جاسکتی ہے، پہلوی، عربی، اور فارسی کتابوں میں اس موضوع پر جابجا بحث ہوئی ہے۔ لاطینی اور یونانی مؤرخوں کے ہاں بھی بعض جگہ اس کی طرف اشارے موجود ہیں۔ یورپ کے سیاحوں نے بھی اپنے سفرناموں میں نوروز کا ذکر کیا ہے اور اب مستشرقینِ یورپ نے اس پر ناقدانہ مقالات لکھے ہیں*

موجودہ زمانے میں مغرب کے تین بڑے مصنفوں نے نوروز کے موضوع پر قلم فرسائی کی ہے، (۱) پروفیسر مارکوارٹ آلمانی جنہوں نے بزبانِ جرمن ایک مقالہ اُس مجموعۂ مضامین میں لکھ کر پیش کیا ہے جو شمس العلماء جمشیدجی جیون جی مودی کی یادگار میں شایع کیا گیا ہے[1]، (۲) موسیو انوس ترانت زیف۔ جنہوں نے نوروز کے مبحث پر ایک مضمون روسی زبان میں اپنی کتاب موسوم بہ "مطالعاتِ ساسانی" میں لکھا ہے جس کا فارسی اور انگریزی ترجمہ مازندی نے "ارمغان نوروز" کے نام سے شایع کیا ہے[2]، (۳) فرانسیسی زبان میں پروفیسر کرسٹن سین نے اس مضمون پر بہت سے مفید مشاہدات ایک ضمیمے میں درج کئے ہیں۔ جس کو انہوں نے

---

[1] مودی میموریل وولیوم (بمبئی)، ص ۷۰۹ - ۷۶۵، [2] طبع سینٹ پیٹرزبرگ، ۱۹۰۹ء ص ۸۲ مجبئہ

[3] تمرۂ مجلۂ ایران لیگ۔ بمبئی،

اپنی کتاب موسوم بہ" انسان اوّلین و شاہ اوّلین"[1] کی دوسری جلد کے آخر میں اضافہ کیا ہے۔

پہلے اور دوسرے مقالے سے میں نے بالواسطہ یا بلا واسطہ اپنا سابقہ مضمون لکھتے وقت استفادہ کر لیا تھا۔ لیکن کرسٹن سین کا ضمیمہ اس وقت میرے پیشِ نظر نہ تھا۔ اس میں نوروز کی ابتدا اور رسوم کے متعلق بعض ایسے نکتے بیان ہوئے ہیں جو عربی اور فارسی مآخذ کو دیکھنے سے ذہن میں نہیں آسکتے اور چونکہ وہ مفید مطلب ہیں اسلئے ان کا بتانا مضمون کو مکمل کرنے کے لئے ضروری معلوم ہوتا ہے۔ سطور ذیل میں اس تکمیل کی کوشش کی گئی ہے۔

خاندان ہخامنشی کے بانی شاہ کورش بزرگ نے تقریباً سارے مغربی ایشیا کو فتح کر کے اپنی سلطنت میں ملا لیا تھا۔ جتنے ملک اس نے فتح کئے ان میں سب سے زیادہ مہذب اور متمدن بابل کی مملکت تھی۔ چونکہ اُس زمانے میں اہلِ ایران مغربی ایشیا کی دوسری قوموں (خصوصاً اہلِ بابل) کی نسبت بہت کم تہذیب یافتہ تھے۔ اس لئے لازمی طور سے انہوں نے تمدن کے بہت سے لوازمات بابل والوں سے اخذ کئے۔ مثلاً لباس۔ رسم الخط۔ آئینِ حکومت۔ مذہبی عقاید، آدابِ معاشرت وغیرہ۔ پروفیسر کرسٹن سین کا عقیدہ ہے کہ نوروز کا تہوار اور اس کی رسوم بھی ایرانیوں نے اہلِ بابل سے اخذ کیں۔ نہایت قدیم زمانے میں بابل میں ایک تہوار منایا جاتا تھا جس کا نام زگمگ تھا۔ پرانے کتبوں میں اس کا ذکر ہے اور ۲۳۴۰ قبل مسیح میں اس کا وجود پایا جاتا ہے۔ یہ تہوار سال کے پہلے مہینے نیسان میں جو ۱۵ مارچ سے شروع ہوتا تھا منایا جاتا تھا۔ اور برابر گیارہ دن تک اس کی رسم و رسوم کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔

---

[1] طبع لیڈن، ۱۹۳۴ء، ص ۱۳۸ بعد۔

اعتدالِ ربیعی کا دن (۲۱ مارچ) چھٹا یا درمیانی دن ہوتا تھا۔ تمام رسم و رسوم کا مرکز شہر بابل میں مردوک دیوتا کا مندر تھا۔ جو بابل والوں کا سب سے بڑا خدا تھا۔ خود بادشاہ مندر میں آتا تھا اور مردوک کا ہاتھ پکڑ کر طاعت و بندگی کا اظہار کرتا تھا۔ اور رعایا کے ساتھ حسن سلوک کے پیمان کو تازہ کرتا تھا۔ شہر میں بڑی بڑی آگیں جلائی جاتی تھیں اور مردوک کی مورتی کو گاڑی میں رکھ کر بہت بڑا جلوس نکالا جاتا تھا۔ بابل والوں کا عقیدہ یہ تھا کہ زگمک کے آٹھویں دن خدائے زمین و آسمان ایک دربار کرتا ہے جس میں باقی تمام خدا جمع ہوتے ہیں اور اس کے سامنے بحالتِ رکوع جھکے رہتے ہیں۔ اور وہ اس وقت آنے والے سال میں تمام انسانوں کی قسمت کا فیصلہ کرتا ہے۔ ساسانیوں کے زمانے میں جشنِ نوروز چھ دن منایا جاتا تھا اور زگمک کی طرح اس میں بھی اعتدالِ ربیعی کا دن چھٹا دن تھا اور زرتشتیوں کا بھی بعینہٖ یہی عقیدہ تھا کہ اس موقع پر خدا نے زمین و آسمان کو پیدا کیا اور ہر شخص کو اس کی قسمت عطا کی[1]، خداؤں کے دربار کا ذکر بھی زرتشتی عقیدے میں موجود ہے۔ اوستا میں کتابِ وندیداد (بابِ دوم) میں جس دربار کا ذکر ہے وہ خدائے برتر اہورمزد نے منعقد کیا تھا جس میں جم بھی موجود تھا جو ازروئے روایت جشنِ نوروز کا بانی ہے۔

نوروز کی رسوم میں ایک اور بڑے تہوار کے آثار بھی موجود ہیں۔ جو تمام مغربی ایشیا اور یونان میں بہار کے موسم کا تہوار تھا۔ اس کا نام ایڈونیا[2] تھا اسلئے کہ وہ ایڈونس[3] دیوتا کی یادگار میں منایا جاتا تھا۔ یونانی اساطیر میں ایڈونس نباتات اور زرخیزی کا دیوتا ہے اور قصہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اس کو جنگل میں ایک

---

[1] دیکھو اورینٹل کالج میگزین۔ اگست ۱۹۳۲ء ص ۱۰ [2] Adonia [3] Adonis

سؤر نے پھاڑ کر مار ڈالا تھا۔ محبت کی دیوی ایفروڈائٹی[1] (زہرہ) جو اس کی عاشق زار تھی اس کے مرنے کے صدمے سے نڈھال ہوگئی۔ اس کے شدتِ الم کو دیکھ کر خدائے خدایان یعنی زئیوس[2] نے حکم دیا کہ ایڈونس کو دوبارہ زندہ کیا جائے اور اس کو اجازت دی جائے کہ وہ سال میں چھ مہینے اپنی محبوبہ ایفروڈائٹی کے پاس زمین پر بسر کیا کرے اور باقی چھ مہینے بحالتِ مرگ آسمان پر رہا کرے۔ چنانچہ اگلے دن ایڈونس کو دوبارہ زندہ کیا گیا اور اسی دن سے آج تک وہ چھ مہینے زمین پر اور چھ مہینے آسمان پر بسر کرتا ہے۔ اہلِ بصیرت پر یہ بات واضح ہے کہ یہ ایک تمثیل ہے جس کے ذریعے سے سال میں چھ مہینے موسم بہار اور گرمی کی سرسبزی اور چھ مہینے خزاں اور سردی کی پژمردگی کو بیان کرنا مقصود ہے۔ ایڈونیا کے تہوار میں پہلے دن ایڈونس دیوتا کی موت پر ماتم کیا جاتا تھا اور اس میں خصوصیت کے ساتھ عورتیں بہت نمایاں حصہ لیتی تھیں۔ سینہ زنی کرتی تھیں اور نہایت جوش کے ساتھ بین کر کر کے روتی تھیں۔ دیوتا کے مرنے کی کیفیت کو ڈرامے کی شکل میں بھی دکھایا جاتا تھا۔ اگلے دن (جو اعتدال ربیعی کا دن ہوتا تھا) اس کے دوبارہ زندہ ہونے کی خوشیاں منائی جاتی تھیں۔ باغوں میں پودے اور پھول لگائے جاتے تھے اور گھروں میں گملوں اور گلدستوں سے در و دیوار کو سجایا جاتا تھا۔

بعض موجودہ مؤرخوں کا خیال ہے کہ ایڈونیا کے تہوار میں ایڈونس کے ماتم کی جو رسوم تھیں۔ ایران میں وہ محرم کی رسوم میں منتقل ہوگئیں اور اس کے دوبارہ زندہ ہونے کی جو خوشیاں منائی جاتی تھیں وہ نوروز کے تہوار کی خصوصیت بن گئیں۔

---

[1] Aphrodite. [2] Zeus

اوپر کے بیان کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ ایران میں نوروز کا تہوار قدیم زگمک اور ایڈونیا کے تہواروں کا بقیہ ہے۔ لیکن ان کے علاوہ اہلِ بابل کا ایک اور تہوار بھی تھا جس کے بعض آثار نوروز میں موجود ہیں۔ اس کا نام یونانی اور لاطینی مؤرخوں نے سکائیا[1] بتلایا ہے۔ وہ خزاں کے موسم میں منایا جاتا تھا اور اس کی ایک خاص رسم یہ تھی کہ اس دن غلام آقا بنتے تھے اور آقا غلاموں کے فرائض انجام دیتے تھے۔ ایک واجب القتل شخص کو اس دن بادشاہ بنایا جاتا تھا اور اسے اجازت دی جاتی تھی۔ کہ جو جو بے اعتدالیاں اور زیادتیاں وہ چاہے کرے۔ اس کے بعد اسے قتل کر دیا جاتا تھا ؎

نظام الملک نے سیاست نامے میں[2] نوروز کے متعلق شاہانِ ساسانی کا ایک دستور بیان کیا ہے جو سکائیا کی ان رسموں کو یاد دلاتا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن منادی کی جاتی تھی کہ جس شخص کو بادشاہ کے خلاف شکایت ہو آکر بیان کرے۔ بادشاہ دو زانو ہو کر موبدان موبد کے روبرو نہایت عاجزی کے ساتھ بیٹھتا تھا اور اسے تاکید کرتا تھا کہ میرے معاملے میں اپنا فیصلہ سنانے میں تُو ہرگز میری رعایت کو ملحوظ نہ رکھ اور پورے انصاف سے کام لے اگر تُو میرے خوف سے یا رعایت سے بے جا فیصلہ دے گا۔ تو خدا تجھے سزا دیگا بادشاہ کے ساتھ اس وقت ایک معمولی مُجرم کا سا سلوک کیا جاتا تھا اور اگر بادشاہ کا قصور ثابت ہو جاتا تو اسے اپنے گناہ کی پوری تلافی کرنی پڑتی تھی ؎

نوروز کے متعلق تاریخوں میں لکھا ہے کہ ساسانیوں کے زمانے میں اور بعد میں زمانۂ اسلامی میں بھی وہ چھ دن منایا جاتا تھا جن میں آخری یعنی چھٹا دن

---

[1] Sacaea [2] طبع پیرس، ص ۳۸ و ۳۹،

بہت اہمیت رکھتا تھا جس کو البیرونی نے النوروز الکبیر لکھا ہے[1]۔ چھٹے دن کی اہمیت کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے۔ کہ ساسانیوں کے زمانے کے سالانہ تہوار (جو اصل میں موسمی اور دیہاتی نوعیت کے تھے اور امور کاشتکاری سے متعلق تھے) تعداد میں چھ تھے جن کو مجموعی طور پر گاہان بار کہا جاتا تھا۔ چونکہ مذہب زرتشتی میں زراعت اور کاشتکاری کو ایک مذہبی فرض قرار دیا گیا ہے لہذا رفتہ رفتہ ان تہواروں کا تعلق مذہب کے ساتھ بھی قائم ہوگیا اور مذہبی رسوم وعبادات بھی ان میں شامل ہوگئیں، گاہان بار میں سے ہر ایک تہوار پانچ دن منایا جاتا تھا اور ان پانچ دنوں کے نام اوستا کے پانچ مقدس گاتھاؤں کے ناموں پر رکھے گئے تھے۔ سال کا سب سے آخری تہوار ہمسپتمدیا تھا جو خمسۂ مسترقہ[2] کے پانچ ایام میں منایا جاتا تھا۔" یہ دراصل مُردوں کا تہوار تھا... موجودہ اوستا کے تیرھویں یشت (فروردین یشت، آیت ۴۹ - ۵۲) میں لکھا ہے کہ ہمسپتمدیا کے دنوں میں فروشی یعنی باایمان لوگوں کی روحیں برابر دس راتیں مؤمنوں کے گھروں پر آتی ہیں اور صدقہ وقربانی کا تقاضا کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس "یوم اموات" کو فروردیگان یعنی فروشیوں کا تہوار بھی کہتے تھے، بیرونی لکھتا ہے کہ ان ایام میں لوگ بروج اموات یعنی دخموں پر کھانا رکھواتے تھے اور اپنے گھروں کی چھتوں پر پینے کی چیزیں رکھتے تھے تاکہ مُردوں کی روحیں (فروشی) کھائیں پئیں۔ اعتقاد یہ تھا کہ ان دنوں میں یہ روحیں غیر مرئی طور پر آکر اپنے خاندان کے لوگوں میں رہتی ہیں۔ لوگ اس موقع پر شرمسرو کو ہی (حب العزیز) کی دھونی بھی دیتے تھے۔ کیونکہ یہ سمجھا جاتا تھا

---

[1] الآثار الباقیہ، ص ۲۱۷، [2] زرتشتی سال کا ہر ایک مہینہ تیس تیس دن کا ہوتا تھا۔ اس حساب سے سال کے ۳۶۰ دن ہوتے۔ بارھویں مہینے کے بعد یعنی سال کے اخیر میں پانچ دن اور بڑھا دیے جاتے تھے جن کو خمسہ مسترقہ کہتے ہیں

کہ اس کی خوشبو مُردوں کو مرغوب ہے۔[1] ہمسپث مئیدیا کے پانچ دن ختم ہونے کے بعد نیا سال شروع ہوتا تھا۔ یعنی چھٹا دن نوروز کا دن تھا۔ جس میں حسب معمول نئے سال کی خوشیاں منائی جاتی تھیں۔ بعد میں جب ایرانیوں نے اسلام قبول کرلیا تو زرتشتی تہوار ہمسپث مئیدیا کی رسمیں تو منسوخ ہوگئیں لیکن تہوار کے پانچ دن نوروز کے ساتھ شامل رہے اور وہ چھ دن تک منایا جانے لگا۔ جن میں چھٹا دن جو اصل میں فروردین کی پہلی تاریخ کو ہوتا تھا اب چھٹی تاریخ کو ہونے لگا۔ لیکن اس کی اہمیت اور عظمت وہی رہی جو پہلے تھی ؎

نوروز کی صبح کو ندیوں پر جاکر نہانے اور ایک دوسرے پر پانی چھڑکنے کی رسم کی اصلیت کے بارے میں متعدد وجوہات بیان کی گئی ہیں۔ رزمیاتِ ایران میں تو یہ لکھا ہے کہ جمشید (بانیِ نوروز) نے حکم دیا تھا کہ اس روز نہا دھو کر اپنے آپ کو پاک کرو۔ بیرونی کا قول ہے کہ نہانا اور پانی چھڑکنا ایک ٹوٹکا تھا تاکہ سال میں بارش کافی ہو۔ جمشید کے زمانے میں ایک دفعہ سخت قحط پڑا۔ آخر بہت عرصے کے بعد بارش ہوئی۔ لوگوں نے اس کی خوشی میں ایک دوسرے پر پانی چھڑکا۔ تب سے یہ رسم جاری ہوگئی۔[2] قزوینی نے عجائب المخلوقات میں[3] ایک اور وجہ لکھی ہے جو اس نے رسولؐ اللہ کی زبانی بیان کی ہے:۔

وعن عبد الصمد بن علی یرفعه الی	عبد الصمد نے اپنے دادا عبد اللہ بن
جدّه عبد اللہ بن عباس انه اُهدی	عباس کے حوالے سے روایت کی ہے
الی النبیّ صلی اللہ علیه وسلّم	کہ ایک دفعہ رسولؐ اللہ کے پاس تحفے کے

---

[1] تاریخ ساسانیان مؤلفہ کرسٹن سین ۔ [2] فتبرکوا به وصبّه بعضهم علی بعض فبقیت سنّة بهم (الآثار الباقیہ، ص ۲۱۸)، [3] طبع یورپ ص ۸۰ ،

جام فضة فيه حلواء فقال ما هذا قالوا حلاوة النيروز قال وما هو قالوا عيد عظيم للفرس قال نعم هو اليوم الذى أحيا الله فيه العسكر قالوا وما العسكر يا رسول الله، قال الذين خرجوا من ديارهم وهم الوف حذر الموت فقال لهم الله موتوا ثم احياهم فى هذا اليوم ردّ عليهم ارواحهم امر السماء فمطرت عليهم فلذلك اتخذ الناس صبّ الماء فيه سنة ثم اكل الحلواء وقسم الجام بين اصحابه،

طور پر ایک چاندی کا پیالہ جس میں مٹھائی تھی لایا گیا، آپ نے پوچھا یہ کیا ہے ؟ لوگوں نے کہا نوروز کی مٹھائی ہے۔ آپ نے فرمایا نوروز کیا ہے ؟ لوگوں نے کہا۔ ایرانیوں کا بہت بڑا تہوار ہے - فرمایا بیشک یہی دن ہے جس میں اللہ تعالےٰ نے لشکر کو زندہ کیا، لوگوں نے پوچھا - یا رسولؐ اللہ کونسا لشکر ؟ آپ نے فرمایا وہ جو اپنے گھروں سے موت کے ڈر کے مارے نکل کھڑے ہوئے حالانکہ وہ تعداد میں ہزاروں تھے۔ پس اللہ تعالےٰ نے ان سے کہا کہ مر جاؤ پھر ان کو اسی دن (یعنی نوروز کے دن) زندہ کیا انکی روحیں انکو واپس دیں ان پر مینہ برسایا اسی لئے لوگوں نے ایک دوسرے پر پانی ڈالنے کی رسم کو اختیار کر لیا۔ تب آپ نے مٹھائی کو چکھا اور باقی پیالہ اپنے اصحاب میں تقسیم کر دیا ؛

لیکن پانی چھڑکنے کی رسم کے ساتھ کوئی تاریخی واقعہ مربوط ہو یا نہ ہو وہ بظاہر ایک شگون تھا جو سرسبزی اور شادابی کی فال کے طور پر کیا جاتا تھا۔ یا طبیعتوں کے جوش میں محض دل لگی کا اظہار تھا۔ جیسے ہمارے ہاں ہولی کے دن ایک دوسرے پر رنگ چھڑکا جاتا ہے۔ نوروز کا چھٹا دن روز خرداذ کہلاتا تھا۔ اور

زرتشتی عقیدے میں خرداذ پانی کا فرشتہ ہے۔ عجب نہیں کہ اس فرشتے کے اعزاز میں مذہبی رسم کے طور پر ایسا کیا جاتا ہو ؛

جس طرح ہندوستان کی موسیقی میں موسمی راگ اور راگنیوں کے نام ہیں بعینہٖ اسی طرح ایران میں ساسانیوں کے زمانے کی موسیقی میں موسمی راگوں کے نام تھے۔ ہندوستانی موسیقی میں فصل بہار کی دو راگنیاں ہیں ۔ بسنت اور بہار۔ اسی طرح ایران میں بھی موسم بہار کے کئی راگ تھے ۔ جن میں سے بعض کے نام نوروز کے ساتھ وابستہ تھے۔ ان میں سے ایک راگ کا نام نوروز تھا۔ ایک کا نام سازِ نوروز ایک نوروزِ بزرگ اور ایک نوروزِ کے کوئی (کیقباد) تھا، موسمِ بہار کی ایک راگنی کا نام سبز اندر سبز تھا۔ جس کا نام فردوسی نے باربد کے ذکر میں لیا ہے ؛

محمد اقبال

دنیائے اُردو جنگِ عظیم کے بعد

اپنے زمانہ کے ادب کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانا جہاں بظاہر آسان ہے وہاں بہت مشکل بھی ہے۔ اور غالباً مشکل بھی اسی لئے ہے کہ بظاہر بہت آسان ہے۔ انسان کی فطرت میں اسلاف کی عظمت اور بڑائی کی جو طلسم بھری عقیدت موجود ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے ہم عصر مصنف کی شخصیت نظروں میں نہیں جچتی۔ اس کے علاوہ معاصرانہ مدارات اور مراعات، دوستانہ مراسم اور تعلقات، صلہ کی تمنا اور شہرت ارزاں کی ترغیبات حقیقتاً بے لاگ اور سچی تنقید کے راستے میں سنگِ گراں ثابت ہوتی ہیں۔ اور ایک نقاد کے لئے کھرے کھوٹے کا پرکھنا دشوار ہو جاتا ہے۔ جدید ادب کے مبصر کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے۔ کہ بقول ولیمز[1] اسے اکثر ایسے گلفروشوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ جن کے ہاں کا ہر پھول عمدہ، اعلیٰ اور بے نظیر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اسی دعویٰ اور اسی اعلان پر ان کی بکری موقوف ہے۔ بقول شاعر ؎ آپ جس پھول کو توڑیں وہی رعنا ہوگا۔

اسی طرح ادبی ادوار کی حدبندی بھی بہت مشکل چیز ہے۔ اثرات کا عمل اور رَدِّ عمل وہ مخفی اور خاموش سلسلۂ فعل ہے۔ جو غیر محسوس طور پر لٹریچر میں شروع ہو جاتا ہے اور اپنے وانکشاف اظہار کے لیے کسی اہم وقت اور موقعہ کا متلاشی رہتا ہے۔

جنگِ عظیم سے پہلے دنیا کی تاریخ میں جنگ عظیم ۱۹۱۴ء ایک بہت بڑی حدِ فاصل[2] ہے جس سے اِدھر اور اُدھر مختلف اثرات وعوامل مختلف خصوصیات

---

[2] جنگ کے اثرات کیلئے دیکھو

(1) WILLIAMS, MODERN ENG WRITERS (1890-914) - P.3

(2) MUIR, POLITICAL CONSEQUENCES OF THE WAR (1930)

نیز پیام شباب (قاضی نذر الاسلام کی نظموں کا مجموعہ) ص ۷

وامتیازات اور مختلف میلانات و رجحانات کی صاف صاف اور واضح سرحدیں نظر آتی ہیں۔
مثلاً جنگ سے پہلے کے یورپ اور بعد کے یورپ میں خیالات کے معاملہ میں اتنا بیّن فرق
نظر آتا ہے جس کا اندازہ شاید ہندوستان میں نہ کیا گیا ہو۔ جنگ سے پہلے یورپ کی فضا
مادہ پرستی اور قوم پرستی، سائنس کے 'ایں جہانی' پس منظر اور روحانیت سے بیزار جارحانہ
سپرٹ سے اس طرح لبریز ہو گئی تھی کہ غیب کی تاریکیوں سے گذر کر حقائق کی درخشاں دُنیا
پر پڑنے والی نظروں نے پیش گوئی کر دی تھی کہ تہذیب مغرب کی قبا کے پُرزے اب فضا سے
آسمانی میں اڑنے والے ہیں۔ کیونکہ ڈارون کے نظریۂ حیات نے زندہ رہنے اور ترقی کرنے
کے لیے جو زہر یلا۔ مگر سچا تصور عجلت پسند اور فریب خوردہ انسان کے سامنے پیش کیا تھا
اس نے خود ہی دارونیت کی موت کا بندوبست کر دیا تھا وکٹورین عہد کے اواخر میں انگلستان
میں جو تردد اور روحانی بے اطمینانی موجود تھی۔ اس کا اظہار اس عہد کے صاحبان کمال
اور ارباب فن کے کارناموں سے بخوبی ہوتا ہے مثلاً جان رسکن نے آرٹ اور اخلاق میں
جو گہرا رشتہ قائم کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے خلاف ردعمل ہُوا۔ اور آسکر وائلڈ نے
ایک ایسا نظریۂ فن پیش کیا جس میں آرٹ کو زندگی سے الگ اور سراسر منقطع حقیقت
ثابت کیا[1]۔ یہ شاعر اور مصنف "آرٹ محض آرٹ کی خاطر" کے خیال کا مبلّغ تھا اور زندگی
میں مروجہ اخلاقی اصولوں کا سب سے بڑا مخالف۔ اس کی اپنی زندگی آزاد روش کی
آئینہ دار تھی۔ جس کا اثر انگلستان اور ہندوستان کے نوجوانوں پر بہت گہرا پڑا۔ اگرچہ
بٹلر کی کتاب The way of all flesh نے اس کے خلاف دوسری شاہراہ نکالی
لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ آسکر وائلڈ اور اس کے بعد ڈی۔ ایچ لارنس نے جو راستہ
قائم کیا۔ اس کا اثر آج تک محسوس ہوتا ہے۔

---

(1) Routh — Towards the 20th Century P 9:
Williams — Modern English writers (1890-1914)

جنگ کے بعد

یورپ میں جنگ عظیم کا اثر مختلف طبیعتوں پر مختلف ہوا۔ ایک فرانسیسی کے یہ الفاظ ایک گروہ کی ذہنیت کو آشکارا کرنے کے لئے کافی ہیں۔ کہ "اگر واقعی خدا ہوتا تو شاید یہ تمام مصیبتیں ظہور میں نہ آتیں"[1]۔ مگر ایک جماعت ایسی بھی تھی۔ جس نے اس خوفناک قیامت کو روحانی کمزوریوں کی طرف منسوب کیا۔ اور دنیا میں ایک اخلاقی انقلاب کی ضرورت محسوس کی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ موخرالذکر جماعت کا نظریہ چنداں ہمہ گیر نہیں ثابت ہوا۔ اس لئے کہ تھوڑی ہی مدت کے بعد یورپ میں پھر مایوسانہ شک و تردد، اجتماعی مسرت کے مقابلہ میں ذاتی خوشی کی تلاش، عام آزادی رائے کے مقابلہ میں عقاید پرستانہ عصبیت اور روحانیت سے عاری تصوف کو بہت فروغ ہوا۔ جرمنی میں Homosexual تحریک عام ہوئی۔ جس نے بعض غیر فطری رجحانات کو نشو و نما دی۔ عورتوں کے بارے میں گوئٹے کا نظریۂ محبت غلط ثابت کیا۔ اور ان کے مقابلہ میں مردوں کو موضوع محبت بنانے کی تحریک پیدا ہوئی۔ ٹامس مَن اس جماعت کے بہت بڑے علمبردار ہیں۔ روس میں گورکی نے عوام کے ادب کی طرف توجہ کی اور بیونن نے ادب کو زندگی سے پیوستہ کیا۔ کارل مارکس کے نظریۂ اقتصاد کو اگرچہ روس کے علاوہ کہیں بھی عام مقبولیت نہیں حاصل ہوئی۔ تاہم ۱۹۱۸ء کے بعد سے دنیا میں اس کے متعلق خاص دلچسپی نظر آتی ہے۔

جنگ کا اثر ہندوستان پر

افسوس ہے کہ ہندوستان میں جنگ عظیم نے کوئی خاص روحانی اثر پیدا نہیں کیا۔ خلافت کی تحریک میں عارضی طور پر احیائے مذہب کی تحریک کو کچھ سنبھالا نصیب ہوا۔ لیکن اس کے بعد روحانی تصفیہ کی تحریک مردہ ہو گئی۔ البتہ سیاسی رنگ میں ہندوستان میں جنگ عظیم کا اثر روس کی طرح ایک نئی زندگی اور تازہ بیداری کا پیغام بن کر آیا۔ ۱۹۱۸ء کے بعد جبکہ یورپ

(1) Ross & others — Contemporary movements in European Literature.)

میں جنگ کا عملی طور پر خاتمہ ہو چکا تھا۔ ہندوستان میں اثرات جنگ کے طور پر اقتصادی بے چینی پیدا ہونے کے علاوہ قومی حکومت کے حصول کے لئے تحریک ترک موالات وجود میں آئی۔ جو ٹرکی کی تقسیم اور مسئلۂ خلافت کی وجہ سے مسلمانانِ ہند کے اضطراب و احتجاج کی بنا پر ۱۹۱۹ء میں اس درجہ قوی اور مستحکم ہوگئی۔ کہ اس کی وجہ سے آل انڈیا نیشنل کانگرس ایک حقیقت ثابتہ بن گئی۔ ادھر ہجرت کی تحریک کی وجہ سے بعض ہندوستانی نوجوانوں کو جدید روس کے خیالات سے روشناس ہونے کا موقعہ ملا۔ جنہوں نے ہندوستان میں واپس آکر روس کے اشتراکی خیالات کی تبلیغ کی۔ ملک کے اندر کسانوں اور مزدوروں میں ایک خاص احساس ترقی پذیر ہوا۔ جس کی وسعت اور شدت یہاں تک پہنچی کہ ۱۹۳۵ء میں آل انڈیا نیشنل کانگرس کے پلیٹ فارم سے اشتراکی اصولوں کی تبلیغ کی آواز اُٹھی۔

مغربیت کی مخالفت تحریک ترک موالات نے خالص ادب پر کوئی نمایاں اثر نہیں ڈالا لیکن اس ذہنیت کی تعبیر میں بہت بڑا حصہ لیا۔ جس کی پیداوار ادب ہے۔ ترکِ موالات کی تحریک کا سب سے بڑا مقصد جو ہندو مسلمانوں کو کچھ دیر باہم ملائے رکھنے کا باعث ہوئی۔ ہندوستانیوں کے لئے قومی حکومت کا حصول تھا۔ لیکن چونکہ جس جماعت سے قومی حقوق کا مطالبہ تھا۔ وہ ایک مغربی قوم تھی۔ اس لئے ہندوستان میں ترکِ موالات کی تحریک سے 'مغرب' کے خلاف بہت بڑی بغاوت پیدا ہوئی چنانچہ مغربی تہذیب، مغربی وضع، مغربی تراش خراش، مغربی علوم، مغربی نظریات و تصورات سب کی مخالفت ہوئی۔ مغرب سے دشمنی یا بالفاظِ دیگر 'مشرقیت کے احیا' کی تحریک کو زیادہ تقویت اس لئے بھی ہوئی۔ کہ ترک موالات کے لیڈروں میں ایک طرف مہاتما گاندھی اور دوسری طرف علمائے اسلام (مثلاً مولانا محمود الحسن صاحب دیوبندی اور مولانا عبدالباری صاحب فرنگی محلی) نے سیاسیات کی گاڑی کو مذہبی احساسات کی قوت سے چلایا۔

تحریک عدم تعاون کی بے اثری

تحریک ترک موالات کو ایک سیلاب سے تشبیہ
دی جا سکتی ہے۔ جس کا چڑھاؤ جتنا تیز اور مہیب
تھا اس کا اتار اس سے کہیں زیادہ فوری اور افسوسناک ثابت ہوا۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ
کے بعد ملک میں مصنفین کی ایک اچھی خاصی تعداد پیدا ہو گئی تھی۔ جن کے نتائج ذہن سے
اردو کا ذخیرہ مالا مال ہے۔ لیکن موجودہ تحریک نے علم و ادب کی نئی دنیا میں بڑے ناموں
کا کسی طرح اضافہ نہیں کیا۔ جن کو ہم زبان اردو کے عناصر خمسہ کے مقابلہ پر پیش کر سکیں۔
اقبال اور ابوالکلام ظفر علی اور حسرت چند ایسی شخصیتیں ہیں۔ جن کی ذہنی تربیت
"اتحاد اسلام دور" میں ہو چکی تھی۔ لہٰذا انہوں نے جو کچھ اس زمانے میں لکھا۔ اسے
محض اثرات جنگ کی تحریک یا پیداوار نہیں کہا جا سکتا۔

تحریک عدم تعاون کے نتائج

بااین ہمہ تحریک ترک موالات بالکل بیکار نہیں گئی۔
انگریزی سکولوں اور کالجوں کے بائیکاٹ کے طفیل
۱۹۲۰ء میں علیگڑھ میں مولانا محمد علی نے جامعہ ملیہ کے نام سے ایک یونیورسٹی
کا سنگ بنیاد رکھا۔ جس کا نظام تعلیم دیسی اور قومی ضروریات کے عین مطابق تھا
اور جس کی غایت طلبہ میں قومی حس کی نشو و نما اور آزاد ذہن کی پرورش اور تربیت تھی
درحقیقت جامعہ ملیہ کی کارکردگی اس کے حسن نیت اور صدق ارادت کا ایک شیریں
ترین نتیجہ ہے۔ جامعہ ملیہ میں اسلامی ہندی تمدن کی تبلیغ اور اسلامی ہندی قومیت
کے فروغ کے لئے نہایت پرخلوص خدمت ہو رہی ہے۔

پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ ترک موالات کے زمانے میں مغرب اور مغربیت کے
خلاف جو زبردست نفرت پیدا ہو گئی تھی۔ اس سے مشرقیت کی تحریک کو کسی قدر فروغ
ہوا۔ لیکن مغربی اثرات کے نفوذ اور شیوع کو بہت جلد ایک دوسرا راستہ مل گیا۔ اگرچہ
مذہب اور فلسفۂ مذہبی میں اقبال جیسی بلند پایہ شخصیت نے مغربیت کے خلاف پرزور

جہاد کا علم بلند کئے رکھا۔ لیکن ادب، شعر، افسانہ، ناول، آرٹ اور فن کی دنیا میں مغرب کا اثر پہلے سے کہیں زیادہ محسوس ہوا۔ علی الخصوص ۱۹۲۷ء کے بعد جب کہ ہندوستان میں کارل مارکس کے نظریات کے متعلق عام دلچسپی پیدا ہوئی۔ اور اس کے ساتھ ہی روسی واقعیت (Realism) نے نوجوانانِ وطن کو مسحور کرنا شروع کیا۔ اس دور میں روسی اثرات اس درجہ کارفرما ہیں۔ کہ اگر ہم آئندہ زمانے کو روسی اثرات کا دور کہیں تو بے جا نہ ہوگا۔

قبل از جنگ یورپ کا اثر ہند پر

اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہندوستانی مصنفین یورپ کے جدید ترین اثرات سے ہی متاثر ہیں۔ اور ان اکابر کے علمی اور ذہنی فیضان سے یکسر محروم ہیں۔ جو آج سے تیس چالیس سال پہلے یورپ کے دل و دماغ پر حاوی تھے۔ بلکہ یہ ایک حیرت انگیز حقیقت ہے کہ ہندوستان کے مصنفین پر ۱۹۱۸ سے ۱۹۳۵ تک کے دور میں بعض ایسے مغربی مفکرین کا اثر نظر آتا ہے۔ جن کا مسلک یورپ میں ناقابل قبول قرار پاکر مسترد ہو چکا تھا۔ گویا ہندوستان میں دنیا کی عام ادبی اور علمی لہر پندرہ بیس سال بعد پہنچتی ہے۔ ۱۹۳۵ء سے پہلے نمایاں طور پر آرٹ محض آرٹ کی خاطر کا مذہب فروغ پذیر رہا۔ چیخوف جو روس میں انقلاب کے بعد بہت کچھ ناقبول ہو گیا تھا۔ ہندوستان میں بہت پسند ہونے لگا۔ اسی طرح آسکر وائلڈ کا تصور زندگی نوجوانوں کیلئے اس وقت بہت کچھ کشش کا باعث بن رہا ہے جب خود انگلستان میں اس کے خلاف باقاعدہ ردِ عمل ظہور میں آگیا۔

ادب اور زندگی

تاہم اس دور میں ادب اور زندگی کی تحریک پوری قوت کے ساتھ پھیلی۔ جس میں مفکرین مغرب کے تتبع میں اس بات پر خاص زور دیا گیا کہ ادب کا زندگی کے ساتھ گہرا تعلق ہونا چاہئے۔ وہ ادب جو ہمیں روزمرہ زندگی کے مسائل سے دور لے جاتا ہے۔ بیکار اور بیمار ادب ہے جس سے قوم کو کچھ فائدہ

نہیں۔اس تحریک کے علمبرداروں کے نزدیک روایات اور قدامت کا احترام ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔اور نئی زندگی کے ساتھ ساتھ نئی روایات اور نئے رسوم اور طریقے ظہور میں آنے چاہئیں۔

ادب میں صوبہ پرستی اس دور کے لٹریچر میں صوبہ پرستی کے آثار نہایت نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔غلامانہ زندگی کے زیر اثر ہندوستان جیسے وسیع براعظم میں وحدت کا پیدا ہونا ایک مشکل بات ہے لہذا اس میں مختلف قوموں، جماعتوں، خطوں، اور صوبوں کے درمیان اختلافات کا پیدا ہونا نہایت آسان ہے ۱۹۲۳ء کے بعد ہندوستان میں منافرت اور باہمی نزاعات کی صرصر کچھ ایسی چلنے لگی۔کہ ملک کی وحدت ایک بسرا ہوا خیال بنکر رہ گئی۔اس زمانے میں ہر صوبے میں بعض ایسی سوانح عمریاں لکھی گئیں۔جن سے ان خاص خطوں کے بعض تاریخی ناموروں کے کارناموں کو اجاگر کرنا مقصود تھا۔اسی طرح زبان اردو کے اصلی مولد اور وطن پیدائش ہونے کا دعوی مختلف صوبوں کیطرف سے کیا گیا۔جو ایک آدھ جگہ تو خالص علمی تحقیق کا ثمرہ ہے۔لیکن بیشتر اسی صوبہ پرستی کا مظاہرہ!

تحریک عدم تعاون سے اردو بولی کی ترقی تحریک ترک موالات میں زبان اردو کو عوام میں پھیلنے کا بہت موقعہ ملا۔خلافت اور کانگرس کے مبلغین نے گاؤں گاؤں میں پھر کر اپنے مقاصد کی تبلیغ کی۔جس کے لئے زبان اردو کو ذریعۂ اظہار خیال قرار دیا۔اس عہد میں تحریر کے مقابلہ میں تقریر کی طرف خاص توجہ کی گئی۔اگرچہ یہ دور بہت سے اچھے اخبار نویسوں کو منصۂ شہود پر لانے کا باعث ہوا۔لیکن چونکہ یہ عہد جذبات کا دور، تھا۔اس لئے مفکرین کی بجائے مقررین کی تعداد میں بہت اضافہ ہوا۔یہی وجہ ہے کہ اس عہد کے اثرات محض نقش بر ہوا ہونے کی وجہ سے بہت جلد دلوں سے محو ہو گئے۔اور خیالات و افکار کی دنیا میں ان کا کوئی پائیدار اثر باقی نہ رہا۔اردو کے اس قبول عام کے خلاف، ہندوؤں میں بہت زبردست ردعمل ہوا۔

چنانچہ ہندی کے فروغ کے لئے پہلے سے بھی باقاعدہ، پرجوش اور منظم کوششیں ظہور میں آئیں۔ اسی دور میں ہماری زبان کے لئے اردو کی بجائے "ہندوستانی کے پرانے لقب کا احیا ہوا۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ ایک آسان مشترکہ "ہندی اردو" زبان وجود میں لائی جائے۔ جو تمام ہندوستان میں سمجھی اور بولی جائے۔

بعض بلند پایہ رسائل اور ادارے بھی اسی دور کی یادگار ہیں۔ مثلاً معارف (اعظم گڈھ) جامعہ (دہلی) اردو (اورنگ آباد)۔ ہندوستانی (الہ آباد) ہمایوں (لاہور)۔ کارواں (لاہور) اورنیٹل کالج میگزین لاہور۔ اس ضمن میں جامعہ عثمانیہ کے ترجمے اور جامعہ ملیہ کا سیاسی لٹریچر بھی خاص قابل ذکر ہے۔

نیا ادب کی تحریک

۱۹۳۶ء میں نیا ادب یا ترقی پسند ادب کی تحریک کا آغاز ہوا جس کا مقصد یہ تھا۔ کہ "ادبیات اور فنون لطیفہ کو قدامت پرستوں کی مہلک گرفت سے نجات دلائی جائے۔ اور ان کو عوام کے دُکھ سُکھ اور جد وجہد کا ترجمان بنا کر اس روشن مستقبل کی راہ دکھائے۔ جس کے لئے انسانیت اس دور میں کوشاں ہے" نیز یہ کہ " ہندوستان کا نیا ادب ہماری زندگی کے بنیادی مسائل کو اپنا موضوع بنائے یہ بھوک افلاس، سماجی پستی اور غلامی کے مسائل ہیں"[1] ترقی پسند ادب کی تحریک ابھی نئی ہے اور ہر نئی تحریک کی طرح جوش اور انتہا پسندانہ بے اعتدالی کے اثرات اس میں نمایاں معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن یہ توقع رکھی جا سکتی ہے کہ جب بہتر لوگ اس کی باگ اپنے ہاتھوں میں لیں گے۔ تو اس سے ملک کے ادب کو بہت فائدہ ہوگا۔

لاادریت اور لادینی

اب تک جو کچھ بیان ہوا۔ اس سے مقصد ادبی تحریک کے متعلق متفرق اظہار رائے تھا۔ مجموعی اعتبار سے یہ دور سوائے تحریک خلافت کے زمانے کے جو لذت یقین کا حامل تھا، روحانی بے اطمینانی، مذہبی کشمکش

---

[1] اقتباس از اعلان نامہ انجمن ترقی پسند مصنفین۔ (از رسالہ اردو ص ۳۳۳ (۱۹۳۶)

اور افکار کے ہیجان کا زمانہ تھا۔ اگرچہ "اتحاد اسلام" دور کے مفکر روحانی سکون کے پیدا کرنے اور ایمان و ایقان کے مضبوط کرنے کے لئے مسلسل کوشش کرتے رہے (مثلاً علامہ اقبال وغیرہ) لیکن اس میں شبہ نہیں کہ عاقلانہ زندگی سیاسی ہیجان اور یورپ سے مسلسل و پیہم رابطہ و تعلق کی وجہ سے بیدار اور تعلیم یافتہ جماعت میں تردد اور شک، لاادریت اور مادیت کے عناصر زیادہ سے زیادہ ہو رہے ہیں۔ اور روحانیت ایک موہوم بہشت کی طرح اب اس قابل نہیں سمجھی جاتی کہ مادہ پرست مخلوق اس کو قابل اعتنا خیال کرے۔ مجلسی مسائل کی بدستور چھان بین ہو رہی ہے اور اگرچہ عنایت اللہ خان المشرقی کی تحریک اور جدید علیحدہ قومیت کے تصور نے مسلمانوں کی سیاسی عصبیت کو محکم بنا دیا ہے۔ لیکن مذہب کے روحانی پہلو اور اس کے مجلسی نظام کے متعلق ان تحریکوں سے تنقید اور جرح و قدح میں کمی نہیں آئی۔ درحقیقت علامہ اقبال کے روحانی اور ایمانی پیغام کی بے اثری کا سب سے بڑا سبب یہی ہے۔ کہ ان کی پیروی کا دعویٰ کرنے والے ان کے مذہبی فکر سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے۔ ادب کے لطیف مظاہر کے بارے میں کوئی زاویہ نظر متعین نہیں ہوا۔ کیونکہ آرٹ اور زندگی، کا فلسفہ نہایت سختی کے ساتھ 'آرٹ محض آرٹ کی خاطر' کے ساتھ برسرپیکار ہے (D.H.Lawrence (Sons and Lovers) کی حقیقت پسندی اور عریاں نگاری نوجوان ادیبوں میں بہت فروغ پا رہی ہے۔ اور جنس (Sex) اور اقتصاد کو بہت اہمیت مل رہی ہے۔ اور اگرچہ کسان اور مزدور اور ملکی غلامی کا مسئلہ 'نیا ادب'، کے مقاصد میں بمنزلہ عنوان ہے۔ لیکن محنت کش اور مزدور ابھی تک اس قابل نہیں سمجھا گیا۔ کہ عورت کے مقابلے میں ہمارے نوجوان ادیب ان غریب اور بے کس انسانوں کی اصلاح اور بہتری کی جانب ملتفت ہو سکیں پھر یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے۔ کہ اسلاف کی تقلید کے خلاف احتجاج کرنے والے یورپ کی تقلید میں جمود کا وہ راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ جس سے

شاکی ہو کر علامۂ اقبال نے جدید ترکوں کے متعلق فرمایا تھا۔

ترک را آہنگِ نو در چنگ نیست
تازہ اش جز کہنۂ افرنگ نیست

مذہب علم الکلام اور سیاست

گذشتہ سطور میں اس دور کے ذہنی رجحانات کی طرف جو مجمل اشارات کئے گئے ہیں۔ اب ان کی کسی قدر تشریح کی جاتی ہے سب سے پہلے مذہب اور متعلقات مذہب پر نظر ڈالتا ہوں۔ جو اس دور میں ایک زندہ حقیقت کا درجہ رکھتا ہے۔ اور ابھی تک دنیائے اردو کے مفکرین کے لئے مخالفانہ یا ہمدردانہ توجہ کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ اس دور میں مسلمانان ہند کی ۱۸۵۷ء کے بعد سب سے بڑی اجتماعی مذہبی تحریک خلافت ظہور میں آئی۔ اس لئے اس سے قطع نظر کرنا ممکن نہیں۔

شبلی کا اثر میں عرض کر چکا ہوں۔ کہ اتحاد اسلام دور کے سب سے بڑے رہنما اور مفکر جنہوں نے سرسید کے علم کلام اور فلسفہ سیاست کی موثر مخالفت کی۔ علامہ شبلی تھے۔ اگرچہ مدرسہ دیوبند اپنے رنگ میں قال اللہ و قال الرسول کی مشعل کو روشن کئے ہوئے تھا۔ لیکن شبلی نے اپنی مذہبی فکر کو جارحانہ سیاسی نصب العین سے مسلح کیا۔ اور نوجوانوں کے مشوش اور تاریک قلوب کو مغرب کی مخالفت کی تیز روشنی سے منور کرنے کی کوشش کی۔ شبلی کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد اور کارنامہ یہ تھا۔ کہ مسلمانوں کو سرسید کے علم الکلام اور ان کی سیاست کے اثرات سے بچایا جائے۔ چنانچہ انہوں نے باقی کاموں کے علاوہ خود علیگڈھ کالج (جو اب یونیورسٹی ہے) کے مقابلہ میں ندوۃ العلما کے نام سے ایک مدرسہ قائم کیا۔ جو توسیع علم اور ترقی و اصلاح ہی کا مرکز نہ رہا۔ بلکہ علیگڑہ کی مخالفت میں ردعمل کا مرکز بھی بن گیا۔[1]

---

[1] موج کوثر از شیخ محمد اکرام (ص ۱۷۱)

اس موقعہ پر ہمیں مولانا شبلی کے فکر کے امتیازات پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ موجودہ مقصد کے لئے صرف اتنا اشارہ کردینا کافی ہوگا کہ شبلی کی عظیم الشان شخصیت کا اثر "اتحاد اسلام دور" کے اکثر مصنفین مذہب پر بہت گہرا نظر آتا ہے۔ ان اثرات کا رنگ ان کے رفقا اور شاگردوں کے ذریعے "ترکِ موالات" کے زمانے میں اور بھی گہرا ہوگیا۔ مغربی تعلیم اور مغربی طرز زندگی کے خلاف جو جہاد مولانا شبلی نے شروع کیا تھا۔ اس کی تکمیل مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا سید سلیمان نے اس نئے دور میں بڑی شد ومد کے ساتھ کی۔ اگرچہ مولانا ابوالکلام آزاد نے الہلال کو دوبارہ جب زندہ کیا تو اس کی زندگی بہت کم تھی۔ تاہم الہلال کے قدیم دور نے جو ذہنیت مغرب کے خلاف پیدا کردی تھی۔ وہ بجائے خود جدید خیالات کی تشکیل کے لئے کافی تھی۔

رفقائے شبلی مولانا شبلی کے رفقائے کار اور تلامذہ نے اسلام کے ذہنی اور عملی پہلو کا جس رنگ میں مطالعہ کیا۔ اور ان کو جس دلکش اور موثر انداز میں پیش کیا۔ اس کی سب سے بڑی غایت یہ تھی کہ اسلام کو جدید سائنس اور علم کی دنیا میں کامیاب ترین مذہب ثابت کیا جائے۔ مغرب سے متاثر ہوکر ہمارے نوجوان اسلام کے مستقبل بلکہ اس دور عقل وترقی میں اس کی زندگی سے ہی مایوس ہورہے تھے۔ ان کے دلوں میں پھر سے یقین پیدا کیا اور درخشان ماضی کی دلکش تصویریں دکھا دکھا کر یہ حقیقت نمایاں کی کہ اسلام کا حال اگرچہ مایوس کن ہے۔ لیکن ماضی کے اصولوں پر عمل کرنے سے مستقبل بہترین سکتا ہے۔

اس کام کے لئے شبلی اور رفقائے شبلی نے تاریخ اسلامی[1] سے کام لیا۔ اور تمدن اور علوم سیاسیہ کی روشنی میں اپنی سوسائٹی کا تجزیہ کیا۔ خالص مذہبی عقائد پر بحث و نظر سے اجتناب اس لئے ضروری نظر آیا۔ کہ اب اس کی ضرورت باقی نہ تھی۔ علوم جدیدہ کی

---

[1] دار المصنفین کی کتب تاریخ اور معارف اعظم گڈھ کی مجلدات (از ۱۹۱۶ء تا حال) ملاحظہ ہوں۔

کی روشنی میں اپنے علوم کو دیکھا۔ اور ان سے اسلام کی فوقیت ثابت کی۔ فکری ہیجان کے اس پہلو سے زیادہ واقفیت حاصل کرنے کے لئے معارف اعظم گڑھ کی مجلدات کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔ یہ رسالہ شبلی کے ارشد تلامذہ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے ۱۹۱۶ء میں جاری کیا تھا اور درحقیقت اسی رسالہ کو افکار شبلی کا ترجمان خیال کرنا چاہئے۔

سید سلیمان ندوی

مولانا سید سلیمان نے سینکڑوں مضامین کے ذریعے اسلام کے تمدنی اور عقلی پہلوؤں کی فوقیت پر بحث کی ہے۔ وہ اپنے استاد شبلی کی طرح مغرب کے سارے نظام علمی و تمدنی کے مخالف ہیں۔ اور بقول شیخ محمد اکرام[1] اس مخالفت کے اظہار کا کوئی موقعہ ضائع نہیں ہونے دیتے تحریک خلافت کے دوران میں مسئلہ خلافت کی مذہبی اہمیت پر بہت عالمانہ تحقیق و تدقیق ہوئی۔ اس لئے کہ مسلمانان ہند اپنی موجودہ سیاسی زندگی میں اس حادثے سے بہت گہرے طور پر متاثر ہوئے۔ اس علمی اور قلمی کوشش میں مولانا سید سلیمان، مولانا عبدالسلام ندوی۔ ابوالحسنات ندوی اور بعض دوسرے حضرات نے بھی شرکت کی۔ اور مولانا ابوالکلام آزاد (جو دارالمصنفین کے حلقہ سے الگ ہیں) نے اپنے خطبۂ صدارت میں اس مسئلہ پر سیر حاصل بحث کی۔ اس تجزیہ و تحلیل کا ایک غیر محسوس سا اثر مسلمانوں کے ذہن پر یہ پڑا۔ کہ انہوں نے پہلی دفعہ خلافت کے اصول اور موجودہ جمہوریت کے تقابل کے مبحث پر نگاہ ڈالی چنانچہ جب خود ترکی نے خلافت کو منسوخ کردیا تو مسلمانان ہند اس تلخ مگر سچی حقیقت سے روشناس ہوگئے کہ اب انہیں ہندوستان کے وطنی مسائل میں دلچسپی لینی چاہیئے۔

مذہب اور عقلیات میں مولانا عبدالماجد اور مولانا عبدالباری کے مضامین خاص طور پر قابل توجہ ہیں۔ برکلے کا تصور الٰہ مسلمانوں کے فکر کے بہت نزدیک ہے۔ اس کے مکالمات کا ترجمہ ہوا۔ مولانا عبدالباری[2] مذہب اور عقل کی حدود پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں " ریل کی دو گاڑیاں ٹکرا سکتی ہیں۔ اور ٹکراتی ہیں۔ لیکن ریل گاڑی

---

[1] موج کوثر [2] رسالہ معارف اعظم گڈھ فروری ۱۹۲۳ء

اور جہاز میں تصادم ناممکن ہے۔ اس لئے کہ ریل سمندر میں چل ہی نہیں سکتی اور نہ جہاز خشکی پر" مولانا شبلی نے شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی کے فلسفۂ سیاست کی طرف خاص توجہ کی تھی اسکے زیر اثر حجۃ اللہ البالغہ کی جانب خاص توجہ ہونے لگی۔ چنانچہ اب شاہ صاحب کے متعلق رسائل کے خاص نمبر نکل رہے ہیں ۔

اس دور میں قرآن مجید کے مطالعہ کی طرف بہت میلان پیدا ہوا چنانچہ ارض القرآن کے نام سے سید سلیمان صاحب نے ایک کتاب لکھی۔ جس میں قرآن مجید کے جغرافیہ سے بحث کی ہے[1]۔ معلومات جدیدہ کی روشنی میں اگرچہ اس کتاب کے بعض واقعات غلط ثابت ہوئے ہیں۔ لیکن قرآن حکیم کے مطالعہ کی طرف یہ پہلا قدم ہے۔

مولانا ابوالکلام مولانا ابوالکلام اگرچہ دارالمصنفین سے متعلق نہیں۔ لیکن وہ مولانا شبلی کے سرچشمۂ افکار سے بہت سیراب ہوئے ہیں۔ ان کا سب سے بڑا کارنامہ شبلی کی طرح سرسید کے اثرات کی مخالفت ہے۔ "سرسید سے ان کے اختلافات صرف مذہب اور سیاسیات تک ہی حاوی نہ تھے۔ بلکہ علیگڑھ تحریک کے قریب قریب ہر پہلو پر حاوی تھے"[2]

مولانا ابوالکلام کی شخصیت، آپ کا تبحر، آپ کی مقناطیسی کشش، آپ کی تحریر و تقریر آپ کا ذوق علم، آپ کا اعلیٰ ذوق غرض آپ کی جامع قابلیت نے بہت جلد آپ کے اثر کو نمایاں کر دیا۔ شبلی ایک مصنف تھے۔ ان کا وقت بیشتر تدوین و تالیف میں گذرا لیکن مولانا ابوالکلام نے جریدہ نویسی اور صحافت کے ہمہ گیر اور مؤثر فن سے اعتصام کیا یہی سبب ہے کہ علیگڑھ پر جو حملہ انہوں نے کیا وہ شبلی کے مقابلہ میں کہیں زیادہ ہلاکت آفرین تھا۔

---

[1] قرآن مجید پر چند کتابیں جو اردو میں اس عہد میں لکھی گئی ہیں۔ یہ ہیں۔ مولانا عبدالحی فاروقی کی کتابیں کشاف[1] الہدی از سید یعقوب حسن۔ مقاصد[2] القرآن از مولانا ممتاز علی، ترجمان[3] القرآن از مولانا ابوالکلام آزاد۔ بیان للناس از مولانا احمد امرتسری۔ [2] موج کوثر ص ۱۵۷۔

اگرچہ علمائے اسلام پر مولانا ابوالکلام کا اثر زیادہ نمایاں معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ علما کے نزدیک زہد و تقوی کا جو معیار ہے اس پر مولانا ابوالکلام پورے نہیں اترتے ۔ تاہم مولانا کی علمیت اور فاضلانہ شان سے بڑے سے بڑے علما بھی مرعوب ہیں ۔ چنانچہ مولانا سید سلیمان ندوی نے ایک موقعہ پر ان کے حالات قلمبند کرتے ہوئے لکھا تھا "ان سطروں کے لکھتے وقت ہم کو یہ دھوکہ ہو رہا ہے ۔ کہ کیا میں خود ابن تیمیہ اور ابن قیم یا شمس الائمہ سرخسی یا امیہ بن عبد العزیز اندلسی کے حالات تو نہیں لکھ رہا ہوں"[1]؟

مولانا ابوالکلام احیائے مشرقیت کی تحریک کے بہت بڑے علمبردار ہیں الہلال والبلاغ کے ذریعے آپ نے اپنا پیغام جدید تعلیمیافتہ لوگوں تک پہنچایا ۔ اور اس میں بہت بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے ۔ آپ کا سٹائل آپ کی عظیم الشان شخصیت کا آئینہ دار ہے ۔ علامہ اقبال اور مرزا غالب کی طرح آپ بھی اپنے بلند اور عالی خیالات کو آسان زبان میں ادا کرنے سے قاصر ہیں ۔ شاید خیالات بلند سے زیادہ انکا فراواں خلوص اور بے پایاں جوش عام اور معمولی الفاظ کے پیمانہ میں نہیں سما سکتا ۔ یہ درست ہے ۔ کہ اس طرز تحریر نے اردو زبان کی سلاست کو بہت نقصان پہنچایا[2] ۔ لیکن مولانا اس معاملے میں مجبور رہتے ۔ آپ کے قلب میں جو طوفان اُمڈ رہا تھا ۔ وہ قیود اور رسوم کی پابندیاں کو برداشت نہیں کر سکتا تھا ۔

آپ کا علمی کارنامۂ حیات کیا ہے ؟ آپؒ نے جدید علم کلام کی تردید و اصلاح کی اور مغربیتؒ کے طلسم کو پاش پاش کرتے ہوئے خود اعتمادی کے جذبات کو بلند کیا[1] قرآن مجید کا غائر مطالعہ کیا ۔ اور لوگوں میں قرآن فہمی کا ذوق پیدا کیا ۔ آپؒ شبلی کے بعد پہلے مصنف ہیں ۔ جنہوں نے تصانیف مذہبی کا معیار بلند کرتے ہوئے جدید علمی اصولوں

---

[1] معارف مارچ ۱۹۱۹ء مضمون "ہمارے موجودہ نظر یہ دان اسلام"
[2] سکینہ ۔ تاریخ ادب اردو

سے بلا تکلف اپنے تصورات کی وضاحت میں مدد لی ۔

ترجمان القرآن: آپکی سب سے بڑی تصنیف ترجمان القرآن ہے۔ جو کئی بار زندانوں کی چار دیواری میں جبری تنہائی کی فرصتوں میں لکھی گئی۔ اور خانہ تلاشیوں اور اسیری کے مواقع پر ضائع ہوتی رہی ؎

مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغ اسیر
کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کے لئے

بالآخر لوگوں کے اصرار سے آپ نے دوبارہ اپنی یادداشتوں کو قلمبند کیا اور ۱۹۳۰ء میں ترجمان کی پہلی جلد شائع ہوکر لوگوں کے سامنے آگئی ؎

للّٰہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر مے خواست
آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

ترجمان القرآن دور حاضر کے ایک عظیم الشان مفکر اور مفسر کا کارنامہ ہے۔ اس میں قرآن حکیم کے ان معارف وحکم کی نقاب کشائی کی گئی ہے۔ جن کی موجودہ زمانے کو نہایت ضرورت تھی ۔ کچھ مدت سے مسلمانوں میں عمل سے خالی عقاید پرستی آ چلی تھی ۔ وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ تھی۔ کہ قوم کو نیک عملی کی طرف متوجہ کیا جائے۔ جو قرآن مجید کا ایک اہم موضوع ہے۔ محض نیک عقیدہ اچھے نتائج نہیں پیدا کرسکتا بلکہ اچھے عقیدہ کا نتیجہ حسن عمل ہونا چاہئے۔ اگر یہ نہیں تو قرآن کی رُو سے وہ عقیدہ کھوکھلا ہے مولانا ابوالکلام نے جس طرح نیک عملی کی تلقین وہدایت کی ہے۔ اُسی طرح قرآن حکیم کو عالمگیر انسانیت کا پیغام بردار بھی ثابت کیا ہے "غور کرو۔ مذہبی تصور کی یہ نوعیت انسان کے ذہن وعواطف کے لئے کس طرح کا سانچا مہیا کرتی ہے؟ جس انسان کا دل ودماغ ایسے سانچے میں ڈھلکر نکلے گا۔ وہ کس قسم کا انسان ہوگا؟ کم از کم دو باتوں سے

انکار نہیں کر سکتے۔ ایک یہ کہ اس کی خدا پرستی، خدا کی عالمگیر رحمت وجمال
لے تصوّر کی خدا پرستی ہوگی۔ دوسری یہ کہ کسی معنی میں بھی نسل وقوم یا گروہ بندیوں
انسان نہیں ہوگا۔ عالمگیر انسانیت کا انسان ہوگا اور دعوت قرآنی کی اصل
رح یہی ہے۔"[۵۱]

نانے وحدتِ دین اور عالمگیر انسانیت کا جو تصور پیش کیا ہے اس پر بعض معترضین نے اعتراضات بھی کئے ہیں
ن دراصل اس وقت 'انسانی وحدت' کی جو تحریک دنیا میں چل رہی ہے۔ اس
پہلا علمبردار قرآن حکیم ہے۔ لہٰذا اس کی توضیح نہ کرنا بہت بڑی فروگذاشت
تی۔ ہندوستان میں نئی قومیت سے اتحاد وتعاون کی خواہش بھی ترجمان کے
راق میں منعکس ہو رہی ہے۔ جو اس شور وغوغا کی اصل وجہ معلوم ہوتی ہے۔
یہ ہے۔ کہ ترجمان کے مداحوں اور مخالفوں نے ابھی تک ٹھنڈے دل سے
مطالب پر غور نہیں کیا۔ امید ہے کہ جب خاموش اور خالی از جذبات فضا
ں مطالعہ کیا جائے گا تو یہ تفسیر ایک عظیم الشان تصوّر کی طرح بہت
سے نئے اثرات پیدا کرے گی۔[۵۲]

ترجمان القرآن کا سٹائل الہلال کے مقابلہ میں سلیس ہے۔[۵۳]

ترجمان القرآن ص ۱۷۴، [۵۲] تنقید از غلام احمد پرویز (معارف جنوری ۱۹۳۳ء وما بعد)، [۵۳] شیخ محمد اکرام
صاحب نے مولانا کے سٹائل پر بہت سے اعتراضات کئے ہیں لیکن درحقیقت ہر شخص کا سٹائل اس کی شخصیت'
کے ماحول اور اس کے نصب العین پر موقوف ہوتا ہے۔ سر سید کی زندگی اس لحاظ سے پرسکون تھی کہ
لوں کے جوش کو ٹھنڈا کرنا چاہتے اور تعمیر کے لئے ذہن کو تیار کر رہے تھے لیکن مولانا کا کام جوش
ابھارنا تھا۔ مولانا ظفر علی کے سٹائل پر آزاد کا اثر ضرور ہے۔ اس کی وجہ بھی یہی ہے۔ علامہ اقبال نے بھی جو
نصب العین اپنے سامنے رکھا اس کی وجہ سے ان کی زبان مشکل ہے۔ مزید یہ کہ مولانا اردو میں گہری
اسلامیت اور عربیت پیدا کرنا چاہتے تھے۔

(بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۸۷)

م ہوتا ہے کہ آفتابِ عمر کے ڈھل جانے سے جوش کے طوفان میں بھی کمی
نع ہوگئی ہے۔ یا پھر اس لئے کہ قرآن مجید کا حظیرۂ قدس اس
دخرامی کا متحمل نہیں ہوسکتا ؎

عرفی مشتاب این رہ نعت است نہ صحراست
ہشیار کہ رہ بردم تیغ است قدم را (عرفیؔ)

مولانا ابوالکلام کا سٹایل عظمت اور شان و شوکت کے اعتبار سے ابوالفضل
ہ مشابہ ہے۔ ان کے جذبات کا سیلِ رواں جب اُمڈتا ہے تو راستے کے
ب و فراز سے بے پروا ہو کر کوہ و دمن سے گذر جاتا ہے۔ لیکن شاید یکنا
جانہ ہوگا۔ کہ "ان کی تحریروں میں روشنی تو ہے لیکن حرارت نہیں۔" مولانا کا
ی کام احیائے مذہب تھا۔ اصلاح اخلاق یا تلقین صفائے نفس نہ تھا ؎
ں نے قوم میں بیداری، جرأت اور ہمت کے جذبات کو برانگیختہ کیا ہے
نقدس اور صلحا کا رنگ پیدا نہیں کیا۔ مولانا اس باعمل جرنیل
مشابہ ہیں جس نے ساری عمر میدانِ جنگ میں سپاہیوں کے عزم اور
کو مشتعل کرنے میں بسر کی۔ اور یہی وہ مجاہدانہ عزیمت ہے جو انہیں
لین علماء سے ممتاز کرتی ہے۔ جن کی زندگی اس جنگ آزما بہادر کی دل کی
ں سے ناآشنا ہے۔ جس کا ہر لمحہ ہنگاموں میں گذرتا اور طوفانوں میں بسر ہوتا ہے

حاشیۂ صفحہ ۸۶) یہ خیال کہ محض اس طرزِ تحریر سے اُردو اسلامی زبان ہوکر رہ گئی صحیح نہیں۔ ایک
احب ہندو فارسی عربی کے عالم ہوا کرتے تھے۔ لیکن اب انقلاب حالات نے ان میں سیاسی بیداری
زی ہے۔ جس کی بنا پر وہ ہندی کے حامی ہیں اور اگر آپ اپنی زبان کو خالص 'ہندی' بھی بنا کر
ن کریں گے۔ تب بھی ہندو اردو کو اپنی زبان نہیں کہیں گے۔

یہ صفحہ) ؎ موج کوثر ص ۱۶۲ تا ۱۶۶

یہ بات کسی حد تک دُکھ کے ساتھ محسوس کی جاتی ہے۔ کہ مولانا کی بلند شخصیت اور نادر ہستی سے علم وفضل کو جو فائدہ پہنچ سکتا تھا۔ وہ سیاسیاتِ وطنی کی اُلجھنوں کی نذر ہوگیا۔ اس میں شک نہیں کہ مولانا نے وطن اور ملت کے مفاد کے لئے اپنی عمر گرانمایہ کو وقف کر دیا ہے اور اپنی بے مثال یکرنگی اور بے نظیر ثابت قدمی سے خلوص اور پختگی کا سکہ بھی بٹھا دیا ہے۔ لیکن رونا تو یہ ہے کہ وہ شخص جو اس دَور کا شاہ ولی اللہ ثابت ہو سکتا تھا۔ یا جسے ہم ثانی ابن تیمیہ کہہ سکتے تھے۔ علمی لحاظ سے قوم کے لئے اتنا مفید ثابت نہ ہو سکا۔ باقی رہی سیاست سو اس کا رُخ بھی مخالف ہواؤں کی طرف ہے۔ اور مولانا تاریک رات میں مہیب طوفانی سمندر کی کسی کشتی کے ایسے ناخدا سے مشابہ ہیں جس نے اہل کشتی کی رائے کے خلاف صرف اپنی بصیرت کے اعتماد پر بادبانوں کو کھول رکھا ہو ؎

ہوا مخالف وشب تار و بحر طوفاں خیز
گسستہ لنگر کشتی و ناخدا خفت است

علامہ اقبال

مولانا ابوالکلام کی طرح اقبال بھی اتحاد اسلام دور کے ماحول میں سوچنے اور لکھنے لگے۔ آپ کے خیالات اور تصورات کا ارتقا یہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ آپ عصری تحریکوں سے پورے پورے متاثر ہوتے رہے ہے۔ ۱۹۰۷ء سے لے کر اتحاد اسلام دور کے آغاز تک آپ نے حبِ وطن کے گیت گائے۔ ۱۹۱۱ء سے لے کر تحریکِ خلافت تک آپنے اتحادِ اسلام تحریک کی ترجمانی کی۔ ۱۹۱۸ء سے ۱۹۲۳ء تک آپ نے تحریکِ خلافت کا ساتھ دیا۔ ۱۹۲۳ء کے بعد آپ نے یورپ کی نیشنلزم کے خلاف ایک زبردست رد عمل محسوس کیا۔ جس کے بعد آپ نے ایک عالمگیر نظام کے امکانات پر

غور کیا - سرمایہ اور مزدور کی کشاکش میں آپ نے مزدور کی حمایت کی اور ۱۹۳۱ء میں آپ نے مسلمانوں کے لئے ہندوستان میں ایک نیا گھر بسانے کا تخیل پیدا کیا - اور آخری وقت تک اس خیال پر قایم رہے ۔

لیکن ان ارتقائی تغیرات کے باوجود، ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اقبال کا فکر ہمیشہ مغربیت کے خلاف ردِ عمل کا ایک زبردست مظہر رہا ہے - ۱۹۱۲ء میں "شمع و شاعر" میں آپ نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

مژدہ اے پیمانہ بردارِ خمستانِ حجاز بعد مدت کے ترے رندوں کو پھر آیا ہے ہوش
نقد خودداری بہائے بادۂ اغیار تھی پھر دکاں تیری ہے لبریز صدائے ناؤ نوش
پھر یہ غوغا ہے کہ لاساقی شرابِ خانہ ساز دل کے ہنگامے مےِ مغرب نے کر ڈالے خموش

اس زمانے سے لے کر وفات تک اقبال نے مغرب کے خلاف جنگ کو جاری رکھا - شروع شروع میں یہ محض منفیانہ حیثیت رکھتا تھا - لیکن آہستہ آہستہ یہ جذبۂ پیکار ایک تعمیری تصور میں مبدل ہوگیا - انہوں نے دنیا کے لئے ایک پُر امن اور مقدس نظام کا خاکہ تجویز کیا - جس میں خالص اسلامی فکر سے تصوراتی رنگ بھرے - سب سے پہلے 'انسان کامل کی نشوونما' پھر ایک اعلےٰ اور مثالی سوسائٹی کی تشکیل - اقبال کے فکر کے دو اہم اجزا ہیں - یہ افلاطون کی جمہوریت سے مختلف، سر ٹامس مور کے جنت المقاد (*Utopia*) سے زیادہ عملی - ابراہیم الجیلی کے خیالی 'الانسان الکامل' سے بلند تر اور نٹشے کے مافوق الانسان سے زیادہ روحانی شخصیت کا تصور تھا ۔

اقبال کی سب سے بڑی خوبی یا سب سے بڑا عیب یہ تھا کہ وہ 'مسلمان' رہنے پر مجبور تھا - اس کے تصور کی ساری عمارت فکرِ اسلامی کے اینٹ چونے گارے سے تعمیر ہوئی - وہ 'آئیڈیل سوسائٹی' کے لئے بھی (مسلمانی نہیں) اسلامی

اصولوں سے کام لینا چاہتا ہے۔ وہ یہ عقیدہ رکھتا ہے۔ کہ دنیا کا کوئی اعلےٰ نظامِ اسلامی تصوّرِ معاش و معاد کو جذب کئے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتا۔

اقبال نے اسلام کے متعلق اعتراضات کا جواب دینے کی کوشش نہیں کی۔ بلکہ خود مسلمانوں کو توحید و رسالت میں پختہ اعتقاد رکھنے کی تلقین کی۔ اس کے بعد قرآن مجید کے مطالعہ پر اصرار کیا۔ کیونکہ اسکے نزدیک اسی کتاب فطرت میں زندگی اور موت کے سارے اسرار درج ہیں۔

اقبال کا فلسفۂ خودی خود شناسی کا ہدایت نامہ ہے۔ اقبال کی رجائیت مردہ اقوام کے لئے پیامِ حیات ہے۔ اقبال کی عقلیت دشمنی عشق کا سوزِ یقین پیدا کرتی ہے۔ اقبال کا عقیدہ 'قوت' غلامی کی رگوں کو کاٹنے والا ہے۔

اقبال پر یورپ کا اثر کہاں تک ہوا؟ اس کا جواب دیتے وقت لوگوں نے عجیب عجیب ستم ظریفیاں کی ہیں۔ بعض 'اقبالسٹ' اس بات پر مُصر ہیں۔ کہ اقبال نے یورپ کے افکار سے بالکل اثر قبول نہیں کیا کیونکہ ان کے خیال میں یہ چیز عظمت کے منافی ہے لیکن راقم الحروف کو اس خیال سے اتفاق نہیں۔ اقبال یورپ کے خیالات سے بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے بعض افکار کو اپنے فلسفہ میں جذب کیا۔ اور بعض سے ردّ عمل کے طور پر کوئی سلبی رائے قایم کی۔ البتہ اس حد تک درست ہے کہ اقبال یورپ کے افکار کو اسلامیات کی روشنی میں دیکھنے کے عادی ہیں۔ اور مقابلہ و تقابل کے بعد اپنا اجتہاد کرتے ہیں۔ جو سرسید وغیرہ کے اجتہاد سے بالکل مختلف ہے کیونکہ "ان کا اجتہاد تقلیدی اجتہاد تھا"[1] آپ نے برگساں کے Intuition کی بحثوں کا بغور مطالعہ کیا اور کانٹ کے Critique of Pure Reason کے پر

---

[1] موج کوثر از شیخ محمد اکرام ص ۱۸۱

تنقید کی۔ نطشے کے افکار کی مدح کی اور براوننگ کے پر امید کلام سے حظ اٹھایا اور پھر گوئٹے کے تصوف اور شرق پسندی کی بھی تعریف کی غرض یورپ کے فلسفہ کے گہرے مطالعہ کے بعد اس کے بعض پہلوؤں سے متاثر ہونا بڑائی اور عظمت کے منافی نہیں اس لئے کہ اس سے اقبال کی مشرقیت کے احساس برتری کو بالکل صدمہ نہیں پہنچا۔ بلکہ درحقیقت ان مغربی فلسفیوں سے اقبال نے صرف وہی تصورات لئے جو ان کی مشرقیت کے لئے قابل قبول تھے۔

اقبال کا فکر جدید و قدیم کا ایک خوشگوار امتزاج ہے۔ انہوں نے اسلامی عقاید کے بعض orthodox پہلوؤں کی زبردست حمایت کی ہے یہی وجہ ہے۔ کہ علمائے وقت کے ساتھ ان کے تعلقات عموماً خوشگوار رہے۔ دراصل بقول شیخ محمد اکرام[1] وہ اس بحث میں ہی نہ پڑنا چاہتے تھے۔ اس لئے کہ ایک مومن کو 'زمان و مکان' کی پابندیوں سے بلند ہو جانا چاہیئے ؎

زمانہ ایک حیات ایک کائنات بھی ایک
دلیل کم نظری قصۂ قدیم و جدید

اقبال شاعر تھے لیکن اب ان کو محض شاعر سمجھنا دیانت اور حقیقت کے خلاف ہے۔ کیونکہ صرف شاعری اُن کے لئے عیب ہے۔ آپ کو 'احیائے اسلام' کی تحریک کا رہنما خیال کرنا چاہیئے۔ اور یہی ان کی سب سے بڑی تعریف ہے[2]۔

عنایت اللہ خان المشرقی

شبلی۔ ابوالکلام، اقبال اور سید سلیمان نے سرسید کی تحریک کے خلاف جو جہاد کیا۔ اس کے بعد یہ خیال میں نہ آسکتا تھا کہ عقل پسندی، مادیت اور مغربی تصور زندگی پر

[1] موج کوثر از شیخ محمد اکرام آئی۔ سی۔ ایس۔ ص ۱۸۱، [2] آگے چل کر اُن کی شاعری پر بھی تبصرہ کیا جائے گا۔

قایم کی ہوئی کوئی مذہبی تحریک پھر سے ظہور میں آسکے گی۔ لیکن ملک میں جدید قسم کی تعلیم و تربیت کا نظام اتنا پھیلتا گیا اور کالجوں کے ایوانوں سے یورپ کے تصورات سے لبریز ذہن اس کثرت سے نکلنے لگے۔ کہ یہ قیاس کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا تھا۔ کہ جدید انگریزی تعلیم پانے والے حضرات میں کوئی ایسا شخص نہ پیدا ہوگا۔ جو سر سید کی عقلیت اور مادیت کی تحریک کی ٹوٹی ہوئی کڑیوں کو از سرِ نو جوڑ سکے گا۔

۱۹۱۷ء میں نواب وقار الملک کے انتقال پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے سید سلیمان نے یوں لکھا تھا[۱]:- "یہ ہستی گرانمایہ جس نے ہماری دنیا کو ۲۷ رجنوری ۱۹۱۷ء میں الوداع کہا۔ ہمارے کار فرما قافلہ کا آخری مسافر تھا۔ اس کے بعد وہ دَور جو انقلاب ہند کے بعد شروع ہوا تھا۔ ختم ہو گیا۔ ...... آیندہ ہماری قسمت کے مالک عربی مدارس کے شملے نہ ہوں گے بلکہ انگریزی درسگاہوں کے ہیٹ اور جبّے ہوں گے۔ اب مشرق مشرق کی قومیت پر حکومت نہ کرے گا بلکہ مغرب' اب لیڈری اور رہبریٔ جمہور کے لئے جوشِ دل اور اخلاصِ عمل ضروری نہ ہوگا۔ بلکہ ایک کامیاب عہدہ اور عمدہ سوٹ!" یہ ایک پیشگوئی تھی۔ بلکہ ایک چیلنج تھا۔ جو مشرقی مشرقیوں کی طرف سے مغربی مشرقیوں کی طرف پھینکا گیا تھا۔ (اور غالباً اس توقع کے ساتھ کہ اس کو قبول کرنے والا کوئی نہ ہوگا)۔ لیکن آخر یہ پیشگوئی پوری ہو کر رہی اور ۱۹۲۴ء میں عنایت اللہ خان المشرقی نے ایک کتاب 'تذکرہ' کے نام سے شایع کی۔ جس میں قرآن حکیم کو مغربی تصورات کی عینک سے دیکھنے کی تازہ کوشش ظہور میں آئی۔ تذکرہ کا نمایاں امتیاز جو سر سید احمد خاں کے فکر سے اس کو جُدا رنگ دیتا ہے یہ ہے کہ اس میں

---

[۱] معارف - فروری ۱۹۱۷ء

ایک شدید قسم کی جارحانہ اسلامی سوسائٹی کا نظریہ زندہ کیا گیا ہے۔ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی اور سرسید دونوں بزرگ ایک پُرامن اور اعتدال پسندانہ اسلامی زندگی کے مبلغ تھے اور جہاد کے تشدّد پسندانہ خیال سے ان کو سخت مخالفت تھی۔ لیکن مشرقی صاحب اس معاملے میں ان دونو کی پوری پوری ضد ہیں۔

۱۹۲۳ء میں تحریک ترکِ موالات ناکام ہو کر معدوم ہو گئی۔ ملکی سیاسیات میں فرقہ پرستانہ ذہنیت کچھ اس انداز میں پیدا ہو گئی کہ ہندو اور مسلمان اپنی اپنی جُدا ہستی کے بچاؤ اور حفاظت کی تدابیر میں منہمک ہو گئے اور اگرچہ مولانا محمد علی وغیرہ ابھی تک کانگرسی سیاسیات کے زبردست مؤید تھے۔ لیکن قوموں کے دل ایک دوسرے سے اس طرح پھر گئے تھے۔ کہ ان کو پھر سے پیوند دینا معجزہ سے کم نہ تھا۔

تذکرہ ان حالات میں 'تذکرہ' عوام الناس کے سامنے پیش ہوا۔ خالص اسلامی حکومت کا تصوّر اس کا طرّۂ امتیاز تھا۔ جس کے قیام کے لئے 'عسکری' تنظیم کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ قوّت اور کشمکش (تنازع للبقا) کا ڈارونی تخیل قرآن مجید کے بین السطور سے نکالا گیا اور ایک "قسم کی عسکری جارحانہ اسلامیت" کی نشوونما کے لئے قرآنی احکام سے استدلال کیا گیا۔

یہ عجیب بات ہے کہ تذکرہ میں اس 'اسلامیت' کے باوجود قولاً نہیں بلکہ عملاً اقبال کی پیدا کی ہوئی مشرقیت کی بے حد مخالفت موجود ہے۔ جسے درحقیقت سرسید کی تحریک احیائے مغربیت کے مرادف خیال کرنا چاہیئے۔ سرسید قدیم اسلامی نظام تعلیم کی پیداوار تھے اور ان کے ذہن کا پس منظر ہر حالت میں اسلامی تھا لیکن المشرقی کا ذہن مغربی ماحول کا پرورش یافتہ ہے۔ جس میں علوم اسلامیہ کی سپرٹ سے کافی ناواقفیت کا پتہ چلتا ہے۔ اور ان کا مطمح نظر

اسلام کے ماضی کے بارے میں اتنا وسیع نہیں۔ جتنا قرآن مجید پر قلم اٹھانے والے کے لئے ضروری ہونا چاہیئے ۔

تذکرہ پر علماء کی جانب سے کافی لے دے ہوئی۔ چونکہ قوم پر شبلی اور اقبال کا اثر غالب تھا۔ اس لئے یہ کتاب مدت تک گمنامی کے پردوں میں چھپی رہی۔ تا آنکہ المشرقی نے ایک سیاسی مجلسی تحریک کا آغاز کیا جس کو لوگ تحریک خاکساران کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ علمی لحاظ سے تذکرہ کو کوئی اہمیت حاصل نہیں بلکہ اس میں بہت سی نمایاں غلطیاں نظر آتی ہیں لیکن تحریک خاکساران کے رہنما کی تصنیف ہونے کے لحاظ سے تذکرہ کا اثر بہت دُور رس بلکہ خطرناک معلوم ہوتا ہے۔ عوام کو تحریک خاکساران سے جو دلچسپی ہے وہ اس کے عسکری پہلو کی وجہ سے ہے۔ لیکن صاحب تذکرہ کا سارا رجحان عقل پسندی اور مادہ پرستی کی جانب ہے۔ جس سے عوام بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ سر سید نے صرف چند روشن خیال حضرات کو متاثر کیا۔ جس سے کچھ زیادہ خطرہ نہ تھا۔ اس لئے کہ بیدار مغز اور تعلیم یافتہ لوگ بہرحال اشیا کے اقدار سے واقف ہوتے ہیں۔ لیکن عوام میں مذہب کے روحانی پہلو کے متعلق مخالفت کا جذبہ اس کے دینی اساس کے لئے ازبس خطرناک ہوگا ۔ انگریزی تعلیم یافتہ گروہ میں دینی اور اسلامی حس کے فقدان کی شکایت پہلے سے ہی کافی رنج دہ تھی۔ لیکن تذکرہ کے اصول ان اثرات کو عوام میں پیدا کرنے اور پھیلانے کا باعث ہوں گے ۔

تاریخ

"اس دور کے ادب کے متعلق ایک اور قابل ذکر حقیقت یہ ہے کہ[1] اس

---

[1] معارف ۱۹۲۵ء

ہ میں تاریخ سے بالخصوص ہندوستان کی تاریخ سے بے اعتنائی برتی گئی:
اکرام صاحب کی یہ رائے "اتحاد اسلام دور" کے بارے میں ہے ۔ جس
وہ یہ ثابت کرتے ہیں ۔ کہ اس عام بے اعتنائی کا سبب یہ تھا ۔ کہ مولانا
در ان کے رفقاء نے جو عام جذباتی فضا بیرونِ ہند کے اسلامی ممالک
بارے میں پیدا کر دی تھی ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ملکی تاریخ سے عام دلچسپی
۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں :
"چونکہ ہندوستانی مسلمانوں کی آنکھیں اس وقت ہندوستان سے باہر
ی تھیں ۔ اس لئے انہوں نے ہندوستان کی تاریخ پر توجہ نہ کی" [1]
"موج کوثر" کے لایق مصنف کی یہ رائے کسی قدر احتیاط کے ساتھ
لرنے کے لایق ہے ۔ اس لئے کہ "اتحاد اسلام" لیڈروں نے
ہند کے واقعات سے متأثر ہو کر جو احساسات پختہ کئے ۔ اس کا علیگڈھ
باب علیگڈھ پر ہرگز کوئی اثر نہیں ہوا ۔ اس وقت وطنی سیاسیات یا
ت سے دلچسپی ارباب علیگڈھ کے لئے ایک شجر ممنوعہ تھی ۔ اس لئے یہ باور
ارباب علیگڈھ کے جوشِ عمل کو اتحاد اسلام تحریک نے ٹھنڈا کر دیا ۔
ہے ع

گر میں نے کی تھی توبہ ساقی کو کیا ہوا تھا

اگر ز روے ورع زاہدان قدح ندہند
چہ مانع است حریفانِ بادہ پیمارا (نظیری)

سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ مغربیت کی تحریک نے مسلمان نوجوانوں کو انکے
ماضی سے بالکل غافل کر دیا تھا ۔ ان کی نظروں میں نپولین اور ہنی بال،

[1] موج کوثر ۔ ص ۱۷۴ ۔ ۱۷۵

فریڈرک اور پیٹر دی گریٹ، گبن اور برکلے، ڈارون اور شکسپیئر سما گئے تھے۔ اور ان کے مقابلے میں انہیں اپنے ناموروں اور بزرگوں کے کارناموں میں کوئی فخر محسوس نہ ہوتا تھا۔ یہی وہ چیز تھی جس کی جانب مولانا شبلی نے اپنی نظموں میں بار بار اشارہ بھی کیا ہے

از ہنی بال و از آئین جہانبانیے او واقف و بے خبر از سنت نعمان باشی

اس عام ذہنی غلامی نے قوم کو اپنی روایات سے غافل کر دیا۔ جس سے نہ صرف تاریخ بلکہ تمام علوم قدیمہ سے بے التفاتی پیدا ہوگئی۔ سر سید مرحوم کی بات اور تھی۔ انہوں نے ہندوستان کیا اسلام کے عام معاملات کی طرف جو توجہ کی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ انہیں اپنے ہی لگائے ہوئے پودے کے اس تلخ برگ و بار کا علم نہ تھا۔ چنانچہ اکبر الہ آبادی نے فرمایا ؏

نہ تھا یہ مطلب سید کہ اس رُخ پر چلے دھارا

انہوں نے تاریخ ہند کی جو شاندار خدمات انجام دیں۔ ان کے پیروؤں نے اس سلسلے کو قایم نہ رکھا۔ بلکہ یہ واقعہ نہایت افسوس کے ساتھ دیکھے جانے کے لایق ہے کہ علیگڈھ سے سوائے سلسلۂ خسرویہ کے آج تک کوئی علمی کارنامہ ظہور میں نہ آیا۔

ہندوستانی تاریخ کے متعلق ایشیاٹک سوسائٹی نے جو کام کئے۔ شبلی اور ان کے رفقاء اس کے بے حد ممنون اور تعریف گزار تھے۔ لیکن بد قسمتی سے۔ ہندوستان کے انگریزی تعلیم یافتہ مسلمانوں میں ہندوستان تو درکنار اسلام کی صداقت اور تاریخ اسلام کے شاندار ماضی کے متعلق لاعلمی اور جہالت بلکہ تنقیص کے خیالات موجود تھے۔ پس مؤرخین اسلام کا پہلا فرض یہی تھا کہ اسلام کی پرانی اور قدیم ادوار کی تاریخ کو اردو میں منتقل کریں۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ

دَورِ مغربیت کے خلاف ردِّ عمل کا دَور تھا۔ اس لئے عام مفکرین کا نعرۂ جنگ "Back to Mecca" "Back to Arabia" - "بازگو از نجد و از یارانِ نجد" تھا۔

اسی جذبہ کے ماتحت شبلیؔ نے سیرۃ النبی لکھی اور اسلام کے دوسرے ناموروں کے حالات قلمبند کئے۔ دار المصنفین کا مقصد خود ناظم دار المصنفین کی زبان میں یہ تھا" ہمارا مقصد صرف زبان اُردو کے سرمایہ کی ترقی نہیں ہے بلکہ ملک میں ایک ایسی جماعت پیدا کرنا ہے جو قوم کی دماغی قوتوں کے نشوونما کا سامان کرسکے"[1]۔ انہوں نے قوم کی دماغی قوتوں کی نشوونما کے لئے اور اسلامی ذہن تیار کرنے کے لئے اسلام سے ابتدائی اور قرونِ اولیٰ کی اسلامی تاریخ کو اپنے سامنے رکھا۔ جس کے بغیر صحابہ تابعین اور متقدمین کا فکر و ذہن نئی نسلوں میں منعکس نہ ہوسکتا تھا چنانچہ اسی غرض سے صحابہ، تابعین، انصار صحابیات مہاجرین کی زندگیاں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے حالات اور اسی نوع کی چند اور کتابیں رفقائے شبلیؔ کے قلم سے اُردو زبان[2] میں نکلیں۔ جامعہ ملیہ سے نکلی ہوئی کتاب تاریخ الاُمّہ کو بھی اسی صف میں شمار کرنا چاہیئے۔

تحریکِ خلافت میں ہندو مسلمانوں کے اتحاد نے اس بات کی ضرورت پیدا کی کہ ان دو اقوام کے قدیم تاریخی تعلقات پر نظر ڈالی جائے۔ اسی ضرورت کا نتیجہ مولانا سلیمان کی کتاب "عرب و ہند کے تعلقات" ہے۔

شیخ اکرام صاحب نے صحیح لکھا ہے کہ" جس دَور کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔ اس میں شائع شدہ کتابوں کی تعداد کے لحاظ سے تاریخی مباحث پر نسبتاً بہت کم کتابیں تصنیف ہوئیں۔ اور ہندوستان کے متعلق جو اس زمانے کی تاریخی کتابیں ہیں

---

[1] معارف۔ ستمبر ۱۹۱۶ء۔ مضمون (خواب تمنا یا دار المصنفین)، [2] مولانا شررؔ کی کتاب تاریخ اسلام (۳ جلد)۔ تاریخ سندھ، اکبر شاہ خان نجیب آبادی کی تاریخ اسلام ،

ان کی تعداد تو انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے' (موج کوثر ص ۱۷۰) یہ ایک المناک واقعہ ہے۔ کہ ہندوستان کی تاریخ پر الہ آباد سے بہت سی کتابیں انگریزی زبان میں شائع ہوئی ہیں۔ لیکن زبان اردو ابھی تک ہندوستان کی مستند تاریخوں سے محروم ہے۔ سید ہاشمی فرید آبادی[1] اور مولوی غلام طیب[2] وغیرہ نے درسی مقاصد کے لئے کچھ کتابیں لکھی ہیں۔ لیکن ان میں وہ محققانہ شان نہیں۔ جامعہ عثمانیہ کے تاریخی ترجمے گو لائق تحسین ہیں۔ لیکن ترجمے آخر ترجمے ہیں،

صوبائی تاریخیں تحریک ترک موالات کے زوال کے بعد ہندوستان میں پہلے فرقہ بندی اور پھر صوبہ پرستی کا جذبہ فروغ پذیر ہوا۔ مہاراشٹر اور جنوبی ہندوستان میں سیوا جی کو ہیرو بنانے کی تحریک تلک نے پیدا کی تھی۔ چنانچہ انگریزی اور مرہٹی میں بہت سی کتابیں اس موضوع پر لکھی جا چکی ہیں۔ مسلمانوں میں اسکا ردِ عمل ہونا ایک قدرتی بات تھی۔ چنانچہ زیر بحث دور میں دکن کے بعض ناموروں کے متعلق عمدہ کتابیں لکھنے میں آئیں۔ مثلاً "سلطان شہید" از محمود بنگلوری، "چاند بی بی" از احمد قادری۔ "ملک عنبر از شیخ چاند،" "تاریخ سلطنت خداداد" از محمود بنگلوری، ملیبار از شمس اللہ قادری، اسی طرح شمال میں بھی بعض معمولی رسالے شایع ہوئے ہیں۔ جن کو نظر انداز کر دینا بہتر معلوم ہوتا ہے،

تاریخ (علے الخصوص تاریخ اسلام) کے بارے میں اگرچہ ذوق کی کمی افسوسناک حد تک پہنچ چکی ہے۔ تاہم اِدھر اُدھر انگریزی زبان میں ہندوستان اور اسلام کے متعلق بہت سی کتابیں لکھی جا رہی ہیں۔ جن میں تاریخ کے سائنٹیفک اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ پنجاب میں اورنیٹل کالج لاہور کے بزرگوں کی وجہ سے تحقیق علمی اور تاریخ کا نمایاں ذوق پیدا ہوا۔ جس کی وجہ سے

---

[1] تاریخ ہند، [2] دیس کہانی،

توقع رکھی جا سکتی ہے۔ کہ کسی تر کسی دن اُردو زبان کو تحقیق و تدقیق کے نئے طریقوں سے بہت فائدہ پہنچے گا۔ کیونکہ کسی اچھی تاریخ کی ترتیب و تدوین کے لئے جو اوّلین مواد یا ذخیرۂ کتب درکار ہوتا ہے۔ وہ بہت محنت سے مہیا کیا جا رہا ہے۔

سیرۃ | فن سیرۃ (بیاگرافی) میں بھی عمدہ تصانیف کی بہت کمی ہے۔ اس دَور کی ایک خصوصیت "غالب پسندی" ہے۔ جو بقول شیخ اکرام اس دور کے جذباتی نقطۂ نظر[1] کا نتیجہ ہے۔ مرزا غالب کے متعلق اتحادِ اسلام دَور میں جو والہانہ عقیدت پیدا ہوئی۔ اس کا اثر تحریک ترکِ موالات کے بعد تک رہا۔ اور اگرچہ اب اس محبت کے خلاف کسی قدر ردِّ عمل محسوس ہو رہا ہے۔ لیکن مرزا غالب ابھی تک دل و دماغ پر غالب ہیں۔ اس 'غالب پسندی' کے زیرِ اثر مرزا کی کچھ سوانح عمریاں، کچھ شرحیں، کچھ عمدہ ایڈیشن (مثل مرقع چغتائی مصوّر ایڈیشن) شائع ہوئے۔ ڈاکٹر لطیف (حیدر آباد) نے انگریزی میں ایک مختصر سی کتاب لکھی۔ جس کا مقصد غالب کی عظمت کو گرانا تھا۔ 'محاسنِ کلامِ غالب' (بجنوری) اور 'غالب' (لطیف) کے درمیان متوسط اور معتدل راستے کی ضرورت سے متاثر ہو کر شیخ اکرام صاحب نے 'غالب نامہ' کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ جس میں سیرۃ نگاری کے اعلےٰ اصول و قواعد پر عمل کرتے ہوئے مرزا غالب کی زندگی پر ارتقائی اور نفسیاتی نظر ڈالی گئی ہے۔ غالب کی سوانح عمری میں شاید یہ پہلی کتاب ہے جس میں مرزا کو ان کے حقیقی خط و خال اور ان کی ہو بہو بشریت کے رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ اسی کے قریب قریب دَور میں مولانا غلام رسول صاحب مہر نے مرزا کی اپنی تحریرات سے ایک لایف تیار کی۔ جس کا نام 'غالب' رکھا[2]۔ یہ کوشش بھی اپنے رنگ میں ایک کامیاب اور قابلِ قدر کوشش ہے۔ مالک رام کی

---

[1] موجِ کوثر۔ ص ۱۰۲۔ [2] رامپور سے غالب کے خطوط کا مجموعہ مکاتیبِ غالب کے نام سے شائع ہوا ہے۔

کتاب "ذکرِ غالب" بھی اگرچہ مختصر ہے۔ لیکن نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔

مشرق اور مغرب میں عمر خیام کے سلسلے میں جو دلچسپی لی جا رہی ہے۔ وہ محتاجِ بیان نہیں۔ اگرچہ ہندوستان میں فارسی شاعری کا ذوق اب روز بروز انحطاط پذیر ہے۔ تاہم ابھی تک علمائے یورپ کی مہربانی سے کلیتہً مفقود نہیں ہوا۔ فٹز جیرلڈ کے ترجمۂ رباعیات کے بعد عمر خیام انگریزی ادب کا ایک حصہ بن گیا ہے۔ جس سے اہلِ مغرب کافی محظوظ ہوتے ہیں۔ گذشتہ بیس پچیس سال میں انگریزی زبان میں اس حکیم نیشاپور کے متعلق اچھا خاصہ کام ہو چکا ہے۔ چنانچہ رباعیات کے بہت سے عمدہ ایڈیشن بھی شائع ہوئے ہیں اور پرانے سے پرانے قدیم نسخوں کی تلاش اب بھی ہو رہی ہے۔

افسوس ہے۔ کہ اردو زبان اس دانائے راز کے حالات و کوائف سے بالکل محروم تھی۔ بالآخر اسی دور میں مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے ایک مفصل اور مبسوط کتاب "خیام" کے متعلق شائع کی جس میں نہ صرف اس شاعر کے حالاتِ زندگی ہیں بلکہ خیامیات کے ہر پہلو پر بحث موجود ہے۔ بعض اہل الرائے کا خیال ہے۔ کہ یہ سید صاحب کی بہترین تصنیف ہے اور بظاہر اس رائے سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

(باقی دارد) سید محمد عبداللہ

---

[۱] سیرت کی بعض اور کتابیں یہ ہیں:۔ اقبال از احمد دین، وقارِ حیات۔ از اکرام اللہ ندوی، بہادر شاہ ظفر از امیر احمد علوی (۱۹۲۵ء) ۔ سیرۃ محمد علی از جعفری (۱۹۳۲ء)۔ کبیر صاحب از منوہر لال زتشی، امرائے ہنود از سعید احمد و طرۂ امیر از امیر احمد علوی وغیرہ،

تبصرہ و تنقید

(۱) بلیٹن آف دی دکن کالج ریسرچ انسٹی ٹیوٹ۔ پونہ جلد دوم

حصہ ۱ و ۲۔ نومبر ۱۹۴۰ء صفحہ ۲۱۶ + ۵۹ ضمیمہ :۔

اس رسالہ میں چھوٹے بڑے کل اٹھارہ مضامین ہیں۔ سب سے پہلے مضمون میں دکن کالج کی گذشتہ تاریخ اور آئندہ کی امیدوں کا بیان ہے۔ باقی مضمون اورینٹل ریسرچ کے مختلف پہلوؤں سے تعلق رکھتے ہیں۔ سبھی مضمون نہایت عالمانہ طریق سے لکھے گئے ہیں۔ تین مضمونوں کا تعلق لسانیات سے ہے یعنی "ٹاکی (ڈھکی) پراکرت کی کچھ خصوصیتیں"۔ "کچھ انڈو یورپین زبان کے لہجہ کے متعلق"۔ "دراوڑی زبان کی خصوصیتیں"۔ "ناگارجن کونڈا کے پتھر کی مورتوں کا مطالعہ" نہایت دلچسپ ہے۔ مصنف نے ان مورتوں کی رو سے زمانہ قدیم کی زندگی پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ مضمون ہذا میں زیورات پوشاک وغیرہ کے متعلق بعض اطلاعیں درج کی گئی ہیں۔ مورتوں کی تصویریں ساتھ دی گئی ہیں۔ جن کے دیکھنے سے ٹھیک مطلب سمجھ میں آجاتا ہے۔ "مراٹھی زبان میں مختلف رشتوں کے نام"۔ اس عنوان کا مضمون بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ اس میں لطف کی بات یہ ہے کہ رشتوں کے اکثر نام غیر سنسکرت ہیں مثلاً دادا اور نانا کے لئے جیساکہ ہندی پنجابی ہیں۔ ویسے ہی مراٹھی میں بھی غیر سنسکرت الفاظ پائے جاتے ہیں۔ "سلطنت ناگور" اور "مشاہیر بغداد" یہ دو مضمون فارسی عربی علما کے لئے کافی پُرلطف ثابت ہوں گے۔ دیگر مضامین

بھی اسی قسم کے ہیں جو اپنے اپنے مصنّفوں کے گھرے تخیّل اور علم کا نتیجہ ہیں ؛

ضمیمہ میں "عہدِ گپتا کے کتبوں میں پائی جانے والی پرانوں کی روایات" کے پتے لگائے گئے ہیں۔ جو نہایت دلچسپ ہیں ؛

غرضیکہ یہ بلیٹن سنسکرت، عربی، فارسی سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بڑا قیمتی رسالہ پیش کرتا ہے ؛

(ڈاکٹر) بنارسی داس

(۲) افتتاح الاندلس۔

علامہ ابن القوطیہ (متوفی ۳۶۷ھ) کا رسالہ "تاریخ افتتاح الاندلس" علمی دنیا میں مشہور و معروف ہے۔ عربوں کی فتحِ سپین پر وہ ایک مستند رسالہ ہے۔ اسی لئے یورپ کے مؤرخینِ اسلام نے اس کی طرف بہت توجہ مبذول کی ہے۔ اس کا فرانسیسی ترجمہ اوّل مرتبہ ۱۸۵۶ء میں اور پھر دوبارہ ۱۸۸۹ء میں مع عربی متن شائع کیا گیا ؛

اب تک جتنے مؤرخوں نے اسلامی اندلس کی تاریخ لکھی ہے سب نے اس رسالے سے استفادہ کیا ہے۔ علامہ ابن القوطیہ خود اندلسی تھے اور ایسے زمانے میں گذرے ہیں جو کہ سپین میں اسلامی تہذیب و تمدّن اور تصنیف و تالیف کا زرّین عہد سمجھا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جو تاریخی مواد اور روایات انہیں اپنے زمانے میں میسّر آئی ہوں گی وہ بعد والوں کو نصیب نہیں ہو سکتی تھیں ؛

ہمارے پیشِ نظر اس رسالے کا اُردو ترجمہ ہے جو مولوی محمد جمیل الرحمٰن صاحب ایم اے، پروفیسر تاریخ جامعۂ عثمانیہ حیدر آباد نے کیا ہے اور کتابستان الٰہ آباد نے اسی سال شائع کیا ہے۔ پروفیسر موصوف نے اس کے شروع

میں ایک طویل تنقیدی مقدمہ لکھا ہے جس میں دوسرے تاریخی مآخذ سے عربوں کی فتح اندلس کے حالات اخذ کر کے تحریر کئے ہیں۔ ترجمے کے ساتھ مفصل حواشی بھی ہیں۔ جن میں تاریخی واقعات، اشخاص اور مقامات پر مزید روشنی ڈالی گئی ہے۔

مسلمانوں کو روز بروز اپنی تاریخ سے اور خصوصاً زبانِ عربی سے جو اُس تاریخ کا سرچشمہ ہے جو بُعد ہوتا جا رہا ہے اس کو دیکھتے ہوئے ہمیں یہ بات ضروری معلوم ہوتی ہے۔ کہ عربی تاریخوں کے اُردو ترجمے شائع کر کے اس تاریخ کو ان سے زیادہ قریب لایا جائے۔ مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے عربوں کی فتحِ اندلس ایک قابلِ فخر واقعہ ہے، پروفیسر جمیل الرحمٰن صاحب ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے تاریخِ اسلام کے ایک زرّین ورق کو ہمارے سامنے پیش کیا ہے۔

فہرست اماکن میں فاضل مترجم نے یہ بہت ہی اچھا کیا ہے کہ ہر جگہ کے متعلق مفصل جغرافیائی نوٹ لکھ دئیے ہیں۔ اس انڈکس کے آخر میں اگر ایک اور انڈکس انگریزی ناموں کا بھی دے دیا جاتا تو بہتر ہوتا۔ تاکہ جو لوگ سپین کی تاریخ کو انگریزی کتابوں سے مطالعہ کرتے ہیں۔ وہ جگہوں کے ناموں کی عربی شکلیں بھی معلوم کر سکتے۔ مثلاً شہر ناربون کی عربی شکل اربونہ ہے جس شخص کو ناربون کا نام معلوم ہے وہ یہ اندازہ نہیں کر سکتا کہ اس کی عربی شکل اربونہ ہوگی۔

کتاب بحروف ٹایپ نہایت عمدہ چھپی ہے۔ تعداد صفحات ۱۶۴۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

(م - ا)

(۳) وشوبانی۔ ہندی کا ماہوار رسالہ ہے۔ جس کا پہلا نمبر جنوری ۱۹۴۱ء

میں نکلا ہے۔ پنڈت بشمبر ناتھ اس کے اڈیٹر ہیں اور دفتر ساؤتھ ملاکا الہ آباد میں ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ ہے ؛

وشو بانی کے اغراض و مقاصد ہیں ہندوستان کے ساتھ ساتھ دیگر ممالک کے پولٹیکل حالات کا مطالعہ کرنا اور ان کی گذشتہ تاریخ اور موجودہ حالت کی سچی تصویر کھینچنا۔ اس کا نصب العین ہے۔ ہندوستان کی مکمل آزادی کا حاصل کرنا جس کی کامیابی کے لئے یہ ہندو مسلم اتفاق و دیگر اقوام کے باہمی میل جول کا حامی ہے۔ اس کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ ہندو مسلم نفاق کی وجہ ملک کی پولٹیکل غلامی ہے ؛

پہلے پرچہ کے مضامین اس کے اغراض و مقاصد کی کافی تائید کر رہے ہیں۔ اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ اردو رسالوں میں ہندوؤں کے قلم سے اور ہندی رسالوں میں مسلمانوں کے قلم سے شاذ و نادر ہی کام لیا جاتا ہے برعکس اس کے وشو بانی کے نامہ نگار مذہب کے رو سے ہندو مسلم عیسائی وغیرہ اور قومیت کے رو سے ہندوستانی۔ انگریز۔ چینی وغیرہ ہیں۔ سری رابندرناتھ ٹیگور اور مولانا ابوالکلام آزاد کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں ؛

وشو بانی کے مضامین کا معیار بھی بہت اونچا ہے۔ جو مضمون نگاروں کی اعلےٰ تعلیم اور آزاد خیالات کا ثبوت ہے ؛

زبان کے لحاظ سے وشو بانی سچ مچ ہندو مسلم اتحاد کا نمونہ ہے۔ یہ ہندی اور اردو کا خوش ذائقہ مرکب ہے۔ عام طور پر اردو میں سنسکرت الفاظ کا اور ہندی میں عربی فارسی الفاظ کا استعمال ممنوع سمجھا جاتا ہے خواہ انگریزی الفاظ۔ محاورے اور ترکیبوں کی دونو میں بھرمار ہو جاوے۔ لیکن وشو بانی میں بعض جگہ ایک ہی فقرہ میں عربی۔ فارسی اور سنسکرت تینوں کے الفاظ موجود ہیں

خود ایڈیٹر صاحب کے اپنے نوٹ میں پچاسوں الفاظ عربی فارسی کے موجود ہیں - میں تو اسی کو سچے معنوں میں ہندوستانی زبان کہوں گا - جس کی حمایت مکمل آزادی چاہنے والی کانگریس نے کی ہے - کلاسیکل زبانوں کی مدد کے بغیر عام بول چال کی کوئی بھی زبان علمی زبان ہونے کا دم نہیں مار سکتی - اسلئے ہندوستان کی ملکی اور علمی زبان وہی ہو سکتی ہے جس کی پشت پناہ اس ملک کی کلاسیکل زبانیں یعنی عربی - فارسی اور سنسکرت ہوں - پس وشوبانی ملک کے ہر ایک محب وطن سے ہمدردی اور خیر خواہی کی مستحق ہے ۔ (ڈاکٹر) بنارسی داس جین (ایم اے پی ایچ ڈی) ۱۹ جنوری ۱۹۴۱ء

(۴) نظام ادب بابت ستمبر ۱۹۴۰ء :-

پیش نظر رسالہ طلبۂ نظام کالج دکن کی کوششوں سے سال میں دو بار شایع ہوتا ہے - جو بعض پروفیسروں مثلاً آغا حیدر حسن صاحب دہلوی وغیرہ کی زیر نگرانی مرتب ہوتا ہے - ادبی اور علمی لحاظ سے نظام ادب کا معیار اچھا خاصا ہے - خصوصاً جب کہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس کی ترتیب میں بہت سا حصّہ خود طلبہ کی مساعی کا رہین منّت ہے - پیش نظر پرچہ میں بعض مضامین مثلاً "پریم چند اور اُن کے افسانے"، "ہندوستانی کا آغاز اور اس کا ارتقا" اور "مکاتیب اُردو" خاص طور پر قابل ذکر ہیں - طباعت اور کتابت بھی عمدہ ہے
(س - م - ع)

(۵) انشای فارسی جدید حصہ اوّل و دوم - مصنفہ و مرتبہ

محمد شمس الحسن شمس قریشی - فاضل مشرقیات - صفحات حصہ اوّل ۱۰۸ ، حصہ دوم ۹۴ - کتابت ، طباعت عمدہ - ناشر :- ایجوکیشنل بک ہاؤس - پبلشر و بک سیلر ، سول لائن علیگڈھ - قیمت درج نہیں ۔

جناب شمس نے انشای فارسی جدید بالخصوص طلبہ کی رہنمائی کے لئے مرتب کی ہے۔ پہلے حصّے میں فن انشا سے تعارف کرانے کے بعد آپ نے انشا کے انواع و اقسام گنائے ہیں اور محاسن و معائب انشا پر بھی بحث کی ہے۔ لیکن انشا کی متداول کتابوں کا حوالہ دینے پر اکتفا کرتے ہوئے آپ نے مثالوں سے اپنے مقاصد کی وضاحت نہیں کی۔ البتہ مکتوباتِ قدیم و جدید فارسی کے باب میں یہ التزام ملحوظ رکھا گیا ہے۔ جدید فارسی میں عام رسمی مراسلات کے وہ نمونے درج ہیں جو آغاز سے لے کر انجام تک عہدِ حاضر کی مستعمل فارسی میں لکھے گئے ہیں۔ ہندوستانی طلبہ اس اسلوب نگارش سے بہت کم آشنا ہیں۔ ہمارے خیال میں اُن کے لئے یہ تصنیف بہت مفید ثابت ہوگی۔

حصہ اوّل میں جدید فارسی کے الفاظ کی ایک مختصر فہرست بھی درج ہے اور ایران کے سکہ جات، اوزان، رقوم اور اسمائے شہور کی تفصیل دی ہوئی ہے۔ سکہ جات میں شمس صاحب نے تومان کی قیمت تین ہندوستانی روپے درج کی ہے۔ حالانکہ بانکِ ملی ایران نے ایک عرصے سے فی تومان تقریباً ایک روپیہ دس آنے شرح مبادلہ مقرر کی ہوئی ہے۔ اس حصّے میں علم بدیع پر ایک مختصر بحث کے بعد صنایع لفظی و معنوی درج کی گئی ہیں۔ یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ صنعتِ تجنیس کی وضاحت کے لئے انگریزی اور مراعات النظیر، اشتقاق، رقطا اور کئی دیگر صنائع کی مثالوں کے لئے اُردو کی طرف رجوع کیا گیا ہے حالانکہ یہاں فارسی کی مثالیں درج ہونا چاہیئے تھیں۔

حصۂ دوم میں ادب کی حقیقت، قدیم و جدید فارسی کی خصوصیات، صنایع بدایع، تشبیہ و استعارہ، علم بیان اور فصاحت و بلاغت کے

مباحث درج کئے گئے ہیں - اور آخر میں ہندوستان کی قدیم فارسی انشاء کے چند منتخب مقالات درج ہیں ؛　　(ڈاکٹر) محمد باقر

(۶) سلسلۂ یوسفیہ کے مطبوعات :-

یہ سلسلہ "مجلسِ اشاعت دکنی مخطوطات" کی طرف سے شایع ہو رہا ہے جس کے سرپرست عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر ہیں - یہ علمی مجلس" قدیم شاہانِ دکن کے ادبی آثار اور اُردو کی قدیم کتابوں کی اشاعت کی غرض سے حیدر آباد میں قایم کی گئی ہے - متعدد کتابیں جو اُردو کے ابتدائی دَور سے تعلق رکھتی ہیں زیرِ ترتیب و اشاعت ہیں - ذیل کی پانچ کتابیں ۱۳۵۷ھ میں شایع ہو چکی ہیں - ہمارے مکرم سید محمد اعظم صاحب کا پیش لفظ سلسلہ کی ہر جلد کے شروع میں دہرایا گیا ہے - اس کے علاوہ ہر جلد کے شروع میں مقدمہ مرتب ہے - وہ پانچ کتابیں حسب ذیل ہیں :-

۱ - **پھول بن** از ابن نشاطی مرتبہ عبد القادر صاحب سروری ایم - اے ایل - ایل - بی - لکچرر اُردو جامع عثمانیہ - (صفحات ۳۰۶ - جن میں سے ۱۱۹ صفحات مقدمہ کے ہیں - ہر صفحہ متن پر اختلافات قرأت بھی دئیے ہیں -) سلطان عبد اللہ قطب شاہ کی تصویر سے کتاب مزین ہے - قیمت تین روپیہ ؛

۲ - **کلام الملوک** یعنی سلاطینِ دکن کا فارسی کلام - مرتبہ میر سعادت علی صاحب رضوی ایم ، اے - جناب مرتب کو سلطان محمد قطب شاہ کا کلام ایک قدیم مجموعہ سے ملا ، اس کے علاوہ انہوں نے بعض سلاطین بہمنیہ ، سلاطین عادل شاہیہ اور سلاطین قطب شاہیہ کا کلام متفرق مواضع سے لیا اور اس مجموعہ میں یہ کلام مع مختصر حالات و شجرات سلاطین شایع کیا - صفحات ۶+۱۱۲ سلطان محمد قطب شاہ کا کلام اور حالات ۵۸ صفحوں پر ختم ہوئے ہیں - مقدمہ مرتب

۱۴ اور پیش لفظ ۶ صفحوں پر۔ باقی صفحات پر دیگر سلاطین کا کلام ہے۔ کتاب میں ۶ تصویریں بھی ہیں۔ عادل شاہیوں کی تین اور قطب شاہیوں کی بھی اسی قدر۔ قیمت ۳؎ ر

۳۔ **مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال**۔ از غواصی۔ مرتبہ میر سعادت علی صاحب رضوی ایم۔ اے۔ صفحات ۲+۶ (پیش لفظ) + ۳۷ (مقدمہ) + ۱۷۹ = ۲۲۶۔ متن کے حواشی میں اختلافاتِ قرأت دیئے گئے ہیں اور بین السطور میں معانی الفاظ مشکلہ۔ سلطان عبداللہ قطب شاہ اور ملا غواصی کی تصاویر بھی کتاب میں شامل ہیں۔ قیمت دو روپیہ ۴ ر

۴۔ **مثنوی طوطی نامہ** از غواصی مرتبہ میر سعادت علی صاحب رضوی ایم۔ اے۔ تعداد صفحات ۳ + ۶ (پیش لفظ) + ۴۱ (مقدمہ) + ۲۹۰ = ۳۴۰، الفاظ مشکلہ کے معنی بین السطور میں دئے گئے ہیں۔ اس میں وہی دو تصویریں ہیں جو مثنوی سیف الملوک میں دی گئی ہیں۔ قیمت تین روپیہ ۴ ر

۵۔ **قصہ بے نظیر**۔ از عزلتی۔ مرتبہ عبدالقادر صاحب سروری ایم۔ اے۔ ایل ایل بی۔ تعداد صفحات ۴ + ۶ (پیش لفظ) + ۳۶ (مقدمہ) + ۱۱۴ = ۱۶۰، متن میں کہیں کہیں الفاظ مشکلہ کے معنے دیئے گئے ہیں۔ شروع میں فہرست مشتملات کے بعد سلطان محمد عادل شاہ کی تصویر ہے۔ قیمت ایک روپیہ ۱۲ ر

پانچوں کتابوں کا سرورق ایک ہی کا غذ اور ایک ہی ڈیزائن کا ہے سب کی سب کتابیں دلچسپ ہیں اور ان میں سے چار کتابیں اردوئے قدیم کے ادب کے مطالعہ کے لئے نہایت درجہ اہمیت رکھتی ہیں۔ یہ سب کتابیں سب رس کتاب گھر خیریت آباد (حیدرآباد دکن) سے مل سکتی ہیں۔

(۷) "غلامانِ اسلام"۔

یہ کتاب "الرق فی الاسلام" یعنی "اسلام میں غلامی کی حقیقت" کا دوسرا حصہ ہے جو باہتمام مینیجر ندوۃ المصنفین قرول باغ نئی دہلی۔ جید برقی پریس دہلی میں طبع ہؤا۔ قیمت غیر مجلد للعہ۔ مجلد ۱۲ر

حقیقت شناس علما اس مسئلے کو دو طریق سے حل کرتے ہیں۔ اسلام سے پیشتر غلامی کا رواج عرب وعجم میں اپنے انتہائی عروج کو پہنچا ہؤا تھا۔ غلام انسانی حقوق سے لازمی طور پر عاری سمجھا جاتا تھا ترقی کے تمام تر راستے اس کے سامنے بند تھے۔ جس سے بڑے بڑے قابل جوہر ضائع ہوتے رہے۔ عنترہ مشہور شاعر باوجودیکہ عبسی ہے۔ مگر ایک حبشن لونڈی کا بچہ ہونے کی وجہ سے اس کو قومی محفل میں بیٹھنے اور امورِ قومی وملکی پر رائے زنی کرنے یا جنگ میں جوہر مردانگی دکھانے کی تو کہاں مجال، اس کو تو انسان سمجھنا ہی غلط شمار ہوتا تھا۔ آخر ایک جنگ میں غنیم کے مقابلے سے تنگ آکر عنترہ کے والد شداد نے عنترہ سے کہا جبکہ وہ باڑے میں اونٹنیاں دوہ رہا تھا "یا عنترۃ کُرّ" عنترہ نے جواباً کہا "یا ابتِ العبدُ انما یُحسِنُ الصّرّ ولا یُحسن الکرّ"۔ یہ تعریضی جملہ گویا تیرو سنان تھا جس نے شداد کو بھڑکا دیا۔ اس پر اس نے فوراً کہا۔ "کُرّ وانتَ حُرّ"۔ پس کیا تھا عنترہ نے غنیم کی صفوں کو الٹ ڈالا اور اس کے بعد آج تک تاریخ میں عنترہ نہ صرف زبردست شاعر کی حیثیت سے مشہور ہے۔ بلکہ اصمعی کے قول کے مطابق وہ جنگ کا نقشہ الفاظ میں اس طرح کھینچ کر رکھ دیتا ہے کہ گویا جنگ متشخص ہو کر مخاطب کے سامنے لڑی جا رہی ہے۔

یورپ میں غلامی کی کیفیت سمجھانے کے لئے اقتباس ذیل پر نظر ڈالئے۔

"غلاموں کی دو بڑی بڑی قسمیں تھیں۔ جو قانون کی کج مج اور پیچیدار اصطلاح کے موافق "غلام اسفل" اور "غلام اعلےٰ" کہلاتے تھے۔ ان دونوں پر جاگیرداروں کو کامل اختیار حاصل ہوتا تھا۔ اُن کے معاملوں میں جاگیردار کو کسی کی جواب دہی کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ مقدم الذکر تو جاگیردار کی ذات خاص سے وابستہ تھے اور جائداد منقولہ کی طرح ہر وقت فروخت یا کسی اور طرح منتقل کئے جا سکتے تھے۔ مؤخر الذکر کا تعلق اراضی (کاشتکاری) سے تھا اور وہ کسی طرح اُن سے جدا نہ ہو سکتے تھے۔ یہ غریب باربردار جانوروں کی فہرست میں شامل تھے اور ان کی ان ہی جیسی قدر و قیمت تھی۔ ان کو وہ تمام سختیاں اُٹھانی پڑتی تھیں جو طمع اور خوئے بد اختراع کر سکتی تھی یا جذبات بیرحمی اُن پر ڈال سکتے تھے۔ صرف یہی نہ تھا کہ وہ اپنے جاگیرداروں کے جبر و ستم کو سہتے تھے بلکہ اُن پر کچھ پابندیاں بھی تھیں جن کو اسی زمانہ کے لوگ گوارا کر سکتے تھے۔ کہ جب نہ عزت و حرمت کا خیال تھا نہ انصاف و عدل کا نہ ننگ و ناموس کا۔ اگر کوئی جاگیر کسی وجہ سے منتقل ہوتی تھی تو دستاویز میں اُن غریبوں کا نام بھی نہ آتا تھا۔ کیونکہ قانون نافذ الوقت کے موافق یہ جاگیر کا ایک حصہ سمجھے جاتے تھے۔ جیسے اینٹ یا پتھر یا درخت اور جھاڑیاں۔ حالانکہ یہی لوگ وہ چیز تھے۔ جن کی وجہ سے کسی جاگیر کی قیمت میں کمی یا اضافہ ہوتا تھا۔ بے رحم جاگیردار اُن سے رات دن برابر کام لیا کرتے تھے اور جہاں جانور باندھتے تھے وہیں ان کو پڑ رہنے کو جگہ دیتے تھے۔ ان کی گردن میں کسی دھات کا طوق پڑا رہتا تھا (بعض کے تانبے کا اور بعض کے چاندی کا) اور اس پر اُس کا اور اُس کے آقا کا نام کھدا رہتا تھا۔ اس کی عمر دیدہ و دانستہ ضائع کی جاتی تھی۔ اس کو کوئی حقوق حاصل نہ تھے۔ آزادی کے نام سے بھی وہ آشنا نہ ہوتا تھا۔ اس کو سیر و تفریح سے کوئی سروکار نہ تھا

اس کی شخصیت گم ہو جاتی تھی - وہ اُسی زمین کی مٹی ہو جاتا تھا جس پر وہ دن رات محنت و مشقت کرتا تھا۔ جب موت آکر اُسے اُس مصیبت سے رہائی دلاتی تھی تو وہ اسی خاک میں مل کر خاک ہو جاتا تھا۔ بیکسی اور جانکاہی کی کوئی مثال، اور انسانی ظلم کی کوئی افسوسناک نظیر دنیا بھر میں ایسی نہیں ملتی جیسی کہ قرونِ وسطیٰ کے ان "غلامانِ اسفلے" کی تھی ۔

جاگیرداروں کو اپنے غلاموں کو لوٹنے کا حق تو قانوناً حاصل تھا ہی۔ لوٹ میں اضافہ کرنے میں وہ محیر العقول ذرائع سے کام لیتے تھے۔ غلاموں کی زندگی میں جو تبدیلی ہو، وہ کوئی نیا کام شروع کریں، اُن کے یہاں کوئی بچہ پیدا ہو، شادی ہو یا مرے، وہ کوئی نیا جھونپڑا یا مکان بنائیں، جانور رکھیں، فصل اُٹھا کر گھر لائیں تو اجازت کی ضرورت ہوتی تھی۔ اور ہر اجازت کے لئے الگ نذرانہ ادا کرنا پڑتا تھا۔ غلاموں کے خاندان کی عورتوں کی عصمت و عفت بالکل آقاؤں کے ہاتھ میں ہوتی تھی۔ قانون مذکورہ کی نہایت شرمناک دفعات کے موافق ان عورتوں کی حالت انتہا سے زیادہ بُری تھی۔ بہت سی جاگیروں میں قانون نے غلاموں کی دلہن کے متعلق جاگیرداروں کو بے انتہا آزادانہ حقوق عطا کر رکھے تھے ۔

زمانہ حال کی تہذیب و ثقاہت اس کو گوارا نہیں کر سکتی کہ اس عجیب و غریب اور شرمناک قانون کی تفصیل کی جائے"۔ (التقاط از اخبار الاندلس ترجمہ ہسٹری آف دی مورش ایمپائر ان یورپ از علامہ سکاٹ صفحہ ۴۲۳ ببعد)

اسلام نے اس سراسر ظلم اور بدترین رسم و رواج کا قلع قمع کرنے کے لئے "تحریر رقبۃ" کو قانون قرار دیا۔ تاکہ رفتہ رفتہ یہ سلسلہ جو ایک مدت دراز سے چلا آرہا ہے خود بخود ختم ہو جائے ۔

تاریخ بتلاتی ہے اور زیر تبصرہ کتاب میں تفصیل سے بیان ہوا کہ "تحریر ملکہ" کے ذریعہ کیسے کیسے گوہر ہائے گرانمایہ خاکِ مذلت سے اُٹھ کر بامِ رفعت پر پہنچے۔ کتاب "غلامانِ اسلام" کو دراصل قانون "تحریر رقبۃ" کی تشریح اور اس "تحریر" کے نتائج و فوائد کا مفصل تذکرہ سمجھنا چاہیئے۔

تنقید:۔ (۱) قانون "تحریر" کے ذریعے ان بے زبانوں نے ہر ایک میدان میں ترقی کی اور انسانی جوہر دکھائے۔ وہ نہ صرف فن حدیث و تفسیر و تصوف و شاعری وغیرہ علوم و فنون میں یکتائے روزگار ثابت ہوئے بلکہ سلطنت اور بادشاہت کی عنان بھی سنبھال کر ایک عالم کو دکھا گئے۔ کہ خلافت الہیہ کا منصب رفیع یوں سنبھالا جا سکتا ہے۔

قرآن حکیم کی اصطلاح میں منصب سلطنت و حکومت کو "اتمام نعمت" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ مادی ترقی میں اس سے بڑھ کر کوئی اور درجہ نہیں ہو سکتا۔

بنابریں مؤلف "غلامانِ اسلام" کے لئے ضروری تھا کہ وہ "تحریر رقبۃ" کی اس انتہائی ترقی یافتہ صورت کو بھی بحث میں شامل کرتے۔ مقدمہ کتاب کے صفحہ ۱۲ پر اس کے متعلق اُن کا عذر ہمارے خیال میں چنداں وقیع نہیں۔

(۲) مزید براں کتاب میں کوئی ترتیب قائم نہیں کی گئی۔ صرف یہ کہنا کہ کتاب کو علما و فضلا کے ذکر تک محدود رکھا گیا ہے کافی نہیں۔

ہر ایک ملت کو تین حصوں میں منقسم مانا جاتا ہے۔

فلاسفہ اشراقیہ۔ وہ ہمارے ہاں صوفیہ صافیہ ہیں۔

فلاسفہ مشائیہ۔ ملت اسلامیہ میں انہیں علماء کلام اور فقہا کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

سیاسئین - وہ ہماری ملت میں خلفاء۔ ملوک - امراء اور ان کے دست و بازو ہیں - آخر الذکر طاقت کا فرض منصبی قانون ملت کی حفاظت اور اس کا نفاذ ہے۔ اور اول الذکر جماعت، قانون مذکور کی روح کو، اور متوسط اس کی صورت کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہتی ہے ؛

جب تک یہ ہرسہ اصناف مل کر کام نہ کریں۔ ملت کو انتظام نصیب نہیں ہوتا۔ تاریخ بتلاتی ہے کہ مذکورہ بے زبانوں کے صنف نے ان ہرسہ مدارج میں حیرت انگیز جولانیاں دکھائی ہیں ؛

تاہم کتاب اردو زبان میں ایک معتدبہ علمی اضافہ ہے اور اس سے اس مسئلہ کی مزید تحقیق کی سبیل نکل آئی ہے ؛

(ب) دوسرا طریق وہی ہے۔ جسے ہم "الرق فی الاسلام" کی تنقید میں عرض کر چکے ہیں۔ وہ حصہ ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین بابت ماہ مئی ۱۹۴۰ء میں شایع ہو چکا ہے ؛

امر اول کے سمجھنے میں گو کوتاہیاں ہوئیں۔ مگر امر ثانی کو حل کرنے میں جس قدر افسوسناک تغافل برتا گیا۔ وہ علمی دنیا کا نہایت ہی رنج دہ واقعہ ہے ؛

ضمیمہ مذکورہ میں ہماری تصریحات کا مطالعہ کرنے کے بعد امر ثانی اصولاً حل ہو جاتا ہے ہم نے ستمبر ۳۹ء میں اس مسئلے (امر ثانی) پر کسی قدر تفصیل سے بحث کی اور اسکو قلمبند کرکے اورینٹل کالج میگزین کے دفتر میں اشاعت کے لئے بھیجا۔ اگر اسکی اشاعت کی نوبت آئی تو یہ مسئلہ جمیع جوانب و اطراف سے حل ہو جائے گا ؛ محمد نور الحق

The Origins of Ismailism by B. Lewis Cambridge, 1940 (

عالم اسلام میں وقتاً فوقتاً جو مذہبی اور سیاسی تحریکیں نمودار ہوتی رہی ہیں۔ اُن میں دعوت اسمٰعیلیہ کو بدیں وجہ ایک خاص اہمیت حاصل ہے کہ اس سے دنیائے سیاست میں

بہت اہم اور دُور رس نتائج پیدا ہوئے۔ مدت دراز تک اسمعیلی داعی خلفاء عباسیہ کے خلاف سازشیں کرتے رہے اور اپنی خفیہ تعلیم کے ذریعہ سے لوگوں کے دلوں میں حاکم وقت اور مروج مذہبی عقاید کی مخالفت کا بیج بوتے رہے۔ چونکہ اُن کا مقصد سوسائٹی کے نظام اجتماعی میں ایک عالمگیر انقلاب پیدا کرنا تھا اور انہیں اپنی انقلاب انگیز تعلیم کی اشاعت و ترویج میں سوسائٹی اور حکومت کی شدید مخالفت کا خطرہ ہمیشہ دامنگیر رہتا تھا اس لئے اسمعیلی لوگ اپنے مخصوص عقاید کی اشاعت نہایت خفیہ طریق پر کرتے تھے اور اپنی مذہبی کتابوں کو بھی اپنے ہم عقیدہ اشخاص تک محدود رکھتے تھے اور دوسرے لوگوں سے بڑی احتیاط اور کوشش سے چھپاتے تھے۔ نتیجہ اس اخفا کا یہ ہؤا کہ اُن کے عقیدہ اور عمل کے متعلق جو لٹریچر ہمیں آج تک دستیاب رہا ہے وہ بیشتر اغیار کا لکھا ہؤا ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ وہ ہر پہلو سے کلیتہً قابلِ اعتماد نہیں ہو سکتا اگرچہ اس میں فرقہ اسمعیلیہ کے آغاز، اُن کے عقائد اور ان کی تاریخ کے متعلق بہت کچھ مفید مطلب مواد موجود ہے ؛

علمی اغراض و مقاصد کے لحاظ سے یہ امر موجبِ مسرت ہے کہ تقریباً نصف صدی سے اسمعیلیہ کی خود نوشتہ دستاویزیں اور تحریریں بھی ہمیں دستیاب ہو رہی ہیں جن سے اسمعیلیہ کے صحیح عقائد۔ اُن کی اشاعت کے طریقوں اور اُن کے سرکردہ مشاہیر کے متعلق ہمارا علم یوماً فیوماً بڑھ رہا ہے۔ اس سلسلہ میں گریفینی، ماسینیو، کراؤس، ہمدانی، آیوانوف اور دیگر علماء کی علمی مساعی خاص طور پر قابلِ ذکر اور لائقِ شکریہ ہیں۔ ان کی تحقیقات سے اسمعیلیہ کے لٹریچر اور اُن کے عقاید کے متعلق ہماری معلومات میں بہت کچھ اضافہ ہؤا ہے ؛

زیرِ تبصرہ کتاب میں لائق مصنف نے تحریکِ اسمعیلیہ کے تاریخی پہلو کی طرف توجہ کی ہے اور اس کے اوائل پر نئے مصادر کے ذریعہ سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ مصنف نے نہ صرف اُن تمام کتابوں کو بغور پڑھا ہے۔ جو اس موضوع پر مغربی زبانوں میں لکھی گئی ہیں بلکہ ان اسمعیلی مأخذوں کو بھی استعمال کیا ہے جو اُسے مشرقی ممالک کی

سیاحت کے دوران میں دستیاب ہوئے ہیں۔ اس سیاحت کے دوران میں اُسے مسلمانوں کی ذہنیت اور اسلامی تحریکوں کے طریق کار کو مطالعہ کرنے کا بھی کافی موقعہ ملا ہے جس سے اُسے مختلف مسائل خصوصاً مذہبی تحریکوں کی ماہیت اور اصلیت کے متعلق صائب رائے قایم کرنے میں بہت مدد ملی ہے ‡

اپنی اور دیگر علماء کی تحقیقات کی بنا پر اسمعیلیہ کے اوائل کے متعلق مصنف جن نتائج پر پہنچا ہے وہ ذیل میں اختصار کے ساتھ درج ہیں :-

(۱) تحریکِ اسمٰعیلیہ کا آغاز اسمعیل بن جعفر (رض) کے مریدوں کے درمیان ہؤا۔ اس تحریک میں اسمعیل اور ان کے بیٹے محمد بذات خود شریک تھے اور ابو الخطاب، میمون القداح اور عبد اللہ بن میمون اُن کے اصحاب اور تحریکِ اسمعیلیہ کی تنظیم کرنے والوں میں سے تھے

(۲) یمن اور شمالی افریقہ کی فاطمی تحریک اسی اسمعیلی تحریک کی ایک شاخ تھی اور عبید اللہ المہدی میمون کا جانشین اور براہ راست اس کی نسل سے تھا۔ فاطمی خلفاء صحیح النسب علوی تھے اور اُن کا اول خلیفہ القائم اُن مستور اماموں کی نسل سے تھا جن کے حق میں عبید اللہ اور اس کے آباء دعوت پھیلا رہے تھے ‡

(۳) مندرجہ بالا بیان سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کرنا چاہیئے کہ قرمطی اور اسمعیلی ہم معنی اور مترادف ہیں۔ عبد اللہ بن میمون تحریکِ اسمعیلیہ کے بانیوں میں سے تھا۔ مگر قرامطہ کے ساتھ اس کا تعلق محتاجِ ثبوت ہے ‡

(۴) شام اور الجزیرہ کے قرامطہ دعوت اسمعیلیہ کا ایک جزو تھے ‡

(۵) بحرین کے قرامطہ اپنے اصل کے لحاظ سے علیحدہ ہیں مگر بعد میں خلفاء فاطمیہ کے ساتھ ملحق ہوگئے۔ تاہم انہوں نے اپنی شخصیت کو علیحدہ قائم رکھا۔ غالباً اسمعیلی عقاید اختیار کرنے کے بعد اُن کو قرامطہ کا نام دیا گیا ‡

(۶) قرامطہ اور فاطمیہ کے درمیان جو مناقشہ بعد میں پیدا ہؤا وہ اعتدال پسند

اور انتہا پسند گروہوں کے اختلاف کا نتیجہ تھا؛

ڈاکٹر لوئس نے جو لنڈن کے مدرسۃ السنہ شرقیہ میں تاریخ اسلام کے استاد ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب لکھ کر اسمعیلیہ کے متعلق لٹریچر میں ایک مفید اضافہ کیا ہے۔ اس لحاظ سے اُن کی تصنیف ہماری قدردانی اور ان کی ذات ہمارے دلی شکریہ کی مستحق ہے۔

اس کتاب کے متعلق بعض جزئی باتیں درج ذیل ہیں؛ [عنایت اللہ]

ص ۵ س ۶۔ سید مرتضیٰ رازی صاحب تبصرۃ العوام کے والد کا نام مصنف نے حسنی لکھا ہے۔ جس کی کوئی جہت معلوم نہیں ہوتی۔ تبصرہ مطبوعہ کے مصحح جناب عباس اقبال نے لکھا ہے کہ مصنف کتاب تبصرہ کا صحیح حال معلوم نہیں، مشہور تر یہ ہے کہ وہ سید مرتضیٰ بن قاسم حسنی رازی ہیں یہ اور ایک اور تخمینہ جو مصنف کے متعلق موصوف نے دیا ہے 'حسنی' کے موید ہیں نہ 'حسنی' کے؛

ص ۲۷۔ 'کیسان' کو مصنف نے مختار کا دوسرا نام بتایا ہے۔ حالانکہ کتاب المعارف ص ۳۰۰ پر 'کیسان' مختار کا لقب ہے نہ نام (دین کرون ان لقبہ کیسان)،

ص ۲۹۔ مغیریہ بقول شہرستانی اور صاحب تبصرۃ العوام مغیرہ بن سعید العجلی کے پیرو تھے جو خالد بن عبداللہ القسری کے موالی سے تھا۔ ابن قتیبہ (م ۲۷۶) نے کتاب المعارف میں ص ۳۰۰ پر لکھا ہے؛ المغیرۃ من الرافضۃ ینسبون الی المغیرۃ بن سعید[1] مولی بجیلۃ" اس صورت میں اس کی نسبت 'بجلی' ہونی چاہیئے تھی۔ مجھ کو معلوم نہیں کہ اسکو بعض مصنفین (مثلاً شہرستانی اور صاحب تبصرہ) 'عجلی' کس بنا پر لکھ رہے ہیں سمعانی (ص ۳۸۰ ب ذیل المغیری) نے اس کی نسبت نہیں دی فقط یہ لکھا "المغیرہ بن سعید .... وھو الذی وصف معبودہ بالاعضاء علی مثال حروف الھجاء"۔ اس فرقہ اور منصوریہ کا ذکر کامل المبرد (طبع یورپ)

---

[1] کامل ص ۲۰۰ س ۱۵ پر بھی سعید ہے مگر مقتدر طبع ۱۳۳۰ھ ج ۱ ص ۲۱۷ س ۲۸ اور آغانی طبع اول ۱۹ ، ۵۸ پر سعد ہے بجائے سعید

ں ۵۲۷ پر بھی ہے - وہاں لکھا ہے "الغیلۃ خلق من اخلاق الغالیۃ" پھر 'الغالیہ' کی تشریح ہےکہ وہ المغیریہ اور المنصوریہ ہیں -

ص ۳۰ - ابو منصور العجلی "الکسف" کی بابت کتاب المعارف ص ۳۰۰ پر ہے "ومنهم ...اقون" اور کتاب الانساب ص ۶۰ پر ہے : وهذا القول مسروق من قول الجناحیۃ [الخناقیۃ؟] ...صوریۃ من غلاۃ الروافض الذین کفروا بالجنۃ والنار والقیمۃ واسقطوا الفرائض واستحلوا المحرمات -

ص ۳۲ - الخطابیہ کے عقائد کا حال ابن قتیبہ (م ۲۷۰ھ) نے المعارف ص ۳۰۰ پر نوبختی (م ۳۰۰ و ۳۱۰) سے پہلے لکھا ہے ؛

ص ۳۶ - عبداللہ الرجانی، 'الرجانی' بالکسر نہیں، بالفتح ہے - دیکھو الانساب ص ۲۴۸ ب، ...ہ الذہبی ص ۲۱۸، لب اللباب ص ۱۱۵، عبداللہ بن بکر کی نسبت کشی نے ص ۱۶۹ پر 'الرجانی' لیکن ۲۰۱ پر 'الجرجانی' دی ہے ؛

ص ۴۲ - آدم صفا، ڈیباسی نے الصفا لکھا ہے لیکن آدم صفی بمعنی مصطفی کا الصفا بمعنی حجر سے ...لق نہیں بظاہر اصل میں "آدم الصفی الکلی" تھا جس طرح آدم العاصی الجزوی" اور "آدم الناسی الجرمانی" - ...بیاسی کی کتاب "[illegible]" ج ۲ ص ۱۱۵ حاشیہ ؛

ص ۵۶ و ۵۷ - محمد بن حسین زیدان کرخ، بظاہر کرج چاہیئے بجای کرخ، ص ۶۹ پر ہے کہ وہ کرج ...خ میں کرخ) و اصفہان کے نواح میں رہتا تھا، کرخ یہاں کرج کا مصحف معلوم دیتا ہے ؛

ص ۶۹ - جہان بختار، حیان نجار، جمار بختان، چہار لختان یہ سب ایک ہی نام کی مصحف صورتیں ہیں، غالباً ...ار بختان ہے، جو چہار بختان کی معرب صورت اور ان مرکب اسماء میں سے ہے جو بوخت سے بنے ہیں جیسے سیبوخت ...ع وغیرہما - طبری (طبع یورپ) ج ۱ ص ۱۰۹۶ پر چہار بخت فیروز (بادشاہ ساسانی) کی ماں کا نام ہے - ...پر دیکھو نولڈکی کا حاشیہ اس کے ترجمہ طبری کے ص ۳۹۶ پر) ؛

ص ۷۲ ، مصنف نے کتاب الانساب کا حوالہ دیا ہے اس کتاب میں اسمعیلیہ (۳۶ ب) الباطنیہ (ص ۶۰ ب) ...ملی (ص ۵۰۸ ب) کی ذیل میں کچھ دلچسپ حالات موجود ہیں مگر معلوم نہیں مصنف کو کتاب کے اور ...واضح میں موضوع کتاب پر اطلاعات حاصل ہوئیں ؛

محمد شفیع

نسب نامہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر صاحب کی پیدائش ۵۷۵ھ ہجری میں
ہوئی ۔ اصلی نام مسعود تھا۔ آپ کے بزرگوں میں فرخ شاہ بادشاہِ کابل تھے ۔
چنانچہ ذیل کے شجرہ سے ظاہر ہوتا ہے :[۱]

شاہ احمد فرخ شاہ بادشاہِ کابل

شہاب الدین

شیخ احمد

خواجہ یوسف شہزادہ

احمد شاہزادہ

شعیب

جمال الدین سلیمان

شیخ فرید الدین گنج شکر

آپ کے اشعار پنجابی ۔ ہندی اور فارسی زبانوں میں ملتے ہیں ۔ سری
گرو گرنتھ صاحب میں آپ کے ۱۳۰ شلوک اور ۴ شبد (دو آسا راگ میں
اور دو سوہی راگ میں) موجود ہیں ۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی پنجابی نظمیں
آپ نے لکھیں (دیکھو اورینٹل کالج میگزین بابت ماہ نومبر ۱۹۳۰ء و ماہ فروری
۱۹۳۱ء حصہ پنجابی و ہندی) ۔

آپ کا جنم ملتان کے نزدیک موضع چاولی میں ہوا ۔ ابتدائی تعلیم ملتان

---

[۱] سات ستارے مصنف بخشی لیم سنگھ درویش ۔

میں حاصل کی اور قرآن حفظ کیا۔ تحصیل علوم کے لئے آپ مُلتان سے قندھار اور پھر وہاں سے بغداد تشریف لے گئے اور بڑے بڑے صاحب کمال بزرگوں سے علوم ظاہری اور باطنی کا اکتساب کیا۔ مقامات مقدسہ اور ایران و عرب کے بڑے بڑے شہروں کی زیارت کی۔ جب خواجہ فریدالدین عطار نیشاپوری سے شرف نیاز حاصل کیا تو آپ نے بھی اپنا نام تبرکاً فریدالدین رکھ لیا۔ گنجشکر کا لقب ان کی والدہ محترمہ نے انہیں عطا کیا۔ جن کا آپ کی اعلیٰ زندگی بنانے میں سب سے زیادہ حصّہ تھا۔ آپ کئی کئی دن لگاتار روزہ رکھتے۔ یہاں تک کہ نفس کُشی اور عبادت میں اتنے محو ہوئے کہ بے خودی طاری ہوگئی۔ جنگلوں پہاڑوں و ندی نالوں کے کنارے تنہا رہا کرتے۔ آپ کی ایک شادی غیاث الدین بلبن شہنشاہ دہلی کی شاہزادی سے بھی ہوئی اور مذکورہ شاہزادی فقیرانہ لباس میں آپ کے ساتھ رہا کرتی تھی۔

مجھے مسٹر اے۔ سی۔ وُلنر وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی و پرنسپل اورینٹل کالج لاہور نے ماہ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں چند قلمی نسخے ریاست فریدکوٹ میں ملاحظہ کرنے کے لئے بھیجا۔ یہاں پر مجھے سردار بہادر سردار اندر سنگھ صاحب بی۔ اے۔ پریزیڈنٹ کونسل آف ایڈمنسٹریشن ریاست فریدکوٹ کی عین عنایت سے چند قیمتی کتابوں اور نسخوں کو سٹیٹ لائبریری میں دیکھنے کا موقع ملا۔ اس کے علاوہ حضرت بابا فرید گنج شکر کے سجادہ نشین پیر شاہ محمد غوث صابری چشتی سے بھی شرف نیاز حاصل ہؤا۔ انہوں نے چند کتابیں اور دیگر نہایت پرانے کاغذات شیخ فریدالدین گنج شکر کے متعلق مجھے دکھائے۔ وقت کی تنگی کی وجہ سے میں خود بیٹھ کر نقل کر کے ان کو اپنے ہمراہ نہ لاسکا۔

بابا فریدالدین گنج شکر صاحب اور ریاست فریدکوٹ

بارھویں صدی عیسوی کے آخر میں بابا فریدالدین گنج شکر اپنے خیالات اور عقاید کا لوگوں میں پرچار کرتے ہوئے موکل نگر (جسے اب ریاست فریدکوٹ کہتے ہیں) کے باہر دو میل کے فاصلہ پر اپنی گدڑی سے کچھ گیان چرچہ کرنے لگے۔ انہیں ایسا معلوم ہوا کہ گدڑی کہہ رہی ہے کہ اے فقیر تیری ملتا میرے سبب سے ہے۔ اگر تو مجھے نہ اوڑھے تو تجھے کون پوچھے حضرت فریدالدین نے گدڑی اتار دی اور موکل نگر کے اندر قلعہ کی عمارت میں بیگار میں پکڑے گئے اور سر پر گارے کی ٹوکری اٹھاتے وقت گدڑی یاد آئی۔ بابا فرید صاحب کے سر پر گارے کی ٹوکری اونچی اٹھتی ہوئی دیکھ کر سب لوگ خوف زدہ ہوئے اور راجہ موکل دیو سے سارا ماجرا کہہ سنایا۔

راجہ موکل دیو نے بابا فرید جی سے معافی طلب کی اور اپنا گاؤں و قلعہ بابا فرید جی کے نام سے بسایا اور فریدکوٹ نام رکھا جو اب ریاست فریدکوٹ کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی یادگار میں تین جگہیں ریاست میں موجود ہیں:-

(۱) یہ جگہ زنانہ محلات میں ہے جہاں راجہ موکل دیو نے بابا فرید جی سے معافی مانگی تھی۔

(۲) چلہ بابا فرید۔ جہاں گارے کی ٹوکری سر سے اتار کر گارے والے ہاتھ ایک درخت سے صاف کئے تھے۔ یہاں سال میں ایک دفعہ بہت بھاری میلہ بھی لگتا ہے۔

(۳) وہ جگہ جہاں بابا فرید جی نے گدڑی سے گیان چرچا کی۔ یہ جگہ

'پیر مال صاحب' کے نام سے مشہور ہے اور شہر ریاست فرید کوٹ سے دو میل کے فاصلہ پر ہے۔

حضرت بابا فریدالدین گنج شکر کی فارسی کی کچھ ایسی نظمیں جو ابھی تک کہیں نہیں چھپیں۔ مجھے جناب پیر محمد غوث صابری چشتی فریدی سجادہ نشین چلہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر ریاست فرید کوٹ کے قلمی نسخوں سے ملی ہیں اور اس کے علاوہ حضرت بابا فرید صاحب کا شجرہ (بنساولی)، بھی اُنہیں حضرت نے تیار کر کے مجھے ارسال فرمایا ہے جو ہم قارئین کرام کے مطالعہ کے لئے ذیل میں درج کرتے ہیں۔ پہلے ان کے اشعار اور پھر ان کا شجرہ درج کریں گے۔

حضرت بابا صاحب کے اشعار

حضرت بابا صاحب کی زبان مبارک سے [1]

(بہ سند قاضی حمیدالدین ناگوری)

عشقِ تو مرا اسیر و حیران کردہ است — در کوئے خرابات پریشان کردہ است
با این ہمہ رنج و محنت اے دست ببین — اسرارِ تو در دلم کہ پنہان کردہ است

(در جوشِ اسرارِ دوست)

آنانکہ در ہوای تو شیدا نشستہ اند — از جملہ کس بریدہ و تنہا نشستہ اند
خود را فدای نامِ تو اے دست کردہ اند — آن عاشقان کہ بر تو را کذا شیدا نشستہ اند
در عالمِ تفکر بر دل نہادہ اند — گاہے فتادہ و گہے برپا نشستہ اند

---

[1] یہ اشعار اور رباعیات پیر شاہ محمد غوث صابری چشتی فریدی سجادہ نشین چلہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر ریاست فرید کوٹ نے ۶ نومبر ۱۹۳۶ء کو اپنے دستخط کے ساتھ میری طرف روانہ کئے جو یہاں بعینہٖ درج ہیں۔

اپنے پیر و مرشد کی زبانِ مبارک سے سُنا ہُوا شعر جو وہ ہمیشہ پڑھا کرتے تھے

دیدۂ کو جمالِ دوست بدید — تا بود زندہ مبتلا باشد

(عام مجلس میں)

چو درویش را کار بالا کشید
بیک لحظہ سر در ثریا کشید
چنان غرق گردد بدریای عشق
کہ یکدم سر از عشق بالا کشید

فرمودۂ پیر و مرشد جو حضرت نے ایک دم ہزار بار پڑھی :-

اصل ہمہ عاشقی ز دیدار آید — چون دیدہ بدید آنگہ در کار آید
در دامِ بلا نہ مرغ بسیار آید — پروانہ بطمع نور در نار آید

(ابسند قاضی حمید الدین ناگوری)

گر مے ندہد ہجرِ تو وصلتِ یارم
با خاک سرِ کوئے تو کارے دارم

گیرم کہ بشب نماز بسیار کنی — در روز دوائے شخص بیمار کنی
تا دل نہ کنی ز غصہ و کین خالی — صد خرمن گل بر سر یکخار کنی

حضرت بابا فرید صاحب کا شجرۂ نسب

نوٹ :- حضرت بابا صاحب کی کل اولاد ۲۹ - جن میں سے چودہ[۱۴] لڑکے حقیقی اور ایک متبنٰی تھا - چودہ[۱۴] لڑکیاں تھیں - تیرہ[۱۳] خورد سالہ فوت ہوئیں - ایک بالغ جس کی شادی حضرت بابا صاحب کے حقیقی بھانجا علی احمد صابر کے ساتھ ہوئی - پندرہ[۱۵] لڑکوں میں سے پانچ کے اولاد ہوئی - چار حقیقی لڑکوں کے اور ایک متبنٰی لڑکے کے اولاد ہوئی - چار حقیقی لڑکوں کی اولاد پاک پتن خاص اور چند اضلاع پنجاب علاقہ بنگال و ہندوستان اور دکن حیدرآباد میں ہے - جن میں بیشتر رئیس اعظم جاگیردار ہیں جن کی جاگیر تقریباً پچاس لاکھ روپیہ کی ہوگی - متبنٰی شیخ نصر اللہ شاہ کی اولاد خاص پاک پتن و چند اضلاع پنجاب میں موجود ہے - بابا صاحب کے اُن چار لڑکوں کے نام جن کی اولاد اب تک موجود ہے یہ ہیں :- (۱) شاہ و شیخ شہاب الدین گنج علم - (۲) دیوان شاہ و شیخ محمد بدر الدین شاہ صاحب کی اولاد کھائی تحصیل و ضلع فیروزپور ضلع منٹگمری ریاست بہاولپور و دیگر علاقہ جات پنجاب میں موجود ہے (۳) شاہ و شیخ محمد نظام الدین شاہ - ان کی اولاد بھی ہندوستان میں موجود ہے (۴) شاہ و شیخ محمد یعقوب شاہ - ان کی اولاد بھی ہندوستان میں موجود ہے ۔

حضرت شیخ المشائخ

جناب شاہ و شیخ حضرت بابا فرید فرد مسعود العالمین گنج شکر قطب عالم اغیاث ہند عاشق و معشوق ذات احدیت ولایت درجہ زہد الانبیاء و فردیت رحمۃ اللہ علیہ تاریخ وفات محرم الحرام سنہ ۶۶۴

۱	۲	۳	۴	۵
شاہ و شیخ	شاہ و شیخ محمد	شاہ و شیخ محمد	شاہ و شیخ محمد	شاہ و شیخ
شہاب الدین	بدر الدین شاہ	نظام الدین شاہ	یعقوب شاہ	نصر اللہ شاہ متبنٰی
گنج علم	ولایت سلیمانی	انکی اولاد مختلف	انکی اولاد ہندوستان	انکی اولاد خاص پاکپتن
	دیوان قیس	علاقہ جات ہندوستان	کے مختلف علاقوں	و چند اضلاع پنجاب
	سنہ ۷۱۹ سرہ العزیز	میں موجود ہے	میں موجود ہے	میں موجود ہے

شاہ و شیخ محمد بدر الدین (مذکورہ صفحہ ۱۲۴)

دیوان شاہ و شیخ احمد شاہ (مذکورہ صفحہ ۱۲۴)
دیوان شاہ و شیخ عطاء اللہ شاہ ۸۹۰ھ
شاہ و شیخ عزیز اللہ شاہ
شاہ و شیخ بہاؤ الدین
شاہ و شیخ برہان الدین شاہ
ان کی اولاد موضع آصف والہ وغیرہ تحصیل فاضلکا ضلع فیروزپور ملک پنجاب میں موجود ہے
دیوان شاہ و شیخ شہاب الدین شاہ ۹۱۰ھ
شاہ و شیخ قطب الدین شاہ
دیوان شاہ و شیخ محمد ابراہیم شاہ المعروف براہم شاہ ۹۵۹ھ
شاہ و شیخ جلال شاہ
شاہ و شیخ خلیل شاہ
دیوان شاہ و شیخ محمد تاج الدین محمود حاجی الحرمین شریفین قدس سرہ العزیز ۱۰۲۳ھ
شاہ و شیخ منور شاہ
دیوان شاہ و شیخ فیض اللہ شاہ ۲۵ ذوالحجہ ۱۰۱۸ھ
شاہ و شیخ فتح اللہ شاہ
شاہ و شیخ غضنفر علی شاہ
شاہ و شیخ احمد قتال
شاہ و شیخ امان اللہ شاہ
شاہ و شیخ عبدالواحد
شاہ و شیخ محمد مکی
شاہ و شیخ عبداللہ شاہ
شاہ و شیخ حسن شاہ
شاہ و شیخ کرم اللہ شاہ
شاہ و شیخ برخوردار شاہ
شاہ و شیخ فرید محمد عرف قطاؤ الدین
ان کی اولاد موضع ختہ فتح ضلع فیروزپور ملک پنجاب میں موجود ہے
شاہ و شیخ برہان الدین
شاہ و شیخ حسین شاہ
ان کی اولاد خاص پاک پتن میں موجود ہے
شاہ و شیخ معین الدین شاہ
ان کی اولاد خاص پاک پتن میں موجود ہے

دیوان شاہ و شیخ فیض اللہ شاہ (مذکورہ صفحہ ۱۲۵)

|

دیوان شاہ و شیخ محمد ابراہیم شاہ ثانی ۸ محرم ۱۰۳۱ھ

(۱) دیوان شاہ و شیخ محمد حامد شاہ صاحب ۱۰۸۳ھ
(۲) شاہ و شیخ خواجہ محمد
(۳) شاہ و شیخ الہ بخش
(۴) شاہ و شیخ غلام محمد
(۵) شاہ و شیخ جان محمد شاہ

دیوان شاہ و شیخ محمد حامد شاہ کے فرزند: دیوان شاہ و شیخ محمد اشرف شاہ ۱۱۲۲ھ محمد شاہ بادشاہ کے وقت میں ہوئے ہیں

شاہ و شیخ خواجہ محمد کے فرزند:
(۱) شاہ و شیخ لطف اللہ شاہ
(۲) شاہ و شیخ نعمت اللہ شاہ
(۳) شاہ و شیخ کرم اللہ شاہ
(۴) شاہ و شیخ فیض اللہ شاہ

شاہ و شیخ لطف اللہ شاہ کے فرزند:
(۱) دیوان شاہ و شیخ عطاء اللہ شاہ
(۲) شاہ و شیخ محمد اعظم انکی اولاد ضلع منٹگمری

نوٹ (۱):- دیوان شاہ و شیخ عطاء اللہ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے کا ذکر ہے کہ بادشاہ دہلی کسی خاص وجہ سے علاقہ پاک پتن سے گزرتے ہوئے شاہ و شیخ غلام رسول شاہ صاحب کو گرفتار کر کے دہلی لے گئے اور ان کو کچھ عرصہ تک قلعہ روہتاس میں نظر بند کیا اسی اثنا میں بادشاہ دہلی اُن کے معتقد ہو گئے اور ان کو رہا کر دیا۔ ان کو رہا کرنے کی وجہ یہ ہوئی۔ کہ بادشاہ دہلی نے خواب میں دیکھا کہ ایک بڑا بھاری لشکر نیزے لے کر اس کے مارنے کے لئے مستعد ہے۔ اسی وقت بادشاہ نے خواب سے بیدار ہو کر غلام رسول شاہ صاحب کو رہا کر دیا۔ اور کچھ نذر و نیاز بھی پیش کی۔ شاہ صاحب نے بادشاہ سے درخواست کی کہ مجھے ایک فوج جرار دی جائے جس کی مجھے خاص ضرورت ہے۔ چنانچہ شاہ صاحب مع فوج دہلی سے روانہ ہو کر پاک پتن شریف پہنچے اور وہاں دیوان عطاء اللہ شاہ صاحب کے ساتھ جنگ کی۔ دیوان عطاء اللہ شاہ کو شکست ہوئی وہ شکست کھا کر پاک پتن سے روانہ ہو کر مقام کھائی تحصیل و ضلع فیروز پور پنجاب میں رونق افروز ہوئے۔ زاں بعد عطاء اللہ شاہ صاحب کا حق تلف کر کے غلام رسول شاہ پاک پتن میں گدی نشین ہوئے۔ فی الحقیقت یہ صاحب گدی کے وارث نہ تھے اور نہ ان کا کوئی حق تھا۔ نہ ہی اعلےٰ شاخ سے تھے۔ پیر عطاء اللہ شاہ صاحب اعلےٰ شاخ سے تھے اور اس گدی کی وراثت اور حقدار اولاد عطاء اللہ شاہ صاحب ہے۔ ان میں سے موضع کھائی ضلع فیروز پور و ریاست فریدکوٹ خاص حلقہ بابا فرید گنج شکر کے گدی نشین اب تک موجود ہیں اور ریاست فریدکوٹ میں جاگیردار ہیں۔

نوٹ (۲):- بابا فرید شکر گنج سے شاہ و شیخ عطاء اللہ صاحب تک ان کی اولاد نسلاً بعد نسل پاک پتن شریف میں گدی نشین ہوتے چلے آئے ہیں۔

دیوان شاہ و شیخ عطاء اللہ شاہ (مذکورہ صفحہ ۱۲۶)
دیوان شاہ و شیخ غلام محی الدین شاہ صاحب
دیوان شاہ و شیخ فخر الدین شاہ سیف اللہ ۳ اگست ۱۸۶۹ء
۱
شاہ و شیخ مہر الٰہی شاہ صاحب
ان کی مزار مبارک فرید کوٹ خاص
آستانہ چلہ بابا فرید گنج شکر میں موجود ہے
۲
شاہ و شیخ خیر الدین شاہ صاحب
لاولد
۳
شاہ و شیخ فضل الدین شاہ صاحب
لاولد
ان کی مزار مبارک ریاست فرید کوٹ خاص
آستانہ چلہ بابا فرید گنج شکر میں موجود ہے
شاہ و شیخ محمد غلام قادر شاہ صاحب
۱
شاہ و شیخ
محمد شاہ صاحب
۲
حضرت قطب اقطاب معشوق الٰہی دیوان شاہ و شیخ شاہ محمد غوث صاحب مجدد الوقت
سجادہ نشین چلہ حضرت بابا فرید صاحب فرید فرد گنج شکر اعنیا ہند خاص ریاست فرید کوٹ جاگیردار
شاہ و شیخ
محمد عقیل شاہ
صاحب
۱
شاہ و شیخ
محمد عبد الرزاق
شاہ صاحب خلیفہ اکبر
۲
شاہ و شیخ
نیاز علی
شاہ صاحب
۳
شاہ و شیخ
شریف محمد شاہ
سیف زماں ۱۹۱۹ء
۴
شاہ و شیخ
غلام رسول
شاہ
۵
شاہ و شیخ
محمد امین
شاہ
۱
شاہ و شیخ
محمد الطاف حسین شاہ
۲
شاہ و شیخ
محمد اقبال حسین شاہ
۳
شاہ و شیخ
محمد اشرف شاہ

(بلدیو سنگھ)

ادارۂ اورینٹل کالج میگزین کو سالہائے گذشتہ کے مندرجۂ ذیل پرچے درکار ہیں۔ اگر کسی صاحب کے پاس ہوں اور ان کو خود بکار نہ ہوں تو پرنسپل صاحب اورینٹل کالج کو بھیج دیں مناسب قیمت ادا کی جائیگی

حصۂ اردو

(۱) پرچہ اگست . . سنہ ۱۹۲۷ء
(۲) پرچہ اگست . . سنہ ۱۹۳۱ء
(۳) پرچہ فروری . . سنہ ۱۹۳۳ء

ایڈیٹر

(۳۵۳) مجد الدین ابو محمد عبد الملك بن محمود ابن ابی العلا الیزدیؒ المقری

کان من القرّاء العلماء، قال : ثلثة اخوة ولدوا فی سنة واحدة، وقتلوا فی سنة واحدة، واسنانهم ثمان و اربعون، وهم یزید[1] وزیاد ومدرك بنوا المهلّب بن ابی صفرة، قُتلوا یوم العقر، ومکث آل المهلّب بعد یوم العقر[2] عشرین سنةً لا یولد لهم الّا ذکر ولا یموت لهم الّا انثیٰ؛

(۳۵۴) مَجد الدین ابو محمد عبد المنعم بن محمّد ابن یعقوب السامرّیؒ القاضی [8/a 82/b]

کان من القضاة الحکّام، قرأت بخطّه، قال، صعد الحجّاج یوماً المنبر فحمدَ الله واثنیٰ علیه ثمّ ذکر الانبیاء فقال : صلی الله علیٰ موسیٰ وان کان جباناً حیث یقول، اِنِّیٓ اَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ؛ وعَلیٰ یوسفَ وإن کان حریصاً حیث یقول : اِجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ؛ وعَلیٰ لوطٍ وان کان لذلیلاً حیث یقول : لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّةً؛ وعَلیٰ سلیمان وان کان لحسوداً حیث یقول : هَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ؛

---

[1] انظر ترجمة یزید فی وفیات الاعیان (۲ : ۲۶۴ وما بعدها) وما ذکره من احادیث محلّ نظر فانّه یختلف عمّا ذکره صاحب الوفیات، [2] کان بین مسلمة بن عبد الملك ویزید بن المهلّب سنة ۱۰۲ هجریه؛

(٣٥٥) مجد الدين عبد المؤمن بن عبد العزيز ابن عثمان بن عبد الرحمٰن الصمدانی الجنزی المحتد الصدر المعظم

من اعیان الصدور والاکابر، سکن بغداد ولہٗ محضر حسن واخلاق محمودۃ؛

(٣٥٦) مجد الدین ابو علی عبد الواحد بن ابراهیم ابن اَسعد بن حمزۃ الفارقیّ الخطیب

انشد فی التھنیة بالمحرم :—

عامٌ مضی کلّھا واٰخر مقبل ... یأتی بما تختارہٗ وتؤمّل
یجری الزمان وانت فیه ثابت ... ویحول منصرفًا ولا تتحوّل
والیك تشتاق السنون محبّةً ... حتّی لقد حسد الاخیرَ الاوّلُ
فتھنّ بالعام الجدید فانّہٗ ... عبد یُصیخ لِمَا تقول وتَفعَلُ

(٣٥٧) مجد الدین ابو المکارم عبد الوارث بن محمّد ابن عبد المُنعم الاَسَدیّ الابھریّ الفقیه الفاضل

ذکرہ تاج الاسلام ابو سعد السمعانی فی المذیّل، وقال: کان احد الفضلاء المشھورین بالعلم والفضل الوافر، اقام ببغداد مدّۃ مع الشیخ ابی[1] اسحق ابراهیم بن علیّ بن یوسف الفیروزابادیّ، وسافر واجتمع بعلماء الشام ومصر وعاد الی بلدہ، وانتفع به الناس، سمع بمصر ابا عبد الله محمّد[2] بن سلامة القُضَاعی وبمعرّۃ النعمان ابا العلاء المعرّیّ

---

[1] ھو الشیخ ابو اسحق الشیرازی (م ٤٧٦ھ)، [2] المتوفی سنة ٤٥٤ھ: انظر ترجمته فی وفیات الاعیان (١ : ٦٧١)؛

قال : وروى لنا ابو عبد الله الحسين[1] بن عبد الملك الخلال باصفهان ؛ وذكره الباخرزي في كتاب دمية القصر ؛ وله تصانيف وتواليف ، وتوفي بابهر سنة خمس وخمسمائة ؛

(۳۵۸) مجد الدين ابو المعالي عبد الوهاب بن سعد ابن ادريس الفوشنجي[2] المحدث

اورد بسنده عن ابي هريرة رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال : تقيئ الارض افلاذ كبدها مثل الاسطوان من الذهب والفضة ؛ قال : فيجيئ القاتل فيقول : في هذا قتلت ؛ ويجيئ (و يجيئ) القاطع الرحم فيقول : في هذا قطعت رحمي ؛ قال : ثم يتركونها ولا ياخذون منها شيئاً ؛

(۳۵۹) مجد الدين ابو الفضائل عبد الوهاب بن عبد الله بن محمد البغوي المحدث

ذكره صائن الدين ابو رشيد بن الغزال في كتاب الجمع المبارك والنفع المشارك ؛ وقال : اجازعامة لجميع المسلمين الموجودين على العموم في اواخر جمادى الاخرة سنة تسعين وخمسمائة ؛ سمع اباه عبد الله ، وله اجازة عن محيي السنة الحسين بن مسعود بن محمد الفراء البغوي بجميع تصانيفه وتواليفه ولد

---

[1] ذكره ياقوت في معجم البلدان (مادة تحت اخشت) استطراداً ؛ [2] تعريب بوشنگ بليدة بينها وبين هراة عشرة فراسخ ، معجم البلدان وجغرافيه خلافت مشرقى (ص ۴۱۲ - ۴۲۰) ؛

ببغشور[1] فی شهر ربیع الاوّل سنة اربع عشرة وخمسمائة،
وتوفی ببهراة فی شهر ربیع الاوّل سنة اربع وتسعین
وخمسمائة؛

(٣٦٠) **مجد الدین** ابو الیامن عبد الوهّاب بن
جلال الدین یوسف بن ایاز بن عبد الله البغدادی
سمع عمّه شیخنا جمال الدین حسین[2] النحوی، صاحب
الاخلاق الجمیلة تزهّد وترك ما كان علیه؛

(٣٦١) **مجد القضاة** ابو القاسم عُبید الله بن[3]
ابی الفرج علیّ بن ابی خازم محمّد بن ابی یعلی محمّد
یعرف بابن الفرّاء البغدادی القاضی المدرّس
ذكره جمال الدین ابو عبد الله محمّد بن سعید الدبیثی
فی تاریخه، وقال: كان مجد القضاة ابو القاسم عُبید الله
احد المعدّلین هو وابوه وجدّه وجدّ ابیه وجدّ جدّه؛
شهد عند القاضی القضاة علیّ بن احمّد[4] بن الدامغانی.

---

[1] بلیدة بین هراة ومرو الروذ یقال لها "بغ" ایضًا والنسبة الیها البَغَوی علی غیر القیاس؛ [2] قال السیوطی: حسین بن بدر بن ایاز بن عبد الله ابو محمّد العلّامة جمال الدین كذا ساق نسبه ابن رافع فی تاریخ بغداد؛ وهو یفید سقوط اسم بدر من النسب الذی ذكره المصنّف ههنا؛ توفی جمال الدین حسین فی ذی الحجّة سنة احدی وثمانین؛ راجع بغیة الوعاة (ص ٢٣٢ وما بعدها) [3] ترجم له ابن العماد فی الشذرات (٤: ٢٦٤ وما بعدها) حوادث سنة ٥٨٠ھ ونقل جزم ابن رجب بوفاته سنة ٥٨٠ھ؛ [4] المتوفّی سنة ٥٨٣ھ، انظر ترجمته فی الجواهر المضیئة (١: ٣٥٠ - ٢٥٢)؛

فی شهر ربیع الاوّل سنة خمس وخمسین وخمسمائة وتوفی لیلة الجمعة یوم عید الاضحی سنة ثمانین و خمسمائة، ومولده فی ذی الحجة سنة سبع وعشرین وخمسمائة؛

(۳۶۲) **مجد الدین** ابو الفضل عثمان بن فخراور بن محمود السَّرَوِیّ الحکیم الاصولیّ

کان من الحکماء الفضلاء المبرّزین فی العلوم الحکمیّة، رأیت خطّه لتلمیذه علیّ بن اصفهسالار بن علی السَّرَوی سنة ثلاث وثمانین وخمسمائة؛

(۳۶۳) **مجد الدین** عثمان بن شرف الدین محمّد بن عبد الحلیم بن ابی عبد الله القرشیّ

سمع بالحرم الشریف مع والده شرف الدین علی شیخنا کمال الدین هبة الله بن ابی القاسم بن ابی غالب سنة ستّ وثمانین وستّمائة؛

(۳۶۴) **مجد الدین** عرب‌شاه بن شیخ المشائخ نظام الدین محمود بن علیّ بن ابی الفتح الشیبانیّ الامیر الفاضل

له همّة عالیة ونفس شریفة ونظرٌ فی التّصوّف وله صحابة؛

(۳۶۵) **مجد الدین** ابو عبد الله عِصام بن یوسف الفقیهی الخوارزمیّ الفقیه الجدلیّ

کان من الفضلاء الکبراء، من اعیان علماء المشرق، وسمع

الكثير من الاخبار والحديث على الشيخ الامام المحدّث
رشيد الدين ابى الفضائل محمّد بن ابى بكر احمد بن
ابراهيم الخالدى سنة خمس واربعين وستمائة ؛

(٣٦٦) مجد الدّين ابو الحسن علىّ بن احمد بن عمر
العَلَوىّ الاشتَرىّ النقيب

[هو] علىّ بن احمد بن عمر بن محمّد بن عبد الله بن محمّد
ابن محمّد بن علىّ بن عبيد الله بن علىّ بن عبيد الله بن علىّ
بن عبيد الله الاعرج بن علىّ بن الحسين بن علىّ بن ابيطالب
العَلَوىّ الكوفىّ من سادات الكوفة واولاد نقباء بها، رأيته
بالكوفة سنة احدٰى وثمانين وستّمائة، وكتبت عنه ؛

(٣٦٧) مَجْدُ الدّين ابو الحسن علىّ بن احمد بن هبة الله
يعرف بابن الماوردىّ الواسطىُّ الفقيه الخازن

كان فقيهًا فاضلًا، سافر فى صباه الى خراسان وما وراء النهر،
وسمع ببخارا من الفقيه العالم جمال الدين المعروف
بكوى خرذ مندان، واستوطن بغداد، وكان خازن الكتب
بالمدرسة الشرفيّة بخان زياد من سوق السلطان سمعت
عليه، وكتبت منه ونعم الشيخ كان ؛

(٣٦٨) مجد الدين ابو الحسن علىّ بن الحسَن بن بشر
ابن عمّار الاسكندرىّ الاديبُ [82 b / 83 a]

كتب "يا ايها الملأ انى أُلقىَ الىّ كتاب كريم وخطاب رخيم،
ذو لفظ مرصّع كطلع نضيد ودُرّ نظيم، ومعنىً مخترع

مبتدع فی کل وادٍ یهیم :-

قد اعجزت کل الوری اوصافهُ ... وانساغ فی اذن اللبیب سُلافهُ

فکأن لفظك لؤلؤ مستنخل ... وکأنّما اذاننا اصدافهُ

(۳۶۹) مجد الدین ابو الحسن علیّ بن الحسن بن علی بن النفیس بن فضائل الموسوی الأدیب

انشد من ابیات :-

ولازال مولانا الوزیر محمّد ... غیاثاً لملهوفٍ وورداً لحائم

وزیرٌ له عدلٌ تلألأ نورهُ ... فجلّی عن الدنیا ظلام المظالم

(۳۷۰) مجد الدین علیّ بن الحسین بن باقی الحِلّیّ القاضی

ذکرهُ شیخنا تاج الدین فی کتاب نزهة الابصار فی معرفة النقباء الاطهار، وانشد لهُ فی مدح النقیب قطب الدین الحسین بن الاقساسی :-

أفی مثلها تنبو ایادیك عن مثلی ... وهاذی الامانی فیك جامعة الشمل

وقد امن المقدار ما کنت اتّقی ... وارخصت الایّام ما کنت استغلی

واذعن صرف الدهر سمعاً وطاعةً ... لما فهت من قولٍ امضیت من فعل

فی [ابیاتٍ] ؛

(۳۷۱) مجد الدین ابو الحسن علیّ بن رشید بن احمد بن

ا لفظ اللفظ فی التهذیب؛ ۲ قال ابن عماد فی الشذرات (حوادث سنة ۵۰۶ھ، ۵ : ۱۷) : وفیها علی بن ربیعة بن احمد بن محمد بن حینا الحربوی من اهل حربا من سواد بغداد قدم بغداد فی صباه وصحب عمّه لاتیم ابا المقال سعد بن علی الحاطری وقرأ علیه الادب، والاختلاف بینهما واضح سببه الغلط المطبعی فی الشذرات کما نظنّهُ ؛

احمد بن خسينا الحربوي المعدل

قال شيخنا تاج الدين: دخل بغداد وهو شابٌّ فقرأ
الادب، وصحب ابا المعالي سعد بن علي الكتبي، وكان اخًا
لابيه من امه، وسمع ابا القاسم نصر بن نصر العكبري[1]
وابا الوقت عبد الاول، وشهد عند قاضي القضاة ابي الحسن
علي بن احمد بن الدامغاني سنة احدى وسبعين و
خمسمائة، واتصل بخدمة الديوان، وتقدم وكان
موصوفًا بالثقة والامانة وحسن الطريقة، محبًّا لاهل العلم،
وعُزِل عن منصبه، وتوفي في شوال سنة خمس وستمائة؛

(٣٧٢) مجد الدين ابو الفضل علي بن رمضان الخزومي الصوفي

كان صوفيًّا كثير الاسفار وله قبول، قال: لمّا همّ المنصور[2]
باحراق المدينة وهدمها عند خروج ابراهيم ومحمد
ابني عبد الله بن الحسن بن الحسن قال له جعفر بن محمد
الصادق: يا امير المؤمنين! انّ سليمان اعطي فشكر،
وانّ ايوب ابتلي فصبر، وانّ يوسف قدر فغفر، فاقتد بمن

---

[1] المتوفى سنة ٥٥٢، راجع الشذرات (٤: ١٦٦)؛ ونسبة الطبري كما في
الشذرات من اغلاط النساخ؛ والصحيح العكبري كما ذكره المصنف وياقوت في
معجم البلدان (٤: ٨٠٠)؛ [2] الصحيح انّ المنصور لم يهمّ بهدم المدينة واحراقها
قط؛ واما المكالمة بينه وبين جعفر الصادق المذكورة ههنا فكانت كما في العقد الفريد
(باب الاستعطاف من كتاب مخاطبة الملوك) - لمّا همّ المنصور بقتله؛

شذّت منهم ؛ فقال : حسبك : ونقض عزمه ؛

(٣٧٣) مجد الدين ابو محمّد عليّ بن ابي شجاع بن روح بن هبة الله البغداديّ الامين

كان من الاعيان الاماثل حافظاً ، انشد لبعض العرب :-

لي حكمُ لقمانَ وصورةُ يوسفٍ ومنطقُ داوُدٍ وعفّةُ مريمِ
ولي سقمُ ايّوبٍ وغربةُ يونسٍ واحزانُ يعقوبٍ ووحشةُ آدمِ

(٣٧٤) مجد الكتّاب ابو الخير عليّ بن صاعد اليزديّ الكاتب

من شعره :-

يداك يدٌ تنهلُّ بالمال درهماً (؟) واخرى بحدّ المشرفيّ ضروبُ
وسيفك يوم الروع اعني مجاعةٍ اكولٌ لأكباد الكماة شروبُ
وكلّ غريبٍ في فنائك اهلُهُ وفي المنزل المأهول انت غريبُ

(٣٧٥) مجد الدين ابو الحسن عليّ بن الاتقى ابي احمد طلحة بن عبد الله الزينبيّ العبّاسيّ النقيب

ذكره شيخنا في كتاب منهاج الطالبين في معرفة نقباء العبّاسيّين ، وقال : قُلّد النقابة والخطابة بعد وفاة ابيه نقيب النقباء الاتقى ، وذلك في يوم الاحد الحادي والعشرين من جمادى الأخرة سنة ثمان وخمسين وخمسمائة في ايّام المستنجد بالله ، وعمره يومئذٍ ثماني عشرة سنة ، وكان شابّاً سريّاً ، وحُمل الى دار الخلافة مقيّداً ، ومولده سنة سبع وثلثين وخمسمائة ، واخرج من محبسه ميّتاً ،

ط (٥٥٥ — ٥٦٦ هـ) ؛

فی ربیع الاول سنة احدٰی وستین وخمسمائة؛

(٣٧٦) مجد الشرف ابوالحسن علیّ بن النقیب ابی طالب عبداللّٰه بن احمد بن علی بن المعمّر الحسینیّ النقیب الطاهر

مُعرِق فی النقابة والریاسة والتقدّم، ذکرہ الحافظ ابوعبداللّٰه بن النجّار، وقال: کان ادیبًا فاضلًا، شاعرًا، کاتبًا، وجیهًا مقدّمًا، متواضعًا لطیف الاخلاق، حسن الطریقة جمیل السیرة، رأیتهٗ فی مجلس شیخنا ابی الفرج[1] بن کلیب غیر مرّة، یسمع منه الحدیث، وقد وخطه الشیب، وله اُبّهة جمیلة، روٰی عنه نجم الدین عبدالسلام بن یوسف الدمشقیّ، وکتبت عنه شعرہٗ، وتوفّی فی شعبان سنة خمس وتسعین وخمسمائة؛

(٣٧٧) مجد الدین ابوالمظفر علیّ بن عبداللّٰه بن عبدالجلیل الطهرانی نزیل بغداد المعدّل الفقیه

من اولاد العلماء والفقهاء، ولد ببغداد، وقرأ الفقه، و شهد عند قاضی القضاة عزّالدین احمد بن الزنجانی[2] سنة ستّ وثمانین وستمائة؛ انشد فی سلخ صفر سنة سبعمائة ممّا یکتب علی مقلمة:-

---

[1] هو عبدالمنعم بن عبدالوهّاب الملقب شمس الدین الحرّانی المتوفی سنة ٥٩٦ھ. وفیات الاعیان (١: ٣٠٦ - ٣٠٧) والشذرات (٤: ٣٢٤)؛

[2] صاحب کتاب انموذج الزمان؛

كلّ السيوف لها جفون ينتضى | منها وانّى جفن كلّ يراع
واعلم بانّ الفضل للقلم الذى | لولاه خابت للسيوف مساعى

وكان من فقهاء مشهد الامام ابى حنيفة، ثمّ ترك الفقه ونزع اللباس ولبس البلاس، وتطوّق بطوق من الحديد وصار يمشى فى الاسواق حافيا مكشوف الراس؛

(٣٧٨) **مجد الدّين** ابو القاسم [و] ابو الحسن علىّ بن عبد الله بن محمّد بن الزيتونىّ الواسطىّ القاضى بواسط كان [بعد] شيخنا عماد الدّين زكريّا بن محمّد بن محمود الانصارىّ القزوينىّ[1] قاضى واسط، رايته ببغداد فى حضرة قاضى القضاة عزّ الدين الزنجانىّ حين ولّاه الحكم والقضاء بواسط واعمالها؛

انشد:-

حوائج الناس كلّها قضيت | وحاجتى لا اراك تقضيها
اناقة الله حاجتى عقرت | ام نبت الشوك فى نواحيها

(٣٧٩) **مجد الدين** علىّ[2] بن عبد الصمد بن محمّد الدّونى سكن اسد اباد وكان بينه وبين والدى مودّة مؤكّدة؛

---

[1] هو صاحب عجائب المخلوقات توفّى سنة ٦٨٢ھ وكان قاضيا بواسط من سنة ٦٥٢ الى ٦٨٢ھ

ومن ههنا ادخلنا كلمة بعد فى عبارة المصنّف؛ انظر ترجمة القزوينى فى دائرة المعارف الاسلامية (٢، ٨٣١ — ٨٣٣) والمصادر التى ذكرت هناك، وسيذكر لمجد الدين هذا ترجمة اخرى باسم مجد الدين علىّ بن محمّد بن عبد الله، [2] لعلّه مجد الدين علىّ بن محمّد بن عبد الصمد الذى يأتى ذكره؛

(۳۸۰) مجد الدین ابو الحسن عَلیّ بن عبد المحسن بن محمّد الزُبَیدِی الواعظ

ذکرہٗ شیخنا تاج الدین علیّ بن انجب، وقال: کان واعظاً، وانشد لهٗ:—

لیالی المنحنیٰ عُودِی — فانّی قد ذَوٰی عُودِی
کما امرضتنی عُودی — فمن جُونی فقد عُودی

سقی الله الحمیٰ مُزْنًا — فقد اورثنی حُزْنا
فکم قِدْمًا بهٖ فُزْنا — بعیشٍ غیر منکودٍ

اجیران الغضا رقوا — فانّی لکمُ رِقٌ
وفی ایدیکمُ رِقٌ — شهودی فیه مشهودی

اردتم رکنه تجریبي — وسُفن الحُبّ تجری بی
فجوزوا الاٰن اَجْرِی بی — ولو منکم بموعودٍ

(۳۸۱) مجد الدین ابو الحسن علیّ بن عُثمان بن محمّد الخراسانیّ الادیب

ذکرہ العماد الکاتب فی کتابه[1]، وقال: کان من اعیان الفقهاء الفضلاء، وما زال اسلافهم زعماء الکرامیة بخراسان، و کان مجد الدین فاضلاً، لهٗ رسائل واشعار، ولهٗ من ابیات:—

[1] میرے خریدۃ القصر فانّ اسم المترجم موجود فیها کما ذکرہٗ دوزی فی فهرسته (ص ۲۳۴)؛

افعل لبرق لاح فی الجو ضوءه   کلمع حسام فی مثار قتام
تحمّل الی الشیخ التمام اخی العلی   جمال الوری صدر الکرام سلامی

(٣٨٢) مجد الدین ابو القاسم علیّ بن علیّ بن محمّد العریضیّ الحسینیّ الفقیه الادیب

[85b / 84a]

قرأت بخطّ شیخنا العلّامة جمال الدین ابی الفضل احمد بن محمّد بن المهنّا الحسینیّ العبیدلیّ، قال: نقلت من خطّ الشیخ الادیب العالم منصور بن الخازن الحائری، انشد فی الشریف مجد الشرف ابو القاسم علیّ بن العریضیّ، قال: انشد فی الادیب ابن[1] حیّا الکاتب لنفسه:-

للّه درّ الشّشیّ من رجل   فاق الوری فی السّماح والکرم.
رای اخاه لحمًا علی وضم   فانتاشه من مخالب العدم
اساه فی فقره ببلغته   واستعطفته شوابک الرحم
وکیف یستصغر الوری رجلاً   غبّر فی وجه کلّ محتشم

والشّشیّ[2] المذکور کان رجلاً عامیًّا، والیه تنسب البثوق الّتی فی السعدیّ تعرف بدکان الشّشیّ؛

(٣٨٣) مجد الدین ابو الفتح علیّ بن کامل بن علیّ بن شهریار الفالیّ الادیب النحویّ

من ادباء العصر وفضلاء الدهر، انشد فی له شیخنا الفاضل فخر الدین ابو علیّ بن ابی غسّان الفالیّ سنة اربع وسبعین و

---

[1] اصل: ابن حیّا؛ ولم نتمکّن من تصحیحه بعدُ؛

[2] لم نتمکّن من معرفة الششی ولا دکانه ولا السعدی بعدُ؛

ستمائة بمراغة :-

لا يستحق ركوب الخيل كل فتى ... ولا يليق بأخذ السيف كل يد

الا فتى كملت فى المجد همته ... وفى المعارك يسطو سطوة الاسد

قال : وكانت وفاته سنة خمس وستمائة بغالة ؛

(٣٨٤) مجد الدين ابو محمد على بن كرم يعرف بابن الطباخ البغدادى الكاتب

من بيت معروف بالتصرف والكتابة ، وكان مجد الدين كاتباً سديداً وشاعراً مجيداً ؛

ومن شعره :-

الا علل لا نفسى البقاء وخادعا ... يقينى فكل بالخداع يعلل ؛

ومد ابا سباب المطامع منيتى ... فانا على الاطماع فيها نعول

ولا تعد انى الشر قبل وقوعه ... فان انتظار الشر ادهى واعجل

(٣٨٥) مجد الدين ابو محمد على بن المبارك بن على بن عبد الباقى - يعرف بابن باذويه - البغدادى الكاتب

من كلامه :- اما بعد فان الله - وله الحمد - انعم على عباده بنعم ليس لها حد ، ومن اعظم مننه الجزيلة و نعمه الجليلة ان استخلف فى ارضه خلائف يلجأ اليهم كل امن وخائف ، وينتصف المظلوم بهم من الظالم و يرجعون الى عدلهم وانصافهم فى الامور العظائم ؛

(٣٨٦) مجد الدين ابو طاهر على بن محمد بن احمد ابن جعفر الواسطى ثم البغدادى الفقيه المدرس

من بيت العلم والفضل والفقه والادب ، تفقّه على عمّه رضى الدين ابراهيم بن احمد بن جعفر ، وعلى جمال الدين ابن خنفر ، وسافر الى البلاد الشامية والديار المصرية ولمّا قدم رتّب مدرّسًا بالمدرسة الفخرية المعروفة بدار الذهب بعقد المصطنع ، وذكره ابن النجّار في طبقات الفقهاء ، وقال : كان حسن المعرفة بالعربيّة والاصول ، ونظم ارجوزة في النحو سهلة الالفاظ ، ولمّا قدمتُ من مراغة سنة تسع وسبعين اجتمعت به وكتبت عنه ، وكتب لى الاجازة ، ورتّب مدرّسًا بالنظاميّة يوم الاثنين سادس المحرّم سنة احدى وثمانين و ستّمائة ؛ ثمّ عزل بابى البيان ، ثمّ رتّب مدرّسًا بالمدرسة البشريّة ، وتوفّى في ذى القعدة سنة ثلاث وثمانين و ستّمائة ، وكان مولده بواسط سنة سبع وعشرين و ستّمائة ؛

٣٨٧) مجد الدين ابو القاسم علىّ بن محمّد بن الحسن التبريزىّ الفقيه

كان من الفقهاء الادباء الذين وردوا العراق ، رأيت بخطّه

له ذكر العزّاوى عزله وترتيبه بالمدرسة البشريّة في حوادث سنة ٦٨٢ هـ ؛ نقلًا من الحوادث الجامعة (ص ٤٣٢) ، ولفظ الحوادث الجامعة ، وفيها نقل مجد الدّين علىّ بن جعفر من التدريس بالمدرسة النظاميّة الى المدرسة البشريّة ، ورتّب في المدرسة البشريّة نور الدين ابو البيان رُكن (؟) الحلبىّ ؛

فی بعض المجامیع :-

دخول النار للمهجور خیر ‏ ‏ ‏ من الهجر الذی هو یتّقیه

لِاَنّ دخوله فی النار ادنی ‏ ‏ ‏ عذابًا من دخول النار فیه

(٣٨٨) مجد الدین ابو المظفّر علیّ بن محمّد بن زید العلویّ الموصلیّ النقیب

کان من نقباء الموصل وله الفضل العظیم، کتب الی بعض الوزراء :-

یا من اذا دُمنا مدی فضله ‏ ‏ ‏ اعادنا عن شأوه حسرٰی

ومن اِذا الصّمت ثنی قوله ‏ ‏ ‏ انطق من الباب اسرٰی

ومن له الفضل علینا ومن ‏ ‏ ‏ اصبح فینا النعمة الکبرٰی

(٣٨٩) مجد الدین ابو الحسن علیّ بن محمّد بن سعید العلویّ الشیرازیّ الادیب المفسِّر

[من کلامه :-] قیل للربیع[1] بن خُثَیم فی مرضه، اَلَا ندعو لک طبیبًا؟ فقرأ "وَعَادًا[2] وَّثَمُوْدًا وَّاَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَیْنَ ذٰلِکَ کَثِیْرًا[3]"؛ قد کان فیهم اطبّاء فما اری المداوِی بقی ولا المداوٰی، هلک الناعت والمنعوت له؛ وانشد :-

اِنّ الطبیب بطبّه ودوائه ‏ ‏ ‏ لا یستطیع دفاع مکروه اتی

ما للطبیب یموت بالداء الذی ‏ ‏ ‏ قد کان یُبرئ مثله فیما اَتی

---

[1] التابعیّ المتوفّی سنة ٦١؛ مترجم له الحافظ فی التهذیب؛ [2] بالتنوین (کما فی الاصل) قراءة الائمة الخمسة الباقیة من السبعة باستثناء حفص والکسائی؛ انظر کتاب التیسیر لابی عمرو الدانی (مطبعة الدولة استنبول ص ١٢٥)؛ [3] سورة الفرقان (٢٥) الآیة (٣٨)؛

(۳۹۰) مجد الدین ابوالحسن علیّ بن محمّد بن عبدالصمد الدُونی ـ نزیل اسد اباد ـ اللغوی

من افاضل الزمان وعلمائه وادبائه، قدم بغداد شابًا، وحصّل علم اللغة علی الشیخ العالم رضی الدین ابی الفضائل الحسن بن محمّد الصغانی، وکتب بخطّه الکثیر من کتب اللغة المطوّلات والمتوسطات والمختصرات ولمّا توجّهنا الی المعسکر فی صحبة النقیب الطاهر رضی الدین ابی القاسم علیّ بن طاووس الحسینی، و نزلنا باسد اباد کان موجودًا بها الّا انی لم اجتمع به و لا رأیته، وهو الآن حیٌّ یرزق بها؛

(۳۹۱) مجد العرب مصطفی الدّولة ابوفراس علیّ بن محمّد بن غالب العامریّ الشاعر

ذکره العماد الکاتب فی الخریدة[1]، وقال: مجد العرب ابوفراس یصبّ الشعر فی قالب السحر، وفیه یقول بعض فضلاء اصفهان: فاشعار الامیر ابی فراس کاشعار الامیر ابی[2] فراس، قال: قدم اصفهان فی شهور سنة سبع وثلاثین وخمسمائة، ومن شعره:—

قالوا بوجه الذی احببته کلف	فقلت بدر وما یخلو من الکلف
قالوا فلا وصل قلت الآن اطمع	تفاؤلی باعتناق اللام بالالف

---

[1] راجع فهرست دوزی (ص ۲۱۳)؛ [2] الحارث بن حمدان المتوفی سنة ۳۵۷ هـ؛

(۳۹۲) مجد الدین ابو الیمن و ابو الحسن علیّ بن ابی منصور النقیب الاغرّ محمّد بن محمّد الکلکویّ العلویّ البصریّ الادیب

[84 b, 85 a]

من السادات الادباء، والاماثل البلغاء، انشد لذی النون المصریّ :-

یجول الغنی والعزّ فی کلّ موطنٍ ۔ لیستوطنا قلبَ امرئٍ اِن توکّلا

ومن یتوکّل کان مولاهُ حسبَهُ ۔ وکان لهٗ فیما یحاول معقِلا

اذا رضیت نفسی بمقدور حقّها ۔ تعالت وکانت اکبر الناسِ منزِلا

(۳۹۳) مجد الدین ابو الحسن علیّ بن محمّد بن محمّد ابن اسحاق بن محمود الخطیبیّ الاصفهانیّ الخطیب

من کلامه : واحسانه الذی هو الی عبیده المخلصین مجدّدٌ ان یکون باجمال النظر فیه واولی ان یکون سهمهٗ منه هُوَ المُعَلّیٰ، وانشد :-

انتم ملوک العالمین خلافةً ۔ وذوی البریّة فی مقام الاعبُدِ

مثل النجوم تتابعت فی سیرها ۔ نسقًا لعین الناظر المسترشدِ

(۳۹۴) مجد الدین علیّ بن تاج الدین محمّد بن عبد الله الزیتونیّ الواسطیّ قاضی واسط

رایتهٗ فی حضرة قاضی القضاة عزّ الدین ابی العبّاس احمد بن محمود الزنجانیّ وهو جمیل الهیئة والصورة، سیّئ السیرة وذکر عنه اشیاء من غصب الاملاک، شهد عند قاضی القضاة

لہ ثوبان بن ابراهیم المتوفّی سنة ۲۴۵ھ ؛ انظر ترجمته فی الوفیات (۱ : ۱۰۱-۱۰۲)۔

عز الدین بن الزنجانی فی المحرّم سنة احدی وثمانین وستمائة وكتب له شيخنا العدل رشيد الدين محمّد ابن ابی القاسم المقری نسخة اجازة فی شعبان سنة سبع وتسعين وستمائة له ولولديه تاج الدين عبد الله وشرف الدين احمد، كتبت فيها ؛

(۳۹۵) مجد الدين ابو القاسم علیّ بن محمود بن محمّد الراذكانیّ الطوسیّ الصوفی

سمع الراذكانیّ بخوارزم من الشيخ نجم [الدين] الكبراء ابی الجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبد الله الخيوقیّ كتاب شرح السنّة من تصنيف محی السنّة ابی محمد الحسين بن مسعود الفرّاء البغویّ فی مجالس آخرها ...[1] صفر سنة خمس عشرة وستمائة ؛

(۳۹۶) مجد الدين ابو الحسن علیّ بن المظفّر بن علیّ ابن نصر بن نصر العكبریّ الكاتب

كتب الی بعض الوزراء :—

وعلّقت آمالی بجودك عالمًا	بأنّ ندى الغمر بالنجح كافل
وما شِمت الّا من اياديك بارقًا	لما صدقتنی فيك تلك المخائل
وحاشاك يومًا ان يُخيّب قاصدٌ	لديك وان . دونك سائل
فلا زلت تبقی للمكارم غايةً	فما الفضل شيئًا غير ما انت فاعل

---

[1] بياض بالاصل ؛

(٣٩٧) مجد الدین ابو محمد علی بن المعمّر بن الحسن العلوی الزیدی العابد

کان عالماً عابداً فقیهاً زاهداً، اسند عن قیس بن عاصم قال: اتیت النبیّ صلی الله علیه وسلم فلمّا دنوت منه سمعتُهُ یقول: "هذا سیّدُ اهل الوبر" فقلت: یارسول الله! اخبرنی عن المال الذی لا تبعة علیّ فیه من عیالٍ ان کثروا او ضیفٍ ضافنی؟ فقال: نعم، المال الاربعون والکثیر ستّون، وویل لاصحاب المئین الا مَنْ اعطیٰ فی رِسْلها و نجدتها، واطرق فحلها وافقر ظهرها، و نحر سَمِیْنها، واطعم القانع والمعترّ؛ فقلت: یارسول الله! ما احسن هذه الاخلاق واجملها! فی حدیثٍ ذکرہ؛

(٣٩٨) مجد الدین ابو الحسن علی بن منصور بن ناماور منصور بن علی السلماسی الادیب

الادیبُ العالمُ، قرأت بخطّه المضبوط:-

نروح بهمّ ثمّ نغدو بمثله ... واعمارنا ما بین ذلک تذهب

فلا حسنات للمعاد نعدّها ... ولا سیّئات تستطاب فتکتب

وکتب الکثیر من کتب الادب ولغات العرب؛

(٣٩٩) مجد الدین ابو الحسن علی بن ابی المیامن ابن امسینا الواسطی الکاتب

قال تاج الدین فی تاریخه: وفی صفر سنة اثنتین و اربعین وستمائة عُزل تاج الدین عبید الله بن النیّار

عن وكالة باب الحجرة ، ورتّب عوضه مجد الدين على
ابن امسينا نقلاً من اشراف دار التشريفات ، وعُزل
عن ذلك فى شعبان من السنة ، واُعيدَ تاج الدين
ابن النيّار الى عمله ، وفى رمضان صرف ابن محمد بن
غزالة من نظارة الطبق ، ورتّب عوضه مجد الدين على
بن امسينا ثم عزل فى جمادى الاولى سنة ثلاث واربعين
ورُتّب عوضه عز الدين محمّد بن الحسين البادرائى ،
ذكر لى ولده شيخنا فخر الدين بن محمّد ، قال : توفى والدى
سنة احدى وثمانين وستمائة ببغداد ؛

(۴۰۰) **مجد الدين** ابو الفضل **على بن الامير نيكبى ابن عبد الله الاصفهانى الحاسب الكاتب**

الصدر الكبير والكاتب الخطير والفاضل النحرير ، قدم
بغداد وولى بها كتابة الديوان ، وهو من الاماثل الاكابر
الاعيان محمود السيرة مشكور الطريقة ، حسن المنظر
كريم المخبر ، مجبول على الخير ، جميل الاخلاق ، حفظ
كتاب الاشارات لابى على بن سينا على الشيخ . . . . . [1]
وحفظ كتاب الحاوى للفقيه العلّامة نجم الدين عبد الغفار
القزوينى [2] ؛

(۴۰۱) **مجد الدين** ابو الحسن **على بن وهب القشيرى المصرى يعرف بابن دقيق العيد**

[1] بياض بالاصل ؛ [2] توفى سنة ۶۶۵ھ ؛ ذكره ابن العماد فى الشذرات (۵ : ۳۲۴) ؛

من افاضل مصر واعيانها فضلاً ومعرفةً وفقهًا وادبًا ،
وهو والد شيخنا بقية المجتهدين تقي الدين المدرّس
المالكيّ ، وانشد :—

ذهب الذين اذا رأوني مقبلاً   هشّوا وقالوا مرحبًا بالمقبل
وبقيت في قومٍ كانّ كلامهم   لفظ الكلاب تهارشت في المنزل

(٤٠٢) مجد الدين ابو المظفر عليّ بن يوسف بن يحيى الشيلمانيّ النحويّ

كان من علماء الجزيرة وهو من بعض اعمالها ، قرأ النحو
والادب على الشيخ ...... [٣] ،

(٤٠٣) مجد الدين ابو الحسن عليّ بن يوسف بن عبد الغني الحُلوانيّ الصوفي

كان من ارباب التصوّف العارفين ، جال في الاقطار ورأى
الائمّة الكبار ، روى باسناده عن ثابتٍ عن انس بن مالكٍ
رضي الله عنه قال : نُهينا ان نسأل النبيّ صلّى الله عليه
وسلّم عن شيئٍ فكان يُعجبنا ان يجيئ الرجل من اهل
البادية فيسألهُ ونحن نسمع ، فجاء رجل من اهل البادية
فقال : يا محمّد ! انّ رسولك اتانا فزعم انّ الله ارسلك ؛

---

[١] محمّد بن عليّ بن وهب المعروف بابن دقيق العيد المالكي ثمّ الشافعي المتوفّى
سنة ٧٠٢ ھ ؛ [٢] الشيلمان بلدة من بلاد جيلان ، ويمكن ان يكون موضعًا
آخر من بلاد الجزيرة كما يقول المصنّف : وهو من بعض اعمالها ؛ او يكون
اصله من جيلان ؛ [٣] بياض بالاصل ؛

قال : صدق ؛ قال : فمن خلق السماء ؟ قال : اللهُ ؛ قال : فمن خلق الارض ؟ قال : الله ؛ قال : فمن نصب الجبال ؟ قال : الله ؛ قال : فبالذى خلق السماء وخلق الارض ونصب الجبال آللهُ ارسلك ؟ قال : نعم ؛ قال : وزعم رسولك انّ علينا خمس صلواتٍ فى يومنا وليلتنا ؛ قال : صدق ؛ وذكر الحديث بطوله[1] ؛

(۴۰۴) مجد الدين ابو حفص عمر بن[2] احمد بن ابى بكر بن مهران ابن اخت الكوذينى[3] المَوْصِلِى العَنْسَفى النحوىُ [۵۵۶ / ۵۶۵]

يُنْسَب الى عين سفينة من بلد الهكّار. كان من الادباء الافاضل. قرأ النحو والادب على ابى الحرم مكّى بن[4] ريّان الماكسينى. واخذ عنه شمس الدين ابو العبّاس احمد[5] بن الخبّاز المَوصِلىّ النحوى. ذكره ابن الشعّار فى كتاب عقود الجمان. وقال : مولده بقرية بُوهُرزمن سَوَاد العراق. وقدِم صغير السنّ الى عين سفينة من نواحى الموصل فسكنها مدةً فنُسِبَ اليها. وقدِم المَوصِل وحفظ القرآن وجدّ فى الاشتغال. ولمّا توفّى شيخه[6] قام مقامه وتصدّر،

---

[1] راجع للحديث كتاب الايمان (الباب الرابع) من صحيح مسلم ؛ [2] ذكره السيوطى فى بغية الوعاة (ص ٣٦٠) ايضاً ؛ [3] لم اجد ترجمته بعدُ ، [4] المتوفى سنة ٦٠٣ھ ؛ ذكره ابن العماد فى الشذرات (٥ : ١١) والسيوطى فى البغية (ص ٣٩٠) ؛ [5] هو احمد بن الحسين المتوفى سنة ٦٣٠ھ ؛ بغية الوعاة (ص ١٣١) ؛ [6] يريد مكّى بن ريّان وكان بالموصل ؛

واَقرأ الناس علوم الادب ، وكان سريع الخط قويّ النفس وقت القراءة عليه لم يقبل من احدٍ جزاءً ولا ثوابًا وكان عالمًا بالفقه والحساب والاوقاف ، وتوفّى بالموصل يوم عيد الفطر سنة ثلاث عشرة وستّمائةٍ ودُفِنَ بمقبرة المعافا[١] بن عمران الزاهد؛

(۴۰۵) مجد الدين ابو حفص عمر بن ابى بكر بن يحيى البغداديّ الصوفيُّ

ذكره ابن الشعّار ، وقال سمع ضياء الدين ابا احمد عبد[٢] الوهّاب بن سكينة ، ومن شعره ما انشده فى كتابه من ابياتٍ :-

ان يكن مسعدى عليهم فوالله يمينًا بجمعهم لا اُبالي

استشهد باربل على يد التتار فى شوّال سنة اربع و ثلثين وستّمائةٍ ؛

(۴۰۶) مجد الدين ذو النسبين ابو الخطاب عمر[٣] بن الحسن ابن علىّ ابن دحية نزيل مصر الاندلسىّ الكلبىُّ المحدث

---

[١] المتوفّى سنة ۱۸۵ھ ؛ تذكرة الحفّاظ (۱: ۲۶۴) ؛ [٢] هو عبد الوهّاب بن على ابن على بن عبيد الله ابو احمد الامين (۵۱۹ – ۶۰۷) ترجمته مبسوطة فى طبقات الشافعيّة (۵: ۱۳۶ – ۱۳۷) ؛ [٣] فى الشذرات (۵: ۱۶۰) : عمر بن حسن بن محمّد؛ وله فيها ترجمة طويلةٌ ، وُلِدَ سنة ۵۴۲ھ وتوفّى فى رابع عشر ربيع الاوّل من سنة ۶۳۳ھ ؛

جلد ۱۷ [illegible] شمارہ ۶۶

اورینٹل کالج میگزین

حصہ اوّل

ایڈیٹر

محمد شفیع

(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

اورینٹل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تاحدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں۔

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں کے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائیں گے۔

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصہ اول عربی، فارسی، پنجابی دبحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے۔

وقت اشاعت و قیمت اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شایع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصہ اُردو کے لئے ۲؎ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے۔

خط و کتابت و ترسیل زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں۔

محل فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے۔

قلم تحریر حصۂ اُردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم اے اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے۔

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے اس لئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے۔

فہرست مضامین

جلد ۱۷ - عدد ۴ | بابت ماہِ اگست ۱۹۴۱ء | عددِ مسلسل ۶۶

نوٹ۔ ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے۔

گیلانی الیکٹرک پریس سپینل روڈ لاہور میں باہتمام حبیب اللہ داس پرنٹر طبع ہوا اور بابو صادق اعظمی نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا

رباعیاتِ خیام کی تعیین

گذشتہ پچاس برس سے خیام کے سوانح نگاروں کے سامنے یہ مشکل مسئلہ درپیش ہے کہ مجموعۂ رباعیات خیام میں اسکی اصلی رباعیاں کتنی اور کونسی ہیں؟ اس بحث نے اسقدر طول پکڑا ہے کہ بعض محققین نے اپنی تصانیف میں اس پر صفحے کے صفحے سیاہ کئے ہیں اور رباعیوں کے اعداد و شمار اور مختلف نسخوں میں ان کے مقابلے اور موازنے پر مہینوں کی محنت صرف کی ہے۔

اس بحث کی مختصر تاریخ یہ ہے کہ سب سے پہلے (۱۸۹۷ء میں) روس کے مشہور مستشرق پروفیسر ژوکوفسکی نے مجموعۂ رباعیات خیام میں ۸۲ ایسی رباعیاں نکالیں جو دوسرے شاعروں کے دیوانوں میں بھی جابجا ملتی تھیں اسی بنا پر اس نے ان رباعیوں کا نام "آوارہ رباعیاں" رکھا۔ اس نئی دریافت سے محققین کو دلچسپی پیدا ہوئی تو انہوں نے تلاش کو جاری رکھا اور چالیس پچاس اور اسی قسم کی رباعیاں ڈھونڈ نکالیں اور اس طرح آوارہ رباعیوں کی تعداد بڑھتی گئی لیکن آہستہ آہستہ یہ ثابت ہوا کہ جو رباعیاں خیام کے علاوہ دوسرے شاعروں کی طرف منسوب ہیں۔ انکے متعلق ہم یہ حکم نہیں لگا سکتے کہ وہ خیام کی نہیں ہیں اسلئے کہ مثلاً ان آوارہ رباعیوں میں دو ایسی ہیں جو طالب آملی کے دیوان میں موجود ہیں لیکن ساتھ ہی وہ رباعیات خیام کے سب سے پرانے قلمی نسخے میں بھی ہیں جو ۱۴۶۰ء کا لکھا ہوا ہے اور طالب کی وفات ۱۶۲۵ء یا ۱۶۲۶ء میں ہوئی لہذا ظاہر ہے کہ وہ طالب کی نہیں ہو سکتیں! یا مثلاً سولہ رباعیاں جو خیام اور حافظ کے ہاں مشترک پائی گئیں وہ تحقیق سے معلوم ہوا کہ ۱۵۰۰ء سے پہلے کے لکھے ہوئے دیوان حافظ کے کسی نسخے میں نہیں ملتیں۔ ان باتوں سے معلوم ہوا کہ "آوارہ رباعیوں" کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ درحقیقت وہ کس کا مال ہیں۔ جب یہ معیار ناکام ثابت ہوا تو پھر نئے سرے سے جستجو شروع ہوئی۔ بعض لوگوں نے یہ نظریہ پیش کیا۔ کہ رباعیات کے مضمون کی بنا پر فیصلہ ہونا چاہیئے۔ جن رباعیوں میں تصوّف یا تقویٰ یا عشقِ مجازی کے مضامین پائے جائیں وہ خیام کی نہیں ہو سکتیں اسلئے کہ اسکی طبیعت کو ان چیزوں سے مناسبت نہیں تھی لیکن ظاہر ہے کہ یہ معیار بھی حتمی نہیں قرار دیا جا سکتا۔ بعض نے یہ تجویز پیش کی کہ قلمی نسخوں کی قدامت کو

فیصلے کی بنیاد قرار دینا چاہیے، لیکن جب سب سے قدیم نسخے میں بھی الحاقی رباعیاں دریافت ہوئیں تو یہ معیار بھی غلط قرار پایا۔ آخر میں کسی نے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ بعض رباعیوں میں خیام کا نام آتا ہے لہذا ایسی رباعیاں بلاشک و شبہ اصلی ہونی چاہئیں جب تلاش کی گئی تو ایسی رباعیاں دس بارہ سے زیادہ نہ ملیں تاہم یہ قلیل تعداد بھی یقین و اطمینان کے ساتھ خیام کی طرف منسوب نہ کی جا سکی۔ مثلاً اس قسم کی ایک رباعی ہے جس کا پہلا مصرع یہ ہے ع

خیّام تنت بہ خیمہ می ماند راست

اس کے متعلق بعض کتابوں[1] میں یہ حکایت منقول پائی گئی کہ خیّام نے اپنے کسی معاصر صوفی کو ذیل کی رباعی لکھ کر بھیجی اور اس کا جواب طلب کیا :

دارندہ چو ترکیب طبائع آراست | باز از چہ قبل فگندش اندر کم و کاست
گر زشت آمد پس این صور عیب کراست | ور نیک آمد خرابی از بہر چراست

اس کے جواب میں اس نے حسب ذیل رباعی خیام کو مخاطب کر کے لکھی :

خیّام تنت بہ خیمہ می ماند راست | سلطان روح است و منزلش دار فناست
۱۲۔ ثلاثة أشهر، منتخبات أشعار البارودي و اسماعيل صبري و عبد المطلب
و خليل مطران و العقاد و الأسمر و الصراوي و غيرهم .

ثلاثة أعوام :

مطالعة الكتب الآتية لتكميل الأدب الحديث

المدة .. .. الأسماء . . . .

(الف)

أهم مؤلفات السيد مصطفى المنفلوطي، والدكتور طه، و ابراهيم عبد القادر المازني، وأحمد حسن الزيات، والدكتور محمد حسين الهيكل باشا، وعباس محمود العقاد، ومصطفى صادق الرافعي، وأحمد أمين، وابراهيم مصطفى، ومحمد الهمياوي، وعبد الله العنان، ومحمود تيمور بك، وزكي مبارك، والأمير شكيب أرسلان، وعرد علي، وغيرهم من المعاصرين.

(ب)

مطبوعات مصنة للجنة التاليف والترجمة، وكتب أدبية لوزارة المعارف المصرية، ودار الكتب.

ولتكميل الأدب القديم:

(الف) أجزاء الأغاني، والأمالي، وكامل للمبرد، ومصنفات أبي العلاء المعري، وابن دريد، وابن قتيبة، وابن المقفع، والجاحظ وغيرهم من الأدباء والكاتبين واللغويين.

(ب) دواوين المتنبي، وأبي نواس، وأبي تمام، وابن الرومي بشار وفرزدق، وحسان بن ثابت، وجرير، والبحتري وأبي العتاهية، وابن هاني، وغيرهم من فحول الشعراء المتقدمين؛

محمد حسن الأعظمي

تنقید بر آبحیات مولانا محمد حسین آزاد

اُردو نثر میں دو کتابیں ایسی ہیں۔ کہ جب تک اُردو زبان قایم ہے انکو حیاتِ جاوید حاصل رہے گی۔ ان میں سے پہلی گذشتہ صدی کی ابتدا میں اور دوسری اس کے خاتمہ میں تالیف ہوئی ہے۔ پہلی کا نام "باغ و بہار" ہے جو میر امن کی تصنیف ہے۔ دوسری کا نام "آبحیات" ہے۔ جو شمس العلماء مولنٰنا محمد حسین آزاد کی یادگار ہے۔ باغ و بہار میں زبان اور محاورہ کا لطف ہے۔ آبحیات ان خوبیوں کے علاوہ طرز ادا میں بانکپن۔ سلاست کے ساتھ رنگینی۔ بیان کی شیرینی۔ ترکیب و بندش کی خوشنمائی۔ زبان کے لطف اور نزاکتِ مضمون کی خصوصیات سے ممتاز ہے۔ مولنٰنا آزاد صاحبِ طرز ہیں۔ ان کی طرز نہ ان سے پہلے وجود میں آئی۔ اور نہ ان کے بعد کوئی اس کی تقلید کر سکا۔ فارسی میں ابوالفضل اور ظہوری کے مقلد پیدا ہو گئے۔ مگر آزاد کا ابھی تک کوئی مقلد پیدا نہیں ہوا۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ مولانا آزاد اپنے انداز کے آپ ہی موجد تھے۔ اور آپ ہی خاتم تھے۔ ان کی سادہ زبان ہلکی رنگینی کے ساتھ ترکیب پا کر اس بلا کی دلکش اور دلربا بن گئی ہے۔ کہ اس کے فقرہ فقرہ پر سحر و طلسم کا دھوکا ہوتا ہے توصیفی اور تشبیہی ترکیبوں سے جو حشو کے طور پر جملوں میں اضافہ کر دی جاتی ہیں۔ ادنیٰ سا فقرہ حسن و لطافت کی تصویر بن جاتا ہے۔ اس کتاب کے دیباچہ کا ابتدائی فقرہ ہے :۔

"آزاد ہندی نہاد کے بزرگ فارسی کو اپنی تیغِ زبان کا جوہر جانتے تھے"۔

اس فقرہ کے تجزیہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہندی نہاد ترکیب صفتی ہے۔ زبان کو تیغ کے ساتھ تشبیہ دے کر تیغ کا لازمہ جوہر لایا گیا۔ ان زوائد کو نکال دینے سے اصل جملہ یہ رہ جاتا ہے۔ "آزاد کے بزرگ فارسی کو اپنی زبان جانتے تھے" اس حالت میں یہ جملہ بالکل رُوکھا پھیکا معلوم ہوتا ہے۔ مگر صرف چند زوائد کے لانے سے جنہیں نفس مضمون سے کوئی تعلق نہیں سارا جملہ چمک اٹھا ہے اسی جملہ سے ایک سطر بعد یہ فقرہ آتا ہے۔ "اس ملک کی زبان ترقی کے قدم آگے بڑھا رہی ہے۔" جس میں اصل جملہ یُوں ہوگا۔ "اس ملک کی زبان ترقی کر رہی ہے۔" مگر "ترقی کے قدم آگے بڑھا رہی ہے" کے اضافہ کرنے سے جو حشو تقریباً ملک میں زبان زد عام بن گیا ہے۔ اصل جملہ بے حد دلکش بن گیا ہے۔ اسی قسم کی ایک عبارت یہاں نقل کی جاتی ہے۔ جس کی لطافتِ ادا اور حسنِ بیان تماماً اسی قسم کے حشویہ الفاظ اور فقرات کی مرہون منت ہے:۔

"کچھ ٹوٹا پھوٹا پتہ ملتا ہے تو زرتشت کے وقت سے ملتا ہے۔ جسے آج تخمیناً ۴۲ سو برس ہوئے۔ اس نورانی موحد نے شعلۂ آتش کے پردہ میں توحید کے مسئلہ کو رواج دیا۔ مذہب مذکور نے سلطنت کے بازوؤں سے زور پکڑا اور ایران سے نکل کر ۹ سو برس کے قریب اطراف وجوانب کو دباتا رہا یہاں تک کہ یونان سے سکندر طوفان کی طرح اُٹھا اور ایشیا کے امن و امان کو تہ و بالا کر دیا۔ جو مصیبت بُدھ کے ہاتھ سے بید شاستر پر پڑی تھی وہاں وہی مصیبت زند اُستا پر آئی۔ چنانچہ جس آگ نے زرتشت اور جاماسپ کے متبرک ہاتھوں سے آتشخانوں کو روشن کیا تھا۔ جس کے آگے گشتاسپ نے تاج اتار کر رکھا۔ جس کی درگاہ میں اسفندیار نے گرز اور تلوار چڑھائی۔ وہ یونان کے آبِ شمشیر سے بجھائی گئی اور آتش خانے راکھ ہو کر اُڑ گئے۔ افسوس یہ ہے کہ

ژندو پاژند کے ورق ورق برباد کئے گئے . . . . . وہ ایران جسے ہزاروں برس سے ملک گیری کے نشان سلامی اتارتے تھے اور تہذیب و شایستگی اس کے دربار میں سر جھکاتے تھے ۵۰۰ برس تک ظفریابوں کے قبضہ میں رہا اور ژند کی کتب مقدسہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر فنا کی گئیں۔ ۲۰۰ء میں پھر تنِ بے جان میں سانس آیا۔ اور ساسانیوں کی تلواروں میں قدیمی اقبال نے چمک دکھائی۔ ان بادشاہوں نے ملک و ملت کی قدامت کے ساتھ بجھے ہوئے مذہب کو بھی روشن کیا۔ گرے ہوئے آتشخانوں کو پھر اُٹھایا اور جہاں جہاں سے پھٹے پرانے اوراقِ پریشان ہاتھ آئے بہم پہنچائے۔ انہی کی کوششوں کی کمائی تھی۔ جو پھر ساڑھے چار سو برس بعد علم اسلام کے آگے قربانی ہوئی" ؁ ۱۱-۱۲

آبحیات کے واسطے ذخیرہ فراہم کرنے کے لئے بڑی تلاش و کاوش اور تحقیق و تفحص کرنی پڑی ہے۔ کتب تاریخ و تذکرۂ شعرا اور دیگر تالیفات سے قطع نظر اطراف ہند میں انہیں فضلائے وقت و اصحاب فن اور باکمال ذوقِ سخن رکھنے والوں کی خدمت میں التجانامے لکھنے پڑے۔ شعراء کے حالات کی بابت سوالات کئے۔ خوشامدیں کیں۔ یاددہانیاں کرائیں۔ برسوں خونِ جگر کھایا ہے اور محنت کا پسینہ پر کایا۔ تب کہیں آبحیات کی ہفتخوان طے ہوئی ہے یہ تالیف کم از کم سات سال کی کمائی ہے۔ جن لوگوں نے امداد کا ہاتھ دراز کیا ہے ان میں سے یہ لوگ قابل ذکر ہیں۔ میر مہدی حسن فراغ۔ جناب رغمی۔ سید احمد۔ میر علی حسن رشک۔ مولوی شریف حسین خان۔ آغا کلب عابد خاں۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ۔ نواب ضیاء الدین خان اور نواب علاء الدین خان والی لوہارو۔ ان میں سے اکثر کا ذکر خود مولٰنا نے آبحیات میں کر دیا ہے۔

یہاں میں دو خطوں کا ذکر مناسب سمجھتا ہوں۔ جو مولٰنا کو ان کے

استفسارات کے جواب میں وصول ہوئے ہیں۔ ان میں پہلا خط تو نواب علاء الدین خان مذکورالصدر کا ہے۔ جو مولانا کے سوالات کا جواب دے کر ان کو دو چار روز کے لئے لوہارو آنے کی دعوت دیتے ہیں۔ یہ خط ۲۸ر جون ۱۸۷۶ء کا لکھا ہوا ہے۔ فرماتے ہیں :-

"محبا! میں احباب کی خدمتگذاری کو عموماً حاضر ہوں۔ اور آپ کی اس مجور پرسی کا شاکر۔ جب کسی وقت کوئی کام ہو تو آپ ارقام فرمائیں۔ اس کا سرانجام میرے لئے سرمایۂ مسرت ہے۔ مگر اس معاملۂ خاص میں باہمہ بے بضاعتی میں بہت کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ اور یہ امر بے تلاقی ممکن نہیں۔ اگر آپ تصنیف کی تکمیل چاہتے ہیں۔ تو دو چار روز کے لئے مع اس تالیف شریف کے یہاں تک رنجہ فرمائیں۔ یہ امر نہ دشوار اور نہ آپ کو اس میں شاید جائے انکار ہو۔ ریواڑی سے لوہارو تک میرے ہاں کی سواریاں حاضر ہو سکتی ہیں اور لاہور سے ریواڑی تک ریل کی سبیل ہے۔"

نواب ممدوح اسی خط کی ابتدائی سطور میں منکسرانہ انداز میں لکھتے ہیں :-

"اگرچہ میں سرمایۂ علمی بہت کم رکھتا ہوں۔ الا ایسے امور کا نہایت شایق ہوں اور افسوس ہے۔ کہ وقت لکھنے اس تذکرہ کے میں آپ سے دور تھا۔ ورنہ آپ کو تاریخی حالات شعرا کی نسبت سوائے حالات مرزا اسد اللہ خاں غالب کے زیادہ تر امداد دی جاتی۔ کیونکہ میں نے اپنے والد سے بہت کچھ سنا ہے۔ میں ایک خاکستر ہوں اس خرمن سوختہ کا کہ جس کو آتش غدر ۱۸۵۷ء نے جلا دیا۔"

دوسرا غازی پور زمینہ (زمانیہ) کے رئیس مولوی محمد عظیم اللہ المتخلص بہ غمی کا ایک خط ہے۔ جو شیخ عبد اللہ امام بخش ناسخ کے حالات کا حامل ہے اور غالباً جون ۱۸۸۲ء کی آخری تاریخوں میں مرقوم ہوا ہوگا۔ غمی فرماتے ہیں :-

"عنایت نامۂ والا رقم زدۂ ۲۰ جون سنہ ۱۸۹۲ء ورود یافتہ ممتاز م ساخت ہر چند مکتوب سوئم سلسلہ وار ارسال خدمت ساختم۔ غالباً رسیدہ بملاحظۂ عالی گذشتہ باشد۔ وقعاً موقعہً آنچہ حالات استادی شیخ عبداللہ امام بخش ناسخ صاحب معلوم فقیر است و یاد می آید ہمہ رطب و یابس نگاشتہ بخدمت فیضدرجت ابلاغ می نمایم۔ پس خدا صفاء ودع ماکدر۔ ہر چہ در مزاج مقدس آید درج تذکرہ خواہند فرمود، و آنچہ مناسب اندراج نیست آنرا ترک خواہند فرمود۔ ضرور نیست کہ جملہ داخل تذکرہ شود"

آبحیات سنہ ۱۸۸۰ء میں پہلی مرتبہ شایع ہو کر ملک سے خراج تحسین وصول کرتی ہے۔ اس کی آمد سے ایک دھوم مچ گئی ہوگی۔ قدردانوں نے اشتیاق کے ہاتھوں سے لیا ہوگا اور شوق کی آنکھوں سے پڑھا ہوگا۔ اُردو کیا فارسی میں بھی اس انداز اور پایہ کی کوئی کتاب موجود نہیں تھی۔ جس میں اردو اور فارسی دونوں کا مزا موجود ہو۔ اس کی سادہ نثر۔ چھوٹے چھوٹے فقرے۔ ہلکی رنگ آمیزی۔ عبارت کا بانکپن۔ بیان کی شوخی۔ لطیفوں اور چٹکلوں کی بہتات۔ تاریخ میں افسانہ کا ڈھنگ اور نثر میں نظم کا لطف۔ ایسی خصوصیات تھیں جن سے دُنیا اس کی گرویدہ ہوگئی۔ افسوس ہے کہ اس جوشیلی پذیرائی کا جو ملک نے اس تالیف کو دی ہوگی ہمارے پاس کوئی تفصیلی بیان موجود نہیں۔ سرکاری رپورٹ کا خشک اعلان ان الفاظ میں ہے:۔

" ۹۲۲۔ وقایع عمری۔ اس صیغہ کی ۷ کتابوں میں سے ۵ کتابیں تو تصنیف ابتدائی تھیں اور ۲ کتابیں دوبارہ چھپیں۔ تصنیف ابتدائی میں سب سے مقدم کتاب موسوم بہ آبحیات جو مولوی محمد حسین پروفیسر عربی کالج (کذا) لاہور کی تصنیف ہے۔ جس میں تمام مشہور اردو شاعروں کی وقایع عمری درج ہے"

(صد ۳۹۹ رپورٹ مجموعی انتظام ممالک پنجاب وغیرہ بابت ۱۸۸۰-۸۱ء مطبع آفتاب پنجاب لاہور)

شکر ہے۔ کہ سرکاری رپورٹ نے آبحیات کو مقدم کتاب تو مان لیا ۔

میرا خیال ہے کہ یہ جلیل القدر تصنیف ۱۸۸۰ء کے آخری مہینوں میں اشاعت پاتی ہے۔ ۱۲ر فروری ۱۸۸۱ء کو اندور سے ایک صاحب دھرم نارائن نامی جو مولانا کے بے تکلف دوست معلوم ہوتے ہیں۔ آبحیات نہ بھیجنے کی شکایت اس رقعہ میں لکھتے ہیں :۔

"مولوی صاحب مکرم سلامت ۔ نیاز ۔ آپ اپنے تئیں بھلے ہی آزاد کہیں۔ مگر ہم آپ کا پیچھا کہاں چھوڑتے ہیں۔ منشی دین دیال صاحب آبحیات سے زندگی جاوید حاصل کریں اور راقم اس نعمت سے محروم رہے یہ کہاں کا انصاف ہے ؟ اگر شوق بڑھانے کے لئے یہ تغافل ہے تو اس ستم شعاری سے باز آیئے اور دل مشتاق کو زیادہ درد انتظار میں مبتلا نہ کیجے۔ بندہ ہر دم آپ کی عرائس فکر کا جلوہ انتظار رہتا ہے اور گو کہ صورت میں دور ہے مگر باطن میں دعائے خیر کے ساتھ ہر دم قریب۔ زیادہ اور کیا تکلیف دے ۔

دھرم نارائن از اندور

مورخہ ۲۱ ماہ فروری ۱۸۸۱ء"

خط کی طرز تحریر کے بے تکلفانہ انداز سے مفہوم ہوتا ہے کہ دھرم نارائن مولانا کے ہم جماعت ہونگے ۔ جب وہ دہلی میں تعلیم پا رہے تھے ۔ یہ دھرم نارائن غالباً پنڈت دھرم نارائن ہیں جو مولانا امام بخش صہبائی شہید کے شاگرد رشید ہیں۔ اور میر منشی ایجنٹی مالوا ہیں۔ ۱۸۶۳ء میں وہ اپنے استاد صہبائی کی ایک تالیف

قول فیصل، جو سراج الدین علی خان آرزوؔ کے رسالۂ تنبیہ الغافلین کا جواب ہے ۔ مطبع نظامی میں چھپواتے ہیں ۔ پنڈت جی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ صہبائی مع اپنے دونوں فرزندوں کے ۵۷ء میں فوت ہوئے ہیں ۔ آفرین ہے پنڈت جی کی استاد پرستی پر کہ سرکاری پولٹیکل خدمت پر سرفراز ہونے کے باوجود غدر سے پانچ سال بعد مرحوم کے فرزندان معنوی کو زندۂ جاوید بنانے کی کوشش میں مصروف ہیں ۔

خط میں منشی دین دیال کی طرف اشارہ ہے ۔ قیاس ہوتا ہے کہ منشی جی بھی مولانا کے ہم جماعت ہیں ۔ اس وقت اجنٹی بھوپال کے میر منشی ہیں اور دھرم نارائن کی طرح صہبائی کے شاگرد ۔ موصوف نے ۱۲۹۶ھ / ۱۸۷۹ میں مولانا صہبائی کا کلیات تین ضخیم جلدوں میں مطبع نظامی سے چھپوایا ہے ۔

آبحیات کی طبع دوم میں حضرت مصنّف کے بعض اشاروں سے واضح ہوتا ہے کہ اس پر تنقید بھی ہوئی ہے ۔ میر ضاحک کے متعلق جن کا تذکرہ طبع اول میں درج نہیں ہوا تھا ۔ بر سبیل معذرت فرماتے ہیں :-

"بیدرد بے انصاف کہ اصول فن سے بے خبر ہیں کیا جانیں ۔ انہیں اپنے مضامین اخباروں میں چمکانے کے لئے روشنائی ہاتھ آئی" ص ۱۵۸

مومن خاں کے حالات کی ابتدا میں تحریر ہوا ہے :-

"دنیا کے لوگوں نے اپنے اپنے حوصلہ کے بموجب جو چاہا سو کہا ۔ آزاد نے سب کی عنایتوں کو شکریہ کا دامن پھیلا کر لے لیا" ص ۴۴۴

ان تنقیدوں میں سے باوجود تلاش مجھے کسی کا سراغ نہیں ملا ۔ البتہ ایک ورق قابل ذکر ہے ۔ جو نواب ضیاء الدین خان بہادر کی تفصیلی تصحیح کا ایک حصہ معلوم ہوتا ہے ۔ جس میں آبحیات کی بعض غلطیاں بقید صفحہ و سطر

وغلط و صحیح درج نہیں۔ جو نسخہ نواب صاحب کے پیش نظر ہے۔ طبع اول ہے۔ وھو ہذا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۳ب	۱۰	سعادت یار خاں رنگین	رنگین سے دوستی تھی شاگرد نہ تھے بلکہ اکثر اپنی خوشی مرزا غالب کو اپنی غزلیں دکھالیا کرتے تھے ؛
ایضاً	برحاشیہ	اور عالم جان سمرقند کے	قاسم جان اور عالم جان اور عارف جان کے والد خواجہ عبدالرحمن "اس سطر کو کسی خیال کی بنا پر قلمزد کر دیا ہے ؛
ایضاً	ایضاً	بدلہ سلاطین چغتائی	بدلہ شاہ عالم بادشاہ
ایضاً	ایضاً	انہیں کے خاندان میں	عارف جان کے چار بیٹے تھے
ایضاً	ایضاً	بدلہ تین بھائی تھے	بدلہ چوتھے محمد علیخاں جو کہ جوانی میں لاولد فوت ہوتے ہیں ؛

"حاشیہ سارا اس طرح لکھنا چاہیئے"

"نواب قاسم جان اور عالم جان اور عارف جان بخارا کے معزز اور نامی خاندان سے تھے۔ اور اولاد خواجہ احمد لیسوی سے۔ شاہ عالم بادشاہ کے آخر عہد میں تینوں بھائی دہلی میں امرائے نامی میں داخل ہوئے۔ اول بخطاب خانی اور پھر قاسم جان کو خطاب شرف الدولہ سہراب جنگ و منصب ہفت ہزاری اور پرگنات لہوسہ و نوح وغیرہ جاگیر میں عطا ہوئے۔ اور عارف جان کے چار بیٹے تھے۔ نواب[۱] الٰہی بخش خاں۔ نواب[۲] احمد بخش خاں مرحوم۔ محمد علیخان[۳]

جوان لاولد فوت ہوئے۔ نواب الٰہی بخش خاں معروف۔ اور نواب احمد بخش خاں کے پوتے نواب علاء الدین خاں خلف اکبر نواب امین الدین خاں رئیس لوہارو"۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۷۶	۸	ان کی بی بی کے بھتیجے پوتے	بھانجے یعنی الٰہی بخش مرحوم کے نواسہ
۴۷۶	۱۰		عارف جوان مر گئے ۱۲۶۸ھ میں جس سال مومن و تسکین بھی فوت ہوئے مرزا سالک نے ان کی تاریخ کہی ہے ع ارم میں مومن و تسکین و عارف اور عارف نے دو ننھے ننھے بچے چھوڑے ۱۲
۴۷۶	۱۴		باقر علی خاں اور حسین علی خاں ان کا نام تھا۔ دونوں شعر لکھتے تھے۔ کامل اور شادان تخلص تھے۔ ان کے تھوڑے دن بعد دونوں جوان مر گئے
۴۶۷	۹	۱۰ ہزار	۵ ہزار جس میں ۳ ہزار مرزا نوشہ کے معہ برادر و عمہ وغیرہ ۲ خواجہ حاجی کے تھے"

اس موقعہ پر پہلا صفحہ ختم ہو جاتا ہے۔ اب ہم ان تبدیلیوں اور تصریحوں کی تلاش میں آبحیات کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ نسخۂ طبع اول جس پر نواب ضیاء الدین خان بہادر کی حاشیہ آرائی بنیاد پاتی ہے باوجود کمال تلاش و تجسس مجھے دستیاب نہ ہو سکا۔ میرے زیر نظر طبع دوم ۱۸۸۳ء کا نسخہ ہے جو وکٹوریہ پریس سے باہتمام

سید رجب علیشاہ شائع ہوا۔ طبع اول۔ ۱۰۵۰- طبع ثانی۔ ۲۱۰۰ قیمت فی جلد عہ۱ محصول ۳ر۱ طبع اول میں میر ضاحک اور مومن خاں کے حالات شامل نہ تھے۔ اس لئے اس کے صفحات کی تعداد کم تھی۔ اور طبع دوم میں بڑھ گئی۔
ص۴۳۲ سطر ۱۰ ہمارے اڈیشن کے ص۴۵۶ کے برابر ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مولانا نے سعادت یار خاں رنگین کے متعلق تصحیح قبول نہ کی مگر رنگین کا نام اصل عبارت سے خارج کر دیا۔

ص۴۷۶ س۵ ہمارے نسخے میں ص۵۲۳ سطر آخر کے مطابق ہے۔ مولانا نے بھتیجے کی جگہ بھانجے والے فقرے کی تصحیح قبول کر کے سارا فقرہ یوں بنا دیا۔
"ان کی بی بی کے بھانجے الٰہی بخش خاں مرحوم کے نواسے زین العابدین تھے۔ وہ بھی شعر کہا کرتے تھے اور عارف تخلص کرتے تھے۔ عارف جوان مر گئے۔"
لیکن س۱۰ کا اضافہ جو عارف کے سال وفات ۱۲۶۸ھ اور مصرع تاریخ وفات سے متعلق ہے نہیں مانا۔ کیونکہ ع ارم میں مومن و تسکین و عارف — سے ۱۳۸۰ اعداد برآمد ہوتے ہیں نہ سال مطلوبہ ۱۲۶۸ھ — فہرست ہندوستانی مخطوطات انڈیا آفس میں دیوان مومن نوشتہ ۱۲۵۴ھ ع۲۱۳ موجود ہے۔ اس کے خاتمہ میں کسی نے یہی مصرع برائے وفات مومن خاں بدیں اختلاف درج کیا ہے "ع ارم میں مومن و تسکین و عازم"۔ جس کے عدد ۱۴۰۷ بنتے ہیں اور یقیناً غلط ہے۔

میرے خیال میں عارف کے سال وفات ۱۲۶۸ھ کے واسطے ہمیں اس مصرع کو یوں پڑھنا چاہیئے ع ارم میں مومن و توحید و عارف — جس سے سال مطلوبہ درست برآمد ہوتا ہے۔ قصہ مختصر مولانا نے نواب صاحب کے

مصرع کو قبول نہ کرنے میں کافی احتیاط کا ثبوت دیا ہے۔ مگر سطر ۱۴ کے اضافہ کو جو عارف کے دونوں فرزند باقر علیخاں۔ حسین علیخاں اور ان کے تخلص 'کامل' اور 'شاداں' سے متعلق ہے۔ تسلیم نہ کرنا بظاہر غیر موجہ معلوم ہوتا ہے۔

ص ۴۶۷ سطر ۹-۱۰ اس موقع پر مرزا غالب کے خط سے جو اردوے معلّے میں آتا ہے ایک اقتباس دیا گیا ہے۔ جس میں یہ فقرہ آتا ہے:۔ "نو برس کا تھا کہ چچا مرا۔ اس کی جاگیر کے عوض میں میرے اور میرے شرکاے حقیقی کے واسطے شامل جاگیر نواب احمد بخش خاں ۱۰ ہزار سال مقرر ہوے۔ انہوں نے نہ دیے مگر تین ہزار روپیہ سال۔ ان میں سے خاص میری ذات کا حصّہ ساڑھے سات سو روپیہ سال فقط۔"

ہمارے نسخہ میں یہ عبارت ص ۵۱۶ سطر آخر سے شروع ہوتی ہے جس پر مولنٰنا نے یہ حاشیہ دیا ہے:۔

" اصل حال یہ ہے کہ جب مرزا نے اپنا دعوی کلکتہ میں پیش کیا تو سرکار نے اس کا فیصلہ سر جان مالکم صاحب گورنر بمبئی کو سپرد کیا۔ کیونکہ جب جاگیروں کی سندیں لکھی گئی تھیں تو وہ لارڈ لیک صاحب کمنڈر انچیف ہندوستان کے سکرٹری تھے اور انہیں کے دستخط سے اسناد جاری ہوے تھے۔ جب ان کے پاس یہ مقدمہ اور اس کے کاغذات پہنچے۔ تو انہوں نے کہا کہ مدعی غلط کہتا ہے۔ نواب احمد بخش خاں ہمارا قدیمی دوست تھا اور بڑا راست باز امیر تھا۔ اس پر یہ اتہام ضد سے کیا گیا ہے۔ ہم نے پانچ ہزار روپے سالانہ لکھا تھا۔ جس میں سے تین ہزار مدعی اور اس کے متوسلین کے لئے تھے اور دو ہزار خواجہ حاجی اور اس کے وارثوں کے نام تھے۔ پھر مرزا صاحب نے ولایت میں مرافعہ کیا۔ وہاں بھی کچھ نہ ہوا"

اس حاشیے کے خاتمہ میں مولنا تحریر فرماتے ہیں "بموجب تحقیق نواب ضیاء الدین خاں بہادر دام ظلہم العالی کے تحریر ہوا" اس بیان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ورق زیر مطالعہ نواب ضیاء الدین خاں کی طرف سے ہے ۔

معلوم ہوتا ہے۔ کہ نواب ضیاء الدین خان بہادر اپنے بزرگوں کے متعلق ص ۲۳۴ کے گذشتہ حاشیہ سے مطمئن نہیں ہیں۔ اس لئے اسی کاغذ کی پشت پر ایک اور لمبا نوٹ دیتے ہیں جو حسب ذیل ہے :-

"نواب قاسم جان و عالم بیگ خاں و عارف جان کے والد کا نام خواجہ عبدالرحمٰن تھا۔ جو کہ متوطن شہر بخارا اور اولاد خواجہ احمد یسوی سے تھے۔ وہاں سے بلخ میں آکر ساکن اور متاہل ہوئے۔ تینوں بیٹے ان کے وہیں پیدا ہوئے اور جب جوان ہوئے تو مع ایک جمعیت سوار و پیادہ قوم اوزبک وغیرہ سے جانب ہندوستان روانہ ہوئے۔ اول پنجاب میں پہنچے۔ جب کہ وہاں کا صوبہ معین الملک عرف میر منو ولد قمر الدین خاں وزیر تھا۔ میر منو کے ہاں عمدہ عہدہا پر مع جمعیت نوکر ہو گئے اور معرکہائے سکھاں میں کامیابی و ترقی حاصل کی۔ بعد مرنے صوبہ دار کے اور اختلال ملک پنجاب وہاں سے روانہ ہو کر بنا بر وصول لشکر سلطانی جانب بلاد شرقیہ گئے۔ اس وقت شاہ عالم بادشاہ بمقابلہ میرن صوبہ دار بنگالہ مصروف تھے۔ بعد ملازمت شاہی وہاں بھی کارہائے نمایاں کئے۔ جس کے جلدو میں اول خطاب ہائے خانی پائے اور پھر قاسم جان بخطاب شرف الدولہ و سہراب جنگ و منصب ہفت ہزاری مشرف ہوئے۔ اور بعد ہلاک میرن ہمراہ بادشاہ بلاد شرقیہ سے پایہ تخت دہلی میں آکر بعہد نواب نجف خاں تینوں بھائی سکونت پذیر شہر دہلی ہوئے ۔

نواب احمد بخش خان مرحوم نے بخدمت معتمدی ووکالت راو راجہ بختاور سنگھ والی ادور بہنگام فوجکشی لارڈ لیک بہادر لشکر سپہ سالار میں شامل ہوکر اکثر کارہای نمایاں اور خدمتگذاری گورنمنٹ انگریزی کی۔ لہذا ایک جاگیر سیر حاصل فیروز پور جھرکہ بجلدوی حسن خدمات ہاے اور پیشگاہ بادشاہ دہلی سے خطاب فخر الدولہ دلاور الملک رستم جنگ بوساطت رسیدنٹ دہلی حاصل کیا۔ اور ان کے چار بیٹے تھے۔ سب سے بڑے نواب شمس الدین خاں اور ان کا بھائی ابراہیم علی خاں جو بطن منکوحۂ غیر کفو سے تھے اور آخر الامر بحسب تقدیر جان و مال برباد کر چکے۔ اور دو چھوٹے بیٹے نواب امین الدین احمد خاں اور نواب ضیاء الدین احمد خاں جن کو نواب مرحوم علیحدہ ایک جاگیر عنایت کر گئے تھے۔ جو ریاست لوہارو کہلاتی ہے۔ اس پر قابض رہے بعد فوت نواب امین الدین خاں ان کے بڑے بیٹے نواب علاء الدین خاں ان کے قایم مقام ہوے۔ نواب ضیاء الدین خان بعد تحصیل علوم ضروری جب شعر و سخن کا شوق ہوا تو نظم و نثر میں مرزا غالب کے شاگرد ہوے۔ نیر تخلص کرتے ہیں اور احیاناً بتکلیف احباب کبھی اردو میں کوئی غزل لکھی تو رخشاں تخلص اس میں کیا۔

مرزا زین العابدین خاں عارف پسر کلان نواب غلام حسین خاں مسرور کہ اول شاہ نصیر کے شاگرد تھے اور بعد ازاں دونوں باپ بیٹے اپنی غزلیں مرزا غالب کو دکھا لیا کرتے اور آخر الذکر تو صاحب دیوان ضخیم اور بہت خوش فکر گذرا ہے"۔

اس نوٹ کو مولنا آزاد نے اپنے الفاظ میں طبع دوم کے صفحات ۴۵۶ - ۴۵۷ و ۴۵۸ پر مرقوم کیا ہے اور کہیں کہیں کمی بیشی بھی کی ہے۔

آبحیات شعر و شعرا پر ایک نہایت قیمتی خزانۂ معلومات ہے۔ بعد کے مصنفین پر اس کا بے حد اثر ہے۔ صفیر بلگرامی کا جلوۂ خضر اور منشی چرنجی لال کی تاریخ زبان اردو تو اس تالیف کے ابتدائی خوشہ چینوں میں شمار ہو سکتے ہیں۔ ان کے بعد درجنوں اور ہیں۔ مغربی مستشرقین جنہیں اردو زبان سے واسطہ رہتا ہے۔ اس کتاب کی خوبیوں کے معترف ہیں۔ اس سے بغاوت ایک تازہ واقعہ ہے۔ آبحیات میں حوالے دینے کا دستور التزام کے ساتھ عمل میں نہیں آیا۔ کہیں سند اتفاقیہ دے دی اور اکثر جگہ نہیں دی۔ اگرچہ اس کے اکثر بیانات کی سراغ رسانی کی جا سکتی ہے۔ ایک حصہ پھر بھی ایسا ہے۔ جس کے لئے مولانا کے پاس تحریری دستاویز موجود نہیں۔ اسی کی بنا پر مولانا زمانۂ مابعد میں بدنام بھی ہوئے۔ یہ غالباً وہ روایات ہیں جو قیام لکھنؤ کے زمانہ میں انہیں حاصل ہوئیں جدید کتابوں کی اشاعت اور جدید معلومات نے ان اطلاعات کو غلط ثابت کر دیا یا ان کی صحت میں شبہ پیدا کر دیا۔ ہمارے عہد کے متشککین نے نہایت سختی سے حضرت مولانا پر نکتہ چینی کی ہے۔ کسی نے کہا کہ صرف قصے کہانیوں پر بنیاد ہے۔ اس سے بھی تیز نشتر یہ کہ "قیاس کی بلند پروازی نے طوطے مینا بنا کر اڑائے ہیں"۔ مگر یہ بزرگ بھول گئے کہ آج سے ساٹھ سال قبل جب آبحیات تالیف ہوئی ہے۔ ذرائع معلومات نہایت محدود تھے۔ اس عرصے میں بیسیوں کتابیں روشنی میں آئیں اور انجمن ترقی اردو نے چھاپ دیں جو آزاد کے زمانہ میں عنقا کا حکم رکھتی تھیں اور ان تک حضرت مولانا کی رسائی نہیں ہوئی۔ باوجود اس کے جو تنوع اور یکجائی اطلاع آبحیات سے حاصل ہو سکتی ہے۔ دیگر تصانیف میں اس کا عشر عشیر بھی نظر نہیں آتا۔ اور آج بھی اس کے بغیر چارہ نہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ حکیم عبدالحی مصنف گل رعنا اور شیخ چاند مؤلف سودا جو مولانا کے

قابل نقاد ہیں۔ اگر ایک صفحہ پر آبحیات کی تنقید کر رہے ہیں تو دوسرے صفحہ پر اس سے حوالہ بھی دے رہے ہیں۔ آبحیات کے دوسرے نقاد ڈاکٹر مولنا عبدالحق اور مولنا حبیب الرحمٰن خاں شروانی ہیں جو نکات الشعرا اور ذکر میر کے سلسلہ میں اس کے بیانات کی تغلیط کر رہے ہیں۔ ۱۸۲۸ء کے رسالہ نگار میں آبحیات کی تنقید میں دو مضمون نکلے۔ مگر یہ مضامین زیادہ تر گل رعنا اور شعرالہند کا پرتو ہیں۔ فوق صاحب راقم سے فرماتے تھے کہ لکھنؤ سے آبحیات پر ایک تنقید گذشتہ صدی میں ایک رسالہ کی صورت میں شائع ہوئی تھی۔ نکات الشعرا اور ذکر میر کے چھپنے پر میر صاحب کے سلسلے میں مولنا بہت بدنام ہوے۔ مگر جب مجموعۂ نغز شایع ہوا تو دنیا کو صاف معلوم ہوگیا۔ کہ مولنا کے بیانات بے بنیاد نہ تھے ؛

راقم آبحیات کے تنقید نگاروں میں بادلِ ناخواستہ شامل ہوا ہے - یہ محض اتفاق ہے کہ میں غلط صف میں اپنے آپ کو کھڑا دیکھتا ہوں۔ اصل یہ ہے کہ جب سے میں نے ہوش سنبھالا۔ حضرت مولنا کی تصنیفات سے مجھ کو بیحد دل بستگی رہی ہے۔ بلکہ مولنا کے ساتھ میری عقیدت اس سے بھی قدیم ہے۔ اور وہ اسی وقت سے شروع ہوتی ہے۔ جب بچپنے میں مجھے ان کی پیاری تالیفات اردو کی پہلی۔ دوسری۔ تیسری اور چوتھی کے سامنے زانوے ادب تہ کرنا پڑا۔ آجکل کے بچے کس قدر بدنصیب ہیں جو ان غیر فانی کتابوں سے محروم کر دیئے گئے ہیں۔ بہرحال مولنا کے ساتھ میری عقیدت دائمی ہے اور مجھے بیحد افسوس ہے۔ کہ میں آج ان کے نکتہ چین کی حیثیت سے آپ لوگوں کے سامنے کھڑا ہوں میں اپنی اس گستاخ روی اور گستاخ تنقید کی ان کی روح سے معافی مانگتا ہوں۔

اگرچہ ندامت گویا ہے ع عذر تقصیر ہے تقصیر سے بدتر تقصیر

آبحیات پر سرسری نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شعرا کے تذکرہ میں حضرت مولانا نے رقابت اور مقابلے کے پہلو کو زیادہ نمایاں کیا ہے۔ سودا کو میر کا۔ مصحفی کو انشا کا۔ ناسخ کو آتش کا۔ ذوق کو غالب کا۔ دبیر کو انیس کا مدمقابل ٹھہرایا ہے۔ اس نقطۂ نظر سے داغ اور امیر مینائی کی شمولیت بہت مناسب ہوتی ÷

دور اول و دویم و سویم کے شعرا میں تقدیم و تاخیر واقع ہوئی ہے۔ آبرو۔ مضمون۔ ناجی۔ احسن۔ یکرنگ کو دورِ اوّل میں۔ شاہ حاتم۔ خان آرزو۔ اور فغان کو دور دویم میں۔ مظہر۔ سودا۔ ضاحک۔ میر درد۔ میر سوز اور میر تقی میر کو دور سویم میں جگہ دی ہے۔ یہ ترتیب اعتراض سے خالی نہیں۔ خان آرزو کہ بقول مولانا ' اہل اردو ان کے عیال ہیں ' دور دویم میں رکھے جاتے ہیں۔ اور ان کے شاگرد آبرو اور فغان دورۂ اول میں۔ حالانکہ خواہ بلحاظ عمر خواہ بلحاظ درجۂ استادی خان آرزو دونوں سے بڑے ہیں۔ اسی طرح مرزا مظہر جانجاں جو یکرنگ کے استاد ہیں۔ اور خود مولانا کو یہ استادی تسلیم ہے۔ اس کے باوجود شاگرد کو دور اول میں شامل کیا ہے اور استاد کو دور سوم میں رکھا ہے۔ اس سے احتمال ہوتا ہے کہ یہ دونوں نام ابتدائے آبحیات کی فہرست مشاہیر میں داخل نہیں تھے اور ان کا ادخال بعد از وقت ہوا ہے ÷

سطور آئندہ میں یہ تجویز مناسب ہوگی کہ سب سے پہلے آبحیات کی اصل عبارت بذیل ' قولہ ' درج کردوں اور اس کے بعد جو کچھ مجھے اس کے متعلق اعتراض یا حاشیہ آرائی کرنی ہے علیحدہ پیرے میں حوالۂ قلم کردوں۔ یہاں سے تنقید شروع ہوتی ہے ÷

صث " مدت دراز تک ایرین بھائیوں کے کاروبار ہندوستانی بھائیوں

کے ساتھ ساتھ چلے رہے ہوں گے۔ یہی سبب ہے کہ ایران کی تاریخ قدیم میں مہ آباد اور اس کے زمانہ کی تقسیم برہما کے زمانہ سے اور اس کے رسوم و قواعد سے مطابقت دکھاتی ہے اور چاروں برنوں کا برابر پتہ لگتا ہے"۔

ایران قدیم کی تاریخ میں مہ آباد اور اس کے سلسلہ کا کہیں ذکر نہیں آتا عربی اور فارسی مآخذ میں تاریخ ایران کا پہلا ورق پیشدادیوں کے تذکرہ سے کھلتا ہے۔ لیکن سترھویں صدی عیسوی میں صاحب دبستان المذاہب اور اس کے متبعین کا دعوے ہے کہ پیشدادیوں سے قبل چار سلسلے اور گذرے ہیں۔ جن میں سب سے مقدم مہ آبادی ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مہ آباد ایران کا سب سے پہلا پیغمبر اور بادشاہ ہے۔ جس پر کتاب مقدس دساتیر نازل ہوئی - یہ کتاب پندرہ صحیفوں کا مجموعہ ہے اور ہر صحیفہ ایک مخصوص پیغمبر کی طرف منسوب ہے۔ مہ آباد کے بعد تیرہ پیغمبر اور آئے اور سب کے سب آباد کہلائے اور مذہب مہ آباد کے مویدا ور حامی رہے۔ ان کے بعد ان کی اولاد میں سے چودہ پیغمبر پشت بر پشت اور پیدا ہوئے۔ آخری پیغمبر کا نام آباد آزاد تھا۔ مہ آبادیوں کے بعد 'جیان' ہوئے [ان میں سر سلسلہ جی افرام آباد آزاد تھا۔ جو پہاڑوں میں یزداں پرستی میں مشغول تھا۔ خلق اللہ کی درخواست پر آبادی میں آکر ان کا بادشاہ اور پیغمبر بنا] اس طبقہ کا خاتم 'جیان جی آلاد' تھا [ان کا زمانہ ایک 'اسپار' سال کیوانی تھا] اب شائیوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ [جن میں پہلا شخص 'شای کلیو بن جی آباد' تھا۔ شائیوں کا زمانہ ایک 'شمار' سال بیان کیا گیا ہے] اس طبقے کے آخری پیغمبر بادشاہ کا نام 'شای مہبول' تھا۔ ان سے پیچھے یاسانیوں کی باری آتی ہے۔ جو یاسان کی طرف منسوب ہیں۔ یاسانی بھی مہ آباد کے پیرو تھے۔ اور دساتیر پر ایمان رکھتے تھے [ان کی مدت تو 'سلام'

سال اور ' یاسان آجام ' ان کا آخری بادشاہ ہے ؛ سلسلۂ پنجم گل شائی ہیں ۔ یہ وہی ہیں جنہیں عام تاریخوں میں پیشدادی کہا جاتا ہے ۔

(اجمل التواریخ صـ۲۔۶ از رضا قلی خاں ہدایت ۔ تبریز ۱۲۸۳ھ)

لیکن دساتیر نہ صرف ایک مجہول تالیف ہے بلکہ اس کی زبان بھی مجہول ہے اور بیانات خیالی ہیں ۔ یہ کتاب یورپ میں تو انیسویں صدی عیسوی کی ابتدا ہی میں بے اصل تسلیم کر لی گئی تھی جب فرانس اور انگلستان میں اوستا کی اصلیت اور دساتیر کی مجہولیت کے متعلق زبردست بحث چھڑ گئی تھی ۔ انگلستان میں سر ولیم جونز بانی ایشیاٹک سوسائٹی بنگال عرصہ تک دساتیر کی صداقت پر ایمان رکھتے رہے ۔ آخر ان کو شکست ہوئی ۔ ہندوستان اور ایران میں دساتیر کا جادو دیر تک چلتا رہا ۔ بلکہ اب بھی اس کے معتقدین شاید موجود ہوں ۔ خان آرزو سے لے کر گذشتہ صدی کے اکثر فضلا جن میں صہبائی ۔ مرزا غالب اور ان کے تلامذہ شامل ہیں ۔ دساتیر کے ماننے والے ہیں ۔ مولانا نجف علی خاں نے اس کی شرح بنام ' سفرنگ دساتیر ' شائع کی ہے ۔ ' دری کشا ' بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے رضا قلی خاں ہدایت صاحب انجمن آرای ناصری بھی اس کے حلقہ بگوشوں میں شامل ہیں ۔ مولانا محمد عمر سابق پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور اپنے ایک رسالے اختر تاباں میں اس جعلی تالیف اور اس کے مبینہ مہ آبادی عہد کا تذکرہ پورے یقین کے ساتھ کر رہے ہیں ۔ الغرض دساتیر ایک سراب تھا ۔ جس کے پیچھے ہم دیر تک دوڑتے رہے ۔

صـ۱۴۱ قولہ :۔ " جب ۱۱۹۳ئہ میں شہاب الدین غوری نے رائے پتھورا پر فتح پائی تو چند کوی (ایک نامی شاعر) نے پرتھی راج راسا لکھا ۔"

اس رائے کے اظہار میں مولانا بابو شیو پرشاد کے ایک لیکچر کے زیر اثر

معلوم ہوتے ہیں جو ۱۸۶۸ء میں زیر عنوان 'کچھ بیان اپنی زبان کا' بنارس انسٹیٹیوٹ میں پڑھا جا کر ۱۸۶۹ء میں چھپا تھا۔ کبیر۔ جائسی۔ تلسی داس سورداس وغیرہم کے سلسلہ میں بھی اس لیکچر کا اثر آبحیات پر معلوم ہوتا ہے لیکن مولنا کے بیانات بابو کے بیانات کے مقابلہ میں بڑی حد تک ترقی یافتہ مدلل اور مفصل ہیں۔ مثلاً بابو شیو پرشاد نے کبیر کا نمونۂ کلام حسب ذیل دیا ہے:-

چھوڑ بدبخت تو فہر کی نظر کوں کھوج دل بیچ جہاں بستَ حقاً
عجب دیدار ہے عجب محبوب ہے کرن کارن جہاں سَبَد سچّا
کھڑے در ڈھونڈو دوس درگاہ ہیں خبر اور مہر موجود مکاّ
ذکر کر فکر دور دفعے کر کہے کبیر ایہہ سخن پکاّ

مولنا نے اس میں عربی فارسی الفاظ کی کثیر تعداد کے علاوہ جو کبیر کے عہد میں بعید معلوم ہوتی ہے۔ اس نمونہ کو جدید رنگ کا پا کر رد کر دیا اور ذیل کا دوہرہ درج کیا جو ہر قسم کے شبہ سے بری مانا جا سکتا ہے:-

کبیر سر پر سرا ہے کیوں سوئے سکھ چین
کوچ نگارا سانس کا باجت ہے دن رین

لیکن راسا کے متعلق مولنا کی رائے وہی ہے جو گذشتہ صدی میں اکثر علماء کی تھی۔ مغربی مصنفین نے اس کتاب کو غیر مستحقانہ عزت دی۔ ٹاڈ نے اس کے مواد پر اپنی تاریخ راجستان کی بنیاد ڈالی۔ گرووز۔ بیمز اور ہرنلے لسانی نقطۂ نظر سے اس کو نہایت اہم ماخذ سمجھتے رہے۔ گریرسن اس کی شاعرانہ محاسن کا افسانہ خواں ہے۔ اس کی گونا گوں اہمیت کا اندازہ کر کے ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نے اس کی طباعت شروع کر دی اور ایک تہائی حصہ شایع

بھی کر دیا۔ ۱۸۸۶ء میں کوی راج شیامل داس جی نے راسا کی مجہولیت کے حق میں آواز بلند کی۔ اس کا جواب بحمایت راسا موہن لال وشنولال پنڈیا نے دیا۔ ۱۸۹۳ء میں ڈاکٹر بیولر نے کشمیر سے ایک نئی دریافت شدہ تالیف پرتھی راج وجے نامی کی بنا پر راسا کی اصلیت سے صریح انکار کر دیا۔ چنانچہ موصوف کے مشورہ پر سوسائٹی نے اس کی طباعت بند کر دی۔ ادھر مسٹر سیام سندر داس سکریٹری ناگری پرچارنی سبھا نے راسا کی حمایت میں ۱۹۰۰ء میں بظاہر ایک مدلل تبصرہ لکھا جس سے اس کے مغربی معتقدین میں حوصلہ کے آثار پیدا ہونے لگے۔ جس کی صدائے بازگشت رائل ایشیاٹک سوسائٹی کے رسالہ میں (بابت ۱۹۰۶ء) اور ونسنٹ اسمتھ کی تاریخ ہندوستان میں نظر آتی ہے۔ ۱۹۲۸ء میں ر۔ ر۔ ا۔ س، شاخ بمبئی میں (جلد سوم) ر۔ ر بلد رنائب کیوریٹر راجپوتانہ میوزیم اجمیر نے راسا کی تاریخوں کی عالمانہ انداز میں تغلیط ثابت کی۔ اسی سال ناگری پرچارنی پتر کا جلد نہم میں پنڈت رامچندر نے ایک اور مضمون راسا کی مخالفت میں سپرد قلم کیا۔ ۱۹۲۹ء میں اسی رسالہ میں ایک اور سیر حاصل مضمون رائے بہادر پنڈت گوری شنکر اوجھا کے قلم سے نکلا۔ جس میں ہر پہلو سے راسا کی تغلیط و تردید کی گئی ہے۔ راقم نے مسلمانی نقطۂ نظر سے اس کی تنقید میں ایک سلسلۂ مضامین لکھا ہے۔ جو اورینٹل کالج میگزین کے مختلف نمبروں میں (یعنے مئی ۱۹۳۴ء۔ اگست و نومبر ۱۹۳۵ء۔ اگست و نومبر ۱۹۳۶ء۔ فروری۔ مئی۔ اگست و نومبر ۱۹۳۷ء فروری و اگست ۱۹۳۸ء) شایع ہوا ہے۔

یہ داستانی تالیف جو مغلوں کے عہد میں کسی بے اصول بھاٹ نے ذاتی جلب منفعت کے خیال سے راجپوتانہ کے کسی راجہ کو اپنے دام تزویر میں

لانے کی امید میں لکھی تھی۔ مغرب کے بڑے بڑے علماء کو جن کے نام تاریخ ولسانیات میں ادب سے لئے جاتے ہیں کامل طور پر گمراہ کرنے میں کامیاب ہوئی۔ آج بھی اس کا طلسم ٹوٹا نہیں ہے اور مدرسوں کے تاریخی کورسوں میں ہندو قومی رزمیہ کی حیثیت سے اس کو نمایاں جگہ دی جاتی ہے۔ ونسنٹ اسمتھ کی تاریخ قدیم ہندوستان میں جو ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں ایک مقبول نصاب ہے۔ اس کی اصلیت کو تسلیم کیا گیا ہے ٭

قولہ :۔ رفتہ رفتہ شاہجہان کے زمانہ میں کہ اقبال تیموری کا آفتاب عین اوج پر تھا۔ شہر اور شہر پناہ تعمیر ہو کر نئی دلی دارالخلافہ ہوئی۔ بادشاہ اور ارکان دولت زیادہ تر وہاں رہنے لگے۔ اہل سیف۔ اہل قلم۔ اہل حرفہ اور تجّار وغیرہ ملک ملک اور شہر شہر کے آدمی ایک جگہ جمع ہوئے۔ ترکی میں اردو بازار لشکر کو کہتے ہیں اردوئے شاہی اور دربار میں ملے جلے الفاظ زیادہ بولتے تھے۔ وہاں کی بولی کا نام اردو ہو گیا۔ اسے فقط شاہجہان کا اقبال کہنا چاہیئے کہ یہ زبان خاص و عام میں اس کے اردو کی طرف منسوب مشہور ہو گئی"۔

(ص ۲۰ آبحیات)

یہاں مولٰنا آزاد اس کوشش میں ہیں کہ شاہجہان آباد کی تعمیر کے ساتھ ساتھ جو ۱۰۵۸ھ میں وقوع میں آتی ہے اردو کا سنگ بنیاد رکھیں مگر یہ زبان اس تاریخ سے بہت قدیم ہے۔ اس کا تلفظ۔ لہجہ اور محاورہ آٹھویں صدی ہجری کے اختتام سے پہلے ایک معیاری پایہ کو پہنچ چکا ہے۔ جس سے دہلوی اور غیر دہلوی کی شناخت ممکن ہو جاتی ہے۔ ناصر الدین محمد شاہ ۷۹۲ھ و ۷۹۵ھ اپنے باپ فیروز شاہ کے غلاموں سے جو زیادہ تر پورب اور بنگالہ کے رہنے والے تھے اور امور سلطنت میں دخیل ہو کر بادشاہ گر بن چکے تھے

تنگ آکر دہلی سے ان کے اخراج کا حکم نافذ کرتا ہے۔ اور شہر سے نکل جانے کے لئے تین دن کی مہلت دیتا ہے۔ یہ غلام شہر نہیں چھوڑتے اور اپنے آپ کو اصیل ظاہر کر کے شہر ہی میں رہ جاتے ہیں۔ آخر محمد شاہ اصلی اور نقلی دہلوی کی شناخت کے لئے ان سے ایک لفظ "کھرا کھری" کہلواتا ہے۔ اس امتحان سے یہ غلام دہلویوں سے بآسانی شناخت کر لئے گئے اور اپنی سزا کو پہنچے۔ مورخ فرشتہ کے الفاظ ہیں :۔

بیشترے از ایشان درین سہ روز از شہر بدر رفتند و آنہا کہ نرفتند بدست افتادہ بقتل رسیدند و بعضے از ترس جان میگفتند کہ ما اصیلیم۔ ناصر الدین محمد شاہ فرمود کہ ہر کہ از شما کھرا کھری گوید اصیل است و چون بطوریکہ بادشاہ میخواست تلفظ نمی توانستند نمود و بزبان پورب و بنگالہ ادا میکردند کشتہ می شدند۔ چنانکہ بسیاری از مردم پورب کہ اصیل بودند و زبان ایشان خوب نمی گشت نیز بقتل رسیدہ" (ص ۲۷۶ جلد اول تاریخ فرشتہ طبع پونہ)

یہی روایت تاریخ مبارک شاہی میں یوں مرقوم ہے :۔

" بیشتر بندگان مخذول بعد سیوم روز در دست شاہزادہ آمدہ اند۔ ہر یکی میگفتند کہ ما اصیلیم۔ شاہزادہ فرمود۔ ہر کہ از شما "کھرا کھری کرجنا" گوید او اصیل است سبب آن بیشتری ہندوستانیان ناچیز شدند و بندگان فیروز شاہی علف تیغ گشتند۔" (ص ۱۵۰ تاریخ مبارکشاہی طبع ایشیاٹک سوسائٹی سنہ ۱۹۳۱ء م

[یہاں ہم دیکھتے ہیں۔ کہ زبان کا معیار قایم ہو چکا ہے۔ جس سے دہلوی اور پوربی یا بنگالی بآسانی پہچانے جا سکتے ہیں۔ شیخ باجن متوفی سنہ ۹۱۲ھ باوجودیکہ گجراتی ہیں دہلی کی زبان سے واقف ہیں اور اسے اسی نام سے یاد کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک مختصر نظم کا عنوان ان کی تصنیف میں یوں آتا ہے :۔

" صفت دنیا بزبان دہلوی گفتہ "۔ جس کی ابتدا ہے :-

یہ فتنی کیا کسے یہ ملتی ہے جب ملتی ہے تب چھلتی ہے

ایک اور موقعہ پر اصحاب صفہ کے ذکر میں شیخ باجن فرماتے ہیں :- "مناقب حضرت الیشان بزبان دہلوی نبشتہ شدہ است " یہی نہیں بلکہ حضرت امیر خسرو متوفی سنہ ۷۲۵ھ اور ابوالفضل ہندوستان کی زبانوں کے ذکر میں اسکو زبان دہلی کے نام سے یاد کرتے ہیں - بہرحال شاہجہان کی نئی دہلی کی تعمیر کے ساتھ مولٰنا کا اس زبان کو وابستہ کرنا بے بنیاد معلوم ہوتا ہے ۔

مولٰنا کا یہ بیان کہ اردو زبان شاہجہان کے اردو کی طرف منسوب ہے ثبوت کا محتاج ہے ۔ کیونکہ شاہجہانی عہد میں اردو پر زبان کے معنے کا اطلاق نہیں ہو رہا ۔ ہمارے بزرگوں کے اذہان میں یہ تخیل نہایت خوش آیند معلوم ہوتا ہے ۔ کہ نئے شہر کی تعمیر کے ساتھ ساتھ نئی زبان کی ترویج بھی عمل میں آئی ہو حالانکہ زبان کی نسبت شہر کے ساتھ ہے نہ شاہجہان کے ساتھ ۔ جب تک شہر کا نام دہلی تھا وہاں کی زبان زبان دہلی کہلائی ۔ جب اس کا نام شاہجہان آباد رکھا گیا ۔ زبان کا نام بھی شہر کی نسبت سے قدرتاً زبان شاہجہان آباد ہو گیا ۔ اسی طرح اردو کو بازار لشکر کہنا محل تامل ہے ۔ اگرچہ مولٰنا سر سید اور میر امن کی تقلید میں ایسا فرما رہے ہیں لیکن زبان کے تعلق میں اردو بمعنی لشکر زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے ۔ زبان کے معنوں میں اردو کا سب سے قدیم استعمال سراج الدین علی خان آرزو متوفی سنہ ۱۱۶۹ھ کے ہاں ملتا ہے ۔ نوادر الالفاظ میں جو ان کی قدیم تالیفات سے ہے اس لفظ کی کئی مثالیں ملتی ہیں ۔ مثلاً ایک موقعہ پر لکھتے ہیں :-

" رجواڑہ بدین معنی اصطلاح شاہجہان آباد است بلکہ اہل اردو است کہ

این قسم اماکن اکثر در لشکر را جہا می باشند"۔

دوسرے موقعہ پر گزک کے سلسلے میں کہتے ہیں :۔

"لیکن گزک باصطلاح اہل اردو نوعی است از شیرینی کہ از کنجد و شکر سازند"

ایک اور جگہ فرماتے ہیں :۔

"نکتورہ در عرف اردو وغیرہ معنی حرف ناز و غرور است"۔

ایک مثال یہ ہے :۔

"لیکن ہڑپھنا بزبان اردو اہل شہرہا نیست۔ شاید زبان قریات و مواضع باشد و بدین معنی نگلنا شہرت دارد"۔

ان چاروں فقروں میں اصطلاح شاہجہان آباد، اصطلاح اہل اردو، عرف اردو، زبان اردو اہل شہرہا سے مراد یہی زبان ہے۔ میر تقی میر زبان اردوی معلیٰ، شاہجہان آباد دہلی' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں :۔

"پوشیدہ نماند کہ در فن ریختہ کہ شعریست بزبان اردوی معلیٰ شاہجہان آباد دہلی' کتابی تاحال تصنیف نشدہ کہ احوال شاعران این فن بصفحۂ روزگار بماند۔"

نظم کی مثالیں مصحفی کے کلام سے :۔

البتہ مصحفی کو ہے ریختہ میں دعوی　　　یعنی کہ ہے زباندان اردو کی وہ زباں کا

(دیگر)

خدا رکھے زباں ہم نے سنی ہے میر و مرزا کی　　　کہیں کس منہ سے ہم اے مصحفی اردو ہماری ہے

اور محشر شاگرد میر درد ؎

گفتگو اردو زباں ہیں کوئی ہم سے سیکھ جائے
کیا ہوا دہلی میں محشر اپنی پیدائش نہیں

ص۱۸ قولہ :- سولہویں صدی عیسوی شیر شاہی عہد میں ملک محمد جائسی ایک شاعر ہوا۔ اس نے پدماوت کی داستان نظم کی "

پدماوت جس کا اصل نسخہ بخط مصنف بہاولپور کے سرکاری کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ ۹۴۷ھ/۱۵۴۰ء و ۹۵۲ھ/۱۵۴۵ء کے مابین کسی وقت تصنیف ہوتی ہے۔ اور شیر شاہ کے نام پر منسوب ہے۔ چنانچہ

سیر ساہ دہلی سلطانوں   چارہوں کھنڈ تپے جس بھانوں

محمد جائسی کی یہ ادبی یادگار پوربی زبان میں کوئی تنہا مثال نہیں ہے بلکہ اس سے قبل بھی مسلمان مصنفین اس تحریک میں حصہ لیتے رہے ہیں جائسی سے بیس پچیس سال پہلے قطبن ایک عشقیہ افسانہ مرگاوتی تالیف کرتا ہے۔ جس میں چندرگیری کے راج کنوار اور کنچن نگر کی شہزادی کی داستانِ عشق نظم ہوئی ہے۔ مرگاوتی علاء الدین حسین شاہ والی بنگالہ ۸۹۹ھ/۱۴۹۳ء و ۹۲۵ھ/۱۵۱۸ء کے عہد میں لکھی جاتی ہے۔ شاعر اسکے واسطے لکھتا ہے :-

ساہ حسین آہے بڑ راجا   چھتر سنگاسن ان کو ساجا
پنڈت اوبدھ ونت سیانا   پڑھے پوران ارتھ سب جانا

قطبن کے مرشد شیخ بڈھن ہیں جن کے حق میں وہ لکھتا ہے :-

شیخ بڈھن ساچا پیرو   نام لیت سدھ ہووے سریرو

ان دونوں تالیفوں سے زیادہ قدیم اور نادر ایک اور عشقیہ نظم ہے جو اسی علاقہ اور اسی زبان میں پندرھویں صدی عیسوی میں لکھی جاتی ہے۔ اس کے متعلق میری معلومات نہایت ناقص ہے۔ حتے کہ مصنف کا نام تک معلوم

نہیں ۔ میں نے اس کتاب کے پچاسی ورق دیکھے جن میں ایک طرف پورے صفحہ پر دکنی طرز کی تصویر اور دوسری طرف بے مثل خط نسخ میں کھلے کھلے اشعار لکھے ہوئے ۔ اور خط ثلث میں بزبان فارسی سرخیاں ۔ سب سے زیادہ قابل افسوس یہ امر تھا کہ تصاویر کی خاطر سے تصویر دار اوراق نکال کر کتاب کو ہمیشہ کے لئے تلف کر دیا گیا ۔ مختلف سرخیوں سے اس قدر اندازہ ہوتا ہے کہ پوری کتاب کافی ضخیم ہوگی اور اس میں چار سو پانسو کے قریب اوراق ہوں گے ۔ کتاب اگرچہ اودھ کے علاقہ میں تالیف ہوتی ہے مگر ایسا مکلف نسخہ دکن کے سوا اور کہیں طیار نہیں ہو سکتا ۔

اس نامعلوم کتاب کا دیباچہ ملک الامراملک مبارک ابن ملک بیان مقطع شق دلمئو کی مدح سے مزین ہے ۔ ایک سرخی میں کسی امیر مسعود کا نام نظر آتا ہے یعنے " آمدان امیر مسعود نزدیک بتخانہ واستقبال آمدن خلق کیفیت باز نمودن " یہ امیر مسعود کون ہیں ۔ میں نہیں جانتا ۔ اکثر سرخیاں غلط فارسی میں لکھی ہیں جیسا کہ دکنی کا دستور ہے ۔

اس نظم میں لورک اور چاندا کی عشقبازی کا افسانہ مرقوم ہے ۔ مگر قصہ کے پلاٹ کا اندازہ ان منتشر اوراق سے نہیں لگایا جا سکتا ۔ بعض سرخیاں یہ ہیں :-

" ایضاً فی التوحید آفریدگار و صنعتہای عالم دنیاوی " ۔ " باز آمدن راو جھیتم از شکار و پرسیدن حجام را " ۔ " آمدند گردون کشان رو کرنکا و پرسیدند برائے چاندا " " عاشق شدن چاندا بمجرد دیدن لورکہ " ۔ " گفتن لورک از پیش رائے کرنکا احوال خود را " ۔ " نام و نیشانی خیلخانۂ لورک گفتن سرجن پیش لورک را " " شیرین زبانی نمودن راو روپ چند رسولان را

وسلسلہ جنبانیدن زوجاندا طلبیدن "۔" دست بریدن بارکواتیان وشور کردن زکواتیان پیش کرنکا "۔" درروز رفتن مینان فروختن شیر وشناختن لورک طلب کردن وپرسیدن "۔" دشمن نمودن لورک درخت باکررا بریدن خواست برائے سوختن جاندارا "۔" خبر کرد حجاب مرلورک ..... کسی زبان دادہ آمدہ است باز بیرون آمد "۔" دادن راوسواران وپیادگان اولورک تاکو دررسانیدہ آیند "۔

ان سرخیوں میں کئی اور نام ملتے ہیں مثلاً سرجن - بربست کھیلن - باون - برمادر - دیوہان وغیرہ - کتاب میں ایک بارہ ماسہ بھی شامل ہے - ماہ ساون واساڑھ اور بیساکھ کی سرخیاں علحدہ علحدہ آتی ہیں - ماہ بیساکھ کابیان اس شعر سے شروع ہوتا ہے :-

مانجہ اب آیو بیساکھو مدن بھونک نمانیں ساکھو

ص ۱۶ قولہ :- امیر خسرو جو کہ ۷۲۵ھ / ۱۳۲۵ء میں فوت ہوئے - ان کی ایک غزل نظم اردو کی تاریخ میں دیکھو جس کا پہلا مصرع ہے

ع زحال مسکین مکن تغافل ورائے نیناں بنائے بتیاں

اس سے تمہیں کچھ کچھ حال اس وقت کی زبان کا بھی معلوم ہوگا "

مجھے بسبب کثرت شہرت اس غزل کے نقل کرنے کی یہاں ضرورت نہیں - بارہویں صدی ہجری میں یہ ریختہ بالعموم حضرت امیر خسرو کی طرف منسوب ہے - سب سے قدیم سند پرتاب سنگھ ابن حکومت رائے کی ہے - جو اپنی بیاض منقولۂ سنہ ۹ جلوس محمد شاہی = ۱۱۳۹ھ / ۱۷۲۶ء میں یہ غزل امیر کی طرف منسوب کر رہا ہے - مگر شاہجہان کے عہد کی ایک اور بیاض کی رو سے - جس کو ۱۰۶۲ھ / ۱۶۵۱ء و ۱۰۶۷ھ / ۱۶۵۶ء میں جمیل نخار ملیا کرتا ہے اور جس میں بعض نامعلوم

ریختے بھی درج ہیں۔ یہ ریختہ کسی شخص جعفر کی ملک بتایا گیا ہے۔ ریختۂ ہذا کا وزن جدید ہے نہ قدیم۔ اہل عروض کا بیان ہے کہ رودکی نے اس کے مربع وزن میں دو بیت لکھے ہیں ؎

گل بہاری بت تتاری   نبیذ داری چرا نیاری

لیکن اس وزن کے مثمن میں جس شخص نے پہلی مرتبہ قصیدہ لکھا۔ وہ خواجہ عصمت اللہ بخاری متوفی ۸۲۹ھ (۱۴۲۶) ہیں۔ اس قصیدہ کا مطلع ہے :۔

زہی دو چشمت بخون مردم کشادہ تیر و کشیدہ خنجر
رخ چو ماہت صباح دولت خط سیاہت شب معنبر

اس سے ظاہر ہے کہ مفاعلاتن مثمن ایک مستحدث وزن ہے جو امیر خسرو اور ان کے عہد سے قبل رائج نہیں۔ جب فارسی میں یہ وزن رائج نہیں تو ہندی میں اس کا موجود ہونا اور بھی ناقابل قبول ہو جاتا ہے۔ جو لوگ اس ریختہ کو امیر کی طرف منسوب کرتے ہیں ان کی توجہ اس کے وزن کے مستحدث ہونے کی طرف منعطف نہیں ہوئی۔ میں تفصیلاً اس کے متعلق رسالہ اورینٹل کالج میگزین (بابت ماہ مئی ۱۹۳۹ء) میں بحث کر چکا ہوں۔

ص۳۵ قولہ :۔ "عروض فارسی نے پہلا قدم ہندوستان میں رکھا۔"

گویا مولانا کی رائے میں مذکورۂ بالا غزل کی بنا پر ہندی زبان میں فارسی عروضی اوزان کا استعمال امیر خسرو کے عہد سے شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ امر واقعہ نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس عہد سے دو ڈھائی صدی بعد تک فارسی اوزان ہندی میں رائج نہیں ہوئے تھے۔ البتہ جمالی کے بعض ریختے ان اوزان میں ہیں مگر یہ شاہ علیجیو گام دھنی متوفی ۹۷۳ھ کا دیوان ہے۔ جس میں شاید پہلی مرتبہ بحر ہزج و بحر رجز مربع لائی گئی ہیں۔

مثال ہزج :-

نبولو بول کچھ کاچو جو لاگے پیارتم سانچو تمنہ بھی اینو ہی ناچو

مثال رجز مربع :-

یہ جیو تو رہتا نہیں ہور من دو کھ سہتا نہیں
کو جائے پیو کہتا نہیں رسے بھائیو ہوں سوں کہ دل

ایک فارسی وزن جو قدیم زمانہ سے ہندی میں مقبول ہے مضارع اخرب مثمن مفعولُ فاعلاتن مفعولُ فاعلاتن ہے۔ ہندی والے اس وزن کو ریختہ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ بعض ریختہ کبیر کی طرف بھی منسوب ہیں۔ ہندی اوزان کی کوتاہ دامنی کی بنا پر مسلمان ہندی کے میدان میں فارسی عروضی اوزان کے اختیار کرنے پر مجبور ہوئے۔ چنانچہ محمد قلی قطب شاہ ۹۸۹ھ و ۱۰۲۰ھ نے سب سے اوّل اپنا کلیات فارسی اوزان کے مطابق مرتب کیا۔

(باقی دارد) محمود شیرانی

ابن الفوطی۔ مؤرخ العراق

عنوان بالا کے ساتھ ایک مختصر مضمون عربی کے پندرہ روزہ سالہ[1] المستمع العربی میں جو برٹش براڈ کاسٹنگ کورپوریشن کی طرف سے لنڈن سے شایع ہوتا ہے چھاپا گیا ہے۔ مضمون مذکور میں استاد محمد رضا الشبیبی (وزیر معارف عراق) کے ایک لیکچر پر تبصرہ ہے۔ جو انھوں نے گذشتہ سال بغداد میں اہل علم کے ایک جلسے میں ابن الفوطی پر دیا اور بعد میں اسے ایک رسالے کی شکل میں شایع کیا۔ لیکچر میں انھوں نے ابن الفوطی کے حالات زندگی اور تصانیف کو بیان کیا ہے اور تبصرہ کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس میں سب وہی باتیں بیان ہوئی ہیں۔ جن کو میں اپنے مضمون بہ عنوان "علامہ ابن الفوطی" میں جو مئی ۱۹۳۵ء کے اورینٹل کالج میگزین میں شایع ہوا تھا لکھ چکا ہوں ؎

لیکچر مذکور میں ابن الفوطی کی سینکڑوں کتابوں کے تلف ہو جانے پر اظہار افسوس کیا گیا ہے اور پھر کہا ہے کہ ان میں سے اس وقت صرف "الحوادث الجامعة" باقی ہے۔ جو حال ہی میں بغداد میں چھاپی گئی ہے یا ایک اور کتاب "تلخیص مجمع الآداب" کی ایک جلد ہے جو مصنف کی خود نوشتہ ہے۔ اور دار الکتب الظاہریہ (دمشق) میں محفوظ ہے ؎

---

[1] مورخہ ۲۱ فروری ۱۹۴۱ء ؎

افسوس ہے۔ کہ اردو کی مطبوعات اور رسالے نہ ہندوستان سے
باہر پڑھے اور سمجھے جاتے ہیں اور نہ انہیں کوئی اہمیت دی جاتی ہے۔
ہیں نے اپنے مضمون میں نہ صرف ابن الفوطی کے حالات زندگی اور تصانیف
کے متعلق پوری تفصیلات دے دی تھیں۔ بلکہ بعض ایسی باتیں بھی لکھی تھیں
و لیکچرر مذکور کے علم میں نہیں ہیں۔ مثلاً ایک اطلاع میں نے یہ دی تھی۔ کہ
لخیص مجمع الآداب کی ایک اور جلد بھی موجود ہے۔ جو مصنف کی
ردنوشتہ ہے۔ اور جو اس وقت محترمی پرنسپل محمد شفیع صاحب کے کتابخانے
ں ہے۔ الحوادث الجامعہ پر میں نے ایک مضمون فروری ۱۹۳۹ء
کے اورینٹل کالج میگزین میں لکھا تھا۔ جس میں میں نے ثابت کیا تھا۔ کہ یہ
اب نہ ابن الفوطی کی تصنیف ہے اور نہ وہ الحوادث الجامعہ ہے
ن بظاہر ان میں سے کوئی بات فاضل لیکچرر کے نوٹس میں نہیں آئی۔

ابن الفوطی تو خیر اتنی بڑی شہرت کے مالک نہیں ہیں۔ کہ ان پر لکھے
ئے مضامین کو لوگ خاطر میں لائیں۔ افسوس یہ ہے۔ کہ اردو کے و
ضامین بھی جو ادبی نظریوں میں انقلاب پیدا کرنے والے تھے۔ اہل علم کی
ے اعتنائی اور تغافل کی بدولت سپردِ نسیان ہو چکے ہیں۔ اب سے بیس برس
لے زبان اردو کے نامور محقق پروفیسر شیرانی نے رسالہ اردو میں اس قسم کے
امین لکھ کر نرالے اور نئے نظریے پیش کئے اور ان کو پایۂ ثبوت تک
بایا۔ مثلاً ایک مضمون میں انہوں نے حتمی طور پر یہ ثابت کیا تھا کہ مثنوی
ف وزلیخا فردوسی کی تصنیف نہیں ہے اور نہ سلطان محمود کی ہجو اس کی
یف ہے۔ مضامین مذکور کو پڑھ کر ان کے نظریے کی صداقت میں کوئی شک

ں وقت وہ بالتساط اورینٹل کالج میگزین میں چھپ رہی ہے۔

باقی نہیں رہ جاتا۔ لیکن ابھی تک یورپ اور ایران میں فردوسی کے سوانح نگار ان مضامین کی کامل لاعلمی میں وہی پرانا عقیدہ دہرائے چلے جا رہے ہیں۔ کہ شاہنامہ ختم کرنے کے بعد اس نے یوسف و زلیخا لکھی اور غزنی سے چلتے وقت سلطان کی ہجو کہی۔ اس قسم کی پچاسوں مثالیں اور ہیں۔ اگر یہی مضامین انگریزی میں لکھے جاتے تو دُنیا بھر میں ان کی اشاعت ہو جاتی ۰

محمد اقبال

شرفاً ومجداً يا بني الاقساسي ... بالطاهر بن الطاهر الاغراس
.... قطب الدين مولانا الذي ... ملك الورى باللطف والايناس
مولى اذا لاذ الفقير ببابه ... امنت يداه سطوة الافلاس

منها :-

جُبلت قلوب العالمين محبةً ... فكأنما ارتضعوا هواه بكاس

(٥١٦) مجد الدين ابو الفضل محمّد بن تاج الدين ابي الغنائم محمّد بن فخر الدين ابي عليّ يحيى بن هبة الله العلويّ الحسينيّ الفقيه

(٥١٧) مجد الدين ابو عليّ محمّد بن ابي الفرج محمّد بن يعقوب الجُلاجُليّ التبريزيّ الفقيه

قرأت بخطه :-

هو الحرّ اخلاقاً وبرّاً وشيمةً ... وعقلاً وخير القوم من اوتي العقلا
تراه طليقاً وجهه متهلّلاً ... كأنّ صقيلاً في عوارضه يجلى

(٥١٨) مجد الدين محمّد بن شرف الدولة - اسمه سالم ابن عليّ بن حسّان بن علم بن مسافر المنصوريّ البغداديّ المتأدّب

لمّا رجع الحجّاج صحبة والدة الامام المستعصم بالله سنة اثنتين واربعين وستمائة ،

نظم مجد الدين بن مسافر :-

لقد عمّ آفاق البلاد سرورٌ ... وصحّت امانٍ للورى ونذورٌ

---

[1] قال ياقوت : جُلاجِل جبل من جبال الدهناء ، وامّا توضيح النسبة المذكورة ههنا فلا نستطيعه ؛

فی ابیات[1]؛

(۵۱۹) مجد الدین ابو الحامد **محمّد بن مسعود** بن الحسن الخوارزمی الجعفری الادیب

کان من الائمّة المعدودین والافراد المشهورین روی عنه شہاب الدین محمّد بن ابی بکر بن ابی اللیث الداودی[2]، روی لنا عنه شیخنا العلّامة الکامل برهان الدین محمّد بن محمّد النسفی؛

(۵۲۰) مجد الدین ابو عبد الله **محمّد بن مسعود** ابن عبد الله الزیادی القاضی

کان من القضاة العلماء، وکان حافظاً لنکت الاخبار ونُتَف الاثار، من ذلک: قال عمر بن عبد العزیز لرجلٍ اغضبه: والله لولا انّک اغضبتنی لعاقبتُک؛ وقال: سبّ رجلٌ رجلاً بحضرة الحسن فلمّا فرغ قام المسبوب وهو یمسح العَرَق عن وجهه، ویقرأ "وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِکَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ[3]" فقال الحسن: عقلها والله وفهمها اذ ضیّعها الجاهلون؛

(۵۲۱) مجد الدین ابو سعد **محمّد بن ابی المفاخر** یُعرف بغُرّ الخالدی التبریزی الامیر الرئیس

---

[1] هراۃ، ولایة واسعة مجاورة لولایت لبست والغور؛ [2] المتوفی سنة ۷۸۶ھ؛ راجع لترجمته تاریخ العراق (۱: ۳۲۳)؛ [3] سورة الشوری (۴۲) الاٰیة (۴۳)؛

كان اميرًا زاهدًا كريم النفس شريف الهمّة محبًّا للعلم والعلماء، انشأ مدرسةً جميلةً مجاورةً جامع تبريز، ولها الى الجامع ابواب مفتّحة وقفها على اصحاب الامام الشافعيّ وسكنها جماعة من الفقهاء المحصّلين وكنت قد رأيتها وسكنتها ايّامًا، وانفذ لى كسوةً و دراهم على يد مدرّسها اصيل الدين النخجوانيّ، ومجد الدين هو جدّ نصير الدين بن سعد الدين بن مجد الدين وسيأتى ذكره ان شاء الله العزيز؛

(٥٢٢) مجد الدين ابو عبد الله محمّد بن ابى العزّ منصور بن جميل الجُبّيُّ صاحب المخزن

ذكره محبّ الدين محمّد بن النجّار فى تاريخه، و قال: ولد بالجُبّة من اعمال هِيْت، وقدم بغداد وقرأ بها الادب حتّى برع فى النحو واللغة والحساب وكان مقبول الشكل، مدح الامام الناصر، ورتّب كاتبًا فى ديوان الزكات ثمّ ولّى صدريّة المخزن سنة خمس وستّمائة، و كان كاتبًا بليغًا مليح الخطّ غزير الفضل، كتبت شعره فى كتاب نظم الدرر الناصعة وتوفّى فى منتصف شعبان سنة ستّ عشرة وستّمائة؛

(٥٢٣) مجد الدين ابو مهدى محمّد بن مهدى بن عمير البا ذبينيّ[1] المحدّث

---

[1] باذبين بلدة كبيرة تحت واسط؛

كان شيخاً متواضعاً كثير العبادة والمعروف، واسند عن عائشة رضى الله عنها قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اطلبوا الخير - او قال: العرف - عند حسان الوجوه؛ قال الزهري: ان النبي صلى الله عليه وسلم ما غنى الصباحة وركن عنى التهلل عند قضاء الحاجة، وانشد:-

وجهك الوجه لو يسال به المزن من الحسن والجمال استهلا

وانشد:-

دل على معروفه وجهه ... بورك هذا هاديا من دليل

(٤٢/٥٢) مجد الدين ابو عبد الله محمد بن ميكائيل ابن احمد بن راشد بن الحسن الموصلي الفقيه الفرضي كان من ادباء الزمان وعلمائه وفقهاء العصر وفضلائه، تأدب على الشيخ شمس الدين ابن الخباز النحوي[1] وقرأ الاصول على كمال الدين موسى بن يونس، واجاز لنا من الموصل على يد رفيقنا شمس الدين ابي العلاء الفرضي البخاري، وانشد له تقي الدين علي بن ابي العلاء بن ابي غالب البلدي في كتاب اخبار الادباء[2]:

وبلدة سوء بها حاكم ... يطول العناء لتقصيره

اذا اخطأ الشرع في حكمه ... تداركه بمعاذيره

---

[1] هو احمد بن الحسين المتوفى سنة ٦٣٠هـ؛ وترجمته في بغية الوعاة ص ١٣١؛

[2] في كشف الظنون (١:٦٠) ذكر اخبار الادباء لابن الساعي فحسب؛

يزيد ثراءً على نقصه كما زيد الاسم بتصغيره

وتوفى[1] فى شوّال سنة ثمانين وستّمائة، ودفن فى قبر[2] ابن الخبّاز ظاهر باب العمادى، ومولده فى المحرّم سنة الاثنتين وستّمائة،

(٥٢٥) مجد الدين ابو عبد الله محمّد بن ناصر بن محمّد العثمانى الكاسانى[3] السيّد بلاقى[4] الفقيه [٩٨٦ / ٩٥٨]

ذكره صاحبنا شمس الدين ابو العلاء الفرضى البخارى، وقال: كان رجلاً فاضلاً عالماً، سمعت بقراءته على الشيخ العلّامة فخر الدين ابى عبد الله محمّد[5] ابن محمّد بن الياس المايمرغى فى شهر ربيع الآخر سنة سبعين وستّمائة بالمدرسة المقنداتيّة بمحلّة كلاباذ من مدينة بخارا؛

(٥٢٦) مجد الدين ابو عبد الله محمّد بن هبة الله بن عبد الله بن ترجم الحسينى النقيب

من بيت السيادة والنقابة والفضل والعبادة، قرأت بخطّه،

---

[1] كذا ذكره السيوطى ايضًا فى ترجمة مختصرة له فى البغية (ص ١٠٩)

[2] يريد مدفنه؛ [3] كاسان مدينة كبيرة فى اوّل بلاد تركستان؛ معجم البلدان (٤ : ٢٢٧)

[4] لم نقف على ما يوضح النسبة بعد. [5] محمد بن محمد بن الياس المايمرغى منسوب الى مايمرغ قرية كبيرة على طريق بخارا، وهو تلميذ الكردرى، ذكره عبد القادر القرشى فى الجواهر المضيئة (٢ : ١١٥) ومولانا عبد الحى فى الفوائد البهيّة (ص ١٨٦)؛

قال : دخل السَّرِيُّ[1] الموصلي مجلس رجلٍ جليل من بني العبّاس ، وقد امر بضرب خادمٍ له فانشدهٗ :-

اذا عُصِيتَ فلا تعجل بسيّئةٍ ... فالعفو شأنكم يا آل عبّاسِ

وكُن صفوحًا فانّ الصفح منقبةٌ ... اذكى من الورد غبّ القطر والآسِ

فانّما الحمد منّا والثواب غدًا ... لكاظم الغيظ والعافي عن الناسِ

فعفا عنه ؛

٥٢٧) مجد الدين ابو الفضائل محمّد بن هبة الله ابن محمّد بن طلحة الواسطيّ المعدّل

كان من العدول الثقات العارفين بمقادير الناس ، وكان يحفظ الكتاب الذي كتبه المنصور الى عمّه عبد الله بن عليّ ، ومنه : امّا بعد فانّي نظرت في امرك وما ركبت من نفسك ورحمك وخاصّتك وعامّتك (كذا) فلم اجد لذلك مثل مدافعة قطيعتك بالصلة ومباعدتك بالمقاربة وكثرة ذنوبك بقلّة التثريب ووجدت ذلك ادب الله وامره فانّه قال : اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ[2]

٥٢٨) مجد الدين ابو الحسن محمّد بن يحيى بن الحسين بن عبد الكريم العجلي الكرجيّ ـ نزيل قزوين ـ الفقيه الاديب

---

[1] هو سريّ بن احمد الرفّاء الموصليّ المتوفّى في سنة نيف وستّين وثلثمائة ، انظر ترجمته في الوفيات (١ : ٢٠١ ـ ٢٠٢) وذيل بروكلمن (١ : ١٤٤) والمصادر التي ذكرها ؛

[2] سورة حٰمٓ السجدة (٤١) الآية ٣٤ ؛

شيخ فاضل عالم كامل، قدم بغداد ايام الصاحب صدر الدين[1] احمد بن عبد الرزاق الخالدي سنة ثمان وتسعين و ستمائة، ودخل الى خزانة كتب المدرسة المستنصرية[2] وكتب لي الاجازة بجميع مسموعاته ومروياته، ورأيت له في مدائح الصاحب السعيد سعد الدين محمد[3] ابن علي الساوجي هذه القصيدة :—

ياسعد انك اهل الفضل والكرم	افضت نعماك في الدنيا على الامم
العدل نور ونور الخلق ظلمتهم	قبيل نورك كان الناس في الظلم
لا تحرمن امرءً احاجاته عرضت	عليك، قم بامور الناس واغتنم
ان ابتليت بشيء انت تكرهه	فثق برب قدير بارئ النسم

توفي في شعبان سنة اربع وسبعمائة، ومولده في شعبان سنة ثلاث عشرة وستمائة؛

(٥٢٩) **مجد الدين** ابو الفضل محمد بن يحيى بن صدقة البغدادي الكاتب.

كان من اكابر الكتاب وافاضلهم، اشتغل في صباه بالعلوم الادبية على شيخنا رضي الدين محمد بن الحسن الصغاني، وله رسائل واشعار، وهو من بيت الوزارة والتقدم والرياسة، روى لنا عنه شيخنا مجد الدين الفضل بن يحيى الطيبي الكاتب، وانشد في له :—

---

[1] المتوفى سنة ٦٩٩ م؛ وترجمته في دستور الوزراء لخواند امير ص ٣٠٥-٣١٢، [3] المقتول سنة ٧١١ م؛ انظر تاريخ العراق (١: ٤٢٣)، [2] تقدم ذكره في الترجمة ٢٨١ ايضاً؛

[انی لاقنع بالیسیر تعففا   منی وازهد فی الکثیر ترفعا]

وکانت وفاته سنة احدی وسبعین وستمائة، ومولده سنة تسع وستمائة ؛

(۵۳۰) مجد الشرف ابو عبد الله محمد بن یحیی ابن عبد الله العلوی الکوفی النقیب

من السادات النقباء، قرأت بخطه :-

ورب اشارة عدت کلاما   وصوت لا یعد من الکلام

(۵۳۱) مجد الدین ابو الفتح محمد بن تاج الدین ابی منصور یحیی بن المظفر بن مجد الدین عمر[1] النقیب العلوی الاشتری الکاتب

ذکره شیخنا جمال الدین ابن المهنا فی المشجر، و قال : حفظ القرآن الکریم فی صباه وتأدب وتمیز وتصرف فی الاعمال الدیوانیة، ثم تاب عن اعمال الدیوان وعکف علی الزهادة والصلاح وقراءة القرآن، وکان یلوح علیه سیماء الشرف وقاعدة السلف، وهو عذب المفاکهة حلو المذاکرة، وعنده کرم وفضل ومروة ؛

(۵۳۲) مجد الدین ابو العز محمد بن زین الدین یوسف بن محمد بن عبد الحمید المالکی القزوینی القاضی

من البیت المعروف بالقضاء والحکم والمعرفة والعلم، قرأت بخطه : قال النبی صلی الله علیه وسلم : اِتقوا

---

[1] بیاض بالاصل ونقلناه مما تقدم ثم تقدم ذکر مجد الدین عمر فی الترجمة ۱۱۳ ؛

فراسة المؤمن فانّه ينظر بنور الله ، ثمّ قرأ :
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ[1] ؛ وفى رواية : احذروا
دعوة المؤمن وفراسته فانّه ينظر بنور الله وبتوفيق
الله ؛

(۵۳۳) مجد الدين ابوطاهر محمود بن احمد بن عبد المحسن الطبرستانيّ الفقيه

كان من الفقهاء العلماء ، والادباء الفضلاء المعروفين
بالمعارف الدينيّة والتفسير ، وحفظ الاخبار والآثار
والتذكير ؛ انشد فى مجلس له :-

اذا كان دونى من بُليتُ بجهله
ابيتُ لنفسى ان اُقابل بالجهل
وان كان مثلى فى محلّى من النهى
اخذت بحلمى كى اُجَلّ عن المثل
وان كنت ادنى منه فى الفضل والحجى
عرفت له حقّ التقدّم والفضل

(۵۳۴) مجد الدين ابوبكر محمود بن اسماعيل بن حامد بن كاكله الكاكليّ الارد بيليّ القاضى

(۵۳۵) مجد الدين ابوالثناء محمود بن اسماعيل بن محمود البيضاوىّ الفقيه

كان فقيهًا عابدًا عارفًا بعلم التفسير ، قال فى قوله تعالىٰ

---

[1] سورة الحجر (۱۵) الآية (۷۵) ؛

"وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ" اِنّ المخلوق يرزق واذا سخط قطع رزقه، والخالق تعالىٰ يرزق ويسخط فلا يقطع الرزق، ويقول عزّمن قائل: وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْئٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ[1]

(۵۳۶) مجد الدين ابومنصور محمود بن ابى بكر ابن ابى القاسم التُسْتَرِىُّ الخطيب [95 b / 96 a]

من خطبة له: والحمد لله الذى بوّأ امير المؤمنين مبوّأ انبيائه الطاهرين من الخلافة التى قادت الى طاعته قياد كُلّ مُضمِرٍ عِناده ومُسِرٍّ خلافه واحلّه من شرف الامامة المكرّمة محلاً تخرّ لعزّته الجبال سجّدًا، وتدين له الانام طاعةً وتعبّدًا، وحازله من ميراث النبوّة فخرًا جذبته اليه جواذب شرفه و نزاعه وازمّة ارتياحه واطلاعه، حتّى ادرك من ذلك مناه والقى للاستقرار الّذى لا يريم عصاه؛

(۵۳۷) مجد الدين ابوسعد محمود بن ابى الفتوح ابن زرقان التبريزىُّ

۱۸ س ۱۰ - محمد بن سعد کذا ذکره المصنف وقال فی ترجمة موفق الدین داوود انه محمد بن ابی سعید، وفی موضع آخر من الکتاب انه محمد بن ابی سعد، واللّٰه اعلم ای ذلک اصح؛

۱۸ س ۵ - مجد الدین ابوطاهر ابراهیم ذکره المصنف فی کتاب المیم وقال انه ابراهیم بن محمد بن عبد اللّٰه، وفی هذا بعض اختلاف لما ذکره ههنا، واللّٰه اعلم، وکانت وفاته سنة ۶۰۷ھ؛

انظر مجمع الآداب (ورق ٩٧ ب ٩٨ الف)؛

ص ١٨٤ س ١٣ - لمّا تكلّم الناس لهذه الوقعة ذكر في الحوادث الجامعة (ص ٢٥٠ بما بعدها) وملخصها انّ الامير سيف الدين على بن قيران ادّعى عند الوزير انه رأى الخطيب شمس الدين المذكور على حالة منكرة مع رجال ونساء، فاعتذر، فقبل الديوان عذره ولم يقبله الناس، فتقصّصوا عن رجل من الخطباء مرجّح على الخطيب المذكور، واستقام الامر على عبد الله بن العباس هذا؛

ص ١٨٥ س ١ - صدر الدين بن النيّار هو شيخ الشيوخ على بن محمد النيّار كان يلقّب اوّلاً شمس الدين وكان مؤدّب اولاد الخليفة المستنصر بالله وخلع عليه مرّتين فلمّا تولّى الخلافة المستعصم ولّاه مشيخة الشيوخ وعند ذلك صار لقبه صدر الدين، وتوفى مقتولاً مذبوحاً كما تذبح الشاة في وقعة التتار سنة ٦٥٦ هـ، انظر الحوادث الجامعة صفحات ٣٢ و٧١ و٨٠ و١٢٣ و١٧٠ و٢١٠ و٢٨٣ و٢٨٦ و٣٢٨؛

ص ١٨٥ س ٧ - رشيد الدين محمد بن ابى القاسم هو ابو عبد الله محمد بن عبد الله بن عمر بن ابى القاسم البغدادى الحنبلى المقرئ المحدّث الصوفى الكاتب، ولد في ذى القعدة سنة ٦٢٣ هـ وتوفى ببغداد سنة ٧٠٧، انظر ترجمته في الدرر الكامنة ج ٤ ص ١٥٠ وتاريخ العراق ج ١ ص ٤١٠ والشذرات ج ٦ ص ١٥؛

ص ١٨٥ س ٨ - ابو بكر محمد بن مسعود بن بهروز توفى في رمضان سنة ٦٣٥ هـ انظر ترجمته في الشذرات ج ٥ ص ١٧٤؛

ص ١٨٦ س ٩ - السغناقى لم نجد باسم السغناق موضعاً ولعلّه من اعلام

الرجال کما فی تاریخ العراق ج۱ ص ۱۱۱ ، فیشتبہ ان ارادتہ بالنسبۃ الی السغناق النسبۃ الی واحد من الاجداد ؛

ص ۱۸۹ س ۱ - عبداللہ بن محمد بن نصر ہو ابن قوام عبداللہ بن محمد بن نصر بن قوام بن وہب الرصافی ثم الدمشقی ، مات فجأۃً فی ذی القعدۃ سنۃ ۷۱۵ھ ، انظر ترجمتہ فی الشذرات ج ۵ ص ۳۰ بما بعدہا و ذیل تذکرۃ الحفاظ لابی المحاسن الدمشقی ص ۲۹ ؛

ص ۱۸۹ س ۱۲ - جمال الدین یاقوت المستعصمی کان کاتباً شہیراً و ادیباً عالماً و کان قد اشتراہ الخلیفۃ المستعصم صغیراً و ربی بدار الخلافۃ و اعتنی بتعلیمہ الخط صفی الدین عبدالمؤمن وخطی عند علاء الدین عطا ملک صاحب الدیوان - توفی سنۃ ۶۹۸ھ و ترجمتہ مبسوطۃ فی تاریخ العراق ج۱ ص ۳۸۳ و الشذرات ج۵ ص ۴۴۳ والحوادث الجامعۃ ص ۵۰۰ ؛

ص ۱۹۲ س ۱ - ابراہیم بن محمد بن نبہان کان شہیراً لروایۃ الجمع بین الصحیحین للحمیدی توفی سنۃ ۵۲۳ھ عن اربع وثمانین سنۃ ، ر : الکامل ج ۱۱ ص ۶۲ ؛

ص ۱۹۳ س ۱۲ المبارک بن المبارک المعروف بالوجیہ الدہان ، کان ادیباً نحویاً توفی سنۃ ۶۱۲ھ ، ر : لترجمتہ تاریخ الکامل ج ۱۲ ص ۱۳۳ و بغیۃ الوعاۃ ص ۳۸۵ و الشذرات ج۵ ص ۵۳ و دائرۃ المعارف للبستانی ج۱ ص ۲۸۱ بما بعدہا و الوفیات ج ۱ ص ۵۶۲ ؛

ص ۱۹۴ س ۱۰ - عبدالرحمن بن صالح ہو ابو محمد و ابو الفتوح الزعفری

الثعلبي النحوي، توفي في حبس صاحب ماردين كما ذكره المصنف وترجمته في بغية الوعاة ص ٢٩٨ والشذرات ج ٥ ص ٢٥ وفيه شعر له غير ما ذكره المصنف؛

ص ١٩٤ س ١٢ - عمر بن الخضر بن اللمش بن الدزمش، انظر تاريخ الآداب العربية لبروكلمن ج ١ ص ٣٣٣ و ذيله ج ١ ص ٥٦٩ وفهرست مكتبة برلين ج ٩ ص ٣٣٤؛

ص ١٩٥ س ٣ - عبد الرحمن بن عبد السلام كان اقضى القضاة ثم رتب قاضي القضاة سنة ٦٣٣ هـ وولي تدريس الطائفة الحنفية بالمدرسة المستنصرية سنة ٦٣٥ هـ، له ذكر في الحوادث الجامعة في مواضع متفرقة (انظر الصفحات ٨٣ و ٩٢ و ١٠٠ و ١٠٢ و ١٥٧ و ١٦١ و ١٦٧ و ٢١٧ و ٢١٨ و ٢٦٢ و ٢٨٤) وفي السلوك (ص ٢٨٢) تصديق لما ذكره المصنف انه توفي سنة ٦٤٩ هـ؛

ص ١٩٧ س ١١ - كمال الدين ابو البركات عبد الرحمن يعرف بابن الانباري وترجمته مبسوطة في الوفيات ج ١ ص ٣٥٠ و الشذرات ج ٤ ص ٢٥٨ وطبقات الشافعية ج ٤ ص ٢٤٨ وتاريخ الكامل ج ١١ ص ٢١٥ ودائرة المعارف الاسلامية ج ١ ص ٣٤٩ والمصادر التي ذكرها في تاريخ الآداب العربية لبروكلمن ج ١ ص ٢٨١ وذيله ج ١ ص ٤٩٤ وما بعدها، ذكر عدد من تصانيفه؛

ص ١٩٨ س ١٠ - ابن ابي الدنيا ولد سنة ٢٠٨ هـ وتوفي في ١٤ جمادى الثانية سنة ٢٨١ هـ، انظر فوات الوفيات ج ١ ص ٢٣١ ودائرة المعارف الاسلامية ج ٢ ص ٣٥٥؛

ص ۱۹۹ س ۴ - نجم الدین البادرائی ، نظر ترجمته فی الحوادث الجامعة ص ۳۲۲ ایضاً ؛

ص ۲۰۱ س - عبد الرحمن بن یحیی له ترجمة مبسوطة فی الحوادث الجامعة ص ۴۲۱ بما بعدها (حوادث سنة ۶۸۲ھ) و ذکر انفاذه فی الرسالة الی دمشق وحبسه من غیر ذکر وفاته و مفاد ما ذکره ان اباه کان مملوکاً رومیاً للمستعصم ، وجعل هو من فراشی السدة - ثم اسر فی الواقعة وتزهّد بعدها فعرف بالشیخ وتعلّم الکیمیاء من عز الدین ایبک ذزدار العمادیة بالموصل وسار معه الی السلطان اباقا واظهر له عجائب ظنّها کرامات فزاد اعتقاده فیها ، ثم اتصل بالسلطان احمد و حسّن له الاسلام فاسلم السلطان ووعده بانتقال الملک الیه ، ولما ارسله الی سلطان الشام عرف حاله والحلم علی بالمنه فامر بحبسه من غیر ان یجتمع به ، وذکر ایضاً ابن العماد فی الشذرات حوادث سنة ۶۸۳ھ وذکر وفاته ؛

ص ۲۰۳ س ۱ - کمال الدین عبد الرحیم بن محمد یعرف بعبد الرحیم بن یاسین ، له ترجمة مختصرة فی طبقات الشافعیة للسبکی ج ۵ ص ۷۰ ، ووقع ذکره استطراداً فی الحوادث الجامعة ص ۸۵ بما بعدها ؛

ص ۲۰۳ س ۱۳ - کمال الدین عبد الرزاق له ذکر فی هفت اقلیم ص ۲۵۶ بما بعدها و معجم المطبوعات العربیة عمود ۱۵۴۱ - ۱۵۴۲ وذکر کتابیه المطبوعین اصطلاحات الصوفیة ورسالة فی القضاء والقدر ؛

ص ٢٠٤ س ١١ - عبد السيّد بن المحسن بن محاسن الصرصري

(نسبة الى صرصر قرية على فرسخين من بغداد) لم اجد احداً ذكره وقد ذكر صاحب تاريخ العراق رجلين ينسبان الى صرصر احدهما بهاء الدين حسن بن محاسن المتوفى سنة ٦٧٧ھ والثانى ظهير الدين محمّد بن المحسن بن عبد الرحمن بن عبد السيّد بن محاسن المتوفى سنة ٧٠٢ھ (انظر ج ١ ص ٢٩٤ و ٣٠٥ من تاريخ العراق) ولا يبعد ان يكون صاحبنا نسيباً لهما؛

ص ٢٠٦ س ٩ - ابو بكر محمّد بن عبد الله الخ توفى سنة

٥٣٠ھ ذكره ابن الاثير فى الكامل ج ١١ ص ٢١ وذكر انه انشد عند موته

هاقد مددت يدى اليك فردّها   بالعفو لا بشماتة الاعداء

ص ٢٠٦ س ١٣ - عبد الغفور بن عبد الغفار جريًا على قول المصنف:

ذكره الشيخ ابو احمد العسكرى فى كتاب الحكم والامثال يكون زمان حياته قبل وفاة العسكرىّ ولم نجد احداً بهذا الاسم يكون قبل المائة الخامسة الاما ذكره الخطيب فى تاريخ بغداد (ج ١١ ص ١٣٠) ولعلّه - كما قال له الخطيب - عبد الغفور بن سعيد او عبد الغفور بن عبد العزيز ابو الصبّاح الواسطى، والله اعلم؛

ص ٢٠٦ س ١٨ ابو احمد العسكرىّ انظر ايضاً ترجمته فى الشذرات ج ٣ ص ١٠٢ و دائرة المعارف للبستانى ج ١ ص ٧١١ و كشف الظنون ذكر كتبه وهى كتاب فى البديع و كتاب التصحيف وكتاب الحكم والامثال و راحة الارواح و

الزواجر و كتاب المنطق والمؤتلف والمختلف ؛

ص ٢٠٨ س ٢ - محمد بن علي بن ياسر هو محمد بن علي بن عبدالله بن ياسر الانصاري الاندلسي سكن في الاخر بحلب و توفي سنة ٥٦٣هـ انظر الشذرات ج ٤ ص ٢١٠ وله ذكر في معجم البلدان ج ٣ ص ١٠١٣ .

ص ٢٠٩ س ٢ - ابن العاقولي هو الشيخ جمال الدين عبدالله بن محمد ابن علي ابن العاقولي الواسطي الشافعي درس بالمدرسة المستنصرية مدة طويلة نحو اربعين سنة و باشر نظر الاوقاف وافتى من سنة ٦٩٥ الى سنة وفاته وهي سنة ٧٢٨هـ و داره الآن جامع يعرف بجامع العاقولية انظر تاريخ العراق ج ١ ص ٥٠٥ والمصادر التي ذكرها والحوادث الجامعة ص ٢٨٥ و ٣٢٣ و ٣٢٨ ؛

ص ٢٠٩ س ٧ - شمس الدين عبد الكافي عده صاحب هفت اقليم من اعيان تبريز المتصفين بالفضائل العلمية والعملية (انظر ص ٣٥٢ من كتابه) ؛

ص ٢١١ س ١٢ - شيخ الاسلام نظام الدين اسمه محمود و تولى قضاء الجانب الغربي سنة ٦٧٣هـ وخطيبا بجامع السلطان سنة ٦٧٤ ، ولم نجد من ذكر وفاته اما ولده صدر الدين محمد فقد تناقض فيه اقوال صاحب الحوادث الجامعة حيث ذكر في حوادث سنة ٦٧٧هـ انه تولى قضاء الجانب الغربي فتوفي بعد شهرين و ذكر فيه شعرا ثم قال في حوادث سنة ٦٨٣هـ انه عزل عن تدريس البشيرية و رتب مدرسا بمدرسة الاصحاب وهذا التناقض يوجد في تاريخ العراق حيث مؤلفه

على الحوادث الجامعة انظر تاريخ العراق ج ١ ص ٢٨١ و ٢٩٢ و ٣٣٥ والحوادث الجامعة ص ٣٨٢ و ٤٠٦ و ٤٢٨ ؛

ص ٢١٣ س ٧ - كمال الدين ابو الفضل عبيد الله بن عضد الدين لم نقف على ترجمته الا ما نقلناه في التعليقات من ابن الاثير، وبيت رئيس الرؤساء بيت معروف بالوزارة منهم علي بن الحسن بن مسلمة رئيس الرؤساء قتله البساسيري سنة ٤٥٠ م وابو الفتح المظفر بن رئيس الرؤساء وزر سنة ٤٧٦ ھ و عضد الدين ابو الفرج ابن رئيس الرؤساء وزير المستضيء (٥٦٦-٥٧٣ م) وله ترجمة في قاموس الاعلام للزركلي ج ٣ ص ٩٣٠ ؛

ص ٢١٤ س ١ - كمال الاسلام ابو الرضا عبيد الله لم احد له ترجمة والاشبه انه من اولاد صدر الدين عبد اللطيف الخجندي الذي ذكر في تعليق هذه الصفحة (٢١٤) من الكتاب ؛

ص ٢١٨ س ٥ - كمال الدين السميرمي، انظر ترجمته في تاريخ الكامل حوادث سنة ٥١٦ م و الوفيات ج ١ ص ٢٠٢ (ترجمة الحسين بن علي الطغرائي) و تاريخ دولة آل سلجوق (زبدة النصرة) لقوام الدين البنداري ص ١٠١ بما بعدها و الانساب للسمعاني ص ٣١١ الف ؛

ص ٢٢٠ س ٢ - كمال الدين علي بن احمد ذكره صاحب الحوادث الجامعة في حوادث سنة ٦٢٨ م (ص ٣١١) واختصر مقال المصنف وزاد عليه انه كان قد ولي نصر الملك ؛

ص ٢٢٢ س ٧ - رتن الهندي - انظر ترجمته في الإصابة
لابن حجر العسقلاني ج ١ ص ١٠٨٧ بما بعدها وذيل تاريخ الآداب
العربية لبروكلمن ج ١ ص ومجلة المجمع التاريخي
بفنجاب (Journal of the Panjab Historical S)
العدد الثاني من المجلد الثاني والمصادر التي ذكرها. وبناءً
على ما ذكره لا يزال قبره قرب بتندا يزوره المسلمون
والهنادكة ؛

ص ٢٢٣ س ١١ - كمال الدين علي بن شجاع -
يعرف بالكمال الضرير، وترجمته مبسوطة في الشذرات
ج ٥ ص ٣٠٦ بما بعدها، وطبقات القراء ج ١ ص ٥٢٢ بما بعدها
ونكت الهميان للعلامة الصفدي ص ٢١٢ بما بعدها ؛

ص ٢٢٥ س - عيسى بن محمد لعل المراد به عيسى
ابن محمد بن عيسى اللغوي المتوفى سنة ٢٩٢ هـ وترجمته في
التهذيب لابن حجر ؛

ص ٢٢٥ س - ابراهيم الحربي - كان زاهدًا حافظًا
راجع لترجمته الى الفوات للكتبي ج ١ ص ٣ بما بعدها
وتذكرة الحفاظ ج ٢ ص ١٤٧ بما بعدها وتاريخ الكامل
حوادث سنة ٢٨٥ هـ ؛

ص ٢٢٧ س - جلال الدين بن عكبر هو الشيخ
عبد الجبار بن عكبرا الواعظ مدرس الحنابلة بالمستنصرية،
توفي سنة ٦٨١ هـ، انظر ترجمته في تاريخ العراق ج ١ ص ٣١٤

والحوادث الجامعة ص ٢٢٦؛

ص ٢٢٩ س - كمال الدين علي بن محمد المعروف بابن الاعمى (والاعمى لقب لوالده الشيخ ظهير الدين محمد بن المبارك) انظر ترجمته في فوات الوفيات ج ٢ ص ٨١ بما بعدها والشذرات ج ٥ ص ٣٢١ وقاموس الاعلام ص ٦٩٤ بما بعدها؛

ص ٢٢٩ س - ابن اللتي انظر ترجمته في الشذرات ج ٥ ص ١٧١ ودائرة المعارف للبستاني ج ١ ص ٣٨٥؛

ص ٢٢٩ س - كمال الدين علي بن محمد يعرف بالكمال ابن وضاح وترجم له ابن العماد في الشذرات ج ٥ ص ٣٣٦ ومابعدها والسيوطي في بغية الوعاة ص ٣٥٣؛

ص ٢٣٠ س - كمال الدين علي بن محمد المعروف بابن النبيه راجع لترجمته الى الفوات للكتبي ج ٢ ص ٧١ بما بعدها وحسن المحاضرة ج ١ ص ٢٧١ وروضات الجنات ص ٤٨٨ والشذرات ج ٥ ص ٨٥ وذيل تاريخ الآداب العربية لبروكلمن ج ١ ص ٤٦٢؛

ص ٢٣٤ س - كمال الدين عمر بن احمد المعروف بابن العديم انظر ترجمته ايضا في فوات الوفيات ج ٢ ص ١٠١ بما بعدها والفوائد البهية ص ١٤٧ بما بعدها والشذرات ج ٥ ص ٣٠٣ ومرآة الجنان ج ٤ ص ١٥٨ بما بعدها وتاريخ ابي الفداء حوادث سنة ٦٦٠ ومقالة بروكلمن في دائرة المعارف الاسلامية

ج ٢ ص ٢٠٣ بما بعدها وحسن المحاضرة ج ١ ص ١٩٨ بما بعدها و

راجع لفهرست مصنفاته الى كشف الظنون ج ١ ص ١٦٢، ٢٠٠،

٢٢٣، ٢٤٤، ٢٧٨، ٢٩٣، و ج ٢ ص ٦، ٨٥، ٢٧٥، ومعجم المطبوعات

العربية العمود ١٧١ وتاريخ آداب اللغة العربية لبروكلمن

ج ١ ص ٣٣٢ وذيله ج ١ ص ٥٦٨ ؛

ص ٢٣٨ س ١٢ - كمال الدولة غريب بن محمد بن معن

لم اظفر لسنة وفاته، وله اخبار ذكرها ابن الاثير فى

مواضع من الكامل (ج ٩ ص ٢١، ١١٨) ؛

ص ٢٣٨ س ١٧ - كمال الدين ابو الفضائل - قال ابن

خلكان: (هو) ابو الفضائل على بن ابى المظفر يوسف بن

احمد بن محمد بن عبيد الله بن محمد بن عبيد الله بن

الحسين بن احمد بن جعفر الأسدى الاصل الواسطى المولد

والدار؛ ثم ذكر احواله ومن جملتها انه كان شافعيًّا

قرأ على ابى طالب المبارك بن المبارك ويعيش بن صدقة الفراتى

واعادله درسه بالمدرسة الثقتية بباب الازج من بغداد

وتولى قضاء واسط فى سنة ٦٠٣ھ وذكر الاشعار التى انشدها

المصنف فى قطعة طويلة وقال: انها سائرة ؛

ص ٢٣٩ س ٢ - كمال الملك ابو الفتح فضل الله

الدهستانى لم اقف له على ترجمة وظنى انه كمال الملك

الدهستانى الذى ذكره ابن الاثير فى ج ٩ ص ٦٤، ٦٥، ٧٤،

٩٣ من تاريخه وكانت وفاته سنة ٤٨٦ھ ؛

ص ۲۳۹ س ۹ ۔ کمال الملک ابو الرضا فضل اللہ

انظر ترجمتہ فی تاریخ دولۃ آل سلجوق (ص ۵۶ بما بعدھا)
و راحۃ الصدور ص ۱۳۶ و تاریخ الکامل ج ۹ ص ۵۳؛

ص ۲۴۱ س ۔ کمال الدین المبارک بن ابی بکر

المعروف بابن الشعار ترجمتہ مبسوطۃ فی الشذرات حوادث
سنۃ ۶۵۵ھ و انظر فہرست مصنفاتہ فی کشف الظنون ؛

ص ۲۴۵ س ۱ ۔ رضی الدین الصغانی ھو حسن بن محمد
ابن الحسن بن حیدر الحنفی الصاغانی او الصغانی نسبۃ
الی صاغان (تعریب چاغان) قریۃ بمرو توفی سنۃ ۶۵۰ھ،
و صنف کتباً اشہرھا العباب فی اللغۃ، و کان شیخ
وقتہ و مقدم اھل زمانہ فی علم اللغۃ و فن الادب و لہ
معرفۃ بعلم الحدیث و التفسیر و الفقہ علی مذھب الامام
ابی حنیفۃ، انظر ترجمتہ فی بغیۃ الوعاۃ و الفوائد البہیۃ
ص ۶۳ بما بعدھا و الحوادث الجامعۃ ص ۲۶۲ بما بعدھا فی ترجمۃ
عز الدین بن العلقمی ؛

ص ۲۵۴ س ۱ ۔ علی بن ابی علی بن ابی جعفر الزوزنی

ھو ابو الحسن علی بن ابی علی بن جعفر (؟ کذا فی تتمۃ الیتیمۃ)
ذکر الثعالبی شعرہ الذی انشدہ المصنف، ر: تتمۃ
الیتیمۃ ج ۱ ص ۳۴ ؛

ص ۲۵۵ س ۔ کمال الدین محمد بن طلحۃ

انظر ترجمتہ فی السلوک لمعرفۃ دول الملوک ج ۱ ص ۱۶ ۳ ،

والشذرات ج ٥ ص ٢٥٩ وطبقات الشافعية ج ٥ ص ٢٦ و
مرآة الجنان ج ٤ ص ١٢٨ و قاموس الاعلام ج ٣ ص ٩٠٨ ؛
وفى ما ذكره المصنف من وزارته وغيرها بعض خفاء
يعرف من مراجعة الشذرات ومرآة الجنان و
تصانيفه كثيرة والمطبوع منها العقد الفريد للملك السعيد
ومطالب السول فى مناقب آل الرسول ، ر : معجم المطبوعات
العمود ١٢٧ وتاريخ آداب اللغة العربية لبروكلمن ج ١ ص ٤٦٣
و ذيله ج ١ ص ٨٣٨ ، وما ذكر المصنف بقوله : قيل انه
محمد بن محمد بن طلحة ؛ لم نجده عند غيره الا ان
المقريزى ذكره فى السلوك باسم محمد بن احمد بن
هبة الله بن طلحة ؛

ص ٢٥٧ س - جمال الدين بن يحيى الصرصرى

كذا فى الاصل والصحيح انه جمال الدين يحيى الصرصرى
باسقاط لفظة بن وهو ابو زكريا يحيى بن يوسف بن يحيى
الصرصرى الشاعر المادح الحنبلى الضرير البغدادى ، كان
شعره فى مديح الرسول مشهوراً وديوانه معروفاً وله
نظم الكافى للشيخ موفق الدين بن قدامة ونظم مختصر
الخرقى وتوفى ٦٥٦ ، ر : تاريخ العراق ج ١ ص ٢٣٢ ؛

ص ٢٥٨ س - كمال الدين ابو الفضل محمد بن

عبد الله - المعرف بالكمال الشهرزورى له ترجمة فى
الوفيات ج ١ ص ٥٩٧ بما بعدها والاعلام ج ٢ ص ٩٣٠ والشذرات

ج٣ ص ٢٢٣ وطبقات الشافعية ج٣ ص ٢، بما بعدها وكتاب
الروضتين ج١ ص ١٧٥ و دائرة المعارف للبستانى ج١٠ (مادة
شيص ذ ورس) وخريدة القصر (ر: فهرست دوزى ص ٢٥٣)
و تاريخ الكامل ج١١ ص ٢٠ و ٢٠٠؛

ص س - محمد بن على الخازن راجع لتحقيق ما
قاله المصنف وتفصيله الى تاريخ ابن خلدون ج ٥ ص
٦٢، ٦٣، و تاريخ الكامل ج ١١ ص ٢٩ و تاريخ دولة آل سلجوق
(زبدة النصرة) ص ١٦٩ بما بعدها و اخبار الدولة السلجوقية
ص ١٢٢ و راحة الصدور ص ٢٢٥ بما بعدها وكان عزل
عماد الدين الدركزينى لعدم معرفته بامور المملكة قال
البندارى: ولم يكن عنده تدبير يقتضى الوزارة فعزله....
وصوف ابا البركات بجميل، وعماد الدين هذا نسيب
لقوام الدين الدركزينى وزير سنجر، ويعرف بأبي البركات
بن سلمة ايضًا. امّا ابن الاثير فقد كنّاه كمال الدين (ر:
ج ١١ ص ٢١ من تاريخه) وهكذا كنّاه ابن خلدون ايضًا؛

ص س - قراسنقر هو صاحب اذربيجان من امراء
السلطان مسعود هلك بمدينة اردبيل سنة ٥٣٣ ھ، كما
ذكره ابن خلدون فى تاريخه (ج ٥ ص ٦٤)؛

ص س - بوزابه - هو صاحب فارس كانت له وقعات
مع السلطان مسعود وقتله السلطان بمرج سنة ٥٤٢ھ
كما ذكره المصنف، انظر تاريخ ابن خلدون (ج ٥ ص ٦٨)؛

ص س - سنة اربع وثلثين - كذا ذكره المصنف ولم يوافقه على ذلك غيره واتفقت كلمتهم على ان قتله كان سنة ۵۳۳ على كره من السلطان مسعود، وذكر ابن الاثير فى الكامل (ج ۱۱ ص ۲۹ بما بعدها) ان ابتداء وزارته كان سنة ۵۳۲ بعد القبض على الوزير الدركزينى وهو يخالف ما ذكره المصنف انه كان سنة ۵۳۲ ھ والحق مع المصنف فان ابن الاثير قد ذكر ان وزارته بقيت سبعة اشهر واذا كان قتله فى شوال كما ذكره المصنف والبنداری فلا يكون ابتداء وزارته الا فى احدى الربيعين من سنة قتله وهى سنة ۵۳۳ ھ .

ص س - كمال الدين يعرف بالكمال الغراوی وترجمته مذكورة فى الشذرات ج ۴ ص ۹۶ والوفيات ج ۱ ص ۶۱۷ وطبقات الشافعية ج ۳ ص ۹۲ بما بعدها ومعجم البلدان ج ۳ ص ۸۶۱ ولد سنة ۴۴۱ ھ وتوفى سنة ۵۳۰ ھ .

ص س - كمال الدين محمد بن المبارك ذكره صاحب تاريخ العراق (ج ۱ ص ۲۶۰) ناقلاً عن الحوادث الجامعة (ص ۱۹۷) واخطأ فى تكنية ابيه ابا سعيد والصحيح هو ابو سعد كما ذكره صاحب الحوادث الجامعة (ص ۳۵۶) وترجم هناك لابيه المتوفى بسنة ۶۶۳ ھ .

ص س - غیاث الدین ابو المظفر ھو عبد الکریم بن طاؤس المتوفی سنۃ ۶۹۳ لہ ترجمۃ فی تاریخ العراق ج۱ ص ۳۶۱ و الحوادث الجامعۃ ص ۴۸۰ ؛

ص س - کمال الدین ابو عبد اللہ انظر ترجمتہ ایضًا فی الجواھر المضیئۃ ج ۲ ص ۱۱۹ ؛

ص س - کمال الدین محمد بن محمد بن علیّ الزینبیّ - قال ابن ماکولاء فی (نسخۃ المکتبۃ ص ۱۴۴ اب) : [امّا الزینبیّ منسوب الی زینب فھو علیّ بن ھارون و) ابو منصور محمد بن محمد بن علیّ بن ابی تمام الحسن بن محمد بن عبد الوھاب بن سلیمان بن محمد بن سلیمان ابن عبد اللہ بن محمد بن ابراھیم بن محمد بن علیّ بن عبد اللہ ابن العبّاس بن عبد المطلب الزینبیّ کان یلقب کمال الدین روی عن عیسی بن علیّ الوزیر واخوہ ابو نصر محمد بن محمد ابن علیّ روی عن المخلص واخوھما ابو الفوارس طراد بن محمد ابن علیّ الزینبیّ نقیب النقباء بالحضرۃ روی عن ھلال الحفار وغیرہ لقبہ العامل (وقد تقدّم ذکرہ) ؛ و فی الوافی بالوفیات للصلاح الصفدیّ ترجمۃ لافھم الرابع ابی تمام محمد بن محمد والخامس ابی طالب الحسین بن محمد (انظر ج ۱ ص ۱۲۹ من الوافی بالوفیات)

ص س - کمال الدین ابو الوفاء قد تقدّم ذکر رجالی من بیت ابن مندۃ ولابی الوفاء ابن مندۃ ھذا ترجمۃ فی

فی دائرة المعارف للبستانی. انظر مادة ابن مندة (سادساً) فی المجلد الاول منها ؛

ص س - عماد الدین زکریا القزوینی هو اشهر من یذکر فی ترجمته شیئ وکانت وفاته سنة ٦٨٢ھ. انظر لترجمته بتاریخ العراق ج ١ ص ٣١٩ وتاریخ الآداب العربیة لبروکلمن ج ١ ص ٤٨٠ وذیله ج ١ ص ٨٨٢ المصادر التی ذکره ؛

ص س كمال الدين ابو المعالی موسی بن یونس ابن منعة - ذکره بکنیته ابی المعالی اهو ارت فی فهرست مکتبة برلین وترجمته مبسوطة فی الوفیات ج ٢ ص ١٧٣ بما بعدها وطبقات الشافعیة ج ٥ ص ١٥٨ بما بعدها وذیل تاریخ الآداب العربیه لبروکلمن ج ١ ص ٨٥٩ والمصادر التی ذکرها وایضاً الحوادث الجامعة ص ١٤٩ والشذرات ج ٥ ص ٢٠٦ وذکر بروکلمن من کتبه (١) رسالة فی البرهان علی المقدمة التی اهملها ارشمیدس فی کتابه فی تسبیع الدائرة وکیفیته اتخاذ ذلک، و (٢) شرح الاعمال الهندسیة

ص س - عمر بن عبد النور بن ماخوخ اللذنی المنهاجی انظر ترجمته فی الوفیات ج ٢ ص ١٢٥ وبغیة الوعاة ص ٣٦٢ وماجوج کما فی النسخ المصریة من الوفیات تصحیف ماخوخ، قال دیسلان (*De slane*) فی ترجمة الوفیات نقلاً عن ابن خلدون ان ماخوخ اسم قبیلة شهیرة بالمغرب، واما

الصنهاجی فھو اسم قبیلة من ولد صنھاجة الحمیری'
ر: الوفیات ج ۱ ص ۱۰۸ (ترجمة بادیس بن المنصور)

ص س - کمال الدین میثم، توفی سنة ۶۷۹ھ،
انظر ترجمته فی روضات الجنات ج ۴ ص ۴۲، بما بعدھا
وتاریخ آداب العربیة لبروکلمن ج ۱ ص ۴۰۶ و ذیلہ
ج ۱ ص ۷۰۶، وتصانیفه کثیرة عدّھا الخوانساری فی روضات
الجنات وتوجد منھا رسالة القواعد فی علم الکلام
بالمتحف البریطانی کما ذکرہ بروکلمن؛

ص س - کمال الملک ھبة اللّٰه ذکرہ ابن الاثیر
فی الکامل (ج ۹ ص ۲۱۵، ۲۱۸، ۲۲۶، ۲۳۹) و مفاد ما ذکرہ
انه کان وزیراً مع اخیه ابی سعد لجلال الدولة بن
بھاء الدولة ایام وفاته (سنة ۴۳۵ھ) و اخرجھما ابو کالیجار
ابن سلطان الدولة بن بھاء الدولة من بغداد سنة ۴۳۶ھ
وکان ابو کالیجار قد تولّی المملکة بعد وفاته عمّه
جلال الدولة، ثم ان اباکالیجار استوزر کمال الملک
سنة ۴۳۹ھ بعد القبض علی وزیرہ ذی السعادات محمد بن
جعفر بن ابی الفرج، وفقد کمال الملک فی الوقعة التی
کانت بین الملک الرحیم بن ابی کالیجار واخویه ابی
منصور وھزار سب بالاھواز سنة ۴۴۳ھ فلم یعرف له خبر؛

ص س - القاضی ابن شبرمة ھو عبد اللّٰه بن
شبرمة بن الطفیل قاضی الکوفة (سنة ۹۲-۱۴۴ھ) انظر

دائرۃ المعارف للبستانی ج ۱۱ مادۃ عبداللہ بن شبرمہ ؟

س س ۔ **کہف الامۃ رستم** ۔ تولی مجدالدولۃ رستم الملک بعد وفاتہ سنۃ ۳۸۷ھ وکان عمرہ اذ ذاک اقل من عمدی عشرۃ سنۃ علی اختلاف فی تعیینہ ، و ما زالت تدور بہ الاحوال حتی اخذہ یمین الدولۃ محمود بن سبکتکین اسیراً مع ولدہ ابی دلف سنۃ ۴۲۰ھ ، اما ماذکرہ المصنف من اخبارہ فلم نقف بعد علی اثرہ ، وقد ذکروا فی وقائع ھذہ السنۃ (سنۃ ۳۸۸ھ) استیلاء قابوس بن وشمگیر علی جرجان وطبرستان من ممالکہ ، وکان تدبیر المملکۃ فی ھذہ السنۃ بید امہ نظراً الی صغر سنہ ، انظر احوال رستم فی دائرۃ المعارف الاسلامیۃ ج ۳ ص ۹۵ ، تاریخ الکامل ج ۹ ص ۵۲ و ۱۵۳ ومواضع بینہما وتاریخ ابن خلدون ج ۴ ص ۴۶۶ ، ۴۶۹ ، ۴۷۷ وتاریخ دول الاسلام ج ۱ ص ۳۹۲ بما بعدھا وتاریخ ابی الفداء ج ۲ ص ۱۳۳ ، ۱۵۷ ومواضع بینہما وایضاً راجع المصادر التی ذکرھا صاحب دائرۃ المعارف الاسلامیہ ؟

س س ۔ **کہف الاسلام محمود** ۔ اشتہرت اخبار محمود فکفینا الاشارۃ الیہا ، ومع ذلک فانا لم نجد فی اخبارہ الاشارۃ الی ماذکرہ المصنف وسنۃ ۴۱۷ھ ھی السنۃ التی عاد فیہا محمود من غزو الہند بعد فہب معبد الہنادکۃ (سومنات) انظر اخبار محمود فی دائرۃ المعارف الاسلامیۃ

ج ۳ ص ۱۳۳ - ۱۳۵ و تاریخ الیمینی للعتبی و تاریخ الکامل و

(ابی الفداء) فی مواضع من حوادث سنی ملکه (۳۸۷ - ۴۲۱ ھ)

و تاریخ دول الاسلام ج ۲ ص ۲ - ۱۰ و تاریخ ابن خلدون ج ۴ ص ۳۶۳ -

۳۷۸ و ھنا مصادر اخری کثیرۃ ذکر بعضاً منھا صاحب مقالۃ دائرۃ

المعارف الاسلامیۃ ؛

ص س - الکیّس: ابو حرب زید بن عوف لعلہ زید

ابن الحارث بن حارثۃ بن ربیعۃ بن زید مناۃ بن عوف بن سعد الغری

الذی ذکرہ یاقوت فی معجم الادباء (ج ۱۷ ص ۳۵ بما بعدھا) وذکرفی اسمہ اختلافاً ؛

ص س - الکیّس محمد بن جعفر المتوکل لم نجد فی اخبار

المتوکل ذکراً للکیّس محمد، و ھناک ابنان آخران للمتوکل کلٌّ منھما قد سُمّی

بمحمد وھما المنتصر والمعتز ولا نشک فی انّ الذی یذکرہ المصنف غیرھما، ھذا

وکانت سفرۃ المتوکل الی دمشق سنۃ ۲۴۳ ھ علی ان یتخذھا دار مملکتہ فلم توافقہ

ورجع منھا بعد مقام سبعۃ وسبعین یوماً، س: تاریخ الطبری ج ۱۱ ص ۱۴۳

و تاریخ دول الاسلام ج ۱ ص ۱۱۷ ؛

ص س - الکیّس محمد بن عبد الرحمٰن بن یزید النخعیّ

انظر احوالہ تھذیب التھذیب لابن حجر ایضاً (ج ۹ ص ۳۰۸ بما بعدھا)

والنخعیّ نسبۃ الی نَخَع وھی قبیلۃ من العرب سکنت الکوفۃ کما فی

الانساب ص ۵۵۷ بما بعدھا ؛

ص س - الکیّس النمر بن تولب انظر احوال النمر بن تولب فی الاغانی ج ۱۹

ص ۱۵۷ - ۱۶۲، کتاب الشعر لابن قتیبۃ ص ۱۶۳ - ۱۶۴، اسد الغابۃ ج ۵ ص ۳۹

بما بعدھا، الاصابۃ ج ۳ ص ۱۱۸۰ - ۱۱۸۲، تاریخ الآداب العربیۃ لجرجی زیدان ج ۱ ص ۱۹۲ ؛

اورینٹل کالج میگزین (حصۂ اردو)

Urdu
Oriental College Magazine

اس علمی ادبی اور تاریخی سہ ماہی رسالہ کا سالانہ چندہ ۱۲؎ ہے۔ اس رسالہ کا ضمیمہ پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کی طرف سے شایع ہوتا ہے اس کا سالانہ چندہ ۲؎ ہے

یہ رسالہ ۱۹۲۵ء سے شایع ہو رہا ہے سابقہ نمبر تھوڑی سی تعداد میں باقی ہیں (بجز اگست ۲۶ و ۳۱ء کے دو رسالوں کے کہ وہ ختم ہو چکے ہیں) قیمت فی نمبر ۴؎ ذیل کے مقالات اور کتابیں جو اس رسالہ میں شایع ہوئیں الگ بھی مل سکتی ہیں :-

(۱) ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین جلد اول نمبر ا سلسلہ نمبر ا
غزلیات حضرت امام العالم وغوث الاعظم امیر سید محمد الملقب بہ نور بخش قیمت ۱۲؎

(۲) سفرنامہ چین ۸۲۲ھ تا ۸۲۵ھ یعنی مضمون ومحصل روزنامچہ خواجہ غیاث الدین (نقاش) ایلچی بایسنغر میرزا بن شاہرخ میرزا بن امیر تیمور گورگان کہ حافظ ابرو در زبدۃ التواریخ درج نمودہ ۔ قیمت ۸؎

(۳) فہارس لسان العرب حصہ دوم (فہرست قوافی) از مولوی عبدالقیوم ایم۔اے۔ (زیر طبع)

(۴) مطلع سعدین از کمال الدین سمرقندی۔ مرتبہ پروفیسر محمد شفیع ایم اے پرنسپل اورینٹل کالج لاہور۔ ۴۱۲ صفحے چھپ چکے ہیں۔ باقی کتاب زیر طبع ہے۔

(۵) تلخیص مجمع الآداب فی معجم الالقاب۔ لابن الفوطی۔ جلد ۵۔ کتاب الکاف۔ قیمت ۱۲؎

درخواستیں پرنسپل اورینٹل کالج لاہور کے نام آنی چاہئیں

اورینٹل کالج میگزین

حصہ اول

ایڈیٹر
محمد شفیع
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

اورینٹل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجراء سے غرض یہ ہے کہ احیاء و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ۔

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے ۔

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شائع ہوتا ہے حصہ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ۔

وقتِ اشاعت و قیمت اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۲؎ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی کے رسالے کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ۔

خط و کتابت و ترسیل زر خرید رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ۔

محلِ فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ۔

مجلسِ تحریر حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم۔ اے اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔ اے، پی، ایچ، ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ۔

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے اس لئے یہ نمبر بجائے اگست کے جون یا ستمبر میں شائع ہوتا ہے ۔

فہرست مضامین

جلد ۱۸ - عدد ۱ | بابت ماہ نومبر ۱۹۴۱ء | عدد مسلسل ۶۷

نوٹ - ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہونا ہے

گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام مہتہ ایشر داس پرنٹر طبع ہوا اور

بابو صدیق احمد خان نے اورینٹل کالج لاہور سے شایع کیا

تنقید بر آبحیات مولانا محمد حسین آزاد

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ اگست ۱۹۴۱ء)

ص۲۱ - قول: "اسی زبان کو ریختہ بھی کہتے ہیں - کیونکہ مختلف زبانوں نے اسے ریختہ کیا ہے - جیسے دیوار کو اینٹ مٹی چونا سفیدی وغیرہ پختہ کرتے ہیں یا یہ کہ ریختہ کے معنے ہیں گری پڑی - پریشان چیز - چونکہ اس میں الفاظ پریشان جمع ہیں - اسلئے اسے ریختہ کہتے تھے"

میں ریختہ کے سلسلہ میں پنجاب میں اُردو میں کافی بحث کر چکا ہوں یہاں اسی قدر کہنا چاہتا ہوں کہ ریختہ کی وجہ تسمیہ جو مولانا نے دی ہے ہمارے دل کو نہیں لگتی - اس کی ایک تشریح یہ بھی تو ہو سکتی ہے کہ ریختن اُور معنوں سے قطع نظر موزوں کرنے اور ڈھالنے کے معنی بھی دیتا ہے - اسی بنا پر ریختہ امیر خسرو کی اصطلاح میں ایسا سرود ہے - جس میں ہندی اور فارسی اشعار یا مصرعے یا فقرے جو مضمون - تال اور راگ کے اعتبار سے متحد ہوں پائے جائیں - جیسے قول اور ملبّع ہوتے ہیں - رفتہ رفتہ یہ اصطلاح ایسے کلام موزوں کے لئے خاص ہو گئی - جس میں فارسی اور ہندی الفاظ یا فقروں کو ترکیب دیا گیا ہو - جیسے تغلق نامہ کا یہ شعر

چو بکشادند تیر بیخطا را ۔ بزاری گفت "ہے ہے تیر مارا"

(ص۱۲۸ تغلق نامۂ خسرو)

اور مولنا جمالی کا یہ شعر ؎

بدوست آیم رقیبت گویدم درخانہ نیست ۔ این چنین کم بخت با ما بات کھوٹی میکند

سقا کے یہ دو شعر بھی ریختہ ہیں :-

باز ہندو بچۂ قصد دلم دھرتی ہے — کوچہ تہیں جانو ازین خستہ کہ کی کرتی ہے
چین برابرو زدہ بربستہ کتارہ بیاں — چل چل اے دل منگر تو چکنی اولرتی ہے

ولی۔ سراج اور میر وسودا بمعنی شعر و غزل ہندی استعمال کرتے ہیں متأخرین زبان اردو پر اس کا اطلاق کرنے لگے۔ کیونکہ ان ایام میں اُردو زبان کا سرمایہ تمام تر نظم تھا۔ جب نثر وجود میں آئی وہ بھی اسی کے ذیل میں شامل کر لی گئی۔ اسی طرح ریختہ قدرتاً اردو زبان کا نام ہوگیا +

ص۲۲ قولہ :- "میز نا معلوم"۔ اور حاشیہ میں اضافہ کیا ہے :- میز دری زبان میں ترجمہ ٹیبل کا ہے۔ مگر اردو کو یہ لفظ فارسی مروجہ سے نہیں ملا۔ صاحب لوگوں سے پہنچا ہے "+

میں اس قدر اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ کہ فارسی میں ایک لفظ میزبان ہے۔ جس میں 'بان' لاحقہ ہے اور میز وہی چیز ہے۔ جسے انگریزی میں ٹیبل کہتے ہیں۔ پہلوی میں میج اور ژندی میں میز ٹیبل کے لئے آتا ہے قیاس چاہتا ہے کہ جب فرنگی آئے اور 'چیئر' اور 'ٹیبل' اپنے ساتھ لائے تو ان کے لئے لفظوں کی تلاش ہوئی۔ 'چیئر' کے واسطے لفظ کرسی پہلے ہی موجود تھا۔ ٹیبل کے لئے میز مقرر ہوا۔ ورنہ ہندوستان میں نہ میز کا رواج تھا نہ کرسی کا۔ بہر حال ان ناموں کے لئے ہم فرنگیوں کے ممنون نہیں ہیں +

مرزا محمد حسن قتیل ایک عرضداشت میں جو مرزا سکندر شکوہ کی طرف سے اکبر شاہ ثانی کی خدمت میں سنہ جلوس مطابق ۱۲۲۷ھ میں بھیجی گئی ہے لکھتے ہیں :-

" بالجملہ بعد اختلاط اسباب حاضری بر مجمع چیدہ شدہ۔ ہمین کہ از چای وغیرہ فارغ شدند در میان دیگر رفتہ رسم خلعت بعمل آمد"
(ص ۳۴ ثمرات البدائع ۱۲۶۲ھ)

ص ۲۲۔ قولہ :۔ " نیلام پرتگالی ہے"۔

نیلام جسے لیلام بھی بول دیا جاتا ہے۔ پرتگالی کے ذریعہ عربی زبان سے آرہا ہے۔ پرتگالی میں 'لیلاو' Leilão جس کی اور شکلیں Lailan , Laylon, Leylon, ہیں۔ جو اپنی عربی اصل 'اعلان' اور 'الاعلان' سے جاملتی ہیں۔ انگریزی کی ایک تصنیف یوکرونو لوجیکو نوشتہ ۱۵۲۷ء میں اسے Leylam کی شکل میں لکھا ہے۔ ہندوستان میں پرتگالی اور دیگر یورپین اقوام کا شروع ہی سے دستور رہا ہے کہ متوفی کا مال واسباب بذریعۂ نیلام فروخت کر دیا جاتا تھا۔ ۱۵۱۵ء کی ایسی ایک یادداشت محفوظ ہے۔ (ہوبسن جوبسن ص ۶۲۱) 'پلیٹ' نے Leilam کو پرتگالی بتایا ہے ۰

ص ۲۲۔ قولہ :۔ " کمرا اطالی ہے"۔

پلیٹ نے Camara پرتگالی بتایا ہے۔ مگر فارسی میں ایک لفظ 'کمرا' بمعنی طاق و ایوان ملتا ہے جو محراب دار اور خمیدہ ہو۔ زردشت کی کتاب 'زردرۂ خودر ؟) درباب افلاک' میں ایک فقرہ آتا ہے :۔ "چرخ ہفتہ یعنی ہفت است وبالائے آن کمرائے است کہ ستارۂ استادہ در دست یعنی ایوانی است کہ جای قرار ستارگان بے روش است یعنی ثوابت ۔"

ازرقی کا شعر ذیل ملاحظہ ہو :۔

گہی از گردش کیوان بدریا بر زند کلہ گہی از گوشۂ گردون بکیوان بر بر دکمرا

صلا۔ قولہ :۔ "محمد شاہ کے عہد میں ۱۱۴۵ھ میں فضلی تخلص ایک بزرگ نے دہ مجلس لکھی۔" اور ص۲ پر فرمایا ہے :۔ "نثر اردو کی تصنیف ۱۱۴۵ھ سے پہلے نظر نہیں آتی"۔

مولنٰنا کے اس بیان کا مأخذ غالباً تذکرۂ کریم الدین ہے۔ جس میں فضلی کی کربل کتھا کی تاریخ تصنیف غالباً کسی غلط فہمی کی بنا پر ایک قطعۂ تاریخ کی رو سے ۱۱۴۵ھ درج ہوئی ہے۔ وہ قطعہ یہ ہے :۔

یہ جو نسخہ ہوا ہے اب تصنیف — بہر کسب ثواب و فیض و بشر
چاہا تاریخ اسکی بولے سروش — "شیعیوں کی نجات کا مظہر"

مصرع آخر مادۂ تاریخ معلوم ہوتا ہے جس سے ۲۰۹۶ھ اعداد برآمد ہوتے ہیں ۱۱۴۵ لفظ مظہر کے اعداد ہیں۔ بظاہر حال پورا مصرع مادۂ تاریخ ہے نہ صرف 'مظہر'۔ 'مظہر' کو لے لینا اور مصرع کے باقی الفاظ کو ترک کر دینا بالکل بے قاعدہ اور مستبدانہ فعل ہے۔ فضلی نے نظر ثانی کی تاریخ ذیل کے فارسی شعر میں دی ہے :۔

ہر کس از من کند بہ نیکی یاد — بجہان نامش ہم بہ نیکی باد

کریم الدین نے مصرع ثانی کے نیچے ۱۱۶۱ھ تحریر کئے ہیں۔ حالانکہ تمام شعر مادۂ تاریخ ہے۔ جس سے ۱۱۷۱ھ برآمد ہوتے ہیں۔ ہمیں بجائے ۱۱۴۵ھ کے نظر ثانی کی تاریخ ۱۱۷۱ھ پر زیادہ اعتبار کرنا چاہیئے۔

دکنی میں نثر کی متعدد تصنیفات ہیں۔ جودسویں۔ گیارھویں اور بارھویں صدیوں میں مرقوم ہوئیں۔ مگر شمالی ہند میں فضلی کی تالیف سے قبل کی کوئی چیز معلوم نہیں۔ البتہ اس کے بعد تفسیر مرادی کا نمبر آتا ہے۔ جس کے مصنف مولانا مراد اللہ مراد آبادی ہیں۔ یہ تفسیر ۱۱۸۴ھ کے آخر اور ۱۱۸۵ھ کے آغاز میں

ختم ہوتی ہے۔ اور کئی مرتبہ چھپ چکی ہے۔ نوطرز مرصع کا نمبر تیسرا ہے۔ جس کے لئے حضرت مولٰنا کا ارشاد ہے:۔

ص۲۶۔ قولہ:۔ میر محمد عطا حسین خاں تحسین نے چار درویش کا قصہ اردو زبان میں لکھ کر نوطرز مرصع نام رکھا۔ شجاع الدولہ کے عہد میں تصنیف شروع ہوئی۔ ۱۲۱۳ھ/۱۷۹۸ء نواب آصف الدولہ کے عہد میں ختم ہوئی"

حضرت مولٰنا نے جو تاریخ اختتام کتاب دی ہے غلط معلوم ہوتی ہے اس کا قصہ یوں ہے۔ کہ جب تحسین فیض آباد آکر نواب شجاع الدولہ کی سرکار میں ملازم ہوگئے۔ انہوں نے اپنے مجوزہ ترجمہ چہار درویش کا کچھ حصہ تیار کرکے نواب کو سنایا۔ شجاع الدولہ کو پسند آیا اور اس کے ختم کرنے کی فرمائش کی۔ تحسین اپنے کام میں مصروف ہوگئے۔ جب ترجمہ مکمل ہوکر نواب کی خدمت میں پیش کئے جانے کے واسطے تیار ہوا۔ اتفاقاً شجاع الدولہ اسی سال یعنی ۱۱۸۸ھ میں رہگرائے عالم جاودانی ہوگئے۔ اس سانحہ کی وجہ سے مصنف کو کچھ عرصہ خاموش رہنا پڑا۔ پھر دیباچہ کتاب میں ایک قصیدہ نواب آصف الدولہ کی تعریف میں اضافہ کرکے کتاب ہذا ان کی خدمت میں گزرانی۔ ظاہر ہے کہ یہ امر نواب آصف الدولہ کی نوابی کے ابتدائی سالوں میں قیاساً ۱۱۸۸ھ و ۱۱۹۲ھ کے مابین وقوع پذیر ہوسکتا ہے۔ نہ ۱۲۱۳ھ میں جو آصف الدولہ کی وفات سے بھی بعد کا سال ہے۔ نواب آصف الدولہ ۱۲۱۲ھ میں وفات پاتے ہیں:

نوطرز مرصع کا ایک مخطوطہ جو میرے مجموعۂ کتب میں شامل ہے۔ اس پر دو خاتمے ہیں۔ خاتمۂ الف میں تاریخ کتابت "یازدہم شہر شعبان المعظم روز چہارشنبہ اور سال ہجری ۱۱۹۲ھ فصلی" درج ہے۔ خاتمۂ ب میں "روز یکشنبہ

غرہ ماہ رجب المرجب ۱۲۱۳ھ ہجری[1] مرقوم ہے۔ اور کسی انگریز جیمز مارٹن کے واسطے نقل ہوا ہے۔ اور مصنف کا نام حسین عطا خان مذکور ہے۔ اور اس نام کی یہی قدیم شکل ہے۔ میرا مطلب ہے کہ حسین عطا پر مقدم ہے۔

ص۲۵۔ قولہ :۔ "زبان اردو کی عام فہمی دیکھ کر مذہب نے بھی اپنی برکت کا ہاتھ اس کے سر پر رکھا یعنی ۱۸۰۷ء ۱۲۲۲ھ میں مولوی شاہ عبدالقادر نے قرآن شریف کا ترجمہ اردو میں کیا۔ بعد اس کے مولوی اسمٰعیل صاحب نے بعض رسالے اہل اسلام کی فہمائش کے لئے اردو میں لکھے"۔

شاہ عبدالقادر صاحب نے اپنے ترجمہ کی تاریخ اس کے دیباچہ میں ۱۲۰۵ھ دی ہے۔ جو ۱۷۹۰ء کے مطابق ہے۔ اس ترجمہ کا نام 'موضح القرآن' ہے۔ جو تاریخی مادہ معلوم ہوتا ہے۔ اس سے ۱۲۳۶ برآمد ہوتے ہیں۔ لیکن یہ عدد نہ شاہ صاحب کی بیان کردہ تاریخ کے مطابق ہیں نہ مولٰنا کے ذکر کردہ سال سے ملتے ہیں۔ کافی غور کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ حضرت مترجم نے یہ نام 'مُوضِح قرآن' رکھا ہوگا۔ جس سے ۱۲۰۵ھ نکلتے ہیں نہ موضح القرآن جس میں الف لام اضافہ کرنے سے ہم ایک عالمگیر غلطی میں مبتلا ہو گئے ہیں قلمی اور مطبوعہ نسخوں میں دیکھا جاتا ہے کہ عام طور پر موضح القرآن لکھا گیا ہے حتی کہ دہلی[2] کے شاہی کتب خانہ سے شاہ صاحب کا جو ترجمہ انڈیا آفس کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ اس پر بھی صاف 'موضح القرآن' درج ہے (ملاحظہ ہو فہرست ہندوستانی مخطوطات از بلیم ہارٹ ص۳ و ص۵)۔

ص۲۷۔ قولہ :۔ امیر خسرو نے کہ جن کی طبیعت اختراع میں اعلےٰ درجہ

---

[1] انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں 'موضح قرآن' ہی دیا ہے (ایڈیٹر)، [2] شاہان مغلیہ کے کتب خانہ کا بڑا حصہ لارڈ کیننگ نے ۱۸۵۸ء میں لندن منتقل کر دیا تھا۔ جو اب انڈیا آفس میں موجود ہے۔

صنعت و ایجاد کار کھتی تھی۔ ملک سخن میں برج بھاشا کی ترکیب سے ایک طلسم خانہ انشا پردازی کا کھولا۔ خالق باری جس کا اختصار آج تک بچوں کا وظیفہ ہے۔ کئی بڑی بڑی جلدوں میں تھی۔ اس میں فارسی بحروں نے اول اول اثر کیا "۔

اور صفحہ ۷۷ پر جھو کے قصہ میں لکھا ہے :۔ "بھٹیاری کے لڑکے کے لئے خالق باری لکھ دی "۔

مولانا کا یہ ارشاد کہ خالق باری کئی بڑی بڑی جلدوں میں تھی۔ اور ایک بھٹیاری کے لونڈے کے لئے لکھی گئی تھی۔ محض تخیل کی پرواز ہے اس بیان کے لئے کوئی تاریخی یا روایتی سند ہمارے پاس موجود نہیں علاوہ بریں فارسی اوزان میں اس کے اشعار کا پایا جانا اس کے جدید التالیف ہونے کی طرف دلالت کرتا ہے +

خالق باری کے متعلق میں اور موقعوں پر کافی بحث کر چکا ہوں۔ یہاں صرف اسی قدر کہنا چاہتا ہوں۔ کہ خالق باری کتب نصاب اطفال سے تعلق رکھتی ہے۔ شرع کی رو سے دو سَو سوا دو سَو درہم کا مالک صاحبِ نصاب کہلاتا ہے۔ چونکہ یہ کتابیں بالعموم دو سو سوا دو سوا اشعار پر شامل ہوتی ہیں۔ اس لئے کتب نصاب کے نام سے یاد کی جاتی ہیں۔ ابونصر فراہی نے ۶۱۷ھ ہجری میں نصاب الصبیان تالیف کی تھی۔ اسکی مقبولیت دیکھ کر بیسیوں کتابیں اس کی تقلید میں لکھی گئیں۔ اور ممالک سے قطع نظر ہندوستان میں جو نصاب طیار ہوئے۔ ان میں سب سے قدیم خود حضرت امیر خسرو کا بدیع النصاب ہے۔ جس کی ابتدا ہے :۔

مصر شہر و شہر ماہ و ماء آب و خوف سہم　　سہم تیر و اجنحہ پر بال باشد بال جان

یہ نصاب برابر درس میں شامل رہا ہے۔ نصیب اخوان ایک اور نصاب ہے جو مطہر کرڑہ شاعر مشہور مداح فیروز شاہ تغلق ۷۵۲ھ و ۷۹۰ھ کی تصنیف ہے قنیۃ الفتیان از شیخ صدر الدین بن بدر الدین بھی ایک قدیم نصاب ہے۔ نصاب مثلث یا نصاب الاخوان مولانا بدیعی کی ملک ہے۔ اسی لئے اسے نصاب بدیعی بھی کہتے ہیں۔ چنانچہ شعر ذیل ؎

این چنین شعری بدیعی را بدیعی نظم کرد تا بود در روزگار ازوی ہمی نام و نشان

چونکہ یہ نصاب امیر خسرو کے نصاب مذکورہ بالا کے ساتھ برابر درس میں داخل رہا ہے اور پڑھا گیا ہے۔ اس لئے متاخرین میں یہ عقیدہ راسخ ہو گیا کہ نصاب بدیعی بھی حضرت امیر خسرو کی تالیف ہے۔ مگر صحیح یہی ہے کہ مولنا بدیعی کی ملک ہے۔ ان نصابوں کی تعلیمی زبان فارسی ہے اور مقصد عربی الفاظ کا سکھانا ہے +

خالق باری کو حضرت امیر کی طرف منسوب کرنے میں ہمیں کئی امور مانع آتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس کی تعلیمی زبان یا زبان تشریحی اس عہد کے دستور کے مطابق فارسی نہیں جیسا کہ دیگر نصابوں میں دیکھی جاتی ہے۔ اب امیر خسرو کو کیا ضرورت پیش آئی تھی۔ کہ خلاف روش زمانہ ایک نصاب ہندی زبان میں طیار کرتے اور اگر طیار کرتے تو اس زمانہ کے اساتذہ اور پبلک کیوں تسلیم کرتی۔ اگر ہم یہ تسلیم کرلیں کہ ہندی نصابوں کا بھی رواج تھا یا شروع ہو گیا تھا تو ہمیں ایسے ہندی نصاب اور بھی ملتے۔ لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ خالق باری کے بعد سب سے قدیم نصاب جو ہمیں ملتا ہے۔ وہ اللہ خدائی ہے۔ جو شاہجہان کے زمانہ میں ۱۰۶۰ھ یا ۱۰۶۶ھ میں تالیف ہوتا ہے اور آٹھویں۔ نویں اور دسویں صدی کا کوئی ایسا نصاب نظر

نہیں آتا۔ اسلئے قرین قیاس یہی ہے۔ کہ خالق باری گیارھویں صدی کی ابتدا یا دسویں صدی کے آخر میں کسی وقت لکھی گئی ہو۔ اس کی تقلید میں اُردو کے دو اور اگر پنجابی نصابوں کو بھی شامل کر لیا جائے تین چار اور نصاب ہمیں گیارھویں صدی میں ملتے ہیں۔ بارھویں صدی میں متعدد اور تیرھویں صدی میں تو بے شمار نظر آتے ہیں ؛

خالق باری کا نصاب بغیر کسی فرہنگ کی امداد کے طیار نہیں ہو سکتا سرسری مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اس کی تالیف میں کسی ایسی فرہنگ سے امداد لی گئی ہے۔ جو اکبر کے عہد سے قبل ہندوستان میں طیار ہوئی ہے یوں تو ایک درجن سے زیادہ کتب لغات ہیں جو مغلوں کی آمد سے پہلے آٹھویں اور نویں صدیوں میں مرقوم ہوئی ہیں۔ مگر ان سب میں خالق باری کا قریبی تعلق مؤید الفضلا سے معلوم ہوتا ہے جو ۹۲۵ھ کی تصنیف ہے مؤید کا پرتو خالق باری میں کئی موقعوں پر دیکھا جاتا ہے۔ مثلاً مؤید کی پیشرو فرہنگوں میں فلفل کا لفظ موجود ہے۔ لیکن ان فرہنگوں میں اسکی تقسیم باعتبار شکل یعنی گولائی و لمبائی نہیں کی گئی۔ مؤید میں اس لفظ کی تشریح یوں دی ہے :۔

"یکے پپل گرد کہ آنرا بہندی مرچ گویند۔ دوم پپل دراز و آنرا بہندی پپل گویند"

خالق باری میں تقریباً یہی الفاظ دوہرا دیے گئے ہیں۔ چنانچہ

مرچ فلفل گرد را گویند باز ہندوی پیپل بود فلفل دراز

اسی طرح مؤید الفضلا میں فارسی لفظ 'نیا' کے معنی 'ماموں' بھی دیے ہیں۔ جو عہد مغلیہ کی لغات میں نظر نہیں آتے۔ خالق باری میں

بھی یہی معنی دیے ہیں۔ چنانچہ ع نیا غال ہندوی ماموں جان،
خالق باری کے مصرع ذیل میں تدرو کو کبک کا مرادف بتایا گیا ہے:۔

ع فارسی سیمرغ عنقا ہے تدرو و کبک ہنس

حالانکہ دونوں پرندے مختلف ہیں۔ مگر مؤید الفضلا میں دونوں کو ایک مانا گیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

"تدرو بفتحتین کبک و آن پرندہ ایست آتش خوار و خوش رفتار کہ بکو بہا بود"

اب ظاہر ہے کہ خالق باری دونوں پرندوں کو ایک ماننے میں مؤید الفضلا کی تقلید کر رہی ہے۔ ادھر امیر خسرو کے نزدیک تدرو اور ہے اور کبک اور ہے۔ جیسا کہ ان کی تصنیف قران السعدین سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہو ہذا۔

آنکہ پریدی زپر خود تدرو ماند چو پر گم شدگان زیر سرو
لالہ چو از کوہ برفت از شکوہ کبک ببرید دل از بیخ کوہ

(ص۲۴ طبع میر حسن رضوی)

قران السعدین میں دونوں شعر اسی ترتیب سے بلافصل آرہے ہیں جس سے اس قیاس میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ حضرت امیر کے نزدیک کبک اور تدرو دو مختلف پرندے ہیں۔

ان مثالوں سے جہاں ایک طرف یہ واضح ہوتا ہے۔ کہ خالق باری کا مأخذ مؤید الفضلا ہے۔ وہاں یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ امیر خسرو سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

اس بیان کے لئے کہ خالق باری کئی بڑی بڑی جلدوں میں تھی ہمیں کوئی تائیدی ماخذ معلوم نہیں۔ مروجہ خالق باریوں میں ایک سو اکانوے اشعار

ملتے ہیں۔ اس کی زبان میں بہت کچھ ترمیم کر دی گئی ہے۔ اور قدیم الفاظ اور تراکیب کو بڑی حد تک صاف کر دیا گیا ہے۔ قلمی نسخوں میں سب سے اہم نسخہ ۱۰۸۳ کتبخانہ انڈیا آفس ہے۔ جس کا نام مطبوع الصبیان اور اٹھاون فصلوں میں منقسم ہے۔ فی فصل چار شعر جس سے کل اشعار کی تعداد دوسو بتیس بنتی ہے۔ خالق باری کے قلمی نسخوں میں اشعار کی یہ تعداد مختلف ہے۔ ۱۱۲۵ھ کے نوشتہ ایک نسخہ میں ایک سو ستر شعر ہیں۔ ایک اور قدیم نسخہ میں ایک سو اکانوے ہیں۔ خالق باری کا سب سے پہلا حوالہ سراج الدین علیخاں آرزو متوفی ۱۱۶۹ھ کی تالیف نوادر الالفاظ یا غرایب اللغات میں آتا ہے۔ یہ صرف بارھویں صدی ہجری کی روایت ہے۔ جو خالق باری کو حضرت امیر خسرو کی طرف منسوب کرتی ہے۔ ورنہ اس سے پیشتر کی صدیوں میں کوئی اس کا ذکر تک نہیں کرتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس معاملہ میں غلط فہمی سے کام لے رہے ہیں۔ ہمیں ایک خسرو کے بجائے دو خسروؤں کے نظریہ کو ماننا چاہیئے اور کہنا چاہیئے کہ جدید مگر گمنام خسرو کے اس کارنامہ کو لے کر پبلک نے نہایت مشہور امیر خسرو متوفی ۷۲۵ھ کی طرف منتقل کر دیا ہے"

ص۷۷۔ قولہ:۔ محلہ کے سرے پر ایک بڑھیا ساقن کی دکان تھی۔ چھتو اس کا نام تھا۔ شہر کے بیہودہ لوگ وہاں بھنگ چرس پیا کرتے تھے۔ جب یہ (امیر خسرو) دربار سے پھر کر آتے یا تفریحاً گھر سے نکلتے تو وہ بھی سلام کرتی۔ کبھی کبھی حقہ بھر کر سامنے لے کھڑی ہوتی۔ یہ بھی اس کی دل شکنی کا خیال کر کے دو گھونٹ لے لیا کرتے"

بعض لوگ امیر خسرو کو بھنگڑوں اور چرسیوں کی صف میں کھڑا دیکھ کر معترض ہوں گے۔ مگر قصہ کا ناقابل قبول وہ حصہ ہے جس میں چھتو ساقن

حقہ بھر کر امیر کی خدمت میں لاتی ہے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ کیا ایسے قدیم زمانہ میں جیسا کہ امیر خسرو کا ہے حقہ موجود تھا۔ بلکہ حقہ کا وجود تنباکو کا تابع ہے۔ حضرت مولانا ص۲۳ پر معترف ہیں۔ کہ "تماکو امریکہ کا لفظ ہے۔ یورپ کے راستے ہو کر اکبر کے عہد میں یہاں پہنچا۔"

تنباکو پرتگالیوں کی وساطت سے ہندوستان میں آتی ہے۔ جزائر ہند اور دکن میں پہلے پہنچتی ہے۔ لیکن شمالی ہندوستان میں اواخر عہد اکبری تک نہیں پہنچتی۔ ابوالفضل کا ملازم اسد بیگ جو سترہ سال تک اسکی خدمت میں رہا اپنی وقایع میں لکھتا ہے کہ سنہ ۱۰۱۳ھ کے قریب اکبر پادشاہ اس کو دکن بھیجتا ہے۔ قیام بیجاپور کے زمانہ میں اس نے تنباکو دیکھی جو ہندوستان میں بالکل نامعلوم تھی۔ اسد بیگ کا بیان ہے کہ میں نے تنباکو کی ایک مقدار خریدلی۔ ایک جڑاؤ حقہ تیار کروایا۔ آچین کی ساخت کا نہایت اعلےٰ نیچہ حاصل کیا۔ جو تین ہاتھ لمبا تھا۔ اس پر میناکاری ہو رہی تھی اور جواہرات جڑے ہوئے تھے۔ عقیق یمنی کی ایک خوبصورت دہنال خریدی۔ سونے کی چلم طیار کرائی۔ چاندی کی نَے لی۔ جس پر مخمل چڑھی تھی۔ میں ان چیزوں کو سلیقہ سے لگا کر اکبر پادشاہ کی خدمت میں مع دیگر تحائف کے لے گیا۔ جب بادشاہ کی نگاہ حقہ پر پڑی۔ حیران ہوا۔ غور سے تماباکو دیکھنے لگا۔ جو ایک ایک چلم کی مقدار میں علٰحدہ جمائی رکھی تھی۔ اس نے دریافت کیا۔ خان اعظم نے عرض کی۔ اس کا نام تماباکو ہے۔ جو مکے اور مدینے میں رائج ہے اور اعلیٰحضرت کے واسطے بطور دوا لائی گئی ہے۔ اس پر پادشاہ نے مجھے حقہ بھرنے کا حکم دیا۔ جب میں نے تیار کر لیا۔ لا کر سامنے رکھا۔ اعلیٰحضرت نے پینا شروع کیا۔ ادھر شاہی حکیم نے آکر منع کرنا شروع کیا۔ مگر اعلیٰحضرت نے نہ مانا اور فرمایا مجھے

اسد بیگ کی خاطر سے پینا چاہیئے۔ یہ کہہ کر نہال منہ میں لی اور دو تین کش نکالے۔ اس کے بعد خان اعظم کی طرف حقہ کر دیا۔ اس نے بھی دو تین گھونٹ لیے ٭

اسد بیگ کا بیان ہے کہ میں تمباکو اور حقّے کافی مقدار میں لایا تھا میں نے تھوڑی تمباکو اور ایک ایک حقہ مختلف امرا کی خدمت میں بھیج دیا۔ انہیں ایسا شوق لگا کہ ہر امیر نے تمباکو پینی شروع کر دی۔ رفتہ رفتہ اس کی تجارت ہونے لگی۔ اور تمباکو کا عام رواج ہو گیا۔ مگر اعلےٰ حضرت نے اس کی کبھی عادت نہیں ڈالی ٭

اسی زمانہ کے قریب نظیری نیشاپوری جو احمد آباد گجرات میں مقیم ہے۔ اور تمباکو کا شیدائی معلوم ہوتا ہے۔ اس کی تعریف میں ایک غزل لکھتا ہے جس کے چند شعر یہاں درج ہوتے ہیں :-

نے سنبل تنباکوی نہ آتش رخسارۂ	دل بوی خامی میدہد بیداغ آتش پارۂ
مردم گیا از چین مخز تنباکو آ چین بخر	ہم مایۂ بیمایۂ ہم چارۂ بیچارۂ
خواہم دہد وجد آنقدر جام و نے تنباکیم	کافتم بطاق ابروئے چون نرگس خمارۂ
اندر کمند دود او کز سنبل و لجو بہ است	ہچون کلیم افتادہ ام اندر دم سیّارۂ

ص ۷۹- قولہ ،" دکن میں ایک سعدی گزرے ہیں۔ ان کا فقط اتنا حال معلوم ہے۔ کہ اپنے تئیں ہندوستان کا سعدی شیرازی سمجھتے تھے۔ اور تعجب ہے کہ مرزا رفیع سودا نے اپنے تذکرہ میں ان کے اشعار مندرجۂ ذیل کو شیخ سعدی شیرازی ہی کے نام پر لکھا ہے۔"

اس عبارت سے بظاہر یہی مفہوم ہو گا کہ سودا کا تذکرہ مولانا کی نظر سے گذرا ہے۔ مگر حقیقت نفس الامر یہ ہے کہ نہیں گزرا۔ اور ہمیں تو شک ہے۔

کہ اس کا وجود بھی ہے یا نہیں۔ خود مولنا اس کو "نایاب" کہہ رہے ہیں۔ (صفحہ ۱۵۵ آبحیات)۔ لیکن مولنا کا بیان قاسم کے اس بیان کے اعتبار پر مبنی ہے:

"منطلۂ بیشتری از سخن پیرا خصوص سرآمد شعرای فصاحت آما مرزا محمد رفیع سودا النظر بر اتحاد تخلص آنکہ این سعدی ہمون سعدی شیرازی قدس سرہ کہ وارد دیار دکن شدہ و شعر ریختہ از طبع وقاد آن قدوہ متغزلان ریختہ۔ چنانچہ در تذکرہ ہنود اشعار این سعدی دکنی راعفی اللہ عنہ بہ شیخ شیراز علیہ الرحمۃ والغفران نسبت نمودہ" (مجموعۂ نغز صفحہ ۲۹۸)،

ولی

مولنا آزاد ان کا نام 'شمس ولی اللہ' لکھتے ہیں (صفحہ ۹۰ آبحیات)۔ ان کے متقلد حکیم عبدالحی صاحب نے شمس الدین لقب اور ولی اللہ نام دیا ہے۔ معلوم نہیں ان بزرگوں نے شمس اور شمس الدین کس بنا پر لکھا ہے۔ مخزن نکات تذکرۂ گلزار ابراہیم و تذکرۂ گلشن ہند و تذکرہ شعراے اردو میں شاہ ولی اللہ درج ہے۔ مگر گردیزی، شفیق، مصحفی اور قدرت اللہ قاسم نے محمد ولی لکھا ہے۔ ان سب سے قدیم سند ہمارے پاس ثناء اللہ فانی کی ہے۔ جو ۵ شہ جلوس محمد شاہ میں ولی کے دیوان کی ایک نقل طیار کرتا ہے اور شاعر کا نام سید ولی محمد تحریر کرتا ہے۔ ثناء اللہ فانی اپنا خاتمہ بدین الفاظ لکھتا ہے:-

"دیوان اشعار ولی مسمی سید ولی محمد مرحوم بتاریخ چہاردہم شہر محرم الحرام ۵ شہ از جلوس میمنت مانوس محمد شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ تعالی ملکہ وسلطانہ روز چہار شنبہ وقت چاشت در بلدۂ خیر البلاد احمد آباد حمیت عن الفساد

بخط فقیر حقیر اضعف العباد کلب محبوب سبحانی مولود بی بو دشنا و اللہ فانی سمت انجام وصورت اتمام پذیرفت "

فانی کے بیان پر اشتباہ کرنے کی ہمیں کوئی وجہ معلوم نہیں ۔ وہ ولی سے یقیناً واقف معلوم ہوتا ہے ۔ اسے سید بھی لکھ رہا ہے اور مرحوم بھی ۔ جو لوگ ہمارے شاعر کو شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں وہ شاید ایک اور شاعر شاہ ولی اللہ اشتیاق کے ساتھ التباس کر رہے ہیں ۔

ص۹۱ ۔ قولہ :- " ولی احمد آباد گجرات کے رہنے والے تھے " اور حاشیے میں اضافہ کیا ہے ۔ " دیکھو تذکرہ حکیم قدرۃ اللہ خان قاسم ۔ مگر تعجب ہے کہ میر تقی نے اپنے تذکرہ میں اورنگ آبادی لکھا ہے " ۔

سند میں تذکرہ حکیم قدرۃ اللہ خاں قاسم یعنی مجموعۂ نغز کا حوالہ دیا ہے لیکن اس موقعہ پر مولانا کو سہو ہوا ہے ۔ کیونکہ مجموعۂ نغز میں ولی کو دکنی لکھا گیا ہے ۔ چنانچہ :-

" وی عزیزی بود از سکنۂ دیار دکن و مریدان شاہ سعد اللہ گلشن "

(ص ۲۹۶ / ج ۲ مجموعۂ نغز)

ص۹۳ ۔ قولہ :- " ان کا ابتدائے عہد شاید عالمگیر کا آخر زمانہ ہوگا اور وہ مع اپنے دیوان کے سنہ ۳ محمد شاہی میں دلی میں پہنچے " ۔

سنہ ۳ جلوس محمد شاہی سنہ ۱۱۳۳ ہجری کے مطابق ہے ۔ ولی کا اس سال دہلی آنا کجا وہ تو اس سے پندرہ سال قبل یعنے سنہ ۱۱۱۹ھ میں انتقال کر چکے ہیں ولی کا قطعۂ وفات از مولوی حسن مفتی بقول مولانا عبد الحق ایک قلمی نسخۂ دیوان ولی نشان ۲۷۹ ہ کتب خانۂ جامع مسجد بمبئی نوشتۂ سنہ ۱۱۵۲ھ میں جو راقم کی نظر سے بھی گذر چکا ہے ۔ حسب ذیل مرقوم ہے :-

مطلع دیوان عشق سید ارباب دل — والی ملک سخن صاحب عرفان ولی
سال وفاتش خرد از سر الہام گفت — بادپناہ ولی ساقی کوثر علی

مصرع آخر سے ۱۱۱۹ھ برآمد ہوتے ہیں ؛

۳ ۲ء بلکہ سنہ جلوس محمد شاہی شاہ حاتم کی سند پر مصحفی نے دہلی میں ولی کے دیوان کی آمد کی تاریخ دی ہے ۔ چنانچہ تذکرہ ہندی :۔

" روزی پیش فقیر نقل میکرد کہ در سن دوم فردوس آرامگاہ دیوان ولی در شاہجہان آباد آمدہ و اشعارش بر زبان خورد و بزرگ جاری گشتہ " (ص۸۰ تذکرہ ہندی از مصحفی)

مجھے ایسا گمان ہوتا ہے کہ مصحفی کا جو نسخہ حضرت مولٰنا کے پاس تھا۔ اس میں کاتب سے 'دیوان' کا لفظ کتابت میں رہ گیا ۔ جس سے جملہ کا مطلب یہ ہو گیا ۔ کہ خود ولی دلی آئے تھے ؛

ص۹۴ ۔ قولہ :۔ کبھی کبھی خواجہ حافظ کی طرح بادشاہ وقت کے نام سے اپنے شعر کو شان و شکوہ دیتے تھے ۔ چنانچہ ولی کی تصنیفات میں سے ایک غزل میں کہتے ہیں :۔

دل ولی کا لے لیا دلی نے چھین — جا کہو کوئی محمد شاہ سوں

گل رعنا میں حکیم عبدالحی بھی مولانا کے ہم آواز ہیں ۔ لیکن شعر ہذا نہ ولی کی ملک ہے اور نہ دیوان ولی میں موجود ہے ۔ یہی شعر کسی قدر اختلاف کے ساتھ شفیق اورنگ آبادی نے چمنستان شعرا میں شرف الدین کے نمونۂ کلام میں درج کیا ہے ۔ چنانچہ :۔

اس گدا کا دل لیا دلی نے چھین — کوئی کہے جا کر محمد شاہ سوں
(ص۲۵۷ چمنستان شعرا)

ولی کے متعلق مولٰنا آزاد کا بیان ذیل جو میر تقی میر کے نکات الشعرا پر مبنی کہا جاتا ہے۔ جناب مرتب نکات الشعراء نے بے اصل مانا ہے:-

"ولی کہ بنی نوع شعرا کا آدم ہے اس کے حق میں (میر صاحب) فرماتے ہیں "ولی شاعری است از شیطان مشہور تر" میر خان کمترین اسی زمانہ میں ایک قدیمی شاعر دلی کے تھے۔ انہیں اس فقرہ پر بڑا غصہ آیا۔ ایک نظم میں اول بہت کچھ کہا۔ آخر میں آکر کہتے ہیں ع

ولی پر جو سخن لائے اسے شیطان کہتے ہیں

نکات الشعراء چھپ گیا ہے۔ شیطان والا فقرہ بے شک اس میں موجود نہیں۔ لیکن مولانا آزاد کا بیان حکیم قدرت اللہ خاں قاسم کے بیانات ذیل سے ماخوذ ہے:-

"در تذکرۂ خود ہمہ کس را بہ بدی یاد کردہ۔ در حق شاعر شان جلی المتخلص بہ ولی نوشتہ کہ وی شاعریست از شیطان مشہور تر و سزای این کردار ناہنجار از کمترین شاعر بواجبی یافتہ کہ وے ہجوہای متعددۂ او کردہ" (ص $\frac{23}{2}$ مجموعۂ نغز)

"حقش بر جملہ سخن پردازان ہندی زبان ثابت است و سخن بر سخنش ابلیس ہنشی و شیطنت۔ پیر خان کمترین کہ خداش بیامرزد بسیار بموقع و بجا گفتہ کہ ع ولی پر جو سخن لاوے اسے شیطان کہتے ہیں (ص $\frac{297}{2}$)

نکات الشعراء مولٰنا کی نظر سے نہیں گذرا۔ لیکن یہاں انہوں نے جو کچھ لکھا ہے۔ قاسم کی سند پر لکھا ہے +

ایک امر قابل گذارش یہ ہے۔ کہ کمترین کا نام مولٰنا نے میر خاں تحریر کیا ہے۔ مگر مولٰنا کے اصل ماخذ مجموعۂ نغز میں پیر خاں مسطور ہے +

ص۱۰۲۔ قولہ :۔ "خدمتگارخان بادشاہی خواجہ سرا تھا اور سرکار شاہی میں بڑا صاحب اختیار تھا۔ اکثر بادشاہی نوکر اس کی سخت گیری اور بدمزاجی سے دق رہتے تھے۔ انہیں بھی [شاہ آبرو کو] اس سے کام پڑتا تھا۔ کبھی آسانی سے مطلب نکل آتا تھا۔ کبھی دشواری سے۔ چنانچہ ایک موقعہ پر یہ شعر کہا :۔

یار و خدمتگار خاں خوجو نکے بیچ   ہے تو مستثنیٰ ولیکن منقطع"

شعر ہذا ظن غالب ہے۔ مجموعۂ نغز سے لیا گیا ہے۔ جہاں بغیر کسی رائے زنی کے درج ہوا ہے۔ مولانا نے اس کی جو شان نزول دی ہے۔ وہ کسی تاریخی اطلاع پر مبنی نہیں ہے بلکہ قیاسی ہے۔ خدمتگار خاں تاریخ میں حافظ خدمتگار خاں مشہور ہے۔ وہ حضرت اورنگ زیب عالمگیر کے عہد کا خواجہ سرا ہے۔ محمد شاہی دَور میں بھی متعدد خدمات مثلاً صرف خاص و داروغگی رسالۂ عنبری پر سرفراز تھا اور ۱۴ سنہ جلوس محمد شاہی میں وفات پاتا ہے۔ (تاریخ مظفری)

ص۱۰۲۔ بذیل محمد شاکر ناجی۔ قولہ :۔ "نادری چڑھائی اور محمد شاہی لشکر کی تباہی میں خود شامل تھے۔ اس وقت دربار دہلی کا رنگ۔ شرفا کی خواری پاجیوں کی گرم بازاری اور اس پر ہندوستانیوں کی آرام طلبی اور نازپروری کو ایک طولانی مخمس میں دکھایا ہے۔ افسوس۔ کہ اس وقت دو بند اس کے ہاتھ آئے ؛"

یہاں مولانا کا ماخذ یقیناً مجموعۂ نغز ہے۔ جس کی عبارت اور مطلب کسی قدر مختلف ہے۔ وہو ہذا :۔

" و دو بند مخمس کہ در احوال یورش طہماسپ قلی نادر بر ہندوستان

جنت نشان و پاشان شدن لشکر پادشاہی بنا بر کینہ توزی
سران نفاق پیشہ و سپاہ آرام طلب تزئین اندیشہ گفتہ و این
احقر بر آن دست یافتہ رقم زدۂ کلک وقائع سلک می شود۔
(مجموعۂ نغز جلد دوم ص۲۵۷)

مولٰنا اس کو ایک طولانی مخمس بیان کرتے ہیں۔ جس سے گمان ہوتا ہے۔ کہ یہ مخمس ان کی نظر سے گذرا ہے۔ اور اس طولانی مخمس کا مضمون دربار دہلی کا رنگ۔ شرفا کی خواری۔ پاجیوں کی گرم بازاری اور ہندیوں کی آرام طلبی اور ناز پروردگی وغیرہ ہے۔ لیکن مجموعۂ نغز سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس مخمس میں نادر کے حملے اور شاہی امرا کی باہمی عداوت اور سپاہیوں کی آرام طلبی کا مذکور آتا ہے ۔

ص۱۰۷۔ بذیل محمد احسن احسن ۔ قولہ :۔ " احسن تخلص محمد احسن نام"۔ لیکن مجموعۂ نغز میں (ص۵۲ جلد اول) محمد احسن اللہ۔ گردیزی ص۱۸، مخزن نکات ص۲۲، چمنستان شعرا ص۳۳ اور تذکرۂ گلزار ابراہیم ص۳۳ میں احسن اللہ۔ نکات الشعرا ص۲۸ اور تذکرۂ شعرائے اردو ص۴۵ میں میاں احسن اللہ ہے۔ جس سے ظاہر ہے۔ کہ شاعر کا نام احسن اللہ ہے۔ ان کے ایک شعر سے بھی جو مولٰنا نے ص۱۰۸ پر نقل کیا ہے۔ یہی ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ :۔

یہی مضمون خط ہے احسن اللہ کہ حسن خوبرویاں عارضی ہے

اشرف علی خان فغان

ص۱۲۶۔ قولہ :۔ مصحفی نے اپنے تذکرہ میں قزلباش خان امید کا شاگرد

لکھا ہے۔ مگر ان کی اردو ابھی سن چکے ہو۔ شاید فارسی میں اصلاح لی ہو۔ گلزار ابراہیمی میں لکھا ہے۔ کہ ندیم کے شاگرد تھے اور خود بھی جا بجا کہتے ہیں:۔

ہر چند اب ندیم کا شاگرد ہے فغاں — دو دن کے بعد دیکھیو استاد ہو گیا

دشت جنوں میں کیوں نہ پھروں میں برہنہ پا — اب تو فغاں ندیم مرا رہنما ہوا

صاحب گل رعنا کہتے ہیں :۔ "آبحیات میں تذکرۂ مصحفی کے حوالہ سے لکھا ہے۔ کہ قزلباش خان امید کے شاگرد تھے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ آزاد نے مصحفی کا تذکرہ نہیں دیکھا۔ . . . میر تقی میر نے بھی ان کو قزلباش خان امید کا شاگرد لکھا ہے۔ ممکن ہے کہ پہلے ان سے اصلاح لیتے ہوں۔ پھر ندیم کے شاگرد ہوئے ہوں۔ یا فارسی میں ان کے شاگرد ہوں اور اردو میں ندیم کے۔ جو کچھ بھی ہو۔ مصحفی نے ان کو ندیم ہی کا شاگرد بتایا ہے اسلئے آزاد کا حوالہ غلط ہے۔" (ص ۱۱۷-۱۱۸ گل رعنا)

مصحفی نے اردو میں بے شک ندیم کا شاگرد لکھا ہے۔ "نسبت شاگردی بہ ندیم میرساند" تذکرۂ ہندی کے الفاظ ہیں (ص ۱۶۱)۔ اور میر صاحب فارسی میں قزلباش خاں کا شاگرد مانتے ہیں۔ چنانچہ کہتے ہیں :۔

"فکر غزل فارسی ہم میکند۔ شاگرد قزلباش خان مرحوم است"

(ص ۷۸ نکات الشعراء)

آزاد کا حوالہ اگرچہ غلط ہے۔ لیکن صاحب گل رعنا کا یہ کہنا کہ آزاد نے مصحفی کا تذکرہ نہیں دیکھا۔ درست نہیں معلوم ہوتا۔ تذکرہ مولانا نے ضرور دیکھا ہے۔ لیکن فغاں کے حالات لکھتے وقت ان کے پیش نظر نہیں تھا۔ اسلئے جو کچھ لکھا ہے۔ حافظہ کے اعتبار پر لکھا ہے۔ اسی وجہ سے ندیم کی جگہ قزلباش خاں کا نام لکھ گئے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ گلزار ابراہیم کا حوالہ بابت شاگردی ندیم

درست ہے۔ اسی طرح فغان کا اپنے چچا ابرج کے پاس مرشد آباد جانے کا قصہ بھی اسی تذکرہ سے ماخوذ ہے۔ علی ہذا ان کا سال وفات بھی۔

فغاں کے لکھنؤ جانے کے متعلق آزاد لکھتے ہیں:-

صہ ۱۲۶:- نواب شجاع الدولہ مرحوم حاکم اودھ ان کے ساتھ بہت تعظیم سے پیش آئے اور اعزاز و اکرام کے ساتھ رکھا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ نازک مزاج بہت تھے۔ اور زمانہ بھی ایسا تھا کہ ایسے مزاجوں کی نزاکتیں پیش جاتی تھیں۔ چنانچہ ایک دن اختلاط میں ان کا کپڑا نواب کے ہاتھ سے جل گیا یہ رنجیدہ ہو کر عظیم آباد چلے گئے۔"

اس عبارت کا خلاصہ میرے خیال میں مصحفی کی عبارت ذیل سے ماخوذ ہے:

"و معرفت میر محمد نعیم خان کہ ہم مکتب الیشان بود بہ ملازمت نواب شجاع الدولہ بہادر رسیدہ یکے از مقربان گردید۔ در ہمان نزد [یکی] روزی نواب وزیر دستش را در عالم اختلاط بہ فلس سوختند آب در دیدہ گردانید و پیچ نگفت و آخر برہمیں حرکت آزردہ شدہ بہ طرف عظیم آباد رفت۔" (صہ ۱۶ تذکرہ ہندی از مصحفی)

ان بیانوں میں جو فرق ہے ظاہر ہے۔ مثلاً میر محمد نعیم خاں کا نام آزاد بھول سکتے ہیں۔ لیکن شجاع الدولہ کا پیسے کے ساتھ فغان کے ہاتھ داغ دینے کے واقعہ کو بھول کر نواب کے ہاتھ سے کپڑا جلنے کے ساتھ تاویل کرنا ناقابل قبول ٹھہرتا ہے۔ بہر حال مصحفی کے سوا فغان کے لکھنؤ جانے کا قصہ کوئی اردو تذکرہ نگار نقل بھی نہیں کرتا۔ اسلئے ہمیں ماننا پڑے گا کہ بالواسطہ یا بلاواسطہ تذکرہ مصحفی تک مولٰنا کی رسائی تھی۔ بلکہ بیان ذیل بھی اسی تذکرہ پر مبنی ہے:-

صہ ۱۲۶۔ "وہاں جا کر اس سے زیادہ عزت پائی اور راجہ شتاب رائے کی

ار میں اختیار و اقتدار حاصل کیا۔ راجہ صاحب بھی علاوہ خاندانی بزرگی کے
کے کمال ذاتی اور شیریں کلامی اور علم مجلسی کے سبب سے نہایت عزیز رکھتے
ے۔ چنانچہ وہیں رہے اور باقی عمر خوشحالی میں بسر کرکے دنیا سے انتقال کیا۔"
مصحفی کی روایت ہے:۔

"و درسرکار راجہ شتاب رائے بہ ندامت پیشگی پیش آمدہ اقتدار کلی
بہم رسانیدہ بود۔ چند سال است کہ ہمان جا زندگانی را جواب دادہ"

[ص ۱۶۰ تذکرۂ ہندی]

اس بیان سے تو واضح ہوتا ہے کہ فغاں باقی عمر راجہ شتاب رائے کے
ں رہے اور چند سال بعد وہیں عظیم آباد میں وفات پائی۔ مگر مولٰنا کا بیان
یں جو قاسم سے ماخوذ ہے اس بیان کا نقیض مانا جاسکتا ہے:

ص ۱۲۸ ج ۲ "ان کی لیاقت اور حسن تدبیر کو اس بات سے قیاس کر سکتے ہیں
حکام فرنگ سے اس عالم میں اس طرح رسائی پیدا کی کہ باقی عمر فارغ البالی اور
حالی میں گذاری"۔

قاسم کی روایت ہے:۔

"بنابر افراط و تفریطے کہ در ہنگامۂ افاغنہ ابدالی بحضرت دہلی رود اد
بدیار شرقیہ شتافتہ رحل اقامت انداخت و بحسن سلیقہ کہ داشت
بسران فرنگ درساخت و در ہمان نواح رشتۂ زندگانی وے
درگسست و بجوار رحمت حق در پیوست۔" (ص ۲ ج دوم مجموعۂ نغز)

شفیق کا بیان ذیل بھی نظر میں رہے:۔

"در زمان احمد شاہ از شاہجہان آباد بر آمدہ بصوبۂ اودھ آمد و با نواب
شجاع الدولہ نیشاپوری ناظم صوبۂ اودھ صحبت کوک کرد بعد پس

از چندی در اوائل عشرۂ سابعہ بعد مأتہ والف رخت جانب عظیم آباد کشید۔ اعیان وارکان آن مقام مقدم او را گرامی داشتند و بالفعل در مزاج شتاب رائے ناظم صوبۂ عظیم آباد دخل تمام دارد و در سنہ احدی و ثمانین و مأتیہ والف بوساطت راجہ مذکور خطاب ظریف الملک از پیشگاہ شاہ عالم عالی گوہر کہ درین ایام در بلدۂ الہ آباد نزول اجلال دارد بنام خود گرفت و جاگیر آں طمغا حاصل نمودہ روزگار بفراغ بال میگذراند۔" (گل رعنا)

گویا ممالک شرقیہ پہنچ کر انگریزوں سے رسائی پیدا کرلی۔

فغاں اپنے زمانہ کے بڑے ظریف اور خوش طبع مانے گئے ہیں۔ وہ ہر محفل کے زیور اور ہر مجلس کے سنگار تھے۔ اپنے فقروں اور چٹکلوں سے جلسوں کی رونق دوبالا کر دیتے۔ ان کے بعض لطیفے مولنا نے نقل کئے ہیں۔ جن کا ماخذ مجھے معلوم نہیں۔ ان میں ایک دل آزار لطیفہ بھی ہے۔ فرماتے ہیں:۔

"افسوس یہ ہے کہ اس قسم کے لطائف بڑھتے بڑھتے ان سے اور راجہ سے بھی شکر رنجی ہوگئی۔ اس کی بنیاد یہ ہوئی کہ احمد شاہ درانی نے جو سلطنت پر حملے کئے۔ ایک دن اس کی دست درازی اور بے اعتدالیوں کا ذکر ہو رہا تھا۔ خدا جانے طنز سے یا سادہ مزاجی سے راجہ صاحب نے کہا۔ کہ نواب صاحب! ملکہ زمانی کو احمد شاہ کیونکر لے گیا۔ انہیں یہ بات ناگوار ہوئی۔ افسردہ ہو کر بولے۔ کہ مہاراج! جس طرح سیتا جی کو راون لے گیا تھا اسی طرح وہ لے گیا۔" صفحہ ۱۷۰

منجملہ ان افسانوں کے جو مغلیہ سلاطین کی ذلت و رسوائی اور کمینی بہادر کے

ساختہ بادشاہان اودھ کی خوشنودی حاصل کرنے کے واسطے لکھنؤ والوں نے تراشے ہیں۔ ملکۂ زمانی کا یہ قصہ بھی ہے۔ مجھے معلوم نہیں۔ مولٰنا نے اس قصہ میں کونسا لطیفہ دیکھا جو یہاں درج کیا۔ ملکہ زمانی فرخ سیر شہید کی دختر تھیں۔ اور ۱۱۳۳ھ میں محمد شاہ بادشاہ سے بیاہی گئیں۔ عالمگیر ثانی ۱۱۶۷ھ و ۱۱۷۳ھ کے دَور میں جب احمد شاہ ابدالی ۱۱۷۰ھ میں ہندوستان آکر ۱۱۷۱ھ میں واپس افغانستان جاتا ہے۔ جانے سے پہلے وہ اپنی اور اپنے فرزند تیمور کی شادیاں خاندان تیموریہ میں کرتا ہے۔ چنانچہ صاحب زمانی دختر محمد شاہ سے جو صاحب محل کے بطن سے تھیں خود عقد کرتا ہے اور عزیز الدین عالمگیر کی دختر سے تیمور کا۔ ملکہ زمانی اور صاحب محل جو آپس میں خالہ زاد بہنیں تھیں عالمگیر بالخصوص اسکے وزیر عماد الملک فیروز جنگ سے سخت ناخوش تھیں۔ اس لئے انہوں نے احمد شاہ سے رشتہ کرکے دہلی کے قیام پر قندھار کو ترجیح دی اور دونوں شہزادیاں بیٹی اور داماد کے ساتھ افغانستان چلی گئیں ۔

صاحب سیر المتاخرین لکھتے ہیں :۔

"مخفی نماند کہ بعد حبس احمد شاہ خلف محمد شاہ وجلوس عالمگیر ثانی برسریر سلطنت واقتدار یافتن عماد الملک خبیث طینت روزگار غدار با ملکۂ زمانی دختر فرخ سیر زوجۂ محمد شاہ وصاحبہ محل زوجۂ ثانیۂ او کہ خالہ زاد ملکۂ زمانی ومحمد شاہ را از بطن ہمین صاحبہ محل دختری بہم رسیدہ محبوب ترین خلق پیش او بود نہایت ناسازگار افتادہ اوقات بکدورت می گذرانیدند وصدمۂ غارت مرہٹہ ونمک بحرامی عماد الملک دیدہ بودند خود در ہندوستان وتحت فرمان عماد الملک وعالمگیر نمی خواستند۔ چون معاودت شاہ ابدالی بوہنما متحقق

گردید پیغام رفاقت خود و داعیۂ ازدواج دختر محمد شاہ با ابدالی فرستادند۔ احمد شاہ درانی این کار را سرمایۂ افتخار و بقای بلند نامی خود در روزگار دانستہ قبول نمود و ہمانجا اقامت نمودہ دختر مذکور را بعقد ازدواج خود کشید و کارسازی سفر ملکۂ زمانی و صاحبہ محل مع احمال و اثقال آنہا نمودہ ہمراہ خود گرفت وعازم لاہور گشت۔" (ص۵۵ سیر المتاخرین جلد دوم طبع ۱۲۴۸ھ)

مرزا مظہر جان جان

ان کے ذکر میں مولنا فرماتے ہیں کہ حالات اور سال تاریخ وغیرہ معمولات مظہری سے لئے گئے ہیں۔ مگر راست یہ ہے کہ جس قدر توجہ مولنا کو ان پر مبذول کرنی چاہیئے تھی نہیں کی۔ مرزا مظہر کے متعلق یہ عذر نہیں کیا جاسکتا۔ کہ "پھول ہاتھ نہ آئے جو لڑی پروتا"۔ بلکہ برعکس کثرت مواد کی شکایت ہوسکتی ہے نہ قلت مواد کی۔ مگر حضرت مولنا نے تمام تذکروں اور تاریخوں کو پس پشت ڈال کر چند بے سروپا اور بے سند باتوں کو لے کر اور نمک مرچ لگا کر آبحیات کی نقل محفل بنا دیا ہے۔

مولنا اپنے افتتاحی فقرے میں لکھتے ہیں:۔ "اگرچہ نظم کے جوش و خروش اور کثرت کلام کے لحاظ سے میر و سودا کے ساتھ ان کا نام لیتے ہوئے تأمل ہوتا ہے۔" (ص۱۳۹)

گویا مولنا آبحیات کے دربارنشینوں میں ان کو روشناس کرتے ہوئے معذرت خواہ ہیں۔ حالانکہ میرزا مظہر اردو شاعری کے ابتدائی معماروں میں سے ہیں۔ ابھی میر و مرزا کا اردو کے میدان میں پتہ بھی نہیں تھا کہ مرزا صاحب نے

ریختہ کو ایہام گوئی کی لغویت سے پاک کر کے فارسی کی عام شاہراہ پر ڈال دیا تھا مگر ہم دیکھتے ہیں۔ کہ حضرت مولانا اس موقع پر جادۂ مستقیم سے ہٹ کر ایسے میدانوں میں نکل گئے ہیں۔ جن کا ادب سے کوئی تعلق نہیں۔ اول سے آخر تک ان کا قلم بیچارے مرزا کی ہجو ملیح میں مصروف ہے۔ ان کی حسن پسندی اور میرزا منشی پر چھینٹے اڑائے ہیں۔ لطیفوں کی آڑ میں ان کو تند خو اور بدمزاج ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں یہاں حکیم عبدالحی صاحب مرحوم کی قابل قدر تالیف گل رعنا سے ایک اقتباس نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ وہو ہذا :-

" افسوس ہے۔ کہ شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد نے حسب معمول ان کے حالات بیان کرنے میں چٹکیاں لیں۔ کہیں واقعہ کی صورت ایسی بنائی ہے۔ جس میں بجائے مدح کے ذم کا پہلو نکلتا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ "ان کے باب میں بہت سے لطائف ایسے مشہور ہیں کہ اگر آج کسی میں پائے جائیں تو زمانہ کے لوگ اچھا نہ سمجھیں . . . . کچھ تو اس اعتقاد سے ع خطاے بزرگاں گرفتن خطاست اور کچھ میں روسیاہ بزرگوں کی ہر بات کو چشم عقیدت کا سرمہ سمجھتا ہوں الخ ص ۱۳۸"

تاباں کا حال جیسا چٹکا کر لکھا ہے اور سرگوشیوں کا فسانہ جس طرح بیان کیا ہے۔ وہ بھی ملاحظہ طلب ہے۔ ص ۱۳۹۔ شعر مندرجہ ص ۱۰۴ کو پڑھیئے۔ پھر مرزا صاحب جیسے مہذب کو اور آزاد کی معذرت کو دیکھئے کہ تہذیب آنکھ دکھاتی ہے مگر کیا کیجئے۔ ایشیا کی شاعری کہتی ہے کہ یہ میری صفائی زبان اور طراری کا نمک ہے۔ (ص ۱۴۰) مرزا رفیع سودا کی ہجو پر حاشیہ چڑھاتے ہیں کہ ایک دھوبن گھر میں ڈالی تھی (ص ۱۴۳)"۔ گل رعنا ص ۲۶-۱۲۵۔

میرزا مظہر بارھویں صدی ہجری کے ان مشاہیر میں سے ہیں۔ جو آفتاب سے زیادہ مشہور و معروف ہیں۔ ان کی شہرت ان کی زندگی ہی میں ہندوستان کی اطراف میں دور و نزدیک پہنچ چکی تھی۔ ان کا پایہ میر و مرزا سے جن کے ساتھ مولٰنا آزاد ان کا نام لینا پسند نہیں کرتے بہت بلند ہے۔ شاعری ان کے کمالات کا ایک ادنے جوہر ہے۔ تمام تذکرے ان کے حالات اور اوصاف سے پُر ہیں۔ ہر مصنف احترام کے ساتھ ان کا نام لیتا ہے خود سراج الدین علی خان آرزو کہ بقول آزاد اہل اردو ان کے عیال کہلاتے رہیں گے۔ اپنے تذکرہ منتخب النفائس میں مرزا کے متعلق لکھتے ہیں :-

"در دقت فہم و ذکاے طبع یکتاے لیل و نہار بلکہ تمثیل روزگار است جدت طبیعت و جودت قریحت بمرتبۂ دارد کہ مصداق این مصرع است۔ ع کہ سخن نگفتہ باشی بسخن رسیدہ باشد ..... ریختہ کہ شعر آمیختۂ ہندوی و فارسی است بطریقۂ خاصہ میگفت حالا خلاف زی خود دانستہ ترک مطلق گفتہ۔ بعضی از تلامیذ خود را تربیت بسیار کردہ حتیٰ کہ بعضی میگویند خود گفتہ دادہ واللہ اعلم۔ ہر چند شعر دون مرتبۂ اوست۔"

سروِ آزاد میں مولٰنا غلام علی آزاد بلگرامی کی راے بھی سننے کے قابل ہے۔ وہ انھیں بادشاہ مسند فقر و فنا اور مقیم آستان توکل و استغنا کہتے ہیں اور مثنوی معنوی کا ایک شعر نقل کر کے جس سے مرزا کا نام و تخلص اور ان کے والد کا نام برآمد ہوتا ہے۔ مولٰنا روم کی کرامت کا استدلال کرتے ہیں۔ وہ شعر یہ ہے ؎

جان اول مظہر درگاہ شد جانجان خود مظہر اللہ شد

میرزا مظہر کے والد کا نام مرزا جان تھا جو دربار شاہی میں امیر تھے اور آخر عمر میں ترک منصب کر کے گروہ صوفیہ میں شامل ہو گئے۔ جانجاں خود مرزا کا نام ہے اور مظہر تخلص ہے اور باعتبار ترک دنیا و طلب الٰہی مظہر اللہ ہیں۔ کیا مولٰنا غلام علی آزاد اپنے ہم تخلص مولٰنا محمد حسین آزاد کو یہاں اشتباہ نہیں کر رہے ؟

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ مرزا فقر و فضیلت اور شعر کے جامع ہیں۔ اور اپنے نام کے اقتضا کے بموجب روح الروح معنی پروری۔ عروس سخن کو ان کے ذہن کی مشاطگی نے طرز جدید بخشی اور پیکر خیال کو ان کی فکر کی چابکدستی سے حسن بے اندازہ حاصل ہوا۔

ادھر میر تقی میر نکات الشعراء میں ان کی تعریف میں رطب اللسان ہیں اور ان کی خدمت میں پہنچ کر اپنی سعادت اندوزی کا ذکر کرتے ہیں۔ ان کی خوش تقریری کے بے انتہا مداح ہیں اور فارسی میں انہیں سلیم و کلیم کا ہم پلہ مانتے ہیں۔ فرماتے ہیں :-

"مظہر تخلص مردیست مقدس مطہر درویش عالم صاحب کمال شہرۂ عالم بے نظیر معزز مکرم . . . . بندہ بخدمت او رفتہ سعادت اندوز گشتہ است۔ اکثر اوقات در یاد الٰہی صرف میکند۔ خوش تقریر بمرتبہ ایست کہ در تحریر نمی گنجد۔ دیوان مختصر شعر فارسی او بنظر فقیر مولف آمدہ است از سلیم و کلیم پایۂ کمی ندارد۔ اگرچہ شعر ریختہ گفتن دون مرتبۂ او است لیکن گاہی متوجہ این فن بیجا صل می شود۔"

(نکات الشعراء ص۵)

مصحفی کا بیان ہے :-

"ہنوز از میر و مرزا وغیرہ کسی در عرصہ نیامدہ بودہ در دور ایہام گویان

اول کسی کہ شعر ریختہ بہ تتبع فارسی گفتہ اوست"۔ (ص۲۰۳ تذکرہ ہندی)

اس حساب سے مرزا مظہر جانجاں اردو کے ابتدائی محسنوں اور سرپرستوں سے ہیں۔ اور اردو شاعری کے مورخ کے لئے ان کے حالات میں ادبی نقطۂ نظر سے دلچسپی لینا فرض اولین۔ مصحفی اپنے بیان کے آخر میں لکھتے ہیں

"فی الحقیقت نقاش اول زبان ریختہ باین وتیرہ باعتقاد فقیر مرزاست۔ بعدہ تتبعش بر دیگران رسیدہ"

ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ جو شخص زبان ریختہ کا نقاش اول مانا جائے اور میر و مرزا جیسے بزرگوار جس کے مقلد کہلائیں۔ مولانا آزاد کے ہاتھ سے بہتر سلوک کا مستحق تھا؛

شفیق اورنگ آبادی مرزا کا معاصر اصغر ہے۔ اگرچہ دکن سے تعلق رکھتا ہے۔ مگر دوران بابصر سے ہے وہ رقمطراز ہے :-

"مرزا جانجان مظہر سلمہ اللہ تعالی۔ بادہ نوش خمخانۂ معانی و جرعہ چش ساغر سخندانی است . . . حق جل جلالہ دیرگاہ سلامت دارد ہمای توصیفش نہ مرغی است کہ بچنگ شاہین تقریر آید و صحرای تعریفش نہ خطہ ایست کہ خنگ تیز گام تحریر پیماید۔ کمال فضل از کلام یقین کہ یکی از تلامذۂ چون شہنشاہ جہان معانی است پیدا می شود والا رتبۂ اقتدارش از حدیث دردمند کہ جاگی خوار مائدۂ آن ماہ آسمان سخندانی است ہویدا می گردد"۔

احمد علی سندیلوی اپنے مشہور تذکرہ مخزن الغرائب میں تفصیلی حالات دیتے ہیں۔ ان کا ذیل کا بیان قابل غور ہے :-

"از بسکہ کانون سینۂ بے کینہ اش پُر از آتش عشق بود۔ بیشتر

اشعار عاشقانہ پرورداز قلمش می ریخت - چون غرضش اظہار درد دل بود خواہش نام برآوردگی درین فن نداشت [بیشتر سرمایۂ سخنش بر باد رفت] ..... درزبان ہندی کہ مراد از اردوست خیلی فصیح و بلیغ بود بانی زبان اردو در ریختہ او بودہ است والا بیشتر شعر گفتن یاران بتقلید ولی دکنی بود۔"

گویا مرزا کا بڑا احسان یہ ہے - کہ دکنی زبان و محاورات سے ہٹا کر دہلی کے محاورہ میں شعر گوئی کی بنیاد ڈالی - احمد علی کا قول ہے - کہ مرزا فصاحت و بلاغت - نشست و برخاست کے طور و طریق - غیر تمندی کے وصف اور ہندوستان زائی پر فخر و افتخار کے واسطے اعلےٰ سوسائٹی میں نمونہ بنے ہوئے تھے اور ہیں ۔

" چہ در فصاحت و بلاغت وچہ در سلیقہ نشست و برخاست وچہ در غیرت و ہندوستان زائی ضرب المثل عالی قدران بودہ و ہست ۔"

ان مختلف بیانات سے صاف واضح ہوتا ہے - کہ میرزا مظہر اپنے معاصرین میں نہایت معزز و محترم تھے - میر صاحب با این ہمہ بد دماغی ان کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں - انشاء اللہ خاں انشا جو ہمارے مولانا کے اس قدر مقبول و محبوب کردار ہیں بڑے اشتیاق کے ساتھ تیاری کر کے ان کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں - اس ملاقات کو انھوں نے ڈرامائی احساسات کے ساتھ جزئیات کی تفصیل کی حد تک دریائے لطافت میں بیان کیا ہے - جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب سے شرف ملاقات انشا کی زندگی کا ایک نہایت مسرت بخش واقعہ ہے - مصحفی ان کی مقبولیت اور ہر دلعزیزی کے متعلق

عقد ثریا میں لکھتے ہیں۔ کہ پادشاہ سے لے کر ادنٰے غریب تک کوئی ایسا نہیں تھا جو ان کی آستانہ بوسی کو اپنا فخر نہ سمجھتا ہو۔ امرا اور خواتین انکی قدمبوسی کے آرزو مند رہتے۔ مگر یہ ملاقات سے انکار کر دیتے۔ غریبوں کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتے۔ ان کا فیض عام تھا۔ مسلمان اور ہندو دونوں معتقد تھے۔ اپنے کسی مرید کو کلمات طیبات میں (۵۴واں خط) لکھتے ہیں۔ کہ دوندیخاں مجھ سے ملاقات کا خواستگار رہا۔ میں نے انکار کر دیا۔ حافظ رحمت خاں میرے پاس آئے۔ مگر صحبت ساز گار نہیں ہوئی :۔" دوندیخان کہ ارادۂ ملاقات فقیر داشت۔ منع کردم کہ نیاید۔ و حافظ رحمت خاں کہ پیش فقیر حاضر شدہ بود۔ صحبت او با فقیر نادرست افتاد۔" ۶۱ ویں خط میں جو خانخاناں خلعت نواب قمر الدین خاں وزیر کے نام ہے۔ خفگی کی حالت میں بگڑ کر لکھتے ہیں :۔

" امرای اینجہان را باید کہ باسلاطین آنجہان یعنی فقرا باادب باشند۔ خصوصًا در اوقات استمداد و استعانت کہ دل فقیر ان ملتفت گردد۔ در چنین اوقاتی بے پروائی کردن و تحریر مطالب بعہدۂ بی ادبان گذاشتن ضرر دارد۔ اگر حسن ظنے درمیانست ادب واجبست و اگر نیست رجوع و انابت چہ ضرور است باندیشۂ ہمین امور اختلاط و رسم مراسلات ترک نمودہ ایم و دعا گفتہ ایم ؎

زخلق گندہ دماغی چگونہ بردارم   باین دماغ کہ از بوی گل زکام کند

ان کی نازک مزاجی اور زود حسی کا ایک قصہ مخزن الغرائب میں منقول ہے۔ کہ میرزا کے اشتیاق میں ایک روز دوپہر کے وقت عزیز الدین عالمگیر ثانی

بادشاہ دہلی تشریف لے آئے۔ میرزا قیلولہ میں تھے۔ انہیں اٹھایا گیا۔ بہت بد دماغ ہوئے۔ بادشاہ غصہ میں اٹھے اور یہ کہتے ہوئے چلے گئے۔ کہ اب میں آپ کا کبھی منہ نہیں دیکھوں گا۔

نواب عماد الملک مرزا صاحب کی ملاقات کے مشتاق ہیں مگر مرزا صاحب (جیسا کہ ۶۶ ویں مکتوب میں مذکور ہے) اپنی شرائط پر ملنا چاہتے ہیں۔ یعنی یہ کہ وطن کو لوٹتے وقت متھرا میں ٹھہریں گے۔ وہاں نواب آکر ملیں۔ بشرطیکہ انہیں جاٹ کے قلعوں میں جانا نہ پڑے۔ نیز یہ کہ نواب صرف دریا تک استقبال کریں۔

اکثر روہیلے مرزا صاحب کے مرید تھے۔ اور مرزا صاحب اس علاقہ میں یعنی امروہہ سنبھل۔ مراد آباد۔ شاہجہان پور وغیرہ تشریف لے گئے ہیں۔ چوہترویں مکتوب میں فرماتے ہیں :۔

"ہجوم روہیلہا برای اخذ طریقہ بحدیست کہ تمام روز از توجہ فرصت نیست۔ طاقت طاق شدہ است۔ اما سعادت خود میداند وزیادہ ازین عبادتی نہ . . . . از دور و دراز این مردم باستماع خبر ورود فقیر احرام بستہ می آیند۔ از آدمیت عرفی کم آگاہند.....
از سنبھل وامروہہ تا شاہجہانپور در جمیع منازل دستہ دستہ وجماعہ جماعہ مردم از قوم روہیلہ اکثر واز مردم ہندی کمتر اخذ طریقہ علیہ نمودند ومنور ومتاثر گردیدند وجماعۂ از انہا ہمراہ آمدہ اند بقصد رفاقت بدہلی برای کسب مقامات میروند۔"

ان کے مریدوں کی تعداد ہزاروں سے گذر چکی ہے اور بعض ان میں نہایت مشہور ہیں۔ مثلاً (۱) قاضی ثناء اللہ پانی پتی جنہوں نے مرزا صاحب کے

نام پر عربی میں ایک ضخیم تفسیر بنام تفسیر مظہری تالیف کی ہے۔ جو آجکل میرٹھ میں چھپ رہی ہے۔ ساتھ ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی کیا جا رہا ہے۔ مرزا صاحب قاضی صاحب کو 'علم الہدیٰ' اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی 'بیہقی ثانی' کے خطاب سے یاد کرتے تھے۔ (۲) مولوی غلام یحییٰ جنھوں نے معقول کی بعض کتابوں پر مفید حواشی لکھے ہیں۔ ان کا ایک رسالہ وحدت وجود و وحدت شہود پر ہے۔ جس پر مرزا صاحب نے بھی چند سطریں بطور پیش کلام تحریر کی ہیں۔ (۳) مولوی نعیم اللہ بہرائچی۔ جنھوں نے مرزا صاحب کے حالات و معمولات میں ایک تالیف بنام معمولات مظہری اپنی یادگار چھوڑی ہے (۴) شاہ غلام علی الملقب بہ شاہ عبداللہ جنھوں نے معمولات مظہری کا ایک اختصار مع دیگر رسائل کے جن میں مرزا صاحب کے مکتوبات بھی شامل ہیں طیار کیا ہے +

مرزا صاحب کے مریدوں کی فہرست بہت لمبی ہے۔ اسلئے اس کو حذف کیا جاتا ہے۔ اس عہد کے مشاہیر علما و فضلا کے ساتھ مراسلات و مکتوبات کا سلسلہ جاری تھا۔ حضرت شاہ ولی اللہ مرزا صاحب کو مکتوبوں میں "قیم طریقۂ احمدیہ و داعی سنت نبویہ" لکھتے تھے۔ غلام علی آزاد سرو آزاد میں رقمطراز ہیں:-

"فقیر را با میرزا ملاقات صوری صورت نہ بستہ۔ اما غائبانہ اخلاص کامل است و ہمیشہ بہ آمد و رفت مراسلات حظ ہم کلامی حاصل"۔

(ص ۲۳۱ سرو آزاد)

جس شخص کے مشہور لوگ مرید ہوں۔ بڑے بڑے مصنف اس کے اوصاف و کمال کے معترف ہوں اور شاہ ولی اللہ اور غلام علی آزاد جیسے فاضل اس کے احترام میں کوشاں ہوں یقین ہے کہ وہ شخص ہر لحاظ سے منتخب روزگار ہوگا۔ خود مرزا کا ایک شعر اس موقعہ پر درج ہونے کے قابل ہے:-

بتان اگرچہ ندانند قدر ظہرما خدا گواہ کہ دیوانہ سخت مغتنم است

مرزا کی تمام دلچسپیاں جیسا کہ قدرتاً ہونا چاہیئے اپنے مریدوں اور ان کے سود و بہبود کے واسطے وقف ہیں۔ اگرچہ امرا اور ارباب حکومت سے تعلق رکھنا ناپسند کرتے ہیں۔ پھر بھی اس عالم بے تعلقی میں جس قدر ممکن ہوتا ہے۔ مریدوں اور دیگر متوسلین کی کاربرآری میں مصروف رہتے ہیں۔ نجیب الدولہ اور اس کے فرزند ضابطہ خاں کے متعلق ان کو کافی دلچسپی معلوم ہوتی ہے۔ ان کے بعد عماد الملک سے ہے۔ وہ اس کی حرکات سے ناخوش ہیں اور توبہ و انابت کا مشورہ دیتے ہیں۔

تینتیسویں خط میں لالہ برج لال کی ملازمت کے واسطے بسلسلہ متصدی گری کسی امیر کے ہاں اس کے رفیق یا ملازم سے جو مرزا کا مرید بھی ہے سفارش کرتے ہیں۔ چوالیسواں مکتوب ظفر علیخاں خلف نواب اعتضاد الدولہ ارشاد خاں بہادر کی سفارش میں ہے۔ کہتے ہیں کہ حافظ رحمت خاں نے ملازمت دینے کا اس سے وعدہ کر رکھا ہے۔ ۵۳ ویں خط میں کسی مرید کو نواب قاسم علی خاں سے میر سلمان کی سفارش کے واسطے جو حج کا ارادہ کر رہے ہیں لکھ رہے ہیں۔

اس عہد کے سیاسی اور دیگر گذرنے والے واقعات کے متعلق بھی اشارے مرزا صاحب کے خطوں میں موجود ہیں۔ اکتیسویں خط میں سکھوں کی لوٹ مار کا جو تھانیسر میں انھوں نے کی ہے ذکر کرتے ہیں اور افسوس کرتے ہیں۔ کہ مولوی قلندر بخش مع زن و فرزند لٹ لٹا کر آئے ہوئے ہیں۔ اور میں بوجہ بے استطاعتی ان کی قرار واقعی امداد نہیں کر سکا۔ سترویں خط میں مرقوم ہے: "اینجا از آوازۂ صلح نواب و جاٹ با نجیب خان گوشہا پر ست و آنچہ از رازدان معتبر طرفین معلوم شد جاٹ با روہیلہ بنا بر مصلحت خود بتوسط راجہ

بہادر سنگھ و دلیر سنگھ آشتی میکند (ص ۱۲ کلمات طیبات ۱۸۹۴ء) یہ خط غالباً ۱۱۷۱ھ کا نوشتہ ہے۔ جب نجیب الدولہ اور جاٹ میں صلح ہوئی۔ اکتروین خط میں شاہ ابدالی کے پشاور پہنچنے کی خبر دی گئی ہے۔ کہ اس نے اپنے بیٹے تیمور کو ایک بڑی فوج کے ساتھ ملک خراسان کے انتظام کے واسطے روانہ کیا ہے اور خود پنجاب اور ملتان کے انتظام کے لئے آتا ہے۔ بچاسویں خط میں سہرند پر سکھوں کے مظالم اور اس کی تباہی و ویرانی کا ذکر حضرت میر اسداللہ کے واسطے امداد کی درخواست کے سلسلہ میں آتا ہے۔ چھیالیسویں مکتوب میں افواج جنوبی یعنے مرہٹوں کے غلبہ اور روہیلوں کے فرار اور قصبات و دیہات کی عام تباہی کی طرف تلمیح کرتا ہے جو واقعہ غالباً ۱۱۷۳ھ میں پیش آیا۔ اٹھائیسویں خط میں جو مولوی ثناء اللہ سنبھلی کے نام ہے۔ پھر مرہٹوں کی طرف اشارہ ہوا ہے۔

میرزا صاحب کے سال ولادت کے متعلق اختلاف آرا ہے جو خود مرزا صاحب کے اپنے بیانات کی وجہ سے جو مختلف اوقات میں آپ نے دیے ہیں پیدا ہو گیا ہے۔ مقامات مظہری میں آپ کی ولادت کا سال ۱۱۱۱ھ یا ۱۱۱۳ھ مذکور ہے اور " تولد صاحب شرع " اور " طلوع شمس الملۃ والدین " سے یہ سال برآمد ہوتا ہے۔ ہمارے خیال میں ' طلوع ' کی جگہ ' طلع ' ہوگا۔ دونوں مادوں سے ۱۱۱۱ھ نکلتا ہے۔

مولانا غلام علی آزاد کو جو خط لکھا ہے۔ اس میں مذکور ہے :- " در عشرۂ اولیٰ ماتہ ثانیہ بعد الف ولادتش اتفاق افتاد " (ص ۲۳۲ سرو آزاد)۔ اس بیان کی رو سے ۱۱۱۱ھ سے قبل ولادت ہونا چاہیئے۔ لیکن ان کے خطوط میں جو کلمات طیبات میں چھپے ہیں۔ خط نمبر اول میں یہ عبارت ملتی ہے :" در ہزار و صد و سیزدہ

ولادت فقیر و در عمر شانزدہ سالگی گرد یتیمی بر رو نشست"۔ اور والد کے انتقال کے متعلق فرماتے ہیں :۔ "در سال ہزار و صد و سی ہجری انتقال ازین عالم فرمود"۔ اس سے ظاہر ہے کہ خود سنہ ۱۱۱۳ھ میں پیدا ہوئے اور والد نے سنہ ۱۱۳۰ھ میں انتقال کیا۔ جب آپ کی عمر سولہ سال تھی۔ دیوان کے دیباچہ میں حوالۂ قلم کرتے ہیں :۔ "امروز کہ ہزار و صد و ہفتاد ہجری است و عمر بشصت رسیدہ از بیست سال بکنج عزلت آرمیدہ است"۔ اس کی رو سے انہیں سنہ ۱۱۱۰-۱۱۱۱ھ میں پیدا ہونا چاہیئے۔ الغرض آپ کی ولادت کا سال سنہ ۱۱۰۹ھ و سنہ ۱۱۱۳ھ کے درمیان ہے ؛

فارسی کی تکمیل آپ نے اپنے والد مرزا جان سے کی۔ کلام اللہ۔ تجوید اور قرأت قاری عبدالرسول سے۔ معقول و منقول دیگر علماء سے۔ علم حدیث و علوم متعلقہ حاجی محمد افضل سے تحصیل کئے۔ اٹھارہویں سال میں حضرت نور محمد بداؤنی کے مرید ہوئے اور چار سال متواتر حاضر باش رہے۔ ان کی وفات سے چھ سال بعد حاجی محمد افضل صاحب سے رجوع کی۔ پھر حافظ سعد اللہ صاحب سے بارہ سال تک استفادہ کرتے رہے۔ پھر سات سال تک شیخ محمد عابد سے سلسلۂ ارادت قائم رکھا۔ یہ تقریباً انتیس تیس سال ہوتے ہیں جن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دیباچۂ دیوان میں فرمایا ہے :۔ "مدت سی سال بر در مدرسہ و خانقاہ جاروب کشید"؛

آپ کے کلام کا اکثر حصہ ضائع ہو گیا۔ کیونکہ آپ نے مسودات کے جمع کرنے کی کبھی پروا نہیں کی۔ دیباچۂ دیوان میں لکھتے ہیں :۔ "در ہنگام جوانی بتحریک شور عشقے کہ نمک خمیرش بود نالہائے موزوں میکرد۔ باین تقریب نام خود را بشاعری برآورد و از والاہمتی سر جمع اجزائے مسودات و مواد کلیات نداشت۔

بیشتر سرمایہ سخنش برباد رفت۔"

میں اب مرزا صاحب کے قصہ شہادت کو لیتا ہوں۔ جس کے متعلق مولانا آزاد فرماتے ہیں :-

"اس قتل کا سبب دلی کے خاص و عام میں مشہور تھا۔ کہ بموجب رسم کے ساتویں کو علم اٹھے تھے۔ یہ سر راہ اپنے بالاخانہ پر خاص خاص مریدوں کو لئے بیٹھے تھے۔ جیسا کہ عام جہلا کی عادت ہے شاید طرفین سے کچھ کچھ طعن و تعریض ہوئے ہوں۔ وہ کسی جاہل کو ناگوار ہوئے۔ ان میں کوئی سنگدل فولاد خاں نام سخت جاہل تھا۔ اس نے یہ حرکت کی۔ لیکن حکیم قدرت اللہ خان قاسم اپنے تذکرہ میں فرماتے ہیں۔ کہ مرزا صاحب اپنے کلام میں اکثر اشعار حضرت علی کی مدح میں کہا کرتے تھے۔ اس پر بگڑ کر کسی سُنّی نے یہ حرکت کی ۔

نکرد مظہر ما طاعتی و رفت بخاک نجات خود بتولائے بوتراب گذاشت

جد مرحوم ایک اردو کا شعر ان کے نام سے پڑھا کرتے تھے ۔

ہوں تو سُنّی پر علی کا صدق دل سے ہوں غلام خواہ ایرانی کہو تم خواہ تورانی مجھے

(ص ۱۴۷ آبحیات)

اور حاشیہ میں اضافہ ہوا ہے :- "عجب مشکل ہے۔ حکیم صاحب بھی ایک خوش اعتقاد سنت جماعت تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ سنی نے مارا۔ لوگ کہتے ہیں شیعہ نے مارا۔ (ص ۱۴۸ آبحیات)

لیکن حکیم صاحب کا مطلب جو مولانا سمجھے ہیں۔ اس کے بالکل برعکس ہے حکیم صاحب کی اصل عبارت یہ ہے :-

"ازانجا کہ مشرب صافی و مذہب اہل حق حق بوی ارزانی داشتہ بود۔ ظالمی ناحق شناس در ایام متبرکۂ عاشورہ بہ تعصب مذہب پی حقیقت کارنابردہ کہ وی

غرق حب جناب ولایت مآب و حریق عشق حضرت امامت انتساب مرتضوی بود سلام اللہ علیہ و کرم اللہ وجہہ۔ چنانچہ بعضے اشعار آبدارش خاصہ این بیت

نکرد منظر ما طاعتی و رفت بخاک　　نجات خود بتولای بوتراب گذشت

بر بی گناہیش گواہی دہد۔ بے گناہ شہید ساختہ بحضور سراپا سرور شہدای کربلای معلی علیہم السلام والرضوان رسانید"۔ (ص ۱۹۹ ج دوم مجموعہ نغز)

کہ کسی ظالم نے عشرہ محرم کے ایام میں بربنای تعصب مذہب اس حقیقت کے معلوم کئے بغیر کہ وہ حضرت امامت انتساب علی کرم اللہ وجہہ کی محبت میں غرق ہیں۔ جیساکہ ان کے بعض اشعار خصوصاً شعر بالا سے جو ان کی بے گناہی کی شہادت دیتا ہے بیگناہ قتل کرکے شہدائے کربلای معلی کی خدمت میں پہنچا دیا۔ مولانا کا یہ عقیدہ کہ سنی نے مارا بالکل بے اصل ہے کیونکہ سُنّی اور شیعہ مصنفین اس رائے میں بالکل متفق ہیں۔ کہ قاتل کوئی شیعہ تھا۔ علی ابراہیم جو شیعہ مصنف ہیں۔ لکھتے ہیں :-

"گویند بہ سبب تعصب مذہب منع تعزیہ سید الشہداء علیہ السلام می نمود بدین جہت از دست یکی از ساکنان دہلی در سنہ یک ہزار و یک صد و نود و چہار ہجری کہ عمرش قریب صد سال بود مقتول شد"

(ص ۲۱۶ تذکرہ گلزار ابراہیم)

علی لطف ایک اور شیعہ مصنف گلشن ہند میں بدین تفصیل رقمطراز ہیں :-

"کہتے ہیں کہ ہفتم روز عاشور کو لب بام پہ اپنے گھر میں سر راہ بیٹھے تھے اور کوئی سردار روہیلوں کا بھی آیا تھا واسطے ان کی ملاقات کے، کہ ناگاہ گذر شدوں کا ان کے زیر بام سے ہوا۔ اس روہیلے نے کھڑے ہوکر سینہ زنی بھی کی اور موافقت سلام سے ہوا۔ اور میرزا ئے مذکور جس طرح بیٹھے تھے اسی طرح بیٹھے رہے بلکہ

متبسم ہوکر فرمانے لگے کہ " بارہ سو برس جس مقدمہ کو ہو چکے ہوں ہر سال اسے زیادہ (تازہ ؟) کرنا کیا بدعت ہے۔ اور لکڑیوں کو سلام و تسلیم کرنا نہایت عقل کی خفت ہے "۔ یہ گفتگو بجنسہ وہ لوگ جو کہ ملم اور شدتوں کے ساتھ تھے۔ انہوں نے سنی اور تعصب کی۔ مرزای مذکور کے امام باڑوں میں اور محفلوں میں دو تین شب گفتگو رہی۔ آخر شب شہادت کو کہ عبارت شب چہاردہم (کذا) عاشورہ سے ہے کوئی شخص ان کے دروازہ پر آیا اور ان کو باہر بلوایا۔ جب باہر آئے تو بے گفتگو ایک چوٹ طمنچے کی نذر کی اور کام ان کا پورا کر کے نلوہ راہ اپنے گھر کی لی سن بھی ان کا قریب سو برس کے تھا۔ ایسا زخم کاری کھایا۔ لیکن استقلال طبیعت سے پھر اپنے تئیں کوٹھے کے اوپر پہنچایا۔ سنہ ۱۱۹۴ھ گیارہ سو چورانوے ہجری تھے۔ کہ اس روشن ساز مسائل صدیقی نے اور اس مصقلہ پرداز احکام فاروقی نے اس آئینہ زنگار آلود دنیا سے منہ پھیر لیا اور سفر خلفاے راشدین کی طریقت پر کیا "۔ (ص۲۱ تذکرۂ گلزار ابراہیم مع تذکرۂ گلشن ہند مرتبہ ڈاکٹر زور۔ انجمن ترقی اردو ۱۳۵۲ھ)

شیخ غلام ہمدانی مصحفی کی روایت ہے :-

" در عہد شاہ عالم بادشاہ کہ بسبب بودن امیر الامرا ذوالفقار الدولہ بہادر در دہلی غلوی اہل تشیع بیشتر بود۔ این بزرگ مقتدای متعصبان اہل سنت و جماعت گفتہ می شد۔ شخصے از متعصبان اہل تشیع شب ہفتم محرم الحرام یک ہزار و یکصد و نود و پنج او را بگولہ طپانچہ مجروح ساخت و صبح عجب ہنگامہ ازین ماجرای حیرت افزا در تمام شہر برپا شد۔ ہیچ کس نبود کہ دندان تاسف بلب نرسانید "۔
(ص۵۵ عقد ثریا از مصحفی)

معمولات مظہری میں مولنا نعیم اللہ کا بیان ہے :-

" تفصیلش آنکہ ہفتم محرم الحرام سنہ یکہزار و یکصد و نود و پنج ہجری از دست

. . . شیعی زخم گولی طپنچہ بر سینہ مبارک رسیدہ و از درد آن ضرب شدید
بیتاب شدہ غشی کردہ بخاک و خون غلطید [ند] و بزبان حال اشعار دیوان خود را
ترنم نمودند ؎

بنا کردند خوش رسمی بخاک و خون غلطیدن   خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را

مقامات مظہری میں مسطور ہے :-

کہ بدھ کی رات ساتویں محرم ۱۱۹۵ھ کو ایک پہر رات گئے کئی آدمی آپ
کے گھر کے دروازہ پر آئے اور دستک دی۔ خادم نے اطلاع دی کہ بعض
لوگ زیارت کے لیئے حاضر ہوئے ہیں۔ آپ نے فرمایا آنید و اسپر تین شخص
اندر داخل ہوئے ایک ان میں ولایت زا مغل تھا۔ حضرت خوابگاہ سے نکل کر
سامنے تشریف لائے۔ مغل نے پوچھا مرزا جانجاناں آپ ہیں؟ آپ نے
اثبات میں جواب دیا۔ اس پر اس بدبخت نے طپنچہ کا فیر کیا۔ گولی بائیں طرف
دل کے قریب لگی۔ آپ صدمہ سے گر گئے۔ لوگوں کو اطلاع ہوئی۔ جراح حاضر
ہوا۔ صبح نجف خاں نے فرنگی ڈاکٹر اس پیغام کے ساتھ بھیجا کہ جن شقیوں نے
اس جرم کا ارتکاب کیا ان کا پتہ نہیں چلتا۔ جب پتہ لگے گا۔ ان کو سزا دی جائیگی
آپ نے کہلا بھیجا کہ اگر ارادۂ الٰہی شفا سے تعلق رکھتا ہے میرا زخم اچھا ہو جائے گا۔
جراح کی حاجت نہیں۔ قاتل کا پتہ مل جائے تو سن رکھئیے میں نے اسکو معاف
کر دیا۔ آپ بھی معاف کر دینا۔ آپ تین روز زندہ رہے۔ ضعف ہر روز بڑھتا گیا
سنیچر کی شام کو وقت نماز مغرب جس کی صبح کو دس محرم تھی دو تین مرتبہ زور زور
سے سانس لیا اور اس دار فانی سے عالم جاودانی کو تشریف لے گئے۔ آپ کی
تاریخ وفات اس حدیث سے نکلتی ہے۔ " عاش حمیدا مات شہیدا "

حضرت میرزا کا واقعۂ شہادت ایک سیاسی معاملہ معلوم ہوتا ہے۔ نجف خاں کو

شاہ عالم بادشاہ الہ آباد سے اپنے ساتھ لے کر ۱۱۸۵ھ میں دہلی آتے ہیں۔ نجف خاں کی آمد سے شیعیت کو فروغ ہو گیا۔ ادھر رعیت بھی ان سے خوش نہیں تھی۔ میرزا صاحب اپنے ۴۴ ویں خط میں لکھتے ہیں :" حال مردم این شہر از روزیکہ نجف خان آمدہ است از شاہ تا گدا تباہ است و ذکر خلاص مجدالدولہ بر زبان خاص و عام است۔ خدای تعالیٰ زود بظہور آرد۔" (صـ ۴۶ کلمات طیبات) نجف خاں نے روہیلوں کی طاقت کو پامال کیا اور ضابطہ خاں کو مرہٹوں کی مدد سے شکست دی۔ روہیلے بے شمار تعداد میں مرزا صاحب کے مرید تھے۔ نجف خاں شیعہ تھے اور میرزا صاحب جیسا کہ مصحفی نے مرقوم کیا ہے اہل سنت کے پیشوا مانے جاتے تھے۔ میرزا کے مریدوں کا بیان ہے۔ کہ نجف خاں کے استظہار پر یہ جرم عمل میں آیا۔ مقامات مظہری کی عبارت ہے :-

" نجف خان کہ بر قضای او مرتکب این امر شدہ بودند و وی در اجرای حد تغافل کرد عنقریب مُرد و اتباع او باہم مجادلات نمودہ رخت حیات بر بستلند۔ نشانی ازان ظالمان نیست" (مقامات مظہری صـ ۶۲)

معمولات مظہری میں یہ شعر ملتے ہیں :-

نجف خان نماند و نجف خانیش ۔۔۔ نہ از اسباب و نہ ہمدانیش
ز لشکر بماند نہ مرزا شفیع ۔۔۔ شود حاکم نو بفضل ربیع

یہ بیانات مرزا صاحب کے مریدوں کے جذبات کے آئینہ دار ہیں۔

مرزا رفیع سودا

سال پیدائش حضرت مولانا نے ۱۱۲۹ھ لکھا ہے۔ لیکن شیخ چاند قائم کی

سند پر یہ استدلال لاتے ہیں کہ "مرزا رفیع شاہ عالم بہادر شاہ ۱۱۱۹ھ و ۱۱۲۴ھ
کے دور میں شاہی فوج کے ساتھ دکن گئے ہیں۔ اس بیان کی رو سے اس
زمانہ میں ان کی عمر فوجی خدمت کے لئے کم از کم اٹھارہ سال ہوگی۔ اس لحاظ
سے ان کی ولادت ۱۱۰۶ھ سے قبل ہونی چاہیئے" (ص ۳۵ سودا)
مگر میں مولانا کے بیان کو ترجیح دوں گا۔ کیونکہ میرے خیال میں سودا کی
شاعری ۱۱۵۰ھ کے قریب شروع ہوتی ہے۔ اگر ان کا سالِ ولادت ۱۱۰۶ھ
مانا جائے تو ہمیں ماننا پڑے گا کہ مرزا نے تقریباً پینتالیس چوالیس سال کی
عمر میں شاعری شروع کی اور یہ امر سودا جیسے شاعر طبیعت انسان سے
نہایت بعید ہے۔ کہ شباب گذار کر عالمِ کہولت میں قدم رکھنے کے بعد شعر
کو پیشہ کی حیثیت سے اختیار کیا۔

قائم کے جس بیان پر شیخ چاند نے اعتماد کیا ہے حسب ذیل ہے:۔

"میرزا ابوطالب المتخلص بہ طالب مردی بود ہفتاد سالہ از متوطنانِ
قصبۂ بلنڈہ کہ در نواح اورنگ آباد است در لشکر بہادر شاہ سابقہ
آشنائی با عموی بزرگوار حضرتم مرزا رفیع سودا بہم رساند، ہمراہ لشکر
ظفر اثر برفاقت ایشان برای کار جاگیر خود بدار الخلافہ شاہجہان آباد
رسیدہ تا مدتی کہ اقامت نمود ہم خانۂ ایشان بود۔ بعضی ازیں احوال
و اشعار کہ سابق مرقوم شدہ زبانی مرزا ابوطالب مسطور بمرزا صاحب
رسیدہ بود و از ایشان علی السبیل ذکر و مذکور بفقیر معلوم گردیدہ"

(ص ۱ مخزن نکات)

اس عبارت سے تو وہ مطلب اخذ نہیں ہوتا۔ جو شیخ چاند سمجھے ہیں۔ بلکہ
قائم کا مطلب تو یہ ہے کہ مرزا ابوطالب طالب تخلص نے جو ستر سال کے بوڑھے

اور قصبہ بلنڈہ واقع نواح اورنگ آباد کے رہنے والے تھے حضرت مرزا رفیع سودا کے عم بزرگوار کے ساتھ دوستی کا تعلق پیدا کر لیا اور انھی کی رفاقت میں لشکر ظفر پیکر کے ہمراہ اپنی جاگیر کے معاملات کے سلسلہ میں دار الخلافہ شاہجہان آباد آئے وغیرہ وغیرہ، ہاں۔ تو یہ مرزا رفیع نہیں ہیں جو بہادر شاہ کے لشکر کے ساتھ دکن سے دلی آئے۔ بلکہ ان کے چچا۔ لہٰذا اس شہادت کی بنا پر مرزا رفیع کی ولادت سنہ ۱۱۰۶ھ یا اس کے قریب نہیں مانی جا سکتی۔ ادھر میر حسن اپنے تذکرہ میں جو سنہ ۱۱۸۸ھ کے قریب لکھا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ "سن شریفش بہ ہفتاد رسیدہ باشد"۔ اس قیاس سے انہیں سنہ ۱۱۱۸ھ یا سنہ ۱۱۲۰ھ میں پیدا ہونا چاہیئے۔

ص ۱۷۸ - قولہ:۔ "جب مرزا رفیع لڑکے تھے اس وقت میر جعفر زٹلی کا بڑھاپا تھا۔ اگلے وقتوں کے لوگ رنگین[1] جریبیں جن پر نقاشی کا کام ہوتا تھا۔ اکثر ہاتھ میں رکھا کرتے تھے۔ ایک دن شام کے قریب میر موصوف ایک سبز رنگ جریب ٹیکتے ٹہلنے کو باہر نکلے۔ مرزا بغل میں کتابوں کا جزدان لیے سامنے سے آتے تھے۔ اس زمانہ میں ادب کی بڑی پابندی تھی۔ بزرگوں کو سلام کرنا اور ان کی زبان سے دعا لینے کو بڑی نعمت سمجھتے تھے۔ مرزا نے جھک کر سلام کیا۔ انہوں نے خوش ہو کر دعا دی۔ چونکہ بچپن میں ہی مرزا کی موزونی طبع کا چرچا تھا۔ میر صاحب کچھ باتیں کرنے لگے۔ مرزا ساتھ ہو لیے۔ انہوں نے نوخیز طبیعت کے بڑھانے کے لیے کہا کہ مرزا بھلا ایک مصرع پر مصرع تو لگاؤ ع لالہ در باغ داغ چون دارد، مرزا نے سوچ کر کہا ع عمر کوتاست غم فزون دارد، میر صاحب نے فرمایا واہ مرزا دن بھر کے بھوکے تھے۔ 'ہ' کھا گئے۔ مرزا نے پھر کہا ع از غم عشق سینہ خون دارد،

[1] رنگین اور منقش جریبوں کا رواج میں نے کسی کتاب میں پڑھا ہے۔ دہلی میں نادر شاہ کی آمد کے بعد ہوا ہے۔

میر صاحب نے فرمایا۔ واہ بھئی۔ دل خون ہوتا ہے۔ جگر خون ہوتا ہے۔ بھلا سینہ کیا خون ہوگا؟ سینہ پرزخون ہوتا ہے۔ مرزا نے پھر ذرا فکر کیا اور کہا۔ ع
چہ کند سوزش درون دارد، میر صاحب نے کہا ہاں مصرع تو ٹھیک ہے لیکن ذرا طبیعت پر زور دے کر کہو۔ مرزا دق ہو گئے تھے۔ جھٹ کہدیا ع
یک عصا سبز زیر۔۔۔ دارد، میر جعفر مرحوم ہنس پڑے۔ اور جریب اٹھا کر کہا۔ کیوں یہ ہم سے بھی! دیکھ کہوں گا تیرے باپ سے۔ بازی بریش بابا ہم بازی' مرزا لڑکے تو تھے ہی بھاگ گئے۔"

حضرت مولنا کی سحر بیانی نے اس قصہ کو بالکل حقیقت کا رنگ دے دیا ہم اس کی دلآویزی اور دلکشی پر لوٹ ہو جاتے ہیں۔ مگر یہ قصہ اپنی قدیم شکل میں بالکل مختلف تھا۔ میر حسن دہلوی جو مولنا سے ایک صدی پیشتر گذرے ہیں اسی قصہ کو خود جعفر زٹلی کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ چنانچہ :-

"نقل است کہ روزی پیش مرزا بیدل رفت۔ مرزا در فکر مصرعی مصروف بودند ملتفت نشدند، پرسید کہ صاحب وقبلہ کدام مصرعے فرمودہ اند۔ گفت بلی وآن این مصرع بود ع

لالہ بر سینہ داغ چون دارد

میر مسطور گفت درین تأمل چیست۔ ع

چو بکی سبز زیر۔۔۔ دارد

میرزا ازین معنی بہم برآمد زود چیزی دادہ رخصت نمود۔"

اس قدیم شہادت کے موجود ہوتے ہوئے سودا کے ساتھ اس قصہ کا انتساب بے اصل ٹھہرتا ہے۔

ص ۱۵۲، قولہ:- جب کلام کا شہرہ عالمگیر ہوا تو شاہ عالم بادشاہ اپنا کلام

اصلاح کے لئے دینے لگے اور فرمائشیں کرنے لگے۔ ایک دن کسی غزل کے لئے تقاضا کیا۔ انہوں نے عذر بیان کیا۔ حضور نے فرمایا۔ بھئی مرزا کے غزلیں روز کہہ لیتے ہو؟ مرزا نے کہا۔ پیر و مرشد! جب طبیعت لگ جاتی ہے دو چار شعر کہہ لیتا ہوں۔ حضور نے فرمایا۔ بھئی ہم تو پاپخانہ میں بیٹھے بیٹھے چار غزلیں کہہ لیتے ہیں۔ ہاتھ باندھ کر عرض کی۔ حضور ویسی بو بھی آتی ہے۔ یہ کہہ کر چلے آئے۔ بادشاہ نے پھر کئی دفعہ بلا بھیجا اور کہا۔ کہ ہماری غزلیں بناؤ ہم تمہیں ملک الشعراء کر دیں گے۔ یہ نہ گئے اور کہا کہ حضور کی ملک الشعرائی سے کیا ہوتا ہے۔ کرے گا تو میرا کلام ملک الشعراء کرے گا؛

شاہ عالم جن کا شاہزادگی کا نام علی گوہر ہے۔ ۱۱۴۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۱۷۲ھ میں عماد الملک غازی الدین کے خوف سے جو ان کے باپ عالمگیر ثانی کا وزیر تھا اور ان کی گرفتاری کے درپے تھا۔ دلی سے نکل کر بنگالہ کی طرف چل دیئے۔ ۱۱۷۳ھ میں جب بہار میں مقیم تھے۔ عالمگیر ثانی کے قتل کی اطلاع ان کو پہنچی اور ۴ جمادی الثانی سنہ مذکور کو بہار ہی میں تخت نشین ہو گئے۔ بکسر کی جنگ کے بعد ۱۱۷۸ھ میں بادشاہ انگریزوں کی معیت میں الہ آباد روانہ ہوئے۔ جہاں پہنچ کر کمپنی کو سند دیوانی بنگالہ عطا کرتے ہیں اور ان کے زیر اقتدار ۱۱۸۵ھ تک رہتے ہیں۔ بادشاہ شہر میں رہتے تھے اور ان کا انگریز محافظ جنرل اسمتھ جو نہایت بد مزاج معلوم ہوتا ہے قلعہ میں رہتا تھا۔ بدذات کو بادشاہی نوبت کی آواز کی برداشت نہیں تھی۔ لہذا حکماً اس نے نوبت بند کروا دی۔ بدنصیب شاہ عالم کو کیسی نرالی اور رنگارنگی رعیت ملتی ہے۔ ایک اس کی غزلوں میں پاخانہ کی بو سونگھتا ہے۔ دوسرا اس کی نوبت کو بند کروا دیتا ہے قصہ مختصر بادشاہ اسی سال یعنی ۱۱۸۵ھ میں دہلی پہنچ جاتے ہیں اور پورے تیرہ چودہ سال

باہر رہتے ہیں۔ ادہر مرزا سودا سنہ ۱۱۷۱ھ میں نواب عماد الملک غازی الدین خان کے ساتھ فرخ آباد پہنچتے ہیں۔ دیوان فرخ آباد مہربان خاں رند جس کو شعر و شاعری کا بڑا ذوق تھا۔ اور متعدد شعراء اس کی سرکار میں ملازم تھے۔ سودا کو نواب سے مانگ لیتا ہے۔ اس وقت سے تقریباً سنہ ۱۱۸۳ھ تک مرزا فرخ آباد میں رہتے ہیں اس کے بعد فیض آباد پہنچ کر شجاع الدولہ کی سرکار سے تعلق پیدا کر لیتے ہیں۔ اور سنہ ۱۱۸۸ھ میں جب آصف الدولہ لکھنؤ آجاتے ہیں یہ بھی لکھنؤ میں قیام پذیر ہو کر سنہ ۱۱۹۵ھ میں اسی شہر میں انتقال کرتے ہیں۔ اسلئے اگر ہم یہ کہیں کہ سنہ ۱۱۷۱ھ سے تا دم وفات سودا کی شاہ عالم سے ملاقات ہی نہیں ہوئی۔ یہ تمام گفتگو جو شاہ عالم بادشاہ اور سودا کے مابین غزل نگاری کے متعلق کرائی گئی ہے بالکل بے اصل اور بے معنی ٹھہرتی ہے۔ جس میں ذرہ بھر صداقت نہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس موقع پر مولنا لکھنؤ کی روایت کے تابع بن گئے ہیں۔ جس کا مقصد مغلوں کو بدنام کرنا ہے۔

رہی ملک الشعرائی۔ مغلوں میں اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کے عہد سے یہ عہدہ متروک ہو چکا تھا۔ لیکن میر تقی میر نے ملک الشعرائی کا تاج سودا ہی کے سر پر رکھا ہے۔ کہتے ہیں:۔

"پیش فکر عالیش طبع عالی شرمندہ۔ شاعر ریختہ۔ چنانچہ ملک الشعرائی اور اشاید"

فی الحقیقت اس منصب کے سودا اور صرف سودا ہی مستحق تھے۔

حافظ محمود شیرانی

(باقی دارد)

ذخیرۂ سکندر ذوالقرنین

ذخیرۂ سکندر زبان عربی میں فلسفۂ طبعی کے صنف خاص علم الکیمیا کی عزیز الوجود اور نادر کتاب ہے۔ جو عظیم آباد کے ایک ذی علم اور قدیم خاندان کے خانگی کتب خانہ[1] میں چند صدیوں سے وراثتًہ آ رہی ہے۔ غیر مطبوعہ اور نایاب ہے۔ مختصر احوال عنوانات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ صاحب علم وفن کے لئے دلچسپی کا باعث ہوں گے ؛

کتاب کی صورت حال

کتاب کا نصف اوّل بیشتر کرم خوردہ ہے۔ بنابریں مقدمۃ الکتاب اور مابعد مقدمہ کے ابواب و فصول کا مطالعہ وقت طلب ہے۔ سباق و سیاق کلام سے مضامین پر اطلاع بہم پہنچائی جا سکتی ہے۔ صفحۂ اول پر جا بجا تین مختصر تحریرات اور خورد و کلاں چھ مُہریں ثبت ہیں۔ تحریرات مندرجہ تو مندرس ہونے کے سبب عموماً پڑھی نہیں جاتی ہیں۔ مگر مہر کلاں جس کا محیط دائرہ اشرفی کے برابر ہوگا۔ اس کی تحریر یہ ہے :۔

"وقت ہادیٔ شرع خواجہ نصراللہ"۔ علاوہ ازیں کچھ اور لفظ و سنہ بھی ہیں۔ مگر کچھ اس طرح مٹے مٹے ہوئے ہیں کہ پڑھنا مشکل ہے۔ مہر ہائے خورد جو انگشتری کی مُہر سے کسی طرح بڑی نہیں ہیں۔ ان چند میں سے صرف ایک

---

[1] مولوی سید نور الحسن مرحوم ایم۔ اے۔ ایل ایل بی۔ ایڈووکیٹ پٹنہ کے کتاب خانہ میں یہ اور اس جیسے بیسیوں مخطوطات قدیمہ جیسے صحاح جوہری، تفسیر کشاف، رسالہ غلام یحییٰ بہاری، جام جہان نما وغیرہ وغیرہ موجود ہیں۔ کتب خانہ مذکور بوقت عزیز دوست مولوی سید شاہ عبد الحمید قادری رئیس کا ماحمول پٹنہ کے قبضہ میں ہے ؛

مہر کا سنہ صاف پڑھا جاتا ہے۔ ۱۰۸۱ھ منقوش ہے۔ اور اس مہر کلاں کے مقابل بخط شفیعا یہ تحریر ثبت ہے۔ "این کتاب را جناب غفران مآب عارف باللہ حضرت مولٰنا خواجہ نصر اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خالصاً لوجہ اللہ تعالیٰ وقف نمودہ ہر کہ بخرد یا فروشد . . . . افتادہ شود۔" اختتام کتاب پر حسب ذیل عبارت بخط نسخ مکتوب ہے:-

"تم الکتاب بعون الملک الوہاب وقد نُقل ھذا الکتاب من کتاب ینقل من خط الحکیم رحمہ اللہ مبادراً فان لم یکن بعض الفاظہ محو من النساخ ان ینتسخ کما ھو بعینہ واللہ اعلم وربما یقع فی اثنائہ تکرار اللفظ لاطائل تحتہ فلا باس بہ لانہ حاوٍ علی ترجمان کلام الیونانی وبعد فانہ علیم بذات الصدور . . . ۲ . . من شہر لاہور واللہ اعلم بالصواب۔"

ختم عبارت مندرجہ بالا پر چھوٹی بڑی دو مُہریں اور ہیں۔ چھوٹی پڑھی نہیں جاتی۔ مگر بڑی مُہر میں "وقف ہادیٔ شرع خواجہ نصر اللہ سنہ یکہزار . . . ." ثبت ہے۔ ابتداءِ کتاب سرورق گوشہ میں تحریر ہے کہ "در اکبرآباد اشتراء نمودہ شد سنہ ۱۲۵۰ھ قدسی۔ مشتری و بائع کا نام و نشان نہیں ہے۔

۱؎ منقولہ جملہ کتاب مذکور کے استناد و اعتبار کو اس صورت سے ظاہر کر رہا ہے کہ کتاب مذکور اس کتاب سے نقل کی گئی ہے جو الحکیم رحمہ اللہ کے مخطوطہ سے منقول و مکتوب تھی۔ ساتھ ہی مظہر ہے کہ اصل کتاب میں بعض الفاظ محو اور مکرر تھے۔ مگر افسوس کہ راقم الحکیم کی شخصیت و حیثیت سے بے خبر ہے ورنہ الحکیم کو روشناس ناظرین کرتا۔ امید ہے کہ باخبر اصحاب اس پر تحریر فرما کر شکریہ کا موقع دیں گے۔

۲؎ منقوط سطر سے منشا یہ ہے۔ کہ اس جگہ عبارت کتاب کرم خوردہ تھی۔

کتاب سے چند فاضل اوراق متعلق ہیں۔ جن پر مختلف النوع یونانی نسخے بخط شکستہ لکھے ہیں۔ صفحات کتاب ۱۹۸ اور ہر صفحہ پر ۱۷ سطریں بغیر جدول کے ثبت ہیں۔ عبارت کتاب بخط نسخ عمدہ زبان عربی میں ہے۔ کاغذ زنگاری عمدہ چکنا ہے۔ فنون وفصول اور انواع کے عنوانات شنجرفی۔ تقطیع کتاب خورد ⁂

مباحث کتاب کل کتاب ایک مقدمہ اور دس فنون پر مشتمل ہے۔ اور نیز ہر فن میں مختلف عنوانات کے ماتحت مختلف بحثیں ہیں۔ دس فن سے چار میں تو علم الکیمیاء سے اور باقی چھ میں ذخیرہ کے مناسب غیر متعلق بحثیں آگئی ہیں۔ جو شاید شعبدہ بازی سے تعبیر کی جاسکتی ہیں ⁂

الفن الاوّل فی ذکر اصول ومقدمات ما یحتاج الیٰ عالمہا"

فن اول میں چند نادر مباحث کے ساتھ پانچ فصلیں اور ہر فصل میں فلکی علوم۔ منازل قمر۔ تقسیم برج اور نیز گردش نجوم اور ان کے اثرات سے بسیط بحثیں ہیں ⁂

الفن الثانی۔ فی ذکر التریاق وتدبیر الاکسیرات"۔ تریاق اور تدبیر اکسیرات کے مباحث کے ساتھ چند فصل میں بشرح ذیل کیمیا سازی کے مفید مباحث ہیں۔ جس میں معدنی فلزی اشیاء کے عرق کشید کرنے کی معقول تدبیریں بیان کی گئی ہیں ⁂

الفصل الاوّل۔ فی استخراج الماءِ الحالیۃ المسمیٰ صابیوس یوخذ صدق الضفادع البریہ واستخراج الماءِ الثانی المسمیٰ قوربال یوخذ من الصدف المحرّف واستخراج الماءِ الثالث المسمیٰ عراسیفوس یوخذ من الملح واستخراج الماءِ الرابع المسمیٰ الحدیراس

وهو الغاية القصوٰی یوخذ من برادة النّحاس وبرادة الحدید وبرادة الرصاص الاسود۔

زاں بعد ان مختلف عرقوں کے خواص ان لفظوں میں "وذکر خواص ہذا الماء" بیان کئے ہیں۔ جن کا ذکر اوپر مذکور ہے۔

الفصل الثانی فی استخراج الجوہر المستودع قوۃ المریخ شوم منافعہ۔ کیمیا سازی کے مباحث دراصل اسی فصل ثانی میں بسط و شرح سے بیان کئے گئے ہیں۔ کہ کس تدبیر و عمل سے مس وفضّہ کو طلاء کی صورت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ باب تطھیر النحاس، باب تبییض النحاس باب تلیین النحاس المطھّر باب نقل النحاس من ہیأتہ الی ھیئۃ الذھب وشکلہ، باب تطھیر الزرنیخ صفت تطھیر التوتیا میں سیر حاصل بحثیں ہیں ؛

فصل اعلم ان التوتیا المطھّر ھو اکسیر الاعظم القلب ھیئۃ النحاس الی الذھب۔ اس فصل میں ہڑتال اور توتیا صاف کرنے کی تدبیر وعمل بیان کر کے بتلایا گیا ہے۔ کہ عمل کیمیا میں سب سے بڑی ضرورت توتیا مطہّر و مدبّر کی ہے۔ اور یہی چیز کیمیا سازی میں سب سے بڑی معین ہے ؛

باب تطھیر الفضّۃ باب اکسیر الفضّۃ اللتی ینقلہ الی لون الذھب ویحتاج ھذا الاکسیر الی اربعۃ قواعد، القاعدۃ الاولی و ھی الامس یوخذ من برادۃ الذھب القاعدۃ الثانیۃ یوخذ من برادۃ النّحاس الاحمر الجیّد القاعدۃ الثالثۃ یوخذ من الکبریت الاصفر القاعدۃ الرابعۃ یوخذ من برادۃ الفضّہ ؛

الفن الثالث المذکور من ذخیرۃ ملک ذو القرنین فی النباتات السمیہ

اس فن میں نباتات سمیہ سے بحث ہے ۔ جن کو لغت یونانی میں مختلف ناموں سے ان کے مختلف صفات کے سبب موسوم کیا گیا ہے ۔ چنانچہ تحریر ہے ۔

صفة السم المدعو بالطاليوس صفة السم المدعو بيش بز بيش صفة السم الذی يدعى ليميوس صفت السم المدعو حتو الفاس صفة السم الذی .... صفة التركيب ..... صفة السم المعروف بالقيا تار صفة السم المعروف بالاوا ربيس صفة السم المعروف ..... صفة السم الذی يدعى سيث الاناس صفة السم الذی يدعى سياطوس صفة السم القاتل صفة السم المسمی اناداوس ۔

زاں بعد ایک وصیت الوصیۃ کے عنوان سے ہے ۔ جس میں خواص وصفات مذکورہ سے مزید بحثیں اور تدبیریں ہیں ۔

الفن الرابع ۔ اس فن میں ان مذکورہ سمیات کے تریاقات سے پوری بحثیں ہیں ۔ چنانچہ مذکورہ ہے ۔

صفت الترياق المعروف باليانوس ۔ صفت الترياق هرمس كبير • صفت الترياق هرمس الذی سماه ..... صفت الترياق الذی .....

الفن الخامس ۔ اس فن میں طلسمات عجیبہ اور حرزیات نافعہ اور نقوش نادرہ سے بحثیں ہیں ۔ جو اکثر لاعلاج امراض میں مفید بتائے جاتے ہیں ۔ اور نیز ہر مرض کے لئے طلسم و حرز اور نقش علیحدہ علیحدہ بیان کئے گئے ہیں ۔ چنانچہ ان لفظوں میں مذکور ہے ۔

طلسم يشفی من جميع امراض الحلق ، طلسم عرق النسا

والنقش علی الصحیفۃ بھذہ الصورۃ، طلسم لعسر البول والنقش علیہا ھذا المثال صفت الحرز المسکنۃ للغضب والنقش ھذا المثال طلسم لوجع الکلبی والنقش ھذا المثال الحرز المسماۃ سلاریوس وتاویل الحرزۃ المبارکۃ۔ والنقش ھذا صفت الحرز الطلسمیہ المسکنۃ ھربان(؟) العین صفت الحرزۃ النافعۃ من وجع الضوس والنقش ھذین۔

الفن السادس۔ اس فن میں ان انگشتریوں اور نقش انگشتری کے فوائد نادرہ سے بحث ہے۔ جو سبعہ سیارہ کے خاص خاص دور عمل میں تیار کی گئی ہوں اور ہر انگشتری کو خاص تارہ سے منسوب کر کے اس کے خواص بیان کئے ہیں چنانچہ مرقوم ہے۔

صفۃ المذکور فی ذکر الخواتیم الکواکب السبعہ، خاتم الزہرا منافعہ یعظم عند سلوك زمانہ والنقش ھذا۔ صفۃ خاتم عطارد وان علق علی المصروع زال عنہ الصرع وان علق علی الصبیان الذی یعرض لہم الفزع فی النوم والبکاء زال عنہم جمیع ذالك ویبرئی ایضاً من المالخولیا من لبسہ والنقش ھذا۔

خاتم الزہرا شاہان زمانہ کی نظروں میں عظمت و مرتبت کے لئے اور خاتم عطارد مرض مرگی اور بچوں کے رونے چلاّنے اور زہر مالیخولیا کے لئے مفید بیان کیا ہے ؛

الفن السابع۔ فن ہذا بھی مختلف طلسمات اور نقوش سے بحث ہیں جو امراض مختلفہ اور موذی جانوروں کے ایذا میں مفید بتائے جاتے ہیں۔ اور نیز مردوں اور عورتوں کے تالیف قلوب اور جذب دل کے طلسم و تعویذات

دکھلائے گئے ہیں۔ چنانچہ اس طرح پر لکھا جاتا ہے :-

الطلسم یقطع الدم والنزف والرعاف والدم المنبعث من الجراحات والنقش ھذا صفت خاتم یشفی لدغة العقرب ونقش ھذا او طلسم الحیات ونقش ھذا صفة الطلسم الذی یدفع الجراد عن الاقالیم ونقش ھذا صفة الطلسم الذی عمله ھرمس للریاح الشدیدہ وتسکینھا نقش ھذا واعداد ھذا الخاتم الذی یطرد عن لابسہ الحمی الثلثة والربع ونقش ھذا صفة الرابع یشفی ذالك صاحب الحمی ابرأہ باذن اللہ تعالی الخاتم الذی یطرد عن لابسہ حمی البلغمیة التی تنوب کل یوم ونقش ھذا صفة الخاتم الذی یطرد عن لابسہ الحمی الصفراویة الغب ونقش ھذا واعداد، طلسم لعطف قلوب النساء والمرد وغیرھم۔ ونقش ھذا؟

الفن الثامن۔ اس فن میں تسخیر مردمان اور تالیف قلوب اور نیز بادشاہوں کے تسکین غضب اور تابع کرنے کی تدبیر سے بحث ہے۔

المذکور فی علم اتحاد القلوب وتالیف الانفاس ونقش ھذا باب تسکین غضب الملوک وتسخیرھم لقضاء الحوائج منھم ونقش ھذا باب قبض النفوس النافرة بینھما،

الفن التاسع۔ شدت بخار کی تدبیر سے بحث کی گئی ہے۔

صفت البطم بکلیانوس ولغیرہ صفت البطم الذی یدعی کیطیطیاثا ولغیرہ۔

الفن العاشر۔ لوگوں کے درمیان دشمنی والفت ڈالنے کی تدبیر سے

بحث ہے۔ مزید براں کالے کتے اور کالی بلیوں کے خواص سے کچھ بحثیں ہیں۔
باب التباغض والتجانب من دماغ الانسان باب الهيبة
يوخذ من دماغ الانسان باب المحبة والمروة يوخذ من
الكبريت الاصفر صفت ترياق هذا السم باب العداوة
دم الخنزير يوخذ منه باب العداوة الكلب الاسود يوخذ
من دماغه، خواص السنور الاسود ؛

خامس وسادس وسابع وثامن ابواب و فن میں ہر طلسم و خاتم کے لئے
اعداد یونانی اور نیز انسانی و حیوانی درند و پرند، چرند اور حشرات الارض کے
اشکال و نقوش رنگین ہیں جو تقریباً ہر طلسم کے مقابل ثبت و منقوش ہیں ؛

کتاب کی تاریخی حیثیت

فتح عموریہ کے بعد خلیفہ معتصم باللہ ابو اسحاق محمد بن ہارون الرشید (المتوفی سنہ ۲۲۷ھ) کے حضور
میں خبر پہنچائی گئی۔ کہ مقام مذکور میں ایک دیر ہے جس کی نسبت کہا جاتا ہے
کہ سکندر الیونانی کے شاگرد رشید طیوخوس شاہ یونان نے تاسیس و تحصین کی تھی۔
اور نیز بصورت فرمان دیر مذکور کی خدمت و حفاظت کے لئے ایک جماعت
قائم کر کے رومۃ الکبریٰ میں کچھ جائدادیں وقف کر دی تھیں۔ اور اس امر کا
پورا بندوبست کر دیا تھا کہ بیت الآثار (دیر مذکور) کی طرف کوئی دست تصرف
نہ بڑھا سکے اور نہ فتح باب کر سکے۔ بدیں خیال کہ بیت الآثار میں انبیاء علیہم السلام
کے آیات نادرہ اور آثار باقیہ محفوظ ہیں۔ مقررہ جماعت کمال حزم و احتیاط
سے کام لیتی رہی۔ واقعات سن کر خلیفہ ممدوح نے خدام دیر سے فتح باب
اور قفل کشائی کی اجازت طلب کی۔ خدام نے صورت حال سے شاہ روم کو خبر
کی اور تا آنے فرمان والاشان سکوت اختیار کیا۔ تھوڑی مدت کے بعد

خلیفہ سے فریاد دہانی کی۔ اس بار مجاورین بیت نے جو عساکر سلطانی کی تسلیط اور قیام سے تنگ آ چکے تھے۔ خلیفہ سے درخواست کی کہ دین و مذہب اور آیات و آثار کی حفاظت و احترام کا عہد واثق ہو تو بیت مطلوب حوالہ کر دیا جائے عہد و میثاق کے بعد خلیفہ نے تحقیق و تفتیش کے لئے عبدالملک بن یحییٰ صاحب البرید علی ابن احمد المنجم اور محمد بن خالد المہندس کو روانہ عموریہ کیا اور بیت کے کنز مخفی کے تجسس اور اشیاء برآمدہ کی حفاظت و صیانت کی تاکید مزید کر دی تھی،
حسب ہدایت قفل کشائی کی گئی اور بیت الآثار میں داخلہ ہوا۔ مگر کوئی ایسی چیز اس میں نہیں پائی گئی۔ شاہان روم و یونان کے قفلہائے گراں اس پر آویزاں نہ ہوتے تو خیال کیا جا سکتا تھا کہ محافظ دستہ نے مخزونۂ دیر کسی اور جگہ منتقل کر دیا ہوگا۔ بہر حال محمد بن خالد المہندس اس امر پر غور کرتا ہوا کہ انطیوخوس دانشمند حکیم نے اس مقدس دیر کو لاحاصل اور بے فائدہ قایم نہ کیا ہوگا۔ علم مساحت کے اصول و قواعد کے مطابق جانچ پڑتال شروع کر دی۔ چنانچہ اس کو بہت جلد یہ پتہ چل گیا کہ عمارت کا اسفل اعلیٰ حصہ سے زیادہ عریض ہے۔ بنیاد میں جو اہتمام خاص ملحوظ ہے وہ اور حصوں میں نہیں پایا جاتا ہے۔ عرض دیوار ۱۲۰ ہاتھ ہے۔ نظر بر ان مہندس موصوف نے قیاس کیا کہ اگر کنز مخفی کہیں ہو سکتا ہے۔ تو اسی عریض حصہ میں ہو سکتا ہے۔ مہندس مذکور رفقائے کار کے ہمراہ اسی خیال کو لئے ہوئے بارگاہ خلافت میں حاضر ہوتا ہے اور امر واقعہ سے اطلاع دے کر انہدام دیوار کا مشورہ دیتا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ اگر انہدام دیوار کے بعد بھی کچھ دستیاب نہ ہو سکا۔ تو انہدام لاحاصل اور بدنامی مزید براں اور نیز شاہان اسلام کا یہ داب اور طور رہا ہے کہ کسی قوم کے مقدس آثار کو باہمی

کشاکش کے بغیر ہاتھ نہیں لگایا ہے۔ خصوصاً ایسا مقدس بیت جو آثار الانبیاء سے مشہور ہو چکا ہے۔ بدیں خیال خلیفہ انہدام دیوار کا حکم نہیں دے سکا اور لوگوں کو اقدام سے باز رکھا ۔

اس واقعہ کے چند ہی روز بعد خلیفہ برادر مرحوم مامون الرشید رحمہ اللہ کو خواب میں دیکھتا ہے۔ کہ گویا کہہ رہا ہے معتصم! بیت الآثار کے انہدام دیوار اور بنیاد کنی میں مصلحت ہے۔ سکندر ذوالقرنین کا ذخیرہ اور ارسطو طلیس اور ہرمس الاکبر کا گرانمایہ علم اسی میں مدفون ہے۔ اور نیز میں تجھے خدائے کریم کے فضل و کرم اور اس فتح و غنیمت پر صد مبارکباد دیتا ہوں ۔

معتصم باللہ رح خواب سے بیدار ہوتا ہے۔ معاً محمد بن خالد المہندس کو طلب کرتا ہے اور پُر زور حکم دیتا ہے کہ بیت الآثار کی دیوار اکھیڑ دی جائے چنانچہ مہندس مذکور چار سو کارکنوں کے ہمراہ بر وقت عموریہ روانہ ہوجاتا ہے اور اسی روز عصر تک دیوار اکھیڑ دی جاتی ہے۔ اندرون دیوار کچھ نہ پاکر کارکن ہمت ہار بیٹھتے ہیں۔ اور مراجعت کا قصد کرتے ہیں۔ کہ خلیفہ کا فرمان پہنچتا ہے کہ دیوار کی بنیاد کھود دی جائے۔ چنانچہ بنیاد کنی کا کام پوری مستعدی سے شروع ہوتا ہے۔ صد شکر کہ خواب کی تعبیر اس صورت میں نمایاں ہوتی ہے۔ کہ بنیاد کی تہ سے ایک آہن پوش مسی صندوق برآمد ہوتا ہے۔ جس پر آہنی قفل لگا ہوتا ہے۔ صندوق برآمدہ پیشگاہ خلافت میں پہنچایا جاتا ہے۔ قفل توڑا اور صندوق کھولا جاتا ہے۔ جس سے طلائے احمر کا ایک منقفل صندوق برآمد ہوتا ہے اور کلید طلائی زنجیر طلائی کے واسطہ سے اس پر آویزاں ہوتی ہے اور نیز صندوق طلائی پر لغت یونانی میں ایک کتبہ کندہ پایا جاتا ہے۔ صندوق کھولا جاتا ہے جس سے اوراق طلائی بصورت کتاب برآمد ہوتے ہیں۔ پشت کتاب پر

ھذہٖ ذخیرۃ لاسکندر ذی القرنین مکتوب ہوتا ہے۔ اس کتاب طلائی کے اوراق صفحات سب طلاءِ احمر کے ہوتے ہیں۔ ورق کتاب کی ضخامت و دبازت نصف انگشت بتائی جاتی ہے۔ طول کتاب ایک گز اور عرض تین گز تک کہا جاتا ہے۔ اوراق کے ایک صفحہ بسیط پر نصف ضخامت میں عبارت کندہ ہوئی ہے اور دوسرا صفحہ سادہ۔ کتابت کی گہرائی ایک جَو تک بتائی جاتی ہے۔ یہ ۳۶۰ اوراق کا مجموعہ تھا اور ہر ورق پر بارہ سطریں مسطور تھیں۔ اور نیز کہا جاتا ہے کہ مضمون کتاب کے دو حصے تھے۔ ایک یونانی دوسرا رومی زبان میں۔ خلیفہ نے ناقلین اور مترجمین زمانہ کو طلب کرنے کا حکم دیا ؛

پشتِ کتاب پر کچھ اور عبارتیں بھی کندہ تھیں جن کا خلاصہ یہ تھا۔

یہ وہ ملکیت عزیز ہے۔ جس کے قابض و ضامن مالکان ارض اور شاہان ملک رہے ہیں۔ اب وہ وقت سعید آپہنچا ہے کہ پردۂ خفاء سے نکل کر منصۂ ظہور پر آجائے اور یہ ذخیرہ برگزیدہ نوع انسان حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے تعلیمات کا مجموعہ ہے۔ اسلئے ہرگز یہ مناسب نہیں سمجھا گیا کہ اس کی عظمت و شرافت کو اس طرح ضایع کیا جائے۔ کہ عوام جہلاء کے ہاتھوں کا کھلونا بنے۔ بدیں خیال اس کو محفوظ و مستحکم خزانہ میں امانۃً رکھ دیا جاتا ہے۔ کہ ضایع ہونے سے محفوظ رہے اور اس کتاب عزیز کی تدفین کے وقت افلاک کی وہ شکل مسعود ہے کہ کتاب عزیز کا حصول اور استخراج بسہولت ناممکن ہوگا۔ کتاب ہذا کنز مخفی سے نکل کر اس قدر شناس بادشاہ کے ہاتھوں میں پہنچے گی۔ جو حکمت دوست ہوگا اور سرّ الٰہ سمجھ کر دستِ اغیار سے محفوظ رکھنے میں کمال احتیاط ملحوظ رکھے گا۔ آخر الکلام میری جانب سے اس خوش نصیب بادشاہ کو صد داد اور مبارکباد ؛

اندرون کتاب لوح پر جو یونانی عبارت کندہ تھی مترجم یونانی نے اس کا ترجمہ یوں کیا ہے کہ۔ انطیوخوس شاہ یونان تلمیذ رشید ملک الملوک اسکندر ذوالقرنین الیونانی عرض رساں ہے۔ کہ ملک الملوک نے بندہ کو ہدایت اور تاکید اکید فرمادی تھی کہ ذخیرہ ہذا کو اس صورت سے محفوظ رکھا جائے کہ اغیار کے دسترس سے بالاتر ہو۔ بے شبہ اس میں وہ ابواب حکمت ہیں کہ ملک الملوک نے ناپسند فرمایا تھا کہ اہل زمانہ اس پر اطلاع پاسکیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ دنیا میں حکمت سے بڑھ کر کوئی جوہر قیمتی اور شے نفیس نہیں ہے اسلئے حسب ہدایت والا بجنسہٖ اس کو صندوق ہذا میں ودیعت رکھتا ہے ۔

جس باہمت شخص کو یہ شئی عزیز ہاتھ لگے۔ ان ہدایتوں سے باخبر رہے۔
اس کتاب پر حکمت کے مضامین دو حصوں میں منقسم تھے۔ حصۂ اول یونانی اور حصہ ثانی رومی زبان میں تھا۔ مترجم یونانی کو یونانی۔ مترجم رومی کو رومی زبان کا حصہ سپرد کیا گیا۔ ہر دو نے سلیس عربی زبان میں ترجمہ کئے۔ زاں بعد حزم واحتیاط کے ساتھ دونوں کا مقابلہ کیا گیا۔ جب ہر دو مترجمین نے معانی ومطالب پر متفقہ طور پر اظہار اطمینان کیا تو ناقلین ومترجمین کو شاہانہ انعام واکرام سے سرفراز کیا گیا۔ اور اسی سلسلہ میں محمد ابن خالد المہندس کے اعزاز میں اضافہ ہوا اور مواہب سلطانی سے خاص طور پر سرفراز کیا گیا۔ اور نیز خلیفہ نے مہندس مذکور ہی کو مقدمۃ الکتاب کے تحریر کرنے پر مامور فرما کر مزید سرفرازی بخشی ۔

حافظ سید عبدالرؤف ندوی

تبصرہ و تنقید

سلسلہ مطبوعات ادارۂ ادبیات اُردو حیدر آباد

(۱) **خطابیات**:- یہ ادارہ ادبیات اُردو حیدر آباد کا شمارہ (۱۰) ہے سلسلہ خطابیات کی ایک کتاب پہلے شایع ہو چکی ہے۔ یہ پیش نظر رسالہ رحیم الدین صاحب کمال ظہیر آبادی کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں نواب بہادر یار جنگ کا دیباچہ ہے۔ اس کے بعد تقریر کا ارتقا، اثر پذیری، مقرر کی قائدانہ خصوصیات مباحثہ، مختلف تقریروں کے نمونے دیئے گئے ہیں۔ اس کے بعد اُردو کے بہترین مقررین مثلاً سر سید نواب محسن الملک، ڈاکٹر نذیر احمد، مولوی عزیز مرزا۔ مولانا محمد علی۔ مولانا ابوالکلام، سید عطاء اللہ شاہ بخاری وغیرہ کی مقررانہ خوبیوں پر اظہار رائے کیا ہے۔ یہ مختصر رسالہ ابتدائی معلومات کے لحاظ سے اچھا ہے لیکن اس بارے میں مفصل اور ضخیم کتاب کی ضرورت ہے۔ قیمت ۸/

(۲) **بلقان**:- یہ بھی ادارہ ادبیات کا شمارہ (۱۷) ہے۔ اس میں جناب حفیظ صدیقی صاحب نے بلقان کی سیاسی اہمیت اور اس کے دوسرے پہلوؤں پر نہایت مختصر انداز میں بحث کی ہے۔ یہ رسالہ بھی بے حد مختصر اور تشنہ ہے۔ بیشک یہ عام معلومات کی کتابوں کا سلسلہ ہے لیکن اس نوعیت کی کتابیں مفصل بھی ہو سکتی ہیں باایں ہمہ ابتدائی واقفیت کے لئے خوب ہے۔ قیمت ۳/

(۳) **ادبی تأثرات**:- مرتبہ مرزا قدرت اللہ بیگ ایم۔ اے۔ اس کتابچہ میں ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور کے چند مختصر مقدمے اور تبصرے ہیں۔ جو انہوں نے مختلف موقعوں پر سپرد قلم کئے۔ اس مجموعہ کو دیکھ کر پھر یہ خیال پیدا ہوا۔ کہ حیدر آباد میں

بہت سے کام ایسے ہو رہے ہیں۔ جن کی اشاعت کی آسانیاں ہی ان کی اشاعت کے لئے وجہ جواز پیدا کرتی ہیں۔ ورنہ اس سے بہتر طریق پر ادب کی خدمت کی جا سکتی ہے۔ یہ مقدمے اور تبصرے اپنی جگہ بیحد اہم سہی لیکن یہ ہیں اتنے مختصر کہ ان سے زیر بحث کتابوں پر کوئی خاص روشنی نہیں پڑتی۔ یا پھر ایسی کتابوں کے تبصرے ہیں جو غیر اہم ہیں۔ باوجود اسکے یہ بات مغتنم ہے کہ حیدرآباد میں کچھ کام تو ہو رہا ہے اور اردو کتابوں کی فہرست میں کچھ اضافے تو ہو رہے ہیں۔ جن لوگوں کو یہ جاننے کا شوق ہے کہ گذشتہ چند برسوں میں کون کون سی کتابیں شایع ہوئی ہیں اور ان پر ڈاکٹر زورؔ صاحب نے کیا تبصرے لکھے ہیں۔ ان کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہے۔ قیمت ۸؍

ہندستانی ادب ۔ یہ رسالہ حیدرآباد سے شایع ہوتا ہے۔ ایڈیٹر غلام محمد خاں ایم اے (عثمانیہ) ہیں۔ ہمارے سامنے جولائی ۱۹۴۱ء (شہریور ۱۳۵۰ف) کا پرچہ ہے اس میں بعض لائق ذکر مضمون یہ ہیں۔ فارسی زبان کا اثر دکن میں، اردو کے ظریف شاعر، رہبر قوم کا حال، ابوالحسن تاناشاہ کی تخت نشینی وغیرہ، مضامین کا معیار اچھا خاصا ہے امید ہے کہ اردو ادب کا خدمتگذار ثابت ہوگا چندہ سالانہ ۴ روپے۔

انوار ۔ علی اختر صاحب حیدرآبادی کی غزلیات اور رباعیات کا مجموعہ۔ حجم ۱۹۸ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ قیمت ۱۲؍۔ ملنے کا پتہ۔ سب رس کتاب گھر، رفعت منزل خیریت آباد۔ حیدرآباد (دکن)، علی اختر صاحب اردو کی دنیا سے ادب میں ایک اچھے ناظم کی حیثیت سے مشہور ہیں اور ان کا کلام ہمایوں (لاہور)، نگار (لکھنؤ) اور اردو کے کئی دیگر موقر جرائد میں شایع ہو کر ملک کے اہل ذوق لوگوں سے خراج تحسین وصول کر چکا ہے لیکن بہت کم آدمیوں کو معلوم ہے کہ علی اختر غزلیں بھی کہتے رہے ہیں ارکان ادبیات اردو (دکن) قابل مبارکباد ہیں کہ انکی کوشش سے حضرت اختر کی ۱۹۱۴ء سے لیکر ۱۹۲۰ء تک کی کہی ہوئی غزلیں "انوار" کی صورت میں دنیا کے سامنے پیش ہوئیں۔ یہ غزلیں اختر صاحب نے بقول اپنے "کبھی کبھی زندگی کی سنجیدگی سے اکتا کر یا پھر مشاعروں میں تفریح کیلئے کہی تھیں اور یہ غزلیں یادگار ہیں اس زمانے کی جبکہ وہ زندگی کی تلخیوں سے نا آشنا تھے۔ لہٰذا اختر صاحب کے خاص انداز بیان کی دلکشی کے باوجود ان میں پرسوز تغزل کی کچھ کمی ہے۔ تاہم ان شگفتہ اور دلکش غزلوں کا ادبی رتبہ بہت بلند ہے۔ کیونکہ

سلاست زبان، اسلوب بیان کی سادگی اور غزلوں میں خیالات کا تسلسل اُن اشعار کا خاصہ ہے جو اس مجموعے میں شامل کئے گئے ہیں۔ (ڈاکٹر محمد باقر)

میر محمد مومن۔ یہ کتاب سلسلۂ مطبوعات ادارہ ادبیات کا شمارہ ۳۲ ہے۔ جیسا کہ اسکے نام سے ظاہر ہے سلطنت قطب شاہیہ کے پیشوا اور سلطان محمد قلی قطب شاہ کے وزیر اعظم میر محمد مومن استرآبادی کی زندگی کے حالات ہیں جنکو ڈاکٹر محی الدین صاحب قادری زور نے ترتیب دیا ہے۔ اور اس لحاظ سے ڈاکٹر صاحب مستحق شکریہ ہیں کہ انہوں نے قطب شاہیوں کے ایک باکمال وزیر اور عالم کو اردو داں سے روشناس کیا۔ دنیائے اسلام کی سیرتیں اس لائق ہیں کہ یکجا مرتب کر کے ایک سلسلے میں شایع ہوں تاکہ مسلمانوں کی شاندار تاریخ کا یہ باب بھی مفصل و مشرح طور پر دنیا کے سامنے آجائے۔ شیخ ابوالفضل علامی، خواجہ محمود گاواں، نظام الملک طوسی، صاحب اسمٰعیل بن عباد، خواجہ احمد بن حسن میمندی اور اس طرح کے بیسیوں اکابر وزرا کی سیرتیں عربی فارسی کتابوں کے اوراق میں مدفون ہیں اور فارسیت اور عربیت کے ذوق کے عام انحطاط کی وجہ سے اردو داں دنیا کی نظروں سے اوجھل ہیں۔ موجودہ کتاب اس ضرورت کو پورا کرنے کی طرف قدم اول کا درجہ رکھتی ہے ٭

کتاب میں ۹ حصے، ایک دیباچہ اور چند ضمیمے ہیں۔ حصہ اول میں ابتدائی حالات، حصہ دوم میں "پیشوائی محمد قلی قطب شاہ"، حصہ سوم میں "دیہات اور جاگیرات"، حصہ چہارم میں "پیشوائی محمد قطب شاہ"، حصہ پنجم میں خانگی زندگی، حصہ ششم میں "تصنیف و تالیف"، حصہ ہفتم میں "تصرفات"، حصہ ہشتم میں "پس ماندگان"، حصہ نہم میں "دائرہ میر مومن"۔ حصہ دہم میں ضمیمے ہیں۔ شروع میں "مندرجات" اور "نقشوں کی فہرست" ہے۔ اور آخر میں اشارات (یا انڈکس) ہے۔ کتاب میں عمارتوں کے نقشے اور بعض فرامین و تحریرات کے عکس بھی ہیں ٭

ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب میں میر صاحب کی زندگی کی تمام جزئیات کو یکجا جمع کر دیا ہے۔ یوں تو ساری کتاب پُر از معلومات ہے۔ لیکن "پیشوائی" کے عہدے کی تفاصیل (ص ۳۳ و بعد)، شہر حیدرآباد کی تعمیر (ص ۳۹)، سلطان محمد قطب شاہ اور صفویوں کے تعلقات (ص ۱۰۰ و بعد)، ایرانیت کی تبلیغ ص ۱۱۳ میر صاحب کے رسالہ مقداریہ کی تفصیل (ص ۱۹۸)، میر صاحب کے شاگردوں کے حالات۔ مثلاً علامہ ابن خاتون کی فضیلت وغیرہ (ص ۱۲۵) بہت دلچسپ اور مفید حصے ہیں ٭

راقم کو بہر حال ڈاکٹر صاحب کی تفصیل پسندی سے ایک شکایت بھی ہے اور وہ یہ کہ انہوں نے

میر صاحب کے تصرفات اور تسخیر اجنہ کے واقعات (ص۲۲۷ تا ص۲۴۶) کو بے ضرورت تفصیل دی ہے۔ اور
مصیبت یہ ہے کہ گلزار آصفی کے شک و تردد کے باوجود ڈاکٹر صاحب ان قصّوں کو بیان کرتے جارہے ہیں
سوانح نگاری میں "انتخاب مواد" کا اصول نہایت ضروری اور بنیادی ہے اس میں بے ضرورت
اطناب اور توسیع مضمون کتاب کی اہمیّت کو کم کر دیتا ہے ۔

ڈاکٹر صاحب کی اس کتاب میں اُردو کے بعض الفاظ نظر سے گذرے ہیں جو ہمارے لئے نئے
ہیں۔ مثلاً ص۱۲ س۲ "ہر ممکنہ ذریعے سے حاصل کر کے ....." "صرف "ممکن ذریعے" کافی تھا۔ اسی صفحہ
س۱۳ میں ایک لفظ "بین قومی اتحاد" آتا ہے، غالباً اس سے مراد "بین الاقوامی" ہے۔ ص۲۴ س۵ "آخر کار میر صاحب
خود ان مخالفتوں کے باعث ایران سے دل برخواستہ ہو گئے"، اعتراض "دل برخواستہ" پر ہے۔ شاید اس سے مطلب
"دل برداشتہ" ہے۔ یہی لفظ ص۱۱۱ س۱ پر یوں پھر آیا ہے۔ "ان کو بالکل برخواستہ خاطر کر دیا"۔ یہاں بھی مراد
"دل برداشتہ" ہے۔ ص۳۵ (س۱) پر "دعوہ دار" لکھا ہے۔ شاید کاتب کی غلطی ہے۔ "دعوے دار" ہونا چاہیئے۔ ص۱۴۱
(س۱) پر ایک عبارت آتی ہے کہ..... پہلا علم ..... بنایا۔ اور گولکنڈہ کے شاہی عاشور خانہ میں "استاد کیا"۔ "ایستادہ
کیا" شاید بہتر ہوتا۔ اسی صفحے پر ایک آیت ہے "وبشروا المومنین نصر من اللہ و فتح قریب ....." صحیح آیت
"بشر المومنین" ہے۔ ص۱۴۲ پر "سمت" کی جمع "اسمات" دی ہے۔ ص۱۶۰ پر "مشائخین" اور ص۱۸۸ پر "ماخذ" کی جمع "ماخذات" دی ہے
یہ نئے الفاظ دیکھ کر تعجب اور افسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے صحیح فارسیت اور عربیت کے اختلاط کا پتہ چلتا
ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں اس قسم کے الفاظ کی تصحیح ضرور کر لی جائیگی ۔

جیسا کہ شروع میں بیان کیا جا چکا ہے اس کتاب نے وزرائے دکن کی زندگیوں کے سلسلے میں ایک
گمشدہ ورق کی کمی پوری کی ہے۔ اس کتاب میں بہت سی تفاصیل ایسی ہیں جو بہت دلچسپ اور مفید ہیں۔ اُردو میں اس
قسم کی کتابوں کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر صاحب ہمیشہ ذخیرۂ اُردو کو اپنی کوششوں سے مالا مال کرنے میں مصروف رہتے ہیں ۔
طباعت نہایت عمدہ ہے اور کاغذ نفیس استعمال ہوا ہے۔ پوری پوری توقع ہے کہ ملک اس سلسلے کی حوصلہ افزائی
کرتے ہوئے اس کا ثبوت موجودہ کتاب کی قدردانی سے دیگا (صفحے ۲۱۶- سلسلہ مطبوعات ادبیات اُردو شمارہ ۲۲ مقام اشاعت
حیدرآباد۔ ملنے کا پتہ :- سب رس کتاب گھر خیرت آباد حیدرآباد دکن قیمت ۲ روپیہ ۸ آنے)

(ع)

فارسی شاعری میں گل وگلزار کی حقیقت

یک ذرۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا
یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا (غالب)

(۱)

فارسی شاعری میں (اور اس کے تتبع میں اُردو شاعری میں بھی) گل وبلبل[1] کو جو اہمیت حاصل ہے۔ اس کی تعبیر وتوجیہ میں مختلف قسم کے خیالات کا اظہار کیا جاتا ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے۔ کہ فارسی شاعری محض شمع وپروانہ گل وبلبل اور سرو وقمری کی داستان معاشقہ تک منحصر ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ابتدا سے لے کر اس وقت تک گل وگلزار کے مضامین اس کثرت کے ساتھ ہماری شاعری پر چھائے ہوئے ہیں کہ بادی النظر میں مندرجہ بالا اعتراض کچھ غلط بھی معلوم نہیں ہوتا۔ غزل سے لے کر قصیدہ اور مثنوی بلکہ ٹھوس علمی مضامین تک "سلطانِ گل" کی فرمانروائی نظر آتی ہے۔ اور قلمرو باغ کی وسعتیں کچھ اس طرح پھیلی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ کہ مذہب، تصوّف، سیاست، ریاضی اور ہندسہ تک اس کا اثر محسوس ہوتا ہے ؎

زلف بت من ہزار وسی صد شکن است — در ہر شکنے ہزار وسی صد وطن است
در ہر وطنے ہزار وسی صد چمن است — در ہر چمنے ہزار وسی صد چو من است

اس چوبیتی میں حساب کا ایک سوال ہے اور مقصود حاصل ضرب دریافت کرانا ہے

[1] اس مضمون میں گل وگلزار کی بحث ہے۔ آئندہ فرصت میں 'بلبل' کا تذکرہ کیا جائے گا۔ انشاء اللہ،

لیکن اس دماغ سوزی کے عالم میں بھی شاعر نے اپنے وطن یعنی ۔ چمن کو فراموش نہیں کیا ؛

ایرانی ادب کا اہم سوال

زندگی کے واقعات اور مظاہر ماحول سے وابستہ ہوتے ہیں۔ خواہ ان کا طریقۂ اظہار تصریحی اور توضیحی ہو یا ایمائی واجمالی، ماحول کی ترجمانی ہر صورت میں ضروری ہے۔ اس نظریہ کی روشنی میں قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایرانی فطرت نے اپنے اظہار اور مافی الضمیر کی ترجمانی کے لئے آخر گل و بلبل کو کیوں ذریعہ بنایا؟ وہ کون سے اسباب تھے۔ کہ اسلامی سوسائٹی نے یک قلم عرب کے نخلستانوں کی گھنی چھاؤں، ببولوں کے کانٹوں، "عرار نجد" کی خوشبوؤں اور ناقہ ہای صبار فتار کی تعریفوں کو چھوڑ کر بوستان و چمن، لالہ و گل اور نرگس و سوسن کی وصف نگاری شروع کر دی، دنیا میں واقعات اسباب کے تابع ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ اس عظیم الشان واقعہ کے بھی کچھ مادی اسباب ہوں گے۔ جن کی جستجو ذہنِ انسانی کی رنگا رنگیوں سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ازبس ضروری ہے ؛

مضامین گُل کی کثرت

آج کے مقالہ میں، عاجزانہ طور پر، یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کہ گل و بلبل کا تذکرہ باوجود ملال انگیز کثرت و تکرار کے محض بے کار چیز نہیں۔ بلکہ ایرانی زندگی کے بعض اہم پہلوؤں کی ترجمانی کرتا ہے۔ شاعری میرے نزدیک، زندگی سے منقطع نہیں ہو سکتی۔ ایرانی شاعری بھی حد درجہ ایمائی ہونے کے باوجود زندگی سے وابستہ ہے۔ اس کے سمجھنے کے لئے ہمیں مجموعی ایرانی سپرٹ اور تصور کا تجزیہ کرنا چاہیئے اور یہ سمجھنا چاہیئے کہ ایرانی ذوق جمال اور احساسِ حسن نے اپنے اظہار و تعبیر کے لئے "گل" کو کیوں مخصوص کر لیا۔ اس کا اندازہ لگانے کیلئے

ہمیں ادب سے نکل کر سارے ایرانی فنون لطیفہ (مصوری، تعمیر وغیرہ) پر بھی ناقدانہ نظر ڈالنی ہوگی۔

بہاریہ مضامین کے متعلق اہم مسائل

ایک بہت بڑا سوال جس کا جواب دینا ضروری ہے یہ ہے۔ کہ ایرانی شاعری میں سبزہ و گل کی تعریف و توصیف واقعی ملک کی طبعی حالت اور آب و ہوا سے مطابقت رکھتی ہے جیسا کہ مولانا شبلی نے خیال ظاہر کیا ہے یا شاعروں نے بہت حد تک اپنی تخیل سے اپنے چمن کلام کے پھولوں کو آب و رنگ بخشا ہے؟ اسی طرح یہ بھی دیکھنا ہوگا۔ کہ ہماری بہاریہ یا منظریہ شاعری کا کتنا حصہ قدرتی حسن کہسار اور مناظر سے تعلق رکھتا ہے اور کتنا ان باغات اور چمنستانوں سے جو شہروں اور قصبوں میں انسانی ہاتھوں سے بنائے اور سجائے گئے۔

انگریزی شاعری میں پھول

انگریزی زبان میں[1] مختلف شعراء کے گل اشجار Flora کے متعلق کتابیں ملتی ہیں۔ لیکن افسوس کہ فارسی شعرا کے ضمن میں یہ مطالعہ شاید ابھی تک نہیں ہوا۔ "شکسپیئر کے پھول" "ورڈزورتھ کے پھول" "ادب میں جنگلی پھول" کی طرح کے موضوعوں پر عمدہ مقالے اور کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ فارسی شاعری میں جن پھولوں کا ذکر آتا ہے ان کا حیاتیاتی اور نباتاتی مطالعہ ایران کے قدیم علم نباتات میں بہت سے اضافہ کا باعث ہوگا۔ مولانا آزاد نے[2] (سخندان پارس میں) ادب سے تمدن اور معاشرت کی تاریخ مرتب کرنے کے لئے جو اصول وضع کئے ہیں۔ وہ بذات خود بہت مفید اور دلچسپ ہیں

---

[1] V. Rendell کی کتاب Wild flowers in literature اور Walter de la mare کا مضمون Flowers in Poetry،

[2] سخندان پارس۔ چھٹا اور ساتواں لیکچر،

لیکن موضوع کی وسعت کے اعتبار سے ناکافی ہیں۔ پھول کا نباتاتی مطالعہ اس سے بہتر طریق پر ہونا چاہیئے۔ انگریزی شاعری میں پھول کی لطافت اور دلکشی کا بہت سے دلاویز پیرایوں میں ذکر آیا ہے۔ مشہور شاعر Keats چمنستان کا ذکر کرتے ہوئے انکے مناظر کو قدرتی درسِ حیات قرار دیتا ہے۔

— An eternal book

Whence I may copy many a lovely saying

About the leaves and flowers —.

جارج ہربرٹ گلاب کے متعلق یوں فرماتے ہیں[1] :۔

A rose, besides his beauty, is a cure.

کالرج عروسِ گل کی یوں مدح سرائی کرتے ہیں :۔

Flowers are lovely and love is flower-like.

ایرانی مثالیت (Symbolism)

انگریزی شاعروں نے جس جس رنگ میں حسنِ گل کا نقشہ کھینچا ہے۔ اس کے لئے ناظرین کرام ان شعراء کے دواوین کا مطالعہ فرمائیں۔ یہاں ہم اس سے قطع نظر کرتے ہوئے صرف ایرانیوں کا ذکر کریں گے۔ جن کے ہاں پھول تمام تخیل کا مواد فراہم کرتا ہے۔ دنیا میں ہر قوم حسن و جمال کے احساس کے مجموعی اظہار کے لئے ایک Symbol (مثال) مقرر کر لیتی ہے۔ ایرانیوں کے ہاں یہ مظہر گل[2] ہے مثالیت (Symbolism[3]) کا منشا یہ ہے۔ کہ کسی شئے خاص کو ذہن میں

---

[1] Stuart: Gardens & Rendell - Wild flowers in Literature. p. 5

[2] Whitehead. Symbolism. Its meaning and [3] of the Mughals, p. 2.

[3] Effect, p. 94 میں نے Symbolism کا ترجمہ مثالیت کیا ہے لیکن اگر کوئی صاحب مجھے بہتر اصطلاح بتائینگے تو ممنون ہونگا۔

اس صورت سے منقش کیا جائے۔ کہ وہ خود آنکھوں کے سامنے نہ ہو لیکن کسی اور
چیز کے ساتھ اس کے تشابہ و تجانس کے ذریعے وہ نقش مطلوب ذہن میں
پیدا ہو جائے"۔ اس غرض کے لئے مختلف اقوام نے مختلف اشیا سے کام لیا
ہے۔ مثلاً مور ابدیت کا مظہر ہے۔ عنقا حشر و نشر کی نمایندگی کرتا ہے۔ اور افعی
ابلیس کا قائم مقام ہے۔ ہندوستانیوں کے ہاں کنول، پپیہا، مور، چکور اور
انگریزوں کے ہاں راج ہنس (Swan) چنڈول (Lark) اور
کنول (Lotus) وغیرہ کو وہی اہمیت حاصل ہے۔ جو ایرانی شاعری میں
گل و بلبل، شمع و پروانہ، سرو اور قمری کو حاصل ہے۔

غرض ایرانی ذہن اور احساسِ جمال نے گل کو حسن کا مظہر اتم قرار دیا ہے
اور اسی مناسبت سے باغ اور گلزار کو جو گلہائے رنگارنگ کا منبت اور گھر ہے
ایرانی تصور میں حسن کا "مظہر اتم" خیال کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایرانی شاعر
"باغ" کو ساری زندگی کا ایک مصغر (Miniature) قرار دیتا ہے۔ جو بقعۂ حسن
ہونے کی وجہ سے عشق کے تمام سوز و گداز اور شوق کی تمام ہنگامہ آفرینیوں کا مرکز
ہے۔ جہاں خوبانِ گل پر سینہ چاک بلبل جان نثار کرتے ہیں۔ جہاں آفرینش کا
سارا راز زبانِ خاموشی سے حل ہوتا ہے۔ جہاں حیاتِ انسانی کی چیستان سرو و فاختہ
کی کہانی سے بیان ہوتی ہے۔

باغ یا نمونۂ کائنات

اسی سبب سے ایرانی شاعر باغ کی تعریف میں اپنی پوری
قوتِ بیان صرف کرتا ہے۔ کبھی اس کو عروس قرار
دیتا ہے۔ مثلاً ظہیر فاریابی ؎

عروسِ باغ گر جلوہ می کند امروز　　کہ باد غالیہ سای است و ابر لؤلؤ بار

منوچہری جب باغ میں جاتا ہے تو اس کے رنگارنگ پھولوں کو دیکھ کر اس درجہ

متاثر ہوتا ہے۔ کہ باغ کو کسی بزاز کی دکان سے تشبیہ دیتا ہے۔ جہاں مختلف الالوان کپڑے اپنی رنگینی سے آنکھوں کو خیرہ کر دیتے ہیں ع

بوستان آراستہ چون کلبۂ تاجر شود

شاعر جب درختوں کی ٹہنیوں کو جھکا ہؤا دیکھتا ہے۔ تو اُس کو صحن مسجد یاد آجاتا ہے جہاں نمازی صف بستہ رکوع کی حالت اختیار کئے ہوئے ہیں۔ پس بوستان کو مسجد سے تشبیہ دیتا ہے۔ جس میں فاختہ مؤذن کے فرائض انجام دیتی ہے۔ منوچہری ؎

بوستان چون مسجد و شاخِ درختاں دررکوع فاختہ چون موذن وآوازِ او بانگِ نماز

ایرانی شاعری میں باغ کو بہشت سے اس کثرت کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ کہ یہ قیاس کرنا شاید کچھ غلط نہ ہوگا۔ کہ ایرانی باغ کا تصور بہت حد تک قرآن مجید کے تصورِ بہشت کے مطابق ہے۔ جس سے باغ کی تعمیر اور اس کی ہیئت کے متعلق بہت کچھ کسبِ فیض کیا گیا ہے[1]۔ کبھی کبھی ہمارے شاعر باغ کو آسمان سے اور آسمان کو باغ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ جس میں پھولوں کو ستاروں اور ستاروں کو پھولوں سے تشبیہ دی جاتی ہے[2]۔ اگر ان تشبیہات وکنایات کا اندازہ لگانا ہو۔ جو باغ وغیرہ کے سلسلے میں پیدا ہوئی ہیں۔ تو اس کے لیئے بوستان، چمن، گلستان، گلزار وغیرہ کے الفاظ کا ادب میں مطالعہ کرنا چاہیئے۔

یہ بات ظاہر ہے۔ کہ باغ شاہدِ گل کا مقام و مسکن ہے۔ وہ جس تعریف کا مستحق ہے۔ اس سے کہیں زیادہ خود شاہدِ گل تعریف و توصیف کی حقدار ہے،

---

[1] Stuart, Gardens of the Mughals P. 5 and 6 : p. 86 ۔ لیکن یہ تصور دیگر آسمانی کتابوں میں بھی ہے۔ مثلاً انجیل میں۔

[2] بوستان گل نما کنایہ ہے آسمان سے۔

پھول کی اس سے زیادہ کیا خوش قسمتی ہوگی۔ کہ خود معشوق کو اس سے تشبیہ دی گئی ہے۔ علم بیان میں مشبہ بہ وجہ شبہ میں مشبّہ سے زیادہ قوی ہوتا ہے اس لحاظ سے معشوق میں جو حُسن و لطافت ہے۔ اس سے کہیں زیادہ پھُول میں مانی گئی ہے۔ تاہم ایرانی شاعر گُل اور محبوب کے توازن اور تقابل میں کبھی اِدھر اور کبھی اُدھر جھُکتا ہے اور دونوں میں کوئی تفاوت نہیں سمجھتا۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ گُل کو دیکھتا ہے اور اس سے خوش ہوتا ہے۔ کہ وہ محبوب کی کسی ایک صفت کا حامل ہے۔ ع

اے گل بتو خورسندم تو بوئے کسے داری

یا بقول نظیری:- بوسے یارِ من ازین سست وفامی آید

گلم از دست بگیرید کہ از کار شدم

یا بقول غالب ؎ عارضِ گل دیکھ روئے یار یاد آیا اسدؔ

جوششِ فصلِ بہاری اشتیاق انگیز ہے

لیکن بیشتر ایسا ہوتا ہے۔ کہ شاعر خود گُل ہی کو محبوب سمجھتا ہے اور اس کی فراوانیٔ حُسن سے اس درجہ سرشار ہو جاتا ہے۔ کہ تشبیہ کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ مثلاً غالب ؎

وُہ گُل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالبؔ

چٹکنا غنچۂ دِل کا صدائے خندۂ دِل ہے

یا بقول حافظ:-

غرورِ حسن اجازت مگر نداد اے گُل کہ پرسشے نکنی عندلیبِ شیدا را

یارب آں نوگل خنداں کہ سپردی بمنش درامان وار خدایا ز حسود چمنش

گُل کی تشبیہات و صفات

گُل کی اہمیت کا اندازہ ان ہزاروں تشبیہوں سے ہوسکتا ہے یا استعارات و کنایات سے جو گُل سے متعلق فارسی ادب اور شاعری میں ملتی ہیں - ان میں سے بعض لطیف تشبیہات یہاں درج کی جاتی ہیں - مثلاً ساغرِ گل - سبوئے گل - پیمانہ گل - گوشِ گل - جامِ گل - قدحِ گل - پیکانِ گل، خنجرِ گل - صفحۂ گل، مصحفِ گل، سبدِ گل

گُل کی تشبیہات ہر قسم کی ہیں - مثلاً باعتبارِ رنگ، باعتبارِ شکل، باعتبارِ خوشبو، باعتبار لطافت و نزاکت یا باعتبار خواص وغیرہ - ان میں ایرانی شاعر نے جو خوشنما رنگ بھرے ہیں - اُن سے اُن کے ذوقِ جمال کی تحسین کے بغیر چارہ نہیں ۔

گُل کے دوسرے معانی

گُل کے تصور کا ایرانی دماغ پر اس درجہ تسلط ہے - کہ اس سے بے شمار محاورات اور معانی ظہور میں آئے ہیں - مثلاً گُل بمعنی فائدہ و نتیجہ - عرفی ؎

گلۂ نیامد نہالِ گل وعدہاست ورنہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ہمین خوش است عرفی کہ تو نامہ میفرستی

نیز گُل بمعنی داغ - وحشی ع

صد گل تازہ شگفت است ز گلزار رخش

نیز گُل مجازاً بمعنی تمنا - عرفی ؎

ز ہر گلے کہ ہوائے دلم نقاب کشاد ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ فلک بگلشن حسرت نوشت و رفت بباد

نیز گُل بمعنی خیال مجازاً - عرفی ؎

ہر گلے کز باغ طبعم بشگفد ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ بر سر غلمان و رضوان می زنم

اسی طرح گُل بمعنی بدولت و بہتر و خوب بھی آتا ہے - گل در آغوش ریختن - گل در جیب ریختن - گل در کنار کردن - گل راست کردن، گل زدن، گل شگفتن، گل فرستادن بکسے، گل افشان کردن وغیرہ وغیرہ محاورات بھی استیلائے گل کا پتہ

دیتے ہیں۔ فیضی نے نل دمن میں نل کے عشق کی جو روداد بیان کی ہے۔ اس میں سراسر تشبیہات گل سے کام لیا ہے (ص ۶۹) اس کا آغاز یوں ہوتا ہے ؎

بادِ سحری بشاخِ سنبل زین گونہ بنفشہ ریخت بر گل

ایران کے بہت سے تیوہاروں کا پھولوں سے تعلق ہے۔ مثلاً گل کوبی کی رسم، گل افشاں اور عیدِ نوروز جو آمد بہار کا اعلان کرتی ہے۔

فنونِ لطیفہ میں پھول بوٹے

شاعری کے علاوہ ایرانی فنون لطیفہ بھی اس اثر سے خالی نہیں نظر آتے۔ چونکہ اسلام میں تصویر کشی کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی۔ اس لئے ایرانی ذوق جمال نے اپنے اظہار کے لئے نباتات اور گل و سبزہ سے مواد حاصل کیا ہے[۱]۔ جب مسلمانوں میں کتاب کی آرائش کا ذوق ترقی پذیر ہوا۔ تو شروع شروع میں اقلیدسی اشکال کی ڈرائنگ سے نقش و نگار کا رواج ہوا۔ لیکن رفتہ رفتہ ایران اور ترکستان میں آرائش کتاب ایک معین صنعت بن گئی۔ جس میں پھول اور بوٹوں کے ذریعے نقش و نگار کے فن کو انتہائی فروغ حاصل ہوا[۲]۔ اسی طرح جلد سازی، قالین بافی اور تعمیرات میں نقاشوں نے گل و سبزہ اور نباتات کی تصویر کشی سے ذوقِ مصوری کو تسکین دی۔

ایرانیوں کا یہ شغف پھول کے متعلق اُس وقت ہی نہ تھا۔ جب کہ شیخ سعدی نے اپنی زندہ جاوید گلستان اور بوستان کو گل و گلزار سے منسوب کیا تھا۔ بلکہ سائیکس[۳] کے بقول آج بھی ہر ایرانی پھول کا ویسا ہی دلدادہ ہے

ف ۱ Stuart: Gardens. p. 9   ف ۲ Sarrey -

ف ۳ Islamic Book-binding. p.p. 12, 20   Sykes -

. Persia and its people, p.p. 222, 223.

اور صحن باغ اور طرف چمن کا اسی طرح شیفتہ و شیدا ہے۔ جس طرح زندگی
کے لئے صاف ہوا، خوشگوار پانی اور لطیف طعام کی ضرورت لابدی ہے۔
اسی طرح ہر ایرانی کے نزدیک گلزار اور باغ بھی لوازم حیات میں سے ہیں[۱]

فارسی شاعری کے پھول

گل و گلزار کی اہمیت کے اسباب بیان کرنے سے پہلے
ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہم سرسری طور پر ان پھولوں کا ذکر
کریں[۲]۔ جن کا ذکر فارسی شاعری میں بکثرت آتا ہے۔ ان
پھولوں کی نباتاتی بحث کے متعلق راقم الحروف کو اعتراف ہے۔ کہ کافی تحقیق
نہیں ہو سکی۔ اسی وجہ سے یہ حصہ بہت حد تک تشنہ سا معلوم ہو گا۔ لیکن علم
نباتات کی مشکلات اور فن باغبانی کی علمی (سائنٹیفک) حیثیت بذات خود
میرے لئے کافی عذر خواہ ہیں۔ اس حد تک مجھے تسلی ہے۔ کہ فارسی ادب
اور شاعری ایران کے مختلف پھولوں اور پودوں، ان کے خواص و کیفیات،
ان کی انواع و اقسام، ان کے رنگ اور شکلوں، غرض ان کے جملہ حالات
و کوائف کو سمجھنے میں بے حد ممد و معاون ہو سکتی ہے۔ اکابر شعرا کے ہاں
ان پھولوں کو حقیقی اور واقعی اہمیت حاصل تھی۔ متأخرین اور مقلدین نے
محض رسماً اور تقلیداً لالہ و گل، خیری و سوری سے اپنے چمن کلام کو
زیبائش دی۔ یہی وجہ ہے۔ کہ بعض اوقات ان شاعروں کے کلام میں
بہار کے پھولوں کا ذکر خزاں میں اور باغ کے پھولوں کو کہسار اور صحرا میں
بیان کیا گیا ہے۔ شاعری میں تقلید — اور ایسی اندھی تقلید فارسی شاعری
کے لئے باعث رسوائی ثابت ہو رہی ہے۔

---

[۱] Browne — A year amongst the Persians — P. 87 and Sykes — Persia & People P. 219.

[۲] آئین اکبری اور چمنستان مخلص میں پھولوں کی بحث دیکھو

اب میں بعض ایسے پھولوں کا ذکر کرتا ہوں - جن کے ذکر سے ہمارے کسی شاعر کا دیوان بھی خالی نہ ہوگا۔ ان کے نباتاتی پہلو سے بحث کرنے کا یارا مجھ میں نہیں - اس لئے اس فرض کو کسی ایسے بزرگ کے سپرد کرتا ہوں[1]۔ جن کو اس موضوع خاص میں کافی دسترس حاصل ہو +

سب سے پہلے گُل کو[2] لیجئے۔ یہ فارسی میں اس پھُول کا نام ہے۔ جسے ہندوستان میں گلاب کہا جاتا ہے اور عربی میں وَرد بولتے ہیں۔ گل سُرخ بھی اسی پھُول کا نام ہے۔ اسی کی تعریف میں سلمان ساوجی کہتے ہیں

نہاد گنبد گل بین کہ از زمرّد و لعل نہادہ اند و در و می کنند زرکاری

صبا شراب معصفر بریخت در پیالۂ گل بیک پیالۂ گل گشت روے گلناری

لغات سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کو گل صد برگ بھی کہتے ہیں۔ لیکن یہ بات تشنۂ تحقیق ہے۔ فرہنگ آنندراج میں اس موقعہ پر ایک شعر لکھا ہے ؎

چون گل صد برگ صائب درمیان خارزار زیر شمشیر حوادث بالب پرخندہ ایم

لیکن اس سے مطلب صاف نہیں ہوتا۔ لالہ صد برگ کو بھی اس کے مرادف قرار دیا گیا ہے۔ جس کے متعلق لکھا ہے "کہ در ہندوستان گلے باشد زرد و بعضے زعفرانی، و برگہاے بسیار دارد"۔ بہرحال یہ واضح ہے۔ کہ گُل، فارسی میں گلاب کو کہتے ہیں۔ جس پر بلبل عاشق ہوتی ہے اور جب بہار میں گلاب باغوں کو اور چمنوں کو زینت بخشتا ہے تو بلبل مدہوش ہو جاتی ہے۔ اسی

---

[1] پرنسپل محمد شفیع صاحب ایم اے (کینٹب) سے معلوم ہوا۔ کہ ایک جرمن مصنف شلمر (Schlimmer) نے ایران کے پھولوں پر ایک کتاب لکھی ہے جس میں ایرانی ناموں کے مرادف لیٹن نام دیئے ہیں +

[2] نیز گل خندان۔ محبوب کو گل خندان سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ حافظ ؎

یا رب آن نوگل خندان کہ سپردی بمنش در امان دار خدایا ز حسود چمنش

موقعہ کے لئے مولانا آزاد نے لکھا تھا۔ کہ گلاب کی ٹہنی پر تو یہ عالم ہوتا ہے کہ بلبل بولتی ہے، بولتی ہے۔ بولتی ہے! حد سے زیادہ مست ہوتی ہے۔ تو پھول پر منہ رکھ دیتی ہے اور آنکھیں بند کر کے زمزمہ کر کے رہ جاتی ہے" (سخندان پارس ص۱۸۱)۔ نزہتہ القلوب میں گلاب کے اس عاشق صادق پرندے کے متعلق لکھا ہے:

"بلبل۔ ہزار داستاں را عرب عندلیب و ہزار دمغولاں سندوراج خوانند۔ مرغ کوچک است چند گنجشکے و آوازش در غایت خوشی و آنرا بانواع نواہا است بدین سبب اورا 'ہزار' گویند، عاشق گل بود و دران موسم نواہا بیش می کند و از فرطِ حرارت وجود و غلبۂ عشق لحظہ بلحظہ درآب رود۔" (نزہتہ القلوب ص۹۲ سٹیفن سن ایڈیشن ۱۹۲۸ء)

سائیکس کا بیان ہے۔ کہ بلبل کو جب قفس میں اسیر کر لیا جاتا ہے۔ تو اس کے نغمے بہت پُرکیف ہوتے ہیں . . . . اور گرمیوں میں اس پنجرے میں گلاب کا تازہ پھول عموماً لٹکا دیتے ہیں۔ تاکہ بلبل اپنے محبوبِ بوستانی کو دیکھ کر سودا زدہ ہو جائے اور مست ہو ہو کر نظیری کے یہ شعر زبانِ حال سے گائے ؎

گر زیر گلبنے قفسم را نمی نہی — جاے بنہ کہ نالہ بگوش چمن رسد

ہر جا گلے است بہر نظیری طرب گہے است — کے بلبلان مست غمِ آشیان خورند

اسی طرح گل سرخ کا معنی بھی وَرْد لکھا ہے۔ گلِ آتشی کے معنی میں لکھا ہے۔ "ہماں گل سرخ و آن را گل سوری گویند"۔ وحدت قمی کا ایک شعر ہے ؎

درین بہار چو پروانہ و چو بلبل سوخت — گل چراغ و گل آتشی ہزاران را

شاید گلِ آتشی گلاب سے الگ کوئی اور پھول ہو۔ جو صورت میں

ا ؎ Persia and Its People, p.252.

گلاب کی مانند ہوتا ہو۔ لیکن ویسا شوخ نہیں۔ یہ سدا گلاب کی طرح نیم رنگ اور ہمیشہ بہار ہوتا ہے۔

وفا و شرم مجو از بتے کہ رخ افروخت کہ لالہ عطر و گل آتشی گلاب ندارد

گل سفید۔ گل سرخ یا گلاب کی ایک قسم جس کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ اور خوشبودار۔ ہندوستان میں اس کو سیوتی کہتے ہیں۔

گل دوروے ایک پھول ہوتا ہے۔ جس کا ایک رُخ زرد اور ایک سرخ ہوتا ہے۔ اسی دو رنگی کی وجہ سے اس کو گل عجبہ یا ورد الفجار بھی کہتے ہیں۔ فرخی وغیرہ میں دورویہ گل کے نام سے جس پھول کا ذکر آتا ہے۔ وہ بھی شاید یہی ہے۔ فرخی لکھتا ہے۔

ہنگام گل است اے بدو رخ چوں گل خود روے
ہم رنگ رخ خویش بباغ اندر گل جوے

از مجلس ما مردم دو روے برون کن
پیش آر مئے سرخ فرو کن گل دو روے

باغ است بدین زینت آراستہ از گل
یکسو گل دو روے دگر سو گل خود روے

اس پھول کا دوسرا نام 'لالہ دو رو' بھی ہے۔ اگرچہ قیاس چاہتا ہے۔ کہ یہ گلاب سے مختلف اور لالہ کی جنس سے تعلق رکھتا ہوگا۔ لیکن لغت نگار یہی کہتے ہیں۔ کلیم

صبا مخالف و گل بیوفا، و لالہ دو روے
درین چمن بچہ امید آشیاں بندم

گلاب کے بعد سب سے زیادہ جس پھول کی مدح سرائی ہمارے شاعروں نے

کی ہے۔ وہ لالہ ہے۔ اس کی متعدد اقسام ہیں۔ لالۂ لعل یا لالۂ نعمان کی تہ سیاہ ہوتی ہے۔ باقی سُرخ۔ لیکن سُرخ کے علاوہ لالہ کبود اور لالۂ سبز بھی ہوتے ہیں۔ بابر نے کم و بیش ۳۲ اقسام کا سراغ لگایا ہے۔ لیکن سات اقسام بہت مشہور ہیں۔ لالۂ کوہی، لالۂ صحرائی، لالہ شقایق، لالہ دوروی، لالہ دلسوز، اور لالۂ دلسوختہ، لالۂ نعمان (= لالہ خطائی) یہ وہ انواع ہیں جن کا فرہنگ اندراج میں ذکر ہے۔ شاید لالہ دلسوز اور لالہ دلسوختہ کا نام فارسی شعرا کے کسی شعر پر مبنی ہو۔ جس میں دلسوز اور دلسوختہ محض صفات کے لئے ہوں۔ اس کے برعکس بابر کی تحقیق کافی جستجو کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے۔ ان میں سے لالۂ گل بوی کا خاص ذکر کیا ہے۔ جو شاید بابر کا نامزد کردہ ہے۔ یہ درحقیقت "نوعے است از لالہ کہ ازاں بوے گل سرخ می آید، من آنرا لالۂ گلبوی خطاب دادیم و بہمین شہرت یافت۔" ہماری ادبیات میں ان پھولوں کا اکثر ذکر آتا ہے۔ مثلاً

لالۂ بربر ؎ آن بت عیار فتنہ آں بت فرخار
آں بدو رخسار چوں دو لالۂ بربر (رودکی)

لالۂ صحرا ؎ ز گل بپرس کہ مرغ چمن چہ می گوید
کہ من برآمدہ ام ہمچو لالہ در صحرا (سلیم)

لالۂ نعمان ؎ یکے بغایت سرخی فروختہ ز قدح
چناں کجا ز سمن برگِ لالۂ نعماں (امیر معزی)

لالۂ نعمان کے جنس لالہ سے ہونے کے متعلق اختلاف ہے۔ بہرحال لالۂ نعمان کافی مشہور و معروف چیز ہے۔ اسی طرح لالۂ چین اور لالۂ خطائی کے بارے میں بھی شکوک ہیں۔ دیگر اقسام یہ ہیں۔ لالۂ سرنگوں، لالۂ صد برگ، لالۂ عباسی لالۂ سرخ، لالۂ زرد، لالۂ سپید، لالۂ رومی، لالۂ صحرائی، لالۂ متقاضہ، لالۂ دوروی،

لالۂ آل، لالہ کوہی، لالہ الوند، لالۂ دختری وغیرہ، لیکن سچ یہ ہے کہ لفظ لالہ بمعنی گُل ہر قسم کے پھول کے ساتھ بھی لگا دیا جاتا ہے اور اس بارے میں بھی مزید جستجو اور تحقیق اور نباتاتی مطالعہ بے حد ضروری ہے۔ اتنا واضح ہے کہ لالہ کا رنگ سرخ اور اس کی تہ سیاہ ہوتی ہے۔ جس کی طرف شاعر بار بار اشارہ کرتے ہیں۔ مثلاً محسن تاثیر ؎

گلشن کہ بے تو دیدۂ خونین ز لالہ داشت
از ہر گلے ز وصف تو چندین رسالہ داشت

محمد قلی سلیم ؎
کردم سلیم آخر قطع نظر ز خوبان
چوں لالہ داغ کردم ایں چشم خونفشاں را

ایضاً ؎
چو لالہ چشم سیاہ از خمار داری سرخ
پیالہ تا بسحر دوش در کجا زدم

شعرا جام کو لالہ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ آصفی ؎

چو بادہ نیست ز گلزار و لالہ زار چہ حظ
ز جام لالہ کہ خالی ست از خمار چہ حظ

لالۂ سیراب، لالۂ خونین پیالہ، لالۂ خونین کفن، لالۂ سیاہ رو، لالۂ صحرا نشین، لالۂ سیاہ چشم اس کی صفات ہیں اور چراغ لالہ، مشعل لالہ، تنور لالہ، جام لالہ، قدح لالہ، کلاہ لالہ، گوش لالہ، ہاون لالہ، سنان لالہ، شبستان لالہ، اس کی تشبیہات میں سے ہیں۔ اس سلسلے میں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ انھی صفات اور تشبیہات سے عموماً مختلف پھولوں کے رنگ، شکل، خوشبو اور دوسری باتوں کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً لالۂ عباسی کے متعلق محسن تاثیر لکھتا ہے ؎

بر د اندوہ ز دل تہمت زرداری ہم داغ بر دل نہد لالۂ عباسی را

جس سے مستفاد ہوتا ہے۔ کہ لالۂ عباسی کی تہ دوسری انواع لالہ کی طرح سیاہ نہیں ہوتی۔

سوسن بہت مشہور پھول ہے۔ جس کی چار قسمیں ہیں۔ سفید جو سوسن آزاد کہلاتی ہے۔ کبود یا سوسن ازرق، زرد یا سوسن خطائی، آسمان گونی جس کا رنگ زرد اور کبود اور سفید ہوتا ہے۔ شاعری نے اس پھول کی منافقت اور دہ زبانی کا بھی بہت ڈھنڈورہ پیٹا ہے۔ اس لئے کہ اس کی دس پتیاں ہوتی ہیں۔ برگِ سوسن کو زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اور سوسن زبان بمعنی فصیح و شیوا بیان آتا ہے۔ شمشیر، خنجر، دشنہ اس کی تشبیہات سے ہے جس سے اس کی پتی کی شکل اور وضع کا بخوبی پتہ چلتا ہے۔

اس کے علاوہ بعض وہ پھول جن کا بکثرت ذکر آتا ہے۔ یہ ہیں۔ گل شب افروز، گل شب بو، گل عباسی، نسرین، ارغوان، گل گیتی، گل پیادہ، گل مہتاب، گلنار، گل نافرمان، بنفشہ، گل ہاشم، گل بوستان افروز، نیلوفر، نرگس، سوری، خیری، اقحوان، سپرغم وغیرہ وغیرہ پھولوں کے علاوہ سرو، سبزہ، سبزہ بیگانہ، صنوبر، شمشاد، سنبل، شنبلید، متعلقات میں سے ہیں۔

یہی وہ ضروری پھول بوٹے ہیں۔ جن سے فارسی شاعروں کے باغوں کو زیب و زینت حاصل ہے۔ ان میں سے کون کون سے چمن سے متعلق ہیں اور کون کون سے کہسار سے۔ یہ مستقبل کا موضوع ہے۔ جس کے لئے مجھ سے زیادہ سائنٹیفک معلومات رکھنے والا اور مجھ سے زیادہ فارسی ادب کا ماہر درکار ہے ادب کا مطالعہ کرتے وقت قدم قدم پر ان پھولوں کی صحیح نوعیت کے متعلق جو الجھنیں اور دشواریاں پیش آتی ہیں، ان کا تقاضا ہے کہ اس موضوع پر زیادہ امعان نظر سے غور کیا جائے۔

عمرم بصفیر قفس و دام گذشتہ است   من زمزمہ در خور گلزار ندانم

(۲)

پھول کی اہمیت کے اسباب کیا ہیں؟

سبزہ و گل کے متعلق ایرانی ذوق کی یہ کیفیت معلوم کرنے کے بعد قدرتی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ پھول کو اس درجہ اہمیت دینے کے لئے کیا ایرانیوں کے پاس کوئی وجہ جواز بھی ہے؟ کیا یہ واقعی ایران کی آب و ہوا اور طبعی حالات کا اثر ہے کہ ہم فارسی ادب میں رنگینی اور گلکاری کی یہ فراوانی پاتے ہیں؟ کیا فی الواقعہ ایران کے موسم، ایران کی بہاریں، ایران کا حسن کہسار، ایران کے چمنستان کے حسن قدرتی کا یہ نتیجہ ہے۔ کہ اس ملک کے بچے بچے کے دل اور دماغ سے یہ بہار آفرین تخیلات سبزۂ خود رَو کی طرح پیدا ہوتے رہتے ہیں۔

مولانا شبلی کی رائے: "ملکی آب و ہوا اس کی ذمہ وار ہے"

مولانا شبلی نے شعر العجم میں یہ اصول قایم کیا ہے کہ "ملک کی آب و ہوا، سرسبزی و شادابی کا اثر خیالات پر پڑتا ہے اور اس ذریعے سے انشا پردازی اور شاعری تک پہنچتا ہے۔ عرب جاہلیت کا کلام دیکھو تو پہاڑ، صحرا، جنگل، بیابان، دشوار گذار راستے، مٹے ہوئے کھنڈر، ببولوں کے جھنڈ، پہاڑی، جھاڑیاں یہ چیزیں ان کی شاعری کا سرمایہ ہیں۔ لیکن یہی عرب جب بغداد میں پہنچے۔ تو ان کا کلام چمنستان اور سنبلستان بن گیا۔ ایران ایک قدرتی چمن زار ہے۔ ملک پھولوں سے بھرا پڑا ہے۔ قدم قدم پر آب رواں، سبزہ زار اور آبشاریں ہیں۔ بہار آئی اور تمام سرزمین تختۂ زمردین بن گئی۔ بادِ سحر کے جھونکے، خوشبوؤں کی لپٹ، سبزہ کی لہک، بلبلوں کی چہک، طاؤس کی جھنکار، آبشاروں کا شور وہ سماں ہے جو ایران کے سوا اور کہیں نظر نہیں آسکتا"[1]

[1] شعر العجم۔ حصہ چہارم۔ ص ۱۶۹

اسی طرح مولانا آزاد نے سخندانِ پارس میں ادب اور شاعری کی مدد سے قومی تمدن اور ملکی آب و ہوا اور طبعی حالات کا نقشہ کھینچ کر[1] اس سے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ ایران ایک سرسبز و شاداب ملک ہے۔ جس میں قدرتی مناظر کی بے حد فراوانی ہے۔ جس سے متأثر ہو کر شاعر اور ادیب لالہ و گل کی زبان سے باتیں کرتے اور سرو و شمشاد کے استعاروں میں حالِ دل کھولتے ہیں۔

پرانے مصنفین کے بیانات

اس ضمن میں یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں۔ کہ فارسی کے پرانے مصنفین اپنے ملک کی حالت کی جو تصویر کھینچتے ہیں اس سے ایران کی سرسبزی اور دلکشی کا پتہ چلتا ہے لیکن جدید مغربی سیاح ملک کو خشک اور غیر سرسبز ظاہر کرتے ہیں۔ پرانے مصنفین میں حمد اللہ مستوفی نے نزہۃ القلوب میں جن جن شہروں کے حالات بیان کئے ہیں۔ ہر ایک کے ضمن میں وہاں کی نہروں۔ جویباروں، باغوں اور مرغزاروں کا ذکر بھی کیا ہے۔ جنوبی ایران کے علاوہ خراسان اور ترکستان کے باغات اور نارنگستانوں کا حال دیکھ کر ذہن میں فارسی شاعری کے تصورات اور بھی گہرا نقش چھوڑ جاتے ہیں۔ شیراز کے مناظر کی تعریف میں حافظ، سعدی، قاآنی نے (جو اسی مرز و بوم کی پیداوار ہیں) فصاحت کے دریا بہا دیئے ہیں۔ آبِ رکناباد کے متعلق حافظ فرماتے ہیں[2]:-

زرکناباد ما صد لوحش اللہ　　کہ عمر خضر می بخشد زلالش

فرق است ز آبِ خضر کہ ظلمات جائے اوست　　تا آبِ ما کہ منبعش اللہ اکبر است

گلگشتِ مصلیٰ کا ذکر یوں ہوتا ہے:-

---

[1] ساتواں لیکچر ص ۱۴۸، [2] یہ غزل شیراز کی تعریف میں ہے۔ خوشا شیراز و وضع بے مثالش الخ۔

بدہ ساقی مئی باقی کہ در جنت نخواہی یافت
کنار آب رکنا باد و گلگشت مصلیٰ را

قاآنی نے ایک شاندار قصیدہ وصف شیراز میں لکھا ہے۔ جس کا آغاز یوں ہے:۔

تبارک اللہ از فارس آں خجستہ دیار
کہ می بہ بینند چوں آں دیار یک دیار

نسیم او ہمہ دلکش تر از نسیم بہشت
ہوائے او ہمہ خرم تر از ہوائے بہار

زلالہ ہر دمن اوست کوہے از یاقوت
ز سبزہ ہر چمن اوست کوہے از زنگار

پروفیسر براؤن نے *A year amongst the Persians*

میں اور فرصت شیرازی نے آثار عجم میں شیراز کے سبزہ زاروں، باغوں اور نہروں اور چشمہ ساروں کی دلچسپ تفصیل دی ہے۔ مافروخی نے محاسن اصفہان میں بہت سے اشعار اس شہر کی تعریف و توصیف میں اکابر شعرا کے لکھے ہوئے درج کئے ہیں۔ رستمی کے مندرجہ ذیل اشعار[1] بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں:۔

لقد کانت لنا فی ساحتیھا
قدیماً لا تعفت ساحتاھا

حدائق دونھا جنات عدن
ترى الرواد فیھا ماتراھا

یدل الدر منتثراً حصاھا
ویخزی المسك منتشراً ثراھا

سقی ارض المدینة ماء ودق
زکی العرف لا یسقی سواھا

اصفہان کی بہار، اس کی سیرگاہوں کے دلکش نظارے۔ جے کی شراب آلود فضائیں، زندہ رود کی مستانہ لہریں، وہاں کے خیابان و منزہات کی رنگینیاں ہر صاحب دل سے خراج تحسین حاصل کرتی رہی ہیں۔ حکیم خاقانی اصفہان کی مدح میں لکھتے ہیں:۔

نکہت حوراست یا ہوائے صفاہان
جبہت حوراست یا لقائے صفاہان

حافظ زندہ رود کی یاد میں یوں موتی بکھیرتے ہیں:

---

[1] مافروخی۔ محاسن اصفہان ص ۹۵۔ خیابان اصفہان کے لئے دیکھو حسین نورصادق کی کتاب اصفہان ص ۱۲۰۔

گرچہ صد رود است از چشم روان — زندہ رود و باغ کاران یاد باد

قم ایران کا مشہور شہر ہے۔ جو نظامی گنجوی کا مولد و منشا ہے۔ اس کا دوسرا نام کبود دشت ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ حسن بن محمد بن حسن قمی نے تاریخ قم[1] میں بدین الفاظ بیان کی ہے :-

"و بحوالی و جوانب آن انواع گیاہ رستہ و علف زار گشتہ چنانکہ چراگاہ دوّاب بود و روزگار از کثرت نبات و گیاہ کہ بدین موضع بود سبز شدہ و تا غایت کہ این موضع را کبود دشت نام کردہ اند"

یزد بھی کسی زمانے میں بہت پُر آب و پُر درخت شہر تھا۔ اگرچہ اب کم آب اور خشک سال ہو گیا ہے[2]۔ تفت یزد سے ۵ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ ہی اس کی دلکشی اور رنگینی کا ثبوت ہے۔ آیتی نے تاریخ یزد میں لکھا ہے :-

"تفت بہ فارسی سبد یا طبق میوہ را گویند . . . . این قصبہ ہم مانند طبقے است پُر از میوہ"[3]

تفت کے تین محلوں کے نام یہ ہیں۔ بابا خندان، راحت آباد، باغ خندان۔ یہاں باغات کی اتنی کثرت تھی۔ کہ ہر ہر گھر میں چمن زار نظر آتے تھے۔

"باغہا و خانہ ہا در خلال یکدگر واقع شدہ و چنانکہ اگر کسے بیکے از کوہہا دو طرف تفت فرار شود خانہ ہا را در وسط باغہا مانند خالہاے کوچک می بلیند کہ بر روی قطعۂ زمرد بزرگے قرار گرفتہ باشد"[4]

تاریخ یزد میں قاین اور ابرقوہ کی کیفیت بھی اسی طرح بیان ہوئی ہے اور

---

[1] تاریخ قم (ترجمۂ فارسی) ص ۲۱۲، [2] آیتی۔ تاریخ یزد ص ۲۰، ۲۱، [3] ایضاً ص ۵۱،
[4] ایضاً ص ۵۱، ص ۵۲،

شعرائے یزد کے قصیدے توصیف یزد میں درج ہیں۔

خراسان اور ترکستان فارسی ادب اور سیاسی قوت کے بہت بڑے مرکز تھے۔ ان میں بخارا۔ ہرات۔ سمرقند۔ غزنی، کابل۔ قندہار سب کے سب سبزہ وگل کے لحاظ سے نمایاں حیثیت کے مالک ہیں۔ نرشخی نے بخارا کے متعلق لکھا ہے کہ "آب بسیاری آمد وگل می آورد۔ ۔ ۔ ۔ وبدین ولایت آب ودرختان بسیار بودے"[1] بخارا کے مضافات میں نور، طواویس (ج طاؤس) اور مولیان خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ رودکی نے مولیان کا نام اپنی شاعری سے ایسا چمکایا ہے۔ کہ فارسی شاعری کا کوئی دلدادہ اس کے اثر سے آزاد نہیں ہوسکتا۔[2]

اسی طرح ہرات[3] کے مناظر کی تعریف وتوصیف ہروی کی روضات الجنات میں پڑھ کر اس شہر کی رونق اور سرسبزی کا کچھ خاکہ آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے لیکن طوالت کے خوف سے اس کی تفصیلات سے احتراز کیا جاتا ہے ؛

سمرقند کے متعلق بابر اپنی توزک میں لکھتا ہے ؛

"در ربع مسکون برابر سمرقند لطیف شہر کمتر است۔"[4]

تیموریوں کے زمانے میں یہاں باغات وغیرہ اس افراط سے بنائے گئے تھے۔ کہ آج بھی اُن کی یادگاریں باقی ہیں۔ "در زمان سلطان احمد میرزا ہم از خورد وبزرگ امرا باغ وباغیچہ بسیارے انداختند"، کش کی سرسبزی کا بہار کے موسم میں یہ عالم ہوتا ہے۔ کہ لوگوں نے اس کا دوسرا نام "شہر سبز" رکھا ہوا تھا۔

---

[1] نرشخی۔ تاریخ بخارا ص۵ ، [2] مولیاں کے ذکر کے لئے نرشخی۔ ص ۲۳، ۲۴ ، [3] پرنسپل محمد شفیع صاحب نے اس سلسلے میں میلیسن کی ایک کتاب کی طرف رہنمائی کی ہے ؛ Herat, the Granary and Garden of Central Asia, 1880

نسف کے متعلق بابر لکھتا ہے: "بہار او خوب می شود" کابل بابر کی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔ اس لئے بابر کے حسن ذوق کے اس شہر میں بہت سے نمونے ملتے ہیں۔ یہاں کے باغات (چار باغ) سٹوارٹ کے بقول مجموعۂ حسن و حدیقۂ جمال تھے۔ لیکن افغانستان کے کہسار کی دلآویزی بھی بابر کے لئے بہت کچھ کشش کا باعث رہی ہے۔ غوربند میں بابر کی نگاہوں نے "لالہ دورو" اور لالہ کی دوسری اقسام کو دیکھ کر صنعت ایزدی کی بہت تحسین کی ہے۔ اور پغمان کے باغات اور ارغوان زاروں کی خوبصورتی نے اسے بہت متاثر کیا ہے۔

غرض ایران کے اکثر شہر و دیار کی سرسبزی اور ان میں گل و گلزار اور آبِ رواں کی فراوانی کا ذکر قدیم فارسی کتابوں میں موجود ہے اور جدید ایرانی مصنفین نے یورپین شاعروں کے تتبع میں بعض پہاڑوں کو بھی موضوعِ سخن بنایا ہے۔ الوند، دماوند، اور البرز ایران کے بڑے پہاڑ ہیں۔ جن کی ہیبت اور دلکشی جدید شاعروں کا موضوع بنی رہی ہے۔

ایران کی آب وہوا اس کی مؤید نہیں

یہ عجیب بات ہے۔ کہ ایران کے جدید سیاح ملک کی قدرتی دلآویزیوں کے بارے میں اتنے رطب اللسان نہیں۔ یورپ اور امریکہ کے سیاحوں کے سفرنامے مولانا آزاد اور مولانا شبلی کے بیانات کی تصدیق نہیں کرتے۔ اُن کے نزدیک ایران کا بیشتر حصہ ریگ زار ہے۔ جو آبِ رواں سے خالی اور تختہ ہائے گل اور فرشِ سبزہ سے معرا ہے۔ جس میں نہ آبشاریں ہیں نہ جویبار، نہ سبزہ کی لہک ہے، نہ بلبلوں کی چہک۔ یہ ایک وسیع ریگستان ہے۔ جس میں معمولی سبزہ تک بھی نہیں ہوتا۔ تا بچمن زار چہ رسد۔

مثلاً سائیکس اپنی کتاب "Persia and Its People" میں لکھتا ہے:
"ایران کے پھول یقیناً ان لوگوں کے لئے سرمایۂ مایوسی بنیں گے جو حافظ کی نظم لالہ رُخ سے متاثر ہو کر وہاں کے باغوں کے متعلق بہت بلند خیال قائم کئے ہوئے ہیں۔ جونہی کہ سیاح ایران کی سطح مرتفع اعظم پر قدم دھرتا ہے مسلسل کئی روز تک سفر کرنے کے باوجود شاذ و نادر ہی کسی پھول کا منہ دیکھتا ہوگا۔ اِلّا یہ کہ موسم بہار میں ایرانی پھولوں کے بُوٹے بے شک کہیں کہیں نظر آجاتے ہیں . . . . . بہار کے پھول مازندران اور کیسپین کے نواحی علاقے میں بکثرت ہوتے ہیں۔ لیکن یہ نظارہ بھی صرف گنتی کی جگہوں میں دیکھا جاسکتا ہے"۱؎

یہ صحیح ہے کہ ایرانی دیہات کے مناظر شہروں کے مقابلے میں زیادہ دلکش ہیں۔ لیکن وہاں بھی گھاس وغیرہ کی کمی ہے۲؎۔ بڑے دریا بالکل موجود نہیں اور آب و ہوا بلندی اور عرض البلد کے مطابق ہر جگہ مختلف ہے۔ گرمیاں نہایت گرم اور ناخوشگوار اور سردیاں سرد اور بے حد مرطوب ہوتی ہیں۳؎۔

عموماً ۲۱ مارچ سے ۲۱ جون تک بہار کا موسم ہوتا ہے۔ جو بہت خوشگوار ہوتا ہے۔ اس میں سبزہ و گل کی فراوانی ہوتی ہے۔ لیکن سوائے چیدہ چیدہ جگہوں کے باقی ملک میں کوئی خاص دلکشی نہیں پیدا ہوتی۔ فلمر، سید اقبال علی شاہ، ملزپا (Millspaugh)۔ فان روزن (Von Rosen) و دیگر جدید مصنفین و سیاحین کے بیانات اس بارے میں متفق ہیں۔ کہ ایران کے قدرتی مناظر کا جو اندازہ فارسی لٹریچر سے ہوتا ہے۔ ملک کی طبعی حالت اس سے مطابقت نہیں رکھتی۔

۱؎ Sykes_ Persia and Its People. P.257, 258 ۲؎ ایضاً۔ ص ۲۱۵ ؛

۳؎ Iqbal Ali Shah_ Eastward to Persia p.142 ۴؎ Pageant of Persia.

تضاد کی وجہ

ان حالات میں یہ بات قابلِ حل ہے۔ کہ ایرانی مصنفین اور مغربی سیاحوں کے بیان میں یہ تضاد کیوں ہے۔ یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے۔ کہ ایک طرف مغربی مصنفین کو گل زمین ایران میں پژمردگی اور خشک سالی کے سوا کچھ نہ نظر آئے۔ اور دوسری طرف ایرانی مؤرخ اس کی سرسبزی و شادابی کے قصیدے گائیں؛

درحقیقت اس تضاد اور اختلاف بیان کے چند در چند وجوہ ہیں؛ اول یہ کہ مغربی مصنفین کا نقطۂ نظر مناظر قدرت کے متعلق اہل مشرق سے بہت مختلف ہے دوم یہ کہ ایران کی دلاویزی اور حُسن، عام طور پر، بہار کے موسم تک محدود ہے۔ جیسا کہ ہندوستان میں موسم برشگال کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ مغربی سیّاح جب بہار کے علاوہ کسی اور موسم میں ایران میں داخل ہوتے ہیں۔ تو انہیں سوائے ریگ زار اور معمولی ندیوں کے کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ جس سے وہ نقش اپنے دل میں لے کر جاتے ہیں۔ کہ ایران میں قدرتی حُسن کی کمی ہے۔ تیسری وجہ اور غالباً سب سے بڑی وجہ یہ ہے۔ کہ ایرانی ادب میں گل و گلزار کی رعنائیوں کی داستانیں پڑھنے کے بعد ملک کی طبعی حالت سے جب موازنہ و مقابلہ کیا جاتا ہے۔ تو یقیناً ادب کے پیدا کئے ہوئے ایران کے مقابلہ میں خود ملکِ ایران جیسا کہ وہ ہے۔ حقیر معلوم ہوتا ہے؛

(باقی دارد)

سید محمد عبداللہ

اقتباس از بدائع وقائع

مصنفۂ انندرام مخلص

لالہ انندرام مخلص کا حال اورینٹل کالج میگزین بابت فروری ۱۹۲۹ء ص ۴۶ پر سید محمد عبداللہ نے لکھا تھا۔ ۱۹۳۹ء میں پرشین لٹریچر حصہ دوم جزو ۳ ص ۸۱۲ پر پروفیسر سٹوری نے بھی اس کا حال دیا ہے، وہاں دیکھنا چاہیئے۔ اس وقت اس مصنف کی تصنیف بدائع وقائع سے ایک اقتباس درج کرنا مقصود ہے۔ جو تاریخ پنجاب سے تعلق رکھتا ہے۔

بدائع وقائع کے بعض اجزا کا انگریزی ترجمہ شائع ہو چکا ہے (دیکھو حواشی صفحات آیندہ) مگر کامل کتاب کسی مصنف کے پیش نظر نہ تھی۔ اسلئے کتاب کا پورا حال اب تک سامنے نہیں آیا۔ چند سال ہوئے لاہور کے کشمیری پنڈتوں کے ایک علمی گھرانے سے اس کتاب کا کامل نسخہ میں نے پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے لئے خریدا اس نسخہ کتاب کی مفصل کیفیت یہاں درج کی جاتی ہے۔

بدائع وقائع کے بعض اجزاء باڈلین، رامپور اور علیگڈھ میں ہیں۔ علیگڈھ والا نسخہ راقم سطور نے دیکھا ہے۔ اس کا نمبر ف۔ اغ ۱۱۲ ہے، ورق ۱۷، سطور ۱۵ (افسوس ہے کہ صفحات کی پیمائش میرے پاس محفوظ نہیں ہے)، اس نسخہ میں بدائع وقائع کی صرف تین فصلیں ہیں۔ یعنی

(۱) واقعہ الیست نادر الزمان (پنجاب یونیورسٹی کے نسخے کے ص ۱۹۱ ب مراد) سٹوری کے ہاں اسی فصل پر تذکرہ کو منحصر سمجھا گیا ہے۔[1]

(۲) نسخہ سوانح احوال (= نسخہ پنجاب یونیورسٹی ۲۲۹ ب تا ۲۴۳ ا)،

(۳) احوال سیزدہ روزہ سفر گڈھ مکتیسر (= نسخہ پنجاب یونیورسٹی ۱۸۰ ا تا ۱۹۲ ب)،

---

[1] ایلیٹ اور سٹوری نے کتاب کا نام تذکرہ انندرام مخلص لکھا ہے مگر خود مصنف نے کتاب کا نام بدائع وقائع رکھا تھا، ایلیٹ نے جو نسخہ استعمال کیا وہ نواب ضیاء الدین خان رئیس لوہارو کی ملکیت تھا، [2] ان فصلوں کی ترتیب پنجاب یونیورسٹی کے نسخے کے مطابق نہیں ہے،

علیگڈھ کے نسخہ کے آخر میں لکھا ہے :

وبست (کذا) چہارم ذی قعدہ سنہ صدر سنہ ۱۱۶۰ھ و دیگر بشی وز بلند شدہ بہ حویلی قدیم شاہجہان آباد بہ خط فقیر انند رام صورت تحریر پذیرفت ،

اس عبارت سے بعض لوگوں کو گمان ہوا ہے کہ یہ نسخہ بخط مصنف ہے لیکن اس نسخہ میں بعض فاحش غلطیاں موجود ہیں کہ انکے ہوتے ہوئے یہ باور نہیں آسکتا کہ مخلص جیسا ذی علم مصنف ان غلطیوں کا رتکاب کرے۔ پروفیسر محمود خان شیرانی کے کتابخانے میں ایک نسخہ رباعیات مخلص کا ہے۔ جو بخط مصنف ہے۔ اس کا خط علیگڈھ کے نسخے سے مختلف ہے اور اتنا پختہ ہے کہ اس پر گمان خط مصنف ہونیکا بیشک ہو سکتا ہے۔ اس نسخہ کے آخری صفحہ کا عکس اس رسالہ میں حوالے کے لیے شائع کیا جا رہا ہے، پنجاب یونیورسٹی کے نسخہ میں (ورق ۱۹۲ ب پر) اوپر کی عبارت کی بجائے لکھا ہے "نقل از نسخۂ لالہ انند رام مخلص" مگر اسی نسخے کے ورق ۲۰ آ پر لکھا ہے "این اجزای چند ... در ایام آمد آمد مستان بخط فقیر انند رام مخلص باتمام رسید"۔ پس ظاہر ہے کہ کاتب نے بعض عبارتیں اصل نسخہ سے بعینہا نقل کر دی ہیں اور بعض جگہ یہ لکھ دیا ہے کہ مصنف کے نسخہ سے نقل کیا ہے۔ اسی طرح علیگڈھ والے نسخہ میں "بہ خط فقیر انند رام" غالباً مصنف کی اپنی تحریر نہیں بلکہ کسی کاتب کی ہے ؛

پنجاب یونیورسٹی کے نسخے کا حال پنجاب یونیورسٹی کے نسخہ میں ۲۸۶ ورق ہیں۔ تقطیع ۱۱ انچ × ۷ انچ ہے ، فی صفحہ ۱۵ سطر ہیں۔ کتاب کی پہلی فصل رجب ۱۱۴۵ھ کے واقعات سے شروع ہوتی ہے اور خاتمہ کی تاریخ ۱۱ جمادی الثانی سنہ ۱۱۶۱ھ ہے (مصنف سنہ ۱۱۶۴ھ میں فوت ہوا)، کتاب میں جابجا واقعات کی تاریخیں دی گئی ہیں - ایک جگہ (ص ۱۱۶ ب) ساعت تحریر ۱۴ ربیع الثانی سنہ ۱۱۵۲ھ اور دوسری جگہ (ص ۲۲۴ ا) پر سنہ ۲۹ جلوسی (۱۱۵۹ھ) دی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کی مختلف فصلیں مختلف سنوں میں لکھی گئیں یعنی جب واقعات مندرجہ کتاب وقوع پذیر ہو رہے تھے یا عنقریب ہو چکے تھے،

فہرست محتویات بدائع وقائع مصنف نے مختصر سے دیباچہ میں حمد کے بعد لکھا ہے کہ میں ایام بہار میں ایک دن گوشہ تنہائی میں بیٹھا تھا کہ مجھ کو خیال آیا کہ انسان سلف

جنھوں نے علم تاریخ کی بنیاد رکھی۔ انھوں نے دوسرے لوگوں کے سوانح تو لکھے مگر اپنے احوال کو قلبند نہ کیا ،

"اگر فقیر بعض حالات خود را بقلم آرد خالی از لطفی نخواہد بود بلکہ تفریحِ خاطرِ عاطر ارباب وجد و حال کہ سرخوشان نشأہ کمال اند خواہد افزود" اسلئے یہ چند اوراق لکھ کر ان کا نام بدائع وقائع رکھا ،

مضامین کی تفصیل حسب ذیل ہے :۔

ورق ۲ الف؛ خوشنوائی عندلیب قلم ، از رنگین بیانی بر گلگل دستار ، در چمنستانِ نگارش بعضی سوانح بر سبیل یادگار (محمد شاہ کے زمانے میں نواب اعتماد الدولہ چین بہادر نصرت جنگ کے ہمرکاب رجب ۱۱۴۵ھ کے پہلے عشرے میں مصنف کا شیر شکار کو جانا) اسی ذیل میں تعریف سر شف (ورق ۳ الف) اور تلاطم بحر معانی چون امواج واد گسستہ عنانی دادہ بتقریب تسوید کیفیت سیر عالم آبی کہ راقم حروف را اتفاق افتادہ (ورق ۹ الف) کے عنوان بھی ہیں ،

ورق ۸ ب ، توجہ ہمایون رقم خامۂ مشکبار بتحریر شرح جشن طوی نور چشم کامگار (لالہ فتح سنگھ کی شادی کا حال جو بہت دھوم دھام سے ۱۱۴۵ھ میں رچائی گئی ، اس تقریب کی کیفیت کے ضمن میں مصنف نے 'وقائع حضور معلی' اور 'سوانح دربار' بھی بیان کئے ہیں (۱۸ الف تا ۲۱ ب اور ۲۳ ب تا ۲۶ الف) ، پہلے عنوان میں مرہٹوں کے خلاف مہم کا ذکر بھی ہے ،

ورق ۳۱ الف۔ سوانح فوج نصرت موج نواب صاحب وزیر الممالک مدار المہام سپہ سالار و حوال گوشمالی بواقعی بھگونت لعین معہود باوفی سعی بہادران لشکر ظفر اثر ، [اس کے متعلق دیکھیو اخبار انصد رلم طبع دہلی ۱۲۶۰ھ ص ۳۰]

ورق ۳۵ ب ، متوجہ گردیدن نواب صاحب وزیر الممالک بہادر مدار المہام براہ کمن پور بارادہ تحصیل سعادتِ ملازمت حضرت خلیفہ دین و دولت بحضور پر نور ،

ورق ۳۹ ب ، . . . حکایت شوریدہ حالی . . . (۱۱۴۶ھ یعنی ۱۵ سنہ جلوس کا ایک سانحہ عشق و محبت جو شاہجہان آباد میں واقع ہوا) ،

ورق ۴۴ ب ، . . . بعض اخبار دربار دہلی ،

ورق ۴۹ الف۔ چند فقرہ متضمن فصد حضرت ظل الٰہی ،

ورق ۴۹ا۔ رخصت شدن نواب صاحب وزیر الممالک اعتماد الدولہ چین بہادر نصرت جنگ و نواب امیر الامراء بہادر منصور جنگ درسنہ ہفدہم از جلوس والا برای تنبیہ غنیم لئیم دکھنی کہ عبارتست از مرہٹہ ....

ورق ۵۱ ب ... تحریر سوانح تشریف فرما گردیدن حضرت گیہان خدیو بدولت سرای نواب صاحب جمۃ الملک بہادر و امیر الامرا بہادر منصور جنگ، (اس کی ضمنی سرخی ہے: تعریف خیمہ دیوان خاص کہ برای جلوس اقدس آمادگی پذیرفتہ (۵۴ ا))

ورق ۵۵ ب ... ترقیم احوال سیر دار العشق بندرابن،

ورق ۶۳ ب،... احوال تولد جگر گوشہ ام مصاحب سنگھ (در ۱۱۴۹ھ ۱۹ سنہ جلوس) (یہ مصنف کا پوتا ہے)

ورق ۷۰ ا۔ تعریف بزم ہولی ....،

" " ۷۴ ب، تحریر ماجرای سیری کہ راقم حروف مخلص را اتفاق افتاد در ۱۱۵۱ھ ۲۱ سنہ جلوسی، (مصنف سراج الدین علی خان آرزو، لالہ سیوک رام، میرزا محمد قلی، محمد جان دیوانہ اور اپنے لڑکوں کے ہمراہ درگاہ خواجہ قطب الحق والدین کی زیارت کو جاتا ہے، باغ مخلص کا ذکر بھی کرتا ہے)، اس عنوان کے ضمن میں (۷۶ ب پر) ایک اور عنوان ہے یعنی: احوال بیماری کہ راقم حروف در ایام گذشتہ کشیدہ و در ضمن این ماجرا بر سبیل نقل تحریر رسیدہ،

ورق ۸۰ ا تا ۱۰۳ ا۔ از پیشگاہ خلافت دستوری یافتن نواب صاحب وزیر الممالک بہادر نصرت جنگ بنا بر تنبیہ سرخیل اشقیای دکھنی باجی راؤ در سنہ نوزدہم جلوس والا و بحسن تدبیر و جوہر شمشیر این برگزیدۂ دولت بسزا رسیدن آن فتنہ ... و چون درین یساق راقم سطور رکاب عالی بود نگارش بعض احوال خود بدستیاری قلم بدائع رقم انشا نمود،

ضمنی سرخیاں: عطف عنان نواب صاحب وزیر الممالک بہادر سپہ سالار بارادۂ تنبیہ غنیم لئیم از کنار دریا بسمت ہوڈل بطریق ایلغار (۸۵ ب)

انتشار اشقیای دکھنی در سواد دار الخلافت شاہجہان آباد ... و یکپارہ گوشمالی یافتن بحسن سعی بندہای بادشاہی و دیگر حالات (۹۰ ب)

آب و رنگ یافتن شمشیر بہادران فوج نواب صاحب نصرت جنگ بہادر سپہ سالار بجوانان اعدای

دولت ابعینی فنیم وخیم العاقبت و بحال تباہ رخ بر تافتنش از عرصۂ کارزار و بآبیاری ابر شمشیر این برگزیدہ دولت گل فتح شگفتن در چمن کدۂ روزگار (۹۲ ب)،

تعریف نواب صاحب وزیر الممالک بہادر (۹۶ الف)،

... تحریر سوانح لشکر نواب صاحب بہادر ..... (۹۸ الف)،

تتمہ سوانح لشکر ظفر پیکر، (۱۰۲ ب)،

۱۰۲ الف - ضیافت کردن میرزا محمد علی صاحب براقم السطور، (۱۱۵۱ھ)

۱۰۷ ب، تدبیر ترتیب انجمن رنگین تراز چمن (شرف الدین علی پیام، سراج الدین علی خان آرزو، محمد جان دیوانہ وغیرہ کے ساتھ ہم مجلسی)،

۱۱۰ ب، شوخیہای طبیعت بر سر ہنگامہ آرائی ... (ایک ناچ کی مجلس کا حال)،

۱۱۱ ب، واقعہ ایست نادر و سانحہ ایست غریب کہ در سال ۱۱۵۱ ہجری از بوقلمونیہای قضا در ہندوستان بوقوع رسیدہ و بر سبیل یادگار درین اوراق پریشان رقمزدۂ قلم بدایع نگار گردیدہ، اس فصل کی ضمنی سرخیاں:

نزول صاحب دیہیم و افسر مملکت ایران بہندوستان .... (۱۱۷ ب)،

ورود موکب شاہی در نواح لاہور.... (۱۲۰ ب)

نقل نامۂ عبدالباقی خان وزیر والی ایران (۱۲۱ الف)، تتمہ احوال پنجاب (۱۲۲ ب)،

حسب التماس عمدہ ہای بادشاہی از مرکز خلافت بحرکت آمدن الویہ ظفر طراز محمد شاہی (۱۲۴ الف)

باہم گر زد و خورد افواج بادشاہی و قشون شاہی در قصبہ کرنال و برگردیدن ورق کار بیگانگی (۱۲۵ الف)

٭ اس عنوان کے نیچے ایک جگہ مصنف نے لکھا ہے "تا ساعت تحریر کہ چہاردہم ربیع الثانی یکہزار و یکصد پنجاہ و دو ہجری است (ورق ۱۱۶ ب)۔ ایلیٹ کی تاریخ ہند (History of India by its own Historians) ج ۸ ص ۷۶ تا ۹۸ پر اس بیان کا ترجمہ دیا ہے جو کہ متن کا بعد حصول) نیز دیکھو ص ۹۹، س ۱۲، سے اصل ، ماآمدن ۔

دفعه دوم تشریف بردن محمد شاه بادشاه غازی باردوی شاه جم جاه و باتفاق داخل جهان آباد[1] گردیدن و اقسام امور غریبه بروی کار آمدن بارادات الله (۱۳۱ ل)

احوال میر شرف الدین علی پیام (۱۳۴ ل) رجوع قلم بدائع انشا باصل ماجرا (۱۳۴ ب)

سرگذشت راقم سطور (۱۳۷ ل)

دفعه سیوم تشریف بردن محمد شاه بادشاه غازی بتقریب ضیافت در [بمقام لودن ؟] شاه عالی جناب و شاد و خورم مراجعت فرمودن بدولت خانه و کوچ از شاهجهان آباد سمت پنجاب (۱۴۰ ل) سعی کلک بدائع نگار بتحریر وقائع دربار (۱۴۶ ب)

نقل عهد نامه ایست که حسب الاستدعای امنای شاهی کارپردازان سلطنت محمد شاهی بتحریرش پرداخته و چون آراستگی یافت حوالت کارگذاران صاحب مملکت ایران ساختند (۱۴۶ ب) نقل رقم شاه جم جاه (۱۵۱ ب) نقل رقم شاه ذی جاه (۱۵۲ ل)

گذشتن الویه ظفر طراز شاهی از آب اتک بر سبیل استعجال و انتظام یافتن مهام قلمرو سنده بحسن تدبیر شاه ذی اقبال (۱۵۲ ب)، نقل رقم اشرف شاهی (۱۵۳ ب) نقل فرمان فلک نشان محمد شاهی (ایضاً)،

نزول رایت ظفر آیت شاهی بالکهٔ زمینداری خدایار خان آن مصدر حرکات لغو و آخر رسیدنش بملازمت همایون و شسته گردیدن نامهٔ جرمش بزلال عفو (۱۵۵ ل)

مرتبهٔ ثانی رسیدن نواب اعز الدوله بهادر هزبر جنگ باردوی ظفر قرین و بعد تحصیل سعادت ملازمت مشمول مراحم گردیدن از جانب فرمانروای ایران زمین (۱۵۶ ل) تتمهٔ احوال خدایار خان عباسی (۱۵۷ ل)،

حرکت الویهٔ جهان پیمای شاهی از الکهٔ زمینداری خدایار خان جانب قندهار بامداد خراسان[2] و دستوری یافتن نواب اعز الدوله بهادر بجانب ملتان (۱۵۷ ب)،

مامور گردیدن محمد صالح بیگ بیات[3] پانصد باشی و کریم بیگ افشار پانصد باشی از جناب

---

[3] بیات کے بعد وغیرہ ہیں۔ اس فصل کی چند سطور کے بعد تعریف ختم ہو جاتی ہے۔ ع اصل : خانات،

شاہی بتقریب پیدا کردن گم شدگان لشکر ظفر اثر و در ضمن این از تو پیغمل رسیدن مقدمات دیگر (۱۶۰ الف) نقل رقم ہمایون (۱۶۰ ب)،

از پیشگاہ فضل و کرم خلافت و جہانبانی مرحمت شدن اضافہ ہزاری ذات و خطاب سیف الدولہ بہادر دلیر جنگ بنواب اعزّ الدولہ بہادر از روی تفضل و مہربانی (۱۶۱ ب)
نقل فرمان مکرمت عنوان فلک شان محمد شاہی متضمن عطای اضافہ ہزاری ذات بنام اعزّ الدولہ بہادر آن منظور نظر خلیفہ الٰہی (۱۶۱ ب)

ارسال گردیدن زری بر سبیل نقد مصوب پانصد باشیان بجناب شاہی (و) از حضور مامور گردیدن میر نجم الدین بہادر جہت رسانیدن خزانہ تا بلاہور (۱۶۲ ب)،
نقل یرلیغ قضا تبلیغ محمد شاہی کہ در مقدمہ پانصد باشیان بنام سیف الدولہ بہادر دلیر جنگ صدور یافتہ (۱۶۳ الف)،

نقل عرضداشت نواب سیف الدولہ بہادر دلیر جنگ آن منظور نظر خلیفہ الٰہی بجناب اقدس اعلیٰ محمد شاہی (۱۶۳ ب)،

بتحریک یادآوری ہای آن رونق افزای چمنستان شفقت پروازی فرستادن شاہ جم جاہ ڈالی میوہ برای محمد شاہ پادشاہ غازی (۱۶۴ ب)
نقل منشور کرامت گنجور محمد شاہی بنام سیف الدولہ بہادر دلیر جنگ متضمن عطای الوش (۱۶۵ ب) تتمہ احوال پانصد باشیان (ایضاً)،

رسیدن میر نجم الدین خان بہادر بلاہور و بعد چندی بخدمت نوابصاحب سیف الدولہ بہادر معاودت کردن بحضور (۱۶۶ الف)،

بقدرت کاملہ آفرینندہ راحت و رنج تسلط افواج شاہی بر بخارا و اورگنج (۱۶۷ ب)
(یہاں سے چند اوراق غائب ہیں، اس نسخہ کا آخری سطر علیگڈھ کے نسخہ میں ورق ۲۰۴ الف کی سطر آخر ہے۔ وہاں یہ بیان ورق ۲۰۹ الف پر ختم ہوتا ہے، اس نسخہ میں اس بیان کے بعد عنوان ذیل ہے:

"نسخۂ سوانح احوال" (ص ۲۹ ب تا ۶۰ و) ، یہ بیان ہمارے نسخہ میں آگے آئے گا - دیکھو ۲۲۹ ب تا ۲۴۳ و) ،

۱۷۰ و [سیر چھڑی] اس عنوان سے مصنف نے جو فصل لکھی ہے اسکے ابتدائی اوراق اس نسخہ میں موجود نہیں ،

۱۸۰ و - احوال سیزدہ روز سفر مکتیسر (اس فصل کے آخر میں ہے : نقل از نسخۂ آنند رام مخلص)

۱۹۳ و - [احوال سفر بن گڈھ[1]] یہ عنوان اس فصل کے آخر میں مذکور ہے ، شروع میں نہیں ، وہاں مصنف نے لکھا ہے کہ آج ۱۲ رمضان المبارک ۱۱۵۸ھ کو یہ چند اجزا متضمن احوال سفر بن گڈھ چار گھڑی رات گذرنے پر سرما کی آمد آمد کے دنوں میں "بخط فقیر انند رام مخلص" ختم ہوئے ، ۹ رمضان المبارک کو دسہرے سے ایک دن بعد" نور چشم کامگار رای فتح سنگھ کے ہاں لڑکا ہوا وغیرہ وغیرہ ،

۲۲۹ ب " [نسخۂ سوانح احوال] یعنی تاریخ پنجاب کے واقعات از جمادی الثانی ۱۱۵۸ھ تا جمادی الثانی ۱۱۶۱ھ ،

خاتمہ میں مصنف نے لکھا ہے کہ گرمیوں کی رات ایک پہر گذری تھی اور گرمی ہوا اور افراط باد سموم سے دم خفا ہوتا تھا کہ ابر آیا اور زور کی بارش ہوئی ، ٹھنڈی ہوا چلنے لگی -- اس وقت یہ کتاب تمام ہوئی - " مدتی است کہ دماغ تصنیف و تالیف ندارم لیکن از آنجا کہ دریں چندماہ از بوقلمونیہای چرخ طرفہ انقلابہا بر روی کار رسیدہ برای عبرت و آگاہی بعضی غافلان پست فطرت کہ در اندک تغیر احوال از جا میروند این ورقی چند کہ محتویست بشرح آن بقلم آوردم "

---

[1] اس کا انگریزی ترجمہ ولیم ارون نے The Indian Magazine and Review بابت ۱۹۰۳ء میں دیا ہے - (دیکھو سٹوری ص ۶۱۳) ، [2] محاصرۂ بن گڈھ کا حال آرون نے اپنی کتاب The Army of the Indian Moghuls میں ص ۲۹۱ ببعد پر دیا ہے - جو خوشحال چند کے بیانات پر مبنی ہے ،

ضبطیٔ اموال امراءِ متوفی

ذیل کا اقتباس جو بدائع وقائع سے لیا گیا ہے۔ وہ موضوع بالا پر روشنی ڈالتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ عہد مغول میں امراء کی موت کے بعد ان کے اموال بحق بادشاہ ضبط ہوتے تھے۔ اس کا مجمل ذکر تاریخوں میں جا بجا ملتا ہے۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

عہد اکبری میں مخدوم الملک ۹۹۰ھ میں فوت ہوئے تو قاضی علیؒ "بجہت تحقیق اموال" نامزد ہو کر فتح پور سے لاہور پہنچے۔ بہت سے خزائن و دفائن نکلے۔ ان میں "چند صندوق خشت طلا" بھی تھے۔ جو گور خانہ مخدوم الملکؒ سے برآمد ہوئے۔ یہ سونے کی اینٹیں مع کتاب خانہ کے "داخل خزانۂ عامرہ" ہوئیں (منتخب التواریخ بداونی، طبع کلکتہ ۱۸۶۵ء ج ۲ : ۳۱۱، دربار اکبری طبع لاہور ۱۸۹۸ء ص ۳۱۸)، ان کتابوں میں سے شرح ھدایہ (دفتر ثانی) راقم سطور نے دیکھی ہے۔ اس کتاب کے آخر میں لکھا ہے: بابت اموال مخدوم الملک بتاریخ ۱۷ جمادی الاولی ۹۹۰ھ واقع شد (کذا)، اسکے نیچے ایک دوسرا نوٹ ہے۔ جو بعد میں لکھا گیا۔ اس کی عبارت یہ ہے : بتاریخ ۲۴ ماہ شہریور الٰہی ۴۰ء از وجوہ تحویل شیخ فیضی تحویل مقصود شد۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مخدوم الملک کی ضبط شدہ کتابیں (کل یا بعض) شیخ فیضی کی تحویل میں رہیں، اور شیخ کے فوت ہونے کے بعد کسی اور شاہی تحویلدار کے حوالے ہوئیں۔ شیخ فیضی ۱۰ صفر ۱۰۰۴ھ (۴۰ء جلوسی) میں فوت ہوا۔ خود شیخ فیضی کے اموال بھی ضبط ہوئے، مآثر الامراء ج ۲ ص ۵۸۹ پر ہے : گویند از متروکۂ شیخ چہار ہزار و سہ صد کتاب صحیح نفیس بسرکار پادشاہی ضبط شد۔[1]

ملا بداؤنی (۲ : ۱۲۶) ھم نے ۹۸۲ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ حکیم ہمام اور کمالائے صدر علی الترتیب ۱۶ اور ۱۷ ربیع الاوّل کو فوت ہوئے۔ "و مالہای این ہر دو در ساعت در حجرہا

[1] بلاخمن نے ترجمۂ آئین (۱ : ۴۹۱) میں اسی کو دہرایا ہے۔ دربار اکبری (ص ۳۶۸) کے بیان کا ماخذ بھی غالباً یہی ہے

ذکر ۹۹۰ھ (جلد عبدالقادر بداونی) مگر دربار اکبری میں متروکہ کتب چار ہزار پانصد ہے جو غلط معلوم ہوتی ہے

قفل گردید و بپارچہ کفن محتاج بودند" .... یہ واقعات عہدِ اکبری کے تھے۔ عہدِ جہانگیری کی اسی قسم کی ضبطیوں کا ذکر بہارستانِ غیبی (ترجمۂ انگریزی طبع ۱۹۳۶ء) میں بھی بعض بعض جگہ ملتا ہے[1]۔ عہدِ شاہجہانی میں ضبطیِ اموال آصف خان ابوالحسن اعتماد الدولہ برادرِ کلاں نورجہان بیگم کا واقعہ پیش آیا۔ بادشاہنامہ حصہ دوم ص ۲۵۹ پر اسکی تفصیل یوں دی ہے کہ آصف خان کی علالت میں شاہجہان عیادت کیلئے گیا تو اس نے عرض کیا کہ "سب نقود و اجناس جو اس درگاہ کی عبودیت سے حاصل ہوئے سرکارِ والا کا مال ہیں اسلئے کہ جمع اموال سے غرض صرف یہی تھی کہ اولاد اور متعلقین کو رفاہیت اور جمعیت حاصل رہے اور وہ صورت مراحم پادشاہی سے کماینبغی حاصل ہے۔" آصف خان کے مرنے کے بعد حویلی لاہور کے علاوہ جو ۲۰ لاکھ کے خرچ سے تیار ہوئی تھی، اور داراشکوہ کو عنایت ہوئی دو کروڑ ۵۰ لاکھ کی مالیت کا نقد و جنس باقی رہا جواہرات ۳۰ لاکھ روپیہ کے، اشرفیاں ۴۲ لاکھ کی، روپیہ ایک کروڑ ۲۵ لاکھ، طلا آلات و نقرہ آلات ۳۰ لاکھ روپیہ کے، دیگر اجناس ۲۳ لاکھ کے، گو اعتماد الدولہ کی وصیت یہ تھی کہ اسکا نقد و جنس تمام داخلِ خزانۂ پادشاہی ہو، بادشاہ نے ۲۰ لاکھ روپیہ (نقد و جنس) متوفی کے ۳ بیٹوں اور پانچ بیٹیوں کو عنایت کیا اور متعلقین کو حسبِ لیاقت منصب و اور مشاہرہ مقرر کئے، باقی سب کچھ ضبط فرمایا۔ عہدِ محمد شاہی میں زکریا خان کے اموال ضبط ہوئے۔ اس واقعہ سے متعلق جتنی تفصیل آنند رام مخلص نے بدایع وقایع میں دی ہے۔ راقم سطور نے اور کسی مصنف کے ہاں نہیں دیکھی۔ تفصیل اس واقعہ کی یہ ہے۔ کہ زکریا خان صوبہ دار لاہور ۱۱۵۸ھ میں فوت ہوا۔ توشاہی کارندے دہلی سے ضبطی جائداد کیلئے لاہور بھیجے گئے، وہ تمام سامان نقد و جنس و فیل و اسپ و شتر وغیرہ وغیرہ لیکر دہلی پہنچے، زرِ نقد، طلا آلات، نقرہ آلات اور جواہرات داخلِ خزانۂ پادشاہی ہوئے[2]۔ اسپ و شتر و استر کو نیلام کر کے تھوڑی سی قیمت جو وصول ہوئی وہ بھی داخلِ خزانۂ سرکارِ پادشاہی ہوئی[3]۔ بعض جواہرات کے متعلق مصنف نے لکھا ہے کہ انکی اصل قیمت ۳۱۲۵۰ روپیہ تھی تو مانگ کاسنے کی قیمت ۷۲۶۳ روپیہ لگائی اور یہ جواہرات بادشاہ نے رکھ لئے گویا ان کی قیمت واجب الادا تھی جو باقی مال کا معاوضہ مالکوں کو بظاہر نہ دیا گیا۔ جو مال ناقابلِ قبول قرار دیا گیا۔ وہ لاہور واپس بھیج دیا گیا۔

اس عہد کا سب سے مشہور شاعر[2] مشفقی بخاری ہو گزرا ہے۔ جس نے ۱۵۸۸ء میں وفات پائی۔ وہ اکبر اعظم کے دربار میں دو دفعہ آیا اور اس کی مدح میں بہت سے قصیدے کہے۔ وہ اپنے ہمعصروں کے درمیان ہر دلعزیز تھا۔ اور اس کے معاصرین اس کی بے مثال ظرافت اور بذلہ سنجی اور عبداللہ خان اور اس کے درباریوں کی مدح سرائی کے سبب سے اس کی بہت قدر کرتے تھے۔ اس کے دیوان اور کلیات میں (جن کے

---

[1] دیکھو سٹوری ۲ : ۲ ؛ ۳۷۴، اس کا نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں ہے۔

[2] دیکھو سٹوری ۲ : ۲ ؛ ۳۷۳، بظاہر مشفقی جہان نامہ یا تاریخ عبداللہ خاں کا مصنف ہے ❊

قلمی نسخے میرے کتب خانہ میں موجود ہیں) اس کے معاصرین کے متعلق بہت سے چٹکلے اور لطیفے اور اُس عہد کے واقعات کے متعلق تاریخی مصرعے پائے جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان میں دیگر پُراز معلومات مواد بھی موجود ہے جس سے اس عہد پر بہت قابل قدر روشنی پڑتی ہے ؀

شیبانی عہدِ حکومت کے اختتام اور استراخانی عہد کے آغاز کے قریب ماوراء النہر میں یوسف بن محمد جان قرا باغی فلسفی ہو گذرا ہے۔ جس کا اصل وطن ایران تھا۔ وہ طریقہ کبرویہ کا پیرو تھا اور اپنے علم و فضل اور خصوصاً علم کلام اور فلسفہ میں باکمال ہونے کے سبب سے اعجوبۂ روزگار تھا۔ اس کی اکثر تصانیف عربی زبان میں ہیں۔ اور ابھی کل کی بات ہے کہ وہ بخارا، سمرقند اور ترکستان کے دیگر شہروں میں زیرِ درس تھیں۔ سترھویں صدی کے اس فراموش شدہ فلسفی کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو وہ مضمون جو مَیں نے اس موضوع پر انجمن تحقیقات تاجیکستان کے مجلّہ کی پہلی جلد میں ۱۹۲۶ء میں تحریر کیا تھا ؀

قرا باغی کے معاصرین میں سے عبید اللہ نقشبند سمرقندی اور شیخ عالم عزیزان (۹۷۲ھ - ۱۰۴۱ھ) خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ عبید اللہ نقشبند نے اپنے مرشد شیخ لطف اللہ کے سوانح عمری مناقب مولانا لطف اللہ کے عنوان سے لکھے تھے اور شیخ عالم عزیزان نے بھی نقشبندی مشائخ کا تذکرہ لمحات من نفحات القدس کے نام سے لکھا تھا جو ۱۳۱۷ھ میں تاشکند میں چھپ چکا ہے۔ ان دونوں کتابوں میں شیبانی عہدِ حکومت اور اس زمانہ کی معاشرت کے متعلق بہت سی قیمتی معلومات ملتی ہیں۔ ۱۶۲۶ء میں ابو العباس

لہ دیکھو برگمن ۱: ۳۲۹ و ۳۵۵ ،

محمد طالب نے جویباری مشائخ کے حالات قلمبند کئے۔ اس تالیف کا نام مطلب الطالبین ہے۔ یہ کتاب ابھی تک طبع نہیں ہوئی۔ مگر اس کا ایک قلمی نسخہ جس کا سن کتابت ۱۱۳۵ھ ہے۔ میرے پاس موجود ہے ؂

استراخانیوں کا عہد حکومت

استراخانیوں[1] کے عہد میں تاریخ نویسی کا از سر نو دَور دَورہ ہوا اور ماوراء النہر اور اس کے متصل ممالک کی تاریخ پر بہت سی قابل قدر کتابیں لکھی گئیں۔ نذر محمد خان (عہد حکومت ۱۶۴۲ء-۱۶۴۵ء) کی فرمایش پر بخارا کے ایک خازن کتب نے بحر الاسرار فی مناقب الاخیار کے نام سے دنیا کی ایک تاریخ عمومی لکھی۔ یہ تاریخ سات جلدوں پر مشتمل تھی[3]۔ مگر افسوس کہ ان سات جلدوں میں سے صرف دیباچہ اور آخری جلد کی پہلی اور چھٹی فصلیں[4] دست برد زمانہ سے بچ سکی ہیں۔ جن میں منگول حکمرانوں کے حالات مندرج ہیں۔ اسی فرمانروا یعنی نذر محمد خان کے نام پر محمد ظہیر بن ابی القاسم نے اپنی کتاب عجائب الطبقات لکھی جس میں اس نے کائنات کا حال اور دنیا کا

---

[1] استراخانیوں کو بعض مغربی مصنفوں نے (غالباً غلط العام لفظ کے تتبع میں) اشترخانی لکھا ہے۔ مگر صحیح صورت استراخانی ہے۔ کیونکہ یہ لوگ شہر استراخان سے آئے تھے۔ بخارا کے یہ استراخانی خوانین اپنے ایک مورث الٰہی جان کے نام پر جانیہ بھی کہلاتے ہیں۔ [2] اس نام کی صحیح صورت نذر محمد خان ہے جسے اصل جرمن مضمون میں اور دیگر کتابوں میں نادر محمد (Nadir Muhammad) یا ناظر محمد (Nazir Muhammad) لکھا گیا ہے مگر یہ دونوں صورتیں غلط ہیں (عنایت اللہ)۔ [3] شیخ محمود بن امیر ولی۔ بحر الاسرار کیلئے دیکھو سٹوری ۲۶۲: ۳۷۵، [4] دیباچہ اور خاتمہ ان کے علاوہ تھا (سٹوری)، [5] سٹوری کے ہاں ۱۵ و ۱۶ کا ذکر ہے۔ (ایڈیٹر)

جغرافیہ بیان کیا ہے۔ شہر بلخ کا جو بیان اس میں درج ہے۔ وہ خاص طور پر قابل قدر ہے۔ کیونکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نذر محمد خان کے عہد میں بلخ کی کیا کیفیت تھی ؎

نذر محمد خان کے بیٹے سبحان قلی خان کے عہدِ حکومت کے تاریخی واقعات کو محمد صالح بلخی نے تقریباً پانچ ہزار ابیات میں قلمبند کیا۔ یہ ابیات بحر متقارب میں لکھے گئے ہیں۔ جو رزمیہ مضامین کے ادا کرنے کے لئے خاص طور پر مناسب ہے۔ خود مصنف نے اس منظوم تاریخ کا نام سبحان قلی نامہ رکھا تھا۔ اور پروفیسر بارٹولڈ کی رائے ہے کہ مورخین کو اس پر خاص توجہ مبذول کرنی چاہیئے۔ کیونکہ وسطی ایشیا کے عہد قریب کی تاریخ کے لئے یہ تصنیف ایک قیمتی ماخذ ہے۔ اسی عہد میں قاضی محمد بدیع بن محمد شرف سمرقندی نے "تذکرۂ شعراء سبحان قلی خان" مرتب کیا۔ جس میں اپنے معاصر شعراء اور فضلاء کے حالات قلمبند کئے اور ان کے کلام کے نمونے درج کئے۔ اسی زمانہ میں میر محمد امین بخاری نے "تاریخ سبحان قلی خان" لکھی۔ ان دونوں کتابوں کے قلمی نسخے بخارا کے مرکزی کتب خانہ میں محفوظ ہیں ؎

ایک دیگر کتاب جو اسی عہد میں لکھی گئی "تاریخ سید راقم" ہے جو مصرعہ ملے تاریخی کا مجموعہ ہے۔ ان کا تعلق حضرت ابو حنیفہؒ کے زمانہ سے لے کر ۱۰۹۴ھ تک کے تاریخی واقعات سے ہے۔ یہ امر اب ثابت ہو چکا ہے۔ کہ اس مجموعہ کو ملا شرف الدین اعلم سمرقندی نے ۱۰۹۴ھ میں مرتب کیا تھا۔ بعد میں اس کی تلخیص

---

[1] دیکھو سٹوری ۲ : ۲ : ۳۷۸، [2] سٹوری ۲ : ۲ : ۳۷۶، [3] سٹوری ۲ : ۲ : ۳۷۹،

[4] دیکھو سٹوری ۲ : ۲ : ۳۷۷، [5] ان کے علاوہ کتاب میں تاریخی اطلاعات اور شخصی حالات بھی شامل ہیں۔ سٹوری)

کر دی گئی۔ اور یہی تلخیص ہے۔ جس کے قلمی نسخے عام طور پر متداول ہیں۔ اس کا ایک مطبوعہ ایڈیشن بھی ہے۔ جو ۱۹۱۳ء میں تاشکند میں لکھنؤ میں چھپا تھا ؛

اسی زمانہ میں اسمٰعیل خان چغتائی (۱۶۷۰ء۔ ۱۶۸۲ء) کی فرمائش پر شاہ محمود چراس نے کاشغر اور مشرقی ترکستان کے فرمانرواؤں کی تاریخ لکھی جس کے کم از کم دو قلمی نسخے موجود ہیں۔ اسی عہد کے قریب سید زندہ علی معنی نے ثمرات المشائخ تالیف کی جس میں وسطی ایشیا کے مختلف مذاہب اور طریقوں کے مشائخ کے حالات قلمبند کئے۔ اس کتاب کے صرف ایک نسخہ کا مجھے علم ہے۔ جس کا سنہ کتابت ۱۲۷۰ھ ہے اور بخارا کے مرکزی کتب خانہ میں محفوظ ہے ؛

اٹھارویں صدی عیسوی

اٹھارویں صدی عیسوی کے آغاز میں وسطی ایشیا کی تاریخ پر دو اہم کتابیں لکھی گئیں۔ مگر افسوس کہ مذکورہ بالا کتابوں کی طرح وہ بھی ہنوز منتظر طباعت و اشاعت ہیں۔ ان میں سے پہلی کتاب میر محمد امین بخاری[۱] کی تالیف عبید اللہ نامہ[۲] ہے۔ جس میں بخارا اور ماوراء النہر کی تاریخ ۱۷۰۱ء سے لے کر ۱۷۱۱ء تک

---

[۱] دیکھو سٹوری ۲ : ۲ ؛ ۳۹۲ ؛ [۲] میر محمد امین کی تاریخ کے متعلق مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو جرمن فاضل Teufel کا بسیط مضمون جو جرمن اورینٹل سوسائٹی کے مجلہ (Z. D. M. G. vol. 36 (1884 میں Quellenstudien zur neueren Geschichte der Chanate کے عنوان سے شایع ہوا تھا۔ تعجب کا مقام ہے کہ روسی مستشرق نے اس قابل قدر اور مفید مقالہ کی طرف مطلق اشارہ نہیں کیا۔ جو نہایت محنت سے لکھا گیا ہے اور جس میں فاضل مقالہ نگار نے کتاب مذکور سے تفصیلی بحث کرنے کے علاوہ اسکے تاریخی مضامین کی تلخیص کر دی ہے اور فارسی اصل سے متعدد اقتباسات بھی اضافہ کر دیئے ہیں (عنایت اللہ) میر محمد امین اور یوسف منشی اور دونوں تاریخوں کا حال جو متن میں مذکور ہیں سٹوری نے تفصیل سے دیا ہے۔ دیکھو پرشین لٹریچر ۲ : ۲ ص ۳۷۸ بعد ، (ایڈیٹر)

لکھی گئی ہے۔ دوسری کتاب "تاریخ مقیم خانی" ہے جسے اس کے مصنف یوسف منشی بن خواجہ بقاء نے مقیم خان حاکم بلخ کے نام سے معنون کیا تھا۔ اس میں مصنف نے شیبانی اور استراخانی عہد حکومت کے تاریخی واقعات کو سنہ ۱۷۰۴ء تک بیان کیا ہے۔ اس کا ایک نسخہ پچھلی صدی میں روسی سفیر سنہ ۱۷۹۴ء بخارا سے لایا تھا اور مدت تک یہی نسخہ مغرب میں بخارا کی تاریخ کے لئے واحد سرچشمہ کا کام دیتا رہا ۔

صوفی اللہ یار کے مصنفات جو سترھویں صدی عیسوی کے آخر اور اٹھارویں کے آغاز میں لکھے گئے۔ آج تک وسط ایشیا میں پسند خاص و عام ہیں۔ صوفی اللہ یار سمرقند کے مضافات شہر کتہ قرغان میں پیدا ہوا تھا مگر اس نے اپنی زندگی ترکستان کے مختلف مقامات میں بسر کی۔ اس نے فارسی اور ترکی نظم و نثر میں بہت سی کتابیں لکھیں۔ جن کا مقصد یہ تھا کہ عقاید اسلام کو تصوف کے قالب میں ڈھال دیا جائے۔ اس کے مصنفات میں سے مسلک المتقین جو منظوم ہے اور مراد العارفین جو نثر میں ہے خاص طور پر مشہور ہیں۔ صوفی مذکور نے سنہ ۱۱۳۶ھ میں وفات پائی اور ضلع دِہ نو میں کوہ رخشوار پر مدفون ہوا ۔

بخارا کے متصوف شاعر آخوند ملا محمد ی نے جو عام طور پر "ایشان املاؔ" کے فرضی نام سے شعر لکھتا تھا ، دو دیوان اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔ اس کا کلام بلند اور نازک فلسفیانہ خیالات سے متصف ہے جس میں تصوف کی چاشنی بھی شامل ہے۔ وہ درویشوں کے چار مختلف طریقوں کے مشائخ کا مرید تھا۔ سنہ ۱۶۹۷ء میں فوت ہوا اور بخارا میں مدفون ہوا۔ منگیت خاندان کے تقریباً تمام خوانین اسی کے مقبرہ کے احاطہ میں مدفون ہیں ۔

اسی زمانہ میں قاضی وفا بن ظہیر کرمینگی نے تحفۃ الخانی یا تاریخ رحیم خانی تالیف کی جس کے ابتدائی حصہ میں اس نے ان تاریخی واقعات کو قلمبند کیا ہے جو ماوراء النہر اور اس کے متصلہ ممالک میں سنہ ۱۱۳۳ھ سے لے کر سنہ ۱۱۸۲ھ تک رونما ہوئے۔ یہ وہ زمانہ ہے جس میں زیادہ تر محمد رحیم خان منگیت بحیثیت وزیر یا خود مختار حکمران کے ماوراء النہر میں برسر اقتدار رہا۔ مصنف نے اپنی تاریخ کو محمد رحیم کے جانشین دانیال بی کے عہد کے واقعات پر ختم کر دیا ہے۔

دانیال بی کا بیٹا امیر شاہ مراد معصوم جس نے مملکتِ بخارا پر درویشی کے لباس میں حکومت کی (۱۷۸۵ء — ۱۸۰۰ء) "ایشان اِملاءؔ" کا بڑا مداح تھا۔ اس نے علم تصوّف پر ایک رسالہ "حکمت العین" کے نام سے لکھا تھا۔ اُس کے جانشین امیر حیدر تورہ کے میر منشی میرزا صادق نے شاہ مراد معصوم کے عہد کی منظوم تاریخ لکھی جس سے دلچسپ تاریخی معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ مرزا صادق نے "دخمۂ شاہان" کے نام سے مصرعہائے تاریخی کا ایک مجموعہ بھی تیار کیا تھا۔ جن کا تعلق امیر حیدر اور دیگر حکمرانوں کے عہد کے اہم تاریخی واقعات سے ہے۔ مرزا صادق کے مصنفات کے خود نوشتہ (autographs) نسخے میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

انیسویں صدی عیسوی

انیسویں صدی جس میں ترکستان کے خوانین کا بیرونی حکومتوں کے ساتھ تصادم ہوا اور وہاں کے اقتصادی اور تجارتی حالات میں بڑے بڑے تغیرات رونما ہوئے۔ اس لحاظ سے بھی لائق اعتنا ہے کہ ان سیاسی حوادث کے ساتھ ساتھ

۱؎ [illegible] ۲: ۲۱۲، ۲۸۱۔ ۲؎ سٹوری ۲: ۲۱۲، ۲۸۳۔ ۳؎ سٹوری ۲: ۲۱۲، ۲۸۳۔

وہاں علمی جدوجہد بھی ازسرِنو حرکت میں آئی۔

میر عبدالکریم نے جو امیر حیدر خان بخارا (۱۸۰۰ء - ۱۸۲۶ء) کی طرف سے قسطنطنیہ میں سفیر مقرر تھا۔ ترکستان کی ایک تاریخ لکھی جس میں اس نے اٹھارویں صدی کے وسط سے لے کر ۱۸۱۸ء تک کے واقعات قلمبند کیے۔ شیفر نے اس کے فارسی اصل کو مع فرانسیسی ترجمہ کے ۱۸۷۶ء میں پیرس سے شایع کیا[1]۔ امیر حیدر کے بھائی نے بھی ایک تاریخ گلشن ملوک کے نام سے لکھی۔ اس تاریخ کے جو ابواب شیبانی۔ استراخانی اور منگیت خاندانوں کے متعلق ہیں وہ خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ اسی عہد کے قریب امیر شاہ مراد کے بیٹے شاہزادہ حسین نے منگیت خاندان کی تاریخ مکمل کی۔ جس کا عنوان "مخازن التقویٰ فی تاریخ بخارا" ہے۔ اس کا ایک نسخہ بخارا کے سرکاری کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ اس سے پیشتر ۱۸۰۱ء میں محمد شریف بن محمد نقی نے امیر حیدر کی فرمایش پر "تاج التواریخ" تالیف کی تھی جس میں استراخانیوں اور منگیت حکمرانوں کی تاریخ امیر حیدر کے زمانہ تک مندرج ہے۔ اس کا ایک نسخہ بخارا کے مرکزی کتب خانہ میں موجود ہے[2]۔

امیر حیدر کا معاصر خان محمد عمر والیٔ فرغانہ (۱۸۰۹ء - ۱۸۲۲ء) بھی علم و فن کا بڑا قدردان تھا۔ وہ خود بھی شعر کہتا تھا اور امیر تخلص کرتا تھا۔ اس کا دیوان ۱۳۲۹ھ میں بخارا میں چھپ گیا ہے۔ اس کی قدردانی سے اس کے دربار میں بہت سے شاعر جمع ہو گئے تھے اور اس زمرۂ شعرا میں اس کی بیوی نادرہ بھی

---

[1] میر عبدالکریم کی شایع شدہ تاریخ کا عنوان یہ ہے:- Histoire de l' Asie Centrale (Afghanistan, Boukhara, Khiva, Khoqand) de 1153 a 1233 de l' hegire, par Mir Abdul Kerim Bukhari.

[2] مذکورہ بالا تینوں کتابوں اور ان کے مصنفوں کے حالات سٹوری نے تفصیل سے دیئے ہیں۔ دیکھو [illegible]

شامل تھی۔ خوقند کے ان شعراء کے کلام کا ایک دلچسپ مجموعہ سنہ ۱۹۰۰ء میں تاشکند میں چھپ چکا ہے ؛

عمر خان کے ایک رشتہ دار اور معاصر نے جس کا نام حکیم خان تورہ تھا۔ اپنے سوانح عمری منتخب التواریخ کے نام سے لکھے ہیں۔ یہ سرگذشت خاصی ضخیم ہے اور فارسی لٹریچر میں اپنی نوعیت کی شاید سب سے زیادہ دلچسپ کتاب ہے۔ جو اس لحاظ سے خاص طور پر قابل قدر ہے۔ کہ وہ اپنے زمانہ کی تاریخ اور معاشرت کے متعلق عینی شہادت کی حیثیت رکھتی ہے اور اُس میں مصنف نے اپنے اُن تاثرات کو بیان کیا ہے۔ جن سے وہ خوقند، روس، فارس، بخارا اور دیگر ممالک کی سیاحت کے دوران میں متاثر ہوا تھا ؛

خوانین خوقند کی تاریخ کے لئے حسب ذیل کتابیں خاص اہمیت رکھتی ہیں:- (۱) ملا مرزا علیم کی کتاب "انساب السلاطین" جو تا حال طبع نہیں ہوئی (۲) مرآۃ الفتوح جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے (۳) تاریخ شاہرخی از ملا نیاز محمد جسے Pantusow نے سنہ ۱۸۸۵ء میں قازان سے شائع کیا تھا۔ (۴) تحفۃ التواریخ خانی (کذا) از ملا عوض محمد، مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ لینن گراڈ کے عجائب خانہ مشرقی میں موجود ہے۔ اس سلسلہ میں ملا سنگ محمد بدخشانی کی تاریخ بدخشان بھی قابل ذکر ہے۔ جس میں سنہ ۱۰۶۸ھ سے لے کر سنہ ۱۲۲۳ھ تک کے واقعات درج ہیں۔ ملا فضل بیگ اوشی نے اس کا تتمہ لکھ کر واقعات کا سلسلہ بیسویں صدی کے آغاز تک پہنچایا ہے۔ یہ دونو کتابیں ابھی تک طبع نہیں ہوئیں ؛

[1] اس کے حال کے لئے دیکھو ستوری ۲ : ۲ : ۳۸۸، [2] ستوری ۲ : ۲ : ۳۹۱، [3] ایضاً ۲ : ۲ : ۳۸۹،
[4] ایضاً ۲ : ۲ : ۳۹۱، [5] ایضاً ۲ : ۳ : ۳۹۰، [6] ایضاً ۲ : ۲ : ۳۸۲،

۱۹۰۶ء میں بخارا کے شہزادہ نصیر الدین تورہ بن امیر مظفر الدین نے تحفۃ الزائرین لکھی۔ جو اس لحاظ سے اہم ہے۔ کہ اس میں شہر بخارا کی مساجد اور اولیاء کے مقابر کا تفصیلی بیان ہے۔ اس کے علاوہ اس میں مشاہیر کے سوانح عمری کے متعلق مواد بھی موجود ہے۔ ۱۳۲۸ھ میں بخارا میں طبع ہوئی ؛

بخارا کے دو فاضلوں یعنی ابن عشور محمد رحمت اللہ بخاری (جو امیر مظفر الدین خان بخارا کا معصر تھا) اور افضل مخدوم پیرستی نے ترکستان (بخارا، فرغانہ، تاشکند) کے ان شعراء کے تذکرے لکھے ہیں جو انیسویں صدی میں ہو گذرے ہیں۔ اور ان کے کلام کے نمونے بھی دیئے ہیں۔ رحمت اللہ بخاری کے تذکرہ کا عنوان "تحفۃ الاحباب فی تذکرۃ الاصحاب" ہے ۔ جو باضافات چند ۱۹۱۳ء میں تاشکند میں چھپا تھا۔ افضل مخدوم نے اپنا تذکرہ "افضل التذکار فی ذکر الشعراء والاشعار" کے نام سے لکھا تھا۔ یہ تذکرہ بھی ۱۳۲۶ھ میں تاشکند میں چھپ چکا ہے ؛

عبارت کی پُر تکلف ترصیع۔ الفاظ کی شوکت اور عربی کلمات کا کثرتِ استعمال، صرف ان ہی تذکروں کی امتیازی خصوصیت نہیں بلکہ گذشتہ تین صدیوں میں ترکستان میں جتنا بھی لٹریچر پیدا ہوا ہے۔ اس کا طرز تحریر کلیتہً ایسا ہی ہے۔ کیونکہ مصنفین کا عام خیال یہ تھا کہ نفس مضمون اتنا اہم نہیں جتنا کہ طرز ادا کی خوبی اور دلکشی اور ان کے زعم میں طرز ادا کی دلکشی اسی صورت میں پیدا ہو سکتی تھی۔ کہ مرصع جملے، بعید الفہم ترکیبیں اور عربی کے مغلق الفاظ استعمال کئے جائیں ؛

ترکستان کے شاعروں نے بھی کسی حد تک اسی قسم کا اسلوب تحریر اختیار کر رکھا تھا۔ ان کا کلام یا تو صوفیانہ خیالات اور کیفیات کا مظہر ہوتا تھا

یا وہ لوگ قصائد، مراثی یا ہجو لکھ کر طبع آزمائی کرتے تھے۔ اُن مطابع کے ذریعہ سے جو روسیوں کے داخلہ کے بعد ترکستان میں قائم ہوئے متعدد شعراء کے دیوان شائع ہو چکے ہیں۔ مثلاً وصلی شاعر کا دیوان ۱۳۷۲ھ میں سمرقند میں چھپ کر شائع ہؤا۔ اسی طرح یوسف سیرامی کا دیوان ۱۳۳۲ھ میں تاشکند میں چھپا۔ اور طغرل امراری کا ۱۳۲۴ھ میں کاگان میں۔

زور کلام اور زبان کا بیساختہ پن صرف اُن ہی مصنفات میں پایا جاتا ہے۔ جن میں لکھنے والوں نے اپنے ذاتی تجربات اور قلبی واردات کو بیان کیا ہے۔ اس قسم کی کتابوں میں سے جو ماضی قریب میں شائع ہوئی ہیں۔ بخارا کے ایک تاجر سراج الدین کی تالیف قابل ذکر ہے۔ جو تحف اہل بخارا کے نام سے ۱۳۳۰ھ میں بخارا میں طبع ہوئی تھی۔ اس قسم کی مؤلفات میں اور خصوصاً اُن کتابوں میں جو موجودہ صدی کے آغاز میں لکھی گئی ہیں۔ سادہ زبان اور روزمرہ کے استعمال کی کوشش کی گئی ہے۔ عہد جدید کے بعض اساتذہ مثل محمود خواجہ بہبودی سمرقندی اور صدرالدین عیسیٰ بخاری نے مدارس کی نصابی کتابیں بھی اسی اسلوب پر لکھی ہیں۔ بیسویں صدی نے خصوصاً جب سے ۱۹۱۷ء والا انقلاب عظیم روس میں رونما ہؤا ہے۔ ترکستان کے ادیبوں کے ہاں نئے نئے مضامین کو جدید طرز پر صاف اور شستہ زبان میں ادا کرنے کی ضرورت پیدا کر دی ہے۔

عنایت اللہ

نل دمن احمد ہروی

نل دمن ہندوستان کی "پاستانی داستانوں" میں سے ہے۔ جس کی دلکشی اور دلفریبی مشرق و مغرب کے اہل نظر سے خراج تحسین وصول کر چکی ہے۔ یورپ کی مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے ہو چکے ہیں۔ چنانچہ انگریزی زبان میں اس قصے کا وہ خلاصہ جو نارمن پینسر (Norman & Panzer) نے ۱۹۲۶ء میں کیا ہے۔ بہت مقبول ہوا۔ یورپ کی باقی زبانوں میں اس کا جو چرچا ہوا اس کی تفصیلات میں جانا ہمارے موجودہ موضوع سے خارج ہے۔ فارسی زبان میں شیخ فیضی فیاضی نے نل دمن کو اپنے "پنج گنج" کا ایک قیمتی حصّہ بنا کر اس کو بقائے دوام کی سند عطا کر دی ہے۔ فیضی نے ایک ہندوستانی قصّے کو اسلامی اور ایرانی قالب میں ڈھال کر اس میں جو خوبصورتی پیدا کی ہے اس کے متعلق شیخ ابوالفضل کیا اچھا لکھتے ہیں۔ "دوران کارنامۂ جادوئی بساطلسم آگاہی نگاشتہ آمد"۔ خود فیضی کو بھی اپنے اس کارنامے کے متعلق فخر ہے۔ چنانچہ اس مثنوی میں دعوے کرتا ہے:۔

بانگ قلمم درین شب تار	بس معنیٔ خفتہ کرد بیدار
بگداختہ ام دل و زباں را	کیں نقش نمودہ ام جہاں را
صد سحر و فسوں بکار بستم	کیں نقش بروی کار بستم
بر خواب نہد فسانہ بازار	من گشتم ازیں فسانہ بیدار

فیضی کے لئے یہ افسانہ بہت سی بصیرتوں اور عبرتوں کا باعث ہُوا ہو یا نہ ہُوا ہو اتنا ضرور ہے۔ کہ فیضی نے اس ہندی قصہ کو فارسی الفاظ و حروف میں

ملبوس کر کے فارسی اور ہندوستانی ادب کی بہت بڑی خدمت انجام دی اور بہت سے آنے والے شاعروں کے لئے نیا موضوع پیدا کر دیا چنانچہ اسکے بعد ہمارے شاعروں نے جو اس سے قبل نظامی گنجوی کے تتبع میں ایرانی موضوعوں پر قلم اٹھایا کرتے تھے۔ اب ہندوستانی موضوعوں کو اپنایا۔ آخری دور کی فارسی اور اردو شاعری میں اس ہندوستانی عنصر کا خاصہ حصہ ہے چنانچہ ہمیں رام سیتا، منوہر مدھو لت، پدم اوتی، ہیر رانجھا، وغیرہ کی طرح کے بہت سے قصے ملتے ہیں ؛

موجودہ مثنوی نل دمن بھی جو آئندہ اس میگزین میں شایع ہوتی رہے گی۔ اسی سلسلہ سے تعلق رکھتی ہے۔ اس کا مصنف اپنے آپ کو احمد کہتا ہے۔ جو سراوا کا رہنے والا ہے۔ چنانچہ دیباچہ میں لکھا ہے۔

احمد نہ کر اب شناطرازی	اوصاف ہے ہند کا نہ بازی
مشہور ہے ہند میں سراوا	رکھتا ہے بہشت ساتھ دعوی
ہر طفل بعلم عشق اوستاد	حق اوس کو رکھے ہمیشہ آباد

سپرنگر کی فہرست میں ایک اور مثنوی نل دمن بھی مذکور ہے۔ لیکن وہ موجودہ کتاب سے جدا ہے (ملاحظہ ہو سپرنگر کی فہرست ص ۶۴۳) ؛

سپرنگر کا بیان ہے۔ کہ احمد سید احمد علی سراوی کا تخلص ہے۔ جن کی تصانیف میں ایک مثنوی "گل وصنوبر" اور نثر کی دو کتابیں "مور پنکھی" اور "رنگ کی" بھی ہیں۔ موخر الذکر سنہ ۱۲۴۱ء میں فیض آباد میں لکھی گئی تھیں (ملاحظہ ہو سپرنگر ص ۱۹۸[1]) سراوا ضلع میرٹھ کا ایک اہم قصبہ ہے۔ جو عہد محمد شاہی میں بہت بارونق تھا

[1] سپرنگر کا یہ بیان خوب چند ذکا کی کتاب عیار الشعرا سے لیا گیا ہے۔ نیز ملاحظہ ہو تذکرہ دتاسی ج ۲ ص ۵۲۴؛ ج ۱، ص ۱۸۵؛

(ملاحظہ ہو گزیٹیر ضلع میرٹھ)۔
لیکن اس کے بعد گمنامی میں پڑ گیا
یہ احمد کون بزرگ ہیں؟ ان کے حالاتِ زندگی کیا ہیں؟ اس قصہ منظوم کا
سنِ تصنیف کیا ہے؟ اس کی لسانی خصوصیات کیا ہیں؟ ان سب سوالات کا
جواب آئندہ ایک مفصل مضمون کی صورت میں دیا جائے گا۔ سب سے پہلے مناسب
یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ نل دمن کا متن بالاقساط میگزین میں شایع ہو جائے۔ تاکہ
جو کچھ اس قصے کے متعلق لکھا جائے۔ متن کا مطالعہ اس کو وضاحت بخشتا جائے

یای مجہول اور یای معروف کے بارے میں قدیم املا کو ملحوظ رکھا گیا ہے
پیش نظر نسخے میں اس معاملہ میں کوئی خاص پابندی نہیں کی گئی۔ لیکن میں نے
قارئین کی سہولت کے لئے اسی املا کو اختیار کر لیا ہے۔

زیر نظر نسخے میں املا کی غلطیاں کافی ہیں۔ میں نے ان کو حتے الوسع
درست کرنے کی کوشش کی ہے۔ ضروری ضروری الفاظ کے معانی بھی ذیلی
حاشیہ میں دے دیئے ہیں۔ تاکہ مفہوم کے سمجھنے میں دقت نہ ہو۔

یہ نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کی ملکیت ہے۔ کتابت یکساں نہیں۔
شاید دو تین کاتبوں نے مل کر لکھا ہوگا۔ سنِ کتابت "یازدہم رمضان سنہ [illegible]ھ"
ہے[1]۔ اس کے علاوہ باقی تفصیلات مع تنقید وغیرہ متن کے شایع ہو جانے
کے بعد دی جائیں گی۔

---

[1] ہو سکتا ہے کہ یہ ۱۱۴۰ھ ہو۔ اس پر مفصل مضمون میں بحث ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے شاہِ شہانِ ہر دو عالم — بخشندہ[1] گناہِ ابن آدم
ہے کون سوای تیرے دوجا — جسکی کری سب جہان نین پوجا
ہے جلوہ نما تو سب جہان میں — ہر صفت زمین و آسمان میں
تا چیز سے چیز کر دیکھاوے — پھر شربت موت کا چھکاوے[2]
ہر گل کو زمین سے اوپا[3] کر — بلبل کو چمن مین[4] مبتلا کر
پھر خاک میں پل بیچ ملاوہ[5] — یارب تیرا انت کون پاوے
تجہ نور سے چاند سور[6] تارے — دن رین جہان فروز سارے
تو ایک قرار پر ہے قایم — رزاق ہے سب خلق[7] کا دایم
بے مادر بے پدر اکیلا — سب روپ میں آپ آپ کھیلا
جنگل کے تیئن[8] زہر بانی — بخشا ہے تین آب[9] زندگانی
وز صنعت خویش یا الٰہی — دیتا ہے تو آب[9] بیچ ماہی
تین[10] ٹیک رکہا ہے آسمان کو — دریا پی زمین اور جہان کو
گر فضل کرے تو ذرہ خاکی — ملکوت سے ہو سوا بپاکی[11]

---

[1] فک اضافت از بخشندۂ گناہِ ابن آدم، [2] چھکانا - پلانا،

[3] اوپانا یا اُپانا - پیدا کرنا، [4] کذا = میں، [5] کذا = ملاوے،

[6] سور = سورج، رین = رات، [7] خَلَق بجائے خَلق، [8] تیئن = توں یا تو،

[9] آپ (کذا فی الاصل)، [10] اصل = تتی، پی = پہ،

[11] بپاکی (فی الاصل) - 'بپاکی' کا معنی - پاکی میں۔

ور قہر کنی بعالم پاک — فی الحال پرہ[12] در بام افلاک

بے شک تو کریم کارسازی — پوشندہ[13] خطا گدا نوازی

توحید تیری ہے بحر زخار[14] — کیا تاب کہ چینٹی ہو سکے پار

بال بال رسناں[15] آوے سب جگ اک تہا ہوی

استت توری سائیاں پوری کرے نکوی

دریای کرم ز لطف[16] سرمد — سر خیل پیغمبراں محمد

دانندۂ راز لایزالی — از حکمت پر ز کینہ خالی

این تخت زمین چتر افلاک — ساجے[17] ہے تمہیں اے شاہ لولاک

شاہنشہ تخت ملک ہستی — سر تاج ہمہ بلند و پستی

مقصود زمین آسماں کا — بہبود تمام انس و جاں کا ۱۰

محشر میں شفیع سب امم کا — سایہ ہے عدم ترے جسم[18] کا

سرمایۂ رحمت الٰہی — تاثیر دعای صبح گاہی

مازاغ[19] بصر و ما طغی سے — مکحول ہیں تجہ نین[20] صدا[21] سے

جس رات فلک اوپر سدہارے — روشن ہوئے تجہ قدم[22] سے تارے

(ق ۷ب)

ہر ہشت بہشت کھول رضوان — قربان کیے تم پی[23] در مرجان

ملکوت و حور سب پیغمبر — صف باندہ کہڑے[24] ہوئے سراسر

---

۱۲ پرہ (فی الاصل)، ۱۳ = پوشیدہ (فی الاصل)، ۱۴ بخیر و خار (کذا)، چینٹی = چیونٹی، ۱۵ رسناں = زبان، اِک تہا = اکٹھا، اَستُت (ہندی) = حمد، سائیناں = سائیں، مالک، آقا، خدا، توری = تیری، ۱۶ لطلف (کذا)، ۱۷ ساجے ہے = زیبا ہے، ۱۸ جسّم بجای جسم، ۱۹ مازاغ البصر وما طغیٰ (الآیہ)، ۲۰ تجہ نین = تیری آنکھیں، ۲۱ صدا سے = سدا سے، ۲۲ تیرے قدم روشن (کذا)، ۲۳ پی = پہ، ۲۴ = کھڑے،

سب اپنے مکاں سے ہو قدم کش — وزخوانِ ادب ہوئے ہیں جنبش[۲۵]
دیکھا جو جمال حد سے زیادہ — لب مضحک ابروان کشادہ
ہر ہفت فلک و عرش طے کر — دیکھا سو جمالِ پاکِ انور
سب رازِ نہان بگوشِ جاں کر — پھر آئے بخواب گاہ سرور

جا دن[۲۶] تو رہنے رچو تا دن ہو نکوی
ایک بارہ وہ نانوسنیں کت سداں کی ہوی

ہر چار صحاب برگزیدہ — زآلایش دنیوی جریدہ
چوں حرفِ محبتِ گرامی — اپس[۲۷] مین ہیں متفق تمامی
ہر چار ستون سقف ہیں دیں کے — ہیں چار دیوار گھر یقیں کے
بر شمع جمال شاہ مرسل — پروانہ صفت فریفتہ دل
مجموعہ کمالِ اہلِ عرفان — قربانِ محمد از دل و جان
ہر دم ز جمال مصطفیٰ[۲۸] آئی — انکھیاں[۲۹] میں انھونکی روشنائی
بو بکر و عمر بصدق و انصاف — مشہورِ جہاں زقاف تا قاف
ارباب[۳۰] حیا بنام عثمان — کو جمع کیا کتاب[۳۱] فرمان
وان حضرت شہسوار دلدل — کز مردمیش بعرش غلغل
آن ہر دو شہید ہای اکبر — یعنی حسن و حسین سرور
یارب برسالتِ محمد — یارب بہ نبوت[۳۲] محمد
یارب بہ دوازدہ اماماں — ہر چار محب نیکناماں

مفہوم صاف نہیں - جنبش ہونا بمعنی جنبش کی استعمال ہوا ہے ، [۲۶] جب تم شب باش ہو تب ... ی ہو - ایک بار ان کا نام سن لیا جائے تو ہمیشہ کی نجات حاصل ہوتی ہے - [۲۷] اپس = آپس ، [۲۸] = مصطفائی ، [۲۹] انکھوں میں ، [۳۰] کو = جس نے [۳۱] شاید کتاب فرقان ہو ، [۳۲] فی الاصل : بنوبیت احمد ،

یارب بطفیل صبح خیزاں ہم سوز درونِ اشک ریزاں
ہم شرم جوان ہای نوخیز زہاد و عباد و اہل پرہیز
از رحمتِ خود برآر کارم محشر بین نگر توشرمسارم
محتاج نہ کرد رین جہانم زآفات حشر بده امانم

ہوں[33] زرگن، اوگن کہی تو جگ کا کرتار
ان زرگن کے کارنی اوگن موری بسار

ہاں اے قلم سبک خرام برکش[34] رقمی[35] تو از مقام
تا من کیم و کجا مقام است کو مملکت و مرا چہ نام است
ہے کشور ہند دل کشاتر بر و بحرش[36] فرح فزاتر[37]
اس خاک سے ہے خمیر میرا خورشید ہے یہاں ضمیر میرا ۱۰
ہے ہند بہشت کی نشانی ہر چشمہ آبِ زندگانی
ہر شہر و قریہ ہای این بوم فردوس ہے جا بجای مقسوم
ہر باغ میں پھول گونہ گونہ ہر صحن چمن فلک نمونہ
از عشق زمین ہند پر ہے ہر کنکر[38] او بجای در ہے (ق ۳ ب)
نی نی غلطم کہ در چہ چیز است ہر خشت زخشتِ تن عزیز است
ہر ذرہ چینیک[39] بحسن معمور سر تا بقدم فوارۂ نور
خونین نگہانِ عشوہ پردانہ غنچہ دہنان شوخ طناز
سوداگر عاشقانِ بیدل لیتے ہیں بہ نقد غمزہ صد دل

---

[33] زرگن = بے ہنر، اوگن = عیب دار، فضول، [34] اصل: برکس، 'جبین' بھی ہو سکتا ہے'
[35] رقم (فی الاصل)، [36] بحریش (فی الاصل)، [37] فرا (کذا فی الاصل)، [38] کنکرہ (فی الاصل)
[39] مشکوک ہے۔ 'جبین' پڑھا جاتا ہے۔

احمد نکراب ثنا طرازی　　　اوصاف ہے ہند کا نہ بازی

مشہور ہے ہند میں سِرّاوا[۱۹]　　　رکھتا ہے بہشت ساتھ دعویٰ

ہر طفل بعلم عشق اوستاد　　　حق اس کو رکھے ہمیشہ آباد

راو[۲۰] ور نک سکھیا سبھی راگ رنگ دن رین

دو دکھ کا کھوج نہ پایئے سدا سرب سکھ چین

اُوجین نگر میں ایک راجا　　　سب ٹھاٹھ شہی کا اوس پہ ساجا

دولت و سپاہ حد سے زیادہ　　　اقبال بخدمتش ستادہ

یک چہرہ غلام ماہ پارہ　　　رستم صفتان جنگ کارہ

در حسن و جمال بی[۲۱] [مثل] تھا　　　موسوم بنام راجہ نل تھا

جس وقت ہنسے سو پھول جھاڑے　　　عالم کو بھنور چکر میں ڈالے ۱۰

پکڑے جو لڑائی بیچ شمشیر　　　کیا تاب کہ آوے روبرو شیر

(ق ۳۸ الف)

سب راجا زخوف سر نواوین[۲۲]　　　مجری کو صباح شام آوین

کیا حسن کہوں اگر فلاطوں　　　دیکھے تو ہووے بشکل مجنوں

جس وقت کہ بیٹھے بر سنگھاسن　　　عالم کو کرے جھلک ہیں روشن

سرتاج تمام تند خُوباں　　　شاہنشہ خیل خوب رویاں

دن رات براگ رنگ مشغول　　　اس حسن پی ایک جگ رہا بھول

زنار گلے منے براجے　　　مکھ دیکھ کے بھوکھ جگ کی جاگے

گُن اوگُن گھوڑوں کے پچھانے　　　اور مرض ہیں جتنے سب بکھانے

نت عشق رکھے ترنگ[۲۳] تازی　　　خوب اسپ کو دیکھ ہووے راضی

۱۹؎ سِراوا۔ ضلع میرٹھ میں ایک مقام ہے، ۲۰؎ راو = راجہ، الک = غریب، ۲۱؎ اصل میں 'مثل' نہیں،

۲۲؎ نُوانا یا نِوَاوُنا = جھکانا، ۲۳؎ تُرنگ = گھوڑا،

اسپان عراقی اور تازی — پالے ہوئے سبزۂ حجازی
چن چن کے برنگ[۴۴] باد رفتار — دس سو رکھے طویلہ تیار
بال بال گن گھوڑوں کے گُن اوگُن پہچان[۴۵]
دیکھ چال یکبارگی دیتا برس بھان

بچے کو نشکم میں رہی نظر کر — سب رنگ بتاوتا سراسر
خوش رنگ پَوَن کے پُوت تازی[۴۶] — ہر دم کریں باد ساتھ بازی
دُر زیور رین جگمگاوین — ہر سو انسیں سر گگن[۴۷] لگاوین
دہن شاہ سوار دہن وے گھوڑے — جانے نہیں ایڈا اور کوڑے
ہر سنگ ترنگ رنگ لیتے — گلزار میں گل کھلائے دیتے
غصہ بھرے لوہ کون[۴۸] چباوین — بجلی کوں جھلک سیتے لجاوین
ایک راج دویم نشہ جوانی — ہر روزہ سنے برہ[۴۹] کہانی
باہمن[۵۰] پسران نوجواناں — ہر صبح و شام بید خواناں
خوش روی جوان جملہ چاتر[۵۱] — سب رمز شناس عقل سے پُر
راجا کے وہ ہم نشین پیارے — سوہنین[۵۲] جیسے چاند ساتھ تارے
راجو کی سدا کتھا کہانی — سُنتا وہ نہال خسروانی[۵۳]
جب قصہ عشق گوش کرتا — سُنتے ہی درون جوش کرتا
پھر سوچ سمجھ کے تھانبتا[۵۴] دل — رہتا نہ ضرر دوری سے غافل
دن رین بعیش کامرانی — کرتا تھا ہمیشہ زندگانی

(ق ۹ ب)
۱۰

---

[۴۴] تُرنگ بھی پڑھا جا سکتا ہے، [۴۵] گُن اوگُن = عیب و ہنر، [۴۶] پَوَن کے پُوت = ہوا کے بیٹے یعنی گھوڑے، [۴۷] آسمان، [۴۸] لوہے کو = لگام کو، [۴۹] برہ = محبت، [۵۰] یعنی برہمن [یا ہمین (فی الاصل)] [۵۱] ہشیار، [۵۲] خوبصورت، [۵۳] خسروانہ (فی الاصل) [۵۴] = تھامنا،

افسوس کہ یہ فلک زیان کار[۵۵] | اوپجاوے ہے پھول سنگت خار
جس جا ہی کہ ہو بہت خزانان | وہاں ناگ بٹھاوے ہے نداناں

جہاں پھول تہہ کانٹ جہاں دَرَب تہہ ناگ
ہست[۵۶] سدا دیوا اگن [ہت اگن] سنگ لاگ

اے کلک ترنگ من سبک خیز | لکہ اب[۵۷] کتھا جنون انگیز
نل گرچہ ہمیشہ بے فکر تھا | گردش سے فلک کے بیخبر تھا
لیکن کری اب فلک نے بازی | لازم ہوئی اوسکو جانگدازی
انکھیاں میں نیند تک نہ آوے | بیراگ برہ سدا ستاوے
اب نیند گئی و بھوک بھاگی | نہہ چینت کنور کوں چنت لاگی (ق ۵ الف)
سکہ نیند تمام خلق سووے | نل نیر نین سے انگ دھووے ۱۰
یکبارگی یہ بلا ہے بھاری | آدل میں اوٹھائی بیقراری
جانے نہیں نل کہ کیا بلا ہے | کس غم سے جان بیری جا ہے
کن بیری نے یہ اگن لگائی | کن دیگ جنوں کی آ پکائی
ہر چند کہ بھید کون چھپا[۵۸] وے | طوفان برہ جہین نہ پاوے
جتنا کرے سوچ من میں پیارا | باجے نہیں بھید کا دوتارا
اب ناگ برہ سنے ڈنگ لایا | تل تل میں بس پڑہے سوایا
یہ عشق کید ہر سیتی اوٹھا ہے | جوں شیر میرے بدن کو کھاوے
یارو کرو کچھ علاج میرا | کارج ہوا سب اکاج میرا

---

۵۵ 'پر' (فی الاصل)، ۵۶ صدا (فی الاصل)، دَرَب = دولت، اگن = آگ، دوسرا مصرع مشتبہ ہے۔ تصحیح قیاسی ہے، سنگ بمعنی پتھر ہے۔ گو اغلب نہیں کہ شاعر نے یہ فارسی لفظ برتا ہو، ۵۷ آب (فی الاصل)، ۵۸ جتاوے (فی الاصل)، جہین (ہندی) = کمی ،

کیا بیر تھا اے اکاس دشمن　　جو تو نے جلایا میرا تن من

سن دوکھ واہی راج کی دوکھیا سب سنسار

کر ململ پچھتا نہہ سب چرچیں پور کر اور نار[59]

لاگا جو کنور کے تیر کاری　　دہوس[60] پڑی سب جگت میں بھاری

طوفانِ بلا نے جوش مارا　　گھر آیا[61] کنور کا ملک سارا

سنتے ہی وزیر جلد آیا　　آتے ہی طبیب کو بولایا

دیکھن لگا بید نبض بیمار　　کس سے ہے کنور کو سخت آزار

(ق ۵ ب)

نل نے کہا اے حکیم ناداں　　ناحق نہ ہو نبض دیکھ حیران

ہے درد مرے جگر کے بھیتر[62]　　کیوں مارے ہے رگ جنون پہ نشتر

۱۰

یہ دل جو میرا لہو سے تر ہے　　پہچان جو تجھکو کچھ نظر ہے

سنتے ہی ہوا طبیب لاچار　　رخصت ہوا ہو نراس من مار

جو درد کنور کا اون نے پایا　　آتے ہی وزیر کون سنایا

یہ راج کنور برہ نین گھیرا　　اوٹھ جلد علاج کر سویرا

واقف ہوا جب وزیر ہوشیار　　پھر آیا شتابی سے بدربار

پہلے سخن اور کچھ سنا کر　　پھر آیا سو اپنے مدعا پر

جب لگ سمندر میں ہے پانی　　تب لگ تیرا راج و زندگانی

جب سے ہے تمہارے دل اور غم　　کوڑتا[63] ہے تبھی سے سارا عالم

جو لوگ ہیں خاص بارگاہی　　جانے ہیں وے بھید بادشاہی

جے کوی پری نظر پڑی ہے　　خاطر میں تیرے گذر کری ہے

---

[59] چرچیں = سوچیں، ثار (فی الاصل)، [60] شور، [61] شاید 'گھبرایا' ہو، [62] بمعنی 'اندر' 'مارے ہے' میں 'ہے' زائد از وزن ہے، [63] بمعنی 'تک'، [64] یعنی کڑھتا ہے،

منتر جنتر ٹوناں ابھی کروں چت لای
شیشہ بہنتر موند کے دئیوں کنورکوں آیی

جو ہوی زجنس آدمی زاد	حاضر کروں جس سے ہو دلت شاد
لیکن مجھے بھید سب بتا وو	جا کر سیتی راز مت چھپاؤ
نل نے کہا اے رفیق جانی	تجھ سے نہیں بھید کچھ نہانی
لاگا ہے جگر میں تیر کاری	ہے مجکون کمال بیقراری
ہے زلف سحن[۶۵] کی جال[۶۶] میرا	اس نسے ہے زبون حال میرا
کیا جانیے کون ہے کماندار	جس کا ہوا تیر مجھ جگر پار
یہہ عشق وزیر کیا عجب ہے	معشوق بجان ماں ادب ہے
سنتے ہی وزیر دانش اندیش	دلداشت کنور کیا زحد بیش
کے[۶۷] تخت نشین شہریاری	یہہ کام بہت نہیں ہے بھاری
یہ عشق کا باغ بیخزاں ہے	ہر پھول جُدا جُدا عیاں ہے
یہ بھی چمن برہ کا گل ہے	اس گل کا نشا بجزو کل ہے
اس صید کے کارنے پیارے	لازم ہے تمہیں کون صبر بارے
غم بھول سمہال ست کا آسن	ست[۶۹] (ڈگ) کو سنبھال پھر سنگھاسن
بیدل نے سنبھال[۷۰] اپنے من کو	تازہ کیا راج کے چمن کو
لیکن جو لگا تھا تیر کاری .	نس[۷۱] دن تھی کنور کو بیقراری
ہر طرف کنور ستا لگاوے[۷۲]	تو یہ[۷۳] کا کوئی پتا بتاوے

(ق ۹ الف)

۱۰

---

۶۵ سحن (کذا)، ۶۶ مال (کذا)، ۶۷ مشکوک ہے، ۶۸ فارسی کا "کاسے" = کہ اسے، ۶۹ ست ڈگ = حق کا راستہ، صداقت کا قدم، ۷۰ نے (فی الاصل)، ۷۱ شب و روز، ۷۲ سُتا لگاوے = قرعہ ڈالے، پانسہ پھینکے یعنی جتن کرے، ۷۳ پائی۔ یہاں مقصود و محبوب مراد ہے۔ (دیکھو Platts کی ڈکشنری ہندوستانی) اصل متن میں تو پیہ ہے

ایکدیوس منترن کنور لیلنس بیگ ہنکار

چرچیں کتھا بیوگ کی اوترے من کا بھار

دن ایک رفیق سب بولاکر ۔۔۔ پاس اپنے جو پیار سے بٹھاکر

ہنس ہنس کے کتھا اچھی سناوے ۔۔۔ تو برہ بیوگ بھول جاوے

ہر ایک کہن لگا کہانی ۔۔۔ نمکین سخن کتھا پورانی

ہر ایک اچھی کتھا سناوے ۔۔۔ غم راج کے دل سیتی بھلاوے

جس دل میں کیا برہ نیں ڈیرا ۔۔۔ بچتاں نہیں وہ اجل کا گھیرا

جب آئے ملے وہ دوست جانی ۔۔۔ عاشق کی یہی ہے زندگانی

سب اور ہی اور قصہ گاویں ۔۔۔ پرتاں کا جیوناں سناویں

آخر کو رفیق ایک بولا ۔۔۔ تھا بھید چھپا سو انت کھولا

جبلک کہ زمین و آسماں ہو ۔۔۔ پانی پون اور سبھی جہاں ہو

تب تئیں بعمر و جاہ ہوجو ۔۔۔ دشمن تیرا خاک راہ ہوجو

کا ہے کو سنو کتھا کہانی ۔۔۔ گذری ہوئی بات ہے پورانی

کہتا ہوں حکایت گرامی ۔۔۔ رکھ کان سنو کنور تمامی

یہ خاک دکھن کہ فتنہ خیزی ۔۔۔ وہاں آج دوکان فتنہ بیزی

معشوق کہ سب دکھن کی جان ہے ۔۔۔ حسن اس کا جہا نچہین عیان ہے

سرتاج تمام مہ جبیناں ۔۔۔ عالم کوں دکھن میں مست کیناں

بسری سبے برہمناں [کو] پوجا ۔۔۔ اوس مادں [؟] نہیں یاد اونکو دوجا

شاید کنورس یا کنورن ہو، ایکدیوس = ایک دن، منتری = وزیر، لیلنس = لیا، بیگ (बेग) جلد، ہنکار = بلایا، بیوگ = فراق، بھار = بوجھ، مشکوک ہے۔ ہوجیو = ہوجائے، = کی، فتنہ نیری (فی الاصل)، مراد "جہاں میں"، بمعنی "کیا"، مانند،

پھول کھلا دکھن دیس[81] جگت سوگندھ ہیں
راجا جانہیں درس وہ راج پاٹ بل کیں

گھونگٹ کو اگر پری اوٹھاوے	اوٹھتیا[82] زمین چاندنی دکھاوے
(قطعہ) تلوار نگاہ اوسکی خونی	ہے کاٹ میں آبدار دونی
کیا بال کہوں بھونگ[83] کالے	چندن پی کریں کلول سارے
وہ مانگ سفید جگمگاوے	بگپانت[84] گھٹا منے دکھاوے
کیا وصف کروں میں اس جبیں کا	ماتھا[85] نہیں چاند چودہویں کا
ابرو نہ کہ تیغ مغربی ہیں	جنکی صف وے پلک سجے ہیں
دو نین گویا کھنجن[86] کے جوڑے	سرخ و سیہ و سفید دوڑے
ہے مانگ گویا کھڑگ[87] کی دھارا	دنیاں[88] ہے سوون کی چمکارا (؟)
رخسارہ سفید سرخ خوشرنگ	بل کھائے رہے دو ناگ اون سنگ
وہ کان میں بالیاں براجیں	موتی سجے اون کے سنگ ساجیں
لب[89] سرخ دہان تنگ پیارے	دندان کی جوت سے نیارے
ٹھوڈی ہی گویا سیب غبغبش چاہ	دل ڈوب نہ اچھلے[90] پھر کبھی آہ
گردن نکھوں ترنگ[91] سجلار	کہہ پاگ رکھے ہے جیسے اسوار
کیا خوب تنیں بھجا[92] کلائیں	سانچی ملیے ڈول سے دہلائیں

[81] دیس ، [82] حل نہیں ہو سکا شاید "ایترا" ہو بمعنی "بہت" یا شاید "اوٹھیا" بمعنی اٹھ کر ، [83] بھونگ = (Bhuang) = سانپ (Phallic) کالے = کالے ناگ ، [84] بگپانت = بگلوں کی قطار ، [85] یعنی ماتھا ، [86] کھنجن = (Wag-tail) ، [87] کھڑگ = تلوار ، [88] حل نہیں ہوا ۔
[89] اب (فی الاصل) ، [90] = اچھلے ، [91] گھوڑا ،
[92] بازو ،

مہدی میں ہتھیلیاں رچائیں ۔۔۔ خورشید دپی[93] ہے چوں صبائیں[94]

انگلی میں انگوٹھیاں سنہری ۔۔۔ راتی گویا پھول ہے دوپہری

پیٹھہ[95] اوپری دکھتی بینی دی جگای

مانو چندن برکھ پہ رہو ناگ لپٹای

(ق، ب) سینہ پی کوچیں[96] ادہک[97] براہیں ۔۔۔ نارنگ ترنج دیکھ لاجیں

ہے پیٹ کنول پتر ملایم ۔۔۔ پانوں نسے ہے قوت اوسکا دایم

چنبے کی کلی سے خوب تر ناف ۔۔۔ باریک کمر سرین چوں قاف

دو جانگ[98] گویا کشیدہ شمشاد ۔۔۔ قد راست مثال سرو آزاد

ہے پردہ نشین نازنینی ۔۔۔ خورشید رخ و مہہ جبینی

شاہنشہہ فوج خوبرویاں ۔۔۔ سرتاج تمام خوبرویاں

کیا حسن کہ آگ کا بھبوکا ۔۔۔ لوٹا ہے قرار ہر کسو کا

سر کھول پری اگر اوٹھاوے ۔۔۔ دن رات کو ایک ہی دکھلاوے

مہدی سے نہیں قدم کو لالی ۔۔۔ آتشے ہے خلق پہ پایمالی

بجلی کی جھلک ہے مسکرانا ۔۔۔ اندھیار میں پھلجھڑی دکھانا

نس[99] پان نکال کر چباوے ۔۔۔ مت مکھ میں چو بھی وہ رنج پاوے

اوس درس کی آرزو میں رجا ۔۔۔ تج راج اور پاٹ جوگ سا جا

لجونت سورج سے مکھ چھپاوے ۔۔۔ تاروں سے پری کو لاج آوے

---

[93] دپی ہے ۔ روشن ہوتا ہے ، [94] = صباحیں یعنی بوقت صبح ، [95] بال جو پیٹھ پر نظر آتے ہیں ۔ اوسکو یوں آراستہ کرتی ہے گویا صندل کے درخت سے ناگ لپٹا ہوا ہو ،

[96] کوچ = پستانِ زن ، [97] بڑی *fully* ، [98] ٹانگیں ، [99] = (P) نُس *The circumference or environs of the mouth (Cf. Platts)* (S) نس = *out - forth - out of - away*

آئینہ سوا ای تاب کس کی — دیکھے کوئی شکل پاک اوس کی
مشہور بنام خود دتن ہے — بے[99] شبہ جمال کا چمن ہے
اوس حسن پہ ایک جگ تھا بھول — وہ اپنے خیال بیچ مشغول
جگ کو واکو نیہہ، نیہہ وامن بس گیو
جانی کا کی نیہہ، نت، کا من، تڑپھی ہیو[100]
دانا نے کہ بات یہہ سنائی — راجا کے بدن میں آگ لائی
سنتے ہی لگا خروش کرنے — دریا کی مثال جوش کرنے
یکبارگی ایسی آہ ماری — حیران رہے سن کے مرد ناری
بیمار نے اپنا درد پایا — پرگھٹ[101] ہوا جس نے تیر لایا
وہ بھید کہ میں چھپاوتا تھا — آزار میں کچھ نہ پاوتا تھا ۱۰
سو درد تو ہے ہی یار میرا — اس مد سے ہے خمار میرا
کیا یار سنائی یہ کہانی — اب آگ میرے جگر میں چھانی
اب مست کو تیں نشا پلایا — بیراگ بیوگ پھر ندھایا[102]
یہ بات غلط ہے اے پیارے — مرد کوں دیا[103] تیں جیو بارے
کانٹا میرے پانو سے نکالا — آتش پی جگر کے آب ڈالا
ہاں پھر کے سناؤ حال سارا — رہتا ہے کہاں صنم پیارا
اوس دیس کا ناؤ اب بتارے — جلتا ہے جگر ابھی[104] بجھارے

---

۹۹ سبہ (فی الاصل)، ۱۰۰ جگ کو تو اس کی محبت لیکن اس کا دل خود محبت میں غرق تھا۔ نہ جانے کس کی محبت میں مشتاق دل تڑپتا تھا، ۱۰۱ ظاہر، ۱۰۲ ندھانا = رکھنا، محفوظ رکھنا، حفاظت کے لئے چھپانا، ۱۰۳ فی الاصل 'نہیں'، ۱۰۴ بجھارے (فی الاصل): ابھی (فی الاصل) پہلے مصرع میں 'تاؤ' ہے۔ صحیح 'ناؤ'،

بولا کہ سن اے غریب پرور — ہے شہر دکن میں نام بیدر[105]
کیا شہر کہ حسن کا وطن ہے — ہر گل پی بہار اک چمن ہے
اوس شہر میں ہے ایک راجا — سب راج و پاٹ اوسپے ساجا
سب ملک دکن باختیارش — لشکر و خزینہ بے شمارش[106]

ترسی پون رنج کر درہ درب لکھا ان جلے[107]
گئو سنگھ ایک گھاٹ پر پیویں نیر اگھاے

(ق ۸ ب)

ہے راج کے گھر میں ایک رانی — غنچہ دہن و حسن کی بانی
تھی بانجھ نہتی کچھ اوسکی اولاد — اس فکر سے تھا وہ راؤ ناشاد
ڈھونڈے تھا علاج ہر کسو میں — اولاد کی تھا وہ جستجو میں
ناگاہ کہا کسو نے بارے — درویش ہے ایک ندی کنارہ[108]
ملتا ہے بھبوت نت پیارا — رہتا ہے صدا خلق سے نیارا[109]
طاعت میں خدا کی نت ہے مشغول — اور یاد میں اور سب گیا بھول
ہے شاہ لباس میں گدا کے — رکھتا نہیں یاد[110] جز خدا کے
ہے سیف زباں ضمیر روشن — تن خاک ہے صاف دل چو درپن[111]
رکھتی ہے دعا گدا کی تاثیر — اوسکا پنچو[112] کہہ نشانہ سے تیر

---

[105] بیدرد (فی الاصل)، [106] اصل میں 'بے شمار است' ہے لیکن قافیہ کے خیال سے یا مصرع اول میں 'باختیار است' پڑھنا چاہیے، یا دوسرے مصرع میں 'بے شمارش' بنانا چاہیئے،

[107] دوہے کا مطلب اچھی طرح واضح نہیں ہوسکا مفہوم یہ ہے کہ اسکے پاس سب سازاور تری اور ہاتھی اورخزانہ جو دیکھنے میں نہیں آیا (موجود تھا) اور عادل اتنا کہ گائے اور شیر ایک ہی گھاٹ پر سیر ہوکر پانی پیتے تھے،

[108] = کنارے، [109] جدا، [110] شاید 'یاد' ہو، [111] = شیشہ،

[112] = پہنچو کے،

ص ۳۱۵ س ۱۱ - ابو العلاء ابن الشخّیر ہو یزید بن عبد اللہ ابن الشخّیر روٰی عن ابیہ واخیہ مطرّف وآخرین من الصحابة منہم النمر بن تولب المترجم ، توفّی سنة ۱۱۱ ھ؛ انظر تراجمہ فی التہذیب لابن حجر (۱۱ : ۳۴۱) والطبقات (۷ : ۱۶۰/۱) واسد الغابة (۵ : ۱۱۶)؛

وھذا آخر ما تیسّر لنا من تعلیقات الکتاب ،

تصحیح الاغلاط

المتعلّق بکتاب الکاف من تلخیص مجمع الآداب

سقط من أوّل الصفحة ۲۰۵ عبارةٌ نصّها :۔

لمّا قُتِل أمر طاهر بن الحسین الکتّاب ان یکتبوا فی ذلك الی المأمون فکتب:

وانّ المخلوع؛

وهاك تصحیح باقی الاغلاط المهمّة

الصفحة	السطر	المطبوع	الصحیح
۱۱	۶	امرة	امرأة
۱۸	۶	صار	فلك
۲۸	۹	دلری	ذکری
″	۱۵	.....	بمرکب
۷۵	۳	سما	یتتمّا
۲۱۳	۱۵	می	دمی
۲۱۶	۲	بن	من
۲۴۳	۲۰	۵۹۵ھ	۳۹۵ھ
۲۵۶	۲۰	لسان العرب	لسان العرب ، وکان ضریراً؛
۲۸۰	۱۱	ویشخدوا	ویشحذوا
۳۱۶	۲-۵	اعتذار الخ	لاحاجة الیه
۳۱۷/۱	۲۰	القزوینی ابزون ابن مهبرذ	القزوینی
۳۱۷/۲	۱	الکافی العمانی	ابزون بن مهبرذ الکافی العمانی

تصحیح الاغلاط

المتعلّق بالزیادات

لم اتمکّن من تصحیح ملازم "الزیادات" بنفسی فکثرت فیھا الاغلاط واھمّھا سقوط اعداد الصفحات المحوّلة علیھا۔ وقد صحّحنا ھھنا الاھمّ منھا، و یسھل علی القاری تصحیح الباقیة منھا،

ص	س	المطبوع	الصحیح	ص	س	المطبوع	التصحیح
۱	۲	اخدمنا	خدمنا	۵۶	۳	ص	) ص۳۴ زیادات)
۱۶	۱۶	۱۷۸ھ	۱۸۷ھ				و
۲۲	۱۸	یحدّنا	یجرّنا	۵۷	۵	اتانت	اتت
۲۳	۱۱	حلت	طلت	۵۷	۱۴	الحق	اُطُلق
۲۵	۱۱	ص س	ص۴۲ س ۴	۶۳	۱۲	وافی	واقی
//	۱۹	ھوبن	ھومن	۶۴	۲۱	ج۳ ص	ج۳ ص ۱۶۸
۳۴	۱۱	رفیع الدین	لرفیع الدین	۶۶	۶	جیش	حُبَیْش
۳۶	۳	الخربی	الخزی	۶۸	۲۰	یخدمن	نجد من
۳۷	۱	نادھما	فاحدھما	۷۵	۲۱	موّل	عوّل
۴۱	۱۳	الاشتغال	الاشغال	۷۷	۳۰	ج۱ ص	ج۱ ص ۶۲۵
۴۳	۱	ص۶۹ س	ص۶۲ س ۱۹	۸۲	۵	ص س	ص ۲۶۵ س ۱۶
۴۵	۱۵	تلقبیه	تلقّبهٗ	//	۱۶	ص س	ص ۲۶۶ س ۴
۵۴	۱۸	باستعارہ	باشعارہ	//	۱۹	ص س	ص ۲۶۶ س ۷

ص	س	المطبوع	الصحیح
۸۲	۲۰	بمرج	بمرجمزاتکن
۸۳	۱	ص س	ص ۲۶۶ س ۱۰
〃	۱۱	ص س	ص ۲۶۹ س ۲
〃	〃	کمال الدین	کمال الدین محمد بن الفضل
〃	۱۶	ص س	ص ۲۷۱ س ۸
۸۴	۱	ص س	ص ۲۷۲ س ۱
〃	۴	ص س	ص ۲۷۴ س ۱
〃	۶	ص س	ص ۲۷۵ س ۴
〃	۷	فی	فی الاکمال
〃	۲۰	ص س	ص ۲۸۳ س ۲
۸۵	۳	ص س	ص ۲۸۹ س ۱۳

ص	س	المطبوع	الصحیح
۸۵	۸	ص س	ص ۲۹۳ س ۴
〃	۱۷	ص س	ص ۲۹۳ س ۲
۸۶	۳	ص س	ص ۲۹۵ س ۸
〃	۹	ص س	ص ۲۹۷ س ۸
〃	۲۰	ص س	ص ۳۰۹ س ۵
۸۷	۲	ص س	ص ۳۱۱ س ۱
〃	۴	عہدی	احدٰی
〃	۱۷	ص س	ص ۳۱۲ س ۵
۸۸	۶	ص س	ص ۳۱۲ س ۱۵
〃	۹	ص س	ص ۳۱۳ س ۱۷
〃	۱۵	ص س	ص ۳۱۴ س ۱۰
〃	۱۹	ص س	ص ۳۱۴ س ۱۸

کتب خانہ جامعہ مسلمہ دہلی — اورینٹل کالج میگزین (حصہ اردو)

اس علمی ادبی اور تاریخی سہ ماہی رسالہ کا سالانہ چندہ ۴ہ ہے۔ اس رسالہ کا ضمیمہ
پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کی طرف سے شایع ہوتا ہے اس کا سالانہ چندہ ۴ہ ہے
یہ رسالہ ۱۹۲۵ء سے شایع ہو رہا ہے سابقہ نمبر تھوڑی سی تعداد میں باقی ہیں (بجز
اگست ۱۹۲۶ء کے دو رسالوں کے کہ وہ ختم ہو چکے ہیں) قیمت فی نمبر ۱۲؍
ذیل کے مقالات اور کتابیں جو اس رسالہ میں شایع ہوئیں الگ بھی مل سکتی ہیں:-

(۱) ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین جلد اول نمبر ۱ سلسلہ نمبر ۱
غزلیات حضرت امام العالم و غوث الاعظم امیر سید محمد الملقب بہ نوربخش قیمت ۴؍
(۲) سفرنامہ چین ۸۱۹ تا ۸۲۳ یعنی مضمون و محصل روزنامچہ خواجہ غیاث الدین (نقاش) ایلچی بایسنغر میرزا بن شاہرخ میرزا ابن امیر تیمور گورگان کہ حافظ ابرو در زبدۃ التواریخ درج نمودہ ۔۔ قیمت ۸؍
(۳) فہارس لسان العرب حصہ دوم (فہرست قوافی) از مولوی عبدالقیوم ایم۔اے۔ (زیر طبع)
(۴) مطلع سعدین از کمال الدین سمرقندی۔ مرتبہ پروفیسر محمد شفیع ایم اے پرنسپل اورینٹل کالج لاہور۔ ۲۲۴ صفحے چھپ چکے ہیں۔ باقی کتاب زیر طبع ہے۔
(۵) تلخیص مجمع الآداب فی معجم الالقاب۔ لابن الفوطی۔ جلد ۵۔ کتاب الکاف۔ قیمت ۱۲؍

درخواستیں پرنسپل اورینٹل کالج لاہور کے نام آنی چاہئیں

اورینٹل کالج میگزین

حصہ اوّل

ایڈیٹر
محمد اقبال
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ۔

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائیں گے ۔

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصۂ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروفِ فارسی)، حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصّہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ۔

وقتِ اشاعت و قیمتِ اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شایع ہوگا، سالانہ چندہ حصۂ اردو کے لئے ۲؎ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ۔

خط و کتابت و ترسیلِ زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں،

محلِ فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ۔

قلمِ تحریر حصۂ اُردو کی ادارت کے فرائض پروفیسر محمد شفیع ایم اے اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصّہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ۔

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے ۔

فہرستِ مضامین

جلد ۱۹ عدد ۱	بابت ماہ نومبر ۱۹۴۲ء	عدد مسلسل ۷۱

نوٹ:۔ ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریدارانِ ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے۔

گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام ہیتا سنگھ داس پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خان نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا۔

خان بہادر مولوی محمد شفیع صاحب ایم۔اے
ریٹائرڈ پرنسپل اورینٹل کالج۔

خان بہادر مولوی محمد شفیع

تینتیس برس کی لگاتار اور ممتاز خدمات انجام دینے کے بعد ہمارے مکرم پرنسپل خان بہادر مولوی محمد شفیع صاحب پنجاب یونیورسٹی کی ملازمت سے سبکدوش ہوئے ۔ جامعۂ پنجاب کے زمرۂ معلمین میں آپ کی موجودگی یونیورسٹی کے لئے باعثِ فخر و مباہات تھی ۔ اس طویل عرصے میں آپ نے جس قابلیت اور خوبی کے ساتھ اپنی کرسیٔ تدریس کو زینت بخشی وہ آپ کے ہمکاروں، شاگردوں اور ذی علم بزرگوں سے پوشیدہ نہیں ہے ۔

آپ کا وطنِ مالوف شہر قصور ہے ۔ جہاں آپ کی پیدائش ۶ اگست ۱۸۸۳ء کو ہوئی ۔ ابتدائی تعلیم وہیں کے ہائی سکول میں پائی اور ۱۹۰۰ء میں امتحان انٹرنس پاس کرنے کے بعد آپ اسلامیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے ۱۹۰۴ء میں آپ نے بی ۔ اے کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کیا ۔ اور عربی اور فارسی میں صوبہ بھر میں اوّل رہے ۔ اس نتیجے پر آپ کو یونیورسٹی کا وظیفہ اور کئی ایک امتیازی تمغے ملے ۔ ۱۹۰۵ء میں آپ نے انگریزی میں ایم ۔ اے پاس کیا ۔ اور ایک سال بعد سنٹرل ٹریننگ کالج سے ایس اے وی کی سند حاصل کی، ۱۹۰۶ء میں آپ محکمۂ تعلیم کی ملازمت میں داخل ہوئے ۔ اور کچھ عرصہ نارمل اسکول لاہور میں سیکنڈ ماسٹر اور ازاں بعد انسپکٹر مدارس رہے ۔ ۱۹۱۳ء میں آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے پرائیویٹ طور پر عربی میں ایم ۔ اے کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کیا ۔ اور کامیاب طلبہ میں اوّل رہنے کی بنا پر کئی ایک انعام اور تمغے حاصل کئے ۔ ۱۹۱۵ء میں پنجاب یونیورسٹی نے

آپ کو میکلوڈ عربک ریسرچ سکالرشپ عطا کیا۔ اور اس کے ساتھ ہی آپ کو گورنمنٹ آف انڈیا ریسرچ سکالرشپ ملا جو اُس زمانے میں خاص عربی کی اعلیٰ تعلیم یورپ جا کر حاصل کرنے کے لئے دیا جاتا تھا۔ چنانچہ اسی سال آپ عازمِ انگلستان ہوئے اور کیمبرج یونیورسٹی میں بحیثیت ریسرچ اسکالر داخل ہوئے۔ دو سال بعد ۱۹۱۷ء میں آپ نے وہاں سے بی۔ اے کی سند فضیلت حاصل کی۔ کیمبرج کے دورانِ قیام میں آپ کو ۱۹۱۸ء میں آئی۔ سی۔ ایس کے طلبہ کے لئے یونیورسٹی کی طرف سے اردو لیکچرر مقرر کیا گیا۔ ۱۹۱۹ء کے شروع میں آپ کیمبرج سے واپس لاہور آ کر پنجاب یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ اور اس وقت سے لے کر ستمبر ۱۹۴۲ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔ اس کے علاوہ آپ تقریباً پندرہ سال ۱۹۲۱ء سے ۱۹۳۶ء تک اورینٹل کالج لاہور کے وائس پرنسپل رہے اور بالآخر جنوری ۱۹۳۶ء میں ڈاکٹر وولنر آنجہانی کے انتقال کے بعد پرنسپل ہوئے۔ پونے سات سال اس عہدے کے فرائض انجام دینے کے بعد آپ ۳۰ ستمبر ۱۹۴۲ء کو بعزّ و افتخار سبکدوش ہوئے۔ آپ کے تمام رفقا اور شاگرد آپ کی علیحدگی سے متاثر ہیں۔

جنابِ خان بہادر صرف پروفیسر اور پرنسپل ہی نہ تھے۔ بلکہ یونیورسٹی کے اُن اربابِ حل و عقد میں سے تھے جن کی رائے میں وزن اور بات میں اثر تھا۔ بیس سال سے زیادہ عرصے سے وہ یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے ایک مقتدر ممبر ہیں۔ یونیورسٹی کے ہر شعبے کا انتظام اسی مجلس سے متعلق ہے۔ اور اس کا ہر ممبر ذمہ داری کا ایک بھاری بوجھ اپنی گردن پر رکھتا ہے۔

اس مجلس کے علاوہ وہ یونیورسٹی کی اور بے شمار کمیٹیوں اور بورڈوں

کے ممبر رہے اور ہیں۔ اور ممبر بھی نام کے ممبر نہیں بلکہ وُہ ممبر جن کی ذات سے ان کمیٹیوں کا سارا انتظام وابستہ ہے۔ جو لوگ پنجاب یونیورسٹی کی مشین کے چلنے اور کام کرنے کی کیفیت کو جانتے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ایسے شخص کو سال کا بیشتر حصہ کس قدر شدید مصروفیت میں بسر کرنا پڑتا ہے۔ ان تمام مصروفیتوں کے علاوہ ایک کالج کی پرنسپلی اور درس وتدریس کے فرائض ایسے مشاغل ہیں۔ جو بالکل فرصت کا کوئی وقت باقی نہیں چھوڑتے۔ لیکن ہمارے مخدوم اُن شاذ لوگوں میں سے ہیں۔ جن کے قوائے جسمانی کو تھکن کا تجربہ نہیں ہوتا۔ نہ صرف یہ بلکہ ان تمام کاموں سے عہدہ برآ ہونے کے بعد انہوں نے تصنیف وتالیف کا مشغلہ بھی برابر جاری رکھا۔ آگے چل کر ہم اُن کی تالیفات اور مضامین کی فہرست دیں گے جو انہوں نے اپنی پروفیسری کے زمانے میں لکھے۔

اُن کے ذاتی خصایل میں یہ بات خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہے۔ کہ وُہ کبھی اپنی زندگی میں شہرت یا ستایش کے طالب نہیں ہوئے۔ پنجاب یونیورسٹی کی ملازمت کے زمانے میں انہوں نے بعض ایسی قابل تعریف خدمات انجام دی ہیں۔ جن کا بہت کم لوگوں کو علم ہے۔ یہ کہنا ہرگز مبالغہ نہیں ہے۔ کہ یونیورسٹی لائبریری کا شعبۂ فارسی وعربی جو قلمی اور دوسری نادر کتابوں کے اعتبار سے ہندوستان کے چند بہترین کتب خانوں میں سے ہے۔ اِن ہی کی مساعیِ جمیلہ سے ایسے عروج کو پہنچا ہے۔ اُنہوں نے نادر قلمی کتابوں کی تلاش میں بعض دور و دراز مقامات کے سفر کیے اور لائبریری کے لئے کتابیں بہم پہنچائیں۔ اورینٹل کالج میگزین جو سترہ سال سے قابل تعریف علمی خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہی کی تحریک سے جاری ہوا تھا۔ پنجاب یونیورسٹی عربک و پرشین سوسائٹی ۱۹۲۳ء میں انہی کی کوشش سے وجود میں آئی۔

ان تمام علمی اور تدریسی خدمات کے صلے میں گورنمنٹ کی طرف سے آپ کو اسی سال "خان بہادر" کا گرانقدر خطاب عطا ہوا جو اُن کے لئے ہر طرح موزوں اور مناسب ہے۔

جناب خان بہادر کا سن اس وقت ایک کم ساٹھ ہے۔ لیکن بفضلہ تعالیٰ آپ کے جسمانی اور دماغی قویٰ عمر کے اعتبار سے بہت اچھی اور تندرست حالت میں ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں۔ کہ خدا کرے وُہ عرصۂ دراز تک اپنے علمی کارناموں سے ہمیں مشکور کرتے رہیں!

ذیل میں ہم اُن چند ممتاز جگہوں اور عہدوں کے نام لیتے ہیں۔ جن پر جناب ممدوح ملازمت کے دوران میں متمکن رہے:۔

۱۔ پروفیسر پنجاب یونیورسٹی .... از ۱۹۱۹ء تا ۱۹۴۲ء
۲۔ وائس پرنسپل اورینٹل کالج .... از ۱۹۲۱ء تا ۱۹۳۶ء
۳۔ پرنسپل اورینٹل کالج .... از ۱۹۳۶ء تا ۱۹۴۲ء
۴۔ فیلو پنجاب یونیورسٹی .... از ۱۹۱۹ء تا حال
۵۔ ممبر سنڈیکیٹ پنجاب یونیورسٹی .... از " "
۶۔ چیرمین عربک و پرشین بورڈ .... از " "
۷۔ ڈین اورینٹل فیکلٹی .... از ۱۹۳۳ء "
۸۔ چیرمین لائبریری کمیٹی .... از ۱۹۳۷ء "
۹۔ صدر عربک و پرشین سوسائٹی .... از " "
۱۰۔ صدر شعبۂ عربی و فارسی۔ آل انڈیا اورینٹل کانفرنس منعقدہ ٹراونکور ... ۱۹۳۷ء

تالیفات و مضامین از جناب خان بہادر مولوی محمد شفیع

(ا) کتب:-

۱- فہارس العقد الفرید۔ (سلسلہ مطبوعات پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۵ء و ۱۹۳۷ء
یہ کتاب مؤلف کی تقریباً پندرہ سال کی محنت کا نتیجہ ہے
پنجاب یونیورسٹی نے اسے بصرفِ زرِ کثیر شائع کیا۔
۲ جلد - تعداد صفحات ۱۴۰۰،

۲- تذکرۂ میخانہ شیخ عبدالنبی - فارسی متن مع حواشی و فہرست (لاہور ۱۹۲۶ء)
تعداد صفحات ۷۵۰،

۳- تتمہ صوان الحکمۃ - متن عربی مع حواشی و فہارس (سلسلہ مطبوعات
پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۵ء) تعداد صفحات ۲۶۰،

۴- تتمہ صوان الحکمۃ - متن فارسی (ایضاً صفحات ۱۳۴)،

۵- مطلع السعدین از عبدالرزاق سمرقندی - متن فارسی مع حواشی و فرہنگ
جلد اوّل - لاہور ۱۹۴۱ء -
جلد دوم زیرِ طبع ہے،

(ب) مضامین:-

۱- فرقۂ نور بخشی . . . . . اورینٹل کالج میگزین - فروری و مئی ۱۹۲۵ء
۲- قصۂ امیر حمزہ . . . . " " - نومبر ۱۹۲۵ء و فروری ۱۹۲۶ء
۳- فہرست مصنفات شاہ رفیع الدین " " " - نومبر ۱۹۲۵ء
۴- رام پور کے دو کتب خانے - " " " "
۵- لاہور قدیم - دارا شکوہ کا آئینہ محل - " " " - مئی ۱۹۲۶ء

۶۔ مثنوی گلستان خیال ...... اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۲۶ء

۷۔ کتابخانہ ریاست کپورتھلہ ..... ″ ″ ″ ″ اگست و نومبر ۱۹۲۷ء و فروری ۱۹۲۸ء

۸۔ فارسی تذکرے .... ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″

۹۔ لاہور قدیم .... ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″

۱۰۔ پنجاب کے دو مشہور قصے (ہیر رانجھا و سسی پنوں) ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″

۱۱۔ رسالہ در معرفت عناصر و کائنات الجو .. ″ ″ ″ مئی ۱۹۲۸ء

۱۲۔ افغانان قصوری .... ″ ″ ″ اگست ۱۹۲۸ء

۱۳۔ خاندان سید الوزراء نظام الملک ″ ″ ″ نومبر ۱۹۲۸ء

۱۴۔ مبارز الدولہ میر ابراہیم خان خویشگی ″ ″ ″ مئی ۱۹۲۹ء

۱۵۔ فرقۂ نوربخشیہ کے حالات پر مزید روشنی ″ ″ ″ اگست ۱۹۲۹ء

۱۶۔ سفرنامۂ چین از زبدۃ التواریخ حافظ ابرو ″ ″ ″ نومبر ۱۹۳۰ء

۱۷۔ فہرست مصنفات علامہ شہرستانی .. ″ ″ ″ نومبر ۱۹۳۱ء

۱۸۔ بہارالدین ابو محمد الخرقی ... ″ ″ ″ فروری ۱۹۳۲ء

۱۹۔ سفینۃ الاولیاء کا ایک نایاب نسخہ ″ ″ ″ مئی ۱۹۳۴ء

۲۰۔ سلطان حسین میرزا کے دربار میں علم و ہنر کی سرپرستی ...... ″ ″ ″ مئی ۱۹۳۴ء

۲۱۔ خط و خطاطان .... ″ ″ ″ اگست ۱۹۳۴ء و ۱۹۳۵ء

۲۲۔ شرح حال رشید الدین وطواط ″ ″ ″ نومبر ۱۹۳۴ء۔ فروری ۱۹۳۵ء
مئی ۱۹۳۵ء و اگست ۱۹۳۶ء

۲۳۔ خطاطان سندھ .... ″ ″ فروری ۱۹۳۵ء

۲۴۔ سندھ کے بعض کتبے ...... ″ ″ ″ فروری ۱۹۳۵ء و اگست ۱۹۳۷ء

۲۵۔ مطہر کٹڑہ .... اورینٹل کالج میگزین مئی ۱۹۳۵ء

۲۶۔ مسجد وزیر خاں لاہور کے بعض کتبات " " " " مئی ۱۹۳۶ء

۲۷۔ شہر قصور کے متعلق بعض اقتباسات " " " فروری ۱۹۳۷ء

۲۸۔ خطاطی کے نمونے ...... " " " اگست ۱۹۳۷ء

۲۹۔ آداب الحرب والشجاعۃ .... " " " نومبر ۱۹۳۷ء

۳۰۔ وصف حرمین ۔ ماخوذ از ابن عبد ربہ (بزبان انگریزی) در "عجب نامہ" (پروفیسر براؤن کی ساٹھویں سالگرہ کے موقع پر شائع کیا گیا) کیمبرج ۱۹۲۲ء

۳۱۔ شالامار باغ (بزبان انگریزی) "اسلامک کلچر" جنوری ۱۹۲[illegible]ء

۳۲۔ عمر خیام کا قدیم ترین تذکرہ (بزبان انگریزی) "اسلامک کلچر" اکتوبر ۱۹۳۲ء

۳۳۔ "در آں میان" (بزبان انگریزی) "روئداد" ادارہ معارف اسلامیہ۔ اجلاس اول ۱۹۳۳ء

۳۴۔ "تین قدیم دستاویزیں" (بزبان انگریزی) روئداد ادارہ معارف اسلامیہ اجلاس دوم ۱۹۳۶ء

۳۵۔ مکتوبات رشید الدین فضل اللہ متعلق ہند۔ "وولنر میموریل والیوم" ۱۹۴۱ء

ایڈیٹر

پہلی صدی ہجری میں عربی عمّال کے ایرانی مسکوکات

سطور ذیل سے مقصد میرے مجموعۂ مسکوکات سے ان سکوں کی فہرست ناظرین کی خدمت میں پیش کرنا ہے جو عمّال عرب نے ایران میں جاری کیئے۔ یہ سکے تمام تر پہلی صدی ہجری سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور ساسانی سلاطین کے سکوں کی تقلید میں لگائے گئے ہیں۔ یہ فہرست مختصر ہے۔ لیکن جو کچھ حاضر ہے۔ ہدیۂ احباب ہے۔ اس ملک میں ان قدیم سکوں کا دستیاب ہونا بہت دشوار ہے۔

حضرت فاروق اعظم کے عہد میں اسلامی فتوحات کا سیلاب ایران کی طرف بڑھتا ہے۔ قادسیہ اور نہاوند کی جنگوں نے ساسانی حکومت کا چراغ گل کر کے ایران کو خلافت اسلامیہ کا محکوم بنا دیا۔ اس سرزمین میں جگہ جگہ عربوں کی چھاؤنیاں قائم ہو گئیں۔ اور خلافت اپنے عاملوں کے ذریعہ سے اس پر حکومت کرنے لگی۔ ہم یہاں سیاسی حالات سے بحث کرنا نہیں چاہتے۔ نہ اس انتظام کا ذکر کرتے ہیں۔ جو عربوں نے ایران پر حکمرانی کے واسطے اختیار کیا۔ ہمارا تعلق مسکوکات سے ہے ان کے سلسلہ میں گاہ گاہ ہمیں تاریخ کی طرف رجوع کرنی پڑے گی۔

ایران میں آمد عرب کے وقت ساسانی سکہ چل رہا تھا۔ جس پر کوئی مستقل سن نہیں ہوتا تھا۔ بلکہ جلوسی جو ہر بادشاہ اپنے اپنے جلوس کی تاریخ کی یادگار میں اختیار کرتا تھا۔ ان میں دو قسم کے سکے زیادہ مقبول معلوم ہوتے ہیں۔ جو خسرو پرویز اور یزدجرد خاتم شاہان ایران سے تعلق رکھتے ہیں۔ عربوں نے یزدجرد بالخصوص خسرو پرویز کے سکوں کی ہر دلعزیزی دیکھ کر انہی سکوں کو اپنے لئے نمونہ بنا لیا۔ چنانچہ یہ سکے اپنی وضع قطع زبان وخط و دیگر امور میں

بالکل ایرانی سکوں کے مطابق تھے۔ اِن کی زبان پہلوی تھی۔ ایک طرف
بادشاہ کی تصویر۔ منہ کے سامنے اس کا نام۔ گردن کے طرف بادشاہ کے
واسطے دعا۔ حاشیے میں راست وچپ۔ پائین وبالا چار ہلال اور ستارے۔
سکے کی پشت پر دائرہ میں مقدس آگ کا مجمر۔ اس کے دائیں بائیں دو خدمتگزار
دائرہ میں دائیں جانب شہر کا نام ترخیم شدہ شکل میں یعنے صرف ابتدا کے دو
تین حروف درج ہوتے تھے۔ باقی حصہ حذف کردیا جاتا تھا۔ دائرہ کی بائیں
طرف تاریخ سال مرقوم ہوتی تھی۔ عربوں نے ان سکوں کو جوں کا توں قبول
کرلیا لیکن اس قدر ترمیم کی کہ اپنی حکومت کے اعلان کے واسطے رخ کی طرف
جدھر بادشاہ کی تصویر ہوتی تھی۔ بیرون دائرہ حاشیے پر کوئی عربی کلمہ بخط
کوفی جس میں زیادہ تر الفاظ "بسم اللہ" یا "بسم اللہ ربی" بہت عام ہیں۔ ایک
طرف اضافہ کردیا۔ باقی امور حسب دستور قدیم رہنے دئے۔ حتّٰی کہ بادشاہ
کے نام تک کو نہیں بدلا۔ بلکہ سن بھی یزدجردی اختیار کرلیا۔ محققین کا خیال ہے
کہ سکہ خواہ خسرو پرویز کے نام کا ہو یا یزدجرد کے نام کا۔ دونوں سکوں پر یزد
جردی تاریخ قائم رہی۔ یزدجرد ۲۰ سنہ جلوس یزدجردی (مطابق ۳۱ سنہ ھ) میں ایک
ایرانی آسیابان کے ہاتھ سے مرو میں مارا گیا۔ اسی تاریخ سے عربی سکے جن کو
ہم "بسم اللہی" کہیں گے شروع ہو جاتے ہیں۔ ۲۰ سنہ یزدجردی کے ایسے سکے
موجود ہیں جن پر "بسم اللہ" درج ہے۔ لیکن یہ لازمی نہیں کہ ہر عربی سکے پر
"بسم اللہ" ہو۔ ایسے سکے بھی کثرت سے ملتے ہیں جن پر "بسم اللہ" یا کوئی اور
اسلامی کلمہ مذکور نہیں۔ اور یزدجرد کے بعد لگے ہیں۔ جیسا کہ ان کی تاریخوں
سے پتہ چلتا ہے۔ اور یہی تاریخیں ان کو یزدجردی سکوں سے ممیز کرتی ہیں۔
ایسے سکے اس مجموعے میں متعدد ہیں۔ یہ غالباً حضرت عثمان ۲۳ سنہ ھ (مطابق

سنہ ۱۲ یزدجردی (و سنہ ۳۵ھ مطابق سنہ ۲۶ یزدجردی) کا زمانہ ہے۔ جب پہلی
مرتبہ مسلمانی سکے ایران میں لگنے شروع ہوتے ہیں۔ اور ہر ایسا سکہ جس پر
سنہ ۲۰ یزدجردی سے بعد کی تاریخ ہے۔ سمجھ لینا چاہئے۔ کہ مسلمانی دور کا ہے۔ تقریباً
نصف صدی ختم ہونے تک ان سکوں میں یزدجردی سن جاری رہا۔ بعد میں
اس تاریخ کو موقوف کر کے ہجری تاریخ اختیار کر لی گئی۔ لیکن یہ تبدیلی غیر
محسوس طور پر ہوئی ہے۔ اور ہم اپنی موجودہ معلومات کی روشنی میں کسی خاص
سال تک اس کی حدبندی نہیں کر سکتے۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے۔ کہ ان والیوں
کی دو مختلف شہروں کی ٹکسالوں میں سے ایک پر یزدجردی سن پایا جاتا ہے
اور دوسری پر ہجری سن استعمال ہو رہا ہے۔ یا ایک ہی والی کے ابتدائی سکے
ایرانی سن میں ہیں۔ اور بعد کے ہجری سن میں بلکہ بعض اوقات یہ فیصلہ کرنا
مشکل ہو جاتا ہے۔ کہ ایک خاص سکہ پر ہجری تاریخ ہے یا یزدجردی۔ اسی
طرح ایک اور اشتباہ پیدا کرنے والا امر یہ ہے۔ کہ ایرانیوں نے یزدجرد کی وفات
پر ایک جدید فارسی سن کا اجرا کیا تھا۔ جو یزدجردی سال سے بیس سال چھوٹا
ہے۔ گمان گذرتا ہے۔ کہ یہ سن بھی سکوں میں استعمال ہوا ہے۔ یہ امور ہیں۔ جو
بعض اوقات خاص خاص سکوں کی تاریخوں کی نسبت ہمارے لئے حیرانی اور
تذبذب کا سامان بنتے ہیں۔

سکہ اگرچہ شاہی حقوق کے ذیل میں شمار ہوتا ہے۔ لیکن خلفائے راشدین میں سے
کسی نے بھی سکوں پر اپنا نام درج نہیں کرایا۔ نہ انہوں نے سکہ چلایا نہ سکے پر
ان کا نام آیا۔ بنو امیہ نے اگرچہ سکے چلائے۔ لیکن انہوں نے تمام مدت خلافت
میں اپنا نام سکوں پر نہ دیا۔ اگرچہ حضرت معاویہ اور عبدالملک ابن مروان کے ناموں
کے چند سکے دستیاب ہوئے ہیں۔ لیکن یہ استثنا قائم کرتے ہیں۔ نہ قاعدہ۔ بلکہ جب

عبدالملک نے ۷۷ھ میں خالص عربی طرز کے سکے اپنی قلمرو میں رائج کئے تب بھی ان خلفا کا نام سکوں پر نہ آیا۔ یہ خلفائے بنو عباس ہیں جن کا نام سب سے پہلے سکوں پر نمودار ہوتا ہے۔ ورنہ اس سے پیشتر حضرت عثمان اور حضرت علی کے دور میں سکوں پر یا تو خسرو پرویز کا نام لکھا جاتا تھا جو نہایت عام ہے یا یزدجرد کا نام دیا جاتا تھا۔ جو اتنا عام نہیں۔ بعض اوقات ہرمز کے نام کے سکے بھی ملتے ہیں۔ لیکن بعد میں عرب والیوں نے ان ساسانی سلاطین کا نام ہٹا کر اپنا نام درج کرنے کا دستور جاری کر دیا۔ یہ دستور مغربی محققین کے بیان کے مطابق ۴۱ھ سے شروع ہو کر جو حضرت معاویہ کی خلافت کا پہلا سال ہے ۸۳ھ تک جو عبدالملک بن مروان کی حکومت کا آخری سال ہے۔ قائم رہتا ہے۔

میرے پاس جو سکے ہیں زیادہ تر بنو امیہ کے بعض عمّال سے متعلق ہیں۔ ان میں حضرت عبداللہ ابن زبیر اور ان کے والیوں کے سکے بھی شامل ہیں جنہوں نے جداگانہ خلافت قائم کر کے ایک عرصہ تک خراسان پر اپنے عاملوں کے ذریعہ سے حکومت کی ہے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں:-

۱۔ عبداللہ ابن عامر۔ ۲۔ زیاد ابن ابوسفیان۔ ۳۔ عبیداللہ ابن زیاد۔
۴۔ سلم ابن زیاد۔ ۵۔ عبداللہ ابن زبیر۔ ۶۔ عبداللہ ابن حازم۔
۷۔ طلحہ ابن عبداللہ۔ ۸۔ عمر ابن عبیداللہ۔

یہاں ان عرب عاملوں کے مختصر حالات دئے جاتے ہیں جو زیادہ تر تاریخ سیستان اور مسٹر جان واکر کی فہرست عرب ساسانی مسکوکات طبع ۱۹۴۱ء کے دیباچہ سے ماخوذ ہیں۔

۱۔ عبداللہ ابن عامر بن کریز:۔ ۲۹ھ میں حضرت عثمان نے ابوموسیٰ اشعری کو ایالت بصرہ اور عثمان ابن العاص کو فارس کی حکومت سے معزول کر کے دونوں

علاقے عبداللہ ابن عامر کے حوالے کر دئے۔ عبداللہ کی عمر اس وقت صرف پچیس برس کی تھی۔ اس نے کچھ عرصہ بصرہ میں قیام کیا۔ اس کے بعد زیاد بن ابیہ کو اپنی نیابت کے واسطے بصرہ میں چھوڑ کر ایران آ گیا۔ اصطخر فتح کیا۔ خرہ اردشیر پر جنگ کی۔ گازرون اور داراب جرد مسخر کرنے کے بعد پھر خرہ اردشیر پر آ دھمکا۔ اس دفعہ اس پر قبضہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ جب یزدجرد ساسانی بھاگ کر مرو میں پناہ گزین ہوا۔ عبداللہ بن عامر نے مجاشع بن مسعود التیمی کو اس کے تعقب میں روانہ کیا۔ مجاشع نے سیرجان پر قبضہ کیا۔ ۳۰ھ میں عبداللہ نے مجاشع کو سیستان کی تسخیر کے واسطے رخصت کیا۔ سیستانی بڑی بیجگری کے ساتھ لڑے۔ بہت مسلمان مارے گئے۔ مجاشع ناکام واپس لوٹا۔ جب دربار خلافت میں اس مہم کی ناکامی کی اطلاع پہونچی۔ آپ نے ربیع بن زیاد الحارثی کو بڑی فوج کے ساتھ عبداللہ ابن عامر کے پاس بھیجا کہ اس کو سیستان کی مہم پر مقرر کرو۔ عبداللہ نے تعمیل ارشاد میں ربیع کو سیستان روانہ کیا۔ اس نے جا کر یہ صوبہ فتح کر لیا۔ بعد میں ربیع غزنین تک پہونچا۔ اور بست ہوتا ہوا عبداللہ بن عامر کے پاس پہونچ گیا۔ سیستانیوں نے موقع پا کر بغاوت کر دی۔ اس مرتبہ ان کی سرکوبی کے واسطے عبداللہ ابن عامر نے ۳۳ھ میں حسب الحکم خلافت عبدالرحمٰن بن سمرہ کو مقرر کیا۔ اس نے بغیر لڑے بھڑے سیستانیوں سے معاملہ کر لیا۔ ۳۵ھ میں حضرت عثمان کی شہادت کا حادثہ پیش آیا۔ جس سے تمام معاملات خلافت درہم وبرہم ہو گئے۔ حضرت علی کی خلافت کے زمانہ میں عبداللہ ابن عامر کو خلافت کے نزاع میں حصہ لینا پڑا۔ جنگ جمل میں وہ ام المومنین کے طرفداروں میں تھا۔ جب ۴۱ھ میں حضرت معاویہ کا دور حکومت آیا۔ انہوں نے ایالت بصرہ دوبارہ عبداللہ ابن عامر کے سپرد کر دی۔ جس کے ساتھ خراسان وسیستان کا علاقہ بھی شامل

تھا۔ عبداللہ سب سے پیشتر سیستان آیا۔ اس کا مقدمہ احنف بن قیس کے حوالے تھا۔ کچھ مدت کے بعد خراسان گیا۔ اور نشاپور میں اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ ۴۴ھ میں عبداللہ بن عامر معزول ہوتا ہے۔ اور اس کا عہدہ زیاد ابن ابیہ کے سپرد ہوتا ہے۔

۲۔ زیاد ابن ابیہ :۔ یہ اپنے عہد کا سب سے مشہور و معروف شخص ہے۔ ابتدا میں بصرہ میں عبداللہ بن عامر کا دبیر تھا۔ اس کی کارگذاری سے خوش ہو کر عبداللہ نے ایران جاتے وقت بصرہ کی حکومت اس کے تفویض کی۔ حضرت معاویہؓ نے اس کو اپنا بھائی تسلیم کر کے ایالت بصرہ اس کو عنایت کی۔ چنانچہ اب وہ زیاد ابن ابو سفیان کہلانے لگا۔ کچھ عرصہ کے بعد کوفہ کی عملداری اس کے حوالہ ہوئی۔ زیاد نے سیستان میں ربیع الحارثیؓ کو اپنا نائب بنا کر بھیجدیا۔ ۵۱ھ میں عبیداللہ ابی بکرہ کو حکومت سیستان دی۔ زیاد نصف سال بصرہ میں اور نصف سال کوفہ میں گذارتا۔ اس کی غیر حاضری میں بصرہ میں سمرا ابن جندب اور کوفہ میں عبداللہ خالد نیابت میں کام کرتے۔ مؤرخین نے زیاد کی تاریخ وفات ۵۳ھ دی ہے۔ لیکن مسکوکاتی شہادت اس بیان کی تائید نہیں کرتی۔ اس کے سکے ۵۶ھ تک کے ملتے ہیں۔

۳۔ عبیداللہ بن زیاد: جب حضرت معاویہ کو زیاد کی وفات کی خبر پہونچی۔ آپ نے ۵۳ھ میں ایالت خراسان اس کے فرزند عبیداللہ کے حوالے کی۔ عبیداللہ نے اپنے بھائی عبّاد بن زیاد کو سیستان کا حاکم مقرر کیا۔ اسی عبّاد کے عہد میں عرب شاعر ابن مفرغ نے سیستان میں عبّاد، اس کے باپ زیاد اور دادی سمیہ کی ہجویں لکھی ہیں جو ان ایام میں بہت مشہور ہوئیں۔ عبّاد نے تنگ آکر شاعر کو قید کر دیا۔ قید میں اس نے سِکّی ہِی اس کو کالے دست آئے۔ ایرانی بچے یہ ماجرا

دیکھ کر پکار اٹھے - این چیست - این چیست - ابن مفرغ نے اس ناگفتنی حالت
میں بھی اپنی شاعری یاد رکھی اور فارسی میں یوں جواب دیا ؎

آبست و نبیذ است　　عصارات زبیب است

و دنبۂ فربہ و پی است　　و سمیہ روسپی است

سمیہ زیاد کی ماں کا نام تھا - چونکہ زیاد کا باپ نامعلوم تھا - اس لئے عرب
اس کو زیاد ابن ابیہ کہتے ہیں - فارسی زبان میں یہ قدیم ترین شعر مانے جا سکتے
ہیں - ان سے ظاہر ہوتا ہے - کہ یہ عرب ہیں جو فارسی میں ابتداءً شعر گوئی شروع
کرتے ہیں - بعد میں ایرانی تقلیداً اس فن کو اختیار کرتے ہیں -

زیاد کے فرزندوں میں عبیداللہ سب سے زیادہ شہرت اور قابلیّت کا
مالک ہے - اس نے ماوراءالنہر پر حملے کئے - بخارا تک پہونچا - اس مہم کے بعد
وہ عراق بلوا لیا گیا - یہاں آکر خارجیوں کا معرکہ اس نے نہایت کامیابی سے
سر کیا - ۶۰ھ میں جب یزید بر سر حکومت آیا - اس نے کوفہ اور بصرہ کی دونوں
ایالتیں عبیداللہ کے تفویض کر دیں - واقعۂ کربلا یعنی حضرت امام حسین کی
شہادت عبیداللہ کے دامن پر ایسا داغ ہے جس نے ہمیشہ کے واسطے اس
کو مسلمانوں کی نگاہ میں ذلیل و رسوا کر دیا ہے -

۶۴ھ میں یزید کی موت پر عبیداللہ نے اپنے واسطے رعایا سے بیعت
لینی چاہی - بصری اس قدر برہم ہوئے - کہ مجبوراً اسے عراق سے نکلنا پڑا - شام
پہونچ کر معاویہ ثانی کی وفات کے بعد اس نے نئے خلیفہ مروان کی شدت کے
ساتھ امداد کی - مروان نے عراق کی تسخیر کے لئے اسی کو تعین کیا - یہ لڑائی دیر
تک چلتی رہی حتےٰ کہ مروان کا فرزند عبدالملک بر سر حکومت آیا - ۶۷ھ میں
موصل کے قریب دریائے زاب کے کنارے وہ لڑائی میں قتل ہوا اور اس کا

سر مختار کے پاس کوفہ میں بھیجدیا گیا۔ جو سلوک اس نے حضرت امام حسین کے سر کے ساتھ کیا تھا۔ وہی سلوک اس کے سر کے ساتھ ہوا اور شہداء کربلا کا انتقام پورا ہوا۔

عبیداللہ کے سکے کثرت سے ملتے ہیں۔ جن میں ذیل کی ٹکسالیں معلوم ہیں:۔

۱۔ ابر شہر (نیشاپور)، ۲۔ ایران (سوسا؟)، ۳۔ آذربائیجان، ۴۔ بلخ، ۵۔ بہ قباد، ۶۔ بیشاپور، ۷۔ بصرہ، ۸۔ دارابجرد، ۹۔ سکستان (سیستان)، ۱۰۔ کرمان، ۱۱۔ نہاوند، ۱۲۔ رے، ۱۳۔ دشت میسان، ۱۴۔ اصطخر، ۱۵۔ زرنج وغیرہ اور ان ٹکسالوں پر تینوں سن یعنے یزدجردی۔ ہجری اور سن ما بعد یزدجردی استعمال ہوئے ہیں۔

۴۔ سلم ابن زیاد:۔ جب یزید ابن زیاد کو کابل میں جہاں وہ ایک بغاوت فرو کرنے گیا تھا۔ شکست ہوئی اور اکثر اہل اسلام قتل اور اسیر ہوئے۔ مقتولین میں یزید تھا۔ اور اس کا بھائی ابو عبیدہ بن زیاد اسیروں میں شامل تھا جب اس ہزیمت کی خبر شام میں یزید بن معاویہ کو پہونچی۔ اس نے سلم بن زیاد کو خراسان اور سیستان کی حکومت پر روانہ کیا۔ سلم اپنے بھائیوں میں سب سے زیادہ سخی مانا جاتا ہے۔ اور عربی منقولہ "اَجوَدُ مِن بَنِی زِیاد" اسی کے حق میں کہا گیا ہے۔ سلم نے ترکوں کے خلاف جنگ کی۔ اور سمرقند تک یورش کی۔ یہاں اس کو کافی کامیابی ہوئی۔ مگر یزید کی موت پر سلطنت کے معاملات درہم برہم ہو گئے۔ سلم نے اس وقت اپنے واسطے بیعت کی کوشش کی۔ لیکن اس کو بھی اپنے بھائی عبداللہ کی طرح بھاگ کر جان بچانی پڑی۔ ۷۳ھ میں سلم نے وفات پائی۔ سلم کے زمانہ میں خراسان میں دو عملی ہو گئی ہے۔ ۶۴ھ میں حضرت عبداللہ

ابن زبیر نے اپنی خلافت کا اعلان کر دیا۔ خراسان میں ان کا عامل عبداللہ ابن خازم تھا۔ اس لئے ان حریف دعویداروں میں دیر تک جنگیں ہوتی رہیں۔ آخر میں سلم کو ہزیمت ہوئی۔

۵۔ طلحہ ابن عبداللہ بن خلف الخزاعی۔ جو طلحۃ الطلحات کے نام سے مشہور ہے۔ سلم بن زیاد نے اسے سیستان کا والی مقرر کیا۔ عمر طلحہ کا بھائی اس کا سپہ سالار تھا۔ طلحہ نہایت نیک طبیعت اور سمجھدار انسان تھا۔ سخاوت شجاعت اور عدالت میں اپنا نظیر نہ رکھتا تھا۔ اس کے اخلاق اور حسن سلوک سے سارے سیستانی اس کے گرویدہ ہو گئے۔ کابل کے قیدیوں کو جن میں ابو عبیدہ ابن زیاد اور دوسرے مسلمان شامل تھے۔ پانچ لاکھ زر فدیہ ادا کر کے رہا کروایا ۶۲ھ کے آخر میں یزید نے طلحہ کی جگہ پر اسود بن سعید کو سیستان بھیجدیا۔ کچھ عرصہ کے بعد اسی منصب پر محمد بن طلحۃ الطلحات کی تقرری ہوئی۔ سال بھر بعد ۶۴ھ میں یہی منصب دوبارہ طلحہ کی طرف رجوع ہوا۔ طلحہ نے سیستان پہونچکر اپنے فرزند کو اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ سیستانیوں میں طلحہ کی ہر دل عزیزی بہت بڑھی ہوئی تھی۔ اور اس کو بھی ان سے بے حد محبت تھی۔ وہ اپنی وفات تک اسی ملک میں رہا۔ طلحہ نے اپنے فرزند کو وصیت کی۔ کہ میری وفات پر مجھ کو اسی سرزمین میں دفن کرنا۔ چنانچہ اس کی وصیت پر عمل ہوا اور "محل مہاجر" میں اس کو دفن کیا۔

سطور بالا میں عمال بنو امیہ کا ذکر ہوا ہے۔ ذیل میں دوسرے دعویدار خلافت حضرت عبداللہ ابن زبیر اور ان کے بعض والیوں کے حالات حوالہ قلم کئے جاتے ہیں۔

۶۔ حضرت عبداللہ ابن زبیر۔ خلیفہ اول حضرت ابوبکر کے نواسے ہیں جنگ جمل میں اپنے پدر بزرگوار کے ساتھ پیادوں کی فوج کی افسری کی۔ جب حضرت

معاویہ نے یزید کے واسطے بیعت لینی چاہی۔ یہ امر حضرت عبداللہ کو ناگوار گذرا۔ لیکن حضرت معاویہ کے انتقال تک خاموش رہے۔ جب یزید تخت نشین ہوا آپ نے مخالفت کی۔ اور خلافت کے دعویدار ہوئے۔ یزید نے ایک فوج ان کے خلاف مدینہ بھیجی۔ مدینہ بری طرح سے غارت ہوا۔ یہ ۶۳ھ کا واقعہ ہے۔ دوسرے سال یزیدی فوجوں نے مکہ کا محاصرہ کیا۔ جو حضرت عبداللہ ابن زبیر کا دارالخلافہ تھا جنگ کے دوران میں کعبہ کو جلا دیا گیا۔ اور مکہ کا بھی شاید وہی حشر ہوتا۔ جو سال گذشتہ مدینہ کا ہوا تھا۔ مکہ والوں کی خوش قسمتی سے عین اس موقعہ پر یزید کی موت کی خبر پہونچی۔ اب حضرت عبداللہ ابن زبیر کا ستارہ اوج پر تھا۔ نہ صرف حرمین شریفین میں ان کو خلیفہ مان لیا گیا۔ بلکہ مصر و بصرہ و کوفہ بھی ان کے حلقۂ اطاعت میں آ گئے۔ ابتدا میں انہوں نے حارث بن عبداللہ کو عراق کی حکومت پر مقرر کیا۔ پھر اس کو معزول کر کے اپنے بھائی مصعب بن زبیر کی تقرری کی۔ قصہ مختصر مصعب عبدالملک بن مروان کے ساتھ جنگ میں مارے گئے اب عبدالملک نے حضرت عبداللہ ابن زبیر کے خلاف حجاج بن یوسف کو روانہ کیا اس نے مکہ کا محاصرہ کیا۔ حرم میں منجنیقیں لگائیں۔ آخر ۷۳ھ میں حضرت عبداللہ ابن زبیر شہید ہوئے۔

۷۔ عبداللہ ابن خازم:۔ اس کا نام پہلی مرتبہ صوبۂ خراسان کی فتوحات میں نظر آتا ہے۔ ۳۲ھ میں فتح ہرات کے وقت وہ عبداللہ ابن عامر کی فوج کا سالار تھا سال آئندہ میں خراسان کی ایالت اس کے حوالہ ہوئی۔ جس منصب پر حضرت علی کی خلافت کے زمانہ تک سرافراز رہا۔ حضرت علی نے خراسان پر اپنا آدمی بھیجا لیکن ۴۱ھ میں جب معاویہ خلیفہ ہوئے۔ عبداللہ ابن خازم اپنے عہدہ پر بحال کر دیا گیا اور ۴۴ھ تک اسی منصب پر ممتاز رہا۔ بالآخر اس نے بنوامیہ کی بیعت توڑ دی۔ اور

خلافت حضرت عبداللہ ابن زبیر کا۔ گرم طرفدار بن گیا۔ عبدالملک نے سات سال
کے خراج خراسان کی معافی کا لالچ دے کر اسے توڑنا چاہا۔ مگر وُہ قابو میں نہ آیا۔
۶۴ھ میں اس نے سلم بن زیاد کو شکست دے کر نکال دیا۔ اس کے بعد وُہ اپنی وفات
تک جو ۷۲ھ میں ہوتی ہے۔ خراسان کا واحد مالک بنا رہا۔

۸۔ عمر ابن عبیداللہ بن معمر:۔ حضرت عبداللہ ابن زبیر کی خلافت کے زمانہ میں
کچھ مدت کے واسطے بصرہ کا عامل رہا۔ پھر یہ عہدہ حارث ابن عبداللہ ابن ابی رابعہ
کو مل گیا۔ ۶۶ھ میں عمر فارس کا عامل بنا۔ جہاں حضرت مصعب ابن زبیر نے اس
کو خوارج کے خلاف بھیجا تھا۔ یہ مہم کامیاب ثابت نہ ہوئی۔ بالآخر وہ بنوامیہ کے تابعین
میں شامل ہو گیا۔ ۷۳ھ میں وہ بحرین کی مہم پر بھیجا۔ عمر کے سکے ۶۷ھ سے ۷۰ھ تک
کے ملتے ہیں۔

ٹکسالوں پر نوٹ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ساسانیوں میں دارالضربوں کے اسماء کا
مکمل شکل میں نہیں بلکہ مخفف شکل میں لکھے جانے کا دستور قائم
تھا۔ یعنے دارالضرب کے نام کے صرف ابتدائی حروف درج ہوتے تھے۔ عربوں نے
اپنے دور میں اس روایت پر بھی عمل کیا۔ اس عہد کے لوگوں کے لیئے ان مخفف ناموں
کا معلوم کرنا کوئی دشوار امر نہیں تھا۔ لیکن فی زمانہ یہ نام جن کا اکثر حصہ حذف شدہ
ہے۔ سخت دشواری کے موجب بنے ہیں۔ مغربی محققین نے بڑی جدوجہد اور
تلاش وتحقیق کے بعد ان ٹکسالوں کے پورے نام دریافت کیئے ہیں۔ بعض ایسی
ٹکسالیں بھی ہیں جو اس وقت تک عقدۂ لاینحل ثابت ہوئی ہیں۔ میرا مقصد مثالوں
سے زیادہ واضح ہو سکتا ہے:۔

مثلاً 'اط' سے مقصد اصطخر ہے۔ 'ا ہ م' سے مراد ہمدان ہے۔ 'ب ی ش'
بیشاپور ہے۔ 'ب ل ح' بلخ ہے۔ 'دا' داراب جرد۔ 'م ر' مرو۔ 'ن ہ' نہاوند۔

' رد ' رے ۔ ' ش ی ' الشیرجان ۔ ' س ک ' سکستان (سیستان) ۔ اور ' زر ' زرنج ہے ۔

یہ وہی دارالضرب ہیں ۔ جو میرے مجموعہ میں موجود ہیں ۔ اور جن کی فہرست آگے آتی ہے ۔ جغرافیائی لحاظ سے ایران کے نقشہ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا ۔ کہ بلخ اور مرو صوبہ خراسان میں ۔ اصطخر ۔ بیشاپور ۔ اردشیرخرہ اور داراب جرد فارس میں ۔ رے ۔ ہمدان اور نہاوند جبال میں ۔ الشیرجان کرمان میں اور السوس خوزستان میں واقع ہیں ۔

بعض ایسی ٹکسالیں ہیں ۔ جن کی سراغ رسانی سے میں عاجز ہوں ۔ نہ وہ مسٹر جان واکر کی ٹکسالوں کی فہرست میں شامل ہیں ۔ مثلاً " بیارِ " جو میرے خیال میں پہلوی خط نہیں ہے ۔ اگرچہ وہ کوفی سے ملتا جلتا ہے لیکن کوفی بھی نہیں ہے ۔ ایک اور نامعلوم ٹکسال " س " ہے ۔ جو واکر کے ہاں بھی درج نہیں ۔ اسی طرح ایک ٹکسال " ـ " نامعلوم ہے ۔ " ٹ " ایک اور دارالضرب ہے ۔ جو ' ب ج ' معلوم ہوتی ۔ واکر کی فہرست میں درج ہے ۔ لیکن وہ اس پر کوئی روشنی نہیں ڈال سکے ۔

پہلوی خط کی اشکال

یہ امور پہلوی خط کی اشکال کی طرف ہماری توجہ مبذول کرتے ہیں ۔ اس زبان میں کلہم سولہ حروف ہیں جن کے ذریعہ سے ، عربی کی اٹھائیس اصوات ادا کی گئی ہیں ۔ یہ امر بجائے خود پیچیدہ اور پریشان کن ہے اس پر طرہ یہ کہ جب مفردات کو مرکب شکل میں لکھا جاتا ہے ۔ حروف کا وصل بے قاعدہ صورت میں کیا جاتا ہے ۔ جس سے ہماری دقت اور بھی المضاعف ہو جاتی ہے ۔ ہم میں فی زمانہ ایک ایسی آسان پسند جماعت پیدا ہو گئی ہے ۔ جس پر عربی حروف کی مرکباتی صورت بے حد گراں گذرتی ہے ۔ اگر وُہ پہلوی کی بے قاعدگیاں

دیکھیں گے تو خدا جانے کیا کہیں گے۔ پہلوی میں 'سین' جو ہمارے شین کے مطابق ہے۔ کبھی 'ش' ہے۔ کبھی 'اس'۔ کبھی 'سی'۔ کبھی 'دس'۔ اور کبھی 'سد' ہے۔ اسی طرح "سو" 'او'۔ 'ہو'۔ 'ان'۔ 'ہن'۔ 'ار'۔ اور 'ہر' کی آوازیں دیتا ہے۔ اگر ہم کسی پہلوی فرہنگ کی ورق گردانی کریں۔ تو معلوم ہوگا کہ صرف ایک ہی کلمہ جو سہ حرفی ہے۔ مختلف آوازیں اور مختلف معنی دیتا ہے۔ یعنے اسی ایک شکل سے بیسیوں لفظ بن جاتے ہیں۔ جو صوت اور معنوں میں بالکل متغائر ہیں۔

پہلوی کے بعض مفردات کوفی کے مفردات سے ملتے جلتے ہیں۔ مثلاً ب، ہ، و، ش، ط، ل، م، ن، تو تقریباً مطابق ہیں۔ پہلوی بھی عربی کی طرح راست سے چپ کی طرف لکھی جاتی ہے۔ کہا جا سکتا ہے۔ کہ پہلوی کے نصف حروف کوفی کے ساتھ مل رہے ہیں۔ لیکن تحریر میں حرفوں کے جوڑنے میں بے ضابطگی ہماری نگاہ میں اسے زیادہ ڈراؤنا بنا دیتی ہے۔ اس میں ایک حد تک اس خط کے ساتھ ہماری عدم مزاولت بھی شامل ہے۔

عرب والیوں کے مسکوکات میں پہلوی اور عربی کے علاوہ کم از کم دو قسم کے اور خط یا اُن کی علامات ملتی ہیں۔ پہلا خط غالباً ہیطلی یا ہیتالی ہے جو ماوراء النہر میں رائج تھا۔ عرب ہیطل سے مراد تمام بلاد ماوراء النہر لیتے ہیں۔ جن میں بخارا۔ سمرقند و خجند و دیگر بلاد ترکستان شامل ہیں۔ شاہنامہ میں ہیتال ایک قوم کے نام کی حیثیت سے آرہا ہے۔ نوشیرواں کے حالات میں فردوسی نے ایک داستان درزم خاقان باغاتفر سالار ہیتالیاں لکھی ہے۔ جو اس شعر سے شروع ہوتی ہے ؎

کنون رزم خاقان و ہیتال گیر چو رزم آمدت پیش گوپال گیر

فردوسی غاتفر کا دارالسلطنت بخارا بتاتا ہے۔

ہیطلی سکوں کے نمونے میرے پاس نہیں ہیں۔ البتہ بعض سکوں پر

ہیطلی دارالضرب کی تصدیقی علامت موجود ہے۔ بعض مہریں ہیں جن پر یہ خط درج ہے جان واکر نے چار سکے جو پہلوی ہیتلی اور عربی خطوں میں ہیں اپنی فہرست میں دئے ہیں۔

ان سکوں کی دیگر خصوصیات میں کہا جاتا ہے۔ کہ جس قدر عربی کلمے آئے ہیں سب کے سب رخ کی طرف جدھر بادشاہ کی تصویر ہے۔ دائرہ سے باہر حاشیہ پر درج ہیں۔ صرف ۵۴ مستثنیٰ ہے جس میں سکہ کی پشت پر حاشیے میں "ضرب بالمشرق" ملتا ہے۔ ان سکوں میں یہ عربی الفاظ ملتے ہیں:۔

۱۔ "بسم اللہ": ع ۵۱، ۵۵، ۶۰، ۶۲، ۶۶، ۶۷، ۶۳۔ ۲۔ "بسم اللہ ربی": ع ۶، ۱۰، ۴۸، ۴۹، ۵۰، ۵۳، ۵۴، ۵۶، ۶۴۔ ۳۔ "للہ" ع ۲۔ ۴۔ "للہ الحمد": ع ۶۱۔ ۵۔ "اللہ ولی عوضہ": ع ۵۳، ۵۴۔ ۶۔ "جائز": ع ۴۹۔ بعد میں ٹکسال والوں نے تصدیق میں لگایا ہے۔ ۷۔ "برکۃ اللہ": ع ۵۵، ۵۷، ۵۹۔ ۸۔ : ع ۵۴۔ جان واکر اس کو "ضرب بالمشرق" پڑھتے ہیں۔ مگر میرے ہاں میم کے بعد صاف جیم یا خے ہے۔ ۹۔ "[illegible]" یہ عربی نہیں ہے۔ شاید ہیطلی ہو۔ جان واکر کی فہرست میں ع ۵۱ پلیٹ II2 پر اس کی شکل کسی قدر مختلف ہے۔ یعنی آخری حرف جو انگریزی ڈبلیو معلوم ہوتا ہے۔ ان کے ہاں انگریزی این کے ہم شکل ہے یعنی "∝ \ Z":۔ اس علامت سے کیا مراد ہے میں نہیں جانتا۔ بہرحال یہ علامت اصلی ہے نہ وصلی یعنے بعد میں کسی نے نہیں بنائی۔ ایسی علامت پشت پر نظر ڈالنے سے صاف معلوم ہوجاتی ہے کیونکہ ٹھپہ کا اثر دوسری جانب سطح کے ابھر جانے سے نمودار ہوجاتا ہے۔

ذیل میں بعض ٹکسالی جائزوں کی علامتوں کا ذکر کیا جاتا ہے:۔

۱۰۔ "ال بورہ": ع ۵۵، ۵۷، ۵۹۔ لیکن ع ۶۴ پر زیادہ واضح ہے۔ جہاں

بشکل "ال یورمع" ہے۔ اگر اس کو عربی مانا جائے۔ تو "البرزنج" یا "البرزین" پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ یہ عربی نہیں ہے۔ اگرچہ اس کے مشابہ ضرور ہے۔ یہ دارالضرب کی تصدیقی علامت ہے۔ مسٹر واکر کے ہاں اس کا ۲۵ ہے۔

۱۱۔ سکہ ۶۲ پر دو جائزوں کی علامت ہے۔ ان جائزوں کا نمبر واکر کے ہاں ۱۱، ۳۴ ہے۔

۱۲۔ سکہ ۶ پر ایک حیوانی چہرہ کی علامت ہے۔ جو واکر کے ہاں کے ۲ سے ملتا جلتا ہے۔

۱۳۔ سکہ ۲۶ پر پرندہ کی شکل کی علامت،

۱۴۔ سکہ ۲ پر علامت "۴صو" جو مسٹر واکر کے جائزوں کی علامات میں شامل نہیں۔

۱۵۔ سکہ ۳۲ پر علامت مثل چہرۂ خوک۔ یہ علامت مسامانی نہیں ہو سکتی۔

چند الفاظ ان سکوں کی تاریخوں کے متعلق بھی کہنے چاہئیں۔ جن کی ترتیب فارسی ترتیب کے برعکس ہے۔ اور عربی کے مطابق ہے۔ فارسی میں عشرات احاد سے پہلے آتے ہیں۔ مثلاً بست و پنج۔ سی و ہفت۔ چہل و یک وغیرہ لیکن ان سکوں پر لکھا ہے "پنج و بست"۔ "ہفت سہ" اور "یا چہل"

تاریخیں چونکہ مختلف سنوں میں دی گئی ہیں۔ اس لئے ان کی شناخت کے واسطے عمّال کے حالات اور ان کے تاریخی واقعات کے ساتھ ان تاریخوں کو تطابق دینا نہایت ضروری ہے۔ مثال میں سکستان (سیستان) کے سکہ ۶۳ "۲۰ھ" کو لیجئے۔ بقول صاحب تاریخ سیستان یہ ملک ۳۰ھ میں ربیع بن زیاد بن اسد الدیال کے ہاتھ پر فتح ہوتا ہے۔ اس لئے اس سکہ کا ۲۰ھ ہجری سن نہیں مانا جا سکتا۔ بلکہ یزدجردی جو ۳۱ھ کے مطابق ہے۔ گویا یہ سکہ سیستان کے تعلق میں نہایت قدیم

ہے۔ یعنی جس سال سیستان فتح ہوا۔ اس کے بہت جلد بعد ضرب ہوا۔
عبداللہ ابن عامر کا سکہ ضرب داراب جرد ۴۱ھ جس کا نمبر ۶۶ ہے۔ اس مجموعہ
میں موجود ہے۔ اس سن کو یزدجردی مانا جا سکتا ہے جو ۵۲ھ کے مطابق ہوگا۔ لیکن
۵۲ھ میں عبداللہ ابن عامر یہ سکہ نہیں لگا سکتا۔ کیونکہ وہ ۴۴ھ میں معزول ہو چکا
ہے۔ اس لئے ہمیں اس سن کو ہجری ماننا ہوگا۔ تاریخ سے ہمیں معلوم ہے۔ کہ
حضرت معاویہ نے ۴۱ھ میں اس سردار کو دوبارہ ایالت بصرہ پر مقرر کیا تھا۔
چنانچہ یہ سکہ اسی سال کی یادگار ہے۔

عرب ساسانی سکوں کا سلسلہ حضرت عثمان کے عہد ۳۱ھ مطابق ۲۰
یزدجردی سے شروع ہو کر ۸۳ھ پر ختم ہوتا ہے۔ ان سکوں میں زیادہ قدیم وہی
ہیں۔ جو خسرو پرویز اور یزدجرد کے نام پر لگائے گئے ہیں۔ بعد میں عرب والیوں کے
سکوں کی نوبت آتی ہے جن پر ان والیوں کا نام بالعموم درج ہوتا ہے۔ چونکہ
اصل پہلوی سکوں کا نقل کیا جانا دقت طلب ہوتا۔ اس لئے میں نے ان کی عبارت
کو اردو رسم الخط میں منتقل کر دیا ہے۔ مکمل فہرست ذیل میں درج ہے۔ اس فہرست
کی طیاری میں میں نے مسٹر جان واکر کی فہرست سے پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے۔
مجھے افسوس ہے۔ کہ میں ان سکوں کو تاریخی ترتیب میں پیش نہ کر سکا فہرست
پہلے سے طیار تھی۔ اس کی روشنی میں یہ تمہید تحریر ہوئی۔ اس موقعہ پر ترتیب کے بدلنے
سے نہ صرف فہرست بلکہ تمہید کو بھی دوبارہ لکھنا پڑتا۔

فہرست عربی ساسانی مسکوکات

ا۔ رخ :۔ دوہرے دائرے میں نیم تنہ نیم
رُخی تصویر۔ شاہی چہرہ ریشدار
گھنگھریالے بال۔ پشت پر گچھے دار پھو
پھوے پٹے۔ گلے میں کنٹھا۔ کنٹھے کے
وسط میں دو موتی فاصلے سے آویزاں
دوہرے موتیوں کا ہار گردن میں جس کا
زیریں حصہ دائرے کی آڑ میں۔ کندھوں
پر دو طرفہ ستارہ دار ہلال۔ تین موتیوں
کا مثلث نما گوشوارہ۔ سر پر تاج۔ تاج
پر مروارید کی دوہری لڑی۔ تاج کے
وسط سے ہما کے شہپر ابھر کر دو طرفہ سایہ
افگن۔ جن کے درمیان ستارہ دار بڑا ہلال
بائیں شہپر کے نیچے تاج کے برابر چھوٹا
ستارہ والا ہلال۔ اس کے ساتھ چہرہ کے
سامنے دائیں سے بائیں جانب بخط
پہلوی بادشاہ کا نام "خسروی" (خسرو
پرویز) دائیں شہپر کے نیچے ستارہ

پشت :۔ خطی دائرہ کے عین وسط میں مقدس
آگ کا مجمر پیل پایوں پر نمودار بھڑکتے
شعلے۔ مجمر کے دائیں بائیں دو ملازم
استادہ۔ شعلوں کے بالائی حصہ میں
دائیں بائیں چھوٹے ہلال۔ دائرہ کے
دائیں ضلع میں بخط پہلوی دارالضرب
کا نام "ب ی ش" (بیشاپور) بائیں
ضلع میں پہلوی حروف میں تاریخ
"چہار چہل" (چہل و چہار ۴۴) سنہ
بیرون دائرہ رخ کی طرح مساوی
فاصلوں پر چار ستارے والے ہلال[1]

---

[1] ناظرین کی سہولت کے واسطے میں نے یہ تفصیلی صراحت دے دی ہے۔ باقی سکے جزوی اختلاف کے ساتھ اسی انداز اور نمونہ کے سمجھنے چاہئیں۔ اس لئے ہر سکے کی طویل صراحت کی ضرورت نہیں۔

اس کے ساتھ عبارت "افزوت
گدہ" (افزوں باد ملک)
بیرون دائرہ چار ستارہ دار
ہلالوں کے ذریعہ سے حاشیہ چار
مساوی ضلعوں، راست چپ، بالا
و پائین میں منقسم۔ راست و پائیں
ہلالوں کے درمیان پہلوی میں "افد"
(آفرین) مرقوم۔

۲ - رُخ: - نیم رُخی تصویر۔ بائیں کندھے
پر ہلال۔ تاج کے دونو طرف ستارے
بادشاہ کا نام "ہسروبے" (خسرو)۔
"افزوت گدہ"۔
حاشیہ: - بالا و راست ہلالوں کے
مابین جائز کی علامت "۴ مو"۔ راست
و پائیں کے درمیان "للہ"۔

پشت: - آگ کے دائیں ہلال، بائیں ستارہ
دائیں ملازم کے سر پر دوہرا ہلال
بائیں ملازم کے سر پر ستارہ دار
ہلال۔
دارالضرب: - "اوہ ت" = اردشیر خرہ
تاریخ: - "سہ" = سی سنہ ۳۰ (سنہ ۴۱)

۳ - ہسروی (خسرو) تاج شاہی کی
سیدھی طرف ستارہ والا ہلال -
الٹی طرف ستارہ۔
حاشیہ: - مابین راست

پشت: - دونوں ملازموں کے سر پر ہلال۔
دارالضرب: - "ص ط" = اصطخر۔
تاریخ: - "پنج سہ" (سی و پنج) سنہ ۳۵

لے 'افد' والے سکوں کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض محققین ان کو عرب ساسانی تسلیم کرتے ہیں۔ مسٹر واکر ساسانی کہتے ہیں۔ لیکن 'افد' عرب مسکوکات پر بھی موجود ہے۔ اگرچہ قلت کے ساتھ ملتا ہے۔

بائیں ہلال "افد" (آفرین)

۴۔ رخ:۔ "ہسرو ے" (خسرو)۔ افزوت
کدہ:۔ داہنے کندھے پر ہلال۔
حاشیہ:۔ ضلع دوم میں "افد"

پشت:۔ مقدس آگ کی دائیں طرف ہلال۔
بائیں طرف ستارہ۔
دارالضرب:۔ "ص ط" = اصطخر۔
تاریخ:۔ نوج وست = ۲۹ سنہ۔

۵۔ رخ:۔ "ہسرو ے" (خسرو)۔ افزوت
"کدہ" تاج کے دائیں ستارہ والا ہلال
بائیں ستارہ

پشت:۔ دونوں ملازموں کے سر پر ستارہ
دار ہلال۔
دارالضرب:۔ "رد" = رے
تاریخ:۔ سہ = ۳۰ سنہ۔

۶۔ رخ:۔ "ہسرو ے" (خسرو)۔ افزوت
"کدہ"
حاشیہ:۔ ربع دوم "بسم اللہ"۔ ربع سوم
"ربی"

پشت:۔ آگ کے دائیں ستارہ والا ہلال۔
بائیں ستارہ
دارالضرب:۔ "ب ی ش" = بیشاپور
تاریخ:۔ "پنج سہ" = ۳۵ سنہ (۴۶ سنہ)

۷۔ رخ:۔ "ہسرو ے" (خسرو)۔ افزوت
"کدہ"
حاشیہ:۔ ربع دوم "افد"

پشت:۔ آگ کے دائیں ہلال۔ بائیں ستارہ
ملازموں کے سر پر ہلال۔
دارالضرب:۔ "ای ر" = السوس
تاریخ:۔ "نوج وست" = ۲۹ سنہ۔

۸۔ رخ:۔ "ہسرو ے" (خسرو)۔ افزوت　　پشت:۔ آگ کے دائیں ہلال۔ بائیں ستارہ

---

[1] حاشیہ باعتبار چہار ہلال چار قطعوں یا ضلعوں میں اس طرح منقسم ہے۔ ۱۔ ضلع مابین بالا و راست، ۲۔ مابین راست و پائین، ۳۔ مابین پائین و چپ اور ۴۔ مابین چپ و بالا۔ بغرض اختصار میں آیندہ ان ضلعوں کا نام لینے کے بجائے ان کے نمبر شمار سے کام لونگا۔

گدہ'۔ موتیوں کے کنٹھے میں تین مثلث
نما بڑے موتے ۔
حاشیہ:۔ ربع دوم "افد"
۹۔ ہسروے (خسرو) ۔ 'افزوت گدہ'
تاج کے دائیں ستارہ دار ہلال ۔
بائیں ستارہ خورد ۔
۱۰۔ 'ہسروے' (خسرو) 'افزوت گدہ'
حاشیہ:۔ ربع دوم 'بسم اللہ'
ربع سوم' ربی'
۱۱۔ 'ہسروے' (خسرو)' افزوت گدہ'

۱۲۔ 'ہسروے' (خسرو)' 'افزوت گدہ'
بائیں کندھے پر ستارہ دار ہلال۔
دائیں پر ہلال اور موتیوں کے ہار کے
قریب ایک اور ستارہ والا ہلال ۔
۱۳۔ "ہسروے" (خسرو)' افزوت گدہ'

۱۴۔ "ہسروے" (خسرو) ۔ افزوت گدہ
دونو کندھوں پر سامنے کی طرف
ہار سے باہر ستارہ دار ہلال ۔دائیں
کندھے پر ایک اور ہلال ۔

دارالضرب:۔ "ش ی" = الشیرجان
تاریخ:۔ "شش وست" = بست و
شش ۲۶ سنہ ۔
ملازموں کے سر پر ہلال ۔
دارالضرب:۔ "ن ہ" = نہاوند'
تاریخ: "دوج سہ" = سی و دو ۳۲ سنہ
دارالضرب:۔ "ب ی ش" = بیشاپور
تاریخ:۔ "چہر سہ" = سی و چہار ۳۴ سنہ'
(۴۵ سنہ)
دارالضرب:۔ "ب ل ہ" = بلخ ۔
تاریخ:۔ "سہ" = سی ۳۰ سنہ ۔
دارالضرب:۔ "ب ل ہ" = بلخ ۔
تاریخ:۔ "نوج وست" = بیست و نہ
۲۹ سنہ ۔

دارالضرب:۔ "اوہ م" = ہمدان ۔
تاریخ:۔ "سہ" = سی ۳۰ سنہ ۔
دارالضرب:۔ "ب ل ہ" = بلخ ۔
تاریخ:۔ "دوج سہ" = سی و دو
۳۲ سنہ ۔

۱۵۔ "ہسروے" (خسرو) ۔ افزوت گدہ

دارالضرب :۔ بلخ

تاریخ :۔ "یاج سہ" = سی ویک ۳۱ھ ۔

۱۶۔ "ہسروے" (خسرو) کندھے سے نیچے دو موتی فاصلہ پر لٹکتے ہوئے "افزوت گدہ"

دارالضرب :۔ "رد" = الرے ۔

تاریخ :۔ "شش وست" (بست و شش) ۲۶ھ ۔

۱۷۔ "ہسروے" (خسرو) "افزوت گدہ"

دارالضرب :۔ "س" بخط پہلوی ۔

تاریخ :۔ "یاج سہ" (سی و یک) ۳۱ھ ۔

۱۸۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔

دارالضرب :۔ بلخ ۔

تاریخ :۔ "نوج وست" (بیست و نہ) ۲۹ھ

۱۹۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔

دارالضرب :۔ بلخ ۔

تاریخ :۔ "ہفت وست" ۲۷ھ ۔

۲۰۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔
دائیں کندھے پر ہلال ۔

دارالضرب :۔ "ص ط" = اصطخر

تاریخ :۔ "ہفت سہ" (سی و ہفت) ۳۷ھ

۲۱۔ "ہسروے" (خسرو) "افزوت گدہ"

دارالضرب :۔ "ن ا" (ن ہ) = نہاوند

تاریخ :۔ "ہفت سہ" (سی و ہفت) ۳۷ھ

۲۲ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔

دارالضرب :۔ "ناہ" (نہاوند)

تاریخ :۔ "یاج سہ" (سی و یک) ۳۱ھ

۲۳۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔ ایضاً ۔

دارالضرب :۔ بلخ ۔

تاریخ :۔ "سہ" (سی) ۳۰ھ ۔

۲۴ " " "

دارالضرب :۔ "ہم" = ہمدان

تاریخ :- ہشت سہ دسی وہشت (۳۸) سنہ

۲۵- ہسروے - افزوت گدہ - دارالضرب :- "ث" = ب ج ؟

تاریخ :- ہفت سہ دسی وہفت (۳۷) سنہ

۲۶- ایضاً - ایضاً - ربع دوم میں جائز کی علامت بشکل چہرہ موش - دارالضرب :- "ما س" = ن ہ (نہاوند)-

تاریخ :- پنج سہ دسی وپنج (۳۵) سنہ

۲۷- ہسروے - افزوت گدہ - دارالضرب :- نہاوند

تاریخ :- مثل ۲۶

۲۸- ایضاً - ایضاً - دارالضرب :- لو ہ م (ہمدان)

تاریخ :- دواج سہ دسی ودوم (۳۲) سنہ

۲۹- ایضاً - ایضاً - دارالضرب :- "سعہ" (ن ہ) نہاوند-

تاریخ :- دوج سہ دسی ودو

۳۰- ایضاً - ایضاً { ربع دوم میں افد } دارالضرب :- "دا" = داراب جرد

تاریخ :- ہفت سہ دسی وہفت (۳۷) سنہ -

۳۱ " " - دارالضرب :- نہاوند -

تاریخ :- مثل ۲۷

۳۲- ایضاً - ایضاً { ربع دوم میں افد } دارالضرب :- السوس

تاریخ :- ہفت سہ دسی وہفت (۳۷) سنہ

۳۳- " " دارالضرب :- ارت - اردشیرخرہ

تاریخ :- پنج سہ دسی وپنج (۳۵) سنہ

۳۴- " " " - دارالضرب :- "س" ؟

تاریخ :- پنج سہ دسی وپنج (۳۵) سنہ

۳۵- "ہسروے" - افزوت گدہ"

دارالضرب :- ہمدان -
تاریخ :- مثل ۲۴ھ
دارالضرب وتاریخ مثل ۳۲ھ

۳۶- " " "

دارالضرب :- "زرہ" (زرنج)

۳۷- " " " " - دائیں کنارے

تاریخ :- "پنج وست" (بست و پنج) ۲۵ھ -

پر ہلال - ربع دوم میں "افد"

۳۸- "ہسروے" (خسرو) - "افزوت گدہ"
ربع اول میں علامت جائزہ "ملا"

دارالضرب :- نہاوند"
تاریخ :- "یاتِ سہ" سی ویک ۳۱ھ

۳۹- "ہسروے" خسرو، افزوت گدہ"

دارالضرب :- ہمدان -
تاریخ :- "ہشت وست" (بست و ہشت) ۲۸ھ

دارالضرب :- اصطخر"

۴۰- " " " " "

تاریخ :- "ہفت سہ" (سی وہفت) ۳۷ھ -
ربع دوم میں "افد"

دارالضرب :- اصطخر"

۴۱- "ہسروے" - افزوت گدہ"

تاریخ :- چہار سہ (سی و چہار) ۳۴ھ

دارالضرب :- داراب جرد -

۴۲- " " " " "

تاریخ :- "ہشت سہ" = ۳۸ھ

دارالضرب :- "ہمدان"

۴۳- " " " " "

تاریخ :- "سہ" = ۳۰ھ

دارالضرب :- "الرے"

۴۴- " " " " "

تاریخ :- "سہ" = ۳۰ھ

۴۵۔ "ہسروے" افزوت گدہ۔	دارالضرب:۔ نہاوند۔ تاریخ:۔ "ہشت سہ" ۳۵ھ
۴۶۔ " " دائیں کندھے پر ہلال	دارالضرب:۔ زرنج۔ تاریخ:۔ ہفت (سی) و ۳۷ھ
۴۷۔ " "	بلخ۔ تاریخ مشکوک!
۴۸۔ "ہسروے" (خسرو) "افزوت گدہ" ربع دوم میں "بسم اللہ"۔ ربع سوم میں "ربی"	پشت:۔ دارالضرب:۔ "سک" سکستان (سیستان) تاریخ:۔ ہشت چہل (چہل و ہشت) ۴۸ھ
۴۹۔ ہسروے۔ افزوت گدہ۔ ربع اول میں "علامت جائزہ "ل ہ"" ربع دوم "بسم اللہ"۔ ربع سوم "ربی"۔ ربع چہارم "محائز" = (جائز)	دارالضرب = سک (سیستان) تاریخ:۔ ہشت وست (بیست و ہشت) ۲۸ھ۔
۵۰۔ "ہسروے" افزوت گدہ "ربع ۱ ۱ھ (علامت)۔ ربع ۲ "بسم اللہ" ربع ۳ "ربی"	دارالضرب:۔ "سک" سیستان تاریخ:۔ "جہل" (۴۰ھ) اکائی زنگ میں غائب۔
۵۱۔ سلم زیاتان (سلم بن زیاد) افزوت گدہ۔ ربع ۲ "بسم اللہ"	دارالضرب:۔ "مرو" (مرو) تاریخ:۔ سہ شصت (شصت وسہ) ۶۳ھ
۵۲۔ "ہسروے"۔ افزوت گدہ۔ بائیں کندھے پر ستارہ دار ہلال۔ دائیں کندھے پر دو ستارہ دار ہلال۔	دارالضرب: بلخ۔ تاریخ:۔ "دوج سہ" (سی و دو) ۳۲ھ
۵۳۔ "ہسروے" افزوت گدہ" داہنے کندھے پر	دارالضرب "سک" = سیستان۔

حاشیہ:- ربع دوم "بسم اللہ" "ء"	۵۶ھ
قریب ہلال پائیں۔	
۵۹- "طلحہ عبداللہ" افزوت گدہ"	دارالضرب و تاریخ مثل ۵۵ بالا"
حاشیہ:- ربع اول "ال بوزر" -	
ربع دوم "طلحہ للہ" ربع سوم	
"ء" قریب ہلال پائیں۔	
۶۰- "عبیداللہ زیاتن - افزوت گدہ"	دارالضرب:- سک (سیستان)
کندھے اور بازو کے جوڑ پر دونوں	تاریخ:- شش پنجہ ۵۶ھ
طرف ستارہ دار ہلال - جائزہ کی	
علامت مثل ۲ درفہرست واکر	
ربع اول "بسم اللہ" ربع دوم	
۶۱- "عمر عبیداللہ" - "افزوت گدہ"	دارالضرب:- "ب ی ش" (نیشاپور)
ربع دوم:- اللہ الحمد::	تاریخ:- ہفتات (ہفتاد) ۷۰ھ
۶۲- عبداللہ ہزمن (عبداللہ ابن خازم	دارالضرب:- مرو
افزوت گدہ"	تاریخ:- شش شصت (شصت
ربع دوم - علامت جائزہ ۱۷ وا ۲۱	و شش) ۶۶ھ
۲۲ درفہرست واکر، ربع سوم "ء"	
قریب ہلال زیرین۔	
۶۳- یزکرت (یزدجرد) افزوت گدہ"	دارالضرب:- سک (سیستان)
ربع دوم - بسم اللہ"	تاریخ:- وست دبست (بست) ۲۰ سنہ ۳۱ھ
۶۴- ہسروے (خسرو)؟ افزوت گدہ"	دارالضرب:- سیستان"

ربع اول:۔ علامت جائزٌ ال بورؔ
در فہرست واکر۔ ربع دوم 'بسم اللہ'
ربع سوم۔ 'ربی'

تاریخ:۔ ششصت (شصت و شش) ۶۶ھ

۶۵۔ ہسروے (خسرو) افزوت گدہ
ربع دوم ۔'افد'

دار الضرب:۔ نہاوند'
تاریخ:۔ دو ج سہ دسی (دو) ۳۲ھ

۶۶۔ عبداللہ عامرن (عبداللہ ابن عامر)
افزوت گدہ'
ربع ۲ 'بسم اللہ' ہلال زیرین کے
دائیں بائیں '..'

دار الضرب:۔ 'داء' (داراب جرد)
تاریخ:۔ یا جہل (چہل و یک) ۴۱ھ

۶۷۔ عبداللہ امیر وُرْوَ اَتُسْکَن (عبداللہ
امیر المومنین) افزوت گدہ'
ربع ۲ 'بسم اللہ'

دار الضرب:۔ مرو روت (مروالرود)
تاریخ:۔ پنج شصت (شصت و پنج)
۶۵ھ

۶۸۔ ہسروے۔ افزوت گدہ'

دار الضرب:۔ الرے
تاریخ:۔ سہ (سی) ۳۰ھ

۶۹۔ یزدکرت (یزدجرد) افزوت گدہ'
کان میں بندا۔ گلے میں دوہرا کنٹھا
کنٹھے سے تین بندے کی قطع کے
جواہرات آویزاں۔ دوہرا ہار۔
کندھے پر چھوٹا ہلال۔

دار الضرب:۔ سیستان'
تاریخ:۔ ...سہ ۳ھ۔ (اکائی
نہیں پڑھی جاتی)

۷۰۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ'

دار الضرب:۔ الرے'
تاریخ:۔ ہفتا سہ (۳۷ھ)

۷۱۔ یزدکرت (یزدجرد)،
کان میں بندا۔ دوہرا کنٹھا۔۔
کنٹھے سے تین جواہرات آویزاں۔
دوہرا ہار،

دارالضرب:۔ "معار" (؟)
تاریخ:۔ للالطاسے (؟)

۷۲۔ زیات ابوسفان، (زیاد ابوسفیان)
افزوت گدہ،
ربع ۱ علامت مثل سرخوک،
ربع ۲ بسم اللہ، ربع ۳ ربی،

دارالضرب:۔ اصطخر،
تاریخ:۔ جہر پنجا[ہ] = پنجاہ و چہار
۵۴ھ

۷۳۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ،
ربع ۲ "بسم اللہ" ربع ۳ "ربی"
(مٹا ہوا)،

دارالضرب:۔ سیستان،
تاریخ:۔ ہشت چہل (چہل و ہشت)
۴۸ھ

۷۴۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ،

دارالضرب:۔ بلخ،
تاریخ:۔ دوج سدسی (دو و سی) ۳۲ھ

۷۵۔ " " " "،
ربع ۲ "بسم اللہ" ربع ۳ "ربی"،

دارالضرب:۔ بیشاپور،
تاریخ:۔ پنج سہ (۳۵ھ)

۷۶۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ،
ربع ۲ "اللہ"،

دارالضرب:۔ مرو،
تاریخ:۔ ہشت سہ (۳۸ھ)

۷۷۔ زیات ابوسفان (زیادِ ابوسفیان)
ربع ۲ "بسم اللہ" ربع ۳ "ربی"،

دارالضرب:۔ بیشاپور،
تاریخ:۔ جہر پنجا (پنجاہ و چہار)
۵۴ھ

۷۸۔ زیات ابوسفان (زیادِ ابوسفیان)

دارالضرب:۔ زرنج،

افزوت گدہ'
ربع ۲ ' بسم اللہ ربی'
۷۹۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ'
ربع ۲ ' حدک (جید؟)
۸۰۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ'
ربع ۲ "للہ"۔
۸۱۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ'
ربع ۲ "بسم اللہ"۔
۸۲۔ ہسروے ۔ افزوت گدہ'
ربع ۲ "بسم"۔

تاریخ :۔ ایک پنجاد پنجاہ ویک)
۱۵ھ'
دارالضرب :۔ الشیرجان
تاریخ :۔ صاف نہیں پڑھی جاتی'
دارالضرب :۔ نہاوند'
تاریخ :۔ یاج سہ دسی ویک ۳۱ھ
دارالضرب :۔ السوس
تاریخ :۔ شش وشصت ۶۶ھ
دارالضرب :۔ "ب ج"
تاریخ :۔ مٹی ہوئی

فہرست ختم ہوئی۔ اس فہرست کے بیاسی سکوں میں سے خسرو کے باسٹھ۔ یزدجرد کے تین اور والیانِ عرب کے تیرہ سکے ہیں۔ خسرو کے سکوں میں سے سولہ یقیناً مسلمانی ہیں۔ اس طرح مسلمانی سکوں کی کل تعداد بتیس ہوتی ہے۔ پچاس ایسے سکے ہیں۔ جن پر بظاہر کوئی مسلمانی علامت موجود نہیں لیکن احتمال یہی ہے کہ مسلمانی ہیں۔ مسٹر واکر نے تمام ایسے سکوں کو جن پر کوئی مسلمانی علامت نہیں دیکھی اپنی فہرست سے خارج کر دیا ہے۔ احتیاط اسی کی مقتضی ہے مگر میرے نزدیک ہر سکے پر مسلمانی علامت کا ہونا ضروری نہیں۔ مثلاً فہرست ہذا کے سکہ ۱ ضرب بیشاپور کو لیجے جو خسرو کے نام کا ہے اور کلمہ "افد" کا بھی حامل ہے۔ جس کے لئے کہا گیا ہے کہ خسرو کے سکوں کے واسطے مخصوص ہے۔ لیکن اس کی تاریخ ضرب ۴۲ھ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ سکہ ہذا خسرو کی ٹکسال

کا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس نے صرف اڑتیس سال سلطنت کی ہے۔ یہ سکہ ۴۲ ؁ میں ضرب ہوتا ہے۔ اس لئے لازماً اس کو مسلمانی عہد کی یادگار ماننا پڑیگا۔ اگر مسٹر واکر کی پیروی کی جائے۔ تو اس فہرست کے تمام ایسے سکے جو ۳۸ ؁ سے قبل کے ہیں خسرو کی ٹکسال کے ماننے جائیں گے۔ کیونکہ ان پر کوئی مسلمانی علامت موجود نہیں۔ اس نقطۂ نظر سے خسرو کے ۴۹ سکے ساسانی تسلیم کئے جائیں گے۔ اور اُن کا سن خسرو کا جلوسی سن سمجھا جائے گا۔

اگر ان کا سن یزدجردی مانا جاتا ہے۔ تو تمام سکے اسلامی عہد کے مانے جائیں گے۔ اس عہد میں مسلمانوں نے سکوں پر یزدجردی سن اختیار کر لیا تھا۔ ۲۰ ؁ یزدجردی، یزدجرد کی وفات کا سال ہے۔ اس لئے اس تاریخ سے بعد کے تمام سکے مسلمانی شمار ہونگے۔ ایک امر جو خسرو کے جلوسی سن کے نظریہ کے مخالف اور یزدجردی سنہ کے حق میں ہے یہ ہے کہ اس فہرست کے تمام سکوں پر تاریخیں ۲۰ ؁ سے بعد کی ہیں۔ اور کوئی سکہ ۲۰ ؁ سے قبل کا شامل نہیں یہ محض اتفاق نہیں ہے۔ بلکہ دلیل ہے۔ اس عقیدہ کی کہ یہ سکے عہد مابعد یزدجرد کی پیداوار ہیں۔ لہٰذا اسلمانی۔ اگر خسرو پرویز کے عہد کے یادگار ہوتے تو ایک ایسے مجموعہ میں جس کی تعداد باسٹھ تک پہونچتی ہے۔ بھلا زیادہ نہ سہی چند سکے تو ایسے ہوتے جو خسرو پرویز کے ابتدائی سالوں یا اس کے عہد کے نصف اول سے تعلق رکھتے۔ اس لئے بحیثیت مجموعی ان کو اسلامی عہد کے تصور کرنا ہوں گے۔

محمود شیرانی

جنگنامہ یا سکھوں اور انگریزوں کی لڑائی کے حالات

(سلسلہ کیلئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ اگست ۱۹۴۲ء)

۱ کروں صفت سانچا جو کرتار ہے	اُسے لیکھ لکھنے کا اختیار ہے
۲ وُہ مہربان کرے جگت کی پروری	نہیں ساتھ اُس کے کوئی سرسری
۳ پلک میں وہ خلقت بنا کر رہے	پلک میں خزاں کر اکیلا رہے
۴ کبھی دیوتا دَیت ہو کر لڑے	کبھی ہو شہنشاہ شاہی کرے
۵ کبھی بِشن اور کِشن رگھوناتھ[1] ہے	محمد پیغمبر کہیں ساتھ ہے
۶ کئی مان دہاتا[2] سے راجہ ہوئے	بنا کر ملا بیچ ماٹی ہوئے
۷ کروں کیا میں صفت اسکی اِک زبان	وُہی ایک سہس[3] دویم جوان
۸ کئے اور ستجگ[4] میں راجہ کتے	اودے[5] است[6] لو مُلک لینے فتے
۹ کتے بیچ تریتا بنی ہو گئے	وہی راج کر کے خزاں ہو گئے
۱۰ دواپر کے راجہ ہوئے جو بلی	وہی بھوگ موئے نہ مدت[7] ٹلی

---

[1] مراد سری رامچندر جی جو رگھو خاندان میں سے تھے، [2] ایک مشہور راجہ جس کا ذکر ہندوؤں کی مقدس کتابوں پرانوں میں اکثر ملتا ہے۔ آپ اکچھ واگو خاندان میں سے تھے، [3] سہس = ہزار، [4] ستجگ = سچائی کا وقت۔ ہندو شاستروں کے مطابق جگ چار ہیں۔ ستجگ۔ تریتا۔ دواپر اور کلجگ، [5] اودے = سورج کا طلوع ہونا، [6] است = سورج کا غروب ہونا، [7] بلی = یہ پرحلاد کا پوتا اور ویروچن کا لڑکا تھا۔ وشنو جی نے اسکی ایشوری بھگتی دیکھ کر خود اِن کے ہاں دوارپال یعنی ڈیوڑھی میں کھڑے رہنے کی ملازمت اختیار کر لی۔ ہندو راجہ بلی کو پتال کا راجہ بھی تسلیم کرتے ہیں، [8] فتح،

۱۱ یہ کلجگ[1] کے شہنشاہ بھئے	سکندر او نوشیرواں سے گئے
۱۲ چلے چھوڑ سب راج کا رنگ ہے	عدالت سخاوت چلی سنگ ہے
۱۳ پگنتن کری بادشاہی کلاں	جگے بیچ لندن کے گورے جوان
۱۴ گوبند سنگھ خالصہ کیا یک طرف	ہوئے کمپنی کے جوان یک طرف
۱۵ دوؤ مُلک مالک بہادر جوان	دوؤ شہنشاہ عدالت نشان
۱۶ بدن نور چمکے مثل آفتاب	جو ہیرت[2] ہے دشمن سو جلتا شتاب
۱۷ عنایت مُلک ہوں کی مالک دئی	جتی شہنشاہی دھوں کی بھئی
۱۸ حُکم خاص مالک نے اپنا دیا	یک خلق کے پالنے کو مالک کیا
۱۹ سنگھن پُشت پر ہے گرو کی سہی[3]	اُنہیں پُشت پر ہے عیسے امسہی
۲۰ چلا چل وہ پہنچے ستلج تلک	دکھی شاہ پنجاب ہوں کی خلق
۲۱ اگے طور سنگھن وڈا جست ہے	ملامل کیا جنگ کو شست ہے
۲۲ پھولا سنگھ[4] نیہال جارا جھنے	آگاری قدم کون ڈارا تبے
۲۳ اوّل آن نے لاہور لینا لپیٹ	لیا کانگڑہ کوٹ اُس پر جھپیٹ
۲۴ لئے ملکیرہ کشمیر آن لیا	جلد بیچ مُلتان تھانہ کیا
۲۵ لیا پل میں پشور گلجا جتے	کتے پروتی لوٹ کینے فتح
۲۶ جتے تھے حُکم رجبا یک کرے	نہیں[5] اور کے چھتر چامر ڈھرے

---

[1] کلجگ = ۴۳۲۰۰۰ برس کا عرصہ۔ سنسکرت میں کلی — कलि: The fourth age of the world, the iron age, consisting of 432000 years of men and beginning from the 13th of February 3102 B.C. (V. S. Apte.)

[2] ہیرت = دیکھنا، [3] مدد، [4] پھولا سنگھ — ڈالاپتہ = پھولا سنگھ نیہال نے دُکھ برداشت کیا مگر اپنے قدم کو آگے ہی آگے رکھا، [5] نہیں اور کے — ڈھرے = کسی اور شخص کے سر پر شاہی چھتر و چور نیا لش نہ دیتا تھا۔

۲۷ رکئے زیر کتنے ملک صاحبان — گرو کے قدم بیچ ہر وقت جان

۲۸ حکم گرنتھ صاحب کا جیسے چلے — چلے اسکے اوپر نہ دم بھر ٹلے

۲۹ مہاراج جو نام صاحب کلان — کیا دھیان سنگھ کو وزارت نشان

۳۰ کئے اور سردار جنگی جوان — کیتے افسری دفتری ہیں دیوان

۳۱ لگی لین توپین[1] کئی کوس میں — نہیں انکی گنتی پڑے ہوش میں

۳۲ غبارے جمبوروں[2] کی گنتی نہیں — ایسی بادشاہی نہ دیکھی کہیں

۳۳ کڑا اور کنٹھا عنایت کئے — ہیرے او جواہر دوشالے دئے

۳۴ دئے اسپ تازی کسے زین زر — دئے فیل عماری اوسے مہر

۳۵ کئے گاؤں سرکی خرایت دئے — عنایت کروڑوں خزانے کئے

۳۶ زمین او کوئے کی گنتی نہیں — نہیں دان ابلاکھا گوون رہی

۳۷ سدا اسکے دل میں یہی چاو[3] تھا — عجب وہ سخاوت کا دریاو تھا

۳۸ سخاوت کند نیک بخت اختیار — کہ مرد سخاوت شود بختیار

۳۹ رہی دوستی کمپنی سوں بنی — نہ اپنی و انکی جدائی گنی

۴۰ وہ دانا تھا بیچ فرفینر[4] سے — رکھے تھا محبت وہ انگریز سے

۴۱ گرو پشت اسکی یہ مدد دھرے — سبھی لاٹ آکر متعابت کرے

۴۲ سروں لاہے ٹوپی کو کرتے سلام — کرو بادشاہی ملک کی تمام

۴۳ تواضع زیادت کند ظاہراں — کہ ہمسر تو بود ماہراں

۴۴ ایسا طور اس کا رہا دن بدن — نہ رکھنا پرا دوستی ایک چھن

۴۵ ایہہ خلعت خزان جان کیتی ترک — سبھی بادشاہی سو کیتا فرق

---

[1] چوڑے منہ والی اور لمبائی میں بہت چھوٹی توپ، [2] زنبوروں، زنبورک۔ اونٹ پر لادنے کی چھوٹی توپ، [3] خواہش، [4] چالاکی و دانشمندی،

۴۶ کھڑک سنگھ کو تخت بیٹھا دیا ملک بادشاہی کو مالک کیا
۴۷ بہشتی ہوئے بادشاہی کو کر! سُنی سب ولایت میں اُسکی خبر
۴۸ اٹھاراں سے اُوپر چھیانو ہوا مہاراج کا تب چلانا ہوا
۴۹ کِسن[1] بِکھ اساڑھ ایکم تھی جب چڑھے بیر بار[2] سے مہاراج تب
۵۰ ہُوا اس کا افسوس چاروں طرف سُن مُنہ نکلا ہے۔ ہا۔ کا حرف
۵۱ دُنی بیچ افسوس کے رل گئی سبھی کی عقل بے عقل ہو گئی
۵۲ لگیں لوٹ پوٹن سبھی رانیاں تھیں مانند مہتاب بلانیاں
۵۳ جنہیں دامنی[3] دیکھ دب جاتے ہے وہ کُونجوں کی مانند کُرلات ہیں
۵۴ کِتی رانیاں ساتھ ہیں جل گئی کِتی رانیاں صبر کا قی لئی
۵۵ کِتی رانیاں سنگ مالک جرِین ہوئی سب بہشتن نہ لاگی گھری
۵۶ نہ بھولیگا جب تک زمین آسمان ایسا بادشاہ فیض بخش جہان
۵۷ ایسا بادشاہ کیوں نہ جیتا رہا ست جُگ کل بیچ بیتا رہا
۵۸ ہُوا شاہزادہ کھڑک سنگھ شاہ لگا چیت سنگھ کی وُہ ورتن صلاح
۵۹ ہوئی دِن بدِن اُسکی مدد نہیں اگر دھیان سنگھ کو غرورت بھئی
۶۰ جلد چیت سنگھ اُن نے مارا جسے فِکر بادشاہی موڈا راہتے
۶۱ رہے اُسکے افسوس میں بادشاہ کو وَدِن کو پاکر وُہ ہوا فنا
۶۲ اُسی دِن گری کور سر پر دیوال دُوؤ باپ بیٹا چلے دم نکال
۶۳ اُدھم سنگھ راجہ کا بیٹا ہُوا وہی کور کے ساتھی کور ہوا
۶۴ جواں موت سُن کر بیٹرانیاں لگی رودن بیٹین جو خوش خوانیاں

---

[1] اندھیرا، [2] فوت ہوگئے، [3] بڑے بہادر، [4] بجلی،
[5] چھری،

۶۵ جری ساتھ اُنکے لگا آگ کو | دھوا اُن نے اپنے دِل داغ کو
۶۶ پڑا شور پنجاب ایسا جبر[1] | سبھی تھر تھرائے یہ پاکر خبر
۶۷ کہیں لوگ سب اب بادشاہی گئی | راجہ دھیان سنگھ ہے جانے وی
۶۸ کہا دھیان سنگھ نے شیر سنگھ کو بُلا | تخت پر بٹھانے کی کیتی صلاح
۶۹ یہ خاطر جمع شیر سنگھ جو رکھو | کو دِن میں خود راج اپنا لکھو
۷۰ اُتے شیر سنگھ جو ٹالے گئے | اِتے دھیان سنگھ جو فکریں بھئے
۷۱ نہیں سندھان والوں نے مانی صلاح | تبے چند کوراں کری بادشاہ
۷۲ لگے لوگ کہنے یہ عورت کا راج | نہیں کام سرتا کریں کا علاج
۷۳ کری فوج مِل دھیان سنگھ سے صلاح | بُلا شیر سنگھ کو کرو بادشاہ
۷۴ سبھی رجمنٹیں[2] پلٹنیں مِل گئیں | حُکم شیر سنگھ کا بجانے لگیں
۷۵ کہا دھیان سنگھ اور بہادر بُلا | بُلا ہیرا سنگھ کو کریئے صلاح
۷۶ رہو تم قلعہ میں خبردار ہو | کو دِن میں آتا ہوں جمبو[3] سے ہو
۷۷ یعنی شیر سنگھ سوں ہماری صلاح | کو دِن میں کرنا اُسے بادشاہ
۷۸ اگر شیر سنگھ آن تم سے لگے | نہ دینا قلعہ زور کیتا کرے
۷۹ میں آکر نکالوں قلعہ سے تجھے | یہی بات سا چی پہچانو مجھے
۸۰ اُتے شیر سنگھ سوں کینا متا[4] | چلو جھپٹ لاہور کیجو فتا[5]
۸۱ چڑھے شیر سنگھ ست گرو کو منا | فتح کا نشانہ لیا ہے بجا
۸۲ یک دم پہنچے ہیں لاہور دور | وہ بُدھو کا آوا بنی بیٹھ[6] ٹھور
۸۳ ملے رجمنوں پلٹنوں کے جواں | ملے گھوڑ چڑھے توپ خانے کلاں

---

[1] زیادہ۔زبردست، [2] Regiments. [3] ریاست جموں کشمیر، [4] صلاح
[5] فتح، [6] بیٹھنے کی جگہ۔قیام گاہ،

۸۴ غُبارے جمبُورے جلد ہیں کھڑے
سبھی کرڑ کرڑ کر قلعہ پر پڑے

۸۵ جلد آن گھیرا چطرفے لاہور
لگی تھر تھرانے تبھی چند کور

۸۶ جتنے جابرے تھے قلعے میں جوان
وہی ساتھ رہ گئے اُسکے نشان

۸۷ دُو دوا اور جھٹ پٹ پڑا جنگ ہے
ملیں پلٹیں جو رنگا رنگ ہے

۸۸ کرڑا کرڑا اُٹھے توپ جنگی جرڑی
دھڑا دھڑ گریں اینٹ لاگیں ٹٹی

۸۹ غبارے کا گولا چلے جھٹ پٹے
اسپ و جوان ہر طرف کو کٹے

۹۰ جبے دھیان سنگھ آداخل بھئے
پری بند توپیں سبے ہٹ گئے

۹۱ تبے بیدی صاحب کو لینا بُلا
مِلی ہاتھ اسکے جو اندر سپاہ

۹۲ سبھی دھیان سنگھ جو دینے مِلا
تبے شیر سنگھ کو کیا بادشاہ

۹۳ ملے ناہیں تا کو سندا والئے
قلعے کھوج تا کے بے مالک کئے

۹۴ اگر شیر سنگھ جبر جور اکیا
حمل کور عورت کا گروا دیا

۹۵ کِتے دن میں مروا دی چند کور
کرے شیر سنگھ بادشاہی لاہور

۹۶ رہے دِن بدن دھیان سنگھ کی صلاح
نہ مانے کِسی اور کو بادشاہ

۹۷ جبے سلطنت اُس نے خود کر لیا
سندا والئے کو بلا نہ دیا

۹۸ اگر سندھ والوں کو لینا بُلا
وُہ آئے دغا اُن کا رکھا چُھپا

۹۹ کی اُن نے دن رات خدمت کلاں
لیا مُلک اپنا کرا کر زباں

۱۰۰ جتنے قید تھے سب لئے چُھڑا
تبی جُھنجھ[له] گئی وہ مصاحب صلا[٥]

۱۰۱ عطر سنگھ نہ آخر اپنا ہوا
ہٹھی سنگھ ایسا نہ دیکھا دُوا

۱۰۲ وُہ لکھتا رہا جیت سنگھ کو کلام
پنا تخت گردی جے خانہ حرام

۱۰۳ جبے جیت سنگھ پرو سا بادشاہ
وہی داغ دِل چند کوراں فناہ

له مات پڑ گئی، ٥ صلاح،

۱۰۴ لیا ویر اُس کا نہیں جب تلک
دُوں آنکھ ملکر نہ لگتی پلک

۱۰۵ بنا شاہ بلادل[1] عجائب مکاں
اوہاں شاہ جاکر کے دیکھت جواں

۱۰۶ منگا فوج اپنی دِکھا لا دیا
یکے روز دعوے اُن ایسا کیا

۱۰۷ یہ لندن سے آئی دو نالی نئی
لگا شاہ لینے جو کلا دب دیئی

۱۰۸ دو نالی نکل گئی جلد جگر چیر
ہوئی بادشاہ جان پل میں تغیر[2]

۱۰۹ طرف شاہ کھڑک کے بُدھ سنگھ موا
نمک کی شرط پر بہشتی ہوا

۱۱۰ تخت جیت سنگھ جھٹ پٹ خالی کیا
لہنا سنگھ جا کور کا سر لیا

۱۱۱ کری بادشاہ جان باہر تغیر
قلعہ بیچ جا کر کے مارا وزیر

۱۱۲ اُن نے دلیپ سنگھ بلا کر لیا
تخت پر تلک دے کے مالک کیا

۱۱۳ لیا آپ ان نے وزیری خطاب
کِتے کام کیے اُسی دن شتاب

۱۱۴ پڑا شور لاہور ایسا جبر
تبے ہیرا سنگھ جلد پائی خبر

۱۱۵ لگی بات آتش بھرا جوش میں
وہ دانا تھا چُست سب ہوش میں

۱۱۶ بُلا کر سبھی فوج اندر کہا
مُوا دھیان سنگھ سن نہ دھیرج رہا

۱۱۷ کرے کون سب فوج کی پروری
عدالت کرے کون سر پر دھری

۱۱۸ امر سنگھ فرزند آگے ہوا
ہیرا سنگھ ایسا نہ دیکھا دُوا

۱۱۹ جو گُرُدت سنگھ نام اس کا جگا
ملے فوج راجہ کو کہنے لگا

۱۲۰ تو بیٹا ہیں اُس کا حکم دیجئے
سبھی مان لینگے کہو کیجئے!

۱۲۱ مُوا دھیان سنگھ بیربل سا وزیر
نہیں ہاتھ آتا ہے ایسا امیر

۱۲۲ سبھی فوج راجہ کی خاطر کری
لیجے باپ کا ویر اب کی گھڑی

۱۲۳ وزیری تمہاری کہاں جائیگی
سنو راجہ صاحب تم پہ آئیگی

---

[1] خوشی، [2] (تغیر) تبدیل،

۱۲۴ سبھی فوج شاہی جلد مل گئی　　　اُٹھی پھر قلعہ پر لڑائی نئی
۱۲۵ لگا جنگ ہونے چلن گولیاں　　　اُڑیں پران لیکر بھرن جھولیاں
۱۲۶ وگی توپ تڑ تڑ جتی ڈاہیاں[1]　　　لگی گرن وڑ دڑ سبھی باہیاں[2]
۱۲۷ غبارے جمبورے کری دھند[3] ہے　　　دکھا سند والن مچاوندے ہے
۱۲۸ گریں اینٹ بُرجن گولان سیں[4]　　　پھریں یوں جناورسی اسمان میں
۱۲۹ قلعہ تو فتح بیچ دم کے کرا　　　جلد جیت سنگھ کا جُدا سر دھرا
۱۳۰ کتے ہاتھ کینے لہنا سنگھ بیر　　　کلا تھا بہادر صاحب امیر
۱۳۱ لہنا سنگھ کو مار بدلا لیا　　　ہیرا سنگھ تبے کام اپنا کیا
۱۳۲ لئی ان وزیری خبردار ہو　　　رہے پاس جلا جو مختیار ہو!
۱۳۳ کیا حکم جلے نے خود نادری　　　رکھے بو مغز میں کُل قادری
۱۳۴ حکم بادشاہ کا نہ چلنے دیا　　　انہیں حکم خود بخود کیا
۱۳۵ لگی تھرتھرانے سبھی فوج ہے　　　نہ چھوڑی کسی کی بھی خود موج[5] ہے
۱۳۶ سُچیت سنگھ آکر رچا جنگ ہے　　　وزارت کا دل میں ہوا رنگ[6] ہے
۱۳۷ ہیرا سنگھ کو اُن کڈھی بولیاں　　　لگی تب دو طرفین چلن گولیاں
۱۳۸ لگی چلن تیکھی[7] جو تلوار ہے　　　تبھی خون خاصی چلی دھار ہے
۱۳۹ اُدھر تھا اکیلا سُچیت سنگھ بیر　　　اِدھر بادشاہی کا مالک وزیر
۱۴۰ سچیت سنگھ ایسا بہادر جوان[8]　　　کٹی فوج شاہی اس نے کلاں
۱۴۱ مُوا بھیم سنگھ ہاتھ کرکے دیوا　　　مُوا خوب کٹ کیسری سنگھ جوا
۱۴۲ سُچیت سنگھ مارا اِسی جنگ میں　　　ہوا تب ہیرا سنگھ بڑے رنگ میں

---

[1] تیار تھیں، [2] دیواریں یا بازو، [3] بڑی بھاری جنگ، [4] برابر،
[5] اکیلا، [6] خوشی، [7] تیز، [8] دیو کی مانند،

۱۴۳ کوُ دن کری خوب اُس نے بہائے | مگر موت کا جلد آیا قرائے[1]

۱۴۴ عطر سنگھ پیچھے کیا جوش تھا | بھائی بیر سنگھ میں بھی کچھ دوش تھا

۱۴۵ اُٹھا کر بتی اُس کا ڈیرا دیا | سبھی سادھ اور سنت پیچھے کیا

۱۴۶ لیا اُن صبوری کا درجہ کمال | لگا توپ گولا چلا دم نکال

۱۴۷ صبوری بود کار صاحبدلاں | صبوری بود پیشۂ مقبلاں

۱۴۸ عطر سنگھ مارا اِسی ٹھور میں | ہیرا سنگھ جلّا بڑے طور میں

۱۴۹ اتبے کوپ[2] پنتھ پر سادھو ہوا | اِسی بات بِن ہے نہ کارن دُوا

۱۵۰ تکبر سے جلّا لگا بولنے | لگا خالصہ تب زہر گھولنے

۱۵۱ کتے دن کو پا کر کو پا خالصہ | ہیرا سنگھ جلّا کو لے کر نسا

۱۵۲ ہُوا ہیرا سنگھ جیسے راوی سے پار | اُٹھے خالصہ کے کرمطکے ایار

۱۵۳ جواہر جو سنگھ ساتھ مدد کری | دُو مار لینے نہ لاگی گھری !

۱۵۴ سوہن سنگھ سنگھن سوں لڑ کر مرا | مُوا لابھ سنگھ خوب کٹ کر دُوا

۱۵۵ مُوئے ہو بہادر سبھی ہاتھ[3] کر | وُہ رجپوت تھے جنگبازی کے گھر

۱۵۶ وزارت جواہر سنگھ کو ہوئی | کری ہوج لاہور میں دن کوئی

۱۵۷ پشورا سنگھ اُن نے مروا دیا | تبے خالصہ کوپ اُس پر کیا

۱۵۸ لگا کہنے یہ بھول ہم سے بھئی | سرن آ کی آن کر میں لئی

۱۵۹ کرو مہربانی رکھو جان کو | دھرو سیس اپنے گرُو آن کو

۱۶۰ نہ مانی گھوز ور بر چھین[4] کرا | جھپٹ سیس اُس کا جدا کر دھرا

۱۶۱ کٹا سنگ سا بیدی اور برہمن جو تھا | اسے دِل لرن کا ارادہ نہ تھا

---

[1] اقرار ، [2] غصّہ ، [3] بہادری سے ، [4] بیوقت

دہُر چھاگردی ، بغاوت) ،

۱۶۲ کریں وار جو قدم آکر پھرے — اولٹ کربلا اس کے سر پڑے
۱۶۳ جو خود بخود قدم پر جات ہے — اُسے سنگھ اور سانپ نہ کھات ہے
۱۶۴ جلد خالصہ خود بخود ہو چلے — ہوا حکم مالک کا کیسے ٹلے
۱۶۵ کیا چند کوراں نے افسوس ہے — یہ ہونی بھلا کس کے سر دوش ہے
۱۶۶ تخت شاہ ناداں سا رہ گیا — حکم بادشاہی سبھی بہہ گیا
۱۶۷ کرے پنتھ جو کام ہوگا سوئی — گرو کا نہیں نام لیتا کوئی
۱۶۸ بنے خود بخود پنچ افسر کلاں — نہ مانے کوو افسروں کی زباں
۱۶۹ حکم چند کوراں کا بہتا پھرے — سبھی فوج خود موج اپنی کرے
۱۷۰ نہیں لال سنگھ کا کہا مانتے — نہیں تیج سنگھ کو پہچانتے
۱۷۱ تبے دینا ناتھ اور بھگت رام سے — پھریں خالصہ میں نہ کچھ کام سے
۱۷۲ تکبّر سوں سب سنگھ پھولے پھریں — گرو کا حکم چھوڑ بھولے پھریں
۱۷۳ تکبّر سوں کرتار کا دیر ہے — کرے جو تکبّر سو وغیر ہے
۱۷۴ تکبّر اجازیل را خوار کرد ! — بزندان لعنت گرفتار کرد
۱۷۵ جتے تھے مصاحب سب لئے بلا — جلد چند کوران یہ کینی صلاہ
۱۷۶ یہ بُر چھے نہیں چھوڑ دے پران تُن — کرون قبضہ ابھی اُنکی جان لُون
۱۷۷ یہ پاتے نہیں ہیں سزا جب تلک — دُوو آنکھ ملکر نہ لگتی پلک
۱۷۸ برادر کے مرنے کا دل داغ ہے — ہمارے جگر میں لگ رہی آگ ہے
۱۷۹ لکھو کمپنی کی طرف یہ صلاح — لیجے تخت لاہور کیجے پناح
۱۸۰ رہی پشت در پشت خود کی صلاح — تمہیں دیکھتے دیکھ بنو ملاح
۱۸۱ لیا سُن یہ کاغذ جیسے صاحباں — اُٹھا جوش جنگی بہادر جواں

---

٥ عزازیل، ٥ صلاح، ٥ پناہ،

۱۸۲ لگی ہین ڈوری کئی کوس میں نہیں اُنکی گنتی پڑے ہوش میں
۱۸۳ کئی سینکڑہ توپ جنگی کلاں غبارے جمبورے دے ہیں نشان
۱۸۴ کئی رجمنیں پلٹنیں کالیاں کتی فوج گوراں مگھ لالیاں
۱۸۵ کیا ایس سب جنگ کا کام ہے بندھی آن پروز میں لام ہے
۱۸۶ اِدھر خالصہ کو کہا تب ؎بلا اٹھی فوج گوراں کی کیجے فتا×
۱۸۷ طلب مانگتے ہو جیسی طور سے کرو جنگ اچھو بڑے زور سے
۱۸۸ تم ہی فوج گوراں کی جیتو جبے لیجے ہر طرح کی عنایت تبے
۱۸۹ نہ جانا ہے فرفیز رانی کیا تجھے خالصہ جنگ سازا لیا
۱۹۰ جتی توپ جتنی تخت چپاڑیاں جتی خورد توپیں چلد کاڈیان
۱۹۱ غبارے جمبوروں کی پاتیں گھنی سپہر او شمشیر کو نہ گنی
۱۹۲ جبے بیچ جمبور تڑ تڑ تڑاک کرے شکل توپین کی کڑ کڑ کڑاک
۱۹۳ ہزاریں پتھر کل چمکے پڑی سبھی پلٹن رجمیں چڑھ کھڑی
۱۹۴ ہوتے جن کے مالک ہیں دشمن بنا کیا جنگ میں اُنکی ہووے مان
۱۹۵ تبے آن انگریز ولاں دیا بجے خوب رانی کو اپنا کیا
۱۹۶ مصاحب ہئے پھر سب فوج سے ہوا خالصہ خود بخود موج سے
۱۹۷ نہ ہوتی اِتی مالکوں کی زبان نہ ہوتی فتح کمپنی صاحبان
۱۹۸ امرتسر سے ہو کر مصاحب چلیں متاں جنگ میں ہو کر کہیں نہ ٹلیں
۱۹۹ کراول کے سنگھوں نے ایسا متا چلو پار ستلج کے کیجے فتا
۲۰۰ کہا فوج انگریز کی کچھ نہیں ابھی جیت لینگے چلیگا کہیں

× فتح ، ؎ فریب - بہانہ ، ٥ جتی بمعنی بڑی ، ∆ پائیں بمعنی قطاریں
٥ مان بمعنی عزت ، ؎۲ گھیرا ، × فتح ،

۲۰۱ ہُوا سب کے دِل میں تکبّر کلاں — تکبّر کرن سے زُود ہو خزان

۲۰۲ سبے افسروں کو نکالا دیا — اُنہیں خود بخود حُکم اپنا کیا

۲۰۳ لیں ساتھ توپیں بندوقیں اپار[1] — بھری اُن میں اچھی گولی ہزار

۲۰۴ او بارود گولا بھرا بے شمار — چلیں رجنیں پلٹنیں ہو قطار

۲۰۵ چڑھی گھڑچڑھوں کی سبھی فوج ہے — نہ مانیں حُکم خود بخود موج ہے

۲۰۶ تکبر ساتھ جواں ایسے کہیں — دو گھنٹہ میں دہلی کو جیتا چہیں

۲۰۷ اُٹھی دھمک دُشمن کی ہر طرف — اُٹھی ہیم خورشید چاروں طرف

۲۰۸ وکیلوں کری عرض اے صاحبا — یہ سنگھن کرا زور تم پر کلاں

۲۰۹ یہ آتے چلے جنگ سازی کو کر — ہمیں خُوب جانی یہ جنگی مکر

۲۱۰ یہی اُن کو صاحب سنا کر کہا — عُہد ہے ہمارا نہ لڑنا کہا

۲۱۱ مہاراج نے جو کیا عہد ہے — اُسی عہد ہم کو کیا قید ہے

۲۱۲ یہ لندن سے ہم کو لکھا صاحبا — عہد پر خبردار رہنا جواں !

۲۱۳ یہ اول چلے توپ جس اور سے — بھرے کروڑ ڈاھائی ہوئے شور سے

۲۱۴ لِکھا لاٹ صاحب یہ سنگھن طرف — چلو ہٹ کے لاہور سُن کے حرف

۲۱۵ نہیں ہم کو لڑنے کی دِل چاہ ہے — مہاراج سیوں دوستی راہ ہے

۲۱۶ یہ انگریز کا گھر کلاں بے شمار — ضرورت ہو لڑنا تو خود مختیار

۲۱۷ سُنی لاٹ صاحب کی سنگھن صلاح — نہ مانی کچھو خود بخود پادشاہ

۲۱۸ سبھی افسروں رل کے کینا متا — نہیں ساتھ انگریز لڑنا رتا

۲۱۹ کِتوں نے کری بات نہ اختیار — یہاں سیس دیتا ہے دُشمن کو سار[2]

۲۲۰ اُٹھے سنگھ غصے کو کھا کر وہیں — نہیں حُکم دیتا ہے افسر کہیں

۱؎ بے شمار، ۲؎ درست،

۲۲۱ ہوا خالصہ جلد تیار ہے		ہوا لاٹ صاحب خبردار ہے
۲۲۲ گنڈا سنگھ جاکر کری چھیڑ ہے		تبی کمپنی دِل پڑی تیڑ[۱] ہے
۲۲۳ اول لین ڈوری کا افسر پھڑا		دوٗو طرف تبی جنگ ہوا کھڑا
۲۲۴ جو منہ کی بھری ڈھاب[۲] تھی آب سی		دو طرفی کری دور دے ڈھاب سوں
۲۲۵ اول آن گوران نے پانی لیا		تبے خالصہ جنگ سازہ کیا
۲۲۶ جھٹاپٹ نہ دم دیر گل جاوڑے		کڑا کڑ بندوقیں جھڑا جھڑ لڑے
۲۲۷ جلد واحد دوٗنا[۳] مچا جنگ ہے		لگی توپ چلنے جو رنگا رنگ ہے
۲۲۸ کیا لاٹ صاحب جنگی تمبور		لگی فوج لڑنے گئی لِشک دوٗر
۲۲۹ لپیٹ توپ سنگھن بلیتا جڑیں		جھپٹ آن گورا متابی پھڑیں
۲۳۰ دگے توپ گوراکی گولا چھٹیں		اسپ او جواں ہر طرف کو کٹیں
۲۳۱ بہت سنگھ توپن کے چھر اچھٹیں		کئی سینکڑہ اگر[۴] گوراں اڑیں
۲۳۲ اسپ او گولنداز اڑتے گھنے		گنے کون گنتی نہ جاتے گنے
۲۳۳ تبے لوتھ پر لوتھ پڑنے لگی		دوٗو اور گردھ کی لڑائی جگی!
۲۳۴ جہاں فوج سنگھن کی دم بھر اڑے		تہاں فوج گورا نہ دم بھر لڑے
۲۳۵ اُٹھے ہول سنگھن کی گوراں سے		گرے سینکڑے جلد گھوران سے
۲۳۶ کہیں لاٹ صاحب جواں خاص ہے		بیماالک لٹے فوج شاباش ہے
۲۳۷ اُدھر ہول گوراں کی آتی جبے		کچھو سنگھ گرتے زمین پر تبے
۲۳۸ کٹی فوج گوراکئی کوس ہیں		ہٹے فوج سنگھن کی افسوس ہے
۲۳۹ جیمل سنگھ اکالی کیا جنگ ہے		لبالب کری خون کی گنگ ہے

۱؎ غصہ ، ۲؎ کھپا تالاب - گردھا ، ۳؎ دونو طرف ،

۴؎ اگاڑی - سامنے ،

۲۴۰ دیا سیس سو ہے مذہب کاج ہے — ملا وہ شہیدن صدا غاز ہے

۲۴۱ اِدھر جھوٹ بیراٹے جنگی لیا — جنہیں جنگ کا آن جوڑا کیا

۲۴۲ تہاں لال سنگھ بھاج ایسی دیئی — رہیں توپ چودھیں نہ لانی بیئی

۲۴۳ اُدھر خوف سنگھن کے گورا گئے — دُو و طرف کے قدم پاچھے پئے

۲۴۴ نہ اِن کی خبر جات اُن کی طرف — نہ اُن کی خبر آت اِن کی طرف

۲۴۵ دُو و بے خبر بھاج کر کے گئے — ہوا خالی میدان زخمی رہے

۲۴۶ تو پہاڑ سنگھ جا کہا صاحبا — بھگے سنگھ پاچھے نہ کوئی جواں

۲۴۷ تم بھی بھاج ڈر کر چلے جات ہو — خبر کیوں نہ پاچھے کی تم پات ہو

۲۴۸ نہیں کو رہا سنگھ میدان میں — پڑی توپ سُنی ہوں حیران میں

۲۴۹ تبے لاٹ صاحب نے مانا کہا — دیکھ جنگ سنگھوں کا حیران تھا

۲۵۰ اگر ماتبر بھیج لینو خبر — تبی ہٹ چلینگے پڑے بے خبر

۲۵۱ کیا پہاڑا سنگھ تحقیق تب — ہٹے لاٹ صاحب لئی توپ دب

۲۵۲ اُدھر لاٹ صاحب نے پھیرا دیا — اِدھر آن سنگھوں نے ڈیرا کیا

۲۵۳ جو و سنگھ زخمی تھے میدان میں — کری پروری اُن کی گوراں نے

۲۵۴ اتا جنگ سنگھوں کا مد کی ہوا — سُنو اب پھیر و مان ہوتا دُوا

۲۵۵ تیبے روز فوجیں جمع کر لڑے — تبے سنگھ جنگی جلد کر لڑے

۲۵۶ نہیں افسر کو و دلبری دیت ہے — بھیا لک ہوئے جنگ کو لیت ہے

۲۵۷ جمع کر کے توپیں چلانے لگے — غبارے کا گولا اڑانے لگے

۲۵۸ جنجایل جمبوروں کی لاگی جھڑی — پتھر کلا اُٹھاتی کڑکڑ پڑی

۲۵۹ توڑے دار بندوق ہیں گھوڑ چڑی — جہاں گولی لاگے تہاں تڑپھڑی

---

۱ غازی؛ ۲ خوفناک؛ ۳ معتبر؛

۲۶۰ چلے تیز تلوار برچھی کٹار — جیسے بیچ لاگے نکس جات پار

۲۶۱ چڑھے رجمنیں پلٹنوں کے جواں — کتی گھوڑ چڑھی فوج کالی کلاں

۲۶۲ دُوو طرف مُوئے افسر کئی — دُوو دِس گڈ ابڈ لڑائی جگی

۲۶۳ لگے کرچ تلوار جس کے بدن — نکس جات سُوکھی رہے آس من

۲۶۴ کبھی فوج گوراں کی زورا کرے — کبھی فوج سنگھن کی آگے دھرے

۲۶۵ اُدھر لاٹ صاحب ساباسی کرے — اِدھر فوج شاہی بیمالک مرے

۲۶۶ اُدھر لاٹ دیتا ہے تلبیں تمام — اِدھر سنگھ بیدام لڑتے ہیں عام

۲۶۷ زمین پر ہوا خُون دریا وہے — دُوو اور لڑنے کا دِل چاوہے

۲۶۸ بے مالک ہوئے دل دریغ کھا گیا — تبی فوج گوراں نے زورا دیا

۲۶۹ چتر سنگھ جنگی بہادر کلاں — کٹے ساتھ تلوار گورا جواں

۲۷۰ نمک کی شرط پر کیا جنگ ہے — دِیا سیس سُوہا صدا رنگ ہے

۲۷۱ جیمل سنگھ کا ایک بھائی جواں — سُنا نام بدھ سنگھ بہادر کلاں

۲۷۲ کیا جنگ کا کھیت اس نے جبر — کئے گرد گورا نہ کرکے صبر

۲۷۳ اُوہاں خوب لڑ سیس اس نے دیا — شہدن کے ڈیرا میں ڈیرا کیا

۲۷۴ چڑھا کور سنگھ جنگ کرکے کلاں — گنڈا سنگھ بھنڈاری ہے مارا جواں

۲۷۵ گیا جنگ کا کھیت تب ٹوٹ کر — بے مالک بھئے کون لیتا خبر

۲۷۶ دیئی توپ بارُود ڈیرہ دیا! — گرُواں کے سر پر نہ سایا کیا

۲۷۷ جتے بیچ مالک رہے بیٹھ دبے — نہ دیکھا سنگھوں طرف وِہ ڈھیٹ تھے

۲۷۸ کہاں جنگ سنگھن کی ہووے فتح — نہ ساباس دیتا ہے مالک رتا

۲۷۹ جیسے جیت سنگھن کی ہونے لگے — تبے اُن کے مالک اکاری بھگے

---

۱ طرف، ۲ نہایت خونریز۔ گھمسان کی،

۲۸۰ اِدھر تو جلد سنگھ آئے اُرار — رہیں بہت توپیں و اسباب پار
۲۸۱ کبھی فوج گوراں کی یہاں لڑے — کبھی لُدھا نے لڑائی پڑے
۲۸۲ اُدھر زور رنجودھ سنگھ نے دیا — تہاں جنگ نے خُوب زورا کیا
۲۸۳ جگیں تُرم تمبور مارُو بجیں — سجیں سنگ جودھا جودھا بجیں
۲۸۴ چلیں توپ گولا غبارے پھٹیں — اسپ او جواں ہر طرف کو کٹیں
۲۸۵ جنجایل جمبورا دونالی کڑاک — اُٹھیں دم بدم پتھر کلیپڑاک
۲۸۶ اِدھر و اُدھر کے زمین پر گریں — ہٹیں نہ قدم بیچ میدان مریں
۲۸۷ زور سنگ چلے کرچ تلوار چھٹ — کرے بیچ میداں آدھو آدھ کٹ
۲۸۸ لڑیں سُورمے خوف دل چھوڑ کے — نکس تیر ماتھا چلیں پھوڑ کے
۲۸۹ بدو وال میں جنگ سنگھن کیا — لُٹی توپ بارُود ڈیرا لیا
